ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح

محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

المنجد عربی اُردو

خزینۂ علم و ادب

الکریم مارکیٹ اُردو بازار لاہور ۷۳۱۴۱۶۹

ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح
محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

المنجد عربی اردو

مؤلف: لویس معلوف

مترجم: مولانا ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی رحمۃ اللہ علیہ

تکمیل و نظرثانی: مولانا عبدالصمد صارم الازہری رحمۃ اللہ علیہ فاضل دارالعلوم دیوبند

خزینہ علم و ادب
البکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور
فون: 7314169-7211468

marfat.com
Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	اَلْمُنْجِد عربی اُردو
تصنیف	لویس معلوف
ترجمہ	مولانا ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی
طابع	نذیر محمد
مطبع	افضل شریف پرنٹرز

ملنے کے پتے

مکتبہ رحمانیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور 7224228 7221395

اسلامی کتب خانہ فضل الٰہی مارکیٹ، چوک اردو بازار، لاہور 7223506 7230718

مکتبۃ العلم ۱۸۔ اردو بازار، لاہور 7211788 7231788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت طباعت صحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔ بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ تعاون کے لیے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔ (ادارہ)

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ ناشر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ کَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

امابعد! تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ ''المنجد'' کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو۔

مولانا بلیاوی کے یہی وہ الفاظ ہیں جنہوں نے ہمیں اس چیز پر آمادہ کیا کہ مولانا کی ''مصباح اللغات'' جو اس سے پہلے ''خزینۂ علم وادب'' شائع کرنے کی سعادت حاصل کر چکا ہے کا موازنہ المنجد سے کیا جائے تا کہ اس چیز کا پتہ چل سکے کہ دونوں کتابوں میں کتنا فرق ہے؟ اس کام کیلئے درسِ نظامی کے ایک طالب علم ''حافظ قاری قاسم صاحب'' کی مدد لی گئی جنہوں نے بے شمار ایسے الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے ''مصباح اللغات'' لکھتے وقت حذف کر دیئے گئے لیکن المنجد کے عربی نسخے میں موجود تھے۔ انہی بھائی نے عربی نسخے شائع کردہ ''دار المشرق بیروت'' پر نہ صرف یہ کہ ان الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے حذف کر دیئے تھے بلکہ ساتھ ساتھ ''مصباح اللغات'' شائع کردہ ''خزینہ علم وادب'' پر ایسے الفاظ بھی نشان زد کر دیئے جو مولانا نے دیگر لغت کی کتابوں سے لئے تھے اور المنجد میں موجود نہیں تھے انہیں ہم نے حذف کر دیا۔

اس کام پر تقریباً ایک سال کا عرصہ لگ گیا۔ اور ان حصوں کا ترجمہ کروانے کا مرحلہ آیا تو پتہ چلا کہ اکثر حصے جو مولانا نے ''المنجد'' سے حذف کئے تھے وہ یا تو ''سائنسی اصطلاحات'' تھیں یا پھر نباتات و جمادات کے نام اور بہت کم ایسا حصہ پایا گیا جو عام عربی میں مستعمل تھا اور ایسی اصطلاحات کا اُردو میں ترجمہ کرنا فقط عربی زبان سے واقفیت کی بناء پر بے حد مشکل تھا۔

اللہ عزوجل کے بے حد شکر گزار ہیں کہ اسی عرصے میں اللہ عزوجل نے مولانا عبدالصمد صارم الازہری (فاضل دار العلوم دیوبند) جیسی نابغہ روزگار ہستی سے (اُن کی کتابوں کی پبلشنگ کے سلسلے میں) رابطہ کروا دیا۔ مولانا نے دو چار دفعہ کے انکار کرنے کے بعد المنجد کی تکمیل کے سلسلے میں حامی بھر لی۔ یقین جانئے کہ ۸۰ سال کی لگ بھگ عمر میں مولانا نے جب بھی حافظ صاحب گئے (صبح، دوپہر، شام) مولانا چاہے آرام فرما رہے ہوں یا بیمار ہوں اُنہوں نے کبھی انکار نہیں کیا اور فوراً عربی الفاظ کا ترجمہ لکھوانا شروع کر دیتے۔

اللہ عزوجل مولانا (مرحوم[1]) کو اَجر عطا کرے لیکن اس کے ساتھ ہی ہم مولانا کے اہل خانہ کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ وہ کبھی بھی ماتھے پہ شکن تک نہیں لاتے تھے کہ اس عمر میں والد محترم سے کافی مشقت کا کام لیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کے اہل وعیال کو دُنیا و آخرت میں بلند درجے عطا فرمائے بالخصوص اُن کی صاحبزادی پروفیسر عاصمہ فرحت صاحبہ کو کہ اپنی تدریسی مصروفیات کے باوجود مولانا کی کتابوں اور تحقیقی کاموں میں آخر وقت تک اُن کی مددگار رہیں۔

اسکے علاوہ اس کتاب کی تکمیل میں چوہدری خورشید صاحب (سابق کمشنر انکم ٹیکس و انچارج باغ جناح ہارٹی کلچرل سوسائٹی) کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ اُن سے جب بھی رابطہ کیا گیا انہوں نے پودوں کے اُردو یا انگریزی میں مستعمل نام بتانے میں ہر ممکن راہنمائی فرمائی۔

''خزینہ علم وادب'' نے اپنے آغاز ۲۵/۱/۱۹۹۵ء سے ہی یہ مصمم ارادہ کر رکھا ہے کہ کتابوں کو اعلیٰ معیار پر شائع کیا جائے گا۔ اس کتاب کو بھی حتی الامکان اغلاط سے مبرا کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن اگر کسی صاحب علم کو غلطی معلوم ہو تو ادارہ کو ضرور آگاہ کریں۔

المنجد کی تیاری میں جن حضرات نے بھی دامے، درمے، سخنے مدد فرمائی اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم سے نوازے۔

حاجی نذیر محمد ولد سعد اللہ

---

[1] کتاب کی طباعت کے دوران ہی مولانا کی رحلت کی اطلاع ملی۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

marfat.com
Marfat.com

المنجد کے رموزِ واشارت

فا	سے مراد	اسم فاعل	مص سے مراد	مصدر	(س) سے مراد	باب سمع یسمع
مفع	سے مراد	اسم مفعول	(ض) سے مراد	باب ضرب یضرب	(ک) سے مراد	باب کرم یکرم
ج	سے مراد	جمع	(ن) سے مراد	باب نصر ینصر	(ح) سے مراد	باب حسب یحسب
جج	سے مراد	جمع الجمع	(ف) سے مراد	باب فتح یفتح		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی اَحکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صَرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تا کہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لئے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں مُجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کو اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتداء: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) انتصاب: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیہ: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخیر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا۔

(۱۶) تخیل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تخیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک وگمان۔

(۲۲) صیرورت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا' چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کے لئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) لزوم وعلاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔

(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔

(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کا دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ

marfat.com
Marfat.com

مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کرلیا۔

(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔

(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لئے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتداء: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)

(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ: عراق میں پہنچا (۱۰)

(۳) تصییر: جیسے اَثْمَرَ الْنَّخْلُ = اُس نے تمر دار جوتا بنایا۔ (ماخذ ثمر اک بمعنی تمر) (۲)

(۴) تعدیہ: جیسے اَخْرَجَ = نکالا۔ (۱)

(۵) تعریض: جیسے اَبْعَثَ الْحِمار = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) صیغوت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)

(۷) لیاقت: جیسے اَلامَ الْقوم = سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ: میں نے اس کی شکایت دُور کی۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ الْبَقَرُ = گائے دودھ والی ہوگئی۔ (۲۴)

(۱۰) مبالغہ: جیسے اَتْمَرَ النخلُ = کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ = میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ = میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)

(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلَّ البیعَ بمعنی قلبتہ یعنی فسخت (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتداء: جیسے کَلَّمَہٗ۔ اس نے کلام کیا (مجرد کلم۔ زخمی کرنا) (۵)

(۲) الباس ماخذ: جیسے جَلَّلَ الفرسَ = اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) بلوغ: جیسے خَیَّمَ = وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ = اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) تخلیہ: جیسے ذَبَّبَ = اس نے شہر کی بنایا۔ (۱۳)

(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ الْقَوْسَ = اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)

(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِیْ = اس نے مجھے خوش کیا۔

(۸) سلب: جیسے قَشَّرَ الْأَبِلَ اس نے اونٹ سے خیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ = درخت شگوفہ دار ہو گیا۔ (۲۴)

(۱۰) تمر: جیسے ھَلَّلَ اس نے لا الہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)

(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما۔ (۲۹)

(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِیْ = اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلة

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمروًا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) موافقت مجرد: جیسے سَافَرَ: بمعنی سفر۔

موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَدَنَہٗ: بمعنی اَبْعَدَنَہٗ

موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ: بمعنی ضَعَّفَ: (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتداء: جیسے تَکَلَّمَ = اس نے کلام کیا۔ (۵)

(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ = اس نے پتھر کو تکیہ بنایا (۶)

(۳) تجنب: جیسے تَاَثَّمَ = اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)

(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ = وہ نصرانی ہو گیا۔ (۱۳)

(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ = اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)

(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ = اس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)

(۷) تکلف: جیسے تَفَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔ (۲۰)

(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ = وہ مالدار ہو گیا۔ (۲۴)

(۹) مطاوعت فَعَّلَ: جیسے عَلَّمتہ فَتَعَلَّمَ میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء: جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اونٹ کا بیٹھنا) (۵)

(۲) تشارک: جیسے تَشَاتَمَا = دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)

(۳) تخیل: جیسے تَمَارَضَ = اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا۔ (۱۶)

(۴) مطاوعت فَاعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ فَتَبَاعَدَ = میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہو گیا۔ (۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا۔ (مجرد طَلَقَ) (۵)

marfat.com
Marfat.com

(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنْکَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔
(۳) مطاوعت فعل: جیسے کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔ (۳۰)
فائدہ = باب اِنفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضاءِ ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِجْتَحَزَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا۔ (۶)
(۲) تخیر: جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ = اُس نے اپنے لئے جَو ناپے (۱۵)
(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔ (۱۸)
(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممتہ فاغتمّ = میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔ (۳۰)
(۵) طلب: جیسے اِکْتَدْفَلاناً = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)
(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب۔
موافقت تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب جیسے استطعمتہ = میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔ (۲۵)
(۲) لیاقت جیسے استرقع الثوب = کپڑا قابل پیوند ہوا۔ (۲۸)
(۳) وجدان: جیسے استکرمتہ = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔ (۴)
(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُہٗ = میں نے اس کو اچھا گمان کیا (۲۱)
(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی (۱۲)
(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ. اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا۔ (۶)
(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَأَ = اُس نے جرأت دکھلائی۔ (۲۰)
(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ = اس نے اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہا۔ (۲۶)
(۹) مطاوعت افعل: جیسے اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ = میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔ (۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ واسْتَقَرَّ (۳۱)
موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِسْتَجَابَ (۳۶)
(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَحَانَ = زیر ناف کے بال کاٹے۔ (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ = رات بہت تاریک ہو گئی۔ (۲۹)
فائدہ: اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضّ، اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْدَوْدَبَ = : بہت کبڑا ہو گیا۔ (۲۹)
(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلَی التَّمْرُ بمعنی حَلَا (۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۲) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا۔ (۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ بہت سرخ ہوا۔ (۲۹)
یہ باب الوان وعیوب کے لئے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُہٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔ (۳۰)
علماء صَرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔
اور ان ابواب مزید فیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں (۱) مصدر (۲) اسم مرۃ (۳) اسم نوع (۴) ظرف مکان وظرف زماں (۵) اسم آلہ (۶) اسم فاعل (۷) اسم مفعول (۸) صفت مشبہ (۹) اسم تفضیل (۱۰) مبالغہ۔
ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:
(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعۃ، تجارۃ، حیاکۃ۔
(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے آباء، شراد، جماع۔

marfat.com
Marfat.com

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلَان ہے جیسے خَفَيَان، جَوَلَانٌ، خفقان۔

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہوان کا وزن فعال ہے جیسے صُدَاعٌ، زُكَامٌ دوار۔

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہوان کا وزن فَعَّال اور فَعِّيل ہے جیسے رَحِّيلٌ، ذَمِيل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہوان کا وزن فُعَال اور فُعَيل ہے جیسے صُرَاخٌ، خُوَارٌ، زُئِيرٌ، نِئِيم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہوان کا وزن فُعْلَة ہے جیسے حُمْرَةٌ، وِرْقَةٌ، خُضْرَة۔

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً

(۱) فعل کا مصدر فُعُوْلَة اور فَعَالَة کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُوْلَة، نَبَاهَة، فَصَاحَة۔

(۲) فعل لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ، عَطَشٌ، بَلَجٌ۔

(۳) فعل لازمی کے مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ، خُرُوْجٌ، نُهُوْضٌ۔

(۴) فَعِلَ اور فَعَلَ کے وزن پر جیسے فَهْم، نَضَر۔

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فعل کا مصدر غ تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلاً اور تَفَعْلَلَة کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسْوَسَ توسوسۃ۔ قَدَّمَ تقدمۃً اگر ہمزہ الف ہو تو تفعلہ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے تَبَأَ تَبَأَ نُبُوَّة و تَبْئِيَة اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حَلَّى تحلیہ، زَكَى تزكیۃ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قَوَّمَ تقویماً، سَوَّدَ تسویداً۔

فَاعَلَ کا مصدر فعال و مفاعلۃ ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَةً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یا ہمزہ یا مُضَاعَفَہ کا وزن متعین ہے جیسے يَاسَرَ مُيَاسَرَةً، يَامَنَ مُيَامَنَةً اور يَاوَمَ مُيَاوَمَةً و يَوْمًا شاذ ہے۔

اَفْعَلَ کا مصدر اِفْعَال ہے جسے اَكْرَمَ اِكْرَاماً اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اَمَاتَ، اَمَانَةً، اَحَاثَ اِحَاثَةً، اَشَارَ اِشَارَةً

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَغَنَّى، تَاَبَّى' تغاضی تَفَاضِيًا۔

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَالٌ، اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَالٌ، اِفْعَوْعَلَ کا اِفْعِوعَال اور اِفْعَلَّ کا اِفْعِلال ہے جیسے اشترک اشتراکاً۔ انطلق اِنْطِلاقاً' اِحْدَوْدَبَ اِحْدِيْدَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَةٌ اور فِعْلَالٌ ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَةً وَدِحْرَاجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَةً اور وَسْوَاسًا

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ، اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلَالٌ، اِفْعَنَّلَ کا اِفْعِلَّال جیسے تدحرج تدحرجًا۔ احرنجم احرنجامًا۔ اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرَارًا

فعل مجہول کے لئے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَرْبًا

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْظَر، مَضْرَب' مرعی اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِيْئٌ' مَرْجِعٌ' مَبِيْتٌ' مَصِيْرٌ' مَحِيْضٌ' مَرْفَقٌ' مَقِيْلٌ مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مَفْعَل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ کسور ہو یا مفتوح جیسے مَوْدٌ' مَوْعِدٌ' مَوْجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُخْدَرٌ' مُضْطَرٌ' مزدحم۔

اسم مرۃ و اسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فَعْلَة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً، جَلَسْتُ جِلْسَةً

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اَلْقَتْ اِلْقَاءَةً' انْطَلَقَتْ اِنْطِلَاقَةً اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضَرَبَهُ ضَرْبَةً وَاحِدَةً' قَاتَلَهُ

marfat.com
Marfat.com

مقاتلة لا غير وما الفت اليه الا الطاقة واجبة اجابة فقط.

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَةٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد و مشى مِشْيَةَ المُخْتَالِ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقة قبيح المعاشرة.

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرفِ زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر' مَفْتَح مَسْمَع اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس' مَنْزِل.

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں' ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ' مَشْرِقٌ' مَغْرِبٌ' مَطْلِعٌ' مَجْزِرٌ' مَرْفِقٌ' مَفْرِقٌ' مَسْكِنٌ' مَنْسِكٌ' مَنْبِتٌ' مَسْقِطٌ.

مثال سے ظرفِ زمان ومکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَوْعِد' مَوْجِل' مَطْوِیٌ' مَرْمِیٌ.

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مَدْخَلٌ. اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ. اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے مفعلة کا وزن مقرر ہے' جیسے مقبرہ جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة = جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة = جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسمِ آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسمِ آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبْرَدٌ. مِفْعَالٌ جیسے مفتاح. مِفْعَلَةٌ جیسے مِكْنَسَةٌ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ مُنْخُلٌ' مُلْقَطٌ' مکحلة' مدق' مسعط' مَنَارَةٌ' مُشْطٌ وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوْم' سِكِّيْن' فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ' قَاتِلٌ' نَاصِرٌ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ' مُسْتَخْرِجٌ' مُصَرِّفٌ.

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ' مَضْرُوْبٌ' مَفْتُوْحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ. مُكَرَّمٌ. مُدَحْرَجٌ

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ. اَمْلَحَ سے مَالِحٌ. اَيْفَعَ سے يَافِعٌ. اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ. اَحْبَّهُ سے مَحْبُوْبٌ۔ اَجَنَّهُ سے مَجْنُوْنٌ. حَمَّهُ سے مَحْمُوْمٌ. اَزْكَمَهُ سے مَزْكُوْمٌ. اَسَلَّهُ سے مَسْلُوْلٌ.

(۲) اسم مفعول بصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مُشبہ

صفت مُشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ' كَرِيْمٌ' لَيِّنٌ' سَهْلٌ' صَعْبٌ' لَقْيَانُ' غَضْبَانُ' كَسْلَانُ' عَطْشَى' رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لئے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ' اَعْرَجُ' اَبْلَجُ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقيم.

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فعلی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ' عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے

marfat.com
Marfat.com

ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سواداً۔ اشدا سابیخر انجا

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً ''الواحد'' میں 'احمد' 'حُمِدَ سے اور'' حاتم اعطی من عمرو'' میں اعطی سے اور'' ھذا اصغر اَخْصَرُ من ذاک'' میں 'اَخْصَرُ' 'اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے '' مسایا لبادیة انوا مه'' میں انوا ء' نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی بچھڑ کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْیَرُ اور اَشَرُّ تھے۔ کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں

فَعَّالٌ جیسے غلّامٌ۔ نَصّار۔ فَعَّالَة جیسے غَلّامَةٌ وَفَهامة۔ فعیل جیسے صِدّیق وسکّیر۔ مفعیل جیسے مِسْکِیْنٌ وَ مِعْطِیْرٌ۔ مِفْعَالٌ جیسے مکسال و مقدام۔ فعلة جیسے ضحکة و ضُحَکَةٌ۔ فَعَلٌ جیسے ضَرَةٌ وَ حَلِیْرٌ۔ فَعِیْلٌ جیسے رَجِیْمٌ وَ عَظِیْمٌ۔ فَعُوْلٌ جیسے کَسُوْبٌ۔ وَدُوْدٌ۔ فَاعِلَة جیسے رَاوِیَةٌ۔ فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ۔ فَعُوْلَة جیسے فَرُوْقَةٌ۔ مَفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ۔ فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ۔ فُعَّالٌ جیسے ثُجَّارٌ۔ ..... مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرّاکٌ۔ اَدْرَکَ سے۔ معطاء اعطی سے۔ مھوان اھان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِعْلَاقٌ اَعْلَقَ سے۔ مِمْلَاقٌ۔ اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِیْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِیْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَھُوْقٌ۔ اَزْھَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لئے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لئے ہے جیسے علامۃ، فھامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے '' رجل نصیر، امراۃ نصیرة''۔ جاء نصیر و نصیرہ''۔

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہوگی جیسے '' زید قتیل، و انت المعرفة جریحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبیب و حبیبة۔

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یَحْیٰی الْبَتُوْل مریم البتول اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول و بتولة اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے '' ھذا رسول و تلک رسولة۔ و جاء رسل و رسولة۔

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة' قوۃ' نعمة' قدرة الف مقصورہ جیسے علوی' فضلیٰ' کُبریٰ' عُظمیٰ الف ممدودہ جیسے حمراء' سوداء' بیضاء' زرقاء۔

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگر چہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة' نخلة' اوطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی' مؤنث معنوی' مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہا اور وہ اسماء جو طبعی اناث کے ساتھ مختص ہوں جیسے اُخت' اُم وغیرہا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام' معز' قریش وغیرہ۔ یا اعضاء انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا کام اکثر ہی ہے' اس لئے کہ مصدع' مریق' عاجب' فد' مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب کھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المعتکر فی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے' مشہور اسماء درج ذیل ہیں

اتان' اذن' ارض' ارنب' اروی' است' اصبع' اضبی' الفی' بئر' باع' بنصر' لعلب' جحیم' جهنم' حرب' بحنصر' دار' دبر' ذراع' رجل' رحی' ریح' سعیر' سقر' سن' ساق' شمس' شمال' ضبع' عروض' عصا' عقب' عین' غول' فاس' فخذ' فلک' قدم' قدوم'

marfat.com
Marfat.com

قوس' کاس' کفف' کرش' کف' نار' نعل' ناب' ورک' ید' یمین' ینبوع۔

ہوا کے لئے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء' قبول' جنوب' دبور' شمال' ہیف' حرور' سموم' صرصر' مکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں' ابن الانباری فرماتے ہیں الریح مؤنثة لاعلامة فیها و کذلک سائر اسمائها الاالاعصار فانه مذکر۔

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں ابط' ابہام' ازار' بلد' جراد' حال' ہانوت' خمر' درع' دلو' روح' زقاق' سبیل' سری' سرادیل' سلاح' سکین' سلم' سلم' سماء' سوق' صاع' ضحیٰ' طرس' طریق' عجز' عضد' عقاب' عقرب' عنق' عنکبوت' فردوس' فرس' فہر' قدر' قفا' قمیص' کبد السان' مسک' ملح' منجنیق' موسیٰ' نفس' وراء'

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان"۔ رایت الرجلین و مررت بالرجلین۔

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد' عبدالرحمٰن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوامعدی کرب' ذواتابعلبک۔

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رام رامیان' داع داعیان۔

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان۔ فتیٰ سے فتیان۔

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان' قہقرآن' خوزلان شاذ ہیں' قیاس کا تقاضا تھا کہ قہقہریان' خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو' اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالاء سے لالاءان۔ قُرّاء سے قُرّاءان

اور اگر ہمزہ نہ ہو تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں' ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابوتھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہو گا ایسے ہی اخوان' حموان' غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة' ابن' اسم ہیں سنتان' ابنان' اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض' اجمع' جمعا' کل اور عریب' دیار' اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم' جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالت رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون ورایت مسلمین و مررت بمسلمین"

اس وزن پر جمع بنانے کے لئے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اس لئے طلحہ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واؤ نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا' بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذومعدی کرب'

marfat.com
Marfat.com

ذو بعلبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو ذوی العقول میں سے ہو اور فعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکور و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامۃ مگر ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً لاوحسون' عالمون' علیّون' اھلون' بنون' سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لا دیا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون' سنون' متون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف وتاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و ثمرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبۃ سے طالبات' مسلمۃ سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات' شجرۃ سے شجرات' امراۃ' شاۃ' قلۃ' امۃ' ملۃ' شفعۃ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات مریم سے مریمات

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات افتخارات' امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات' حمی سے حمیات۔

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر گزشتہ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے جیسے سماوات' ارضات' تجلات' حمامات' سراوقات' ثمالات' امہات' سراویلات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکسل' فاصل' بطارکۃ' کراولۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ ساکن ہو اور فعلٌ اور فعلَۃ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتح دینا ضروری ہے۔ جیسے ثمرۃ ثمرات۔ رحمۃ رحمات۔

اور اگر فعلٌ یا فعلٌ کے وزن پر ہو تو فتح دینا سماعی ہے اور فاء کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرۃ سے کِسرات' کَسرات'

'کَسِرات' خُطوۃ سے خُطَوات' خُطُوات' خُطِوات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوزۃ سے جَوزات' بیضۃ سے بیضات۔

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو جمع کا ہے جیسے رمیۃ سے رَمَیات اور قُلوۃ سے قُلوات' لیکن اگر فاکلمہ کسرہ اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتح دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فا بنانا جائز نہیں جرات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مُدغم ہو تو جمع بناتے وقت فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے صمّۃ سے صمّات۔ عزّۃ سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رُسُل۔ کتاب سے کتب اور کبھی بعض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسُد۔ بَعْث سے بُعُث۔

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں جمع قلت' جمع کثرت۔

جمع قلت وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں

اَفعال جیسے طِفل سے اَطفال۔ اَفعُل جیسے نور سے انھر' اَفعِلَۃ جیسے رغیف سے اَرغِفَۃ۔ فِعلَۃ سے فعلۃ جیسے فتی سے فتیۃ

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع انامیم اور اُفعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کی جو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں ساکن ہو جیسے مساجد' منابر' اناعیم' قناديل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو اور یا الی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایھا النُّصوحُ لا تکُونُوا کالفِیَۃِ احفظُوا انفُسَکُم۔

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الی غیر النہایۃ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں' صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلت کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کئے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَةٌ کی جمع جیسے عُلَبٌ فی جمع عُلْبَةٌ۔ صورت کی جمع صور صُوْرَةٌ کی جمع صُوَرٌ۔

(۲) فِعَل فِعْلَةٌ کی جمع جیسے قِطَعٌ فی جمع قِطْعَةٌ۔ لیکن فِعلة کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیة کی جمع حلی۔ لحیة کی جمع لحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل، حندس کی جمع حنادس، اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج، اور خندریس کی جمع خنادرس۔

(۴) فواعل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فاکلہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف، رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) افاعل افعل (بتشدید الہمزہ) کی جمع افاعل۔ اِصبع کی جمع لجیسے اصابع انملة کی جمع اناءمل، اجدل کی جمع اجادل

(۷) افاعیل افعول اور افعولة کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزة کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفاعِل مِفْعَل اور مِفْعَلَة کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع۔ مکنسة کی جمع مکانس

(۱۰) مفاعیل مَفاعیل اور مَفاعِیل مَفْعُول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین، مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لئے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل، قوم، رہط، جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً: ورق کہ اس کا مفرد ورقة ہے، ثمر کہ اس کا واحد ثمرة ہے اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الروم۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوسی۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جنس اور شبہ جمع کی مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام، رفقہ کی جمع رفیق، عجم کی جمع اعجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ (۴) اسم تفضیل (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغہ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو جیسے صادق صادقة، عالم عالمة، لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لئے مؤنث فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی سکران سے سکری، ظمان سے ظمای لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں البان، جلان، خمصان، سخنان، صوجان، ضوجان، قشوان، مصان، نعمان، نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی اور عطشانة، غضبان سے غضبی اور غضبانة

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء، اسمر سے سمراء۔

(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فعلی ہے جیسے اکرم سے کرمی۔ اصغر سے صغریٰ لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلی سے حلیاء، ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں

(۱) فَعَالَة جیسے رَجُلٌ فُهَامَةٌ، اِمْرَأَةٌ فُهَامَةٌ

(۲) مِفْعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ، امراۃ مِفْضَالٌ اور مِعْیَقانة شاذ ہے۔

(۳) مِفْعِیل جیسے رجل مِعطِیرٌ امراۃ مِعْطَیرٌ اور مسکینہ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَیلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ، اِمْرَأَةٌ مِغْشَمٌ۔

(۵) فُعَلَة اور فُعَلَة جیسے رجل ضُحَکَة امراۃ ضحکة اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحکة = بہت ہنسنے والا۔ همزة = بہت عیب لگانے والا۔ لُمَزَة = بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور، غلام قتیل، امراۃ قتیل لیکن یہ اس وقت ہے

marfat.com
Marfat.com

جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدۃ شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمۃ سعیدۃ، عاقبۃ حمیدۃ اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امرأۃ عقیم' یُحیی العِظام وھی رَمیمٌ۔

جو صفات کہ خاص اُناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالقٌ' مرضعٌ' حائل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے اوضعت فھی مُوضِعَۃٌ۔

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذُوی العقول کے لئے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون' نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جدا گانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمرُ کی حمر۔ ازرق کی زُرْقٌ' اَعرج کی عُرْجٌ' اعمٰی کی عمی لیکن اگر کلم اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ بِیضٌ' ھِیفٌ' بِیدٌ' بِیضٌ۔

(۲) جب صفت فعلان فعلی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالی یا فِعَالٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاری و حیاری سکران و حیران کی جمع اور جماع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَۃٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے غزا' رماۃ' غزاۃ کرا اصل میں ان کی دَعْوَۃٌ رَمْیَۃٌ غَزْیَۃ ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت' دردیا تَنَشُّط کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے جرحٰی کی جمع جرحٰی' مریض کی جمع مرضٰی' شہید کی جمع شہدٰی اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضٰی..... یا فعل کے وزن پر جیسے زمن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر جیسے ہالک کی جمع ھلکٰی

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّلٌ' فَعَلَۃٌ' فُعَلٌ' فَوَاعِلُ' فُعَلاءُ اور اِفْعِلاۃٌ۔

(۱) فُعَّال اور فَعَلَۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کثرت سے ہو جیسے زائر کی جمع زُوَّار۔ صائم کی جمع صُوَّام اور کاتب کی جمع کَتَبَۃ' ظالم کی جمع ظَلَمَۃ۔

فَعَلَۃ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لئے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے سائقٌ' عالمۃ' حائکٌ' حائکۃ۔ اصل میں سوقۃ' بیعۃ' حیکۃ' صوغۃ تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّدٌ ساجد کی جمع نُوَّمٌ نائم کی جمع جُوَّعٌ جائع کی جمع۔

(۳) فَوَاعِل فاعلۃ کی جمع جیسے صواحب صاحبۃ کی جمع عواذل عساذلۃ کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقۂ اُناث کے صفات کے لئے ہو جیسے عواقر' عاقِر کی جمع حوائل حائل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو صفتی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ عُلَمَاءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا مضعل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اتویاء تقی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع کسر اقاقل کے وزن پر جیسے اصاغر۔ اکابر

مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات' کبریات اور جمع کسر فُعَل کے وزن پر جیسے صُغَر' کُبَر۔ صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے صواب کی جمع صوابات۔ افاضل کی جمع افاضلون

نسبۃ

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لئے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل بصْرِیٌّ۔

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔ مثلاً فعد میں فَعَدِیٌّ اور مَلَکٌ میں مَلَکِیٌّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو اتفاق یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرقی میں مشارقی مغرب میں مغاربی بِتْرَب میں بِتْرَبِی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرہ سے قاہری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے عصا سے عَصَوِیٌّ۔ فتی سے فَتَوِیٌّ۔

اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَرْمَوِیٌّ سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرْمِیٌّ اور اگر اصل

marfat.com
Marfat.com

نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لئے ہو خواہ الحاق کے لئے تو وہاں پر حذف مختار ہے جبلی اور جبلوی کہا جائے گا اور واؤ سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی' ذفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوبلوی. طُنبَلوِی

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مُصْطَفِیٌ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصطفوِیٌ اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لئے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوی۔ بیضاء سے بیضاوی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتداء۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا ردادی' سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واؤ سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضٍ سے قاضِیٌ. ماضٍ سے ماضِی اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو ضم دیا جائے گا کہا جائے گا قاضُوِیٌ' ماضُوِیٌ اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلیٌ' معتدی سے معتدیٌ.

اور اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غنیٌ سے غنَوِیٌ. علیٌ سے علَوِیٌ.

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے مدینہ سے مدنی' فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی' سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلۃ کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلۃ میں بھی جاری ہو گا جیسے عقیل سے عُقَیلیٌ. قصی سے قُصَوِیٌ. قُبَیلَۃ سے قُبَیلیٌ. اُمَیمَۃ سے اُمَیمِیٌ.

اگر اسم کے آخر میں واؤ چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واؤ کو حذف کر دیا جائے گا

فلسوۃ سے فَلَسِیٌ اور قسوۃ سے قسوی کہا جائے گا اور نہیں تو واؤ باقی رہے گا جیسے عدوۃ سے عدوی دلوۃ سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یا مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واؤ سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حیی سے حَیَوِیٌ.

اور اگر دوسری یاء واؤ سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جائے گی جیسے طی سے طَوَوِیٌ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی' اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی وبنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِیٌ دَمَوِیٌ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدیٌ. دمیٌ.

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سموی اور بنوی کہنا جائز ہے اور ابنی و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنوی لغۃ سے لغوی اور رِئَۃ سے رِئَوِیٌ اور صِلَۃ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراقی' مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور مثنوی. عشرین سے عشری' اربعین سے اربعی.

ایسے جمع جن کے لئے مفرد نہیں جیسے ابابیل وعبادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر' مناجذ' نساء' نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری' مناجذی' نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی. ملوک سے ملوکی اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے

marfat.com
Marfat.com

الف کبیر	ے	أَنْدَلُسِيٌّ	حرمين	جِرْمِيٌّ	رباب	رَبِّيٌّ	
أَمَتُهُ		أَمَوِيٌّ	حضرموت	حَضْرَمِيٌّ	مهل	مَهْلِيٌّ	
بادِيَهُ		بَدَوِيٌّ	حُزابة	حُزَابِيٌّ	سليقة	سَلِيقِيٌّ	
بحرين		بَحْرَانِيٌّ	دَهر	دَهْرِيٌّ	سليمة الازد	سُلَيْمِيٌّ	
بهراء		بَهْرَانِيٌّ	دَير	دَيْرَانِيٌّ	سَأْمٌ	سَأْمِيٌّ	
تهامة		تهامِيٌّ يا تَهَام	دارًا	دَارَانِيٌّ	شام	شَامِيٌّ	
تيم اللات		تيمَلِيٌّ	رب	رَبَّانِيٌّ	شعر كثير	شعرانيٌّ	
ثقيف		ثَقَفِيٌّ	رقبة عظيمة	رقبانيٌّ	صدر كثير	صدرانيٌّ	
جمة عظيمة		جَمَانِي	رامهرمز	رامِيٌّ	صناع	صنعانيٌّ	
جذيمة		جذمِيٌّ	ردينه	رُدَيْنِيٌّ	طبيعة	طبيعيٌّ	
جلولاء		جَلُولِيٌّ	روح	رُوحَانِيٌّ	مروالشاهجهانی	مَرْوَزِيٌّ	
بنی الحلی		حُلِيٌّ	قَقيم كنانه	قُقَمِيٌّ	امرؤالقيس	مَرْقَسِيٌّ	
طَيِّئ	ے	طَائِيٌّ	فراهيد	فَرْهُودِيٌّ	هجر	هَاجِرِيٌّ	
عميرة كلب		عُمَيْرِيٌّ	قويم	قُوَيْمِيٌّ	انباط	هُنَيْلِيٌّ	
بنی عبيده		عَبِيدِيٌّ	قريش	قُرَشِيٌّ		نُبَطِيٌّ يا نباطِ	
عبدشمس		عَبْشَمِيٌّ	كنت	كُنَيِّيٌّ			
عبدالدار		عَبْدَرِيٌّ	لحية عظيمة	لُحيانيٌّ	ناصره	نَصْرَانِيٌّ	
عبدقيس		عَبْقَسِيٌّ	مليح خزاعة	مُلَيْحِيٌّ	يمن	يَمَانٍ	
عبدالله		عبدلِيٌّ	زَوحاء	زَوْحَانِيٌّ			
صرواء		صَرْوَرِيٌّ	رے	رَازِيٌّ			

گا۔ جیسے انبار سے انباری' انصار سے انصاری' اہواز سے اہوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائے گا اور اوّل جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلبک و معدی کرب جبکہ بعلبک اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی جزءِ اوّل کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزءِ ثانی میں جیسے امراء القیس سے امرئی دیرالقمر سے دیرانی' عبدالاشہل سے اشہلی' ابوبکر سے بکری عبدمناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عین ابلی سے عین ابلی وادی آشی سے وادی آشی' عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزءِ اوّل کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزءِ ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطی' ذرحبا سے ذرئی۔

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لئے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کُلَیب، عبد سے عُبَید، رُجَل سے رُجَیل۔ ثلاثی مزید بامی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیلِل کے وزن پر جیسے جَعْفَر سے جُعَیْفِر، سفرجل سے سُفَیرِج اور اگر مدہ ہو تو فُعَیلِیل کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِس مضراب سے مُضَیرِیب اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائدتان ہو تو علامت تانیث یا الف' ان سے متصل ہو تو حرف ہو گا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے قمر کی تصغیر قُمَیر' بشریٰ کی بشیری، سمرا کی سُمَیراء، سکران، سُکَیران۔ غضبان کی غضبیان اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسا کہ ارنبۃ۔ شمس سے شمیسۃ لیکن شرط یہ

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہوگا ظاہر نہیں کریں گے' مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیست نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نیب ہوگی۔ اس لئے کہ باب کا الف واؤ اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واؤ سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واؤ لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عویج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عیید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عوید ہونا چاہئے تھا اور اگر واؤ' یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً صور سے صویر۔ بیت سے بییت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے خالد سے خویلد۔ ضارب سے ضویرب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واؤ ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیٌّ۔ دلو سے دُلَیٌّ۔ عجوز سے عُجَیِّز۔ کتاب سے کُتَیِّب۔

اور اگر واؤ متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیِّل یا جُدَیول' ادور سے اُدَیر یا اُدیور۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نُصَیر سے نُصَیِّر۔ جَمِیل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واؤ یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عصیفیر اور سلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہو احیلی من العسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اُبَیٌّ' اُخَیٌّ' دُمَیٌّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَیّ ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر وزینۃ وُعَیدۃ ہوگی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیَّۃ بُنَیَّۃ آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مؤمنان کی مویمنان' مومنون کی مویمنون' مومنات کی مویمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر ارغفۃ کی اریغفۃ ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واؤ نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہوگی کہ غُلَام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واؤ نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہوگی اور اگر مذکر لایعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جویریات درہم کی جمع دراہم کی دریہمات اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبداللہ کی تصغیر عبیداللہ ہوگی اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر معیدیکرب۔ حضرموت کی تصغیر حضیرموت' نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ' خمسۃ عشر کی خمیسۃ عشر' بعلبک کی بعیلبک۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلاف قیاس آتی ہے۔ ابحر' بحر کی۔ انیسیان' انسان کی۔ رویجل' رجل کی۔ اصیلال' اصیل کی۔ عشیشیۃ' عشیۃ کی۔ اُصَیبیۃ۔ صبیۃ۔ اغیلمۃ' غلمۃ کی۔ اسی طرح قویس۔ دُرَیع۔ حریب۔ نعیل۔ عریس۔ ذوید کی ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونی چاہئے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء' ابناء' اکرام' اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف متصل ہو جیسے باجمل' لافضل لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لئے کثرت استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واؤ کے بعد واقع ہو تو حذف کر دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فائتنی' واذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بأس یؤنس بئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثناء کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا

marfat.com
Marfat.com

جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یا رجل اِئْذَنْ" اور "ھٰذا الذی اؤتمنت علیہ" اور ہمزہ متوسط متحرک اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لـــؤم رؤف سال۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ و کسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے سـؤال، رمـال، مؤنث اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یاء دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقاءی یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یاء کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور کسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے بقـاؤہ بقائہ بقائہ۔

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے جُزءٌ شیءٌ فَیءٌ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے ھَیِّئْ، لَکَأَ، ظَمِئَ۔

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نشـاۃ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئَۃٌ لُؤلُؤَۃٌ۔

اور اگر ماقبل مضل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واؤ کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے خطیئۃ بَرِیئۃ قراءۃ صلاءۃ مُروءۃ سُوءۃ۔

ابدال کے قواعد

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گا۔ جیسے ضارب سے ماضی مجہول کا صیغہ ضوربہ اور قائل سے قُوِیلَ۔

اگر یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گی جیسے ایقن سے مُوقِن۔ ایسر۔ مُوسِر۔

اسی طرح اگر واؤ ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ہموزان سے میزان۔ موعاد سے میعاد۔

واؤ یا یاء متحرک ہوں اور ماقبل مفتوح ہو تو الف سے بدل جاتے ہیں جیسے قال، باع، بابَ، نابَ۔

لیکن اس قاعدے کے لئے حسب ذیل شرائط ہیں۔ یہ واؤ یاء فاء کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں نہ وہ زائد سے پہلے الف تثنیہ سے پہلے اور یائے مشدد اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔ ماقبل کے عین کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں۔ جس کلمہ میں یہ واقع ہوں وہ فعلان و فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسے لفظ کے اسم معنی نہ ہو جس میں تقلیل نہیں ہوتی۔

اگر کسی کلمہ میں واؤ، یاء جمع ہو جائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء کر کے یاء میں ادغام کر دیتے ہیں جیسے طَیْ نیت مری کہ اصل میں طوی، میوت۔ مروی تھے۔

واؤ یا یاء اگر الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہوں تو ہمزہ سے بدل جاتے ہیں جیسے کساء سماء بناء طباء۔

جو مد زائد مفرد میں ہو جب جمع بنایا جائے اور الف فعـائل کے بعد واقع ہو تو ہمزہ سے بدل جاتا ہے جیسے عجوز سے عجائز۔ قلادہ سے قلائد، صحیفہ سے صحائف۔

باب افتعال کے فاء کلمہ میں اگر واؤ یا یاء واقع ہو تو تاء سے بدل جاتے ہیں جیسے اتقی، اتسر۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر دال، یا ذال، یا زاء واقع ہو تو تاء کو دال سے بدل لیتے ہیں جیسے ادّان، ادّکر، ازّدان کہ اصل میں اِدتـان، اِدتکر، ازتان۔ تھے اذدکر میں دال کو ذال اور ذال کو دال کر نا دونوں جائز ہے۔ اِذکر اور اِدّکر دونوں کہہ سکتے ہیں۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر صاد ضاد طاء ظاء۔ واقع ہوں تو تاء کو طاء سے بدل دیتے ہیں جیسے اصطبر، اضطرب، اطّرد، اِطّلَمَ، اِظّلَمَ جیسے میں ظاء کو طاء اور طاء کو ظاء کر نا دونوں جائز ہے۔ اِطّلَمَ اور اِظّلَمَ دونوں کہہ سکتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

اَلْاَلِفُ :الف کی دو قسمیں ہیں ساکنہ و متحرکہ۔ ساکنہ کو حرف لین بھی کہتے ہیں جیسے قَالَ' قَامَ' بَاعَ مُتَحَرِّکہ اور اس کا نام ہمزہ بھی ہے اور یہ کئی معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استفہام جیسے اَقَرَأْتَ؟ اَمَاقَرَأْتَ؟ اَقَلَمْ؟ تَقْرَأْ؟ اَفِی الْبَیْتِ اَخُوْکَ؟

(۲) نداء قریب: جیسے اَزَیْدُ اَقْبِلْ (ای زیداً)

(۳) تسویہ :جیسے لَا اُبَالِیْ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ مجھے تیرے کھڑے ہونے یا بیٹھنے کی کوئی پرواہ نہیں یعنی دونوں میرے نزدیک برابر ہیں۔

آ :حرف ندا ہے بعید کے لئے یا جو بعید کی مانند ہو جیسے غافل اور سونے والا۔

آب :اگست کا مہینہ (رومی مہینے کا نام)

اَبَّ (ن) اَبًّا و اَبَابًا وَ اَبَابَةً و اِبَابَةً اِلَیْہِ : مشتاق ہونا

اَبَّ (ض ن) اَبِیْبًا و اَبًّا و اَبَایًا و اَبَابَةً آمادہ و تیار ہونا۔ و اَبَّ اَبَّةً: کسی کے قصد کی مانند قصد کرنا۔ کسی کی روش اختیار کرنا

یدہ اِلَی السَّیْفِ :سونتنے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔

اَبَّ :چیخنا۔ چلانا۔

تَاَبَّبَ بِہٖ :تعجب کرنا اور خوش ہونا۔ اِتَّبَّ :تیار ہونا۔ مشتاق ہونا۔

اَبَّاہُ بِالسَّہْمِ :تیر سے مارنا۔

اَبَتَ (ن ض) و اَبِتَ (س) اَبْتًا و اُبُوْتًا النَّھَارُ :سخت گرم ہوا۔ صفت اَبْتٌ وَاَبِتٌ و آبِتٌ

تَاَبَّتَ. الجمرُ :بھڑکنا۔

اَبَّةُ. اَلْغَضَبِ :غصہ کی تیزی۔

اَبَّةَ وَاَبَّتَ (ض) اَبْتًا. عَلَیْہِ :بادشاہ کے سامنے برا بھلا کہنا۔ غیبت کرنا۔

اَبِتَ (س) اَبْتًا۔ اُونٹ کے دودھ پینے سے پیٹ نکل آنا اور مدہوش سا ہونا۔

اَلْاَبِتُ :نشاط سے اکڑتے ہوئے چلنے والا۔

اَبْجَدُ :حروف تہجی کے مجموعوں کا پہلا کلمہ اور وہ مجموعے یہ ہیں : اَبْجَدْ ہَوَّزْ حُطِّیْ کَلَمُنْ سَعْفَصْ قَرَشَتْ ثَخَذْ ضَظَغْ حروف کی یہ ترتیب جمل کے حساب کی رعایت سے ہے اور یہ تاریخ نکالنے کے لئے مستعمل ہے۔ ان حرفوں کی ترتیب اکائی دہائی سینکڑہ ہزار پر ہے۔

اَبَدَ (ض) اُبُوْدًا بالمکان: اقامت کرنا۔

اَلشَّاعِرُ :غریب لغت استعمال کرنا۔

اَبَدَ (ن) اُبُوْدًا. اَلْحَیَوَانُ :جنگلی ہونا۔

اَبِدَ (س) اَبَدًا :جنگلی ہونا عَلَیْہِ :غضبناک ہونا۔

تَاَبَّدَ :ابدی ہونا' جنگلی ہونا اَلْمَکَانُ :مکان کا ویران ہونا اور جنگلی جانوروں کا مسکن بننا۔

اَلْاَبَدُ :زمانہ جمع آباد و اُبود :ازلی۔ قدیم ہمیشہ رہنے والا' کہا جاتا ہے "لَاآتِیہ اَبَدَ الْاَبِدِیْنَ وَالْاَبِدِیْنَ وَاَبَدَ الْاَبَدِ و اَبَدَ الْآبَاد وَاَبَدَ الدھر الخ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

اَبَدًا :ظرف زمان ہے۔ مستقبل میں نفی واثبات کی تاکید کے لئے آتا ہے جیسے لَا اَفْعَلُہٗ اَبَدًا: میں اس کو ہرگز نہیں کروں گا [اَفْعَلُہٗ اَبَدًا] : میں اس کو یقیناً کروں گا۔

اَلْاَبَدَۃُ :وہ بڑا معاملہ یا بڑی مصیبت جس سے آدمی گھبرائے۔ مصیبت کہ جس کا چرچا ہمیشہ رہے۔ وحشی عجیب و نادر چیز۔ ج اَبَدٌ و اَوَابِد.

اَلْاَوَابِدُ :وہ پرندے جو جاڑے اور گرمی دونوں موسموں میں ایک ہی جگہ رہیں۔ اَوَابِدُ الشِّعْرِ :بے مثال شعر۔ اوابِدُ الْکَلَامِ: نادر کلام۔

اَلْاِبِدُّ وَالْاَبِدُّ. من امة او اتان : ہر سال جننے والی باندی یا گدھی۔

اَلْاَبَدِیُّ: جس کی انتہا نہ ہو۔

اَلْاَبَدِیَّةُ :دوام جس کے لئے انتہا نہ ہو۔

اَبَرَ (ن ض) اَبْرًا و اِبَارًا : اَلْعَقْرَبُ فُلَانًا : بچھو کا ڈسنا ـــہٗ : غیبت کرنا' خوراک میں سوئی کھلانا۔ ہلاک کرنا۔ اَلزَّرْعَ :اصلاح کرنا اور گابھا دینا۔

اِنْتَبَرَ. اَلْبِئْرَ :کنواں کھودنا۔

اَلْاِبْرَۃُ :سوئی ذکر' چغلی اِبْرَۃُ الْقَرْنِ : سینگ کا سرا۔ ج اِبَرٌ و اِبَارٌ. اِبْرَاتٌ.

اَلْمِبْرُ وَالْمِبَارُ : سوئی دان..... اَلْمِبْرُ : چغل خوری۔ فساد انگیزی۔ باریک ریت۔

اَلْاَبَّارُ :سوئی بنانے والا۔ پسو۔ درخت خرما کو گابھا دینے والا۔

اَلْاِبْرِیُّ :سوئی بیچنے والا۔

اَلْمَابُوْرُ :مہم۔

اَلْمِبْرَۃُ: چغلی' فساد انگیزی۔ ج مآبر۔

اَلْمُؤَبِّرُ :کھیت والا۔

اَلْاِبْرِیْزُ وَالْاِبْرِیْزِیُّ. مِنَ الذَّھَبِ :

marfat.com
Marfat.com

خالص سونا۔
اَلاِبْرِيْسَمُ وَالاِبْرِيْسَمُ: ریشم۔
اَلاَبْرِيْشَةُ: بشپ کا مذہبی حلقہ انتظام۔
اَلاِبْرِيْقُ: لوٹا۔ ج اَبَارِيْقُ: چھاگل (معرب)
اَبَزَ (ض) اَبْزًا وَاِبْوَزًا. اَلطِّيْنَ: اُچھالنا۔ کودنا۔ صفت آبِزٌ وَاَبَّازٌ و اَبُوْزٌ بِصَاحِبِهٖ اَبْزًا: ظلم کرنا۔
اَلاِبْزِيْمُ وَالاِبْزَامُ: کمسوار۔ ج اَبَازِيْمُ۔
اَبَسَهٗ (ض) اَبْسًا: ملامت کرنا۔ ڈرانا..... بِهٖ: تابعدار بنانا۔ فلاناً: قید کرنا بدسلوکی سے پیش آنا۔ حقیر و ذلیل سمجھنا۔
اَبَسَهٗ: قید کرنا۔ بدسلوکی سے پیش آنا۔ شرم دلانا۔ **اَلاَبْسُ**: قحط خشک سالی۔ سخت جگہ۔ نرکھٹوا۔
اَلاَبْس: اصل بد۔ سخت جگہ۔
اِمْرَأَةٌ اَبَاسٌ: بدخو عورت۔
اَبْسَهٗ (ن) اَبْسًا وَاَبْسَةً: جمع کرنا
تَاَبَّسَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
اَلاَبَاسَةُ مِنَ النَّاسِ: مخلوط جماعت۔
اَلاَبِيْضُ: کسی کے محض اور دروازہ کو کھانے پینے کی چیزوں سے سجانے والا۔
رَجُلٌ اَبَّاضٌ: کمانے والا مرد۔
اَبِضَ (س) اَبَضًا. خوش ہونا۔ صفت اَبِضٌ وَاَبُوْضٌ۔
اَبَضَ (ن) اَبْضًا. **اَلْبَعِيْرُ**: اونٹ کے اگلے پاؤں کو بازو سے باندھنا۔
تَاَبَّضَ الْبَعِيْرُ: اباض: نامی رسی سے باندھنا (دیکھئے الاباض) **اَلْبَعِيْرُ**: اباض: نامی رسی سے بندھا ہوا ہونا۔
الاَبْضُ: ج اَبَاضٌ. **وَالْمَابَضُ** ج مَآبِضُ: زانو کا اندرونی حصہ۔ بندوست۔
الاَبَّاضُ: اونٹ کے پاؤں کو بازو سے باندھنے کی رسّی۔
تَاَبَّطَ الشَّيْءَ: بغل میں لینا۔
اِسْتَابَطَ الرَّجُلُ: اُوپر سے تنگ اور اندر سے چوڑا گڑھا کھودنا۔
اَلاِبْطُ: بغل (مذکر و مؤنث) ج آباط۔ **اِبْطُ الْجَبَلِ**: داسن کوہ
الاِبَاطُ: بغل میں لی ہوئی چیز۔
اَبِقَ (س) وَاَبَقَ (ن ض) اِبَاقًا وَاَبْقًا وَاَبَقًا. اَلْعَبْدُ: بھاگنا۔ صفت اٰبِقٌ ج اُبَّقٌ
وَالاِبَاقُ
تَاَبَّقَ: چھپنا۔ اَلشَّيْءَ: انکار کرنا۔ اوپرا سمجھنا۔
اَلاِبَّقُ: بھنگ۔ بھگنا کا چھلنا۔ کتان۔
اَبِلَ (س) اَبَلًا وَاَبَلَ (ن) اَبَالَةً. اونٹوں کا اچھی طرح انتظام کرنا۔ صفت اَبِلٌ و آبِلٌ ج اَبَالٰى
اَبَلَ (ن) اَبَالَةً: راہب بننا۔
اَبِلَ: بہت اونٹوں کا مالک ہونا
الاِبِلُ: چھانٹ کر جمع کرنا۔
تَاَبَّلَ الاِبِلَ: چھانٹ کر جمع کرنا۔
الاِبِلُ وَالاِبْلُ: اونٹ (مفرد کے لئے اس کا استعمال نہیں ہوتا) ج آبال
اَلاُبَّلَةُ: قبیلہ۔ کہا جاتا ہے [جَاءَ فِي اُبَّلَتِهٖ] وہ اپنے قبیلہ میں آیا۔
اَلاَبِيْلُ: ج اَبَالٍ وَاُبُلٌ وَالاَبَابِيْلُ و الاَبَّالُ: راہب۔
اَلاِبَالَةُ: جماعت۔ مال کا بہترین انتظام۔ حسن سیاست..... **وَالاَبِيْلَةُ وَالاِبَالَةُ وَالاِبَالَةُ**: گھاس یا لکڑی کا گٹھا۔ کہا جاتا ہے "ضِعْتُ عَلٰى اِبَالَةٍ" یعنی مصیبت بالائے مصیبت۔
اَلاَبَابِيْلُ: ڈرتے۔ ابابیل جمع ہے اس کا واحد نہیں طَيْرٌ اَبَابِيْلُ: غول کے غول پرندے۔
اَلْمَابَلَةُ: بہت اونٹوں والی زمین۔
اِبْلِيْسُ: شیطان کا علم عیص ج اَبَالِسُ و ابالسة
اَبِسَهٗ (ن ض) اَبْسًا. بِشَيْءٍ: عیب لگانا۔ تہمت رکھنا الدَّمُ فِي الْجُرْحِ: کالا ہو جانا۔
اَلاَبْنَةُ: عیب۔ کپڑے لکڑی کی گانٹھ اُبنہ
اَلاَبْنَةُ: عیب لگانا۔ شرم دلانا۔ مردہ کے اوصاف جمع بیان کرنا **وَتَابَّنَهٗ**: پیچھے پڑنا۔ انتظار کرنا۔
اِبَّانُ الشَّيْءِ: کسی چیز کی ابتداء۔ کسی چیز کا وقت۔
اَلاَبْنُوْسُ: عیب۔ کپڑے لکڑی کی گانٹھ اُبنہ
اَلاَبَنُوْسُ وَالاَبْنُوْسُ: ایک قیمتی سخت کالی لکڑی کا درخت جو گرم شہروں میں پیدا ہوتا ہے۔ (یونانی لفظ)
اَلاَبَنُوْسُ وَالاَبْنُوْسُ: ایک قسم کی سخت اور کالی لکڑی۔
اَبَهٗ (ف) اَبْهًا. لَهٗ: تاڑ جانا۔ **لَا يَئِبُهٗ لَهٗ**: اس کی طرف التفات نہیں کی جاتی۔
اَبَّهَهٗ: خبردار کرنا۔ سمجھانا۔
تَاَبَّهَ. عَلَيْهِ: بکھر کر بڑا بننا۔ عَنْ كَذَا: اپنے آپ کو بالا و برتر سمجھنا۔
اَلاُبَّهَةُ وَالاِبَّهَةُ: بڑائی۔ غرور۔ نخوت۔
اَبَا (ن) اِبَاوَةً و اُبُوَّةً و اُبُوًّا: باپ ہونا۔
اَلْيَبَّمُ: پرورش کرنا۔ کہا جاتا ہے [اَبَوْتُهٗ وَاَمَمْتُهٗ]: میں اُس کے لئے ماں باپ بن گیا۔
اَبَى. فُلَانًا: کسی سے یہ کہنا کہ میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔
تَاَبَّى. فُلَانًا: باپ بنانا۔
الاَبّ: عیسائیوں کے نزدیک تین معبودان میں سے اوّل اقنوم جس کو باپ کہتے ہیں۔
الاَبّ: باپ۔ وہ شخص جو کسی چیز کے لئے باعث ایجاد یا باعث اصلاح ہو اُس کا
اعراب حالت رفع میں واؤ سے اور حالت نصبی میں الف سے اور حالت جری میں یا سے آتا ہے۔ تم کہتے ہو۔ [جَاءَ اَبُوْكَ وَرَاَيْتُ اَبَاكَ وَ مَرَرْتُ بِاَبِيْكَ اور منادی کی صورت میں يَا اَبَتِ اور يَا اَبَتَا ج آباء و اُبُوْن
اَلْبَلْسَمُ: ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے خطمی

marfat.com
Marfat.com

وغیرہ۔
اَبُو اَیُّوب :اوٹ۔اَبُوالْاَبْرَد: گدھ۔اَبُوالْاَسْوَد :چیتا۔اَبُوالْاَصْبَغ : گدھ۔اَبُوالْاَضْیَاف :میزبان۔اَبُوبَرِیص :چھپکلی۔اَبُوالْبَشَر :کنیت سیدنا آدم علیہ السلام۔ابولقیف :سرکہ۔اَبُوجَامِع :دستر خوان۔اَبُوحُجَادَہ :ٹڈی۔اَبُوجَحَار: بجو۔اَبُو جعران :گبریلا۔اَبُوجَمِیل : ترکاری۔اَبُو حَبِیب :بھنا ہوا بکری کا بچہ۔ اَبُو حُذَیج : لقلق۔ ابو حَذِر :گرگٹ۔ اَبُوالْحُصَیْن :لومڑی۔ابوخالد :کتا۔اَبُو خُصَیب :گوشت۔اَبُوذِغْفَاء :بے وقوف۔اَبُورِزِین :ایک قسم کا طوا۔اَبُو رِعلَۃ :بھیڑیا۔اَبُوزَجْرَا :کوا۔اَبُوزُھْرَۃ : گیدڑ۔اَبُوسُلَیمان :مرغ۔اَبُوالسُّرُو : بخور۔اَبُوعُذْرِ المرأۃ :شوہر۔اَبُوعِسْلَۃ : بھیڑیا۔اَبُوالْعَفَاء: گدھا۔اَبُوعَقِبَۃ : سور۔اَبُوالْعَلاء :فالودہ۔اَبُوعَمْرَہ :افلاس بھوک۔اَبُوعَوْف : نرٹڈی۔ اَبُو عَوْن : نمک۔اَبُوغَرْوَانَ :مکی۔اَبُوقُرَّہ:کنیت ابلیس۔اَبُوقِرْدَہ :گرگٹ۔اَبُوکَلَاۃَ : نر بجو۔اَبُولاَحِق :باز۔اَبُولُبَد : شیر۔اَبُومَالِک :بھوک بڑھاپا گدھ۔ اَبُومَثْوٰی :میزبان۔اَبُومِذْقَۃ :بھیڑیا۔ابو مُرَّۃ:شیطان۔اَبُومَرْیَم :قاضی کا پیادہ۔اَبُو الْمِسْمَھَال :گدھ۔اَبُومَشْغُول :نر چیونٹی۔اَبُو مَرْیَنا :مچھلی۔اَبُو مُعَاوِیَہ : چیتا۔اَبُوالْمُنْذِرْ :مرغ۔اَبُونَعِیم : روئی۔اَبُوالْوَثَّاب :عقاب اور بقول بعض ازی ہرن۔اَبُوھُبَیْرَۃ :نرمینڈک۔اَبُو الْھَیْثَم :نربجو۔اَبُو یَحْیٰی :ملک الموت۔ اَبُوالْیَقْظَان :مرغ۔کہا جاتا ہے "لَا اَبَ لَکَ وَلَا اَبَاکَ وَلَا اَبَاکَ" یہ جملے خبریہ ہیں مگر معنی میں جملہ انشائیہ دعائیہ کے ہیں۔ مدح وذم دونوں موقعوں پر استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی گالی کے موقع پر بھی اور "بِاَبِی اَنْتَ" کا مقصد یہ ہے کہ میرا باپ تیرے اوپر فدا ہو۔

اَبٰی (ف ض)اِبَاءً و اِبَاءَۃً و تَابِی. الشَّیْءَ :ناپسند کرنا۔انکار کرنا۔صفت اب ج آبون و اُبَاۃ و اُبَّاءَ .
اَبِیَ عَلَیْہِ و تَابَّی :باز رہنا۔خوددار ہونا۔ اَبَاہُ اِبَاءَۃً . الشَّیْءَ :خوادار بنانا۔
الْاَبِی :نفرت کرنے والا۔رذائل سے اپنے آپ کو بلند رکھنے والا۔
رَجُلٌ اَبَاءٌ :خوددار مرد۔
تَاَبَّبَ وَاِتَّبَّ :بے آستین والی قمیص پہننا۔اِلْاِتِّبَّ :بے آستین والی قمیص ج اَتُبٌّ و اُتُبٌّ وَاِتَابٌ و اُتَابٌ.وَاِتَبُّ الشَّعِیْرِ :جَو کا چھلکا۔
اَتَابِک :امیر سردار۔اس لفظ کا اطلاق اولاد سلاطین کے اتالیق پر ہوتا تھا۔
اِلْاِتَاد. :دوہنے کے وقت گائے کی ٹانگوں میں باندھنے کی رسی۔ج اَتِیْدَہ وَاُتُد.
الْاُتْرُجُّ وَالْاُتْرُنُج :لیموں۔لیموں کا درخت۔
اَتَلَ (ض)اَتْلاً و اَتَلَانًا و اَتَلَالًا :غصہ کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا.....مِنَ الطَّعَامِ : شکم سیر ہونا۔
اَتَمَ (ن) اَتْمًا :دو چیزوں کو جمع کرنا۔ بِالْمَکَانِ :اقامت کرنا۔تاخیر کرنا۔
اَلْمَاتَم :لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔عموماً اس کا استعمال اس مجمع کے لئے ہوتا ہے جو اظہارِ غم کے لئے ہو۔ج مَاتِم.
الْاَتَان :گدھی۔ج اُتُن و اُتُن و اُتُن و اِسْتَاتِن :گدھی خریدنا اور "کَانَ حِمَارًا فَاسْتَاتَنَ" کا مقصد یہ ہے کہ وہ صاحب عزت تھا ذلیل ہوگیا۔
الْاَتُون :حمام کا آتش دان۔چونا بنانے کی بھٹی۔ج اُتُنٌ و اَتَاتِین.
اَتَا (ن)اَتْوًا و اِتَاءً. الشَّجَرُ :پھل ظاہر ہونا۔یَعُتُ :بہت پھل دار ہونا.....بِہٖ و عَلَیْہِ :چغل خوری کرنا۔
اَتَوْتُہٗ اِتَاوَۃً :رشوت دینا۔

اِتَاءُ الْاَرْضِ :زمین کی پیداوار۔
الْاِتَاوَۃُ :خراج۔رشوت۔ج اَتَاوَیٰ.
اَتٰی (ض) اِتْیَانًا و اَتْیًا اِیْتَانَۃً رِمَاتَاۃً : آنا۔اَلْمَکَانَ :حاضر ہونا۔الشَّیْءَ :کرنا.....عَلَی الشَّیْءِ :پورا کرنا۔نافذ کرنا۔الرَّجُلَ : مرد کے پاس سے گزرنا.....عَلَیْہِ الدَّھْرُ :ہلاک کرنا۔
اَتَّی تَاتِیَۃً و تَاتِیًا. الْمَاءَ :پانی پینے کے لئے راستہ نکال دینا۔
اَتَاہُ مُوَاتَاۃً. عَلَی الشَّیْءِ :موافقت کرنا۔
اَتٰی اِیْتَاءً. فُلَانًا الشَّیْءَ :دینا۔اِلَیْہِ الشَّیْءَ : بھیجنا.....اَلرَّجُلَ :بدلہ دینا۔
تَاَتّٰی. الْاَمْرُ :تیار ہونا آسان ہونا..... لِلْاَمْرِ :نرمی برتنا اور میانہ روی اختیار کرنا۔ مَعْرُوفہ :درپے ہونا۔
اِسْتَاتٰی. الرَّجُلَ :آنے کی درخواست کرنا۔ سست سمجھنا۔
اَلْاَتِیُّ وَالْاَتَاوِیُّ :اجنبی۔مسافر۔سیل۔
اَتِیٌّ و اَتَاوِیٌّ :اچانک آنے والا سیلاب۔
اَلْمَاتِی وَالْمَاتَاۃُ :جہت۔سمت۔کہا جاتا ہے "اَتَی الْاَمْرَ مِنْ مَاتَاہُ اَوْ مَاتَاتِہٖ :اس نے معاملہ کو ٹھیک طریقہ سے انجام دیا۔
اثّ (س ن ض)اَثًّا وَاُثُوثًا و اَثَاثَۃً. النَّبَاتُ وَالشَّعْرُ :گنجان ہونا۔صفت(اَثٌّ وَاَثِیْثٌ ج اثاث .
اَثَّ. الْفِرَاشَ :بچھانا۔
تَاَثَّثَ :مال پانا۔
اَلْاَثَاثُ :سامان خانہ۔سال۔
اَثَرَ (ن ض)اَثْرًا و اَثَارَۃً وَاُثْرَۃً. اَلْحَدِیْثَ :نقل کرنا۔صفت مفعول (مَاثُوْرٌ).....ۃٌ :اکرام وتعظیم کرنا۔
اَثِرَ (س)اَثَرًا. یَفْعَلُ کَذَا :کرنے لگا۔لِلْاَمْرِ :پورے انہماک سے مشغول ہونا۔عَلَیْہِ :پکا ارادہ کرنا.....عَلَیْھِمْ :اپنے لئے بہتر چیزوں کو چھانٹ لینا۔
اَثَّرَ فِیْہِ :اثر کرنا۔
آثَرَہٗ اِیْثَارًا :اکرام کرنا۔چننا۔فضیلت

marfat.com
Marfat.com

دینا۔ اَثَّرَ کَذَا بِکَذَا: کچھ کے لگانا۔
تَاثَّرَ وَانْتَثَرَ فُلَانٌ: بعض قدم کی پیروی کرنا..... بِہٖ وَبِہٖ: اثر قبول کرنا۔ تم کہتے ہو "مَا تَاثَّرَ لِیْ اَثَرًا" اس نے میرے ساتھ کچھ بھی احسان نہیں کیا۔
اِسْتَاثَرَ بِالشَّیْءِ عَلَی الْغَیْرِ: اپنے لئے مخصوص کر لینا۔
اَللّٰہُ بِہٖ: وفات دینا۔
اَلْاَثَرُ: نشان۔ حدیث۔ سنت۔ مدت۔ ج آثار و اُثُوْر۔ عِلْمُ الْآثَارِ: پرانی یادگار چیزوں کا علم۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فِی اَثَرِہٖ" وَفِی (اُثْرِہٖ): وہ اس کے بعد نکلا" وَ عَلٰی اَثَرِہٖ: یعنی فوراً۔
اَلْاَثَرِیُّ: ماہر آثار قدیمہ۔
اَلْاَثْرُ وَالْاُثْرُ: زخم کا نشان۔ آثار و اُثُور۔
اَلْاَثَرُ: تلوار کا جوہر۔ ج اُثُور۔
اَلْاُثْرَةُ۔ ج اُثَرٌ وَالْاَثَارَةُ: بقیہ علم۔ خاندانی و موروثی شرافت۔
اَلْاَثْرَةُ: پسندیدگی۔ ترجیح۔ خود غرضی۔
اَلْاَثِیْرُ: تلوار کا جوہر۔ معرز۔ ج اُثَرَاء۔
اَلْاَثِیْرُ: گھروں کے بڑے نشان والا گھوڑا۔
اَلْاَثِیْرُ: قدماء کے نزدیک بمعنی نواں آسمان اور علماء طبیعیات کی اصطلاح میں ایتھر کو کہتے ہیں اور یہ وہ مادہ ہے جس کے متموج سے کرنی بڑھتی ہے اور آواز دور تک جاتی ہے۔
حَدِیْثٌ مَاثُوْرٌ: وہ بات جو قرنا بعد قرن نقل ہوتی چلی آئے اور اسی سے ہے "اَلسُّنَّۃُ الْمَاثُوْرَۃُ" خاندانی تلوار۔
اَلْمَاثُرَةُ: خاندانی عمدہ فعل۔ خاندانی و موروثی عزت۔ ج مَاثِرُ۔
اَثَفَ (ن) اَثْفًا: پیچھے جانا طلب کرنا۔
اَثَّفَ تَاْثِیْفًا: القدر: ہانڈی پر رکھنا۔
تَاَثَّفَ: الرَّجُلُ الْمَکَانَ: جم کے رہنا۔
اَلْقَوْمُ الْاَمْرَ وَ عَلَیْہِ: اکٹھا ہونا۔
اَلْاَثَفِیَّۃُ: دیگ رکھنے کا پایہ۔ جماعت۔ ج اَثَافِی۔ ثَالِثَۃُ الْاَثَافِیِّ: پہاڑ کے ایک حصہ کو جس کے سامنے دو پتھر رکھ کر اس پر ہانڈی رکھتے ہیں" کہا جاتا ہے "رَمَاہُ اللّٰہُ بِثَالِثَۃِ الْاَثَافِیِّ" اللہ اس کو بدترین مصیبت میں مبتلا کرے۔
اَثَلَ (ن) اُثُوْلًا وَ اَثْلًا (ک) اَثَالَۃً: جڑ پکڑنا۔ صفت اَثِیْلٌ وَمُؤَثَّلٌ۔
اَثَّلَ۔ اَلْمَالَ: زکوٰۃ دینا۔ اصل ٹھہرانا۔
اَلْمَرْءُ: تعظیم کرنا..... اَلْمَجْدَ: مجد و بزرگی کی بنیاد رکھنا۔
تَاَثَّلَ: جڑ پکڑنا۔ اکٹھا ہونا..... اَلْمَالُ: مال کا بڑھانا۔ اَلْبَیْتُ: کھودنا۔
اَلْاَثْلُ: جھاؤ کا درخت جو کہ ریت والے علاقے کے قریب زیادہ پیدا ہوتا ہے عام طور پر زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔ کبھی کبھی اس سے چھوٹے بڑے پیالے بنائے جاتے ہیں۔ واحد اَثْلَۃٌ ج اَثَالٌ و اَثْلَاتٌ و اَثَالٌ و اُثُوْلٌ۔ کہا جاتا ہے "لَحَتَ اَثْلَتَہٗ: اس نے اسے عیب لگا یا اور اس کا مرتبہ گھٹایا۔
اَلْاَثَلَۃُ وَالْاُثْلَۃُ: گھریلو سامان۔ اصل سامان۔
اَلْاَثْلَۃُ وَالْاَثَالُ وَالْاُثَالُ: موروثی مال یا شرافت یا بزرگی۔
اَثِمَ (س) اَثَمًا وَ اَثَامًا وَ مَاثَمًا: گناہ کرنا۔ صفت۔ اَثِیْمٌ ج اُثَمَاء و اَثِیْمٌ ج اُثَمَۃٌ۔
اَثَّمَ (ض ش) اَثْمًا۔ اَللّٰہُ فُلَانًا کَذَا: گنہگار قرار دینا اور سزا دینا۔
اَثَّمَہٗ: گناہ کی طرف منسوب کرنا۔
آثَمَہٗ: جلانے گنا ہ کرنا۔
تَاَثَّمَ: گناہ سے بچنا۔
اَلْاِثْمُ ج آثَامٌ وَالْمَاثَمَۃُ وَالْمَاثَمُ: ناجائز فعل۔ گناہ۔ جرم۔
اَلْاَثْمُ: بھیڑیا۔ جوا۔ شراب (آخری معنی کا ابوبکر نے انکار کیا ہے)
اَثَا (ن) اَثْوًا وَ اَثَاوَۃً وَ اُثْیَۃً (ض) اَثْیًا و اَثَایَۃً بِہٖ: چقل خوری کرنا۔
تَاَثَّوْا وَتَاَثَوْا: بادشاہ کے پاس مقدمہ لے جانا۔
اَلْمَاثِیَۃُ وَالْمَاثَاۃُ: چقل خوری۔
اَجَّ (ن) اَجِیْجًا: بھڑکنا۔ صفت۔ اَجَّاجٌ وَ اُجُوْجٌ۔ اُجُوْجًا۔ اَلْمَاءُ: کھاری ہونا۔
اَجَّجَ۔ اَلنَّارُ: بھڑکانا..... عَلَی الْعَدُوِّ: دشمن پر حملہ کرنا۔
آجَ۔ اَلْمَاءُ: کھاری ہونا۔
تَاَجَّجَ وَ تَاَجَّ وَ اِنْتَجَّ: بھڑکنا۔ اِنْتَجَّ الْحَرُّ: تیز گرم ہونا۔
اَلْاَجَاجُ: بہت کھاری پانی
اَلْاَجَّۃُ: گرمی کی شدت ج اَجَاجٌ وَ اَلْاَجِیْجُ
شور۔ چلنے کی آہٹ
اَجْدَہٗ وَ اَجْدَہٗ وَ اَجْدَّہٗ: قوی کرنا۔ مضبوط کرنا نَاقَۃٌ اَجْدٌ: مضبوط اونٹنی۔
اَلْاَجَادُ: چھوٹا طوق۔
اَلْمُسَجَّدُ: مضبوط کیا ہوا۔ بِنَاءٌ مُؤَجَّدٌ: مضبوط عمارت۔ ثَوْبٌ مُؤَجَّدُ النَّسْجِ: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔
اَجَّرَ (ض ش) اَجْرًا وَ اِجَارَۃً وَ آجَرَ اِیْجَارًا اَلرَّجُلَ عَلٰی کَذَا: بدلہ دینا۔ مزدوری دینا۔
اَجَرَ (ن ض) اَجْرًا و آجَارًا و اُجُوْرًا۔ اَلْعَظْمُ: جڑ جانا..... اَلْعَظْمَ: جوڑنا۔
اَجَرَ۔ اَلْحَبْلَ: بٹنا۔
آجَرَ مُؤَاجَرَۃً۔ اَلرَّجُلَ: مزدور بنانا۔
اِیْجَارًا۔ اَلدَّاءُ فُلَانًا وَمِنْ فُلَانٍ: کرایہ پر دینا۔ صفت کا صیغہ مُؤْجِرٌ بِکَسْرِ الْجِیْمِ ہے مُؤْجِرٌ نہیں۔
اِنْتَجَرَ: صدقہ کرنا۔ مزدوری طلب کرنا۔
عَلَیْہِ بِکَذَا: اُجرت پر مزدور ہونا۔
اِسْتَاجَرَ۔ اَلدَّارَ: کرایہ پر لینا..... اَلرَّجُلَ: مزدور رکھنا۔
اَلْاَجْرُ: ثواب۔ ج اُجُوْرٌ و آجَارٌ۔
اَلْاُجْرَۃُ: اینٹ۔ ج اَلْاُجُرُ۔
اَلْاُجْرَۃُ: اُجُوْرٌ وَالْاِجَارَۃُ: کرایہ۔ مزدوری۔
اَلْاُجُرُّ: مزدور۔ نوکر۔ ج اُجَرَاءُ۔

marfat.com
Marfat.com

إِجَّاص: آلو بخارا۔ زردآلو۔
أَجَل (ن) أَجْلاً۔ عَلَيْهِ شَرًّا: کسی کے خلاف شر اٹھانا۔
أَجَلَ (س) أَجْلاً: پیچھے رہنا۔ دیر کرنا۔ گردن میں درد والا ہونا۔ صفت أَجِل وأَجْلَل.
أَجَّلَ. الشَّيْءَ: مدت مقرر کرنا۔ مہلت دینا۔
الرَّجُلَ: درد گردن کا علاج کرنا۔
تَأَجَّلَ: پیچھے رہنا۔ مدت معین کرانا۔
اِسْتَأْجَلَ: مدت معین کرانا۔
أَجَلْ: ہاں۔
الأَجَل: مدت۔ وقت۔ موت۔ ج آجال.
الأَجْل: سبب۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اجْلِكَ فَعَلْتُ هذا" تمہاری وجہ سے میں نے ایسا کیا۔
الأَجَل: گردن کا درد۔ الأَجْل: نیل گایوں کا گلہ۔ ج آجال.
الآجِلُ وَالآجِلَةُ: دیر سے ہونے والا۔ آخرت۔
أَجَمَ (ض) أَجْمًا: أَجِيمًا وتَأْجَمَ.
النَّهَارُ: سخت گرم ہونا۔ تَأَجَّمَ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ تَأَجَّمَ الأَسَدُ: جھاڑی میں داخل ہونا۔
الأَجَمَة: گنجان درخت۔ جھاڑی۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج أَجَم و أُجُم و أَجمات و ج آجام.
أَجَنَ (ن ض) أَجْنًا و أُجُونًا و أَجِن (س) أَجَنًا. الماءُ: رنگ اور مزہ بدلنا۔ صفت۔ آجن وأَجِن.
أَجَنَ (ن) أَجْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو دھونے کے لئے کوٹنا۔
الإِجَّانَة: کپڑے دھونے کا ٹب..... ج أَجاجِين تھالہ
المِئْجَنُ وَالمِئْجَنُ: دھوبی کی موگری ج مَآجِنُ
أَحَ (ن) أَحًّا: کھانسنا۔
الأَحَاحُ: پیاس۔ والأَحِيحُ والأَحِيحَة: غصہ۔

أَحَّدَ وَوَحَّدَ. المُتَعَدِّدَ: ایک کر دینا۔
العَدَدَ: ایک بڑھا دینا۔
اِتَّحَدَ: بِهِ: کھا ہونا۔ متفق ہونا۔ واتَّحَدَ: اکیلا ہونا۔
اِسْتَأْحَدَ: اکیلا ہونا۔
الأَحَد: ایک اکیلا یکتا۔ مؤنث إِحْدَىٰ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَحَدُ الأَحَدَيْنِ" فلاں بے مثل ہے۔ إِحْدَى الأَحَد: بڑا عجیب معاملہ۔
أُحَادُ: ایک ایک۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُا أُحَادَ و أُحَادَ أُحَادَ": یعنی وہ لوگ ایک ایک کر کے آئے
الأَحَد: اتوار کا دن۔ یک شنبہ۔ ج آحاد.
أُحُد: مدینہ منورہ زادہا اللہ شرفا کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔
الأَحَدِيَّة: یکتائی۔
أَحِنَ (س) أَحَنًا: پوشیدہ دشمنی اور کینہ رکھنا۔ آحَنَ مُؤَاحَنَةَ الرَّجُلَ: کسی سے دشمنی رکھنا۔
الإِحْنَة: کینہ ج احن.
الأَحِيحَة: دودھ یا گھی ملا ہوا آٹا۔
الأُحْبُوطُ والأُحْطُبُوط: جگنو کی قسم کا ایک کیڑا۔
أَخَذَ (ن) أَخْذًا و تَخاذًا. لِينًا. هُ وَبِهِ: پکڑنا۔ هُ بِذَنْبِهِ: سزا دینا۔ مواخذہ کرنا۔
عَلَى يَدِهِ: کرنے سے روک دینا۔ مِنْ شَارِبِهِ: چھانٹنا۔ کرنا۔ عَنْهُ: نقل کرنا۔ سیکھنا۔ عَلَى نَفْسِهِ: نگرانی کرنا۔ فِيهِ الخَمْرُ: اثر کرنا۔ يَفْعَلُ: کرنے لگنا۔ فِي كَذَا: شروع کرنا۔ إِخْذَهُ وبِإِخْذِهِ: طریقہ اختیار کرنا۔ کسی کے اخلاق کو اپنانا۔
أَخَّذَهُ: جادو کرنا۔
آخَذَهُ مُؤَاخَذَةً: ملامت کرنا۔ عتاب کرنا۔ هُ عَلَى ذَنْبِهِ و بِذَنْبِهِ: سزا دینا۔
اِتَّخَذَ: کر دینا بنا دینا عاجز ہونا
اِتَّخَذَهُ وَتَخِذَهُ (س) تَخَذًا. صَدِيقًا: دوست بنا لینا۔

اِسْتَأْخَذَ: درد کی وجہ سے سر جھکانا۔
الأُخْذ: آشوب چشم۔
الأُخْذَة: افسوں منتر درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔
الآخِذَة: بے حسی یا اعضاء کی پیوست۔
الآخَاذَة: پانی جمع ہونے کی تالاب جیسی جگہ ج إِخَاذَات وإِخَاذ إِخَاذ کی جمع أُخْذو أُخْذ.
الأَخِيذ: قیدی۔ ج أُخَذَى۔
الأَخِيذَة: لڑائی میں دشمن سے چھینا ہوا مال غصب کیا ہوا مال۔
المَأْخَذ: راستہ لینے کا طریقہ یا وقت یا وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے ج مَآخِذ.
المَأْخَذ: پھندے جال۔
أَخَّرَ تَأْخِيرًا. هُ عَنْهُ: پیچھے کرنا۔
تَأَخَّرَ واسْتَأْخَرَ: پیچھے رہنا۔
الآخَر: غیر۔ ج آخَرُون مؤنث أُخْرَىٰ و أُخْرَة ج أُخَر وأُخْرَيَات: بطور کنایہ بولتے ہیں "أَبْعَدَ اللهُ الآخَرَ" "یعنی اللہ اس شخص کو دور کرے جو ہم میں سے نہیں ہے۔
الأُخْر: پچھلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "شَقَّ الثَّوبَ أُخْرَهُ وَمِنْ أُخْر" اس نے کپڑے کو پیچھے سے پھاڑ دیا۔
الأَخِرَة: دیری۔ کہا جاتا ہے "جاء أَخِرَة وبِأَخِرَة" وہ آخر میں آیا۔
الآخِر: پچھلا۔ ج۔ آخِرُون: مؤنث أُخْرَى ج أُخْرَيَات: کہا جاتا ہے "لا أَفْعَلُه آخِرَ الدَّهْرِ و أُخْرَى اللَّيَالِي" یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔
أُخْرَيَاتُ الجُنَيْنَة: باغ کا آخری حصہ۔
الآخِرَة والأُخْرَىٰ: دار البقا اور نسبت کے لئے أُخْرَوِيٌّ.
المُؤْخِر والمُؤْخِرَة. ج مآخِر و الآخِرَة.
مِنَ العَيْنِ: کنپٹی کی طرف آنکھ کا گوشہ۔
مُؤْخِرَةُ الرَّحْلِ ومُؤَخَّرَتُه وآخِرَتُه: کجاوہ کا پچھلا حصہ۔
المُنْخَارُ مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا درخت جس کا

marfat.com
Marfat.com

چل جاڑے کے آخر تک باقی رہے۔ ج مَآخِیر۔

مُؤَخَّر: الشَّیْءُ: چیز کا پچھلا حصہ۔

اَخَا (ن) اُخُوَّۃً: بھائی یا دوست بنانا۔

اَخْسِئْ لِلْمُذَابِیْنَ: **اَلْخَسْءُ**: بنانا (دیکھئے لفظ اَخْسِیْ)

اَخْسِیْ اِخْسَاءً وَ مُؤَاخَاۃً وَ اِخَاوَۃً: ہٗ: بھائی یا دوست بنانا۔

تَـاَخَّـسِیْ: ہٗ: بھائی بنانا۔ یا بھائی کہہ کے پکارنا۔ **تَوَخّٰی**: قصد کرنا۔

تَاَخَّیَا: باہم بھائی بھائی ہونا۔

اَلْاَخُ وَالْاَخَـا وَالْاَخُـوْ: بھائی۔ ساتھی۔ دوست۔ تثنیہ۔ اَخَوَانِ ج اِخْوَۃٌ و اُخْـوَۃٌ و اِخْوَانٌ و اُخْوَانٌ و اَخْوَنٌ و اَخَاءٌ: اور بقول بعض الاخوان اس اَخ کی جمع ہے جو دوستی کے لحاظ سے بھائی کے معنی میں ہے اور اَلْاِخْـوَۃُ اس اَخ کی جو سبی بھائی کے معنی میں ہے اور نسب کے لئے اَخَـوِیٌّ و اَخَوِیٌّ۔

اَلْاُخْتُ: بہن۔ ج اَخَوَاتٌ۔

اَلْاَجِیَّۃُ وَالْاَجِیَجَۃُ: رسّی جس کے دونوں سرے زمین میں گاڑ دیتے ہیں اور اوپر کو حلقہ سا نکلا ہوا ہوتا ہے جس میں جانوروں کو باندھتے ہیں۔ ج اَوَاجِیُّ و اَجَایَا و اَوَاجٍ کہا جاتا ہے شَدَّ اللّٰہُ بَیْنَکُمَا اَوَاجِیَ الْاِخَاءِ: اللہ تعالیٰ تم دونوں کے درمیان بھائی بندی کے علاقہ کو مضبوط کرے۔

اَجِیُوْن: ناگ پھنی۔

اَذَّ (ض ن) اَذًّا: ہٗ **اَلْـوَبَـلُ**: مصیبت کا جاںکاہ آنا۔ **اَلْاَمْرُ**: بھاری اور دشوار ہونا۔ **اَلرَّجُلُ فِی الْاَرْضِ**: سفر کرنا۔

تَـاَذَّذَ: **اَلْاَمْـرُ**: سخت و بہولناک ہونا۔ صفت اِذِیّ۔

اَلْاِیْذِلُ: شور۔

اَلْـاِیْذُ وَالْاِیْذَۃُ: سخت و دشوار کام۔ مصیبت ج اِذَاذٌ وَاِذَذٌ۔

اَذُبَ (ک) اَذَبًا: زیرک و دانش مند ہونا۔

صاحب ادب ہونا۔ صفت اَدِیْب ج اُدَبَاءُ۔

اَدَبَ (ض) اَدْبًا و اَدَبًا اِیْدَابًا: دعوت کا کھانا تیار کرنا۔ **اَدَبَـهٗ وَ اَدَبَـهٗ** دعوت میں بلانا۔ کہا جاتا ہے "اَدَبَهُمْ عَلَی الْاَمْرِ" اس نے ان سب لوگوں کو کام پر جمع کر دیا۔

اَدَّبَ: مہذب بنانا۔ شائستہ بنانا۔ ادب سکھلانا۔ جرم پر سزا دینا۔

تَـاَدَّبَ: مہذب و شائستہ بننا۔ ادب سیکھنا۔ **عَنْ فُلَانٍ**: کسی کے اخلاق پر اٹھنا۔ بہ: اقتدا کرنا۔

اِسْتَادَبَ: ادب سیکھنا۔

اَلْاَدَبُ: اخلاقی ملکہ جو ناشائستہ باتوں سے روکتا ہو۔ زیرکی۔ خوش طبعی۔ ج آداب: نیز آداب کا اطلاق ہر قسم کے علوم و معارف پر ہوتا ہے یا ان کے صرف دلچسپ حصے پر۔ کسی چیز یا کسی شخص کے مخصوص قوانین جیسے آدابِ مجلس۔ آدابِ درس وغیرہ۔ علم ادب۔ وہ علم جس کے ذریعہ بول چال اور تحریر کی غلطیوں سے محفوظ رہے۔

اَلْاُدْبَۃُ وَالْـمَاْدُبَۃُ وَالْمَاْدُبَۃُ: کھانا جو دعوت کے لئے تیار کیا جائے۔ ج مَآدِب۔

اَدِرَ (س) اَدَرًا: اَلرَّجُلُ: آماس خیہ والا ہونا۔ صفت اَدِرٌ۔

اَلْاَدْرَۃُ وَالْاَدْرَۃُ: آماس خیہ۔

اَلْاَدَاف: آلۂ تناسل۔ کان۔

اَدِلَ (ض) اَدَلًا: اَلْـجُـرْحُ: کھرنڈ اترنا۔ **اَلْلَبَنُ**: بلونا۔ اَلْبَابُ: بند کرنا۔ (الضوب)۔ **اَلْاَدَلُ**: گردن کا درد۔ گاڑھا کھانا دودھ۔

اَدَمَ (ض) اَدْمًا: اَلْـخُـبْزَ: سالن لگانا۔ صفت مفعولی مَادُوْمٌ۔ اَدِیْمٌ۔

..... وَ اَدَمَ اِیْدَامًا: بَیْنَ مُتَخَاصِمَیْنِ: صلح کرانا۔ الفت و اتفاق پیدا کرنا۔

اَدَمَ (ن) اَدْمًا: اَهْلَـهٗ: اپنے لوگوں کے لئے خورش بنانا۔

اَدِمَ (س) اَدَمًا و اَدَمَ (ک) اَدَمَۃً: گندم گوں ہونا۔

اِلْتَدَمَ: سالن سے روٹی کھانا۔

اَلْاِدَام: ہر موافق و مناسب چیز۔ سالن۔ ج اَدَامٌ و اُدُم۔

اَلْاُدُم: ہر وہ چیز جس کو سالن بنایا جا سکے۔

اَلْاَدَمَۃُ وَالْاَدَمُ: چمڑے کا ظاہری یا اندرونی حصہ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اِدَامُ قَوْمِـهٖ وَ اَدَمُ بَنِیْ اَبِـیْـهِ وَ اَدَمَۃُ قَوْمِـهٖ" فلاں اپنی قوم کا سردار ہے۔

آدَم: سیدنا ابوالبشر آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم گرامی۔ افراد و جنس پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ ج اَوَادِم: تثنیہ کے لئے آدَمِیٌّ۔

اَلْاَدَم: گندم گوں۔ مؤنث اَدْمَاء ج اُدْم۔

اَلْاَدَام: چمڑے کی تجارت کرنے والا۔

اَلْاَدِیْم: پکایا ہوا چمڑا۔ **اَدِیْمُ النَّـهَارِ**: دن کی روشنی۔ کہا جاتا ہے: "طُـلْ اَدِیْمَ النَّـهَارِ صَائِمًا": دوپورے دن روزہ سے رہا۔ اَدِیْمُ الضُّحٰی: چاشت کی ابتدا۔ اَدِیْمُ اللَّیْلِ: رات کی تاریکی۔ اَلْاَدِیْمُ مِنَ السَّمَاءِ: ابر۔ **اَلْاَرْضُ**: آسمان یا زمین کا ظاہری حصہ۔ ج اَدَم و اُدُم و اَدَمَۃٌ و اَدَامٌ۔

اَلْاُدْمَۃُ: قرابت۔ وسیلہ۔

اَدَا (ن) اَدْوًا: اَلْـعَـمْرُ: **اَلْـلَّـیْـنُ**: گاڑھا ہونا..... اَدْوَا: اَللَّیْنُ: بلونا۔ اَلرَّجُلَ: دھوکا فریب دینا۔

تَـاَدَّی و تَـادَّی: آلہ بنانا۔ تیاری کرنا زمانہ کے حوادث کے دفعیہ کے لئے اسباب مہیا کرنا۔

اَلْاَدَاۃُ: آلہ۔ ج اَدَوَات۔

اَلْاِدْوَاۃُ: چمڑے کا چھوٹا برتن۔ ج اَدَاوٰی۔

اَدَی (ض) اَدْیًـا و اَدًی تَـادِیَۃً: اَلشَّیْءَ: پہنچانا۔ ادا کرنا۔

آدَی اِیْدَاءً: تیاری کرنا۔ قوی ہونا۔ عَـلَیْـهِ: مدد کرنا۔

تَـادَّی: لَـهٗ مِنْ حَقِّـهٖ: ادا کرنا۔ اِلَـیْـهِ الْخَبَرُ: پہنچانا۔

اِسْتَادَی: فُلَانٌ الْمَالَ: لینا۔ عَـلَیْـهِ: مدد چاہنا۔ **اَلْاَدَاءُ**: ادائیگی۔ پہنچانا۔

اِذْ: زمانہ ماضی کے لئے ظرف ہے اور اس کے

marfat.com
Marfat.com

بعد ہمیشہ جملہ واقع ہوتا ہے اور کبھی جملہ کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض تنوین لاتے ہیں۔ جیسے "مَتٰی جَاءَ کُمُ الْمَوْتُ فَحِیْنَئِذٍ تَعْلَمُوْنَ" یہ اصل میں یوں ہے فَحِیْنَ اِذْ یَجِیْ تَعْلَمُوْنَ :اور کبھی مفاجاۃ کے لئے آتا ہے جیسے "بَیْنَمَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جَاءَ زَیْدٌ" اور کبھی لام تعلیل کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے "ضَرَبْتُ ابْنِیْ اِذْ سَاءَ" میں نے اپنے بیٹے کو مارا اس وجہ سے کہ اس نے گستاخی کی تھی۔

اِذَا :زمانہ مستقبل کے لئے ظرف ہے اور معنی شرط کو متضمن ہوتا ہے جیسے "اِذَا اجْتَهَدْتَ نَجَحْتَ" جب تم کوشش کرو گے تو کامیاب ہو گے اور حرف مفاجاۃ بھی ہے جیسے "خَرَجْتُ فَاِذَا اَسَدٌ بِالْبَابِ" میں نکلا تو اچانک دروازہ پر شیر تھا۔

اَذَارُ وَاَذَارُ :ماہ مارچ۔ (رومی مہینے کا نام)

اَلْاَذْرِیُوْنَ :سورج مکھی۔

اِذْمَا :حرف شرط ہے بمعنی ان اور دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے اِذْ مَا تَقُمْ اَقُمْ۔

اِذَنْ وَ اِذًا :حرف جواب و جزا ہے۔ مثلاً تم سے کوئی کہے کہ "اَزُوْرُکَ غَدًا" تو اس کے جواب میں تم کہو گے "اِذَنْ اُکْرِمَکَ"۔

اَذِنَ (س) اَذَنًا. اِلَیْهِ وَ لَهٗ :کان لگانا۔ سننا۔ کہا جاتا ہے "حَدِّثْهُ فَاِذَنٌ لِیْ اَحْسَنُ الْاَذَنِ : میں نے بات چیت کی تو اس نے اچھی طرح کان لگا کر بات سنی۔

.....اِذْنًا وَ اَذِیْنًا. لَهٗ فِی الشَّیْءِ :اجازت دینا۔ مباح کرنا.....اِذْنًا وَاَذَنًا وَ اَذَانًا وَ اَذَانَةً بِالشَّیْءِ: جاننا۔

اَذَنَهٗ (ن) اَذْنًا: کان پر مارنا۔ گوشمالی کرنا۔

اُذِنَ: کسی کے کان میں درد ہونا۔

آذَنَ اِیْذَانًا. فُلَانًا الْاَمْرَ وَبِالْاَمْرِ: جتلانا۔ آگاہ کرنا.....اَلرَّجُلُ: کان پر مارنا.....العَشْبُ: خشک ہونے لگنا.....

وَاَذَّنَ تَاْذِیْنًا. بِالصَّلَاةِ: اذان دینا۔

اَذَّنَ الْوَلَدَ: کان گرم کرنا۔

تَاَذَّنَ: قسم کھانا.....لِاَمْرٍ: آگاہ کرنا۔ جتلانا۔ بِالشَّرِّ: ڈرانا۔ اَلْاَمِیْرُ فِی النَّاسِ: امیر کا اعلان کرنا اور دھمکانا۔

اِسْتَاذَنَهٗ: اجازت طلب کرنا۔ عَلَیْهِ: اندر آنے کی اجازت مانگنا۔

اَلْاِذْن: اجازت علم کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ بِاِذْنِیْ" اس نے اس کو میری دانستگی میں کیا۔

اَلْاُذُن وَالْاُذْن: کان (مؤنث) ج آذَانٌ: تصغیر اُزَنِیَةٌ. آذَانُ الْفَارِ و.....الجَدْی و الارْنَب و..... الْفِیْل: مختلف حیوانات کے کان اُذُنُ الْکُوْزِ: ٹونٹی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اُذُنٌ مِنَ الْاُذُنِ": فلاں ہر ایک کی بات سن کر مان لیتا ہے اور یہ لفظ واحد ہی تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب میں استعمال ہوتا ہے جیسے "هِیَ اُذُنٌ هُمَا اُذُنٌ هُمْ اُذُنٌ" اور کہا جاتا ہے "جَاءَ نَابِرًا اُذُنَیْهِ": وہ لالچ کرتا ہوا آیا وجَاءَ لَابِسًا اُذُنَیْهِ" وہ غافل ہو کر آیا۔

اَلْاِذْنَة: خواہش۔

اَلْاَذَان: خبردار کرنا۔

اَلْاَذُنُ وَالْاُذُنِیُّ: بڑے کان والا۔

اَلْاَذِیْن وَالْمُؤَذِّنُ: اذان دینے والا۔

الاَذِیْنُ: سردار۔ لیڈر۔ کفیل۔

اَلْمِئْذَنَة: اذان دینے کی جگہ۔ منارہ۔ ج مآذن۔

اَذِیَ (س) اَذًی وَ آذَاةً: تکلیف پانا۔ صفت آذٍ۔

اَذَی اِیْذَاءً. اَلرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔

تَاَذَّی: تکلیف اٹھانا۔

اَلْاَذٰی وَالْاَذِیَّة وَالْاَذَاة: تکلیف رنجش۔

اَلْاَذِیُّ: تکلیف زدہ۔

الاَذِیُّ: سخت تکلیف پہنچانے والا۔ سخت تکلیف پانے والا۔

اَلْاَذِیُّ: موج دریا۔ ج اَوَاذِیُّ۔

اَرِبَ (س) اَرَبًا: ماہر ہونا۔ صفت اَرِبٌ اَرِیْبٌ: مونث اَرِیْبَةٌ. اَرِبَ بِالشَّیْءِ: مشتاق ہونا۔ ماہر و دانا ہونا..... اِلَیْهِ: محتاج ہونا۔ اَلرَّجُلُ: کسی کے اعضاء کا گر جانا۔ عَلَیْهِ: قوی ہونا۔

اَرَّبَ (ض) اَرْبًا. اَلْعُقْدَ: مضبوط گرہ لگانا۔ اَلرَّجُلَ: عضو پر مارنا۔

اَرُبَ (ک) اَرَابَةً وَاِرْبًا: عقل مند و دانا ہونا صفت اَرِیْبٌ و اَرِبٌ۔

اَرَّبَ. اَلشَّیْءَ: مضبوط کرنا.....اَلشَّاةَ: ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔

اَرْبَهٗ مُوَارَبَةً: فریب دینا' دھوکا دینا۔ آرَبَ اِیْرَابًا. عَلَیْهِمْ: کامیاب ہونا۔

تَاَرَّبَ: بہ تکلف زیرک بننا.....اَلْاَمْرُ: دشوار ہونا۔

اِسْتَارَبَ: مغالطہ دینا۔ دشمنی چھپاتے ہوئے مدارات کرنا۔ قرض لینا۔

اَلْاَرْب: حاجت' ضرورت' انتہاء۔ ج آرَابٌ.

اَلْاِرْب: عضو۔ کہا جاتا ہے "قَطَعْتُ الذَّبِیْحَةَ اِرْبًا اِرْبًا": یعنی میں نے ذبیحہ کے عضو عضو کو کاٹا۔ ضرورت۔ ج آرَابٌ.

..... وَالْاِرْبَةُ: چالاکی' حیلہ۔

اَلْاَرْب: انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

اَلْاُرْب: چالاکی۔ پیدائش کے وقت کے گائے بکری کے بچے۔

اَلْاُرْبَةُ: گرہ۔ کتے کے گلے کا پٹہ۔ ج اُرَب.

اَلْاُرْبِیَّة: ران کی جڑ۔

اَلْاُرْبِیَان: جھینگا مچھلی۔

اَلْمَارَب وَالْمَارِبَةُ بِتَثْلِیْثِ رَاءِ مَارِبَةٌ: حاجت ج مَآرِبُ.

اَلْاُرْنَةُ: گرگٹ کے سر کے بال۔

اِرْث: دیکھئے مادہ ورث۔

اَرَّثَ: بھڑکانا۔ بَیْنَهُمْ: فساد کی آگ بھڑکانا۔ تَاَرَّثَتْ: النَّارُ: بھڑکنا۔

اَلْاُرْثَةُ وَالْاِرَاثُ: ایندھن۔

اَلْاِرَاثُ وَالْاِرَاثَةُ. اَلْاُرْثُ: آگ۔

اَرِجَ (س) اَرَجًا وَ اُرُوْجًا وَ تَاَرَّجَ: خوشبو دینا' مہکنا۔ صفت اَرِجٌ. اَرِجَ النَّاسُ: رونے میں آواز بلند کرنا۔

اَرَجَ (ض) اَرْجًا. اَلْحَقَّ بِالْبَاطِلِ: حق میں

marfat.com
Marfat.com

باطل کی آمیزش کرنا۔

اَرَّثَ۔ اَلْقَوْمَ وَ بَیْنَھُمْ: اُکسانا۔ ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔ صفت اَرَّاثٌ

..... **اَلنَّارَ:** روشن کرنا۔

اَلْاَرَّاثُ: بڑا جھوٹا۔

اَلْمُؤَرِّثُ: شیر۔

اَلْاُرْجُوَان: ایک پھولدار درخت کا نام۔ سرخ رنگ۔ سرخ رنگ کے کپڑے۔

اَرَّخَ تَارِیْخًا وَ اَرَّخَ مُؤَارَّخَةً. اَلْکِتَابَ: تاریخ لکھنا۔

اَلتَّارِیْخُ: وقت کا بیان۔ تَارِیْخُ الشَّیْءِ: کسی چیز کے واقع ہونے کا وقت۔ ج تَوَارِیْخُ۔

عِلْمُ التَّارِیْخِ: ایسا علم جس میں حوادث و واقعات مع تاریخ کے بیان کئے جائیں۔

اَلْاَرْخُ: بیل۔ ج اُرُوْخٌ۔

اَلْاَرِخُّ: نیل گائے۔ واحد ارخة۔ اَرَاخٌ وَاَرَاخٌ۔

اَلْاُرَخِیَّةُ: پہاڑی بکری کا بچہ۔

اَلْاَرْدَبُّ: ایک بڑا پیمانہ جس میں چوبیس (۲۴) صاع غلہ آتا ہے۔

اَرَّ (ن) اَزًّا. اَلْبَابَةَ: جانور کو ہانکنا۔ دھکارنا ۔ دور کرنا **اَلْمَرْاَةَ:** عورت سے جماع کرنا.....

اَلنَّارَ: آگ سلگانا۔ **اَلسِّلْحَ:** پالکتا تیز کرنا۔

اَرَّ (ف) اَرِیْرًا. اَلْمَاجِنُ: جوئے میں غلبہ کے وقت ارے رے رے کہنا۔

اَلْاَرُّ: آگ۔

اَرَزَ (ن ض ف) اَرْزًا وَ اُرُوْزًا: سمٹنا سکڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَارِزُ اِلٰی وَطَنِهٖ" فلاں ہر پھر کے اپنے وطن ہی کی طرف آتا ہے۔

اَلْلَّیْلُ: ٹھنڈی ہونا۔ صفت اَرِیْرٌ و اٰرِزٌ و اٰزُوْزٌ اور کہتے ہیں "بَاتَ لَیْلَةً اٰرِزَةً یَا وَزْمَنُ فِیْهَا لِلشِّتَاءِ نَرِیْفٌ" ہمنے ایسی ٹھنڈی رات گذاری جس میں ہر شخص سردی کی شدت کی وجہ سے سکڑ اجارہا تھا۔ "وَ اٰزَتْ اَصَابِعُهٗ مِنَ الْبَرْدِ" اس کی انگلیاں سردی کی وجہ سے سکڑ گئیں" "وَشَجَرَةٌ اٰزِرَةٌ" وہ درخت جو جڑ پکڑے۔

اَرِزٌ. اَلْقَوْمُ: قوم کا سردار۔

اَلْاَرْزُ: صنوبر کا درخت۔

اَلْاَرْزُو وَ الْاَرْزُوْوَ وَالْاَرْزُوْوَةُ: چاول۔

اَلْاَرْزُوْزُ: بخیل

اَرِسَ (ض) اَرْسًا وَ اَرَسًا: کانٹا شکار ہونا۔

اَلْاَرِیْسُ: کانٹا شکار۔ ج اَرِیْسُوْنَ۔

اَلْاَیْسُ: کانٹا شکار بڑا کانٹا شکار **اَلْاَرْسَةُ وَ اَلْاَرْوِسَةُ و اَلْاَرِیْسُ وَ اَلْاَرَاوِیْسُ.**

اَلْاَرْسُ: پاکیزہ نسب

اَرَضَ (ن) اَرْضًا. دیت دینا۔

اَرَّضَ. بَیْنَھُمْ: فساد ڈالنا۔ ایک کو دوسرے کے خلاف اُکسانا۔ **اَلْحَرْبَ اَوِالنَّارَ:** بھڑکانا۔

اَلْاَرْضُ: دیت۔ رشوت۔ ج اَرُوْضٌ

اَرِضَ (ن) اَرَضًا وَ اَرْضًا (ک) اَرَضَةً: اَلْمَکَانُ: سرسبز اور خوش منظر ہونا۔ صفت اَرِیْضٌ۔

اُرِضَتْ (س) اَرَضًا وَ اُرِضَتِ. اَلْخَشَبَةُ: دیمک خوردہ ہونا۔

اَرَّضَ. اَلْکَلَامَ وَغَیْرَهٗ: آراستہ کرنا۔ تیار کرنا۔

تَاَرَّضَ. بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ زمین میں جم کے رہنا..... **لَکِنْ:** دیر سے ہونا۔

اِسْتَاْرَضَ. السَّحَابُ: زمین سے قریب فضا میں سمیل جانا۔

اَلْاَرُوْضُ: زمین۔ ج اَرُضُوْنَ و اُرُوْضٌ واراض و آراض: زکام۔ جوڑی بخار۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اِبْنُ اَرُوْضٍ" ہمارے پاس غیر معروف النسب مسافر آیا "اَرُوْضُ النَّعْلِ" جوتہ کی تلی۔

اَلْاَرَضَةُ: ایک قسم کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے ..... دیمک۔ ج اَرَضٌ۔

اَلْمَارُوْضُ: دیمک کھائی ہوئی لکڑی۔

اَلْاَرْضِیُّ شَوْکِیٌّ: زمین پر پھیلنے والا ایک خاردار پودا۔

اَلْاَرْطَی: ایک درخت جس کا پھل عناب کی مانند سرخ ہوتا ہے۔

اَلْاَرْغُنُ وَالْاَرْغَنُوْنُ: آرگن۔ ایک قسم کا باجہ

اَرَّفَ تَارِیْفًا: حد بندی کرنا۔ اَلْحَبْلَ: گرہ لگانا

اُرِّفَ. عَلَی الْاَرْضِ: محدود کیا جانا۔

اَلْاُرْفَةُ: دو زمینوں کے درمیان حد فاصل علامت گروہ ج اَرَفٌ

اَلْاَرْفِی: زمین کی پیمائش کرنے والا۔ خالص دودھ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مَوَارِفِی" یعنی اس کے مکان کی حد میرے مکان کی حد کے متصل ہے۔

اَرِقَ (س) اَرَقًا وَ اَلْتَرَقَ: رات میں نیند نہ آنا۔ صفت اَرِقٌ و اٰرِقٌ و اَرُقٌ و اُرُقٌ آخر کا کلمہ اس شخص کے لئے جس کی عادت ہی بے خوابی کی ہو۔

اَرَّقَ تَارِیْقًا وَ اَرَّقَهٗ اِیْرَاقًا: بیدار رکھنا۔

اَلْبَرْقَانُ وَالْاَرْقَانُ وَالْاُرْقَانُ وَالْاِرْقَانُ وَالْاَرْقَمَانُ وَالْاُرَاقُ: ہرقان۔ یرقان۔ بیماری جس میں آدمی کا رنگ سیاہ یا زرد ہو جاتا ہے اور یہ عارضہ کمیت کو بھی ہو جاتا ہے۔

اَرَکَ (ن ض) اَرْکًا وَ اُرُوْکًا. اَلْجَمَلُ: بیلو کے پتے کھانا۔

اَرَکَ (س) اَرَکًا وَاُرُکًا. اَلْجَمَلُ: بیلو کے پتے کھانے سے پیٹ میں درد ہونا۔

اَرَکَ وَ اَرِکَ اَلْجُرْحُ: زخم کا اچھا ہو جانا۔

اَلْاَرَاک: درخت بیلو۔ واحد اَرَاکَةٌ۔ ج اَرُکٌ و اراییک

اَلْاَرِیْکَةُ: آراستہ و مزین تخت۔ ج اَرَائِکُ و اَرِیکٌ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَرِیْمُ الْمَارُوْکِ" وہ کریم الاصل ہے۔ اَرِیْکَةٌ: زخم کا کچا ہونا۔

اَلْاَرْلَةُ: وہ چمڑا جس کو ختنہ کے وقت کاٹتے ہیں۔

اَرَمَ (ض) اَرْمًا. مَا عَلَی الْمَائِدَةِ: سب کچھ چٹ کر جانا..... **اَلْاَرْضَ:** زمین میں جڑ و شاخ کچھ باقی نہ چھوڑنا۔ صفت مفعولی اَرْمَاء. وَ مَارُوْمَةٌ..... **اَلشَّیْءَ:** جڑ سے ختم کر

marfat.com
Marfat.com

دینا..... الرَّجُلَ: نرم مزاج بنانا۔ الْحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔

الْاَرْمُ: داڑھیں۔ کہا جاتا ہے "تَحَرَّقَ عَلَيْهِ الْاَرْمُ: وہ اس کے اوپر غصہ کی وجہ سے دانت پیستا ہے۔ پتھر۔ انگلیوں کے کنارے۔ کنکریاں۔

اَلْاَرَمُ وَالْاَرِمُ: میدان میں رہنمائی کیلئے نصب کئے ہوئے پتھر۔ کہا جاتا ہے "مَا بِهَا اِرَمٌ اَوْ اَرِمٌ" اس میں کوئی نہیں۔ اس کا استعمال ہمیشہ نفی میں ہوتا ہے۔ ج آرام و اُرُوم.

اَلْاَرُوْمَةُ وَالْاُرُوْمَةُ وَالْاَرُوْمُ: درخت کی جڑ۔ ج اُرُوْم اور حسب کے لئے استعارہ استعمال کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "نَفْسٌ ذَاتُ اُرُوْمَةٍ مِنْ اطْيَبِ اُرُوْمَةٍ" یعنی کریم النفس و کریم الاصل۔

اَلْاُرْمَةُ: نشانِ راہ۔ ج اُرَم.

اَرِنَ (س) اَرَنًا وَ اِرِنًا وَ اِرَانًا. الْبَعِيْرُ: نشاط میں آنا۔ صفت اَرِنٌ وَ اُرُنٌ.

اَرَنَهُ (ن) اَرْنًا: دانت سے کاٹنا۔

آرَنَهُ مُوَارَنَةً وَاِرَانًا: مفاخرت کرنا۔

اَلْاَرَانُ: تابوت۔ ج اُرُن. اَلْاَرَانُ: تلوار۔

اَلْاَرَانُ وَالْمِئْرَانُ: وحشی جانوروں کے رہنے کی جگہ۔ ج مآرین.

شَاةٌ اِرَانٌ: جنگلی بیل۔

اَلْاَرْنَةُ: ترپیر اور بقول بعض ایک دانہ کا نام ہے جس کو دودھ میں پنیر بنانے کے لئے ڈالتے ہیں۔

اَلْاَرْيَنُ وَالْاَرَانِيُّ وَالْاَرْنِيُّ: ایک قسم کا دانہ جو دودھ کو پنیر بنا دیتا ہے۔

اَلْاَرْوَنُ: زہر اور بقول بعض ہاتھی کا بھیجا۔

اَلْاَرْوِيَّةُ. وَالْاَرْوِيَّةُ: پہاڑی بکرا (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے)۔ ج اَرَاوِيُّ وَ اَرَاوٍ وَ اَرْوًى.

اَرَى (ض) اَرْيًا. اَلنَّحْلُ: شہد بنانا۔

اَرِىَ (س) اَرَبًا. صَدْرُهُ عَلَيَّ: غضب ناک ہونا۔

اَرْىٌ. اَلدَّابَّةَ: جانور کے لئے تھان بنانا۔ ..... النَّارَ: سلگانا۔ بھڑکانا۔

تَاَرَّى. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا..... عَنْهُ: پیچھے رہ جانا۔

اَلْاَرْىُ: شہد کھانا جو دیگ کی تلی میں جل کر چپک جائے۔

اَلْاَرِيَّةُ: جانور کا تھان۔

اَلْاَزَّةُ: کوہان کی چربی۔

اَزَّتْ (ن ض) اَزًّا وَ اَزَازٌ وَ اَزِيْزًا. اَلْقِدْرُ: جوش مارنا۔ سنسنانا..... اَلْقِدْرَ وَبِهَا: جوش دینے کے لئے آگ جلانا۔ اَزَّ عَلَى كَذَا: بھڑکانا برانگیختہ کرنا۔ اَلشَّيْءَ: جمع کرنا۔

تَاَزَّزَ. اَلْمَجْلِسُ: اہل مجلس کا مضطرب ہونا۔

اَلْاَزَّةُ: اسم ہے۔

اَلْاَزُّ: پھوڑے وغیرہ کا درد۔

اَلْاَزِيْزُ: بادل گرج۔ دیگ کی سنسناہٹ۔ سردی۔

اَزَبَ (ض ن) اَزْبًا. اَلْمَاءُ: جاری ہونا۔

اَلْاَزْبُ: لئیم۔ پست قد۔ چالاک۔

اَلْاَزَبُّ وَالْاَزْيَبُ: لمبا۔

اَلْمِئْزَابُ: پرنالہ۔ بدرو۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ناودان۔ ج مَآزِيْب.

اَلْاَزْبَةُ: شدت وقحط۔

اَزِجَ (ض) اَزْجًا. فِي مَشْيَتِهِ: تیز چلنا۔

اَزَجَ (س) اَزَجًا. اَلْعُشْبُ: گھاس کا طویل ہونا۔

اَزَّجَ (ن) اَزْجًا. عَنِّي: مدد طلب کرنے کے وقت کاہلی کرنا۔

اَزَّجَ. اَلْبَيْتَ: لمبا بنانا۔

اَلْاَزَجُّ: لمبا مکان۔ ج آزِجٌّ و آزَاجٌّ و اِزَجَةٌ.

اَلْاَزِجُّ: ناز و انداز سے چلنے والا۔

فَرَسٌ اَزُوْجٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

اَزَحَ (ض) اَزْحًا وَ تَاَزَّحَ: دیر لگانا اور پیچھے رہ جانا۔ صفت اَزُوح. اَزَحَتْ قَدَمُهُ: پھسلنا۔

اَلْاَزْدَرَخْتُ وَالْاَزَادَارِخْتُ: ایک درخت کا نام ہے۔

اَلْاَزَادُ: ایک قسم کی کھجور۔

اَزَرَ (ض) اَزْرًا. بِالشَّيْءِ: احاطہ کرنا۔ اَلنَّبَاتُ: گھٹ جانا۔

وَازَرَ. فُلَانًا: قوی کرنا۔ اَزَّرَهُ: ڈھانپنا۔

آزَرَهُ مُوَازَرَةً: مدد دینا۔ غم خواری کرنا۔

تَاَزَّرَ وَائْتَزَرَ: ازار پہننا۔ تہ بند باندھنا۔

اَلْاَزْرُ: قوت۔ پیٹھ کہا جاتا ہے "شَدَّ بِهِ اَزْرَهُ" اس کو اس کے ذریعہ قوت حاصل ہوئی اور اسی سے قرآن میں ہے "اُشْدُدْ بِهِ اَزْرِيْ" یعنی اس کے ذریعے مجھے قوت دے۔

اَلْاِزْرُ: جڑ۔ تہبند۔

اَلْاُزْرُ: تہ بند باندھنے کی جگہ۔

اَلْاِزْرَةُ: تہ بند باندھنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "لِكُلِّ قَوْمٍ اِزْرَةٌ يَأْتَزِرُوْنَهَا" یعنی ہر ملکے و ہر رسے۔

اَلْاِزَارُ: ہر وہ چیز جو تم کو چھپا لے۔ چادر۔ پاکدامنی۔ تہبند۔ پشتہ دیوار۔ ج آزِرَةٌ و اُزُر.

اَلْاِزَارَةُ: تہبند۔

اَلْمِئْزَرُ وَالْمِئْزَرَةُ: تہبند۔ ج مآزِر: کہا جاتا ہے "شَدَّ لِلْاَمْرِ مِئْزَرَهُ" جب کہ مستعدی ظاہر کرے۔ "نَصْرٌ مُؤَزَّرٌ" پوری مدد۔

اَزِفَ (س) اَزَفًا وَ اُزُوْفًا: قریب ہونا۔

اَلزَّجْلُ: جلدی کرنا۔ اَلْجُرْحُ: زخم بھر جانا۔

آزَفَهُ اِيْزَافًا: جلدی کرانا۔

تَاَزَّفَ. اَلرَّجُلُ: پست قد ہونا۔ بدخلق ہونا۔

تَازَّفَ: قریب قریب قدم رکھنا..... اَلْقَوْمُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔

اَلْاَزَفُ: تنگی و بدحالی اور اسی سے ہے۔ "فِي عَيْشِهِ اَزَفٌ" اس کی زندگی تنگ ہے۔

اَلْاَزِفَةُ: قیامت کا دن۔

اَلْاَزَفِيُّ: تیز قدمی و چستی "يَمْشِي الْاَزَفِيَّ" وہ تیز چلتا ہے۔

اَزَقَ: (ن ض) اَزْقًا و اَزِقَ: (س) اَزَقًا

marfat.com
Marfat.com

وتَأَزُّق: تنگ ہونا۔
اَلْمَأْزَقُ: بالکاٹنہ۔ ج مَآزِقُ۔
اَلْمُـمَـازَلَـةُ وَالْـمُـنَـازَلَـةُ: چھوٹا توشہ دان۔ مَكَانٌ مَأْزَقٌ: تنگ جگہ۔ زَجُلٌ مَتْأَزِقٌ: پست قد مرد۔
اَلْمُتَأَزِّفُ: تنگ دل و بدخو مرد۔
اَزِقَ (ض ض) اَزَقًا و اَزِقَ (س) اَزَقًا و تَأَزَّقَ: تنگ ہونا۔
اَلْـمَـازِقُ: تنگ جگہ۔ مرادی معنی کے طور پر میدان جنگ کو بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَآزِقُ۔
اَلْاَزُوْن: (علم کیمیا) ایک قسم کی گیس جو تین آکسیجن سے بنتی ہے۔ اس کی علامت O^3 ہے۔
اَزَلَ (ض) اَزْلًا و تَـاَزَّلَ: تنگی وختی میں پڑنا۔ صفت اَزِلٌ۔ اَزْلَةٌ: روکنا۔ باز رکھنا۔
اَلْاَزْل: بلا و مصیبت۔ جھوٹ۔
اَلْاَزَلُ: ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کے لئے ابتداء نہ ہو۔
اَلْاَزَلِـيُّ: قدیمی۔ وہ ذات جس کے وجود کی ابتداء نہ ہو۔
اَلْمَازِل: تنگ جگہ۔
اَزَمَهُ (ض) اَزْمًا و اُزُوْمًا: دانت سے کاٹنا۔ اَلْحَبْلُ: رسی کو مضبوط بٹنا..... اَلْـمُـعْـطِـيُ عَلَيْهِ: سخت ہونا۔ بِصَاحِبِهِ: ہمیشہ ساتھ ساتھ رہنا۔ عَنِ الشَّيْءِ: رکنا۔ عَلَيْهِ..... محافظت کرنا۔ اَلْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔
تَـاْزُمُ. اَلْقَوْمُ: تنگی اور قحط سالی لاحق ہونا۔ زمانہ کی سختی سے دردمند ہونا۔
اَلْاَزْمُ وَالْاَزِمَةُ وَالْاَزُوْم: بخل۔ لوکدار دانت ج اُزُوْم و اَوَازِم و اُزُم۔ اَلْاَزِمُ: پرہیز کرنے والا۔
اَلْاَزُوْم: پرہیز۔ کہتے ہیں "اَصْلُ كُلِّ دَوَاءٍ اَلْاَزُوْم: ہر دوا کی جڑ پرہیز ہے۔ اَلْاَزْمُ: قوت۔
اَلْاَزْمَة وَالْاَزِمَة: سختی وتنگی۔ قحط۔ ج اَزْمٌ و اَزْمٌ وَاَزْمَاتٌ و اَوَازِمُ۔ اَلْاَزْمَة: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔

اَلْمَازِم: تنگ جگہ۔ میدان جنگ۔ ج مَآزِم۔
اَلْاَزْوَمَة: سخت قحط کا سال۔
اَزِّی مُوَازَاةً. اَلرَّجُلُ: ایک دوسرے کے مقابل اور قریب ہونا۔
تَأَزَّی تَأَزِّيًا. اَلْقَوْمُ: باہم قریب ہونا۔
تَأَزٍّی. عَنْهُ: مڑنا۔
اِزَاءٌ: مقابل۔ سامنے۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ اِزَاءَهُ وَ بِاِزَائِهِ: وہ اس کے مقابل بیٹھا۔ اِزَاءُ الْاَمْرِ: کام کا منتظم اور کہا جاتا ہے "هُمْ اِزَاؤُهُمْ" وہ لوگ ان کے مماثل ہیں۔
اَسَّ (ن) اَسًّا. اَلدَّارَ: بنیاد رکھنا۔
..... بَيْنَ النَّاسِ: فساد پھیلانا۔
اَسَّسَ. اَلْبَيْتَ: بنیاد رکھنا۔
اَلْاَسُّ وَالْاِسُّ وَالْاُسُّ: ج اَسَاس وَالْاِسَاس وَالْاُسَاس ج اُسُس و اَسَاس: بنیاد۔ کسی چیز کی ابتداء۔ اَلْاُسُّ: چولہے میں تھوڑی سی راکھ۔
اَلْاَسَاس: چقل خورہ۔
اَسَاس: (کیمسٹری) کا ایک قاعدہ جس کی جذر O.H کے تحت نمکین پودے سے پانی اور نمک الگ کیا جاتا ہے۔
اِسْپِدَاج وَاِسْفِيدَاج: سفیدہ کا شنگرف۔
مُـؤَسَّـسَـةٌ: کارپوریشن' ادارہ' کارخانہ' انجمن' اسٹی ٹیوشن' فرم کہا جاتا ہے مُؤَسَّسَةٌ عِـلْـمِـيَّـةٌ: علمی ادارہ مُـؤَسَّـسَةٌ صَنَاعِيَّةٌ: کارخانہ۔
اَلْاُسُّ: جڑ۔ بنیاد۔ سرین۔
الاسّ: اصل بنیاد' سرین۔
اِسْبَانِج: (نبات) ایک مزید اسرسبزی۔
اِسْپِدَاج یا اِسْفِيدَاج: سفید چمرے۔
اَلْاِسْبِيرِيْن: ایک دوائی جو کہ سردرد اور بخار کے لئے استعمال کرائی جاتی ہے۔ اُردو میں اسپرین کے نام سے مشہور ہے۔
اَلْاَسْـبَ: زانو کے بال۔ اعضام نہانی کے بال۔ دُبر کے بال۔ ج اَسَاب۔
اِسْبَانَا خ و اِسْفَانَا خ: پالک۔
اِسْبِدَاج و اِسْفِيدَاج: سفیدہ کا شنگرف۔

اَلْاُسْت: جڑ۔ بنیاد۔ سرین۔
اَلْاُسْتَاذ: معلم۔ مدبر۔ عالم۔ جس نے بڑی حذاقت و مہارت حاصل کی ہو۔ اوستاد جو فن کی اصطلاح میں جملہ صناعات کا جنرل رجسٹر۔
اَلْاُسْتَارُ: لبی اَلْعَدَدِ: چار..... لبی اَلْوَزْنِ: ساڑھے چار مثقال۔ ج اَسَاتِير۔ (جدید)
اَلْاِسْتَبْرَق: موٹا ریشمی کپڑا۔ ریشم اور سونے کے تاروں کا بُنا ہوا کپڑا۔
اَلْاِسْتِبْرَقِيَّةُ: یونانی لفظ ہے اور فوجی کے اگلے دستے میں لشکر کو چلانے کا ایک خاص آرٹ ہے۔
اَلْاِسْتِخَارَةُ: مشرقی بادشاہوں کا تاجوں کا مخصوص لباس۔
اِسْتِيدِيُو یا اُسْتُودِيُو: فلموں کے بنانے کا یا تصاویر اتارنے کا مقام۔ (اسٹوڈیو)
اَلْاِسْتِيلِين: ایک بے رنگ اور بے بو گیس خطرناک قسم کی ہے۔ قدرتی ذخائر کے کھودنے میں بے حد کام آتی ہے۔
اَسَدَ (ض) اَسْدًا و اُسُوْدًا و اَسَدَ اِسْتَاسَدَ الْكَلْبُ بِالصَّيْدِ: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
اَسَدَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد انگیزی کرنا۔
اَسِدَ (س) اَسَدًا: شیر کو دیکھ کر دہشت کھانا۔ اخلاق میں شیر کی طرح ہونا..... عَلَيْهِ: جرأت کرنا۔
تَأَسَّدَ و اِسْتَأْسَدَ: شیر کی مانند ہونا۔
..... عَلَيْهِ: جرأت کرنا۔ وَاسْتَأْسَدَ النَّبْتُ: انتہائی لمبا ہونا۔
اَلْاَسَد: شیر۔ نر و مادہ دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "هُـوَ اَلْاَسَدُ حِـسًّا اَلْاَسَدُ" ج اُسُد و اُسُوْد و اُسُد و اُسْد و اُسَاد۔ جنگل کے شیر اور شیر کی کچلیوں کے لئے بھی آتا ہے۔
ذَاءُ الْاَسَدِ: کوڑھ۔
اَلْمَاسَدَة: شیر کے رہنے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں شیر بہت ہوں۔ ج مَاسِد۔
اَلْاَسَادَة: بحیر۔
اَسَرَهُ (ض) اَسْرًا و اِسَارَةً: تسمہ سے

marfat.com
Marfat.com

باندھنا۔
اَسَرَہ اَسْرًا و اِسَارًا و اِسَارَۃً: قید کرنا۔
تَاَسَّرَ: عَلَیْہِ.....: دیر لگانا۔
اِسْتَاسَرَ: قیدی بننے کے لئے اپنے آپ کو حوالہ کرنا۔
اَلْاَسْر: کہا جاتا ہے "ھٰذَالَکَ بِاَسْرِہٖ" یہ کل تمہارے لئے ہے۔
اَلْاَسَار: تسمہ، پایاں۔
اَلْاُسّ: پیشاب کا رکنا۔
اَلْاُسْرَۃ: خاندان۔ مضبوط زرہ۔ ج اُسَر۔
اَلْاَسِیْر: قیدی۔ ج اُسَرٰی و اُسَرَاء و اُسَارٰی و اَسَارٰی۔
مَاْسُوْرَۃ: ج مواسیر ہر پوری والا گول چاہے کانا ہو یا لوہا یا سیسہ ہو۔
اَلْاُسْرُب و اَلْاَسْرُوْب و اَلْاُسْرُب: سیسہ۔
اَلْاِسْطَبْل: اصطبل ج اَسْطَبْلَات
اَلْاِسْطَاطِیْقِیّ: علم الجمال وہ علم جس میں خوبصورتی کے بارے میں عموماً بحث کرے یا اس شعور کے بارے میں بحث ہو جو جمال دلوں میں ابھارے۔ (یونانی لفظ ہے)۔
اِسْطَرَ الْعَیْن: ایک پودا جس کے پھول سفید یا گلابی یا سنجی ہوتے ہیں۔
اَلْاِسْطَرِ الْفَالِس: ایک درخت جس سے گوند پیدا ہوتی ہے اور طب میں بطور دوا استعمال کی جاتی ہے۔
اَلْاَسَر: شیشہ۔
اَلْاُسْرَاب و اَلْاَسْرُوْب و اَلْاُسْرُب: سیسہ
اَلْاِسْطَبْل: اصطبل۔ ج اَسْطَبْلَات۔
اَلْاَسْطُرْلَاب: ایک قسم کا آلہ جس سے نجومی ستاروں کی بلندی کا اندازہ کرتے ہیں۔
اَلْاَسْطُقُس وَ اَلْاِسْطُقُس: اصل و عنصر مادہ۔ ج اسطقسات: قدماء فلاسفہ کے نزدیک عناصر اربعہ کو کہتے ہیں۔
اَلْاُسْطُوْرَۃ: قصہ۔ کہانی۔ ج اَسَاطِیر۔
اَلْاُسْطُوْل: جنگی جہازوں کا بیڑہ۔ ج اَسَاطِیل۔
اَلْاُسْطُوَانَۃ: ستون۔ کھمبا۔ جانور کی ٹانگ۔
ج اَسَاطِیْن: کہا جاتا ہے "ھُمْ اَسَاطِیْنُ الزَّمَانِ" وہ لوگ زمانے کے حکماء اور مخصوص افراد ہیں۔
اَسِفَ (س) اَسَفًا. عَلَیْہِ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت۔ آسِف۔
آسَفَہٗ اِیْسَافًا: غضبناک کرنا۔ غمگین کرنا۔
تَاَسَّفَ: افسوس کرنا۔ تَاَسَّفَتْ یَدُہٗ: پھٹ جانا۔ کہتے ہیں "یَا اَسَفٰی وَ یَا اَسَفَا عَلٰی کَذَا" مجھے اس پر کس قدر افسوس ہے۔
اَلْاَسُوْف: جلدی غمگین ہونے والا۔ نرم دل۔
اَلْاَسِیْف: غمگین۔ وہ شخص جو موٹا نہ ہوتا ہو۔ ج اُسَفَاءُ مؤنث اَسِیْفَۃٌ. اَلْاَسِیْف: قیدی۔ حدیث میں ہے "لَا تَقْتُلُوا عَسِیْفًا وَلَا اَسِیْفًا" مزدور اور قیدی کو قتل مت کرو۔
اَرْضٌ اَسِیْفَۃٌ و اُسَافَۃٌ: وہ زمین جس میں اچھی طرح پیداوار نہ ہو۔
اَلْاَسَافَۃ: افسوس۔ زمین کی نرمی۔
اَلْاَسِیْفَۃ: باندی۔
اَلْاِسْفَنْج: اسپنج۔ واحد اِسْفَنْجَۃ.
اَلْاِسْفَنْد: سفید رائی۔ اسپند۔
اَلْاِسْقَنْقُوْرُ وَالسَّقَنْقُوْر: ایک قسم کا دریائی جانور ہے جو گرم ممالک میں ہوتا ہے اور سے بڑا اور موٹا ہوتا ہے اور دم چھوٹی ہوتی ہے۔
اسقمری: سمندری لمبی مچھلی جس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے۔
اَلْاِسْکَلَہ: بحر روم کی ہر بندرگاہ۔ ج اَسَاکِل.
اَسَلَ (ک) اَسَالَۃً و اَسَالَ (س) اَسَلًا: نرم، ہموار، لمبا و ملائم ہونا۔ صفت اَسِیْل: مؤنث اَسِیْلَۃ۔
اَسَّلَ. الرُّمْحَ: تیز کرنا۔ انی کی مانند بنانا۔
تَاَسَّلَ. ہٗ: اخلاق و عادات میں مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی آسَالِ مِن اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔ آسَال: کا مفرد نہیں آتا۔
اَلْاَسَل: پتلی اور لمبی شاخوں والی ایک قسم کی نباتات واحد اَسَلَۃٌ: تیزی سے ہر تیز اور پتلی تلوار اور چھری۔
اَلْاَسَلَۃ: زبان کی نوک۔ ذراع کا باریک حصہ۔
اَلْاُسْم: دیکھئے مادہ س م و۔
اُسَامَۃ: شیر کا علم جنس۔
اَسَنَ (ن س) اَسْنًا و اُسُوْنًا و اَسِنَ (س) اَسَنًا و تَاَسَّنَ. الْمَاءُ: متغیر ہونا۔ بدبودار ہونا۔ صفت اٰسِن. تَاَسَّنَ وُدُّہٗ: بدل جانا۔ تَاَسَّنَ اَبَاہُ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا۔
اَسِنَ (س) اَسَنًا. الرَّجُلُ: سڑے ہوئے پانی والے کنوئیں میں داخل ہونے سے بے ہوش ہونا یا سر چکرانا۔ صفت اٰسِن۔
اَلْاُسُن: چوبی کا بقیہ۔ جو آسان۔ الاسان: آثار قدیمہ۔ اَسَانُ الثِّیَابِ: کپڑے کے بوسیدہ اور پھٹے ہوئے حصے۔
اَلْاِسْن: رسی کی لڑی۔ ج اُسُوْن.
اَسَا (ن) اَسْوًا و اَسًا. الْجُرْحَ: علاج کرنا۔ .....الرَّجُلَ: تسلی دینا۔ صفت مفعولی اَسِیّ.
وَاسَاہُ..... بَیْنَھُمْ: صلح کرانا۔ ہٗ بِفُلَانٍ: کسی کو کسی کے لئے نمونہ قرار دینا۔
اَسَّی تَاسِیَۃَ الرَّجُلَ: علاج کرنا۔ تسلی دینا۔ مدد کرنا۔
اسّی مُوَاسَاۃً. اَلرَّجُلَ فِی مَالِہٖ: مالی ہمدردی کرنا۔ آسَیْتُہٗ. بِنَفْسِی: اپنے برابر سمجھنا۔
تَاَسّٰی: صبر کرنا۔ تسلی پانا..... وَانْتَسٰی. بِہٖ: اقتداء کرنا۔ پیروی کرنا۔
تَاَسّٰی. اَلْقَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
اَلْاُسْوَۃُ وَالْاِسْوَۃُ: اقتداء۔ نمونہ وہ چیز جس سے تسلی حاصل ہو۔ ج اُسًی و اِسًی۔
اَلْاِسَاءُ: دوا۔ ج آسِیَۃٌ۔
اَلْاَسُوُّ: دوا۔
اَلْآسِی: معالج۔ طبیب۔ ج اُسَاۃ و اِسَاء: مؤنث آسِیَۃٌ: ج آسِیَات و اَوَاسٍ.
اَلْاَسْوَان: غمگین۔
اَلتَّاْسَاء: تسلی دینا۔

marfat.com
Marfat.com

الْأَصَا: صبر۔

أَصَى (ض) أَصْيًا. لَهُ مِنَ الشَّيْءِ: کسی کے لئے باقی چھوڑنا۔

أَصِيَ (س) أَصًى: غمگین ہونا۔ صفت آصٍ و أَصْيَانٌ ج أَصْيَانُونَ۔ مؤنث أَصِيَّةٌ: أَصْيَانَةٌ ج أَصْيَانَاتٌ و أَصِيَّاتٌ و أَصَايَا

الْمَأْصَاةُ: تکلیف دہ حادثہ جو غمگین کردے۔ ایسا خوفناک ایکٹ (ڈرامہ) جو لوگوں کو سراسیمہ کردے۔

الْآصِيَةُ: ستون ج آوَاصٍ: کہا جاتا ہے "مُلْكٌ ثَابِتُ الْآوَاصِي" مضبوط سلطنت۔

الْآصُّ: سوکھی روٹی۔

أَصَبَ (س) أَصْبًا و تَأْصَّبَ. الشَّجَرُ: گنجان ہونا۔ گھنا جانا۔ صفت أَصْبُ۔

أَصَبَهُ (ن ض) أَصْبًا: ملامت کرنا۔ عیب گیری کرنا ..... **الْقَوْمُ:** مختلف لوگوں کو ملا کر گروہ بنانا۔

أَصَّبَ. الشَّجَرَ: گنجان کرنا ..... **الْقَوْمَ:** اُکسانا۔

تَأَصَّبَ و إِتَّصَبَ ـ الْقَوْمُ: مل جل جانا۔

الْأَصْبُ: درختوں کا اس طرح گنجان ہونا کہ جس سے گزرنا دشوار ہو۔

الْأُصَابَةُ: لوگوں کا تلوار کروہ۔ کمائی جس میں حرام ملا ہوا ہو۔ نَسَبٌ مَأْصُوبٌ۔

مَوْنَصِبٌ: مخلوط غیر خالص نسب۔

أَصِحَ (س) أَصَحًا: غفیناک ہونا۔ صفت أَصْحَانُ۔ مؤنث أَصْحَى (صاحب تاج العروس کا بیان ہے کہ اس کی اصلی جگہ باب الواو ہے اس لئے کہ ہمزہ اس میں اصلی نہیں)

أَصِرَ (س) أَصَرًا: کبیر کرنا۔ اکثر ا صفت أَصِرٌ و أَصْرٌ و أَصْرَانُ: ج أَصْرُونَ و أَصْرُونَ و أَصَارِي و أَصَارِيُّ.

أَصَرَ (ض) أَصْرًا. الْحَشِيشَةَ: چیرنا ..... **وَأَصَّرَ. الْأَسْنَانَ:** کناروں کو تیز کرنا۔

أُصُرٌ و أَصَرٌ. الْمِنْشَارِ: آرے کے دندانے واحد أُصْرَةٌ۔

الْأَظْيَرُ: ٹڈی کے پاؤں کا خار۔ ٹڈی کے دم کے سرے پر کی گرہ۔ ج أَوَاظِيرُ.

الْأَظَاشِيرُ: ٹڈی کے منہ کا وہ حصہ جس سے وہ کسی چیز کو کاٹتی ہے۔ ٹڈی کے پاؤں کا خار۔ ج أَظَاشِيرُ.

أَظَرَ عَلَى. وَرَقَةٍ: کسی کام کیلئے تحریراً اجازت نامہ لکھنا۔

الْمِئْظَارُ: آرہ۔ ج مَآظِيرُ و مَوَاظِيرُ.

الْإِظْفِلِّي: سنالی۔ ج أَظَافِلِي أَظَافِيلُ.

الْإِظْفِيلُ: ایک قسم کی نباتات۔

الْأُظْفُنَةُ: ایک قسم کی نباتاتی چیز جو درختوں پر پھیلتی ہے۔

الْأُظْفُنَانُ و الْإِظْفِنَانُ: ایک قسم کی نباتات جس کو ہاتھ دھونے میں استعمال کرتے تھے۔

أَظَّ. الشَّيْءَ: توڑنا۔ نرم کرنا۔

أَظَّصَ. الشَّيْءَ: مضبوط کرنا۔

تَأَظَّصُوا وَانْتَظُّوا: جمع ہوا اور بھیڑ کرنا۔

الْأَظِيصُ: شکستہ برتن۔ کمزور۔ پیشاب کرنے کا برتن۔ مضبوط عمارت۔ پکی۔

الْأَظِيصَةُ: قریب قریب کے گھر۔

أَصَّدَ و أَصَدَ. الْبَابَ: بند کرنا۔ و أَصَدَةً: چھوٹی قمیص پہنانا۔

الْأُصْدَةُ: چھوٹی قمیص۔ کرتی۔ ج أُصَدٌ و أَصَادٌ.

الْأُصْدَةُ: قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ ج أُصَدٌ.

الْأُصَيْدُ: صحن خانہ۔

الْأُصَيْدَةُ: بازو۔ چھوٹی قمیص۔ کرتی۔

الْأُصَادُ و الْأُصَادَةُ: عقبق۔ آ الْأُصَادُ: چوکٹ۔ پہاڑوں کے درمیان گزرگاہ۔ جس میں پانی جمع ہو۔

الْمُؤْصَدُ: چھوٹی قمیص۔ کرتی۔

أَصَرَ (ض) أَصْرًا: توڑنا۔ **الْخَيْمَةَ:** خیمہ کے لئے جمع ہونا ..... **فُلَانًا عَلَيْهِ:** متوجہ کرنا۔ مہربان بنانا۔

أَصِرَةٌ مُؤَاصَرَةٌ: پڑوسی ہونا۔

تَأَصَّرُوا: باہم پڑوسی ہونا۔

الْإِصْرُ: بوجھ۔ گناہ۔ ج آصَارٌ کان کا سوراخ۔

الْآصَارُ ج أُصُرٌ/الْأَبْصَرُ ج اباصر۔

الْإِصَارَةُ: خیمہ کی رسیوں کا کھونٹا۔

الْإِصَرَةُ: تعلق۔ رشتہ داری۔ ج آوَاصِرُ.

إِصْطَبَلَ: اصطبل۔

أَصْطُرْكَ: ایک خوبصورت درخت تین سے چھ میٹر لمبا ہوتا ہے اس کے پتے سفید ہوتے ہیں پھول مالٹے کے پھول جیسے ہوتے ہیں۔ دودھ والے درخت کے نام سے مشہور ہے۔ صحت کے لئے بڑا فائدہ مند ہے۔

الْإِصْطَفْلِينَةُ: کانچ۔ واحد اصْطَفْلِينَةٌ

الْإِصْطَكَةُ: راکھ میں پکی ہوئی روٹی۔

الْإِصْطُوَانَةُ: ستون۔ کھمبا۔ جانور کی ٹانگ۔ ج أَصَاطِينُ و أَصَاطِينَةٌ.

الأصف: ایک قسم کا درخت۔

اَلْمَبْرَك: اُونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ بِفُلَانٍ مَبْرَكُ جَمَلٍ": یعنی فلاں کے پاس کچھ نہیں۔
اَلْبَرُوْكَة: مادہ سیمی۔
بَـرْكِيَّة: لمبے پتوں' سیدھے تنے والا پودا۔
اَلْبِرْكَار وَ الْبَيْكَار: پرکار (جدید)
اَلْبُـرْكَـان: آتش فشاں پہاڑ۔ جوالا مکھی (جدید) بَرْكَعَهٗ: کاٹنا۔ پچھاڑنا۔ بَرْكَعَ اَلْـفَـرَسُ: چاروں پیروں پر کھڑا ہونا اور گھٹنوں کے بل گر پڑنا۔
بَرْكَعَ و تَبَرْكَعَ. اَلرَّجُلُ: چوتڑ کے بل گرنا۔
اَلْبُرْكُع: پست قد مرد۔
اَلْبَرْلَمَان: پارلیمانی نظام۔
جُوْعٌ (بُرْكُوْعٌ): سخت بھوک۔
بَرَمَ (ن) بَرْمًا و بَرَمَ. اَلْحَبْلَ: دولڑیوں کو بٹنا۔ صفت مفعولی (مَبْرُوْم و بَرِيْم). اَلْاَمْرَ: مضبوط کرنا۔
بَرِمَ (س) بَرَمًا: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔
..... بِحُجَّتِهٖ: دلیل کا نہ ملنا۔
اَبْرَمَ. اَلْحَبْلَ: بمعنی بَرَمَ اَلْحَبْلَ..... ۵: زچ کرنا..... عَلَيْهِ فِي الْجِدَالِ: خاموش کرنے کے ارادے سے بحث کئے جانا۔
تَبَرَّمَ: زچ ہونا۔
اِنْبَرَمَ. اَلْحَبْلُ: رسّی کا بٹ جانا۔
اَلْبَرَم: درخت غصاہ کا پھل (دیکھئے غصاہ)
بخیل لئیم: وہ شخص جو بخل کی وجہ سے جوئے میں شریک نہ ہو۔ ج ابرام۔
اَلْبُرْمَة: پتھر کی ہانڈی۔ ج بُرَم و بِرَام
اَلْبُرْم: بداخلاق لوگ۔
اَلْبُرَام: چیچڑی۔ ج اَبْرِمَه
اَلْبَرَّام: رسّی بٹنے والا۔
اَلْبَـرِيْم و اَلْبَـرَام: دھاگا۔ ہر وہ چیز جو بٹی جائے۔ بٹی ہوئی رسّی۔ اَلْبَرِيْم: لشکر۔
اَلْبَرِيْمَة: سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔
اَلْمِبْرَم: تکلہ۔ ج مَبَارِم۔
اَلسِّوَارُ مِنَ الذَّهَبِ الْمَبْرُوْم: اصل سونے (۲۴ قیراط تک) کے کنگن۔
اَلْمُبْرَم: مفع قضاء۔ مُبْرَم: اٹل فیصلہ۔
اَلْبَرْمَا: حلوہ کی ایک قسم۔ (ترکی لفظ)۔
اَلْبِرْمِيْل: پیپہ۔ ج بَرَامِيْل. (جدید)
اَلْبَرْنَامَج: میزانیہ۔ بجٹ (جدید)

marfat.com
Marfat.com

اَلْبَرَاسِیَۃ: ان شعراء کا مسلک جنہوں نے رومانی گانوں کو اپنایا اور لفظی صفت کا پورا اہتمام کیا۔

بَرْنَسَۃ: برنس پہننا۔

تَبَرْنَسَ: برنس پہننا۔

اَلْبِرْنُس: وہ لمبی ٹوپی جو عرب میں پہنی جاتی تھی۔ وہ لباس جس کا کچھ حصہ ٹوپی کی جگہ کام دے۔

اَلْبَرْنِیْطَۃ: ایک خاص علاقے کی ٹوپی۔ (ہیٹ)

اَلْبَرْنِیْطَۃ: انگریزی ٹوپی۔ ہیٹ (ٹی کیپ)

اَلْبَرَنِیَّۃ: مٹی کا برتن۔ ج بَرَانِیُّ۔

بَرِہَ (س) **بَرَہًا**: بیماری کے بعد جسم کا اصلی حالت پر آنا۔ صفت (اَبْرَہ) مؤنث (بَرْہَاء): ج بُرْہ۔

اَبْرَہَ: دلیل لانا۔

اَلْبُرْھَۃ وَالْبُرْھَۃ: عرصہ۔ زمانے کا ایک حصہ۔ ج بُرَہ و بُرُھات۔

اَلْبَرَاھِمَۃ: ہندوؤں کی ایک ذات..... مفرد (بَرْھَمِیْ)

بَرْھَنَ وَ عَلَیْہِ وَ عَنْہُ: دلیل قائم کرنا۔

تَبَرْھَنَ: دلیل سے ثابت ہونا۔

اَلْبُرْھَان: دلیل۔ ج بَرَاھِین۔

اَلْبُرْوَاز: چوکھٹا (جدید) اس کے لئے فصیح لفظ کفاف اور اطار ہے۔

اَلْبُرُوْتُسْتُو: دعویٰ قائم بادجود بیکاری اور نقصان کے ادراک کے۔

اَلْبُرُوْتِسْتَانِی: معروف عیسائی مذہب پروٹسٹ کو ماننے والا۔

اَلْبُرُوْتُوْن: ہیدروجن کا ذرہ۔

اَلْبُرُوْلَنْزِیَا: کام کرنے والا طبقہ (لاطینی لفظ)

اَلْبَرُوْم: بدبودار جسم سندری پانیوں سے نکالا جاتا ہے سرخ پیپ والے مادے کی شکل میں علامۃ BR۔

اَمْبُرُوز (اَلْمَبْغَر): ہیضہ۔

اَلْبَرْوَ وَمِیْرَ: ہوا کی پیمائش کا آلہ۔

اَلْبَرْوَاق وَالْبَرْوَق: ایک قسم کی گھاس جو محض بادل ہی سے سرسبز ہو جاتی ہے اور اسی وجہ سے مثل ہے "اَفْکَرُ مِنْ بَرْوَقَۃ" یعنی وہ تھوڑی چیز کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے۔

بَرَا (ن) بَرْوًا و اَبْرَی اِبْرَاءً: اُونٹنی کی ناک میں حلقہ ڈالنا۔

اَلْبُرَۃ: حلقہ (خواہ تانبے کا ہو یا چاندی یا پازیب ج بُرَی و بُرَات و بُرُبن و بِرِین۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَتْہُ الدُّنْیَا بُرَتَہَا" یعنی دنیا اس کے ہاتھ میں آ گئی ہے۔

بَرَی: (ض) **بَرْیًا و اِبْتَرَی**. **اَلسَّھْمَ وَالْقَلَمَ**: تیر یا قلم تراشنا۔ صفت مفعول (بَرِیٌّ و مَبْرِیٌّ)

اَلشَّخْصَ: ڈبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔

بَارَی: **اَلرَّجُلَ**: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ **اَمْرَاَۃً**: طلاق کی شرط پر صلح کرنا۔

اَبْرَی: مٹی لگانا۔

تَبَارَیَا: باہم آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَبَرَّی: **لِمَعْرُوْفِہٖ**: بھلائی کے درپے ہونا۔

اِبْتَرَی: تراشا جانا..... **لَہٗ**: پیش آنا۔

اَلْبَرِیُّ: مٹی۔

اَلْبَارِیُ: فا۔ پیدا کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے "اَعْطَی الْقُوَسَ بَارِیْھَا"۔ کمان تراشنے والے کو دو۔ یعنی کام اس شخص کے سپرد کرو جو اس کی اہلیت رکھتا ہو۔

اَلْبَرَایَۃ وَالْبَرَاء: تراشہ۔ چھلن۔

اَلْبَرِیْئَۃ: مخلوق۔ ج بَرَایَا

اَلْاَبْرِیَۃُ وَالْبَرِیَّۃُ: سرکی بھوسی جو کنگھی کرتے وقت گرے۔

اَلْبَرَّاءُ وَالْبَرْبَاءُ وَالْبِرْبَاءُ: چاقو۔ تراشنے کا اوزار۔

بَزَّہٗ (ن) **بَزًّا و بِزَّیٰزَی**: چھیننا۔ غالب ہونا ..... **اَلشَّیْءَ مِنْہُ**: زبردستی لے لینا۔

اِبْتَزَّ مِنْہُ الشَّیْءَ: زبردستی چھین لینا۔

اَلْبَزُّ: کتان یا روئی کے کپڑے۔ ہتھیار۔ ج بُزُوْز۔

اَلْبِزَّۃ: کپڑے۔ ہتھیار۔ ہیئت۔

اَلْبَزَّاز: پارچہ فروش۔

اَلْبَزَازَۃ: پارچہ فروشی۔

اَلْبِزَانْزُوْط: پاسپورٹ (جدید) پروانہ راہداری۔ اس کے لئے فصیح لفظ **اَلْجَوَاز** ہے۔

بَزْبَزَ: تیز چلنا۔ سخت ہانکنا۔ بھاگنا۔ بہت حرکت کرنا۔

اَلْبَزْبَاز: مچھلی کے سر پر لوہے کی جوفدار سلاخ۔

بَزَخَ (ن) **بَزْخًا**: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا ..... **عَلٰی فُلَانٍ**: بھڑکانا۔ آگ لگانا۔ برانگیختہ کرنا۔

بُزْجَۃ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔

بَازَجَہٗ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

تَبَازَجَا: باہم فخر کرنا۔

بَزَخَ (س) **بَزْخًا**: نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَخ) مؤنث (بَزْخَاء) ج بُزْخ

بَزَخَ (ف) **بَزْخًا**. **ظَھْرَہٗ بِالْعَصَاءِ**: لاٹھی سے پشت پر مارنا..... **فُلَانًا**: سوا کرنا۔

تَبَازَخَ: **غِنَی الْاَمِیْرِ**: جیسے بنا۔ نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والے کی طرح چلنا یا بیٹھنا۔

تَبَازَخَتِ الْمَرْاَۃُ: بڑے سرین والی ہونا۔

بَزَغَ: **لَہٗ**: فروختی کرنا۔

بَزَرَ (ض) **بَزْرًا**. **اَلْحُبُوْبَ**: بونا۔ بیج پھیلنا (..... **وَبَزَّرَ**) **اَلْقِمَارُ**: سالہ ڈالنا۔ **بَزَرَ الْاِنَاءَ**: بھرنا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ بَزَرَ کَلَائَہٗ وَتَمُوْلُہٗ" فلاں نے اپنی گفتگو میں نمک مرچ ملایا۔

اَلْبُزُوْر: بیج تخم۔ واحد (بِزْرَۃ) ج بُزُوْر۔ مسالہ۔ ج اَبْزَار۔ ج اَبَازِیْر کہتے ہیں۔ "یَطْلِی لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ اَبَازِیْرُکَ"۔ یعنی مجھ جیسے پر تمہاری تدبیریں پوشیدہ نہیں رہ سکتیں۔ **اَلْبَزُوْر**:

marfat.com
Marfat.com

ریشہ۔

اَلْمَرْأَةُ (الْبَزْرَاءُ): بہت اولاد والی عورت۔
الْبَزَّارُ: بیج اور مسالہ کا بیچنے والا۔
اَلْبَـــزَرُ: سیل کا بدہ۔ دھوبی کا تختہ (..... والمِبْزَرُ): دھوبی کی موگری۔
اَلْبَیْزَارُ: باز پالنے والا۔ کا شتکار۔ ج بیازرۃ (معرب)
بَزَعَ (ک) بَزَاعَةً. الْغُلَامُ: خوش طبع ذکی اور چست ہونا۔ صفت (بَـزِیـع) مؤنث (بَزِیْعَةٌ)
تَبَزَّعَ. الْغُلَامُ: چست و پھرتیلا ہونا۔ الشَّرُّ: شر و فتنہ کا بھڑکنا۔
الْبَـزَّاعُ: بغیر جھجک کے گفتگو کرنے والا لڑکا (.....والْبَزِیْعُ) مِنَ الْغِلْمَانِ: تیز خاطر۔ چرب زبان لڑکا۔ اَلْبَزِیْعُ: شریف آدمی۔
بَزَغَتْ (ن) بَزْغًا و بُزُوْغًا. الشَّمْسُ: طلوع ہونا۔ بَزَغَ الْحَاجِمُ: نشتر لگانا دَمَهُ: خون بہانا۔
اِبْتَزَغَ: الرَّبِیْعُ: فصل بہار کا شروع ہونا۔
نُجُوْمٌ (بَوَازِغ): طلوع ہونے والے ستارے۔
اَلْمِبْزَغُ: نشتر۔
بَزَقَ (ن) بَزْقًا: تھوکنا..... الْاَرْضَ: بونا۔
اَلْبُزَاقُ: تھوک۔
اَلْبَزَّاقُ: ایک قسم کا گھونگا۔ واحد۔ بَزَّاقَة
بَزَلَ (ن) بَزْلًا وَ بَزَلَ. الشَّیْءَ: سوراخ کرنا۔ الشَّرَابَ: صاف کرنا۔ بَزَلَ الْاَمْرَ: کسی کام کو کر گزرنا۔ رَایَهُ: کوئی نئی رائے پیش کرنا' کسی رائے پر جم جانا۔
بَزَلَ (ن) بُزُوْلًا: الْبَعِیْرُ: اونٹ کا جوان ہونا..... نَابُ الْبَعِیْرِ: کچلی کا نکلنا۔ صفت مذکر و مؤنث (بَازِلٌ) ج بَوَازِل و بُزُل و بُزُل۔
تَبَزَّلَ و اِبْتَزَلَ: سوراخ ہونا۔
تَبَزَّلَ و اِبْتَزَلَ: الْخَمْرَ: شراب کے برتن میں سوراخ کرنا..... الْجَسَدُ: جسم سے خون ٹپکنا۔
..... السِّقَاءُ: مشک کا ٹپکنا.....
اِسْتَبْزَلَ. الشَّیْءَ: کھولنا..... الْخَمْرَ: صاف کرنا۔
اَلْبَزْلُ: سختی۔
اَلْبُزْلُ: ایک قسم کا پہاڑی بکرا۔
اَلْبَزَّالُ: برما۔ سوراخ کرنے والا اوزار۔
اَلْبُزَّالُ: شراب کے مٹکے کا سوراخ۔
اَلْبَـازِلُ: اونٹ کی کچلیوں کا دانت۔ تجربہ کار مرد۔ کہتے ہیں "رُمِیَ بِنَاشِهٍ بَازِلٍ": وہ دشوار معاملہ میں پھنس گیا۔
اَلْبَزْلَاءُ: بڑی مصیبت۔ عمدہ رائے۔ کہا جاتا ہے "اِمْـرَأَةٌ بَزْلَاءُ الرَّایِ": عمدہ رائے والی عورت۔ "وَخُطَّةٌ بَـزْلَاءُ": صاف و واضح طریق کار۔
اَلْمِبْـزَلُ: شراب صاف کرنے کا آلہ۔ سوراخ کرنے والا اوزار۔
رَجُلٌ (بَزْلَةٌ و بَزِیْلَةٌ): مرد کوتاہ قامت۔
بَزَمَ: (ن ض) بَزْمًا: عَلَیْهِ: اگلے دانتوں سے کاٹنا..... بِالشَّیْءِ: اٹھانا..... فُلَانًا نَوْبَهُ: چھین لینا..... اَلنَّاقَةَ: انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دوہنا..... وَتَرَ الْقَوْسِ: کمان کے تانت کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے پکڑ کر تیر چلانا۔
اَلْبَـزِیْمُ: ساگ یا ترکاری وغیرہ کا مٹھا باندھنے کے لئے پتے یا چھلکا۔
اَلْمِبْزَمُ: دانت۔
بَزْمَخَ بَزْمَخَةً: تکبر کرنا۔
بَزَا (ن) بَزْوًا. عَلَیْهِ: دراز دستی کرنا (بَزَاهُ و اَبْزَاهُ و اَبْزَی بِهٖ) غالب آنا (بَزَا و بَزِیَ بَیْزَی بَزًا و اَبْزَی اِبْزَاءً) نکلے ہوئے سینے اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا صفت (اَبْـزَی) مؤنث بَزْوَاءُ
تَبَـازَی: باز کے مشابہ ہونا۔ سرین اٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا۔
اَلْبَزْوُ: مثل و نظیر۔
اَلْبَـزِیُّ: دودھ پیتا بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بَزِیِّیْ": وہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔
اَلْبَزَاءُ: ڈینگ۔
اَلْبَازُ و اَلْبَازِی: باز۔
بَسَّ (ن) بَسًّا و اَبَسَّ. الْاِبِلَ: آہستہ آہستہ ہانکنا اور بس بس کہنا۔ "بَسَّ الْمَالَ فِی الْبِلَادِ": ملک میں مال کا پھیلا دینا۔ "بَسَّ السَّوِیْقَ" گھی یا زیتون کے تیل میں ستو ملانا..... الْقَوْمَ عَنْهُ دھتکارنا۔ "وَاَبَسَّ بِالنَّاقَةِ": دوہنے کے لئے چمکارنا۔
اِنْبَسَّ: زمین پر پانی کا بہنا۔ الگ ہٹنا۔
اَلْبَسُّ و اَلْبَسُّ: بلا۔ کوشش۔ ج بِسَاس
اَلْبَسِیْسُ: تھوڑا کھانا۔
اَلْبَسِیْسَةُ: گھی یا زیتون کے تیل میں ملا ہوا ستو یا آٹا۔
اَلْبَسُوْسُ: اونٹنی جو بغیر بس بس کہے ہوئے دودھ نہ دے۔ ج بُسُسٌ
بِسْ بِسْ و بُسْ بُسْ: بکریوں' اونٹوں' بلیوں کے بلانے یا ڈانٹنے کے لئے کلمہ۔
اَلْبَسُوْس: جساس بن مرہ البکری کی خالہ جس کی وجہ سے بنی بکر اور بنی تغلب کے درمیان مشہور جنگیں ہوئیں اور اس کا نام منحوس سمجھا جاتا ہے۔
بَسْبَسَ: بِالْغَنَمِ اَوِ الْاِبِلِ: بس بس کہہ کے بلانا..... بِهٖ: کسی سے بس کہنا۔
اَلْبَسْبَس: بیابان' بے گھاس پانی والی زمین۔ ج بَسَابِس. تُرَّهَاتُ الْبَسَابِسِ و اَلتُّرَّهَاتُ الْبَسَابِس: جھوٹی اور باطل باتیں۔
اَلْبُسْتَان: باغ۔ ج بَساتین (جدید)
اَلْبُسْتَانِی: باغ والا۔ باغبان۔ اَلْبُسْتَانِی مِنَ النَّبَاتِ: لگائے ہوئے پودے۔
بِسْتَرِیْنَةٌ: سال کے آخر میں نصاریٰ کے ہاں جو تحائف پیش کئے جاتے ہیں۔
بَسَتَ (ن) بَسْتًا: چلنا۔ کشادہ قدم رکھنا۔ دوڑنے میں سبقت کرنا۔
اَلْبَسْتَق: خادم۔
اَلْبُسْتُوْقَة: مٹی کا مرتبان۔
بَسَرَهُ (ن) بَسْرًا: جلدی کرانا۔ مغلوب کرنا (.....واَبْسَرَ) اَلْقَرْحَةَ: نچوڑ کر باندھنا.....

marfat.com
Marfat.com

الحَاجَةِ: بے وقت طلب کرنا..... النَّخْلَةَ: درخت خرما میں قبل از وقت پیوند لگانا.....

النَّبَاتَ: تر گھاس چرانا۔ وَانْبَسَرَ النَّخلَ: گدر کھجور والا ہونا۔

بَسَرَ (ن) بَسْرًا و بُسُوْرًا: ترش رو ہونا۔

صفت (بَاسِر)، اور اسی وجہ سے شیر کو (البَسُور) کہا جاتا ہے۔

تَبَسَّرَ و انْبَسَرَ: الحَاجَةَ: بے وقت طلب کرنا۔ اِنْبَسَرَ بِالأَمْرِ: شروع کرنا..... الشَّیْءَ: تازہ لینا۔ اِنْبَسَرَ لَوْنُہٗ: بدل جانا۔

البُسْر: خمنڈ پانی۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ بُسْرٌ": تیوری چڑھا ہوا چہرہ۔

البُسْر: تازہ چیز۔ گدر کھجور۔ واحد بُسْرَةٌ ج بِسَارٌ. البُسْرَة: طلوع کے وقت کا آفتاب

البَاسُوْر ج بَوَاسِيْر: بواسیر کی بیماری

المَبْسُوْر: بواسیر کی بیماری والا۔

المُبَشِّرَات: ہوائیں جن کا چلنا بارش کی علامت ہو۔

بَسَطَ: (ن) بَسْطًا. البَوْب: پھیلانا.....

الرِّجْلَ: کسی کا دل بڑھانا..... اليَدَ: ہاتھ کشادہ کرنا..... العُذْرَ: عذر ظاہر کرنا یا قبول کرنا..... المَكَانَ القَوْمَ: وسیع ہونا..... فُلَانًا عَلَيْهِ: فضیلت دینا..... السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

بَسُطَ (ک) بَسَاطَةً: بسیط ہونا۔ بہ مذاق ہونا۔

بَسْطٌ. البَوْب: پھیلانا۔

بَاسِطَةٌ: کسی سے کھل کر باتیں کرنا۔

تَبَسُّطٌ و اِبْتِسَاطٌ: پھیلنا۔ دراز ہونا۔ بے تکلف ہو جانا۔ سیر و تفریح کرنا۔

البَاسِطُ: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

البَاسِطَةُ: دور کی مسافت۔

يَدٌ (بَسْطٌ و بُسْطٌ): کھلا ہوا ہاتھ۔

البَسْطَةُ: وسعت۔ دسترس۔ کمال۔

بَسْطَةُ العَيْشِ: فراخیٔ زندگانی۔

البِسَاطُ: بچھونا۔ فرش۔ ج بُسُط۔

البَسَاطُ: کشادہ زمین۔

البَسِيْط: مفرد۔ کشادہ زمین۔ بے مذاق۔ بسیط الوجہ۔ کشادہ رو۔ خوش خلق۔

اِبْسِيْط: خلاف مرکب۔ شعروں کا ایک وزن جس کے الفاظ یہ ہیں۔ مستفعلن فاعلن/ مستفعلن فعلن۔

بَسِيْطُ اليَدَيْنِ: فیاض۔ سخی ج بُسَطَاء

اَلْبَسِيْطَة: زمین۔ زمین کا ہموار حصہ۔

بَسَقَ (ن) بُسُوْقًا. النَّخْلُ: لمبے تنے اور لمبی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (بَاسِق)..... اَصْحَابَهٗ وَعَلَى اَصْحَابِهٖ: فضیلت میں بڑھ جانا..... فِي عِلْمِهٖ: ماہر ہونا۔

بَسْقَةٌ: لمبا ہونا۔

تَبَسَّقَ: لمبا ہونا۔

البَاسِقَةُ: مؤنث۔ سفید صاف رنگ کا بادل۔ مصیبت ج بَوَاسِق..... و بَوَاسِقُ السَّحَاب: ابتدائی بادل.....

اَلْبَسْكُوْنِي: خشک روٹی یا خشک حلوہ۔

اَلْبَسْكَلُوْنِيَا: علم نفس یا علم فلسفہ۔

بَسَلَ (ک) بَسَالًا و بَسَالَةً: بہادر ہونا صفت (بَاسِل و باسِلٌ) ج بُسَّل و بُسَلَاء و بُسُل.

بَسَلَ (ن) بُسُولًا. الرَّجُلُ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔ صفت (بَاسِل و بَاسِلٌ)..... النَّبِيْذُ: نبیذ کا تیز ہونا..... اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔

بَسَلَهٗ (ن) بَسْلًا: ملامت کرنا۔ حلال کرنا۔ جائز کرنا..... عَنْ حَاجَتِهٖ: منع کرنا۔ روکنا۔

اَبْسَلَهٗ: ہلاکت کے لئے چھوڑ دینا۔ رہن رکھنا

اللّٰهُ الشَّيْءَ: حرام کرنا..... فُلَانًا: پیش کرنا اَبْسَلَ نَفْسَهٗ لِلْمَوْتِ: مرنے کے لئے تیار ہو جانا۔

بَاسَلَهٗ: نا پسندیدہ بنا دینا (بَسَلَ و اِبْتَسَلَ)

بَسْلَه: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔

تَبَسَّلَ: غصہ۔ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔

اِسْتَبْسَلَ: مرنے یا مارنے کے لئے جنگ میں کود پڑنا۔

البَسْل: بُخْتی۔ حلال۔ حرام (واحد جمع مذکر و مؤنث مساوی ہیں) کہا جاتا ہے۔ "هٰذَا بَسْلٌ عَلَيْكَ" یہ تمہارے اوپر حرام ہے اور کہا جاتا ہے "بَسْلَكَ" اس کے لئے خرابی ہو۔

البَاسِل: شیر۔ ج بَوَاسِل اور کہا جاتا ہے "يَوْمٌ بَاسِلٌ" سخت دن۔ "وَغَضَبٌ بَاسِلٌ" تیز غصہ۔

البَسُوْل: شیر۔

البَسَالَة: دلیری۔ بہادری۔ کراہت۔

اَلْبُسِلِّي: ایک قسم کی نباتات۔

البَسِيْل: حرام۔ کڑوہ چہرہ والا۔ برتن میں شراب کا بقیہ۔

البَسِيْلَة: کسی چیز کا بقیہ۔

البُسْلَة: افسوس کرنے والے کی اُجرت۔

بَسَمَ (ض) بَسْمًا و بَسَّمَ و اِبْتَسَمَ: مسکرانا۔ صفت (بَاسِم و مُبْتَسِم)

البَسِيْم: داخت۔ ج بَسَايِم۔

البَسَّام و المِبْسَام: بہت مسکرانے والا۔

بَسْمَلَ: بسم اللہ کہنا۔

بَسْمَلَةٌ: جیسا یوں کے نزدیک الف لام "بِاسْمِ" بنا اور روح مقدس کے نام سے ابتداء کرنا اور مسلمانوں کے نزدیک بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا۔

اَبْسَرُ: خوش رنگ و خوش وضع ہونا۔

البَاسِلَة: کاریگروں کے آلات۔ مل کا پہار۔ ج بَاسِلَات

بَشَّ (س) بَشًّا و بَشَاشَةً: ہنس مکھ ہونا۔ کشادہ رو ہونا..... لِلشَّيْءِ: کسی چیز کو دیکھ کر بشاشت ظاہر کرنا..... بِالصَّدِيْقِ: دوست کو دیکھ کر خوش ہونا۔ صفت (بَشٌّ و بَاشٌ و بَشُوْش و بَشَاش)

اَبَشَّتِ: اَلْأَرْضُ: نباتات کا آپس میں گتھ جانا۔

بَشْبَشَ: الرَّجُلُ: بشاشت ظاہر کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

تَبَشَّشَ بِهٖ: کسی سے کشادہ روئی سے پیش آنا۔
الْبَشَّاشَةُ: چھوٹا صندوق۔
بَشَرَ (ن) بَشْرًا. الْجِلْدَ: چمڑا چھیل دینا..... الشَّارِبَ: مونچھ موڑ کر کھال ظاہر کر دینا..... الْجَرَادُ الْاَرْضَ: ٹڈی کا سب کچھ کھا جانا۔
بَشِرَ (ض) بَشَرًا (س) وَاَبْشَرَ (س) وَاسْتَبْشَرَ بِهٖ: خوش ہونا۔ اَبْشَرَتِ الْاَرْضُ: اگھوا نکالنا۔ کہا جاتا ہے "بَشَرَنِیْ بِوَجْهٍ حَسَنٍ": وہ مجھ سے کشادہ روئی سے ملا۔
بَشَّرَ: خوش کرنا۔ خوشخبری دینا۔
اَبْشَرَ: فُلَانًا: خوشخبری دینا۔ خوش ہونا قرآن میں ہے ﴿وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ﴾..... اَلْاَمْرَ وَجْهَهٗ: حسین پُر رونق بنا دینا..... الشَّیْءَ: چمکانا۔
بَاشَرَ. الْاَمْرَ: کسی کام کو خود کرنا۔ بَاشَرَهُ النَّعِیْمُ: نعمتوں میں پلنا..... اَلْمَرْاَةَ: جماع کرنا۔
تَبَاشَرُوْا. بِالْاَمْرِ: ایک دوسرے کو خوش خبری دینا۔
اَلْبِشْرُ: چہرہ کی رونق۔ کشادہ روئی۔
اَلْبَشِیْرُ: خوشخبری دینے والا۔ ج بُشَرَاء
اَلْبَشَارَةُ: حسن و جمال
اَلْبُشَارَةُ: کھال کا تراشہ۔ ہدیہ جو خوشخبری دینے والے کو دیا جائے۔
اَلْبِشَارَةُ: خوشخبری۔ ج بَشَارَاتٌ و بَشَائِرُ
بَشَائِرُ الْوَجْهِ: چہرہ کی خوبیاں۔ بَشَائِرُ الصُّبْحِ: آغاز صبح
اَلْبُشَارُ: کمینہ آدمی۔
اَلْبَشَرُ: انسان (مذکر مؤنث واحد جمع)
اَبُو الْبَشَرِ: حضرت آدم نبینا علیہ والصلوٰۃ والسلام کی کنیت۔
اِبْنُ الْبَشَرِ: عیسائیوں کے نزدیک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب۔
اَلْبَشَرَةُ: کھال کا اوپر کا حصہ۔ ساگ گھاس۔ ج بَشَرٌ
اَلْبَاشِرُ: خوشخبری۔ ہر چیز کی ابتداء۔
اَلْبَشَرَةُ: کھال کا اوپر کا حصہ۔ ساگ گھاس۔ ج بَشَرٌ
اَلْبُشْرٰی: خوش خبری۔
اَلْمُبَشِّرَاتُ: بارش کی اُمید دلانے والی ہوائیں۔
بَشِعَ (س) بَشَعًا وَبَشَاعَةً. الشَّیْءُ: بدمزہ ہونا..... اَلْمَرْءُ: زشت رو ہونا..... فُلَانٌ بِالْاَمْرِ: ضیق میں ہونا۔
تَبَشَّعَ: بے مزہ ہونا۔ بدصورت ہونا۔ ناپسندیدگی ظاہر کرنا۔
اِسْتَبْشَعَهٗ: بے مزہ سمجھنا۔
بَشَقَهٗ (ض) وَبَشِقَهٗ (س) بَشْقًا بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔
اَلْبَاشِقُ: ایک شکاری پرندہ۔ ج بَوَاشِقُ
بَشَكَ (ن ض) بَشْكًا: جلدی کرنا۔
اَلْخَبَرُ: گھڑنا..... اَلثَّوْبُ: دور دور سینا..... فِیْ عَمَلِهٖ: بُرے طریقہ سے کرنا۔
اِبْتَشَكَ: جھوٹ بولنا..... اَلْكَلَامَ: گھڑ لینا۔
اَلْبَشَّاكُ: بڑا جھوٹا۔
بَشِمَ (س) بَشَمًا. مِنَ الطَّعَامِ: بدہضمی ہونا..... مِنَ الشَّیْءِ: اُکتا جانا۔ صفت (بَشِمٌ)
اَلْبَشَامُ: ایک خوشبودار درخت کا نام جس کی لکڑی سے خلال بناتے ہیں۔ واحد اس کا بَشَامَةٌ ہے اور دوا فروش اس کے بیج کو حَبُّ الْبَلَسَانِ کہتے ہیں۔
بَصَّ: (ض) بَصِیْصًا وَبَصًّا: چمکنا۔ روشن ہونا..... اَلْمَاءُ: رسنا۔ کہا جاتا ہے "بَصَّ لِیْ بِیَسِیْرٍ": اس نے مجھے تھوڑا دیا۔
بَصَّصَ: الْجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا..... اَلْاَرْضُ: اگھوا نکلنا..... اَلشَّجَرَةُ: کونپل نکلنا۔
اَلْبَصَّاصَةُ: آنکھ۔
اَلْبَصِیْصُ: چمک۔ کپکپی اور اسی سے ہے "اَفَلَتْ وَلَهٗ بَصِیْصٌ"
بَصْبَصَ بَصْبَصَةً: بمعنی بَصَّصَ. (و تَبَصْبَصَ) اَلْكَلْبُ: دُم ہلانا..... فُلَانٌ: چاپلوسی کرنا۔
بَصُرَ (ک) بَصَرًا (س) بَصَارَةً وَبَصَارَةً وَبِهٖ: جاننا۔ دیکھنا۔
بَصَّرَ (ن) بَصْرًا اَلشَّیْءَ: کاٹنا۔
بَصَّرَهُ الْاَمْرَ: پہنچوانا۔ معلوم کرانا۔
وَبَصَّرَ: بصرہ میں آنا..... اَلْجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔
بَاصَرَ. الشَّیْءَ: دور سے جھانک کر دیکھنا۔ دیکھنے میں مقابلہ کرنا۔
اَبْصَرَهٗ: دیکھنا۔ بینا بنانا..... اَلرَّجُلُ: بصرہ میں آنا۔ اَبْصَرَ الطَّرِیْقُ: واضح و نمایاں ہونا۔
تَبَصَّرَ: الشَّیْءَ: غور سے دیکھنا..... فِی الشَّیْءِ: سوچنا غور کرنا۔
تَبَاصَرُوْا: کسی چیز کو پہلے دیکھ لینے میں مقابلہ کرنا۔
اِسْتَبْصَرَ. الْاَمْرُ: ظاہر ہونا..... اَلْاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ اچھی طرح دیکھنا..... فِیْهِ: سوچنا۔ غور کرنا۔
اَلْبَصَرُ: دیکھنے کی قوت۔ آنکھ۔ علم۔ ج اَبْصَارٌ. کہا جاتا ہے "اَنْتُمْ بِیْنَ سَمْعِ الْاَرْضِ وَبَصَرِهَا" میں اس کے پاس اس وقت پہنچا جبکہ کوئی نہیں تھا صرف زمین ہی دیکھنے والی سننے والی تھی۔
اَلْبَصْرَةُ: ایک شہر کا نام جو باہم ملے جلے دریائے دجلہ و فرات کے مغربی کنارہ پر واقع ہے۔
اَلْبَصْرَتَانِ: بصرہ و کوفہ۔ وَالْبَصْرَةُ: سخت زمین۔ لیس دار مٹی جس میں کنکریاں بھی ہوں۔ ج بِصَارٌ.
اَلْبَصِیْرُ: دانا۔ بینا۔ ج بُصَرَاءُ
اَلْبَصِیْرَةُ: عقل۔ زیرکی۔ دانائی۔ عبرت۔ شاہد۔ حجت۔ کہا جاتا ہے "جَوَارِحُهٗ بَصِیْرَةٌ عَلَیْهِ" اس کے اعضاء اس کے اوپر گواہ ہیں۔ "وَفَرَاسَةٌ ذَاتُ بَصِیْرَةٍ" سچی فراست۔
اَلْبَاصِرَةُ: آنکھ۔ ج بَوَاصِرُ: کہتے ہیں "خَیْرُ

marfat.com
Marfat.com

الْمَشَاءِ بَوَاصِرُهُ": بہترین کھانا وہ ہے جو تاریکی سے پہلے کھالیا جائے۔

الْبَاصِر: چھوٹا تول یا لان۔ جو بَوَاصِر

الْبُصْر: کنارہ۔ روئی۔ پھال۔ بُصُرٌ كُلِّ شَيْءٍ: حدیث میں ہے "بُصُرُ كُلِّ سَمَاءٍ مَسِيرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ": آسمان کی موٹائی پانچ سو برس کی مسافت کے برابر ہے۔

الْبُصْر: نرم سفید پتھر۔

الْمَبْصَر وَ الْمَبْصَرَة: واضح روشن دلیل۔

الْمُبْصِر: نگہبان۔ کہا جاتا ہے "رَتَّبْتُ عَلَى بُسْتَانِي مُبْصِرًا" میں نے اپنے باغ کے لئے ایک نگہبان مقرر کیا۔

بَصَعَهُ (ف) يَبْصَعُ: جمع کرنا..... الماءُ: پانی بہنا یا رسنا۔

الْبَضْع: رات کا کچھ حصہ۔

الْبَضْع: بے وقوف۔ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

الْبَضِيع: پسینہ جو جسم سے تپک رہا ہو۔ ج بُضُع

الْأَبْضَع: بے وقوف۔ اس کو تاکید کے موقعہ پر بھی استعمال کرتے ہیں کہتے ہیں "اَخَذْتُ حَقِّي اَجْمَعَ اَبْضَعَ" مؤنث (بَضْعَاء) ج اَبْضَعُوْنَ وَ بُضْعٌ..... اور اس کو اجمع ہر مقدم نہیں کرتے۔

بَضَقَ (ن) بَضْقًا: تھوکنا..... الشاة: حاملہ بکری کو دودھ ہونا۔

الْبَضَاق: تھوک اور جب تک منہ میں ہو اس کو ریق کہتے ہیں۔

بَاضِقَة: آگ برسانے والے جنگی ہتھیار۔

الْبَضْقَة: بلند ٹکڑا ج زمین۔ ج بَضَاق

بَضْلَهُ وَتَبَضْلَهُ: مِنْ دِيَابِهِ: نکالنا کرنا۔

تَبَضُّل: القِشرُ: چھلکے کا موٹا ہونا۔

الْبَصَل: پیاز۔ واحد بَصَلَة. الْبَصَلَة: لوہے کا خود اور اسی سے ہے "خَرَجُوْا كَأَنَّهُمُ الْأَصَلُ وَ عَلَى رُؤُوْسِهِمُ الْبَصَلُ" وہ لوگ نکلے گویا کہ ڈنٹھ والے سانپ ہیں اور ان کے سروں پر خود ہیں۔ اس قول میں اصل: جمع اَصَلَة کی ہے جو ایک قسم کا زہریلا سانپ ہے۔

بَضَلَ الْفَارِسُ: جنگلی پیاز۔ عوام اس کو بَصَلَةٌ کہتے ہیں۔

بَصَمَ (ن) بَصْمًا. الْقَمَاشَ: سامان پر علامت لگانا۔

الْبُصْم: خشر اور بھر کے درمیان کا فاصلہ۔

ثَوْبٌ ذُوْبُصْمٍ: موٹا غث کپڑا۔

رَجُلٌ ذُوْبُصْمٍ: موٹا مرد۔

الْبُصْمَة: علامت۔

الْبَصَمَا: حلوا کی ایک قسم۔

الْبُصَان وَ الْبُصَان: ماہ ربیع الآخر..... ج بَصَانَات وَ اَبْصِنَة

بَصَا (ن) بَصْوًا. غَرِيمَهُ: قرضدار سے سب کچھ لے لینا۔

الْبَصْوَة: جنگاری۔ انگارہ۔

بَصَّ (ض۔س) بَصَاصَةً وَ بَصُوصَةً: موٹا پے کے ساتھ پتلے اور نرم چمڑے والا ہونا۔ صفت (بَصٌّ وَ بَاصٌّ وَ بَصِيْصٌ) مؤنث بَصَّةٌ وَ بَاصَةٌ وَ بَصِيْصَةٌ.

بَضَّ (ض) بَضًّا وَ بُضُوضًا وَ بَضِيْضًا. الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا..... الْحَجَرَ: پانی رسنا تکیل کے لئے کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا يَبُضُّ حَجَرُهُ" یعنی فلاں کے خیر کو حاصل نہیں کیا جا سکتا..... الْعَيْنُ: آنسو نکلنا..... کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا تَبُضُّ عَيْنُهُ": فلاں کی آنکھوں سے آنسو نہیں نکلتا۔ یعنی وہ مصیبتوں پر صبر کرنے والا ہے..... اَوْتَارَ الْعُوْدِ: بجانے کے لئے چھیڑنا

..... لَهُ: دینا۔

بَضَضًا وَ بُضَاضَةً: تھوڑا دینا یا تھوڑا پانی دینا۔

اَبَضَّ لَهُ: تھوڑی سی چیز دینا۔

بَضَّضَ تَبْضِيْضًا: تازوفات کی زندگی بسر کرنا۔

اِبْتَضَّ. السَّوْمَ: ساری قوم کو چاہ کر دینا۔

تَبَضَّضَ. فُلَانًا: سب کچھ لے لینا۔ حَقَّهُ مِنْ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا۔

بِئْرٌ (مُبْضُوْضٌ): کم پانی والا کنواں۔ ج بَضَاض

الْبَضْض وَ الْبُضَاضَة: تھوڑا پانی۔

الْبَضُّ: موٹاپا کے ساتھ نرم جسم اور ہتھیلی کھال والا۔ مؤنث بَضَّة. الْبَضُّ وَ الْبَضَّة: کھٹا دودھ۔

الْبَضِيْضَة: جو کچھ کسی کے قبضہ میں ہو..... کہا جاتا ہے "اَخَوْتُ لَهُ بَضِيْضَتِي" میں نے اپنی تمام مملوکہ چیزیں اسے دے دیں۔

الْبَضْرَة: رائیگاں۔ اور اسی سے ہے۔ "ذَهَبَ دَمُهُ بَضْرًا وَبُضْرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔

بَضَعَ (ف) يَبْضَعُ وَيَبْضِعُ. الشَّيْءَ: کاٹنا چیرنا۔ نشتر لگانا۔

بَضَعَ (ف) يَبْضُعُ. الْكَلَامَ: سمجھنا..... الْكَلَامُ: واضح ہونا..... مِنْ فُلَانٍ: اکتا جانا۔ تنگ دل ہونا۔

اَبْضَعَهُ. الْكَلَامُ: واضح طور سے بیان کرنا۔

اَبْضَعَ الشَّيْءَ: سرمایہ بنانا..... الْمَرْأَةُ: نکاح کرنا۔ الْمَاءُ فُلَانًا: سیراب کرنا۔

تَبَضَّعَ وَ اِسْتَبْضَعَ: سرمایہ لینا..... الشَّيْءَ: سرمایہ بنانا۔ تَبَضَّعَ الْعَرَقَ: پسینہ کا تھوڑا تھوڑا بہنا۔ اِسْتَبْضَعَ الرَّجُلَ الشَّيْءَ: کسی کے لئے سرمایہ بنانا۔

اِبْتَضَعَ: کٹنا۔ چیرا جانا۔ شگاف دیا جانا۔

بَاضَعَ مُبَاضَعَةً وَ بِضَاعًا. الْمَرْأَةَ: جماع کرنا۔

اَلْبَاضِع: لوٹوں کے سامان کو اٹھانے والا شمشیر زن۔

اَلْمِبْضَع: نشتر۔ ج مَبَاضِع.

اَلَّهُ بَضْعٌ مِنَ الرِّجَالِ: لاغر۔

اَلْبِضْعَة وَ الْبَضْعَة: گوشت کا ٹکڑا۔ ج بِضَع وَ بَضْع وَ بِضَاع وَ بَضَعَات

اَلْبِضْع وَ الْبَضْع: رات کا کچھ حصہ۔ تین سے نو تک کی تعداد۔ کہا جاتا ہے "بِضْعَ سِنِيْنَ وَ بِضْعَ عَشْرَةَ مِنَ النِّسَاءِ وَ بِضْعَ

marfat.com
Marfat.com

وَ عِشْرُوْنَ اِمْرَأَةً" اور مذکر کے لئے بِضْعَةٌ عَشَرَ مِنَ الرِّجَالِ وَ بِضْعَةٌ وَ عِشْرُوْنَ" اور بضع کی تقدیم واجب ہے اس لئے عِشْرُوْنَ وَ بِضْعٌ کہنا جائز ہوں۔

البَضِیْعُ: گوشت۔ جزیرہ۔

البِضَاعَة: سرمایہ۔ پونجی۔ ج بِضَائِع

بَضَمَ (ن) بَضْمًا. الزَّرْعَ: موٹے دانہ والا ہونا۔

البَضْم: خوشہ۔ نفس۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ البَضْمِ" وہ کریم النفس ہے۔

بَطَّ (ن) بَطًّا. الْجُرْحَ: زخم کو چیرنا۔ شگاف کرنا۔

بَطْط: عاجز ہونا۔ تھکنا۔

البَطُّ: واحد (البَطَّة) بطخ (نر و مادہ دونوں کے لئے) ج بُطُوط و بِطَاط

البَطَّة: بطخ کے شکل کی شیشی۔

المِبَطُّ (ج) مَبَاطُّ و (المِبَطَّة): نشتر۔ شگاف دینے والا اوزار۔

البَطَاطَا: آلو (جدید)

بَطْبَطَ. البَطُّ: آواز کرنا۔ پانی میں غوطہ لگانا ..... الرَّجُلُ: کمزور رائے والا ہونا۔

بَطُؤَ (ک) بُطْأً و بِطَاءً و بُطُوْئًا و اَبْطَأَ: دیر کرنا۔ صفت (بَطِیْئٌ) مؤنث بَطِیْئَة: ج بِطَاء اَبْطَأُ و بَطْأُ. عَلَيْهِ وَ بِالْاَمْرِ: دیر کرنا۔ مؤخر کرنا۔

بَاطَأَهُ: ٹال مٹول کرنا۔

تَبَطَّأَ وَ تَبَاطَأَ. فِي سَيْرِهِ: پیچھے رہنا۔

اِسْتَبْطَأَهُ: دیر کرنے والا پانا۔ یا سمجھنا۔

اَلْمَبْطَأَة: باعث دیری

بَطَحَهُ (ف) بَطْحًا: بچھانا۔ منہ کے بل گرانا۔

بَطَّحَ. البَيْتَ: سنگریزی بچھا کر ہموار کرنا۔

تَبَطَّحَ وَ اِنْبَطَحَ وَ اِسْتَبْطَحَ. الوَادِي: پھیلنا۔ کشادہ ہونا۔ اِنْبَطَحَ الرَّجُلُ: منہ کے بل گرنا۔

البَاطِح: فا۔ منہ کے بل گرنے والا۔

البَطْحَاء ج بَطَائِح و بِطَاحٌ و بُطَحَاوَات و (الاَبَاطِح ج اَبَاطِح. والبَطِيْحَة) ج بَطَائِح و (البَطْح): کشادہ نالہ جس میں ریت اور چھوٹی کنکریاں ہوں۔

البَطْحَة: قد و قامت۔ مسافت

البَطْحَة: خصلت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ بُطْحَةُ صِدْقٍ"

البُطَاح: ایک بیماری جو بخار سے پیدا ہوتی ہے اور برسام کے مشابہ ہوتی ہے اور اسی سے ہے (البُطَاحِيُّ)

بَطَخَهُ (ف) بَطْخًا: چاٹنا

اَبْطَخ: بہت خربوزے والا ہونا۔

البِطِّيْخ: خربوزہ۔ خربوزہ کی بیل۔ واحد بِطِّيْخَةٌ

اَلْبِطِّيْخُ الاَصْفَرُ: زرداء/گرما۔ ایک لذیذ پھل جو تربوز جتنے حجم کا ہوتا ہے۔

المِبْطَخَة: خربوزوں کی فالیز۔ ج مَبَاطِخ

بَطَرَهُ (ن ض) بَطْرًا: چیرنا۔ شگاف دینا صفت مفعولی (مَبْطُوْر و بَطِيْر)

بَطِرَ (س) بَطَرًا: زیادتی نعمت کی وجہ سے حیران ہونا۔ اترانا..... اَلْحَقَّ: تکبر سے قبول نہ کرنا..... الشَّيْءَ: ناپسند کرنا حالانکہ وہ چیز ناپسندیدگی کے قابل نہ ہو..... النِّعْمَةَ: جہالت یا تکبر سے حقیر سمجھنا اور ناشکری کرنا۔ صفت (بَطِر)

اَبْطَرَهُ: دہشت میں ڈالنا۔ ناشکر گزار بنانا کہتے ہیں "اَبْطَرَهُ ذَرْعُهُ": اس پر اس کی طاقت سے زیادہ لاد دیا۔ ذَرْعُهُ اَبْطَرَهُ کی ضمیر مفعولی ہے بدل اشتمال ہے۔

بِطْرًا: رائیگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ بِطْرًا": اس کا خون رائیگاں گیا۔

بَيْطَرَ. الدَّابَّةَ: جانور کا علاج کرنا۔ نعل بندی کرنا۔ صفت (مُبَيْطِر و بَيْطَر و بيطار) ج بَيَاطِرَه

البَيْطَرَة: سالوتری کا پیشہ۔

اَلْبَطَارِيَةُ: توپوں کا مجموعہ جو کہ دشمن پر گولہ باری کرنے کے لئے نصب کیا جاتا ہے۔

البَطْرِيْر: زبان دراز۔ بہت چیخنے والا۔

مؤنث بطربرة

البَطْرَشِيْل و البَطْرَشِيْن: ایک قسم کا لمبا کپڑا جس کو کاہن ڈیوٹی کے وقت استعمال کرتا ہے۔

البَطْرِيْق: رومیوں کا جرنیل۔ ج بَطَارِق و بطاريق و بَطَارِقَة

اَلْبَطْرِيْقُ: پرندوں کی ایک قسم جو کہ شمالی علاقوں میں رہائش پذیر ہیں جس کے پیٹھ کے پر سیاہ اور سینے کے پر سفید ہوتے ہیں۔

البَطَارِق: لمبا۔

البَطْرَك و البَطْرِيْرَك و البَطْرِيْك: پادریوں کا سردار۔ عیسائیوں کے کسی گروہ کا مذہبی سردار۔ ج بَطَارِكَة و بَطَارِيْك

بَطَشَ (ن ض) بَطْشًا. بِهٖ: سختی سے پکڑنا ..... عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔ ٹوٹ پڑنا۔ صفت (بَاطِش و بَطَّاش و بَطِيْش): کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَبْطِشُ فِي الْعِلْمِ بِبَاعٍ بَسِيْطٍ": یعنی فلاں علم کو بہت جلدی حاصل کر لیتا ہے۔

بَاطَشَهُ: ایک دوسرے کو سختی سے پکڑنا یا حملہ کرنا۔

اَلْاَبْطَش: وہ شخص جس کے نیچے کے سامنے والے دانت گر گئے ہوں۔

البِطَاقَة: خط پرچہ پرزہ۔ بِطَاقَةُ الثَّوْبِ: کاغذ کی وہ چٹ جس میں کپڑے کی قیمت لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ ج بَطَائِق

بَطَلَ (ن) بُطْلًا و بُطُولًا و بُطْلَانًا: فاسد ہونا۔ بیکار رہونا۔ باطل ہونا۔ صفت (بَاطِل) (..... بَطَالَةً) فِي كَلَامِهٖ: تمسخر کرنا۔

..... الفَاعِلُ مِنَ الْعَمَلِ: بیکار رہونا۔ صفت (بَطَّال)

بَطُلَ (ک) بَطَالَةً و بُطُولَةً: دلیر ہونا بہادر ہونا۔ صفت (بَطَل) ج اَبْطَال: مؤنث بَطَلَة ج بَطَلَات

بَطَّلَهُ: باطل کرنا۔ بیکار کرنا۔

اَبْطَلَ: لغو کام کرنا۔ صفت (مُبْطِل) ..... الشَّيْءَ: ضائع کر دینا۔ باطل کرنا..... الرَّجُلُ: تمسخر کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

تَبَطَّلَ : بہادر بننا۔ بیکار رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَبَطَّلُوْا بَيْنَهُمْ" انہوں نے اپنے درمیان لغو اور باطل اُمور کئے۔
البَطَالَة : بیکاری۔ کام سے فراغت۔
البَطَالَة : بہادری۔
البَاطِل : فا۔ ناحق۔ ج اَبَاطِيْل : شیطان۔ جادوگر۔ ج بَطَلَة
البُطْل : باطل۔ جھوٹ اور کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ بُطْلاً" اس کا خون رائیگاں گیا۔
البُطْلَانَات : لغویات۔ فضولیات۔
اَلْاَبَاطَالَة و الاُبْطُوْلَة : باطل۔
البُطْم و البُطُم : بن۔ بن کا پھل۔
بَطَنَ (ف) بُطُوْنًا و بَطْنًا : پوشیدہ ہونا صفت (باطن)
بَطَنَ (ن) بَطْنًا. اَلْوَادِيْ : داخل ہونا.....
هُ وَلَهُ : پیٹ پر مارنا۔ بَطَنَ الْاَمْرَ : کسی معاملہ کی تہ کو پہنچنا۔ (..... بُطُوْنًا و بَطَانَة)
بِفُلَانٍ وَ مِنْهُ : کسی کے خواص میں سے ہونا۔
بَطِنَ (س) بَطَنًا و بُطْن (ک) بَطَانَةً : بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (بَطِنٌ و بَطِيْنٌ و بَطْنَانٌ)
بُطِنَ. بَطَنًا : مبتلائے دردِ شکم ہونا۔ صفت مَبْطُوْن
بَطَنَ و اَبْطَنَ. الثَّوْبَ : استر لگانا۔ اَلدَّابَّةَ : تنگ کسنا۔ اَبْطَنَ الشَّيْءَ : پوشیدہ کرنا۔
بَاطَنَهُ : سرگوشی کرنا۔ دوستی کرنا۔
تَبَاطَنَ. اَلْمَكَانُ : دور ہونا۔
تَبَطَّنَ وَاسْتَبْطَنَ : الشَّيْءَ : اندر داخل ہونا
.....اَلْاَمْرَ : معاملہ کی تہ معلوم کرنا۔
البَطْن : پیٹ۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ بَطْنُ الْاَرْض : زمین کا پست حصہ..... مِنَ الْقَوْمِ : گروہ جو قبیلے سے کم اور عمارۃ سے زائد ہو۔ ج بُطُوْن و اَبْطُن و بُطْنَان : کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَّجَاجَةُ ذَابِلَهَا" یعنی مرغی نے اڑے دیئے۔ "وَصَاحَتْ عَصًا فِيْر بَطْنِهِ" یعنی وہ جھوٹا ہوا۔
البَطْن : پیٹ کی بیماری۔
البَطِن : جریص جس کا نصب اعین صرف پیٹ ہو۔
البَطِنَة : بُزدِلی۔
البِطَانَة : زیادتی خوراک کی وجہ سے بہت زیادہ شکم پُری۔
البِطَان ج اَبْطِنَة و بُطُن : تنگ جس کو جانور کے پیٹ کے نیچے سے باندھتے ہیں۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو گھوڑے پر مکھیوں سے بچانے کے لئے ڈالتے ہیں۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ عَرِيْضُ الْبِطَان" فلاں غنی یا آسودہ حال ہے۔ "اَلنَّفَتُ حَلْقَفَا الْبِطَان" : معاملہ سنگین ہو گیا اور مصیبت سخت ہو گئی۔
بِطَانَةُ الثَّوْبِ : کپڑے کا استر۔ اَلرَّجُلِ : اہل و عیال خاص لوگ۔ بھید۔ ج بَطَائِن : رازدار۔
الْبَاطِن : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ پوشیدہ۔ مِنَ الْاَرْضِ : پست حصہ..... مِنَ الْقَدَمِ : نلوا۔ ج اَبْطِنَة و بُطْنَان
الْبَاطِنَة : بھید۔
البَطِيْن : دور۔ کہا جاتا ہے "شَاوٌ بَطِيْن" مسافت بعید" يَيْسٌ بَطِيْنٌ" بھری ہوئی ٹھیلی۔ البَطِيْن : بڑے پیٹ والا۔
البُطَيْن : چاندی کے منازل میں سے ایک منزل کا نام۔
المُبَطِّن : پتلے پیٹ والا۔
المُبَطَّنَة : ایک قسم کی کشتی۔
البَاطِيَة : بڑا پیالہ۔ شراب کے لئے شیشہ کا برتن۔ ج بَوَاطٍ
بَطَّ (ن بَطًّا. اَلْعُوْدَ : بجانے کے لئے چھیلنا۔ درست کرنا۔
اَبَطَّ. اَلرَّجُلُ : موٹا ہونا۔ صفت (مُبَطِّط)
البَطُّ. فِطٌّ کا تائع ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فَطٌّ بَطٌّ" وہ سخت مزاج ہے۔
بَطِرَ (س بَطَرًا. اَلرَّجُلُ : غیر مخمون ہونا صفت اَبْطَرُ. مؤنث بَطْرَاء. ج بُطْر.
البُطْر : اندھی۔
البُطْر : رائیگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ بُطْرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔
المُبَطِّر : تکبر کرنے والا۔ مؤنث مُبَطِّرَة.
المُبَطِّر : تکبر کرنے والا۔ مؤنث مُبَطِّرَة.
بَغَّ (ن ض) بَغًّا. اَلْمَاءَ : کثرت سے بہانا۔
البَغ : سامان۔ بادل کا پانی جو اچھی نہ برسا ہو۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَى السَّحَابُ بَغَاعَهُ" بادل نے سارا پانی برسا دیا۔ "اَلْقَى بَغَاعَهُ عَلَيْهِ" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔
البَغْبَغَة : جلدی جلدی بولنے جانا۔
البَغَابِغ : فقراء تن کے پاس کچھ بھی مال و جائیداد نہ ہو۔
بَغَمَهُ (ف بَغْمًا و بَغَمًا : تنہا بھیجنا..... بِهٖ : دوسرے کے ساتھ بھیجنا..... هُ : براگیختہ کرنا۔ جوش دلانا۔ کہا جاتا ہے "بَغَمَهُ بِمَنْ نَوْبِهٖ" اس نے اس کو نیند سے بیدار کیا۔
"بَغَمَهُ عَلَى الشَّيْءِ : اس نے اس کو فلاں

marfat.com
Marfat.com

کام کرنے پر اُکسایا..... اَلْمَبْعَث : دوبارہ زندہ کرنا اور اسی سے "یَوْمُ الْبَعْثِ" ہے بمعنی روزِ قیامت۔

بَعِث (س) بَعْثًا : نیند سے بیدار ہونا۔

تَبَعُّث. الشَّیْءُ : کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا ..... الشِّعرُ مِنهُ : شعر کی آمد ہونا۔

تَبَاعَثُوا. عَلَی الشَّیْءِ : ایک دوسرے کو کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

اِنْبَعَث : بھیجا جانا۔ کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا..... فِی السَّیْرِ : جلدی کرنا۔

اِبْتَعَثَهُ : بھیجنا۔

اَلْبَعْث والبَعَث : فوج۔ ہر وہ جماعت جو کہیں بھیجی جائے۔ ج بُعُث و بُعُوث.

اَلْبَعُوث و اَلْبَعِث : جس کو غم بیدار رکھے اور نیند سے اٹھا دے۔

اَلْبَاعُوث ج بَوَاعِیث : عیسائیوں کی عید فصح کے دوسرے دن نماز۔

اَلْبَاعُوث : عیسائیوں کی اصطلاح میں استسقاء کی نماز (کلمہ سریانیہ ہے)

اَلْبَاعِث و اَلْبَاعِثَة : سبب ج بَوَاعِث

اَلْبَعِیث و اَلْمَبْعُوث : بھیجا ہوا۔ اٹھایا ہوا۔

یَوْمُ بُعَاث : ایک جنگ کا نام جو اَوس و خزرج کے درمیان زمانہ جاہلیت میں ہوئی تھی۔

بَعْثَرَةُ بَعْثَرَةً : بکھیرنا..... اَلْمَتَاعَ : اُلٹنا پلٹنا۔

تَبَعْثَرَ : اُلٹا پلٹا جانا۔ کہا جاتا ہے "تَبَعْثَرَتْ نَفْسِی" : یعنی میرا نفس مضطرب ہو گیا اور متلی ہونے لگی۔

بَعَجَ (ف) بَعْجًا. اَلْبَطْنَ : پھاڑنا۔ صفت (بَاعِج) صفت مفعولی (مَبْعُوج و بَعِیج) بَعِیج..... : مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے ج بَعْجی..... اَلْاَرْضَ آبَارًا : بہت کنوئیں کھودنا..... اَلْمَطَرُ اَلْاَرْضَ بَعَجَ لِیهَا : شدتِ وقوع کی وجہ سے پتھروں کو ظاہر کر دینا..... بَطْنَهُ لَهُ : خیر خواہی میں مبالغہ کرنا۔

تَبَعُّج و اِنْبَعَجَ. اَلسَّحَابُ : برس کر کھل جانا

..... اَلسَّیْلُ : سیلاب کا تیزی کے ساتھ بڑھنا..... عَلَیَّ بِالْکَلَام : بہت زیادہ باتیں کرنا۔

اَلْبَاعِجَة : وادی کا کشادہ حصہ۔ ج بَوَاعِج

بَعُدَ (ک) بُعْدًا و بَعَدًا (س) بَعَدًا : دور ہونا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ صفت (بَاعِد) ج بَعَد و (بَعِید) : مفرد و جمع دونوں کے لئے و (بعید) ج بُعَدَاء و بُعُد و بُعْدان

اَبْعَدَ : دور ہونا۔ (اَبْعَدَهُ و بَعَّدَهُ و یاعَدَهُ : دور کرنا۔

تَبَاعَدُوْا : ایک دوسرے سے دور ہونا۔

تَبَعُّدَ : دور ہونا۔

تَبَاعَدَ و اِبْتَعَدَ و اِسْتَبْعَدَ. عَنْهُ : دور ہونا۔

اِسْتَبْعَدَ. الشَّیْءَ : دور پانا یا سمجھنا۔

اَلْبُعْد و اَلْبَعْد و اَلْبُعْدَة : دوری۔ رائے و دور اندیشی۔ بُعْدُ اَلَهُ : بددعا ہے۔ یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے یا خیر سے محروم کرے۔

اَلْبُعَاد : بعید کی مانند صفت ہے۔ دور۔

بَعُدَ : ظرف زماں ہے بمعنی پیچھے اور اس کے لئے اضافت لازم ہے اور اگر اضافت نہ ہو تو اراوہ اضافت کی صورت میں مبنی بر ضمہ ہوتا ہے اور اگر اضافت نیت میں بھی نہ ہو تو منصوب ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "بَعْدُ و بَعْدًا وَ مِنْ بَعْدُ"

اَلْاَبْعَدُ : بہت دور۔ خیانت کرنا والا۔ ج اَبَاعِد.

بُعْدَ نُقْطَتَیْنِ عَلَی کُرَةٍ : دونوں نقطوں کے پاس سے گزرنے بڑے دائرے کے دو قوسوں میں سے چھوٹا۔

رَجُلٌ (مِبْعَدٌ) : بہت دور دور کا سفر کرنے والا۔

بَعِرَ (س) بَعَرًا. اَلْجَمَلُ : نو (۹) سالہ یا چہار (۴) سالہ اُونٹ ہونا۔

بَعَرَ (ف) بَعْرًا : مینگنی کرنا۔

بَعْرَ. اَلْمِعْیَ و اَبْعَرَهُ و تَبَعَّرَهُ : ساری مینگنی نکال دینا۔

اَلْبَعْر و اَلْبَعَر ج اَبْعَار : مینگنی واحد (بَعْرَة) ج بَعَرَات.

اَلْبَعِیر : نو (۹) سالہ یا چہار (۴) سالہ اونٹ یا اونٹنی ج بُعْران و اَبْعِرَه و جج اَبَاعِر و اَبَاعِیر

اَلْمَبْعَر و اَلْمِبْعَر : مینگنی نکلنے کا عضو۔ آنت کی چربی۔

بَعْزَقَهُ بَعْزَقَةً : پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔

بُعْصُص. اَلرَّجُلُ : مچھروں سے تکلیف اُٹھانا۔ صفت (مَبْعُوص)

بَعَّضَهُ : حصے بنانا۔ جزء جزء کرنا۔

تَبَعَّضَ : جزء جزء ہونا۔

اَبْعَضَ. اَلْمَکَانُ : مچھر والی ہونا' بہت مچھروں والی ہونا۔ صفت (بَعِیض و مَبْعُوض)

بَعْضُ. اَلشَّیْءِ : کسی چیز کا ایک جزء اور کبھی ایک فرد کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "بَعْضُ اللَّیَالِی" : یعنی راتوں میں سے ایک رات۔ ج اَبْعَاض

اَلْبَعُوض : مچھر۔ واحد (بَعُوضَة)

بَعَطَ (ف) بَعْطًا. فِی الْجَهْلِ و الشَّوْمِ : مبالغہ کرنا۔ زیادتی کرنا..... اَلْحَیَوَانَ : ذبح کرنا۔

اَبْعَطَ. فُلَانٌ : حد سے بڑھ جانا..... اَلرَّجُلُ : طاقت سے زیادہ کی تکلیف دینا..... فِی الْجَهْلِ : زیادتی کرنا۔

بَعَقَ (ف ن) بُعَاقًا. اَلْمَطَرُ اَلْاَرْضَ : تڑپڑے سے پڑ کر دراڑ ڈال دینا۔

(..... بَعْقًا) اَلْجَمَلَ : اونٹ ذبح کرنا..... اَلْبِئْرَ : کنواں کھودنا۔

بَعَّقَ. اَلزِّقَّ : مشک پھاڑ دینا۔

تَبَعَّقَ و اِنْبَعَقَ و اِبْتَعَقَ. فِی الْکَلَامِ : تیزی کے ساتھ بہت گفتگو کرنا..... اَلسَّحَابُ : زور سے برسنا۔

اَلْبَاعِق : مؤذن۔

اَلْبَعَّاق : زور سے برسنے والا بادل۔ چیخ۔

مَبْعَقُ. اَلْمَفَازَةِ : بیابان میں کشادہ جگہ۔

اَلْبُعْقُوط و اَلْبَعْقُوط : پست قد۔

marfat.com
Marfat.com

الْبُغْطُوْطَة: گیریلا کی گولی۔
بَغِکَ (س) بَغَکًا. الْجِسْمُ: بدن کا خشک اور کھردرا ہونا۔
الْبَاغِکَ: بے وقوف۔
بُغْکُوْکَةٌ. النَّاسِ: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ..... الصَّيْفِ: گرمی..... اَلْبَغْکُوْکَةُ: کسی چیز کا درمیانی حصہ۔
بَعَلَ (ن) بَعَالَةً و بُعُوْلَةً. اَلرَّجُلُ لِلْمَرْاَةِ: شوہر ہونا۔ بَعَلَتِ الْمَرْاَةُ: شوہر والی ہونا۔
بَعِلَ (س) بَعَلاً. بِاَمْرِهٖ: متحیر ہونا۔ صفت (بَعِل) مؤنث بَعِلَة
تَبَعَّلَتِ. الْمَرْاَةُ: شوہر کی اطاعت کرنا۔
بَاعِل. الْقَوْمُ قوماً: آپس میں شادی بیاہ کرنا۔
اِسْتَبْعَلَ. الْمَكَانُ: باران ہونا۔ اَلرَّجُلُ لِلْمَرْاَةِ: شوہر ہونا۔
اَلْبَعْل ج بُعُول و بِعَال و بُعُولة: شوہر۔ بیوی کو بَعْل اور بَعْلة بھی کہتے ہیں۔ اَلْبَعْل: مالک۔ سردار۔ کہتے ہیں "مِنْ بَعْلِ هٰذِهِ النَّاقَةِ" اس اونٹنی کا مالک کون ہے۔ اسی کے لحاظ سے کھانے وغیرہ مت پرست اپنے معبودوں پر لفظ بعل کا استعمال کرتے تھے۔
اَلْبَعْل مِنَ الْاَرْضِ: باراني زمین۔
بَعْلَبَكّ: ملک شام کے ایک شہر کا نام۔
نسبت کے لئے بَعْلَبَكِّي و بعلي۔
اَلْبَعِيْم: ایک بت کا نام۔ لکڑی کی بنی ہوئی مورت۔ موم کی گڑیا۔ رَجُلٌ بَعِيْمٌ: شعر نہ کہہ سکنے والا مرد۔
بَعَايَعَ و يَعُوْ بَعُوْا و بَعِي يَبْعَى بَعْيًا: گناہ کرنا۔ خطا کرنا..... بِالْعَيْنِ: نظر لگانا
..... عَلَيْهِمُ الشَّرُّ: کسی کے ساتھ برائی کرنا
..... الشَّيْءَ: مانگ لینا۔
بَغٌ (ن) بَغًا. الدَّمُ: خون کا جوش میں آنا۔
بَغْبَغَ بَغْبَغَةً. الْبَاطُ: پھولنا اور مٹنا۔
اَلْمُبَغْبِغ: گنگھوئیں گڑبڑ کرنے والا۔ بہت جلد باز۔
بَغَتَ (ف) بَغْتًا و بَاغِتَةً: اچانک آجانا یا جاتا ہے "لُسْتُ آمَنُ مِنْ بَغَاتِ الْعَدُوِّ": میں دشمن کے اچانک آجانے سے مامون نہیں ہوں۔
بَغَثَ (س) بَغْثًا: سبزی مائل سفید ہونا۔ گرد آلود ہونا۔ صفت (بَغْث) مؤنث بَغْثاء.
اَلْاَبْغَثُ: ایک آبی پرندہ۔ ج بُغْث و اَبَاغِث. اَلْاَبْغَث: شیر۔
اَلْبَغْثَة: سبزی مائل سفیدی۔
اَلْبَغْثَاء. مِنَ النَّاسِ: لوگوں کا مخلوط گروہ۔ کہا جاتا ہے۔ "دَخَلْنَا فِي الْبَغْثَاءِ" ہم لوگوں کی جماعت میں داخل ہوگئے۔
اَلْبَغْث: بکسر الباء: سبزی مائل سفید رنگ کا ایک پرندہ۔ جو گدھ سے چھوٹا اور اڑنے میں سست ہوتا ہے۔ ج بَغْثَان۔ عرب کے قول "اِنَّ الْبَغْثَ يَاْرِضُنَا يَسْتَبِرُ" کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمارے پڑوس میں رہتا ہے وہ ہماری وجہ سے معزز بن جاتا ہے۔
اَلْبَغِيْث: کیچوں۔
بَغْثَر. اَلْقَوْمُ: جوش میں آنا۔ آپس میں مخلوط ہونا۔ بَغْثَرَهٗ: جداجدا کرنا۔ متفرق کرنا۔
بَغْثَرَتْ نَفْسُه و تَبَغْثَرَتْ: جی متلانا۔
اَلْبَغْثَر: بے وقوف۔ بڑے ڈیل ڈول کا اُوٹ۔
بَغْدَاد: عراق کے ایک شہر کا نام جس کو مدینة السلام اور زوراء اور دار السلام بھی کہتے ہیں۔
بَغْدَدَ: بغداد کی جانب منسوب ہونا۔ بغداد والوں کی مشابہت اختیار کرنا۔
بَغِر (س) بَغَرًا و بَغَرًا: پانی پینا اور سیراب ہونا۔ صفت (بَغِر و بَغِير) ج بَغَارَى و بُغَارَى بَغْرَث (ن) بُغُوْرًا. اَلسَّمَاءُ: برسنا..... اَلنَّجْمُ: ستارہ کا ڈوبنا۔
بَغُرَتِ. اَلْاَرْضُ: بارش ہونا۔
اَلْبَغْر: پیاس جس میں سیرابی نہ ہو۔ (وَالْبَغْر) سخت بوجھار۔ کہا جاتا ہے"

Marfat.com

صفت (بَاغِمَة و بَغُوم) بَغَمَ الرَّجُلُ صَاحِبَه: مبہم گفتگو کرنا۔
بَاغَمَهُ: نرم آواز سے گفتگو کرنا۔
البُغَام: ہرن کی آواز۔
البُغْمَة: عورتوں کا ہار (کلمہ ترکی ہے) ج بُغَم۔
بَغَا (ن) بَغْوًا. الشَّيْءَ: غور سے دیکھنا..... عَلَيْهِ: تعدی کرنا۔ زیادتی کرنا۔ صفت (بَغُوْ) البَغْوة: کچا پھل..... مِنَ النَّبَاتِ: شگوفہ جو سفید نکلا ہو۔
بَغَى (ض) بُغَاءً و بَغْيًا و بُغًى و بُغْيَةً و بِغْيَةً. الشَّيْءَ: طلب کرنا..... الرَّجُلُ: حق سے ہٹ جانا۔ نافرمانی کرنا..... عَلَيْهِ: دراز دستی کرنا۔ ظلم کرنا۔ صفت (باغٍ) ج بُغَاة و بغيان ..... السَّمَاءُ: سخت برسانا..... الأَمَةُ: زنا کرنا..... الجُرْحُ: سوجنا، خراب ہونا ..... پیپ سے بھرنا۔
اِبْتَغَى و تَبَغَّى. الشَّيْءَ: طلب کرنا۔
اِبْغَاءُ الشَّيْءِ: طالب بنانا۔ طلب کرنے میں مدد دینا۔ کہا جاتا ہے "اَبْغِنِيْ ضَالَّتِي": میری گم شدہ چیز کی تلاش میں مدد کرو۔
بَاغَتِ الأَمَةُ بِغَاءً و مُبَاغَاةً: زنا کرنا۔
تَبَاغَى. القَوْمُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔
اِنْبَغَى: سہل ہونا۔ آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَا يَنْبَغِي لَكَ أَنْ تَفْعَلَ ذٰلِكَ": تمہارے لئے مناسب نہیں کہ ایسا کرو۔ (اس فعل کا ماضی مستعمل نہیں)
اِسْتَبْغَى: الشَّيْءَ: طلب کرنا..... القَوْمَ: طلب کرنے میں مدد چاہنا۔
اَلْبَغْيُ: ظلم۔ جنایت۔ گناہ۔ بہت بارش۔ فساد۔ کہا جاتا ہے "بِرَئَ جُرْحُه عَلٰى بَغْيٍ": یعنی اس کا زخم مندمل تو ہوا لیکن اندر فاسد مادہ باقی رہ گیا ہے۔
البُغْيَة و البِغْيَة و البُغَاء: مرغوب و مطلوب۔ البُغْيَة: حاجت۔
البَغِيُّ: بدکار عورت۔ ج بَغَايَا. بَغَايَا الجَيْش: فوج کے ہراول دستے۔

المَبْغَى و المَبْغَاة: طلب کرنے کی نوعیت یا جگہ۔ کہا جاتا ہے "بَغَيْتُ المَالَ مِنْ مَبْغَاتِه": میں نے مال کو اس کے موقع سے تلاش کیا۔ جیسے کہتے ہیں "بَغَيْتُ الأَمْرَ مِنْ مَظَانِّه": میں نے کام کو اس طرح انجام دیا جیسا دینا چاہئے۔
المُبْتَغِي: شیر۔
فِئَةٌ (بَاغِيَةٌ): امام عادل کی اطاعت سے نکلنے والی جماعت۔
بَقَّ (ن) بَقًّا. المَاءَ مِنْ فِيْه: پانی کو منہ میں سے زور سے پھینکنا..... لَنَا العَطَاءَ: بخشش وسیع کرنا..... مَالَهُ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا..... الجَرَابَ: پھاڑنا (..... بَقًّا و بُقُوقًا) البَثْرُ: اُگنا..... السَّمَاءُ: لگاتار کثرت سے بارش ہونا..... المَرْأَةُ: بہت اولاد والی ہونا..... (..... بَقَاقًا و بَقًّا و اَبَقَّ) عَلَى القَوْمِ: بہت بک بک کرنا۔
بَقْبَقَ. مَالَه: متفرق کرنا۔ (وَابَقَّ) البَيْتُ: بہت کھٹمل ہونا۔ وابَقَّ ولَدُ فُلَانٍ: بہت ہونا۔ اَبَقَّتِ المَرْأَةُ: بہت اولاد والی ہونا ..... السَّمَاءُ: لگاتار بہت بارش ہونا۔
البَقُّ: کھٹمل۔ پسو۔
البَقَاق: گھر کا ردی سامان۔ رَجُلٌ بَقَاقٌ و بَقَاقَة: بہت بولنے والا مرد۔
بَقْبَقَ بَقْبَقَةً. الكُوْزُ فِي المَاءِ: بق بق کی آواز نکلنا..... القِدْرُ: اُبلنا..... الرَّجُلُ: بہت بک بک کرنا۔
البَقْبَاق: بہت بولنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَقْلَاقٌ بَقْبَاقٌ": بہت بکواس کرنے والا۔
البُقْجَة: کپڑے وغیرہ کی گٹھری۔ (جدید)
البَقْدُوْنس: ایک قسم کی نباتات۔
بَقَرَه (ف) بَقْرًا: پھاڑنا۔ کھولنا۔ وسیع کرنا۔
بَقِرَ (س) بَقَرًا: نگاہ کا پتھرا جانا۔
اَبْقَرَ. المَرْأَةُ عَنْ جَنِيْنِهَا: پیٹ چیر کر بچہ نکالنا۔
اِنْبَقَرَ: پھٹنا۔ کھل جانا۔ وسیع ہونا۔
تَبَقَّرَ. الرَّجُلُ: علم یا مال میں زیادتی والا ہونا۔
البَقَر: گائے۔ بیل (اسم جنس) واحد (بَقَرَة) ج بَقَرَات و بَقَر و بُقُر و اَبْقُر و اَبْقَار و اَبَاقِر و اَبَاقِير. بَقَرُ الوَحْشِ اَوِ البَقَر الوَحْشِي: نیل گائے۔ جُوْعُ البَقَر: سخت بھوک۔ عُيُوْنُ البَقَر: ایک قسم کا انگور۔ بَقَرُ المَاءِ: گائے کے مشابہ ایک قسم کی مچھلی۔
البُقَر و البُقَارَى: جھوٹ۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ بِالصُّقَرِ و البُقَرِ اَوِ الصُّقَارَى و البُقَارَى": فلاں شخص جھوٹ اور مصیبت لایا۔ یعنی مصیبت کا سبب بنا۔
البُقَيْرَى: بچوں کا ایک کھیل۔
البَقَّار: گائے والا۔ گائے کا چرواہا۔
البَاقِر و البَاقُوْر و البَقُوْر: گایوں کا ریوڑ۔ یہ اسماء جمع ہیں۔
فِتْنَةٌ (بَاقِرَةٌ): محبت کو ختم کر دینے والا بڑا فتنہ۔
البَقِيْرَة و البَقِيْر: بغیر آستینوں والی عورتوں کی قمیض۔ نَاقَةٌ بَقِيْرَةٌ: اونٹنی جس کا پیٹ چاک کر کے بچہ نکالا گیا ہو۔
البَقْس: ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اور اس سے چمچے بنائے جاتے ہیں۔ واحد (بقسه)
اَلْبَقْسِمَاط: کیک کی ایک قسم (فارسی لفظ)
بَقَطَ (ن) بَقْطًا. مَتَاعَهُ: سفر کے لئے جمع کرنا۔ متفرق کرنا..... فُلَانًا بُسْتَانَه: تہائی یا چوتھائی پیداوار کی شرط پر دینا۔
بَقَطَ. فِي الجَبَلِ: چڑھنا۔
الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔
تَبَقَّطَ. الشَّيْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا..... الخَبَرَ: تھوڑا تھوڑا حاصل کرنا۔
البَقْط: توڑنے کے وقت کی گری ہوئی کھجوریں۔ متفرق جماعت۔

marfat.com
Marfat.com

اَبْقَاط :خیر کا ٹکڑا۔ **اَلْبُقْطَة**:زمین کا ایک حصّہ۔

بَقِعَ (س) **بَقَعًا**، **اَلطَّیْرُ**: مختلف رنگ والا ہونا۔صفت (اَبْقَع) :مؤنث بقعاء ج بُقْع ..... فُلَانٌ بِـالشَّیْ : اکتفا کرنا..... **اَلْاَرْضُ** مِنْهُ : خالی ہونا۔

بَقَعَ (ف) **بَقْعًا و بُقُوْعًا** : جانا۔تم کہتے ہو" مَا اَدْرِی اَیْنَ بَقَعَ"۔میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔

بَـقَّـعَ الـثَّـوْبَ : رنگتے ہوئے سفید داغ چھوڑنا۔

تَبَقَّعَ :داغدار ہونا۔**تَبَـقَّـعَتِ الثِّیَابُ** : کپڑوں پر پانی کے چھینٹے اس طرح ڈالے گئے کہ باقی رہے ہوئے بے رنگ خشک حصّے بھی تر ہو گئے۔

اِنْبَقَعَ :تیز جانا۔

اُنْبُقِیَـعَ. لَوْنُهٗ :خوف یا غم سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔(اُمْبُـقِـع میم سے زیادہ افصح ہے)

اَلْبُقْعَة و اَلْبَقْعَة : زمین کا ٹکڑا۔ج **بِـقَـاع و بُقَع** :کہا جاتا ہے" **فُلَانٌ حَسَنُ الْبُقْعَةِ عِنْدَ الْاَمِیْرِ**" :فلاں امیر کے پاس اچھے رتبہ والا ہے۔ **وَالْبُقْعَةُ** :پانی جمع ہونے کی جگہ۔

اَلْبَقِیْع :وہ جگہ جہاں مختلف قسم کے درختوں کی بڑی بڑی ہوں۔ابنُ بَقِیْع : کتا۔

اَلْبَاقِعَة :الباقع کا مؤنث۔ہوشیار وزیرک مرد جس کو فریب نہ دیا جا سکے۔ج **بَـوَاقِع** کہا جاتا ہے" **مَا فُلَانٌ اِلَّا بَـاقِعَةٌ مِنَ الْبَوَاقِعِ**" یعنی فلاں بڑا چالاک ہے۔

اَلْاَبْقَمُ :سیاہ سفید داغوں والا۔مؤنث بقعاء ج **بُـقْـع** :کوا جس میں سیاہی سفیدی ہو۔ج **بُقْعَان**. **سَنَةٌ بَقْعَاء** : سال جس میں سرسبزی و خشک سالی دونوں ہوں۔

اَلْاِبْتِقَع :کم بارش والا سال۔

بَقَلَ (ن) **بَقْلًا و بُقُوْلًا و اَبْقَلَ** : ظاہر ہونا ..... **نَابُ الْبَعِیْرِ** : نکلنا..... **اَلْمَکَانُ** :سبزی اُگنا۔صفت (بَـاقِـل و بَـقِـل و بَقِیْل) **وَجْهُ الْغُلَامِ** :سبزہ آغاز ہونا۔**بَـقَّلَ لِبَعِیْرِهٖ بَقْلًا** : ساگ پات جمع کرنا۔**وَاَبْـقَـلَ الْقَوْمُ** :سبزی پانا، قوم کے مویشی کا سبزی کو چرنا۔

بَقْل: وجهُ الغُلام :سبزہ آغاز ہونا۔

تَـبَـقَّـلَ و اِبْـتَـقَـلَ :سبزے کی تلاش میں جانا

..... **اَلْمَاشِیَة** :سبزہ چرنا۔

اَلْبَقِّل :سبزی۔ترکاری۔ج **بُقُول و اَبْقَال**.

اَلْبَقْلَة: **اَلْبَقْل** کا واحد۔**بَـقْـلَةُ الْحُمْقَاء و بَـقْـلَةُ الرُّهْـرَاء وَ بَـقْـلَةُ الْیَـبْـنٰـع** خرفہ کا ساگ۔

اَلْبَقْلَة الْبَارِدَة :عشق پیچہ۔

بَقْلَةُ الْاَبْصَار :کرم کلا۔

اَلْبَاقِلَاء و اَلْبَاقِلِّی و اَلْبَاقِلِّی :لوبیا۔اَرْض (بَـقِـلَـة و بَـقِـیْـلَـة و بَقْـلَة وَ مَبْقَلَة) :سبزی والی زمین۔

اَلْبَقَّال :سبزی فروش۔

اَلْمَبْقَلَة :سبزی کی جگہ۔

اَلْبُوْقَال و اَلْبَاقُوْل :لوبیا۔مٹی کی دوات۔ ج **بَوَاقِیل**

اَلْبَقْلَاوِیّ : حلوی کی ایک قسم۔

بَقْم. **اَلثَّوْب** : کپڑے کو قسم سے رنگنا۔

اَلْبَـقَّـم :ایک قسم کی لکڑی جو کپڑے رنگنے میں کام آتی ہے۔

اَلْبُقْم :دھتورا۔

اَلْبُقَامَة: **مَنِ الصُّوْف** :اون جو دھنے میں گر جائے اور کاتنے کے قابل نہ ہو۔گمزور بے عقل مرد۔

بَقَا (ن) **بَقَارَةً و بَقًی** (ض) **بَقَاءً**. **فُلَانًا بِعَیْبِهٖ** : دیکھنا۔نظر انداز کرنا۔

بَقِیَ (س) **بَـقَـاءً و بَقًی** (ض) **بَـقَـیًا** : ہمیشہ رہنا۔ثابت رہنا۔

اَبْـقٰـی. عَـلَـیْـهِ :رحم کرنا۔مہربانی کرنا۔ (.....**وَبَـقّٰـی و بَـقّٰی و اِسْتَبْقٰی**)ہٗ : ثابت کرنا۔باقی رکھنا۔**اِسْـتَـبْـقٰـی مِنْـه** : کچھ باقی رکھنا۔**تَـبَـقّٰی** :باقی رہنا۔

اَلْبَاقِی :اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

اَلْبَاقِیَة: الباقی کا مؤنث۔صحائف **الباقیات و الصّالحات** :نیک اعمال۔

اَلْبَوَاقِی.

اَلْبَـقْـوَی و اَلْبُقْوٰی و اَلْبُقْیٰ و اَلْبَقِیَّة :باقی ماندہ۔ج **بَـقَـایَا**. :کہا جاتا ہے" **فُلَانٌ بَقِیَّةُ قَوْمِهٖ**" فلاں اپنی قوم کے بہتر لوگوں میں سے ہے۔

اَلْمُبَقِّی :بقاء زندگانی۔ج **اَلْمَبَاقِی**

بَـکَّـهُ (ن) **بَـکًّا** :مزاحمت کرنا۔**اَلشَّیْ** : پھاڑنا۔ضخ کرنا..... **اَلدَّابَّة** :چلا کر تھکانا۔

بَکَّ الرَّجُلُ :محتاج ہونا۔

تَبَاکَّ. اَلْقَوْم :ہجوم کرنا..... **اَلشَّیْ** :تو بر تو ہونا۔

اَلْبَاکُّ :فاسق۔بے وقوف۔

بَکَّدَ :بکّہ کر دینا۔

بَکْبَکَ و تَبَکْبَکَ. اَلْقَوْمُ عَلَیْهِ :ہجوم کرنا **جَـمَّـعَ** (**بَـکْـبَـاک**) :بہت بڑی جماعت۔**رَجُـلٌ بَـکْـبَـاکٌ** :سخت مزاج مرد۔

بَکَاکَ (ف) **و بَکُوْکَ** (ک) **بَکْوًا و بَـکَـاءَةً و بُکَاءً و بُکَاءَ**. **اَلنَّاقَةُ** :کم دودھ والی ہونا..... **اَلْبِـرُّ** :کم پانی والا ہونا..... **اَلْعَیْنُ** : کم آنسو والی ہونا۔صفت (**بَکِیّ و بَکِیْـئَـة و بَکِیّ و بَکِیَّة**) ج **بُـکَاء و بُکَاة**. **اَیْدٍ بُکَاء** :کم داد و دہش والے ہاتھ۔

بِـکِیٌّ (س) **بَـکًّـا** :اپنی حاجت سے محروم رہنا۔

اَبْکَاَ. اَلدَّرّ :کم پانا۔

اَلْبَکْء و اَلْبَـکَـا :ایک قسم کی نباتات۔ واحد **بَکْءَاء**

بَـکَـهٗ (ن) **بَـکْـهًا** :تلوار یا لاٹھی سے مارنا۔ جہت میں غالب ہونا۔کہا جاتا ہے" **بَـکَّـهٗ حَتّٰی اَسْکَتَهٗ**" :وہ اس پر حجت میں غالب رہا یہاں تک کہ اس کو خاموش کر دیا۔

بَکْتَهٗ :بمعنی **بَـکَـهٗ** :زجر کرنا۔سرزنش کرنا۔ جھڑکنا اور اسی سے ہے **تَبْکِیْتُ الضَّیْفِ**۔

بُـکَـیْـرُوْنَا: انجانی بار یک جراثیم اس کو نقط دوربین کے ساتھ دیکھا جا سکتا ہے۔(بکٹیریا)

اَلْبَـکْـرُ یُـوْجِـنَا :جراثیم کا علم اس کا طب

marfat.com
Marfat.com

میں بیماریوں کی تحقیق میں بڑا فائدہ ہے۔
بَکَرَ (س) بَکْرًا. اِلَی الشَّیْءِ: جلدی کرنا۔
بَکَرَ (ن) بُکُوْرًا: آگے بڑھنا.....عَلَیْہِ وَاِلَیْہِ: صبح کے وقت آنا.....فِی الشَّیْءِ: صبح سویرے کرنا۔
اَبْکَرَ و بَکَّرَ: آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا..... فُلَانًا: صبح کے وقت آنا۔ بَکَّرَهُ عَلَیْهِمْ: کسی کو صبح سویرے بھیجنا۔ بَکِّرِ الْمُصَلِّی: اوّل وقت میں نماز کے لئے آنا۔
بَاکَرَهُ: صبح کے وقت آنا۔
تَبَکَّرَ: آگے بڑھنا۔
اِبْتَکَرَ: کسی چیز کے ابتدائی حصہ پر قابض ہونا .....فُلَانًا: صبح کے وقت آنا۔
الْبَاکِر: فَاَتَاهُ بَاکِرًا: وہ اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔
الْبِکْرُ: والدین کا پہلا بچہ۔ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے ہے) جوان گائے: کنواری۔ ہر چیز کا اوّل۔ ج اَبْکَار. الْبِکْر: ہر فعل کہ اس جیسا اس سے پہلے نہ ہوا ہو۔ الْعُزْبَةُ الْبِکْر: کنوار کا وار جو قاتل ہو۔ کَرْمٌ بِکْرٌ: پہلا دانہ انگور کا۔ نَارٌ بِکْرٌ: آگ جس میں سے ابھی کچھ لیا نہ گیا ہو۔ خَلٌّ بِکْرٌ: تیز سرکہ۔ اَلدُّرَّةُ الْبِکْرُ: درنا سفتہ۔
الْبَکْر: جوان اونٹ۔ ج اَبْکُ و بُکْرَان و بَکَارٌ و بَکَارَة مؤنث بَکْرَة ج بَکَار.
الْبُکْرَة: صبح۔ تم کہتے ہو "اَتَیْتُهُ بُکْرَةً" میں اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔
الْبَکْرَة والْبُکْرَة: وزنی سامان اُتارنے چڑھانے کی چرخی۔ ج بَکَر و بُکَرَات. کہا جاتا ہے "وَالْبَکَرَاتُ شَرُّهُنَّ الصَّائِمَةُ" چرخیوں میں سے بُری وہ ہے جو گھومے نہیں۔ الْبَکْرَة: جماعت اور اسی سے ہے "جَائُوْا عَلٰی بَکْرَةِ اَبِیْهِمْ" وہ سب کے سب آئے کوئی بھی باقی نہیں رہا۔
الْبَکَارَة: دوشیزگی۔ کنوارا پن۔
الْبَکْرِیَّة و الْبُکُوْرِیَّة. الْبِکْر: کا اسم۔

الْبَاکُوْرَة: پہلا میوہ۔ ہر چیز کا پہلا۔ ج بَوَاکِیْر و بَاکُوْرَات۔
الْبَکِیْر و الْبَاکُوْر و الْبُکُوْر: ہر چیز میں سے پہلے تیار ہونے والا۔ موسم بہار کی ابتداء کی بارش۔
الْبَکِیْرَة: پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ ج بَکَائِر.
الْمُبْکِر: فا: موسم بہار کی پہلی بارش۔
الْمِبْکَار: پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ اَرْضٌ مِبْکَارٌ: جلدی اُگانے والی زمین۔ ج مَبَاکِیْر.
بَکَسَهُ (ن) بَکْسًا: مغلوب کرنا۔
بَکَعَهُ (ف) بَکْعًا: بدن کے مختلف حصوں پر سخت مارنا۔ حجت سے مغلوب کرنا' بدسلوکی سے پیش آنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ بَکَعَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کہاں گیا۔ وبَکَعَ الشَّیْءَ: بخش دینا۔
بَکَّعَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ حجت سے مغلوب کرنا۔ رَجُلٌ (اَبْکَعُ): ہاتھ کٹا مرد۔
بَکَلَ (ن) بَکْلًا و بَکَلَ. الشَّیْءَ: ملانا .....الرَّجُلُ: آٹا' ستو' گھی ملا کر کھانا تیار کرنا۔
تَبَکَّلَ فِی الْکَلَامِ: گڑبڑ گفتگو کرنا.....هُوَ عَلَیْهِ: گالی گلوچ مار پیٹ سے غالب آنا۔
.....الشَّیْءَ: غنیمت سمجھ کر لینا.....الرَّجُلُ: خوش عیشی کی زندگی بسر کرنا.....فِیْ مَشْیَتِهٖ: ناز سے چلنا۔
اِبْتَکَلَ الشَّیْءَ: غنیمت سمجھ کر لینا۔
اَلْبَکَلَة: حال۔ ہیئت۔ شکل وصورت۔ طبیعت۔ ج بَکَل
الْبَکَالَة و الْبَکِیْلَة: ایک قسم کا کھانا جو آٹا' ستو' گھی یا روغن زیتون ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ الْبَکِیْلَة: غنیمت۔
بَکَالُوْرِیَا: ثانوی کی آخری کلاس کی سند۔
اَلْبَکْلِیْک: حکومت کے لئے خاص سامان اور زمین۔ (یونانی)
بَکِمَ (س) بَکَمًا و بَکَامَةً: گونگا ہونا۔

صفت (اَبْکَم) ج بُکْم و (بَکِیْم) ج بُکْمَان.
بَکَّمَ (ک) تَبْکِیْمًا: جان بوجھ کر خاموش ہونا۔
تَبَکَّمَ. الْکَلَامُ عَلَیْهِ: گفتگو کا بند ہو جانا۔
بَکَی (ض) بُکَاءً و بُکًی: رونا۔ صفت (بَاکٍ) ج بُکَاة: مؤنث بَاکِیَة ج بَاکِیَات و بَوَاکٍ.
بَکَّی و بَکَّیَ. الْمَیِّتَ: میت پر رونا۔
بَکْکَی و اَبْکَی و اِسْتَبْکَی. الرَّجُلَ: رُلانا۔
تَبَاکَی: رونے کی صورت بنانا۔ تکلف رونا۔
الْبَکَّاءُ و الْبَکِیُّ: بہت رونے والا۔
الْبُکَاءُ و الْبِکَاءُ: گریہ یا کثرت گریہ۔
الْمَبْکَی: رونے کی جگہ ج مَبَاکٍ.
بَلْ: حرف عطف ہے۔ سابق سے اضراب کے لئے آتا ہے جیسے "مَا ذَهَبَ زَیْدٌ بَلْ عَمْرٌو": میں حکم عمر کے لئے ہے اور زید مسکوت عنہ کے حکم میں ہے۔
بَلَّهُ (ن) بَلًّا و بِلَّةً و بَلَلًا. بِالْمَاءِ: تر کرنا۔ بَلَّ یَدَهٗ: دینا۔
بَلَّ (س) بَلَلًا و بَلَالًا. یَدُهٗ: فتح مند ہونا۔ کامیاب ہونا۔ پالینا' جیسے "اِذَا بَلَّتْ بِقَائِمِهٖ یَدِیْ" یعنی جبکہ اس کے قبضہ پر میرا ہاتھ پہنچے۔
بَلَّ (ض) بَلَلًا و بَلًّا و بُلُوْلًا. مِنْ مَرَضِهٖ: صحت یاب ہونا۔ چنگا ہونا (..... بَلَّا فِی الْاَرْضِ) جانا (..... بُلُوْلًا) الرِّیْحُ: سرد ہوا کا چلنا۔
اَبَلَّ. الشَّجَرُ: پھلدار ہونا.....الْعُوْدُ: لکڑی میں تری کا ہونا۔ مِنْ مَرَضِهٖ: صحت یاب ہونا۔ اَبَلَّهُ فِی الْاَرْضِ: لے جانا۔
بَلَّلَ. الثَّوْبَ: تر کرنا۔
تَبَلَّلَ و اِبْتَلَّ: تر ہونا.....واِسْتَبَلَّ مِنْ مَرَضِهٖ: صحت یاب ہونا۔
الْبِلُّ: صحت وشفا۔ مباح اور اسی سے عباس

marfat.com
Marfat.com

رضی اللہ عنہ کا قول ہے" لَا أُحِلُّهَا لِمُغْتَسِلٍ وَهِيَ لِشَارِبٍ حِلٌّ وَبِلٌ" میں اس کو نہانے والے کے لئے حلال قرار نہیں دیتا اور وہ پینے والے کے لئے حلال و مباح ہے۔

چالاک۔ کہا جاتا ہے" هُوَ بِلُ اَبَالِيلَ" وہ بڑا چالاک ہے۔

البِلَّة : جوانی تر و تازگی۔

البِلَّة : تری۔ رزق۔ خیر۔

البَلَال وَ البِلَال وَ البُلَال : تریٔ پانی۔ دودھ یا پانی کا تعلق جو تلق کو تر کردے۔

البِلَالَة : اتنی مقدار جس سے کوئی چیز تر کی جا سکے۔ تھوڑی سی چیز۔ تری۔

البَلَل : حج

البَلِيْل وَ البَلِيْلَة : نمی کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔

البَلِيْلَة : صحت۔

دُوبَلّی وَ بِلّی وَ بِلّیان : دور کی غیر معلوم جگہ۔ کہا جاتا ہے" هُوَ بِذِي بِلّی" وہ دور کی غیر معلوم جگہ میں ہے۔

الأَبَلّ : بدکار۔ بڑا جھگڑالو۔ سخت بخیل۔

مَوْتٌ بَلّاءُ بَلٌّ اور کہا جاتا ہے" لَا مَسَّ أَبَلَّ لِلْجِسْمِ مِنْ كَذَا" جسم کے لئے اس سے زیادہ کوئی چیز موافق نہیں۔ **صَفَاةٌ بَلّاءُ** : چکنا پتھر۔

البَلّان : حمام میں نہلانے والا۔ **مَوْتٌ بَلّانٌ**۔ **والبَلّان ج بَلّانَات** : حمام۔

البَلَلَة : ہیئت وحال۔ کہا جاتا ہے" **طَوَيْتُ الْسَّقَاءَ عَلَى بَلَلَتِهِ وَ بَلَلَتِهِ**" مشک کو باوجود اس کی تری کے میں نے لپیٹ لیا۔ **وَطَوَيْتُ فُلَانًا عَلَى بَلَلَتِهِ وَ بُلَلَتِهِ وَ بُلْبُلَتِهِ وَ بُلْبُلَتِهِ وَ بُلَالَتِهِ** : باوجود عیب کے میں نے فلاں کو برداشت کیا۔

المِبَلّ : بروزن مِفْعَل : مستقل۔ کہا جاتا ہے" **نَصْرٌ مِبَلٌّ**" یعنی مستقل جھگڑالو۔

البَلّان : وہ کھانے دار پودا جو زمین میں پھیل کر زمین کو ناقابل کاشت بنا دیتا ہے۔

البَالُول : جھوٹا پانی۔

البَلّال و المُبَلِّل : بہت شور کرنے والا مور۔

مُبَلَّل : شیر۔

بَلْبَلَ بَلْبَلَةً وَ بَلْبَالًا. الْقَوْمُ : بھڑکادینا۔ جوش دلانا۔ غم میں مبتلا کردینا۔ **اَلْأَلْسِنَة** : خلوط کرنا۔ **الأَلْسِنَة** : متفرق کرنا۔ بکھیرنا **الأَوْزَاع** : خراب کرنا بگاڑنا۔

تَبَلْبَلَ : بھڑکنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔

البُلْبُل : بلبل۔ ج **بَلَابِل**۔ **بُلْبُلُ الأَبْهَرِ**: لوتے کی ٹوٹنی۔ عوام کے نزدیک بلبل بچوں کا ایک کھیل بھی ہے جس کے لئے فصیح لفظ "دُوَامَة" (لٹو) ہے۔

البُلْبَال : شدت غم۔ بھیڑیا۔

بَلَكَ (ض) **بَلْكًا. الشَّيْءَ** : کاٹنا۔

بَلَكَ (ن) **بَلْكًا وَ بَلَكَ** (س) **بَلَكًا وَ اِبْتَلَكَ** کٹنا۔ **بَلَكَ** (ک) **بَلَاكَةً** فصیح ہونا۔

اَبْلَقَهُ. يَمِينًا : قسم دلانا۔ **اَبْلَقَ الرَّجُلُ** : گفتگو سے رک جانا۔

البَلِيْت وَ البَلِيْت : مختصر کلام کرنے والا۔ فصیح۔ خوش بیان۔ عقلمند۔

المُبْلَت : آراستہ کلام۔

البَلَّاغ : ماہر۔ ہر چیز کو جاننے والا۔

البَلَّاغِي : زبان آور۔ فصیح

البَلِيْت : دوسالہ پرانا چارہ جو سیاہ ہو گیا ہو۔

بَلَحَ (ن) **بُلُوْحًا وَ اَبْلَحَ وَ تَبَلَّحَ وَ اِبْتَلَحَ وَ اِبْلَنْجَحَ** : روشن ہونا۔

بَلِحَ (س) **بَلَحًا. صَدْرُهُ** : منشرح ہونا..... واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت (ابلح)

الحَقُّ : واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت (ابلح) مؤنث **بَلْحَاءُ وَ الأَبْلَحِ** : علیحدہ علیحدہ ابروؤں والا۔

تَبَلَّحَ. إِلَيْهِ : ہنسنا۔ خوش ہونا۔

اِبْلَاحٌ وَ اِبْلَاحٌ اِبْلِيْحَاحًا : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔

البَلْحَة وَ البَلَحَة : سپیدیٔ صبح..... **والبَلَح** : ابروؤں کے درمیان کشادگی۔

البَلْحَة : دبر۔ اور **بَلَحَة** بالحاء اقبح ہے۔

البَلَح وَ البَلَح : کشادہ رو۔

بَلَحَ (ن) **بَلْحًا. الثَّرَى** : خشک ہونا۔

اَلْبَسْر : پانی خشک ہونا۔ صفت (بَلْحٌ)

الرَّجُلُ بِالأَمْرِ : انکار کرنا..... **الغَرِيْمُ** مفلس ہونا..... **الرَّجُلُ بِشَهَادَتِهِ** : چھپانا۔ (..... **بُلُوحًا وَ بَلْحًا وَ تَبْلِيْحًا**) : شکستہ۔ عاجز ہونا۔ کہا جاتا ہے" **بَلَحَ وَ بَلَّحَ** غلبہ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں پایا۔

اَبْلَحَ. النَّخْلُ : پکی کھجوروں والا ہونا۔

بَالِحٌ. القَوْمُ : جق نہ ہوتے ہوئے جھگڑا اور غالب ہو جانا۔

تَبَالَحَا : باہم انکار کرنا۔

البَالِح : زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ ج **بَوَالِح**

اَلْبَسْر : کچی کھجور۔ کھجور کی ابتدائی حالت کو طلع۔ کہتے ہیں۔ پھر اس کے بعد خلال پھر **بَلَح** پھر **بُسْر**، پھر **رُطَب** پھر **تَمْر**۔

البَلَح : ایک پرندہ جو گدھ سے بڑا ہوتا ہے ج **بَلَحَان**۔

بَلِيْحَاء : پھلوں کی پیداوار اور عطر والا پودا جو کہ زیادہ تر مصر میں ہوا جاتا ہے۔

البَلُوح : اذعا کنواں۔ قطع رحمی کرنے والا۔

بَلَحَ (س) **بَلَحًا وَ تَبْلَاحًا** : تکبر کرنا۔ بے وقوف ہونا۔ صفت (**اَبْلَح**) مؤنث **بَلْحَاء**

وَ (بِلَح وَ بَلَح)

البَلْحَاء وَ البَلَحَاء : ایک قسم کا درخت جس کو شاہ بلوط کہتے ہیں۔

البَلْحَش : ایک قسم کا قیمتی جوہر۔

بَلَدَ (ن) **بُلُوْدًا. بِالْمَكَانِ** : اقامت کرنا۔ شہر بنانا۔ صفت (**بَالِد**) ج **بَلَدَة**۔

بَلِدَ (س) **بَلَدًا** : کشادہ ابرو ہونا۔ صفت (**اَبْلَد**)

بَلُدَ (ک) **بَلَادَةً** : سست و کند خاطر ہونا۔ صفت (**بَلِيْد و اَبْلَد**)

بَلُدَ : کمزور رائے والا ہونا۔ کم ہمت ہونا۔

..... **الفَرَسُ** : آگے نہ بڑھنا..... **السَّحَابَةُ** : نہ برسنا۔

..... **الرَّجُلُ** : بخل کرنا..... **فِي اِصْطِلَاحٍ**

marfat.com
Marfat.com

اَلْبَغْضِ :مسلوبہ جگہ کی آب وہوا کا عادی بنانا۔اور اسی سے ہے" حَدِیْقَۃ الْبَلِیْدِ" : وہ باغ جس میں غیر جگہ کے حیوان یا نباتات کو آب وہوا کا عادی بنایا جائے۔

اَبْلَدَ: اَلْقَوْمُ :شہر میں ہمیشہ رہنا۔اَبْلَدَۃُ الْبَلَدَ :شہر میں ہمیشہ رکھنا۔

بَالَدَ :تلوار یا ڈنڈوں سے جنگ کرنا۔

تَبَلَّدَ :سست وکند خاطر ہونا۔کند ذہنی ظاہر کرنا۔افسوس کرنا..... اَلرَّجُلُ :دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا.....اَلصُّبْحُ :روشن ہونا۔

.....اَلْقَوْمُ :غیر آباد شہر میں آباد ہونا۔

اَلْمَبْلُوْد :متحیر۔

اَلْبَلْدَۃ وَالْبَلَد ج بِلَادٌ و بُلْدَان :ہر ایک جگہ آباد یا غیر آباد۔اَلْبَلَد :قبر۔وَالْبَلْدَۃ : سینہ۔کہا جاتا ہے" ھُوَ وَاسِعُ الْبَلْدَۃ" وہ کشادہ سینہ والا ہے۔شہر۔ہتھیلی۔کہا جاتا ہے " ضَرَبَ بِلَدَتَہٗ عَلٰی بَلْدَتِہٖ" یعنی اپنی ہتھیلی کو اپنے سینہ پر مارا۔

اَلْبَلْدَان :بصرہ وکوفہ۔

اَلْبَلُّوْر وَ الْبِلُّوْر :ایک قسم کا شیشہ۔ایک قسم کا سفید وشفاف جوہر۔

تَبَلَّرَ و تَبَلْوَرَ :بلور کے مشابہ ہونا۔

اَلْاِبْلِیْزُ وَ طِیْنُ الْاِبْلِیْز :مصر کی وہ مٹی جو دریائے نیل زمین سے بہا لا کر چھوڑ جاتا ہے۔

اَبْلَسَ :بے خبر ہونا۔شکستہ دل ہونا۔غمگین ہونا.....مِنْ رَحْمَۃِ اللّٰہِ :مایوس ہونا.....فِیْ اَمْرِہٖ:متحیر ہونا۔صفت(بَلِسٌ و مُبْلِسٌ)

..... فُلَانٌ :غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔

اَبْلَسَہٗ :متحیر کر دینا۔

اَلْبَلَسُ :بے خبر آدمی۔

اَلْبَلَاسُ :ٹاٹ۔بالوں سے بنا ہوا فرش ج بُلُس۔

اَلْبَلَاسُ :ٹاٹ بیچنے والا۔

مَاذُقْتُ عَلُوْسًا وَ لَا بَلُوْسًا :یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔

اِبْلِیْس :شیطان کا علم جنس۔ج اَبَالِیْس و اَبَالِسَۃ۔

اَلْبَلَاسْتِیْک: لکڑی یا کاغذ یا لوہے پر اشخاص یا مقامات کو تصاویر بنانا' پلاسٹک جس سے ڈھال کر اوزار اور برتن بنائے جاتے ہیں۔

بُلْسِمَ :مکروہ چہرہ والا ہونا۔مبتلائے برسام ہونا۔

بَلْسَمَ و تَبَلْسَمَ :گھبراہٹ کی وجہ سے خاموش ہونا۔وبَلْسَمَ :مکروہ چہرہ والا بنا دینا۔

اَلْبَلْسَم :گوند کی قسم کا ایک ماوہ ہے۔جس کا زخم پر لیپ لگا دیا جاتا ہے۔

اَلْبَلْسَام :برسام(ایک بیماری کا نام)

اَلْبُلْسُن :مسور۔مسور کے مشابہ ایک قسم کا دانہ۔

اَلْبَلَسَانُ :ایک درخت ہے جس کے پھول چھوٹے سفید رنگ کے ہوتے ہیں اور پتے تلی کے مانند اور اس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔

اَلْبَلْشُوْن :بگلا۔

بَلَّصَ. فُلَانًا مِنْ مَالِہٖ :لے لینا۔

بَالَصَہٗ :کسی پر کود پڑنا۔حملہ کر بیٹھنا۔

تَبَلَّصَ. اَلشَّیْءَ :پوشیدہ طور سے طلب کرنا۔

تَبَلَّصَتِ الْغَنَمُ :کم دودھ والی ہونا۔

اَلْبَلْصُوْص :ایک قسم کا پرندہ۔ج بَلَاصِیْص.

بَلَطَ (ن) بَلْطًا و بَلْطًا و اَبْلَطَ. اَلدَّارَ : پتھروں کا فرش لگانا۔" وبَلَّطَ الرَّجُلُ" : چلنے میں تھکنا۔بَلَّطَ اُذُنَہٗ :گوشمالی کرنا۔کہا جاتا ہے" اِذَا عَفَاصَیْکَ فَبَلِّطْ لَہٗ" :جب تمہارا بچہ بکے تو اس کی گوشمالی کرو۔

اَبْلَطَ. اَلْقَصُّ الرَّجُلَ :سب کچھ چُرا لینا۔

(.....وابْلَطَ) :محتاج وفقیر ہونا۔

بَالَطَ و تَبَالَطَ. اَلْقَوْمُ :تلوار سے لڑنا۔

وَبَالَطَہٗ :چھوڑ کر بھاگ جانا۔بَالَطَ فِیْ اُمُوْرِہٖ :مبالغہ کرنا.....اَلسَّابِحُ :تیراکی میں کوشش کرنا۔

اَلْبَلَاط :ہموار زمین۔پتھر کے چوکے جو فرش لگانے کے کام میں آتے ہیں اور اسی سے بَلَاطُ الْمَلِک ہے بمعنی محل شاہی اور مجازاً بمعنی مجلس شاہی۔

اَلْبُلُطُ :لشکر سے بھاگنے والا۔

اَلْبَلُّوْطُ :ایک بڑا درخت ہے جس کا تنہ موٹا اور لکڑی مضبوط ہوتی ہے اور اس کی چھال سے دباغت دیتے ہیں اور اس کا پھل کھایا جاتا ہے۔بلوط کا پھل۔

بَلُّوْطُ الْاَرْضِ :ایک قسم کی گھاس ہے جس کے پتے کاسنی کے مانند ہوتے ہیں۔

بَلُّوْطُ الْمَلِک :اخروٹ'شاہ بلوط:ایک قسم کا جنگلی درخت جس کی لکڑی سخت اور مضبوط' پھل گول اور پتیوں کے کنارے کٹاؤدار ہوتے ہیں۔

اَلْبَلْطِیّ :ایک قسم کی مچھلی۔

بَلْطَحَ :اپنے آپ کو زمین پر پھینکنا۔

..... اَلشَّیْءَ :چوڑا کرنا۔

اَلْبَطْلَۃ :کلہاڑیوں کی ایک قسم۔

تَبَلْطَحَ :چوڑا ہونا۔

بَلَغَ (ف)بَلْغًا و اِبْتَلَغَ: اَلشَّیْءَ :نگلنا۔

بَلَّغَہٗ و اَبْلَغَہٗ :نگلوانا اور کہا جاتا ہے" بَلَّغَہٗ رِیْقَہٗ" :اس نے اس کو تھوک نگلنے کی مدت کی مہلت دی۔(بَلْغ و تَبْلِیْغ)

اَلشَّیْبُ فِیْ رَاْسِہٖ :بڑھاپا ظاہر ہونا۔

وَتَبَلَّغَہٗ :گھونٹ لینا۔

اَلْبُلْغَۃ :چکی کا سوراخ۔ج بُلَغ.

اَلْبَلْغَۃ :بہت کھانے والا مرد۔

اَلْبَلُوْع :بہت نگلنے والا۔

اَلْمَبْلَغ :حلق۔

اَلْمِبْلَغ :بہت کھانے والا۔

اَلْبَالُوْعَۃ و اَلْبَلَّاعَۃ و اَلْبَلُّوعَۃ ج بَوَالِیْع و بَلَالِیْع :موری۔بدرو۔

بَلْعَمَ : اَللُّقْمَۃَ :نگلنا۔

اَلْبُلْعُم. اَلْبَلْعُوم. حلق۔ج بَلَاعِم.

اَلْبَلْعَم :بہت کھانے والا۔تیز نگلنے والا۔

بَلَغَہٗ (ن) بُلُوْغًا :پہنچنا.....اَلثَّمَرُ : پکنا

marfat.com
Marfat.com

اَلْبَلْغُ: عبارت میں ادا کرنے والا۔

اَلْبَلِیْغ: ہر وہ چیز جس کو انتہا درجہ تک پہنچا دیا گیا ہو۔

اَلْمِبْلَغ: روپے پیسے کی مقدار۔ کسی چیز کی حد وانتہا۔ ج مَبَالِغ

اَلْبَلْبَلَۃ و اَلْبَلْبَلۃ: چھوٹی رسّی جس کو بڑی رسّی میں باندھیں تا کہ پانی تک پہنچ جائے۔

اَلْبَلْغَمُ: قدماء اطباء کی اصطلاح میں اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط کا نام۔

بَلَقَ (ن) بَلْقًا: جلدی کرنا (..... و اَبْلَقَ)

اَلْبَابُ: چوپٹ کھول دینا یا جلدی سے بند کر دینا۔ **بَلَقَ الْجَارِیَۃَ**: بکارت زائل کرنا۔

بَلَقَ (س) وَبَلَقَ (ک) بَلَقًا وَ اَبْلَقَ و اِبْلَقَّ و اِبْلَاقًا و اِبْلَوْلَقَ: سیاہ اور سفید داغوں والا ہونا۔ صفت (اَبْلَقُ) مؤنث بَلْقَاء ج بُلْقٌ۔

بَلِقَ (س) بَلَقًا: متحیر ہونا۔ ششدر رہ جانا۔

اِبْلَقَ: **اَلْبَابُ**: بالکل کھلنا۔

اِبْلَقَ: چکنا۔

اَلْبَلَقُ: سنگ مرمر۔ بڑا خیمہ۔ بالوں کا خیمہ (..... **وَالْبَلْقَۃ**): سیاہی وسفیدی۔

اَلْاَبْلَقُ الْفَرْدُ: سموال بن عادیا کا قلعہ جو سفید سیاہ پتھروں سے بنا ہوا تھا۔ کہا جاتا ہے **"طلب الابلق العقوق"** یعنی اُس نے غیر ممکن چیز کو طلب کیا۔ اس لئے کہ ابلق نر کو اور عقوق حاملہ کو کہتے ہیں۔

اَلْبَلْوَقُ و اَلْبُلُوْقَۃ: جنگل۔ زمین کا وہ حصہ جہاں کچھ نہ اُگے۔ ج بَلَاوِیْق۔

اَلْبَالُوْقَۃ: موری۔ بدرو (بالوعہ میں ایک لغت ہے)

اَلْمُبَلَّق: سیاہ سفید داغوں والا۔

بَلْقَعَ: اَلْمَکَانُ: خالی ہونا۔ صفت (بَلْقَعٌ) کہا جاتا ہے "دَارٌ بَلْقَعٌ" خالی مکان۔

اَلْبَلْقَع و اَلْبَلْقَعَۃ: خالی زمین۔ ج بَلَاقِع

(اَلْبَلْقَع و اَلْمَرَاۃ اَلْبَلْقَعَۃ): ہر خیر سے خالی عورت۔

اَلْبَلْقَعِیّ: صاف کہا جاتا ہے "سَهْمٌ بَلْقَعِیٌّ" یعنی صاف چکنا تیر۔

اَبُوْبَکْرِ بَلْقَعِیّ: یعنی صاف چکنا یا تیز۔

بَلْمَ: اَلرَّجُلُ: برائی بیان کرنا۔

اُبْلِمَتْ: **فَفَغَرَ**: سوجے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔ صفت (اَبْلَمُ) **اَلْبَلَمَۃ**: ہونٹ کی سوجن۔

اَلْبَلَم: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

اَلْبَلْمَاء: پورے چاند کی رات۔

بَلِیَ (س) بَلَاھَۃً و بَلَاھَۃً: ضعیف العقل ہونا۔ کمزور رائے والا ہونا۔ صفت (اَبْلَہ) مؤنث بَلْہَاء ج بُلْہ۔

اَبْلَہَ: اَلرَّجُلَ: بے وقوف پانا۔

تَبَلَّہَ: بے وقوف ہونا۔ حجت میں عاجز ہونا۔

..... **اَلطَّرِیْق**: بغیر رہنمائی اور پوچھ پاچھ کے چلنا۔ گم شدہ چیز کو ڈھونڈنا۔

بَالَھَہٗ: فریب دینا۔

تَبَالَہَ: تکلف بے وقوف بننا

بَلَّہ: بھروسے (اسم فعل ہے)

بُلْھَیْنَۃ: **اَلْعَیْش**: زندگی کی فراخی و آسودگی۔

بَلْھَسَ: تیز چلنا۔

بَلْھَصَ: خوف سے بھاگنا۔

بَلَا (ن) بَلْوًا و بَلَاءً: **اَلرَّجُلَ**: آزمانا، تجربہ کرنا۔ امتحان لینا۔

بَلِیَ (س) بَلًی و بَلَاءً: **اَلثَّوْبُ**: بوسیدہ ہونا۔ صفت (بَالٍ و بَلِیٌّ)

بَلَّی تَبْلِیَۃً وَاَبْلَی اِبْلَاءً: **اَلثَّوْبَ**: بوسیدہ کرنا۔

بَالَی مُبَالَاۃً و بِبَلَاءٍ وَبَالَۃً وَبَالًا: **اَلْاَمْرَ**: بِالْاَمْرِ: پروا کرنا۔

بَالَاہُ: مقابلہ پر فخر کرنا۔ ایک دوسرے کو گھمانا۔

اَبْلِی: **فُلَانًا عُذْرَہٗ**: کسی کے سامنے عذر پیش کرنا اور اس کا قبول کرنا۔ ملامت زائل کرنے کے لئے عذر بیان کرنا۔ ..... **فِی الْحَرْبِ بَلَاءً حَسَنًا**: میدانِ جنگ میں شجاعت ظاہر کرنا۔

اَلْبَلْغُ: بالغ ہونا۔ صفت (بَالِغٌ) مؤنث (بَالِغَۃٌ و بَالِغ) ..... **اَلْعِلَّۃ**: تیز ہونا اور انتہا کو پہنچا ہوا کہا جاتا ہے **"بَلَغَ مِنِّی کَلَامُکَ"** تمہاری گفتگو سے میں بہت متاثر ہوا۔

بُلِغَ: اَلرَّجُلُ: جُلاب سے مشقت ہونا۔

بَلُغَ (ک) بَلَاغَۃً: بلیغ ہونا۔ صفت (بَلِیْغ) **بُلَغَاء**۔

بَلَّغَہٗ و اَبْلَغَہٗ اِلَیْہِ: پہنچانا۔ **بَلَّغَ عَنْہُ الرِّسَالَۃَ اِلَی الْقَوْمِ**: پیغام رسانی کرنا۔ **بَلَّغَ الْفَارِسُ**: تیز دوڑنے کے لئے گام کو بڑھانا۔

بَالَغَ: فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔

تَبَلَّغَ: **بِالشَّیْءِ**: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔

..... **بِہِ الْعِلَّۃُ**: تیز ہونا۔

تَبَالَغَ: فِیْہِ الْمَرَضُ: سخت ہونا اور انتہا کو پہنچنا۔ ..... **اَلرَّجُلُ فِی الْکَلَامِ**: تکلف بلاغت سے کام لینا۔ ..... **اَلدِّبَاغُ فِی الْجِلْدِ**: دباغت کا کھال میں اچھی طرح سے ہونا۔

اَلْبَلْغ و اَلْبَلَغ: بلیغ۔ خوش بیان۔ انتہا کو پہنچنے والا۔ کہا جاتا ہے **"ھُوَ اَحْمَقُ بِلَغ"**: وہ انتہائی بے وقوف ہے۔ ایسا ہی **"ھِیَ حَمْقَاءُ بُلْغَۃ"** اور کہا جاتا ہے **"اَمْرُ اللّٰہِ بَلْغٌ"**: اللہ تعالیٰ کا حکم نافذ ہے۔ وَجَیْشٌ بَلْغٌ" ہر جگہ کو پہنچنے والا لشکر۔

رَجُلٌ (بَلْغٌ بِلَغٌ): خبیث مرد۔

اَلْبَلَغَۃ: انتہائی بے وقوفی۔

اَلْبَلَاغَۃ و اَلْبَلَاغ و اَلْبَلْغ: گزارہ کی مقدار۔

اَلْبَلَاغ: پیغام ..... کسی چیز تک پہنچنا۔ کفایت۔ کتاب جس میں کسی مسئلہ کا حکم بیان کیا جائے۔ ج بَلَاغات۔ **اَلْبَلَاغات**: چٹخل خوریاں۔

اَلْبَالِغ: سن بلوغ کو پہنچنے والا۔ کہا جاتا ہے **"غُلَامٌ بَالِغٌ و جَارِیَۃ بَالِغ و بَالِغَۃ. وَاَمْرٌ بَالِغٌ"**: نافذ حکم۔

اَلْبَالَغَاء: جاؤر کے پائے۔

اَلْبَلَاغِی و اَلْبَلَاغِیّ: مائی الضمیر کو فصیح و بلیغ

marfat.com
Marfat.com

..... ہُ یَمِیْنًا : قابلِ اطمینان قسم کھانا۔
تَبَالَاہُ: آزمائش کرنا۔
اِبْتَلٰی: قسم کھلانا ..... ہُ : آزمائش کرنا۔
..... الشَّیْءَ : پہچاننا۔
اِسْتُبْلِیَ. ہُ : آزمائش کرنا۔
اِبْلَوْلٰی. العُشْبُ : دراز ہونا۔
اَلْبَلْوٰی وَالْبَلْوَۃُ وَالْبِلْیَۃُ وَ الْبَلِیَّۃ : مصیبت۔ آزمائش۔ ج بَلَایَا.
اَلْبَلَاءُ : غم جو جسم کو گھلا دے۔ آزمائش خواہ خیر سے ہو یا شر سے۔
اَلْبِلْوُ وَ الْبِلْیُ : پرانا' بوسیدہ۔ کہا جاتا ہے" ھُوَ بِلْوُ اَسْفَارٍ وَبِلْیُھَا" : وہ سفر اور تجربہ میں پرانا ہوا ہے۔ یعنی بڑا تجربہ کار ہے۔" وَ بِلْوُ شَرٍّ وَبِلْیُہٗ" : وہ شر میں مبتلا ہے اور اس پر غالب ہے۔ ج اَبْلَاء.
اَلْبَلِیَّۃُ : وہ اُونٹنی جس کو اس کے مالک کی قبر پر زمانۂ جاہلیت میں باندھ دیا کرتے تھے اور چارہ پانی کچھ نہیں دیتے تھے یہاں تک کہ وہ مرجاتی تھی۔
اَلْمُبَلِّیَات : میت کے تابوت کے اردگرد نوحہ کرنے والی عورتیں۔
بَلٰی : حرفِ تصدیق ہے۔ بمعنی ہاں۔ اکثر استفہام کے جواب میں واقع ہوتا ہے اور ایجاب کے لئے مختص ہے خواہ اس سے پہلے ثبت ہو یا منفی۔ جیسے" اَقَامَ زَیْدٌ" : کیا زید کھڑا ہوا۔ اس کے جواب میں" بَلٰی" کا مطلب ہے کہ ہاں کھڑا ہوا۔" اَمَا قَامَ زَیْدٌ" : کیا زید نہیں کھڑا ہوا۔ اُس کے جواب میں" بَلٰی" : کا مطلب یہ ہے کہ ہاں کھڑا ہوا۔
اَلْبَمُّ. مِنَ الْعُوْدِ : بربط کا موٹا تار۔ بربط کی موٹی آواز۔ ج بُمُوْم (جدید)
بَنَّ (ض) بَنًّا وَ اَبَنَّ. بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا۔ اَبَنَّتِ السَّحَابَۃُ : کئی روز تک برسنا۔
بَنَّنَ. الشَّاۃَ : بکری کو موٹا کرنے کے لئے باندھنا۔ تَبَنَّنَ : جلدی نہ کرنا۔
اَلْبَنَانُ : پورے۔ انگلیوں کے اطراف انگلیاں۔

اَلْبَنَانَۃ. اَلْبَنَان کا واحد۔ انگلی۔ اوپر کا پورا۔ ج بَنَانَات.
اَلْبُنَانَۃ: سرسبز باغ۔
اَلْبُنّ : ایک درخت کا دانہ ہے جس سے قہوہ بنایا جاتا ہے۔
مَکَانٌ (بِنٌّ) : بدبودار جگہ۔ اَلْبِنُّ : چربی۔ فربہی۔
اَلْبَنَّۃ : خواہ اچھی ہو یا بری۔
اَلْبَنِیْن : موٹا۔ دوراندیش' عاقل۔
بَنَّتَ. عَنْہُ : خبر دریافت کرنا ..... ہُ بِکَذَا : خاموش کر دینا۔
اَلْبَلَانِجِیَات: چغل خوریاں۔
اَلْفَرَسُ الْاَبْلَقُ: چتکبرا گھوڑا۔
اَلْبَتُوغْرَاف: فوٹوگراف مشین۔
بَنَجَ (ن) بَنْجًا : اصل کی طرف لوٹنا۔
بَنَّجَہٗ : بھنگ پلا کر سلا دینا۔
اَلْبَنْج : بھنگ۔
اَلْبِنْج : اصل۔ جڑ۔
اَلْبَنْجِکْشْت : لونگ۔ (جدید)
اَلْبَنْجَرَۃ : توپ کا دہانہ۔ ج بَنَاجِر (جدید)
اَلْبَنْد : بڑا جھنڈا۔ جھیل۔ کتاب کی فصل یا فقرہ۔ قید۔ حیلہ۔ ج بُنُود کہا جاتا ہے" فُلَانٌ کَثِیْرُ الْبُنُوْد" فلاں بہت حیلوں والا ہے۔ (جدید)
اَلْبَنْدَر : بندرگاہ۔ سمندر کے کنارے کا شہر۔ شہر میں تاجروں کے قیام کی جگہ ج بَنَادِر (جدید) (اَلشَّاہ بَنْدَر) سوداگروں کا رئیس۔
بَنْدَقَ. اِلَیْہِ : تیز نظر ڈالنا۔
اَلْبُنْدُق : بندوق کی گولی۔ ایک درخت کا نام۔ واحد بُنْدُقَۃ : بندوق درخت کا پھل۔
اَلْبُنْدُقِیَّۃ: بارود۔
اَلْبَنْدِیْرَۃ: بڑا ڈھول۔
اَلْبُنْدِیْرَۃ: جھنڈا۔
اَلْبَنْزِین : تیل کی ایک قسم جو تیز جلتا ہے جلدی دھواں دیتا ہے پٹرول سے نکلا جاتا ہے گاڑیوں میں بطور ایندھن اور دھوبی حضرات کپڑوں کی صفائی میں استعمال کرتے ہیں۔
اَلْبُنْدُقِیَّۃ : بارود۔ اٹلی کے ایک شہر کا نام۔
بَنَسَ (س) بَنْسًا وَ اَبْنَسَ : برائی سے گریز کرنا۔
بَنَّسَ : عَنْہُ: پیچھے ہٹنا۔
اَلْبِنْصِر : چھنگلیا اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی انگلی۔ ج بَنَاصِر (مؤنث) خِنْصِرٌ.
اَلْبَنْفَسَج : بنفشہ (اَلْبَنَفْش)
بُنْطَلُوْن : پتلون جو کہ شلوار کی طرح انگریز لوگ پہنتے ہیں۔
بَنَقَ (ن) بَنْقًا وَبَنَقَ و بَنَّقَ. اِلَیْہِ : پہنچنا۔
بَنَّقَ الْکَلَام : جمع کرنا۔ درست کرنا۔
..... الْکَذِبَ : گھڑنا ..... بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا ..... الشَّیْءَ : کسی چیز کا قلادہ ڈالنا ..... ظَھْرَہٗ بِالسَّوْطِ : زخمی کرنا ..... اَلْقَمِیْصَ : گریبان لگانا۔
اَلْبَنِیْقَۃُ و اَلْبَنِقَۃُ : گریبان۔
طَرِیْقٌ (مُبَنَّق) : کشادہ راستہ۔
اَلْبُنَقُوْس : خربوزہ کا شگوفہ۔ ج ذ بَنَاقِیْس۔
بَنَّکَتِ الْجَارِیَتَان : قبیلہ سے باہر ہو کر دونوں کا ایک دوسرے کو اپنے اپنے قبیلہ کی خبر بتانا۔
تَبَنَّکَ. بِالْمَکَانِ وَ فِیْہِ : اقامت کرنا۔
..... فِیْ عِزِّہٖ : جاگزیں ہونا۔
اَلْبَنْک : جڑ۔ رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی بَنْکٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا حصہ گزر گیا۔
اَلْبَنْک : بینک۔ ج بُنُوک (اس کی عربی مصرف ہے)
بَنْکِرْیَاس یَا لَوْزَۃُ الْمِعْدَۃ : معدہ کے پیچھے ایک غدہ جو کہ غذا کو جوس بنا کر زندگی کا سامان مہیا کرتا ہے۔
اَلْبَنَامُ : پورا (بنان کے نون کو میم سے بدل لیا گیا ہے۔)
بَنٰی (ض) بَنْیًا و بِنَاءً و بُنْیَانًا و بِنْیَۃً و بِنَایَۃً. اَلْبَیْتَ : تعمیر کرنا ..... اَلْاَرْضَ : آباد

marfat.com
Marfat.com

کرنا۔ مکانات بنانا..... عَلٰی اَھْلِہٖ و بِھَا : پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا.....
الرَّجُلُ : بہتر سلوک کرنا..... الطَّعَامُ بَدَنَہٗ : موٹا کرنا..... اَلْکَلِمَۃَ : بنی بنانا..... عَلٰی کَلَامِہٖ : کسی کے کلام کی نقل کرنا۔
بَنَاۃٌ تَبِیَّۃٌ : بناناً۔ تشدید کثرت کے لئے ہے۔
اَبْنَاءٌ : عمارت بخشنا۔ یا سامان تعمیر دینا۔ مکان بنوانا۔
بَنَاءٌ : تعمیر میں مقابلہ کرنا۔
تَبَنَّی : بنانا بنانا..... الرَّجُلُ : بنے ہوئے گھر کی مانند ہونا۔ اسی سے ہے " اِذَا جَلَسَتْ تَبَنَّتْ" یعنی جب بیٹھتی ہے تو گھر کے مانند معلوم ہوتی ہے۔
اِبْنَی ۔ بِنَایًا : بنانا..... الرَّجُلُ : میڑوں والا ہونا..... الرَّجُلَ : احسان وسلوک کرنا۔
..... عَلٰی اَھْلِہٖ وَبِھَا : پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا۔
اِسْتَبْنٰی الْمَنْزِلَ : گراکر بنانا..... الرَّجُلُ : دلہن لانا۔
اَلْبِنَاء : عمارت۔ ج اَبْنِیَۃٌ و جمع اَبْنِیَات۔ اور کہا جاتا ہے " بِنَاءٌ عَلَیْہِ" : نصب کے ساتھ اس وجہ سے کہ مفعول لہ ہے۔
اَلْبِنَایَۃ : مص۔ شرف۔
اَلْبُنْیَۃ و اَلْبِنْیَۃ : عمارت۔ ج بُنًی و بِنًی و اَلْبِنْیَۃ : خوبصورتی۔ فطرت۔ کہا جاتا ہے " فُلَانٌ صَحِیْحُ الْبِنْیَۃِ" فلاں صحیح الفطرت ہے۔ بِنْیَۃ اَلْکَلِمَۃ : صیغہ اور مادہ۔
اَلْبُنْیَان : مص۔ عمارت۔ کہا جاتا ہے " کَاَنَّھُمْ بُنْیَانٌ مَرْصُوْص" گویا وہ لوگ مضبوط عمارت کی مانند ہیں۔
اَلْبَانِی : فا۔ ج بُنَاۃ مؤنث بَانِیَۃٌ ج بَوَانٍ۔
اَلْبَوَانِی : سینہ کی پسلیاں۔ اونٹنی کی ناکلیں اور اسی سے ہے " بَنَی الْبَیْتَ عَلٰی بَوَانِیْہِ"۔ اس نے گھر کو اس کی بنیاد پر بنایا۔
اَلْبُنَّا : مجہول یَبْنَاوُوْن
اَلْاِبْن : بِنَاء۔ ج بَنون و اَبْنَاء۔ تصغیر بُنَیٌّ اور نسبت کے لئے ابْنِیٌّ اور بنویٌّ (اصل میں لغۃ" میں نے اس کو نہیں سمجھا۔
بَھَا (ف) بَھْاً وَاَبْھَاً۔ اَلْبَیْتُ : سامان سے خالی کرنا۔
اِبْتَھَا بِہٖ : مانوس ہونا۔
بَھِتَ (س) وبَھُتَ (ک) وبُھِتَ بَھْتًا و بَھَتًا : ہکا بکا رہنا۔ متحیر ہوکر خاموش ہونا (مجہول الفعل اور مشہور ہے۔)
بَھَتَہٗ (ف) بَھْتًا : اچانک پکڑنا (.....ہ
بَھْتًا و بُھْتَانًا : تہمت لگانا۔ صفت (بَھَات) و (بَھُوت) ج بُھُت۔
بَھْتَۃٌ و بَاھِتَۃٌ : جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینا۔ بَاھَتَ الرَّجُلَ : بہتان لگانا۔
اَلْبَھِیْتَۃ : حیرانی (..... والْبُھْت و البُھْتَان) : جھوٹ، تہمت۔
اَلْبَھُوْت : جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینے والا۔ ج بُھُوْت۔
اَلْبُھْت و اَلْبُھْتَان : جھوٹ۔
اَلْبُھْر : پست قد۔ ج بُھُوْر۔
اَلْبَھْرَۃ : جھوٹ۔
اَلْبَھْنَۃ : جنگلی گائے۔
بَھَتَ (ف) بَھْنًا. اِلَیْہِ : کشادہ روئی سے پیش آنا۔
بَھْجَۃً (ف) وبَھَجَۃً و اَبْھَجَہٗ : خوش کرنا۔
بَھِجَ (س) بَھْجًا. بِہٖ : خوش ہونا۔ صفت (بَھِج و بَھِیْج)
بَھُجَ (ک) بَھَاجَۃً و بَھَاجَۃً : خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (بَھُـــج) وصفت مؤنث (بَھَاج)
بَھَّجَہٗ : خوبصورت بنانا۔
بَاھَجَہٗ : خوبصورتی میں مقابلہ کرنا اور فخر کرنا۔
اِبْھَجَّ و تَبَاھَجَ. اَلْمَکَانُ : سرسبز ہونا۔
اِبْتَھَجَ و تَبَھْجَ و تَبَاھَجَ و اِسْتَبْھَجَ بِہٖ : خوش ہونا۔ تَبَھْجَ : خوبصورت ہونا۔
اَلْبَھْجَۃ : خوبصورتی۔ تروتازگی۔ خوشی یا طبع پر خوشی۔
اَلْبَھِج : خوش۔

لحاظ سے اور ہمزہ وصل کو ساقط کر کے)
مؤنث ابنۃ. اِبْنُ السَّبِیْل : مسافر۔ اِبْنُ جَلَا : مشہور آدمی۔ اِبْنُ لَیْلَھَا : بڑے کام والا۔ اِبْنُ ذَکَاء : جمع اَبْنَاءُ الطَّرُوْد : آواز بازگشت۔ "ھُوَ اِبْنُ یَوْمِہٖ" وہ ایسا شخص ہے جو کل آئندہ کی فکر نہیں کرتا۔ "ھُوَ اِبْنُ بَطْنِہٖ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہمیشہ اپنے پیٹ ہی کی فکر رہتی ہے۔
اَلْاِبْنِم : بیٹا۔ میم زائد ہے اور اعراب میں نون میم کے تابع رہتا ہے۔
اَلْبِنْت : جمع بَنَاتٍ. بُنَیَّۃٌ اور نسبت کے لئے بِنْتِی و بِنْوِیٌّ. بِنْتُ الشَّفَۃ : بکر..... اَلْاَرْض : لکڑی..... اَلْیَمَن : قبود..... اَلْعَیْن : آنسو..... اَلْعُنْقُود اَوِ الْکَرْم : شراب۔ بَنَاتُ الْمَدَر : وَبَنَاتُ طَبَق : حشرات۔ بَنَاتُ اللَّیْل و بَنَاتُ الصَّدْر : افکار۔ بَنَاتُ اَحْدَر : جنگلی گدھے۔ بَنَاتُ الْبِطَالِ : عورتیں۔ بَنَاتُ الْاَرْض : چھوٹی چھوٹی ندیاں۔
بَنَاتُ نَعْشِ الْکُبْرٰی : سات ستارے جو قطب شمالی کی جانب دکھائی دیتے ہیں اور اسی کے مانند بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرٰی ہیں۔
بَنَاتُ الْقَصِیل : کیلے پتوں والے ایک پودے کا نام۔ بِنْت وِرْدَان : کبریا۔
اَلْبِنْیَۃ : عمارت۔ خانہ کعبہ۔ (اَلْبِنْیَۃُ الْعَنْصَرَاء) آسمان۔
بُنَیَّات الطَّرِیْق : چھوٹے چھوٹے راستے جو بڑے راستے سے نکلے ہوں اور اسی سے ہے " دَعْ بُنَیَّاتِ الطَّرِیْق" یعنی اپنے اوپر بڑے بڑے امور کو لازم سمجھو اور کمر فریب کو چھوڑ دو۔
اَلْمَبَانِی : شرفتیں۔ حُرُوْف اَلْمَبَانِی : حروف تہجی۔
اَلْبُوْقَۃ : فرزندی۔
بَھَا (ف) وبَھِیَ (س) وبَھُوَ (ک) بَھًا و بَھَاءً و بُھُوًّا. بِہٖ : مانوس ہونا..... لَہٗ : سمجھ کر کہا جانا۔ "مَا بَھَاکَ لَہٗ وَمَا بَاھَکَ" تجھ کو کیا ہوا کہ اس کو سمجھ کر کہا جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

البَوَاهِد: بلائیں۔ سختیاں۔
البَهْدَلُ: بجو کا بچہ۔ البَهْدَلَة: پستان کی جڑ۔
بَهَرَه (ف) بَهْرًا: غالب ہونا۔ فضیلت میں بڑھ جانا..... فُلَانًا: بہتان لگانا..... الحمل فُلَانًا: بوجھ کی وجہ سے ہانپنے لگنا۔
..... الرَّجُلُ: ہمسروں سے فائق ہونا (..... القَمَرُ) ستاروں کی روشنی پر غالب ہونا (..... بَهْرًا و بُهُوْرًا) الشَّمْسُ روشن ہونا۔
بُهِرَ و اِنْبَهَرَ: سخت دوڑنے سے ہانپنا۔ صفت (بَهِر و مَبْهُوْر) وانْبَهَرَ: پوری کوشش کرنا۔
بَاهَرَهُ مُبَاهَرَةً و بِهَارًا: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
اَبْهَرَ: عجیب کام کرنا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔ دوپہر کی گرمی میں داخل ہونا۔ متلون الاخلاق ہونا۔
اِبْتَهَرَ: پوری پوری کوشش کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا..... ہ: واقعی عیب لگانا..... السَّيْفُ: تلوار کے دو ٹکڑے ہونا۔
اِبْهَارٌ. اللَّيْلُ اَوِ النَّهَارُ: آدھا ہونا (..... عَلَيْنَا اللَّيْلُ: رات کا دراز ہونا (..... وَ اِسْتَبْهَرَ) اللَّيْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا۔
تَبَهَّرَ. الْاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا..... السَّحَابَةُ: بادل کا چمکنا۔
البُهْر: تھکن سے ہانپنا۔ کہا جاتا ہے "بُهْرًا لَه" اس کے لئے ہلاکت ہو۔ لَيْلَة البُهَر: مہینے کی ساتویں آٹھویں نویں رات۔
البُهْرَة: مِنَ الْمَكَانِ وَ الزَّمَانِ: وسط۔ درمیان۔
البَهَار: خوبصورتی۔ ایک قسم کا خوشبودار پھول جس کو "عَيْنُ الْبَقَرِ": (گاؤ چشم) بھی کہتے ہیں۔
البُهَار: بُت۔ اباتیل۔ وحشی ہوئی روئی۔ ایک قسم کی سفید مچھلی۔
البُهَيْرَة: موٹے سرینوں والی شریف عورت

ج بَهَالِيْر۔
الْاَبْهَر: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَدِيْدُ الْاَبْهَرِ": فلاں مضبوط پیٹھ والا ہے۔ گردن کی شہ رگ۔ و (الابهران): دو رگیں ہیں جو قلب سے نکلتی ہیں اور انہی سے ساری شریان جسم میں پھیلی ہوئی ہیں اور اسی سے ہے "مَازَالَ يُرَاجِعُهُ الْاَلَمُ حَتّٰى قَطَعَ اَبْهَرَهُ" اس کو تکلیف بار بار ہوتی رہی یہاں تک کہ اُسے ہلاک کر دیا۔
اَلْبَامِزَة: بڑے پتوں والے نرگس کی قسم کا پودہ جو کہ گلدستہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ایک ہی دفعہ پھول نکالتا ہے۔
البَهُوْر: شیر۔
الْاَبَاهِر: پرندوں کے پر جو خوافی اور کلی کے درمیان ہوتے ہیں۔ پہلے پروں کو قَوَادِم کہتے ہیں پھر اس کے بعد والوں کو مناکب اس کے بعد والوں کو اَبَاهِر اور بالکل اخیر والوں کو کُلًی کہتے ہیں۔
بَهْرَجَ. اللِّمَاءَ: رائیگاں کرنا..... الْمَكَانَ: جگہ کو رفاہِ عام کے لئے کر دینا..... بِهِمُ الدَّلِيْلُ: رہنما کا سیدھے راستے سے ہٹ جانا۔
تَبَهْرَجَ: تکبر کرنا..... الْمَرْاَةُ: آراستہ ہونا۔
..... الْمَكَانُ: رفاہ عام کے لئے ہونا۔
البَهْرَج: باطل۔ ردی۔ کہا جاتا ہے "لُؤْلُؤٌ بَهْرَجٌ": ردی موتی۔ کھوٹا درہم۔ مکان۔
بَهْرَج: رفاہِ عام جگہ۔
تَبَهْرُس: تکبر سے اکڑتے ہوئے چلنا۔
بَهْرَمَ بَهْرَمَةً. شَعْرَه: مہندی کا خضاب لگانا۔
تَبَهْرَمَ: مہندی لگانے سے سرخ ہونا۔
البَهْرَمَة: مص۔ برہموں کی عبادت۔
البَهْرَم: مہندی۔
اَلْبَهْرُمَان: زرد رنگ کی ایک قسم۔
اَلْبَهِيْنَةُ: ایک درخت کا نام جو کہ اوزار بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

بَهْزَه (ف) بَهْزًا و اَبْهَزَهُ: سختی سے دھکیلنا۔ غلبہ کرنا۔
المِبْهَز: سختی سے بہت دھکیلنے والا۔
بَهَسَ (ف) بَهْسًا. عَلَيْهِ: دلیری کرنا۔
بَهَشَ اِلَيْهِ (ف) بَهْشًا: خوشی سے متوجہ ہونا۔ مشتاق ہونا..... بَيْدَهُ اِلَيْهِ: لینے کے لئے ہاتھ بڑھانا..... لِلْبُكَاءِ: رونے کے لئے آمادہ و تیار ہونا..... عَنْهُ: کھود کرید کرنا۔
بَهَشَ و تَبَهَّشَ. الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
البَهْش: ترگوگل (گوگل ایک دوا کا نام ہے)
رَجُلٌ بَهْش: ہشاش بشاش مرد۔
اَلْبَهَاءُ: ایک بڑے سانپ کی قسم۔
بَهِصَ (س) بَهَصًا: پیاسا ہونا۔
البَهَص: پیاس
بَهْصَلَ و تَبَهْصَلَ: کپڑے اتار کر جوئے کی بازی پر لگانا۔ بَهْصَلَ الْقَوْمُ مِنْ مَالِهِم: علیحدہ کر دینا۔ نکال دینا۔
البُهْصُم: بہت سخت۔
بَهَظَهُ (ف) بَهْظًا و اَبْهَظَهُ. الْحَمْلُ اَو الْاَمْرُ: بوجھل کرنا۔ باعث مشقت ہونا۔
اَبْهَظَ حَوْضَه: بھر دینا۔
البَاهِظَة: مؤنث۔ باعث مشقت و تکلیف۔ مصیبت۔
المَبْهُوْظ: طاقت سے زیادہ تکلیف دیا ہوا۔
القِرْنُ المَبْهُوْظ: مغلوب۔
بَهَغَ (ف) بَهْغًا. الرَّجُلُ: سونا۔ صفت (بَاهِغ)
البَهَق: برص کی بیماری کے علاوہ جسم پر سفید داغ۔
بَهَقُ الْحَجَرِ: پتھر پر اُگی ہوئی ایک قسم کی گھاس جو کائی کی مانند ہوتی ہے۔
بَهْكَ بَهْكَةً. فِي الْعَمَلِ: جلدی کرنا۔
البَهْكَل: نازک اندام پُرگوشت جوان۔ مؤنث بَهْكَلَة. شَبَابٌ بَهْكَلٌ: نئی جوانی۔
البَهْكَن: نازک اندام پُرگوشت جوان۔

marfat.com
Marfat.com

مَوْتٌ بَهْكَنَةٌ ج بهاكن. شَبَابٌ بَهْكَنٌ: نئی توتازہ جوانی۔

بَهَلَهُ (ف) بَهْلاً. اللّٰهُ: لعنت کرنا۔

وَاَبْهَلَهُ: چھوڑنا۔ (..... وَاسْتَهْبَلَ) اَلْوَالِيْ رَعِيَّتَهُ: بلاروک ٹوک چھوڑ دینا۔

بَهْلٌ. النَّاقَةُ: اونٹنی کے تھن سے بندش کھول دینا اور بچہ کو دودھ پینے دینا۔

اِبْتَهَلَ. اِلَى اللّٰهِ: گڑگڑا کر دعا کرنا۔

بَاهَلَ. بَعْضُهُمْ بَعْضًا: ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔

تَبَاهَلُوْا وَ بَاهَلُوْا: باہم لعنت کرنا۔

اِبْتَهَلَا: ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔

اَلْبَهْلَه و اَلْبُهْلَة: لعنت۔

اَلْبَاهِلِيْ: بغیر کسی کام کے آنے جانے والا۔ بغیر ڈنڈے کے چرانے والا۔ بے اختیار۔

نَاقَةٌ بَاهِلٌ: وہ اونٹنی جس کے تھنوں پر بندش نہ ہو۔ ج بُهُل و بُهَل: مَوْتٌ بَاهِلَةٌ. اَلْبَاهِلَةُ: بیوہ عورت۔

اَلْبُهْلُوْلُ: بہت ہنسنے والا۔ ہنسوڑ۔ جامع فضائل سردار۔ ج بَهَالِيْل.

اَلْبَهْلَوَانُ: مداری۔ رسی پر چلنے والا۔

بَهْلَقَ بَهْلَقَةً: تکبر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ روبرو گفتگو کرنا۔ جھوٹ بولنا۔

تَبَهْلَقَ: جھوٹ بولنا۔

اَلْبَهْلَقِيْ: جھوٹی باتیں۔

اَلْبَهْلَقُ: جنگی وبلا۔

بَهَمَ. بِالْمَكَانِ: مستقل اقامت کرنا۔

..... اَلْبَهْمَ: ہاں سے علیحدہ کر کے چرانا۔

اَبْهَمَ. اَلْبَابَ: بند کرنا (..... اَلْمَكَانُ: بھیسی گھاس والی ہونا۔ (..... وَتَبَهَّمَ و اِسْتَبْهَمَ) اَلْاَمْرُ عَلَيْهِ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔

اُسْتُبْهِمَ عَلَيْهِ: شور چادینے کی وجہ سے گفتگو پر قادر نہ ہونا۔

اَلْبَهْمُ وَالْبَهْمُ وَ اَلْبُهَام: گائے بھیڑ بکری کے بچے۔ واحد (اَلْبَهْمَة و اَلْبَهْمَة)

اَلْبُهْمَة: دلیر جس پر کوئی قابو نہ پا سکے۔ پتھر کی چٹان۔ سخت وشکل کام۔ ج بُهَم.

اَلْبُهْم: مشکل اُمور۔

اَلْبُهْمِي: گھر کی مانند ایک قسم کی نباتات۔

اَلْبُهْمِ: کالا۔ فَرَسٌ بُهْمٌ: ایک ہی قسم کا گھوڑا۔ لَيْلٌ بُهْمٌ: پوری تاریک رات۔ ج بُهَم وَ بُهُم.

اَلْبُهَيْمَة: چارپایہ۔ ج بَهَائِم. اَلْبُهَيْمَة: ہر وہ جس میں قوت گویائی نہ ہو۔

اَلْاَبْهَم: گونگا۔ ج بُهْم: خاموش۔

اَلْاِبْهَام: حِمص۔ انگوٹھا (مؤنث) کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ ج اَبَاهِمُ و اَبَاهِيْم.

اَلْمُبْهَمُ. مبهم. اَمْرٌ مُبْهَمٌ: غیر معروف معاملہ. كَلَامٌ مُبْهَمٌ: غیر معروف کلام۔

طَرِيْقٌ مُبْهَمٌ: غیر واضح راستہ۔ حَائِطٌ مُبْهَمٌ: دیوار جس میں دروازہ نہ ہو۔

بَهِنَ (س) بَهَنًا: بہت خوش ہونا۔

اَلْبَهَانَة: اچھی طبیعت کی عورت جو گفتگو وغیرہ میں نرم ہو۔ ج بَهَانَات.

اَلْبَيْهَن: بستر۔

تَبَهْنَسَ: ناز سے چلنا۔

اَلْبَهْنَس: شیر۔

بَهَا (ن) وَبَهِيَ (س) وَبَهُوَ (ک) بَهَاءً: حسین وخوبصورت ہونا۔ ظریف ہونا صفت (بَهِيٌّ): مؤنث بَهِيَّةٌ. بَهَاءُ: خوبصورتی میں غالب ہونا۔

بَهِيَ (س) بَهِيَ. اَلْبَيْتُ: ویران ہونا۔ خالی ہونا۔

بَهَّى. اَلْبَيْتَ: کشادہ کرنا۔

بَاهَاهُ. فِي الْحُسْنِ: حسن وخوبی میں مقابلہ پر فخر کرنا۔

اَبْهَى. خوبصورت چہرہ والا ہونا (..... اَلْاِنَاءَ: خالی کرنا۔ اَلْحَبْلَ: جنگ کے لئے کام نہ لینا۔

اِبْتَهَى. بِهٖ: فخر کرنا۔

تَبَاهَوْا: باہم فخر کرنا۔

اَلْبَهْو: مکان یا خیمہ کے آگے کا کمرہ جو مہمان وغیرہ کے قیام گاہ کا کام دے۔

ملاقات کا کمرہ ج اَبْهَاءٌ و بُهُوٌ و بُهِيٌّ۔

بَاءَ يَبُوْءُ بَوْئًا. اِلَيْهِ: لوٹنا۔ بَاءَ وَ بَاءَ بِهٖ لوٹنا..... بِالْحَقِّ او بِالذَّنْبِ: اقرار کرنا ..... فُلَانٌ بِفُلَانٍ بَوَاءٌ: بدلے میں قتل ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "دَمٌ بَوَاءٌ دَمٍ": خون خون کے برابر۔ بوء بہ: یعنی ان لوگوں میں سے ہو جاتا جن کو اس کے بدلے میں قتل کیا جائے اور اسی سے مہمل کا قول بحر کے لئے ہے۔ "بُوْبِيْسِمِ نعل كُلَيْبٍ" یعنی کلیب کے جوتے کے قسم کے برابر ہو جاتا۔

بَوْاءٌ. اَلْمَكَانُ: اُترنا۔ نازل ہونا۔

اَلزَّعْمُ نَحْوَهٗ: کسی کی طرف سیدھا جانا۔

بَوَّاهُ وَ بَوَّأَهُ مَنْزِلًا: کسی کے لئے تیار کرنا۔

اَبَاءَ. مِنْهُ: بھاگنا..... بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ اَلشَّيْءَ وَ بِالشَّيْءِ اِلَيْهِ وَ عَلَيْهِ: لوٹانا ..... وَمَنْزِلًا وَ فِي الْمَنْزِلِ: اتارنا ..... اَلْقَاتِلَ بِالْقَتِيْلِ: مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔

تَبَوَّأَ. اَلْمَكَانَ وَ بِهٖ: اقامت کرنا۔

تَبَاوَأَ. اَلشَّيْطَانُ: ساتھی ہونا۔

اَلْبَاءَة و اَلْبَيْئَة و اَلْمَبْوَأ و اَلْمَبَاءَة: منزل۔ والبيئة: حالت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ حَسَنُ الْبَيْئَةِ": وہ اچھی حالت والا ہے۔

حَاجَةٌ مُبَيَّنَةٌ: شدید حاجت۔

بَابَ (ن) بَوْبًا. لَهٗ: دربان ہونا۔

بَوَّبَ. اَلْكِتَابَ: ابواب میں تقسیم کرنا۔

تَبَوَّبَ. اَلرَّجُلُ: دربان بنانا

اَلْبَاب: دروازہ..... مِنَ الْكِتَابِ: کتاب کا باب۔ ج اَبْوَاب و بِيَبَان۔

اَلْبَابَة: فِي الْحِسَابِ وَ الْحُدُوْدِ: غایت انتہا۔ شرط قسم۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ مِنْ بَابَتِكَ": یہ چیز ایسی ہے جو تمہارے لئے مناسب ہے ج بَبَابَات.

بَابَاتُ الْكِتَابِ: سطریں۔

اَلْبَوَّاب: دربان۔ ج بَوَّابُوْن.

اَلْبَوَابَة: دربانی کی اُجرت۔

اَلْبَوْب: ایک پہاڑی گھاس کا نام۔

marfat.com
Marfat.com

البُوتقة و البُوذقة : کٹھالی۔
اَلْبُوتاس : پوٹاشیم۔اس کی علامت K ہے۔
اَلْبُوتاسیوم : پوٹاشیم کاربونیٹ۔ایک سفید چمکتا مادہ زندہ مادوں کے جوڑنے اور کھاد میں کام آتا ہے۔
اَلْبُوتان : زیادہ استعمال والا گیس جو کہ گھروں میں جلایا جاتا ہے اس کا رمز CH اس میں پروٹان C-8 تیز دھواں کی خاطر داخل ہوتا ہے۔
بَاثَ (ن) بَوْثًا و اَبَاثَ اِبَاثَ. الشَّیْءَ وَ عَنِ الشَّیْءِ : کھود کرید کرنا۔بَاثَ الْمَکَانَ : کھود کر مٹی ملانا۔بَاثَ التُّرَابَ : متفرق کرنا۔بَاثَ الرَّمَادَ : بکھیرنا۔
اِسْتَبَاثَ. التُّرَابَ : مٹی نکالنا۔کہا جاتا ہے "تَرَکَ دَارَهُمْ حُوْثًا" (بُوْث) : یعنی ان کے گھروں میں ہل چلا دیا اور ویران کر دیا۔
بَاجَ (ن) بَوْجًا. الشَّرُّ فُلَانًا وَ عَلَیْهِ : نازل ہونا۔پہنچنا۔آ پڑنا اَلْبَرْقُ : چمکنا..... اَلْبَعِیْرُ : تھکنا۔
اِبْوَاجَ وَ تَبَوَّجَ. اَلْبَرْقُ : زور سے چمکنا۔
اِبْوَاجَتْ : عَلَیْهِمُ الدَّوَاهِی : مصیبتوں کا آ پڑنا۔
اَلْبَاجُ : دیکھئے لفظ باج.
اَلْبَاجَة : اختلاط۔
اَلْبَائِج : ران کی ایک رگ کا نام۔ج بوائج۔
اَلْبَائِجَة : مصیبت۔ج بَوَائِج. اَلْبَائِجَة : کشادہ ریگستان۔
بَاحَ (ن) بَوْحًا و بُؤُوْحًا و بُوْحَةً. الشَّیْءُ : ظاہر ہونا۔مشہور ہونا..... اِلَیْهِ بِالسِّرِّ : ظاہر کرنا۔
اَبَاحَ. اَلسِّرَّ : ظاہر کرنا..... شَیْئًا : جائز کرنا۔مباح کرنا۔
اِبْتَاحَ. الشَّیْءَ : جائز و مباح ٹھہرانا یا سمجھنا۔کسی چیز پر اقدام کرنا۔اَلْقَوْمَ : تباہ و برباد کر دینا۔
اَلْاِبَاحِیُّ : ممنوعات کو کرنے اور مامورات کو چھوڑنے کی اجازت دینے والا۔
اَلْبَاحَة : پانی یا اس کا بڑا حصہ۔بہت سے گھاس کے درخت۔صحن۔بَاحَةُ الطَّرِیْقِ : وسط راستہ۔
اَلْبَوَّاح : کھلم کھلا۔کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ بَوَّاحًا" : اس نے اس کو کھلم کھلا کیا۔
بُوْحَک : کلمہ ترحم ہے مانند وَیْحَک کے۔
اَلْبَوُّوْح : دل کی بات ظاہر کرنے والا۔
اَلْبَوْحِی : پچھاڑا ہوا۔کہا جاتا ہے "تَرَکَهُمْ بُوْحَی"
بُوْح : آفتاب کے لئے علم ہے۔
اَلْبَبَّاحَة : مچھلی کا جال۔
اَلْمُبِیْح : جائز ٹھہرانے والا۔شیر۔
اَلْمُبَاح : جائز۔روا۔
بَاخَ (ن) بَوْخًا : تھکنا۔کہا جاتا ہے "عَدَا حَتّٰی بَاخَ" : وہ دوڑا یہاں تک کہ تھک گیا..... اَلْحَرُّ وَالْغَضَبُ وَالنَّارُ : ٹھنڈا پڑنا۔دھیما ہونا۔بجھنا (..... بُؤُوْخًا) اَللَّحْمُ : گلنا۔خراب ہونا۔
اَبَاخَ. اَلنَّارَ : بجھانا اور اسی سے ہے "اَبِخْ عَنْکَ الظَّهِیْرَة" ٹھہرو یہاں تک کہ دوپہر کی گرمی کم ہو جائے۔
بَادَ (ن) بَوَادًا : ظاہر ہونا۔
اَلْبَوْد : کنواں۔
بَاذَ یَبُوْذُ بَوْذًا : محتاج ہونا۔فروتنی کرنا۔لوگوں پر ظلم کرنا۔
بَارَ (ن) بَوْرًا و بَوَارًا : ہلاک ہونا..... اَلسُّوْقُ اَوِ السِّلْعَةُ : کساد بازاری ہونا..... اَلْعَمَلُ : باطل ہونا..... اَلْاَرْضُ : غیر مزروعہ ہونا (..... و اِبْتَارًا) اَلرَّجُلَ : تجربہ کرنا۔آزمائش کرنا۔
بَوَّرَ. اَلْاَرْضَ : زمین کو بغیر کھیتی کے چھوڑ دینا۔
اَبَارَهُ : ہلاک کرنا۔
تَبَوَّرَ. نَفْسَهُ : اپنے آپ پر ہلاکت کی وجہ سے نوحہ کرنا۔
اَلْبَائِر : غیر مزروعہ زمین۔ج بُوْر کہا جاتا ہے "حَائِرٌ بَائِرٌ" یعنی کسی رہنما کی اطاعت نہیں کرتا اور نہ کسی چیز کی طرف توجہ کرتا ہے۔
اَلْبُوْر : تباہ و ہلاک ہونے والا۔بے خبر۔کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ بُوْرٌ وَ قَوْمٌ بُوْرٌ" ہلاک ہونے والی عورت یا قوم (مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لئے یکساں) اَلْبُوْرُ مِنَ الْاَرْضِ : غیر مزروعہ زمین۔اَلْبُوْر : غیر مزروعہ۔خراب۔زمین۔آزمائش ہلاکی۔کساد بازاری۔
اَلْبَوَار : ہلاکت۔کساد بازاری۔دَارُ الْبَوَار : دوزخ۔
اَلْبُوْرَق : بورک۔سہاگا۔سوڈا۔
اَلْبُوْرِیُّ : ایک قسم کی دریائی مچھلی۔ج بَوَارِیُّ۔
اَلْبُوْرِیَّة و اَلْبُوْرِیَاء : چٹائی۔
اَلْبَوَّارِیُّ : چٹائی بیچنے والا۔
اَلْبَاز : ایک قسم کا شکاری پرندہ۔ج بُیُزَان و اَبْوَاز۔
اَلْبُوْز و اَلْبُوْزَة : دودھ شکر کی جمائی ہوئی برف۔
اَلْبُوجَوَازِیَه : ملازمین اور چھوٹے عہدہ داروں کا طبقہ اور بڑے مالدار جو کہ آرام و عیش کی زندگی گزارتے ہیں۔
بَاسَهُ (ن) بَوْسًا : بوسہ لینا۔
اَلْبُوسِیْر : بواسیر۔
اَلْبُوسْطَة : ڈاک خانہ (جدید)
بَاشَ (ن) بَوْشًا و بَوَشًا و تَبَوَّشَ. اَلْقَوْمُ : مل جل کر شور مچانا۔
اَلْبُوْش و اَلْبَوْش : لوگوں کی ملی جلی جماعت۔کہا جاتا ہے "تَرَکَهُمْ هَوْشًا بَوْشًا" : اس نے ان لوگوں کو ملا جلا چھوڑا۔
اَوْبَاش اس کی جمع مقلوب ہے۔
اَلْبُوْشِیُّ و اَلْبَوْشِیُّ : محتاج جس کے بہت بال بچے ہوں۔
بَاصَهُ (ن) بَوْصًا : سابق ہونا۔آگے بڑھنا..... مِنْهُ : بھاگ کر چھپنا..... فِی الْاَمْرِ : اصرار کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

بَوْصَ : میدان میں آگے بڑھنا..... الشَّيْءُ : صاف رنگ والا ہونا۔
ابیاض : منقبض ہونا۔
البُوص : دور کی (..... البُوص) : رنگ۔ صورت، شکل ۔ چیتڑ۔ ریشم یا کتان۔ ج أبْواص البُوصيّ : ایک قسم کی کشتی۔
طَرِيقٌ (بائض) : دور کا راستہ۔
بَاصَ (ن) بَوْصًا : جھائیں پڑنے کے بعد خوبصورت چہرہ والا ہونا..... بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا۔
بَاطَ (ن) بَوْطًا : دولت مندی کے بعد محتاجی یا معزز ہونے کے بعد ذلیل ہونا۔
البَوْطَه : کھٹائی۔ کپڑے وغیرہ میں گول نقش جو بُوْطَه۔
بَاطَ (ن) بَوْطًا : لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
بَاعَ (ن) بَوْعًا : عطیہ دینے کے لئے ہاتھ بڑھانا..... القَوْسَ : دور دور قدم ڈالنا۔
(..... وتَبَوَّعَ) الحَبْلَ : ہاتھ سے اندازہ کرنا۔ دیکھئے لفظ باع و تَبَوَّع لِلْمَسَاعِي. باعَ پھیلانا۔
البَاعَ. العُرْفُ : بہنا..... العَيْنُ : آنسو چلنے کے لئے لمبا ہونا۔ الشُّجَاعُ مِنَ الصَّفّ : بہادر کا صف سے نکلنا..... الرَّجُلُ إلَيْهِ : کشادہ روئی سے بڑھنا۔ إبْاعَ لَهُ فِيْ بِضَاعَةٍ : بیچنے میں سہولت برتنا۔
الباع : دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کی مقدار کہا جاتا ہے "طَوِيْلُ الْبَاعِ وَرَحْبُ الْبَاعِ" یعنی فیاض۔ "وَقَصِيْرُ الْبَاعِ وَ ضَيِّقُ الْبَاعِ" یعنی نکمّل عاجز۔ ج أبْوَاع و بَاعَات و بِيَعَان.
البَوْع : بعض دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کی مقدار اور ادا سے مثل ہے " لَا يَعْرِفُ كُوْعَهُ مِنْ بُوْعِهِ" : وہ کوئی اور بوع کو نہیں پہچانتا۔ پوری جہالت کے لئے ضرب المثل ہے۔
بَاعَةُ الدَّارِ : گھر کا صحن۔
البَيِّع : دور دور قدم رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بَيِّعٌ" : دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا۔
بُوْعَاءُ. الطِّيْب : خوشبو کی مہک۔
البُوعَفِيْلِيَّة : چبھنے والے انگور کی جو نشی اور سرخ رنگ کے پتوں والی امریکی انگوری بطور زینت استعمال ہوتی ہے۔
بَاعَهُ (ن) بَوْعًا : غلبہ کرنا۔ برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "إنَّكَ لَعَالِمٌ لَا تُبَاعُ" یعنی تو ایسا عالم ہے جس کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔
تَبَوَّعَ. الدَّمُ بِهِ : جوش مارنا..... فُلَانٌ عَلَيْهِ : غالب ہونا۔
البُوْغَاء : خاک۔ غبار۔ بُوغَاءُ الطِّيْب : خوشبو کی مہک۔
بَاقَ (ن) بَوْقًا و بُوُوْقًا : لڑائی جھگڑا برپا کرنا..... السِّلْعَةُ : بے وقاتی کرنا۔ چوری کرنا۔ بَاقِ الْبَائِعَةَ الْقَوْمَ : مصیبت پہنچانا۔
بَاقَ الْقَوْمَ عَلَيْهِ : اکٹھے ہو کر ظلماً قتل کرنا۔
بَاقِبَ السَّفِيْنَةُ : ڈوبنا۔ بَاقِ الشَّيْءُ : غالب ہونا۔ ظاہر ہونا۔ خراب ہونا۔
بَوْق. فِيْ الْبُوْق : بگل بجانا۔
تَبَوَّق : جھوٹ بولنا..... الوَبَاءُ فِي الْمَاشِيَة : جانوروں میں وبا پھیلنا۔
البَاقِ. عَلَيْهِمُ الشَّرُّ : برائی اور مصیبت پہنچنا..... بِهِ : ظلم کرنا۔
البُوْق : بگل۔ ترہی۔ نرسنگھا۔ ج أبْوَاق وبِيْقَان و بُوْقَات : اور کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْبُوْقِ وَ نُفِخَ فِي الْبُوْقِ" اس نے دو کے کی چوٹ اعلان کیا۔ نیز اس معنی میں آتا ہے کہ بے ہودہ بکا اور لایعنی گفتگو کی۔
البُوْقَة : بارش کی تخت بوچھار۔ ج بُوْق.
البَاقَة : گلدستہ۔ ساگ پات کا مضاج
بَالَقَاتٌ.
البَالِق. مِنَ الْمَتَاعِ : بے قیمت۔ کہا جاتا ہے "مَتَاعٌ بَالِقٌ" : بے قیمت سامان۔
البَالِقَة : مصیبت۔ شر و فساد۔ کہا جاتا ہے "رَفَعْتُ عَنْكَ بَالِقَةَ فُلَانٍ" : یعنی میں نے تجھ سے فلاں کی لائی ہوئی مصیبت کو اٹھا دیا
ج بَوَالِق.
البَوَّال : بگل بجانے والا۔
المُبَوِّق : کلاہا بائع۔
البُوْقِيصَاء : ایک قسم کے درخت کا نام۔
بَاكَ (ن) بَوْكًا. المَتَاعَ : بیچنا یا خریدنا..... الأمْرُ : خلط ملط ہونا۔ القَوْمُ رَأيُهُم : رائے میں گڑبڑ ہو جانے کی وجہ سے کوئی راستہ نہ پانا۔ الرَّجُلُ : مزاحم ہونا۔
إبْيَاك. عَلَيْهِ الأمْرُ : گڑبڑ ہو جانا۔
بَالَ (ن) بَوْلًا و مَبَالًا : پیشاب کرنا۔
بَوَّلَه و أبَالَه : پیشاب کرانا۔
البَال : دل۔ کہا جاتا ہے "مَا خَطَرَ الأمْرُ بِبَالِي" : یہ معاملہ میرے دل میں نہیں گزرا۔ حال وشان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَخِيُّ البَالِ" : فلاں آسودہ حال ہے۔ خیال۔ کہا جاتا ہے "كَانِبُ البَالِ" : جس چیز کا اہتمام کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذَا مِنْ بَالِي" : یعنی یہ ان چیزوں میں سے نہیں جن کی میں پروا کرتا ہوں۔ "وَانْصُرْ قُوْلِي بَالِ" : یعنی ایسا کام جو قابلِ اہتمام ہو۔ "وَمَا بَالُكَ" : یعنی تمہاری کیا حالت ہے۔
البَال : سمندری مچھلیوں میں سے ایک مچھلی۔
وبِيْل مچھلی۔
البَالَة : شیشی۔ خوشبو کی ڈبیہ۔
البَوْل : پیشاب۔ البول : لڑکا۔ عدد کثیر۔
بَوْلُ العَجُوْز : شراب۔
البَوْلَة : لڑکی۔
البَوَال : ایک بیماری جس میں پیشاب کثرت سے آتا ہے۔
البَوْلَة : بہت پیشاب کرنے والا۔
المُبَوِّلَة : وہ چیز جو پیشاب لانے کا سبب ہو۔
المُبَوَّلَة : پیشاب کرنے کا برتن۔
البُوْلَيْصَة أو البُوْلَصَة : رسید۔ ہنڈی۔ ج بَوَالِص.
بولغار : موٹروے و سیع اور کھلا روڈ جس کے دونوں اطراف فٹ پاتھ اور کشادہ سرسبز علاقہ ہو۔

marfat.com
Marfat.com

البُوْلِيس :پولیس۔اس کی عربی شُوْطِی اور جِلْوَاز ہے۔
البُوم و البُوْمَة :اُلو۔ج اَبْوَام (دونوں لفظ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہیں)
بَانَهُ (ن) بَوْنًا :فضل وزیادتی میں غالب ہونا۔
البُوْن و البَوْن :دوری۔فصل۔دو چیزوں کے درمیان فرق۔
البُوْنَة :چھوٹی بچی۔
البَان :ایک قسم کا درخت جس کے پتے بید کے پتے کی طرح ہوتے ہیں اور اس کے پھل سے خوشبودار تیل نکلتا ہے اور بوجہ طویل ہونے کے اس سے قد کو تشبیہ دی جاتی ہے۔
البَوَان و البُوَان :خیمہ کھڑا کرنے کا ستون ج اَبْوِنَه و بُوْن و بُوَن.
بُونْسِيَانَة: اٹھارہ میٹر لمبا درخت جس کے لمبے پتے اور انگوری طرز کے خوبصورت پھول ہوتے ہیں زینت کیلئے بویا جاتا ہے۔(نباتاتی نام Poncianaاور اردو میں گل مہر" کہتے ہیں)۔
بَاه (ف ن) بُوهًا. لِلشَّيْءِ: سمجھنا۔کہا جاتا ہے"مَابِهْتُ وما بُهْتُ الْاَمْر": میں نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔
بَاهَةُ الدَّارِ :گھر کا صحن۔
البُوْه :اُلو یا اُلو کی مانند ایک پرندہ۔
البُوْهَة : البُوْه کا مؤنث۔بے وقوف مرد۔ دوات میں ڈالنے کے لئے دھنکی ہوئی خشک اون اور اگر دوات میں ڈال دیں تو اس کو "لِيقَة" کہتے ہیں۔
البَوْا :اونٹنی کا بچہ۔اونٹنی وغیرہ کے مُردہ بچہ کی کھال جس میں گھاس وغیرہ بھر کر اس کی ماں کے سامنے کر دیتے ہیں تا کہ دودھ دوہنے میں آسانی ہو۔
بَوَى بَوِيَ بَيًا :دوسرے کے نعل کی نقل کرنا۔
البَوَى :تقلید۔نقالی۔آرزو۔طبیعت۔الم۔
البَيْب :نابدان۔حوض کی نالی۔
البَيَّاب :سقہ جو لوگوں کو پانی پلاتا پھرے۔

بَاتَ :(ض س) بَيْتًا و بَيَتًا و بَيْتُوْتَةً و مَبِيْتًا و مَبَاتًا. فِي الْمَكَان :شب باشی کرنا .....فُلَانًا وَ بِهِ وعِنْدَهُ :کسی کے پاس رات میں آنا۔کہا جاتا ہے" بَاتَ يَفْعَلُ كَذَا" جبکہ کسی کام کو رات میں کرے جیسا کہ جب دن میں کرے تو کہا جاتا ہے" ظَلَّ يَفْعَلُه كَذَا" ۔
بَاتَ يَبِيْت بَيْتًا. الرَّجُلُ :نکاح کرنا..... الرَّجُلَ :نکاح کرانا۔
بَيَت. الشَّيْءُ :رات میں کرنا.....العَدُوَّ : شب خون ڈالنا.....الْبَيْتَ :گھر بنانا.....
رَايَهُ :رات میں سوچ بچار کرنا۔
بَيَّتَ. الشَّيْءُ :اندازہ کیا جانا۔
اَبَاتَهُ :شب باشی کرانا۔کہتے ہیں۔اَبَاتَهُ اللّٰهُ اَحْسَنَ اِبَيْتَة:بمعنی اَباتَه.
اِسْتَبَاتَ :رات کی خوراک مہیا کرنا۔
البَيْت ج بُيُوْت و اَبْيَات و ج بُيُوْتَات و اَبَابِيْت :اور بقول بعض بُيُوْتَات اور اَبَابِيْت اشراف کے لئے مختص ہیں۔تصغیر مُبَيْت :گھر، مکان، شرافت۔بَيْتُ الرَّجُلِ :اہل وعیال بَيْتُ الشِّعْرِ :وہ منظوم کلام جو دو مصرعوں پر شامل ہو۔بَيْتُ الْقَصِيْدَةِ :قصیدہ کے بہترین اشعار یا وہ شعر جو شاعر کی غرض کو متضمن ہو۔
بَيْتُ الْمَقْدِسِ اَو الْبَيْتُ الْمُقَدَّسُ :ملک شام کے ایک شہر کا نام۔بَيْتُ الْمَالِ : حکومت اسلامی کا خزانہ۔بَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ : مکڑی کا جالا۔الْبَيْتُ الْعَتِيْقِ اَو الْبَيْتُ الْحَرَامِ :کعبہ معظمہ۔اور کہا جاتا ہے" هُوَ جَارِي بَيْتَ بَيْتٍ": وہ میرا پڑوسی ہے جس کا گھر میرے گھر سے ملا ہوا ہے۔
البَيَات :شب خون ڈالنا۔
البَيْت وَ الْبَيْتَة :رات کی خوراک۔کہا جاتا ہے" لَهُ بَيْتُ لَيْلَةٍ": اس کے پاس ایک رات کی خوراک ہے۔
البَائِت وَ الْبَيْتُوْت :باسی۔ہر وہ چیز جس پر رات گزر چکی ہو اور وہ ٹھنڈی ہو چکی ہو۔کہا جاتا ہے"اَسْقِنِي مِنْ بَيْتُوْتِ السِّقَاءِ" یعنی مجھ کو اس دودھ میں سے پلاؤ جو رات کو دوہا گیا ہو اور مشکیزہ میں رکھا گیا ہو یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو گیا ہو۔
البَيْتُوْت :ایسا معاملہ جس کی وجہ سے صاحب معاملہ رات سوچ بچار میں گزارے۔سِنٌّ بَيُوْتَةٌ :مضبوط دانت۔
المَبِيْت :رہنے کی جگہ۔شب باشی کی جگہ۔
المُبَيْتَة. مِنَ النِّسَاءِ : گھر اور شوہر والی عورت۔
المُسْتَبِيْت :فقیر۔
بَيَّتَ تَبْيِيْتًا. بِهِ :چپکے سے بھید بتلانا۔
..... اللَّحْمَ :کاٹنا اور تقسیم کرنا۔
البَيَاح و البَيَّاح :ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
البَيَّاحَة :مچھلی کا جال۔
البَيْحَان :راز ظاہر کرنے والا۔
بَادَ يَبِيْد بَيْدًا و بَيَادًا و بُيُوْدًا و بَيْدُوْدَةً : ہلاک ہونا۔بَادَتِ الشَّمْسُ بيوْدًا :غروب ہونا۔
اَبَادَه :ہلاک کرنا۔
بَيْد :بمعنی غیر۔اس کی ہمیشہ اضافت اس جملہ کی طرف ہوتی ہے جس پر اَنْ داخل ہوتا ہے جیسے "فُلَانٌ كَثِيْرُ الْمَال بَيْدَ اَنَّه بَخِيْل" بمعنی غَيْرَ اَنَّه بَخِيْل
البَيْدَاء :بیابان۔ج بِيْد و بَيْدَاوَات.
البَيَّادَة :فوج کے پیادے۔واحد(بَيَّادِی)
البَيْدَانَة :گدھی۔جنگلی گدھی۔
بَيْدَرَ :الْحِنْطَةَ :ڈھیر لگانا۔
البَيْدَر :کھلیان۔خرمن۔
البَيْدَق :ایک شکاری پرندہ۔
بَيْدَاغُوجِيَا: بچوں کی تعلیم و تربیت کا فن۔
البَيْذَق :سفر کا رہنما۔پیدل چلنے والا اور اسی سے بِيذَق الشِّطْرَنج ہے۔یعنی شطرنج کا مہرہ جس کو پیادہ کہتے ہیں ج بَيَاذِق.
البَيْرَق :جھنڈا۔ج بَيَارِق. و(البَيْرَقْدَار): جھنڈا بردار۔
اَلْبَيْرَمُوْن وَ الْبَارَامُون :عیسائیوں کی عبادت

marfat.com
Marfat.com

ے لئے ایک خاص عید۔ (یونانی لفظ)

البَزّاز: بازر کھنے والا۔ کاشتکار۔ ج بَزّازۃ.

البزدَرِیّۃ: کاشتکاری۔ بازی کی رکھوالی۔

بَشّ. اللّٰہُ وَجْھَہٗ: خوبصورت بنانا۔

اَبَاشَ: الشَّجَرَۃُ: جڑ بیٹھنے دینا۔

البِشّ: ایک قسم کی زہریلی گھاس۔

البُشّ: تھالہ۔ گڑھا جس میں پودہ لگایا جاتا ہے۔ ج اَبشاش

البَیْض و البِیض: تنگی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فِیْ حَیْضٍ بَیْضٍ" وہ لوگ تنگی اور سختی میں پڑ گئے۔

بَاضَ (ض) بَیْضًا. الطَّائِرُ: انڈے دینا۔ صفت مذکر (بَائِض) مؤنث بَائِضَۃ. ج بَوَائِض اور اسم مبالغہ (بَیُوض) ج بُیُض و بِیَض ..... بَاضَ الحَرُّ: گرمی سخت ہوئی ..... فُلَانًا: سفیدی میں غالب ہونا ..... السَّحَابُ: بارش ہونا ..... بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔

بَیْضَۃ: سفید کرنا اور اسی سے ہے تَبْیِیض الْکِتَابَۃ" ہے۔ یعنی مسودہ کو صاف کر کے لکھنا اور "تَبْیِیضُ الْاٰنِیَۃ" یعنی قلعی کرنا اور کہتے ہیں "بَیَّضَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ" اللہ اس کے چہرہ کو روشن کرے۔

اَبَاضَتِ: المَرْاَۃُ: سفید بچے جننا۔

بَاضَۃ: سفیدی میں غالب ہونے پر مقابلہ کرنا۔

اِبَاض: خود پہننا ..... **اَلْقَوْمُ**: فتا کر دینا قوم کے میدان میں داخل ہونا۔

اَبْیَض و اَبْیَاض: سفید ہونا۔

البَیَاض: سفیدی۔ دودھ۔ **بَیَاضُ الْعَیْنِ**: آنکھ کی سفیدی۔ **بَیَاضُ الْبَیْضَۃ**: انڈے کی سفیدی۔ **بَیَاضُ الْجِلْدِ**: بے بال چمڑا۔ **بَیَاضُ الْوَجْہِ**: شہرت و نیک نامی۔ **بَیَاضُ النَّھَارِ**: دن کی روشنی ..... **الْیَوم**: تمام دن ..... **الْاَرْض**: عمارت سے خالی زمین .....

البَطّ: گُرہ کی چربی اور کہتے ہیں "فُلَانٌ یَبُضُّ السَّوَادَ وَ الْبَیَاضَ: وہ سیاہ سفید پہنتا ہے اور کبھی سواد کو فساد کے لئے اور بیاض کو صلاح کے لئے بہ مثال قرار دیتے ہیں۔

البَیْضَۃ: البَیْض کا واحد۔ اٹنڈا۔ ج بَیضات اور بِیَض ہے۔

خُصیہ۔ خود۔ **بَیْضَۃُ الْقَوم**: چربی۔ **بَیْضَۃُ الْبَلَد**: شہر کا سب سے بڑا آدمی۔ گمنام نسب والا۔ **بَیْضَۃُ الدِّیک**: مرغ کا انڈا (جو چیز ناممکن اُصول ہو یا ایک ہی مرتبہ پائی جائے) اس کے لئے یہ لفظ بولا جاتا ہے جیسے اردو میں بھینس کا انڈا)

الحَرّ: گرمی کی شدت ..... **الجَدْیُ**: لڑکی۔

الغُلَر: آخری اولاد۔

الْاَبْیَض: مؤنث بَیْضَاء: ج بِیْض: سفید۔ **تُوَار. المَوْتُ الْاَبْیَض**: ناگہانی موت۔ **والْخَیْطُ الْاَبْیَض**: کنایہ ہے سفیدۂ صبح سے۔ **اَلْیَدُ الْبَیْضَاء**: نعمت و احسان۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ فِی بَیْضَاءِ الْقَیْظِ" میں اس کے پاس سخت گرمی میں آیا۔ **تَکَلَّمْتُہٗ فَمَا رَدَّ عَلَیَّ بَیْضَاءَ وَلَا سَوْدَاءَ**: میں نے اس سے گفتگو کی اس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا۔ **اللَّالِی الْبِیض**: چاندنی راتیں۔ تیرہ مہینے کی تیرہویں، چودہویں، پندرہویں راتیں۔ **وَاَیَّامُ الْبِیضِ**: انہی راتوں کے دن۔ **الْاَبْیَضَان**: دودھ اور پانی یا دودھ اور چربی یا روٹی اور پانی اور کہا جاتا ہے "مَا زَایَلَہٗ مُذُ الْبَیْضَان" میں نے اس کو دو مہینے یا دو دن سے نہیں دیکھا اور ھٰذَا اَبْیَضُ مِنْ ذَاکَ شَاذ ہے۔ قیاس اَشَدُّ بَیَاضًا ہے۔ **الْبَیْضَاء**: چاندی۔ گیہوں۔ **الْبَیَاضَۃ**: بہت اٹنڈوں والی۔ **الْبِیْضَان**. مِنَ النَّاسِ: سفید فام لوگ۔ **بَاظَ (ض) بَیْظًا**: لاغری کے بعد موٹا ہونا۔ **البَیْظ**: چوتڑ کے اٹھ۔

بَاعَ (ض) بَیْعًا و مَبِیْعًا. فُلَانًا کِتَابًا اَوْ مِنْ فُلَانٍ کِتَابًا: بیچنا۔ خریدنا صفت (بَائِع) جمع عاقبہ صفت مفعولی (مَبِیْع).

بَایَعَہٗ مُبَایَعَۃً: باہم عقد بیع کرنا۔ باہم معاہدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَایَعُوْہُ بِالْخِلَافَۃِ وَ بُوْیِعَ لَہٗ بِالْخِلَافَۃِ": لوگوں نے اس کی خلافت کی بیعت کی۔

تَبَایَعَ: الشَّیْءُ: بیچنے کے لئے پیش کرنا۔ **تَبَایَعَا**: باہم خرید و فروخت کرنا۔

اِبْتَاعَ. الشَّیْءَ: خریدنا۔

اِبْتَاعَ. الشَّیْءُ: رائج ہونا۔

البَیْع: فروختگی۔ خرید۔

البَیْعَۃ: عہد و پیمان۔

البِیْعَۃ: کلیسا۔ گرجا۔ یہودیوں کا عبادت خانہ۔ ج بِیَع و بِیَعَات و بِیْعَات۔

البِیَاعَۃ: سامان فروختنی۔ ج بِیَاعَات۔

البَیِّع و البَیَّاع: بیچنے والا۔ خریدار۔

بَاعَ یَبِیْعُ بَیْعًا وَ تَبِیْعُ. الدَّمُ: جوش میں آنا۔

البَیْعَۃ: ایک قسم کی گھاس کا نام ہے۔

بَیْقَرَ: جھکنا۔ ہلاک ہونا۔ سر جھکائے ہوئے تیز چلنا۔ غیر معلوم جگہ میں جانا۔ **اِلٰی مَالِہٖ**: جلدی سے جانا و برباد کر دینا۔ **الدَّارُ**: اُتر نا۔

اَلْبَیْقَر: بے خیر و بے فیض آدمی۔

البَیْکَار: پرکار۔

البَیَان و البَلَسان: ایک قسم کا درخت ہے جس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔

البَیْمَارِسْتَان و العَیَارِسْتَان: شفاخانہ۔ اس کے لئے عربی لفظ "مُسْتَشْفٰی" ہے۔

بَانَ (ض) بَیْنًا و بُیُوْنًا و بَیْنُوْنَۃً عَنْہُ: جدا ہونا۔

بَانَ (ض) بَیَانًا و بَیَنًا و بَیْنًا: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت (بَیِّن و بَائِن) ج اَبْیِنَاء و بُیَنَاء و اَبْیَان۔

اَبَانَ. الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ کاٹنا۔ جدا کرنا ..... **الشَّیْءُ**: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت (مُبِیْن) کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَاَبَانَ رَاْسَہٗ مِنْ جَسَدِہٖ" اس نے اس کو مارا اور

marfat.com
Marfat.com

اس کے سر کو دھڑ سے جدا کر دیا۔
بَیَّنَ الشَّیْءُ : واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔
..... الشَّجَرُ : پتے نکلنا..... الشَّیْءُ : واضح کرنا۔
..... البِنْتَ : نکاح کر دینا۔
بَایَنَهٗ : چھوڑ کر جدا ہونا۔
تَبَیَّنَ الشَّیْءُ : واضح ہونا ..... الشَّیْءُ : واضح کرنا۔ غور و تامل کرنا۔
تَبَایَنَا : ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ ایک دوسرے سے دور ہونا۔ تَبَایُن و الشَّنَآن : باہم متفاوت ہونا۔
اِسْتَبَانَ الشَّیْءُ : واضح ہونا ..... الشَّیْءُ : کسی چیز کی وضاحت طلب کرنا۔
بَیْن : درمیان (ظرف ہے)
بَیْنَ بَیْنَ (دونوں کلمے مل کر فتحہ ہیں) بمعنی درمیانہ۔ متوسط اور کہا جاتا ہے "بَیْنَا نَوْبَیْنَمَا نَحْنُ نَضْرِبُ"

البَیْن : جدائی۔ وصل۔ کہا جاتا ہے "تَقَطَّعَ بَیْنَهُمَا" یعنی ان کے میل ملاپ میں فصل واقع ہو گیا۔
ذَاتُ البَیْن : نسب۔ رشتہ داری۔ دوستی۔ عداوت۔ فساد۔ کہا جاتا ہے "سَعٰی فِیْ اِصْلَاحِ ذَاتِ بَیْنِهِم" یعنی ان کے اصلاح حال میں کوشش کی۔
البَیْن : گوشہ۔ دو زمینوں کے درمیان کا فاصلہ۔ حد نظر تک کی زمین کا ٹکڑا۔ ج بُیُوْن : لفظ بین کے معنی ترکی زبان میں ہزار کے ہیں۔ بین باشی کے معنی ہزار سردار کا ہیں۔
اَلْبَانُو : ہاتھی دانت سے بنایا آلہ موسیقی (پیانو) جو ایک صندوق کی طرز کا ہوتا ہے اور اس میں تاریں لگی ہوتی ہیں گانے والا تاروں پر یا تاروں پر لگائے گئے بٹنوں پر انگلیاں لگاتا ہے تو اس سے مخصوص آواز نکلتی ہے۔

البَیَان : مص۔ فتح کشکو جو مافی الضمیر کو ظاہر کرے۔
البَائِنَة. البَائِن کا مؤنث۔ دلہن کا جہیز (مولدۃ)
البَائِنَة : گہرا کنواں۔
البَیِّنَة : البَیِّن کا مؤنث۔ دلیل و حجت ج بَیِّنَات۔
بَاهَ یَبَاهُ بَیْهًا. لَهٗ : مطیع ہونا' واقف ہونا۔ جاننا۔
بَیَّاکَ اللّٰهُ : بمعنی هَوَّاکَ اللّٰهُ : خدا تم کو مالک بنائے' تمہارے رتبے کو بلند کرے اور کہا جاتا ہے "هُوَ بن بَیٍّ" یا "هَیَان بَیَان" یعنی وہ مجہول النسب ہے' نہ وہ معلوم ہے نہ اس کا باپ "وَلَسْتُ اَدْرِیْ اَیُّ هُوَ بن بَیٍّ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے۔
اَلْبُوْرْدِی : بادشاہ' وزیر یا ان دونوں کا منشور۔ (ترکی)

marfat.com
Marfat.com

التّاء :حروفِ مبانی کا تیسرا حرف (مؤنث) ج تاء ات : نسبت کے لئے ثانی و تالِثی و ثَنَوِیّ کہا جاتا ہے "قَصِیْدَۃٌ ثَانِیَۃٌ و ثَنَوِیَّۃٌ" اس کا استعمال کئی طرح سے ہوتا ہے۔ فعل کے آخر میں متکلم اور مخاطب کی ضمیر ہو کر جیسے قُمْتُ قُمْتَ و قُمْتِ و قُمْتُمَا و قُمْتُمْ و قُمْتُنَّ اور کبھی تانیث کی علامت جیسے قَائِمَۃٌ وذَھَبَتْ اور کبھی جنس میں سے واحد پر دلالت کے لئے جیسے شَجَرَۃٌ۔

اور کبھی مبالغہ کے لئے جیسے فَھَّامَۃٌ۔ علّامَۃ اور کبھی یہ حرف جر ہوتا ہے اور قسم کے لئے آتا ہے اور لفظ اللہ کو جر دیتا ہے۔ جیسے تَا اللّٰہِ۔

اور کبھی اس لفظ کے علاوہ دوسرے کو بھی جر دیتا ہے جیسے تَرَبِّی۔

اور کبھی بھی صیغہ منتہی الجموع کے آخر میں نسبت پر دلالت کے لئے جیسے مَھَالِبَۃ۔

اور کبھی حرف محذوف کے بدلہ میں جیسے زَنَادِقَہ زندیق کی جمع۔

اور افعال کے اوائل اور وسط میں بھی زیادہ کیا جاتا ہے جیسے تَقَاتَلَ وَ اقْتَتَلَ۔

اور کبھی اسماء کے آخر میں جیسے ملکوت کی تاء اور کبھی اوّل کلمہ کے حرف محذوف کے بدلہ میں جیسے عِظَۃٌ۔

اور کبھی آخر کلمہ سے جیسے شَفَۃٌ۔

تَا : مؤنث مفرد کے لئے اسم اشارہ ہے۔ اس کا مثنّٰی تَانِ ج اُولَاءِ اور اس پر "ھَاء تنبیہ" بھی داخل ہوتا ہے جیسے ھَاتَانِ و ھٰؤُلَاءِ۔

خطاب کی حالت میں کاف لاحق کرتے ہیں۔ جیسے تَاکَ و تَلَکِ و تِلْکَ (تلک میں تا کا فوقیت رویہ ہے) مثنّٰی کے لئے تَانِکَ و تَانِکِ اور جمع کے لئے اولٰئِکَ و اُولَاکَ و اُولَالِکَ اور تِلْکَ کے علاوہ ان سب پر ان سارے احوال میں حاء تنبیہ بھی داخل ہے۔

التَّابُوْت :لکڑی کا صندوق اور اسی سے تابوت میّت ہے۔ کشتی۔ ج تَوَابِیْت۔

تَأَتَّأَ تَأْتَأَۃً و تَأْتَاءً : بولتے ہوئے تَا تَا کرنا۔ صفت تَاتَاء ..... اَلطِّفْلُ : چلنا..... اَلْمُحَارِبُ : لڑائی میں اظہارِ شجاعت کے لئے اکڑتے ہوئے چلنا۔

تَارَۃً (ف) تَارًا : چھڑکنا۔

تَأَرَ اِتَارًا : دیکھنا۔ تکلّی لگانا..... بِالْعَصَاء : لاٹھی سے مارنا۔

اَلتَّارَۃ : ایک مرتبہ۔ ہمزہ کا ترک کثرت استعمال کی وجہ سے ہے۔ کہا جاتا ہے " فَعَلْتُ تَارَۃً ھٰذَا وَ تَارَۃً ذَاکَ" وَ "تَارَۃً بَعْدَ تَارَۃٍ" ج تَارَات و تِیَر و تُیُر۔

تَأَرَ (ف) تَأْرًا. اَلْجُرْحُ : زخم کا بھر جانا۔ مندمل ہونا..... اَلْقَوْمُ فِی الْحَرْبِ : لڑائی میں ایک دوسرے سے قریب ہونا۔

تَبِقَ (س) تَأَقًا. اَلْاِنَاءُ : برتن کا بھر جانا۔ اَلرَّجُلُ : غصہ سے بھر جانا۔ صفت (تَبِقٌ و مِتْأَقٌ)

اَتْأَقَ. اَلْاِنَاء : برتن بھرنا۔

اَلتَّأْقَۃ : غصہ کی تیزی اور برائی کی طرف تیز قدمی۔

اَتْأَمَتْ. اَلْمَرْأَۃُ : جڑواں جننا۔ صفت (مُتْئِمٌ) : اور اگر یہی عادت ہو تو ایسی عورت کو (متئام) کہتے ہیں ج مَتَائِیْم۔

تَاءَم. اَلْاَخَوَانِ : جڑواں پیدا ہونا۔ صفت (تَئِیْم و تُؤَم و تَئِمٌ) اَلثَّوْبُ : تانا بانا دونوں میں دو سوتی بُنا۔ صفت مفعول (مِتْأَم)

اَلتَّوْأَم : جڑواں۔ ج تَوَائِم ز تُؤَام مؤنث تَوْأَمَۃ کہا جاتا ہے "ھٰذَا تَوْأَمُ ھٰذَا وَ ھٰذِہٖ تَوْأَمَۃُ ھٰذِہٖ" اور جب دونوں جمع ہوں تو ان کو تُؤَامَان و تَوْأَم کہتے ہیں جیسے زَوْجَان وَ زَوْج۔ اَلتَّوْأَم : جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر۔ تَوْأَمُ السَّجُوْمِ اَوِاللُّؤْلُؤ : ستارے یا موتی جو آپس میں لگے ہوئے ہوں۔

تَبَّ (ن) تَبًّا. اَلشَّیْءُ : کاٹنا..... فُلَانًا : ہلاک کرنا۔

تَبَّا و تَبًّا و تَبَابًا و تَبِیْبًا : ہلاک کرنا اور کہا جاتا ہے "تَبًّا لَکَ": یعنی اللہ اس کے لئے خسران و ہلاکت لازم کرے۔ "وَتَبَّتْ یَدَاہ" اس کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں۔

تَبَّبَ. فُلَانًا : کسی سے تباہی کہنا۔ ہلاک کرنا۔

اَتْبَّ : کمزور ضعیف کرنا۔

اِسْتَتَبَّ. اَلْاَمْرُ : درست ہونا۔ درست طریقے سے جاری رہنا۔ اَلرَّجُلُ : کمزور و عاجز ہونا..... اَلطَّرِیْقُ : چلنا ہوا ہونا۔

اَلتَّبَاب : کمی۔ نقصان۔ ہلاکت۔

marfat.com
Marfat.com

التَّبَّة: سخت حالت۔
التَّـاب: بوڑھا اور کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے" كُنْتُ شَابًا فَصِرْتُ تَابًا" میں جوان تھا اور اب بوڑھا ہو گیا۔ ج اَتْبَاب.
تَبَّبَ. الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔
تَبِرَ (س) تَبَرًا: ہلاک ہونا۔
تَبَّرَهُ (ض) تَبْرًا: ہلاک کرنا۔ توڑنا۔
اَتْبَرَ. عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا' باز رہنا۔
تَبَّرَهُ: ہلاک کرنا۔
التَّابُوْر: فوجی جماعت۔ ج تَوَابِیْر.
التَّبَار: ہلاکت۔
اَلْجَلِي: چست کاروشن دان۔

اَلْمُجَلِّي: میدان میں آگے رہنے والا۔

اَلْجَلَايِيزُ: ایک قسم کا کھانا جو کھچڑے کے گوشت مع پوست کے تیار کیا جاتا ہے۔

اَلْجِلْيَانُ: خواب یوحنا کا سفر۔

اَلْجِلْيَانُ: کشف واظہار۔

جَمَّ (ن ض) جُمُوْمًا. الماءُ: کثرت سے جمع ہونا..... العظمُ: زیادہ گوشت والی ہونا۔

البئرُ: زیادہ پانی والا ہونا۔ صفت (جَمُوْم)

..... الفراقُ: قریب ہونا..... القومُ: آرام پانا اور زیادہ ہونا۔ (..... جَمًّا وَجَمامًا وَجُمامًا وَجَمَامًا. الکیلَ): لبالب بھر کر ناپنا..... الماءُ: جمع ہونے دینا..... المِحْيَالُ: چوٹی تک بھرنا۔

(..... وَاَجَمَّ وَاَجْمَ) الفرسَ: کوتل چھوڑ دینا۔

جَمْـمَ۔ المکيالَ: چوٹی تک بھرنا

(..... وَجَمْجَمَ) البئرَ: گنجان ہونا۔ بکثرت بڑھنا۔ صفت (جَمْجَم) ج اَجْمَاء۔

اَجَمّ۔ الامرُ: قریب ہونا..... الفراقُ: وقت آنا..... الماءُ: جمع ہونے دینا۔ الفرسَ: کوتل چھوڑ دینا اور اسی سے ہے "اَنجم نفسک یومًا او یومین" اپنے آپ کو دو ایک روز آرام پہنچاؤ اور کام نہ کرو۔

اِسْتَجَمَّ۔ الماءُ: بکثرت جمع ہونا..... الارضُ: اُگنا..... البئرُ: بھر جانے کے لئے چھوڑ دینا اور کہا جاتا ہے "لِمَنِ لَامَنِّجم قَلْبِيْ بِشَيْءٍ مِنَ اللّٰهِ": میں اپنے دل کو مکمل کو دے بہلاؤں گا۔

اَلْجَمُّ: مص۔ بڑی تعداد۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوا جَمًّا غفيرًا وَجَمَّ الغفير وَجَمَّ الْغَفِيْرَة. وَالْجَمَّ الْغَفِيْرَة": یعنی پوری جماعت۔ شریف و رذیل سبھی بکثرت آئے۔ اَلْجَمُّ من الماء: پانی کا بڑا حصہ۔ ج جِمَام و جُمُوم۔

اَلْجِمَام. بتثليث الجيم و (الجَمَم): وہ حصہ جو پیاسے کے بھرنے کے بعد سرے پر ہو۔ کہا جاتا ہے "جِمَام القَدَحِ مَاءً": یعنی پانی سے بھرا ہوا پیالہ۔ الجمم: بڑی تعداد۔

اَلْجَمَام: تھکن کے بعد گھوڑے کا آرام لینا۔

اَلْجَمَّة: بہت پانی والا کنواں۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَلمستقی من جَمَّةٍ البئر": زیادہ پانی والے کنوئیں سے پانی نکال۔ ج جِمَام۔

اَلْجَمْعَة والجُمْعَة: اکٹھ۔ صفت۔ کہا جاتا ہے "جاؤوا فی جمعة کثیرة": وہ لوگ بڑی تعداد میں آئے۔ اَلْجُمَّة: سر کے بالوں کی کثرت۔ لو سے نیچے تک کے بال۔ ج جُمم۔

اَلْجَمَّام والجُمَّان: لبالب بھرا ہوا پیمانہ۔

اَلْاَجَمّ: بے سینگ والا مینڈھا۔ مؤنث جَمّاء ج جُمّ: بغیر نیزہ کے لڑنے والا۔ الحصن الاجمّ: بغیر کنگرہ والا قلعہ۔ بنیان الاجمّ: بغیر کنگرہ والی عمارت۔

اَلْجَمَّاء: بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ جَمَّاءُ العظام": بہت فربہ جوڑ۔ اَرْضٌ جمّاء: ہموار زمین۔ کہتے ہیں جَمَّاءُ وَجَمَّاءُ الغفير وَجَمَّاءُ الـــغفيرة والجَمَّاء الغفيرة وَجَمَّاءُ غفيرة وَبِجَمَّاءِ الغفيرة الجمعة" یعنی سب لوگ آئے۔

اَلْمَجَمّ والجَمّم: سینہ۔ کہا جاتا ہے "هو رَحْبُ الجَمّم": وہ فراخ دل ہے۔

اَلْجَمَّانِي والمُجَمِّم: وہ شخص جس کے سر میں بال بہت ہوں۔

اَلْجُمَّانِي: باقلی۔

جَمِيَ (س) جَمًا. عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔

تَجَمَّمَ. فی ثيابه: لپٹنا القوم: اکٹھا ہونا۔

اَلْجَمَام والجَمَامَة: مخمس۔

جَمْجَم جَمْجَمَة وتَجَمْجَم. الكلامَ: غیر واضح گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "تجمجم عن الامر: یعنی پیچھے ہٹ گیا۔ وَجَمْجَم شَيْئًا فِي صَدْرِهِ: اس نے اپنے سینہ میں پوشیدہ رکھا۔

اَلْجُمْجُمَة: کھوپڑی۔ لکڑی کا پیالہ۔ کنواں جوز بن خور میں کھودا جائے۔ ج جَمَاجِم۔

اَلْجَماجِم: سردار لوگ۔

اَجْمَعَ (ف) جَمْعًا وجَمَاعًا وجُمُوْعًا. الفرسَ: سرکشی کرنا۔ سوار کے قابو میں نہ آنا۔ صفت مذکر و مؤنث (جامِع) ج جوامِع اور اسی سے ہے "جَمَعَتِ المرأةُ زوجها" جبکہ شوہر کو چھوڑ

marfat.com
Marfat.com

دے اور اپنے میکہ چلی جائے۔ وجَمَحَ الرَّجُلُ: خودسر ہونا۔ خودرائے ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَمَحَتِ الْمَفَازَةُ بِالْقَوْمِ": بیابان نے قوم کو ہلاک کر دیا۔ "جَمَحَ بِفُلَانٍ مُرَادُهُ": یعنی اس نے اپنی مراد کو نہیں پایا۔

الْجُمَّاحُ: جنگ کے شکست خوردہ لوگ۔ بے پھل کا تیر۔ ج جماجح و جماجیح۔

فَرَسٌ (جَمُوحٌ): سرکش گھوڑا۔ رَجُلٌ جَمُوحٌ: خودسر مرد۔

جَمَخَ (ن) جَمْخًا: تکبر کرنا۔ صفت (جَامِخ) ج جُمَّخٌ و (جَمُوخٌ و جَمِيخٌ)

جَامَخَهُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

جَمَدَ (ن) جَمْدًا و جُمُودًا. الماءُ: جم جانا..... الدمُ: خشک ہونا..... جَمَدَتْ يَدُهُ: بخیل ہونا۔ عَيْنُهُ: آنسو کا بند ہو جانا۔ صفت (جَمَادٌ و جَمُوْدٌ و جَمِيْدٌ) العين: مؤنث (جَمُوْد)

أَجْمَدَ: بخیل ہونا۔ بے فیض ہونا۔ ماہ جمادی میں داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَجْمَدَ حَقَّهُ عَلَيْهِ" اس نے اپنا حق اس پر ثابت کیا۔

أَجْمَدَهُ وَجَمَّدَهُ: جمانا۔

جَامَدَهُ مُجَامَدَةً: پڑوسی ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُجَامِدِي": اس کے گھر کی دیوار میرے گھر سے متصل ہے۔

الْجَمْدُ وَالْجُمْدُ: جما ہوا پانی۔ برف (..... وَالْجُمْدُ وَالْجُمُدُ): سخت اور بلند زمین۔

الْجَمَادُ ج جُمُدٌ: زمین۔ سَنَةٌ جَمَادٌ: بے بارش کا سال۔ أَرْضٌ جَمَادٌ: زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔ نَاقَةٌ جَمَادٌ: ست رفتار اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ جَمَادُ الْكَفِّ": فلاں بخیل ہے۔ "وَالْجَمَادُ ج جَمَادَاتٌ و (الْجَامِد) ج جَوَامِدُ: وہ چیز جس میں زندگی نہ ہو جیسے پتھر وغیرہ وَالْفِعْلُ الْجَامِدُ: وہ فعل جس کی گردان نہ آتی ہو۔ جیسے لَيْسَ وَعَسَى وَ "جَمَادِلُه": یعنی برکسرہ بخیل کے لئے بددعا ہے یعنی ہمیشہ اسی حال پر رہے۔

جُمَادَى. الأولى والآخرة: ہجری سال کا پانچواں و چھٹا مہینہ۔ ج جُمَادَيَات. عين جُمَادِي: وہ آنکھ جس سے آنسو نکلتے ہی نہ ہوں۔

الْجَمَّادُ: برف بیچنے والا۔ سَيْفٌ جَمَّادٌ: شمشیر براں۔

الْمُجْمِدُ: بہت بخیل۔ جوئے کا امین۔ قوم کا امین۔

جَمَرَ (ض) جَمْرًا وَجَمَّرَ وَاجْمَرَّ وَاسْتَجْمَرَ. القوم على امر: اکٹھا ہونا۔ جمرة: چنگاری دینا۔ جمر القوم على امر: جمع کرنا۔ جَمَّرَ النخلة: درخت خرما کا جُمَّار: کاٹنا (دیکھو جُمَّارٌ)..... اللحمَ: انگارے پر رکھنا..... الأمرُ القومَ: اکٹھے ہونے پر مجبور کرنا..... المرأة شعرها: چوٹی گوندھ کر پیچھے ڈالنا۔

أَجْمَرَ: تیز چلنا اور اسی سے ہے "أَجْمَرَ بَيْنَ يَدَيْهِ": وہ اس کے سامنے تیز چلا..... الثوبَ: دھونی دینا..... النارَ: تیار کرنا۔ الأمرُ القومَ: کسی امر کا عام ہونا۔ المرأة: چوٹی گوندھ کر پیچھے ڈالنا۔

تَجَمَّرَ. الجيشُ: دشمن کے ملک میں گھر جانا اور نہ لوٹنا۔ بالمجمرة: دھونی دینا۔ القبائل: اکٹھا ہونا۔

اِجْتَمَرَ وَاسْتَجْمَرَ. بالمِجْمَرَةِ: دھونی دینا۔

الْجَمْرَةُ. الجمر کا واحد۔ انگارہ۔ کنکری۔ تمام وہ لوگ جو آپس میں بالکل متحد ہو گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "بَنُو فُلَانٍ جَمْرَةٌ": فلاں کی اولاد متحد ہے۔

الْجَمَّار: جماعت۔ متفق لوگ۔

جَمَّارِي وجماري بالتنوين وبدونه: بمعنی کل۔ کہا جاتا ہے "جاء القومُ جماري": سب لوگ آئے۔ جاء القومُ (جُمَّارَى): سب لوگ آئے۔

الْجُمَّار وَالْجَامُور: درخت خرما کا گوند جو چربی کی طرح سفید ہوتا ہے۔

الْجَمِيْر: قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ اِبْنُ جَمِيْر: تاریک رات۔ جَمِيْرُ الشَّعْرِ: بالوں کی گندھی ہوئی چوٹی۔

الْجُمَيْرَة: بالوں کی گندھی ہوئی چوٹی۔

الْمِجْمَرَةُ وَالْمِجْمَرُ: انگیٹھی۔ عود سوز۔ ج مَجَامِر.

حافر. (مُجْمِرٌ وَمُجْمَرٌ): سخت کھر۔

جَمَزَ (ض) جَمْزًا: تیز دوڑنا۔ صفت (جَمَّاز) جمزة: ٹھٹھا کرنا۔

الْجَمَزَى: تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "يَعْدُو الْجَمَزَى": وہ تیز دوڑتا ہے۔ "جَمَّازٌ جَمْزَى": تیز رفتار گدھا۔

الْجُمْزَة: پھلی جس میں دانہ ہوتا ہے۔

الْجُمَّيْز وَالْجُمَّيْزَى: گولر کا درخت۔

جَمَسَ وَجَمَّسَ (ک ن) جموسًا السمنُ: جم جانا۔

الْجَامِسُ۔ فَالنَّبَاتُ جَامِسٌ: پژمردہ گھاس۔ دم (جَمِيْس): خشک خون۔

الْجَمْسَتُ: ایک قسم کا قیمتی پتھر۔

الْجَامُوْس: بھینس۔ ج جواميس.

جَمَشَ (ن ض) جَمْشًا. الراسَ: مونڈنا اور اسی سے ہے مکان (جميش) نباتات سے خالی جگہ۔ جَمَشَ الناقة: انگلیوں سے دوہنا۔

جَمَّشَهُ: محبت سے چٹکی لینا۔ پیار و محبت کا کھیل کھیلنا۔

الْجَمْشُ: مص۔ آہستہ آواز۔

الْجَمُوْش وَالْجَمِيْش: بال صاف کرنے کی مرکب دوا۔

جَمَعَ (ف) جَمْعًا. المتفرق: اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "جُمِعَتِ الْجُمُعَةُ": جمعہ کی نماز قائم کی گئی۔

جَمَّعَ: جمع کرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے)..... المسلمُ: جمعہ کی نماز میں حاضر ہونا۔

جَامَعَهُ مُجَامَعَةً وَجِمَاعًا. على كذا: اتفاق کرنا۔ موافقت کرنا۔ جَامَعَهَا: ہم بستری کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

اَجْمَعَ. القوم علی کذا: اتفاق کرنا مکان متفرقًا: اکٹھا کرنا۔ الامرَ وعلی الامر: پختہ ارادہ کرنا..... الابل: اکٹھے ہانکنا۔

اِجْتِمع. الغلام: جوان وقوی ہونا۔ (اس کا استعمال عورتوں کے لئے نہیں ہے (.....وتجمع) القوم: اکٹھا ہونا۔ الشیٔ المفرق: متفرق چیز کا اکٹھا ہو جانا۔

اِنْجَمَعَ. الشیٔ: اکٹھا ہونا۔

اِسْتَجْمَعَ. له الامرُ: منشا کے مطابق ہونا۔

اَلْقَوم: سب کا چلا جانا۔ البقلُ: خشک ہونا..... الفرسُ جَرْیًا: پوری طاقت سے دوڑنا۔

اَلْجَمْع. مص۔ لوگوں کی جماعت۔ ج جُمُوع. یَوْمُ الجَمْع: قیامت کا دن۔

جَمْعُ الکَفّ: مٹھی۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُه بِجَمْعِ کَفِّی": میں نے اس کو مٹھی سے مارا۔ مٹھی بھر چیز۔ ج اَجْماع.

اَلْجُمْعَة. ہفتہ۔ کہتے ہیں "اِسْتَاجَر الاَجِیْرَ مُجَامَعَةً" اس نے مزدور کو ہفتہ واری پر رکھا۔ اجتماع۔ دستہ۔ جُمْعَةٌ مِنْ تَمر: مٹھی بھر کھجور۔ (..... والجُمُعَة): ہفتہ کا ساتواں دن۔ ج جُمَعٌ و جُمُعات.

اَلْجَمَاعَة: آدمیوں کا گروہ۔ ج جماعات

اَلْجَمَاعات والجماعات: چٹکی وغیرہ کا رجسٹر۔

اَلْجِمَاع. مص۔ جماع الشیٔ: کسی چیز کو جمع کیا جاتا ہے "جِمَاعُ الخَیَاءِ الاَعْبِیَة" خیمہ کی جمع اَعْبِیَة ہے۔ "اَلْخَمْرُ جِمَاعُ الاِثْم": شراب ہر قسم کے گناہوں کا جامع ہے۔ قِدْرٌ جماع: بڑی ہانڈی بڑی دیگ۔

اَلْجَامِع. فا۔ جامع مسجد۔ ج جوامع (الکلام الجامع): کلام جس کے الفاظ کم اور معنی بہت ہوں۔ ج جَوَامِع. اَلْجَوامع

اَلْجامع: روزِ جمعہ۔ قِدْرٌ جَامِع: دیگ۔

اَبُوْجَامِع: دسترخوان کی کیفیت۔

اَلْجَامِعَة. الجامع کا مؤنث۔ تعلق۔ طوق۔ قدر جامعة: بڑی دیگ۔

اَلْجَامِعِیَّة: یونیورسٹی جو کہ اپنے ماتحت کئی ذیلی شعبے رکھتی ہو جن میں مختلف علوم وفنون کی تعلیم دی جاتی ہے۔

اَلْجَمِیْع. لوگوں کی جماعت۔ جمع شدہ لشکر۔ اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "جَاءُوا جمیعهم": سب لوگ آئے اور کہا جاتا ہے "رأی جمیع": ٹھیک رائے۔

اَلْجَمِیْعَة: اجتماع۔ ج جمایع.

اَلْبَعَامِعة: کتاب مقدس کے اسفار میں سے ایک۔

اَلْجَمْع: الفاظ تاکید میں سے ہے۔ اس لفظ سے ہر اس چیز کی تاکید لاتے ہیں جس کا افتراق حسی یا علمی طور پر جائز ہو۔ کہا جاتا ہے "جَاؤا اجمعهم وبأجمعهم": سب لوگ آئے۔ مؤنث جمعاء ج اجمعون.

اَلْمجمّع: فا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ مجمّع" جوان "ومشی مجمعمًا": ہاتھ ہلاتے ہوئے وہ تیز تیز چلا۔

اَلْمَجْمَع. جمع کرنے یا جمع ہونے کی جگہ۔ اکیڈمی۔ کہا جاتا ہے "اَحْلَفت محبته بمجامع قلبی" اس کی محبت میرے دل پر چھا گئی۔

ارض (مَجْمَعَة ومُجْمِعه ومُجْمَعَة): وہ زمین جس میں قافلہ اکٹھا ہو جائے اور بھٹکنے کے خوف سے علیحدہ نہ ہو۔

اَلْمُجْمَع. وہ تالیف جس کو علماء نصاریٰ نے دینی امور کے لئے منتخب کیا۔

اَلْمَجْمَعُ الْعِلْمِی. علمی ادبی اور فنی جماعتیں جس کو اکادمی ادبیات وغیرہ جیسے ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے۔

اَمرٌ (مُجْمَعٌ): قطعی معاملہ۔

اَلْمَجْمُوْع. مفع۔ ہر کتاب جس میں مختلف چیزیں جمع کی گئی ہوں۔ جیسے اشعار رقص وغیرہ۔ ج مجامیع اور نحویوں کے نزدیک جمع پر اطلاق کیا جاتا ہے۔

اَلْجَمَاجِمُ: اجتماعی نظریہ جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ قومی مشکلات کا حل یہ ہے کہ آمدن کے تمام وسائل قوم کے درمیان مشترکہ ہوں۔

اَلْجَمَالِیَّة: ج جمالیات و (اَلْجَوْمَک) ج جوامک: شاہی نوکر وفوجیوں کی تنخواہ۔

جمل (ن) جَمْلًا: الشیٔ: جمع کرنا (.....واجمل) الشحم: پگھلانا۔

جَمُلَ (ک) جَمَالًا: خوبصورت ہونا۔ خوش خلق ہونا۔ صفت (جمیل) مؤنث (جمیلة)

جَمَّلَهٗ: خوبصورت بنانا۔ جَمَّلَ الشحم: پگھلانا..... اَلْجَیْش: دریک رو کے رکھنا۔

جَامَلَه: اچھا معاملہ کرنا۔ تواضع سرقدری کرنا۔

اَجْمَلَ. الشیٔ: جمع کرنا یا مجملاً ذکر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اجمل الحساب والکلام ثم فصّله وبیّنه": اس نے حساب اور کلام کو مجملاً کہا پھر اس کی تفصیل کی..... الشحم: خوبصورت بنانا۔ زیادہ کرنا..... الشحم: پگھلانا۔ فی العمل: عمدگی سے کام کرنا۔ فی الطلب: تلاش میں اعتدال اختیار کرنا..... القوم: لوگوں کے پاس اونٹوں کی کثرت ہونا۔

تَجَمَّلَ: آراستہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ مصائب زمانہ پر صبر کرنا اور ذلت ظاہر نہ ہونے دینا۔ حیاء کی وجہ سے مصیبت میں پگھلی ہوئی چربی کھانا۔ فی الکلام: لطف و مہربانی سے باتیں کرنا۔

اِسْتَجْمَلَ. البعیرُ: اونٹ کا جوان ہونا..... الشیٔ: خوبصورت سمجھنا۔

اَلْجَمَل: اونٹ۔ ج جمال و اَجْمال و جُمُل و جمالة. بثلثیث الجیم و ج جمالات. بثلثیث الجیم و جمائل..... اور جمل کا اطلاق اُونٹنی پر شاذ ہے۔ کہا جاتا ہے "ضربت لبن جملی" میں نے اپنی اونٹنی کا دودھ پیا۔ جمل الهودج: رکرکٹ۔ جمل الماء: ایک آبی پرندہ جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے۔ جمل البحر: دیل مچھلی۔ کہا

marfat.com
Marfat.com

جاتا ہے "قطعنا الليل جَمَلا" وہ ساری رات چلا۔

الجَمَل والجُمَل والجُمَّل والجُمَالة: موٹی رسّی۔ حساب الجُمَّل: حروفِ ابجد کا حساب جو تاریخ ولادت یا وفات وغیرہ نکالنے میں کام آتا ہے اور اس کو حساب الابجدیہ بھی کہتے ہیں۔

الجامل (فا) اُونٹوں کا ریوڑ مع چرواہوں کے۔ اونٹوں کا مالک۔

الجَمَّال: اُونٹوں کا مالک یا ساربان ج جَمَّالَة.

الجَمَّال: خوبصورت۔ یا زیادہ خوبصورت۔

الجَمَال (مص): خوبصورتی۔ کہتے ہیں "جمالک ان لا تفعل کذا": تمہارے لئے مناسب ہے تم ایسا نہ کرو۔

الجُمْلَة: مجموعہ: جو مسند اور مسند الیہ سے مرکب ہو۔ ج جُمَل.

الجُمَل: لوگوں کی جماعت۔

الجَمِيل: احسان۔ نیکی پگھلی ہوئی چربی۔

الجَمْلاء: خوبصورت عورت (اس لفظ کے لئے اَفْعَل: کا صیغہ نہیں (جیسے دیمة عطلاء میں اَعْطَل کا صیغہ نہیں)

الجُمَان: موتی۔ واحد جُمانة.

اَلْجُمْنَاسْتِيك: ہر قسم کی جسمانی ورزش (جمناسٹک) جو کہ جسم کو طاقتور اور چُکدار بنا دے۔

ذَوَاتُ الْجَنَاحَيْن: کیڑوں کی اقسام۔ ان میں سے ایک پروں کی سیدھی بناوٹ والے اور دوسرے ٹیڑھی بناوٹ والے۔ سیدھے پروں والے ان کے آرام کے وقت قریب قریب ہو جاتے ہیں۔ ان میں سے کچھ کے پاؤں ہوتے ہیں جن کے ذریعے دوڑ سکتے ہیں۔ جیسے مکڑی۔ کچھ ان میں سے چھپے ہوئے پروں والے ہوتے ہیں رات کے بعد صبح کو اڑنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ کچھ حشرات چار پروں والے ہوتے ہیں۔

جَمْهَرَ جَمْهَرَةَ الشيءَ: جمع کرنا۔ اکٹھا لینا..... عَلَيْهِ الخبر: تھوڑی سی خبر دینا اور مُراد کو چھپا لینا (..... وتَجَمْهَرَ) القومُ: اکٹھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَجَمْهَرَ عَلَيْنَا": اس نے ہمارے اوپر دست درازی کی اور حقارت کی۔

الجُمْهُور: ریت کا تودہ۔ قوم کے بڑے اور اشراف لوگ۔ قوم کی جماعت۔ ہر چیز کا بڑا حصہ۔ ج جَمَاهِير.

الجُمْهُورِيَّة: جمہور کی جانب منسوب نشہ آور شراب۔

الجُمْهُورِيَّة: ری پبلک۔ وہ سلطنت یا قوم جو اپنا صدر ایک معین مدت کے لئے بناتی ہے۔

المُجَمْهَرات: زمانہ جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے سات قصیدے جن کا مرتبہ صبع معلقات کے بعد ہے۔

الجَمَا والجُما: ابھرا ہوا پتھر۔ جسم کا ابھرا ہوا حصہ جیسے پستان۔

جَمِيَ (مَ) جَمْيًا. الماءُ: بہت ہونا۔

تَجَمِّيَ. القومُ: اکٹھا ہونا۔

جَمَاءُ وجُمَاء وجَمَاءَة. الشيءُ: چیز کی دبازت۔

جُنَّ (ن) جَنًّا وجُنُونًا: دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا صفت (مَجْنُون) ج مَجَانِين ..... عنه: چھپنا..... الارضَ: پھول اُگانا۔ النبتُ: لمبا ہونا اور گھنا جانا..... الذُّبابُ: بہت بھنبھنانا۔ کہا جاتا ہے "جُنَّ الذُّبابُ بالروضِ": ہریالی کو دیکھ کر مکھیاں بھنبھنا رہی ہیں۔

اَجَنَّ. عنه: چھپنا۔ اَجَنَّه اللَّيلُ: چھپانا۔ ڈھانپ لینا۔ اَجَنَّ المَيِّتَ: کفن دینا دفن کرنا۔ (اَجَنَّه وجنَّنَه): دیوانہ بنا دینا۔

تَجَنَّنَ وإستَجنَنَ: دیوانہ ہونا۔

تَجَانَّ وتَجَانَنَ: تکلف دیوانہ بننا۔

إجتَنَّ. الشيءُ: چھپانا (..... وإستَجَنَّ): چھپنا۔ إستَجَنَّ فلانًا: کسی کو طرب کی طرف بلانا۔ (مَا اَجَنَّه): وہ کتنا مجنوں ہے فعل تعجب ہے اور شاذ ہے اس لئے کہ یہ مفعول کے معنی میں ہے اور فعل تعجب فاعل معنی میں ہوتا ہے۔

الجِنَّة والجِنّ من الشباب: آغاز جوانی ..... من النبت: کلی۔ پھول جنّ الليل: رات کی تاریکی۔ جنُّ الناس: لوگوں کی بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "لا جنَّ بهذا لامر": یعنی اس معاملہ میں کوئی پوشیدگی نہیں۔

الجانّ: (فا) جن کا اسم جمع۔ ج جِنَّان.

الجان: ایک قسم کا سفید سانپ۔

الجَنَّة: باغ بہشت۔ ج جِنَان وجَنَّات.

الجُنَّة: پردہ ج جُنَن (..... والمِجَنّ والمِجَنَّة): ہتھیاروں سے بچاؤ کی چیز۔ ڈھال۔ ج مَجَانّ اور کہتے ہیں "قَلَبَ مَجَنه": یعنی وہ بے حیاء وخودرائے ہو گیا۔ "وقَلَبَ له ظهر المِجَنّ": یعنی وہ اس کی دوستی سے دشمنی کی طرف پلٹ گیا۔

الجَنَن: قبر میت۔ کفن۔ ج اَجْنَان.

الجُنَان والجُنَانَة: ڈھال۔

الجَنَان: دل۔ رات یا اس کی شدت تاریکی۔ پوشیدہ معاملہ..... من كل شيء: ہر چیز کا جوف۔ ج اَجْنَان.

الجُنُون والجُنّ والجِنَّة: دیوانگی۔

الجَنِين: ہر پوشیدہ چیز۔ قبر۔ مدفون۔ بچہ جو ابھی رحم مادر میں ہو۔ ج اَجِنَّة واَجِنُّ.

المَجَنَّة: جنوں والی زمین۔ دیوانگی۔ کہا جاتا ہے "به مَجَنَّة": وہ دیوانہ ہے۔ چھپنے کی جگہ۔

جَنِيَ (س) جَنًا: کبڑا ہونا۔ صفت (اَجْنَا) مؤنث جَنْنَاءُ)

جنا (ف) جُنُوءًا واَجْنَا إجْنَاءً وجَانَا مُجَانَاةً وإجْتَنَا وتَجَانَا تَجَانُوا عَلَيْهِ: کسی کو مار سے بچانے کے لئے اس پر چھا جانا۔

جَنَبَهُ (ن) جَبًا: دفع کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دُور کرنا۔ پہلو پر مارنا۔ تم کہتے ہو "ضربه فَجَنَبَهُ": اس نے اسے مارا اور پہلو پر مارا۔ "وجَنَبَهُ الشيءَ": کسی سے کوئی چیز دور کرنا (..... جَنْبًا ومَجْنَبًا) البعيرَ: کوتل ہانکنا۔ صفت مفعولی (جَنِيب ومُجَنَّب ومجنُوب) مؤنث جَنِيبَة: کہا جاتا ہے "فرس جَنِيب

marfat.com
Marfat.com

وخیل جناب" (..... جُنُوبًا) الریحُ: جنوبی ہوا چلنا۔

جَنَبَ (ن) جَنبًا وجَنِبَ (س) جَنَبًا. الیہ: مائل ہونا، متاثر، مضطرب ہونا۔

جَنَبَ (ن س ض) جَنابةً. الرَّجُلُ: ناپاک ہونا۔

جُنب: پہلو میں درد والا ہونا۔ جمع الاحق ہونا صفت (مَجْنُوب) (. واجْنَبَ واجْنَبَ) القومُ: جنوبی ہوا لگنا۔

جَنَبَه وتَجْنِيَةً وتَجَانَبَهُ واجْتَنَبَهُ: دور ہونا۔

جَنِيبَةُ الشیٔ: کسی سے کوئی چیز دُور کرنا۔

جَانِبَهُ: پہلو میں چلنا۔

اَجْنَبَهُ: دور کرنا۔ اَجْنَبَ الرَّجُلُ: دور ہونا۔ اِسْتَجْنَبَ: ناپاک ہونا۔

الجَنْب: مص..... ج اَجناب وجُنُوب: پہلو۔ جہت۔ جانب۔ تم کہتے ہو "قَعَدتُ الی جَنْبِ فلانٍ والی جَانِبِهِ وجَنَابِهِ" میں فلاں کے پہلو میں یا اس کی جانب میں بیٹھا۔

جارُ الجنب: ہمسایہ جو پہلوئی میں ہو۔

ذات الجَنْب: نمونیہ۔

الجَنَب: مص..... کچھ لنگڑا پن۔

الجُنُب: غیر فرماں بردار۔ اجنبی۔ مسافر۔ ناپاک (واحد تثنیہ جمع مذکر ومؤنث سب کے لئے مستعمل ہے) الجار الجُنب: ہمسایہ جو غیر قوم کا ہو)

الجَنِب: گوشۂ نشین۔ اجنبی۔ مسافر۔ بھیڑیا۔ وجملٌ جَنِبٌ: مہماتوں کے ڈر سے راستہ میں کتر اکر چلنے والا۔

الجَنْبَة: گوشۂ نشینی۔ جانب۔ الجَنْبَة من النبات: ہر وہ جو درخت سے چھوٹا اور بیل سے بڑا ہو ج جُنَب۔ جَنَبَا الانف وجَنَبَاه وجَنَابَاه: ناک کے دونوں طرف۔

الجَنِيبَة: وہ چیز جس سے پرہیز کیا جائے۔

الجَانِب: فا۔ غیر فرمانبردار۔ مسافر۔ گھوڑا۔ جس کے دونوں قدم کا فاصلہ دور ہو ج جُنَّاب انسان کا پہلو۔ گوشہ۔ جانب۔ ج جوانب کہا جاتا ہے "هو لَيِّن الجانب": وہ معیشت کے لحاظ سے نرم ہے۔ "هُوَ رَقِيقُ الجَانِب": وہ لطیف ہے۔

الجَنَاب: محن۔ گوشۂ قوم کے محلہ سے جو قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَخْصَبَ جَنَابُ القوم": قوم کا مقام سرسبز وشاداب ہے۔ و "فُلان خصيبُ الجَنابِ أوْ جَدِيبُه": فلاں سرسبز ہے یا قحط زدہ ہے۔ ج اَجْنِبَة۔

الجناب: جَانَبَ: کا مصدر۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ طويل الجَنَاب" آسانی سے تابع ہونے والا گھوڑا۔

الجَنَاب: نمونیہ کی بیماری۔

الجَنُوب: دکھن۔ دکھنی ہوا۔ ج جَنَائِب۔

الجَنِيب: نمونیہ کی بیماری میں مبتلا۔ فرمانبردار۔ ایک قسم کی عمدہ کھجور۔

الجَنِيبَة: کرمل گھوڑا۔

الجَنَابِ: پہلو میں چلنے والا ساتھی۔

الأجْنَب ج اَجَانِب: غیر فرمانبردار۔ (الأجْنَبُ والأجْنَبِيُّ): مسافر۔

المُجْنِب: بہت خیر ہو یا شر۔ کہا جاتا ہے "إنَّ عندنا خيرًا مُجْنِبًا وشرًا مُجْنِبًا": ہمارے نزدیک بہت خیر اور بہتر شر ہے۔

المُجْنِب: پردہ۔ ڈھال۔

المُجَنِّبَة: فوج کا ہراول۔

المُجَنِّبَان: من الجيش: فوج کا میمنہ ومیسرہ۔

الجُنْبَة: انار کی کلی۔ غنچہ نا شگفتہ۔

الجُنَيْبِل: لکڑی کا پیالہ۔

تَجَنَّبَ: الرَّجُلُ: غیر قوم میں سے ہونے کا دعویٰ کرنا..... عَلَيْه: محبت کرنا۔ مہربانی کرنا..... الطائرُ: پر پھیلا کر بیٹھنا۔

المُجَنِّبِي: عمدہ لوہا۔ گھوڑا۔ ج مُجَنِّبِيَّة: زرہ ساز۔

جَنَبَ (ف ن ض) جُنُوبًا. الیہ: مائل ہونا..... المفازةَ: کم پانی میں پہنچ کر زمین سے لگ جانا..... اللیلُ: آنا (ض) جَنْبًا الطائرُ: بازو پر مارنا۔

جَنَّحَهُ: بازو بنانا..... الرجلَ: گناہ کی نسبت کرنا۔

اَجْنَحَ واجْتَنَحَ واسْتَجْنَحَ. الیہ: مائل ہونا۔ جھکنا۔

اَجْنَحَهُ واسْتَجْنَحَهُ: جھکانا۔

تَجَنَّحَ واجْتَنَحَ: ایک پہلو پر جھکنا۔

الجَنِح: جانب۔ پناہ۔ کنارہ۔

الجَنِح والجَنَح. من اللیل: رات کا ایک حصہ۔ جَنِح الطریق: راستہ کا کنارہ۔

الجَنَاح: پر مرغے کا بازو..... من الانسان: ہاتھ اور بغل اور بازو اور پہلو۔ پناہ اور اسی سے ہے "انا فی جَنَاحِ فلان": میں فلاں کی پناہ میں ہوں۔ کنارہ۔ ہر چیز کا ایک حصہ۔ ج اَجْنِحَة واَجْنُحَة: کہتے ہیں "زَكَبُوا جَنَاحِي الطَّائِر" لوگ اپنے دشمن سے جدا ہو گئے "رَكِبَ جَنَاحِي النَّعَامَة": اس نے معاملہ میں کوشش کی اور جلدی کی "وهو مَقْصُوصُ الجَنَاح": وہ عاجز ہے۔

الجُناح: گناہ اور اسی سے ہے "لا جُنَاحَ عليك": تمہارا کوئی گناہ نہیں۔ چیز کا ایک حصہ۔

الجَانِح: فا۔ جانب۔ ج جَوَانِح:

الجَوَانِح: پسلیاں۔ واحد (الجانِحة)

جُنْد. الجيوشُ: فوج جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "جُنُودٌ مُجَنَّدة": جمع شدہ لشکر.....

تَجَنَّدَ: فوجی سپاہی بننا۔ فوج تیار کرنا..... للامر: فارغ ہونا۔

الجُنْد: لشکر۔ ج اَجْنَاد وجُنُود: واحد (جُنْدِی) الجُنْد: شہر۔ ج اَجْنَاد. الشَّام: دمشق، حمص، قنسرین اردن اور فلسطین۔

الجَنْد: سخت زمین۔ پتھر جوٹی کے مشابہ ہو۔

الجُنْدار: باڈی گارڈ۔ محافظ فوج۔ ج جَنَادِرَة (جدید)

جَنْدَزَ. الكتابَ: مٹے ہوئے پر قلم پھیر کر روشن کرنا۔

الجُنْدُب والجُنْدَب: ایک قسم کی ٹڈی۔ عوام اسے فُوطٌ: کہتے ہیں۔ ج جَنَادِب.

جَنْدَلَكَ: پچھاڑنا۔

marfat.com
Marfat.com

الجَنْدَل: بڑی چٹان۔ واحد جَنْدَلَة: ج جَنادِل.
جَنَزَهُ (ض) جَنْزًا: چھپانا۔ جمع کرنا۔
جُنِزَ: مرنا اور تابوت میں رکھا جانا۔
جَنَّزَ المیّت: تابوت میں رکھنا۔
الجَنْز: مٹی کا چھوٹا سا گھر۔
الجَنازَة والجِنازَة: میت۔ میت کا تابوت۔ میت کے دفن میں جانے والے۔ مجلس ماتم۔ شراب کی مشک۔ ج جَنائِز.
الجَنائِزی: مُردوں کے آگے آگے پڑھنے والا۔
الجِنْزار والجِنْزِیر: تانبے کا زنگار۔ (جدید)
الجَنْزِیر: زنجیر۔
جَنَسَ (ن) جَنْسًا. الثمرُ: بالکل پک جانا۔
جَنِسَ (س) جَنَسًا. الماءُ ونحوه: جم جانا۔
جَنَسَهُ. به: مشابہ ہونا۔
جَانَسَهُ جِناسًا ومُجانَسَةً: مشابہ ہونا۔ ہم جنس ہونا اور اسی سے ہے "فلان یُجانِسُ البهائم" فلاں چوپاؤں کے مشابہ ہے۔ یعنی اسے عقل وتمیز نہیں۔
تَجانَسا: ہم جنس ہونا اور اسی سے ہے "ومع التَّجانُس التَّآنُس": ہم جنس کے ساتھ انسیت ہے۔
الجِنْس: ماہیت جو انواع متعددہ کو شامل ہو جیسے انسان اور گھوڑے کے لئے حیوانیت۔ قسم۔ ج أجْناس.
الجَنَس: جما ہوا پانی۔
الجَنِیس: اپنے جنس کے اندر اصل۔
الجِنْسِیَّة: جنس کی حالت یا ماہیت۔
الجِناس. فی البدیع: علم بدیع کی اصطلاح میں دو کلموں کا کلا یا بعضا: مشابہ ہونا۔
جَنَشَ (ن) جَنْشًا. الیه: کودنا۔ متوجہ ہونا ..... منه: گھبرانا۔
جَنَصَ: خوف سے بھاگنا۔ بَصَرَه: گھورنا۔ تیز نظر ڈالنا۔ جَنَصَ الطریقُ بالناسِ: تنگ ہونا۔ جَنَصَ: مرنا۔
جَنَفَ (ض) جُنُوفًا وجَنِفَ (س) جَنَفًا. عن الطریق: راستہ سے علیحدہ ہونا۔ (وأجْنَفَ) فی وصیته: ظلم کرنا۔ صفت (جَنِفٌ وأجْنَفُ)
جَانَفَ جِنافًا. أهْلَه: غصہ کی وجہ سے علیحدہ ہونا۔
تَجانَفَ. للاثم: مائل ہونا ..... عن الطریق: الگ ہونا۔
الجَنَف: ظلم۔ حق وانصاف سے تجاوز۔
الأجْنَف: خمیدہ پشت۔ مؤنث جَنْفاء: ج جُنْف.
المِجْنَف: طبعاً حق سے اعراض کرنے والا۔
جَنَقَ (ض) جَنْقًا وجَنَّقَ. الحجر: گوپھن سے پھینکنا۔
المَنْجَنِیق: گوپھن۔ فلاخن۔ لڑائی کا ایک آلہ جس سے پتھر پھینکا کرتے تھے۔ ج مَجانِق ومَجانِیق ومَنْجَنِیقات.
الجُنْک: ایک قسم کا باجا۔ ج جُنُوک.
جَنَی (ض) جَنْیًا وجَنًی. الثمر: درخت سے پھل توڑنا۔ کہا جاتا ہے "جَنَی الثمرةَ له وجَناهُ إیّاها". (جَنْیًا) الذهب: کان سے نکالنا۔ (جِنایة): گناہ کرنا۔ صفت (جانٍ) ج جُناة وأجْناء وجُناء: مؤنث جانِیَة ج جَوانٍ وجَانِیات.
أجْنَى. الشجر: پکنا۔ أجْنَتِ الأرضُ: زیادہ پھل یا زیادہ پیداوار والی ہونا۔
جَانَى مُجانَاةً وتَجَنَّى. علیه: ناکردہ گناہ کی نسبت کرنا۔ (تَجَنَّى واجْتَنَى) الثمرَ: چننا۔ توڑنا۔ "اجتنى ماءَ المطر": گھاٹ پر آکر پانی پینا۔
الجَنَى: چنا ہوا (پھل ہو یا سونا یا شہد وغیرہ) ج أجْناء وأجْنٍ. ثمر (جَنِیٌّ): تازہ چنا ہوا پھل۔
الجَناة: ہر وہ چیز جو چنی جائے۔
الجَنِیَّة: گناہ۔ ریشم کا کیڑا۔
المَجْنَى: مصدر میمی بمعنی چننا۔ چننے کی جگہ جس سے پھل وغیرہ چنا جائے جیسے درخت ج مَجانٍ.
الجَهْبَذ: پرکھنے والا۔ دانا۔ ج جَهابِذَة.
الجَهْبَر: شیرنی۔
الجَهَب: بدصورت چہرہ۔
المِجْهَب: بے حیاء۔
الجَهْبُوق: چوہے کی مینگنی۔
جَهْجَهَ. بالسبع: روکنے کے لئے چیخنا چلانا۔
تَجَهْجَهَ. عنه: باز رہنا۔
المُجَهْجِه: شیر۔
جَهَدَ (ف) جَهْدًا. فی الامر: بہت کوشش کرنا ..... بالرجل: امتحان کرنا۔ جَهَدَهُ المرضُ: لاغر کرنا۔ جَهَدَ اللبنَ: سارا مکھن نکال لینا۔ (..... وأجْهَدَ) الطعامَ: خواہش کرنا۔ جَهَدَا وأجْهَدَ الدابة: طاقت سے زیادہ لادنا۔ أجْهَدَ المالَ: بکھیرنا۔ فنا کرنا۔ أجْهَدَ الحقُّ: ظاہر ہونا۔ أجْهَدَ فیه الشیبُ: اچھی طرح بڑھاپا ظاہر ہونا۔ أجْهَدَ فی الأمر: احتیاط کرنا۔ أجْهَدَ عَلَیْنا العَدُوُّ: دشمنی میں پوری کوشش کرنا۔ أجْهَدَ الامرُ لزیدٍ: ممکن ہونا۔
جُهِدَ: پوری کوشش کرنا۔ غمگین ہونا۔ لاغر ہونا۔
جَهِدَ (س) جَهَدًا. عیشُهُ: زندگی کا مکدر ہونا۔
جَاهَدَ مُجاهَدَةً وجِهادًا: پوری طاقت صرف کرنا۔ کہا جاتا ہے "جاهِدُوا فی اللّٰه حَقَّ جِهادِهِ": اللہ کے راستہ میں پوری طرح کوشش کرو جیسا کہ کوشش کا حق ہے ..... العَدُوَّ: جنگ کرنا۔
تَجاهَدَ واجْتَهَدَ. فی الامر: کوشش کرنا اور پوری طاقت صرف کرنا۔
اِسْتَجْهَدَ. فی الامر: غور کرنا۔
الجُهْد والجَهْد والمَجْهُود: طاقت۔ استطاعت۔ کہا جاتا ہے "بَذَلَ جُهْدَه

marfat.com
Marfat.com

وَمَجْهُوْدَةٌ". اس نے اپنی طاقت صرف کی۔ مشقت۔ قرآن میں ہے "اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ" انہوں نے بہت زور لگا کر قسم کھائی۔

الْجَاهِد: قاہ۔ بے خوابی والا۔ کہا جاتا ہے "جَهْدٌ جَاهِدٌ": جیسے "لَيْلٌ لَائِلٌ" و "شعر شاعر۔

الْجَهَاد: سخت زمین جس میں پیداوار نہ ہو۔ج جُهُد۔

الْجِهَاد: مص۔ دین کی حفاظت اور اللہ کے کلمہ کو بلند کرنے کے لئے جنگ۔

الْجَهْدَان: وہ شخص جس کو مشقت لاحق ہو۔

الْجَهِيْد: جانوروں کی پسندیدہ چراگاہ۔ کہا جاتا ہے "مَرْعًى جَهِيْدٌ"۔

الْجُهَادِيّ: انتہائی۔ کہا جاتا ہے "جُهَادِيُّ اَن تفعل كذا": تمہاری انتہائی کوشش ہے کہ تم ایسا کرو۔

الْجُهْدِيّ: کوشش۔ پوری کوشش۔ کہا جاتا ہے "لَابلغن جُهْدِيْ فی الامر": میں معاملہ میں اپنی طرف سے پوری کوشش کروں گا۔

جَهَرَ (ف) جَهْرًا وجُهَارًا وجَهْرَةً. الامر وبالأمر: اعلان کرنا۔ بالقَوْل: آواز بلند کرنا۔ الصوت: بلند کرنا۔

الرجل: بے پردہ دیکھنا۔ دیکھنا اور آنکھوں میں بڑا معلوم ہونا۔ تعظیم کرنا۔ القوم: دیکھ کر زیادہ سمجھنا۔ الشیٔ: کسی چیز کو کھول کر اندازہ کرنا۔ الارض: بغیر جانے بوجھے چلنا۔ الشیٔ فُلانًا: ہیبت و جمال سے حیرت میں ڈال دینا۔ الامر: ظاہر ہو آشکار ہونا۔ البقاء: بمشکیزہ میں بلو کر مکھن نکالنا۔

جَهِرَت (س) جَهْرًا. العَيْن: سورج سے چندھیا جانا۔

جَهُرَ (ک) جَهَارَةً. الصوت: بلند ہونا۔ صفت (جَهِير وجَهْم). الرَّجُل: دیکھنے والے کی آنکھ میں بڑا معلوم ہونا۔

جَاهَرَهُ مُجَاهَرَةً وجِهَارًا. بالشَّیْء: کھلم کھلا ظاہر کرنا۔ بالقراءة: بلند آواز سے پڑھنا القوم بالامر: غلبہ کی کوشش کرنا۔

اَجْهَرَ. الاهرُوْبه: اعلان کرنا۔ بالقراءة: بلند آواز سے پڑھنا۔ الرَّجُل: بھینگے پن یا صاحب جمال بچوں کا باپ ہونا۔

تَجَاهَرَ. بالامر: ظاہر کرنا۔

اِجْتَهَرَ. القوم: تعداد میں بہت سمجھنا۔ الرجل: کھلم کھلا دیکھنا اور بڑا سمجھنا۔ البئر: صاف کرنا۔ الشیٔ فُلانًا: ہیبت و جمال سے حیرت میں ڈال دینا۔

الجَهْر. مص۔ چوڑا ہونا۔ زمانہ کا ایک حصہ۔ تم کہتے ہو "كلمته جَهْرًا وبالجهر": میں نے اس سے کھلم کھلا گفتگو کی۔ "وَلَقِيْتُه جَهْرًا": میں نے اس سے رودرو ملاقات کی۔

الجُهْر: ہیئت۔ حسین منظر۔

الجِهَار: مص۔ تم کہتے ہو "لَقِيْتُه جِهَارًا" میں نے اس سے رودرو ملاقات کی۔

الاَجْهَر: سورج کی روشنی سے چندھیانے والا۔ خوبصورت ہیئت والا۔ مؤنث (جَهْرَاءُ): ج جُهْر۔

جَهْوَر. الصوت: بلند وقوی آواز والا۔ ج جُهُر۔

الجَهِير: خوبصورت۔ بھلائی اور نیکی کے لائق۔ من اللبن: بے پانی کا دودھ۔ کلام جَهِير: بلند گفتگو۔ اِمرأة جَهْوَرة: بلند آواز والی عورت۔ کہا جاتا ہے "هو عَفِيْف الشِّرَّة والجَهِيْرَة" وہ ظاہر و باطن کے لحاظ سے پاک دامن ہے۔

الجَهْوَرِيّ: بلند آواز کی صفت میں واقع ہونا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَصْوَت جَهْوَرِيٌّ": بلند آواز اور بلند آواز والے کو کہتے ہیں "رجل جَهْوَرِيّ"۔

المِجْهَر والمِجْهَار: وہ شخص جس کی عادت بلند آواز سے گفتگو کرنے کی ہو۔

المِجْهَر: خوردبین (Microscope)

جَهَزَ (ف) جَهْزًا وأَجْهَزَ. علی الجريح: ناوک الگا۔

جَهَّزَ. تیار کرنا۔ مہیا کرنا۔ الميت: کفن دفن کا سامان کرنا۔ العروس: جہیز کا سامان تیار کرنا۔

تَجَهَّزَ. للسفر: سامان مہیا کرنا۔ (واِجْتَهَزَ) للامر: آمادہ ہونا

الجِهَاز والمَجْهَاز. لليت وللمسافر وللعروس: ضروری سامان۔ من جسم الانسان: اعضائے انسانی جن کی کوئی خاص غرض ہو۔ جیسے اعضائے تنفس۔ یا آلات ہضم۔ ج اَجْهِزَة وأَجْهِزَات۔

الجَهَزَاء: بلند زمین۔

الجَهِيز. من الخيل: ہلکا چلکا۔ موٹ (جَهِيز ومُجَهَّز): تاکہائی موت۔

جَهِيزَه: ایک عورت کا نام ہے۔ ایک مثل ہے "قَطَعَتْ جَهِيزَة قَوْلَ كُلِّ خَطِيب" اس کا واقعہ یوں ہے کہ کچھ لوگ دو قبیلوں کے درمیان ایک خون کے معاملہ میں صلح کرانے کے لئے تقریر کر رہے تھے تاکہ اولیاء مقتول کو دیت لینے پر راضی کر دیں کہ اتنے میں جہیزہ نے کہا کہ مقتول کے ولی نے قاتل کو پکڑ لیا اور قتل کر دیا۔ تو لوگوں نے کہا کہ "قَطَعَتْ جَهِيزَه قَوْلَ كُلِّ خَطِيب" یعنی اب دیت اور مقدار دیت کے بارے میں گفتگو کی ضرورت نہیں کہ قاتل کے قتل کے بعد دیت کہاں۔

جَهَشَ وجَهِشَ (س) جَهْشًا وجُهُوْشًا وجَهَشَانًا. الیه: روتے ہوئے یار دانسا ہو کر کسی سے فریاد کرنا۔

جَهِشَ (س) جَهَشَانًا. منه: ڈرنا اور بھاگنا۔

اَجْهَشَ. الیه: روتے ہوئے یار دانسا ہو کر فریاد کرنا۔ "اَجْهَشَتِ النفسُ": الحنا۔

اَجْهَشَهُ: جلدی کرانا۔

الجَهْشَة: آنسو (۔۔۔ والجَاهِشَة): لوگوں کی جماعت۔

marfat.com
Marfat.com

الجَهْوَش: تیز رفتار۔
جَهَضَهُ (ف) جَهْضًا: غالب ہونا۔ عن کذا: دور کرنا۔ منع کرنا۔
اَجْهَضَهُ. عن الامر: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا ..... ہ عن مکانہ: اٹھانا ..... فلانًا: پھسلانا۔
اَجْهَضَتِ المرأة: حمل گرا دینا۔
جَاهَضَه: بازر کھنا۔ جلدی کرانا۔
الجَاهِض: تیز طبیعت۔ مؤنث (جَاهِضَة) ج جَوَاهِض.
الجَاهِضَة: گدھے کا ایک سالہ مادہ بچہ۔
الجُهُوْضَة والجَهَاضَة: تیز طبیعت۔
الجَهِض والمُجْهَض والجَهِيْض: ساقط شدہ بچہ۔
الجَهَّاضَة: عمر رسیدہ مادہ حیوانات۔
المِجْهَاض. من الاناث: اسقاط کی عادت والی عورت۔ ج مَجَاهِيض.
جَهِلَ (س) جَهْلاً وجَهَالَةً: نہ جاننا۔ اَن پڑھ ہونا ..... علیہ: بے وقوف بننا۔ بے وقوف ہونا۔ اجڈ پن کرنا۔ صفت (جَاهِل) ج جُهَّل وجُهَّال وجُهَلاء وجُهْل وجُهُل وجَهَلَة. جَهِلَ الحَقَّ: ضائع کرنا۔ جَهِلَتِ القِدْرُ: بہت اُبلنا۔
جَهَّلَهُ: جہل کی نسبت کرنا۔
جَاهَلَهُ: نادانی میں مقابلہ کرنا۔ بدسلوکی کرنا اور اسی سے ہے "رایتُ منهما مُجَاهَلَةً ثُمَّ انْقَلَبْتُ مُجَاهَلَةً" میں نے ان دونوں سے خوش معاملگی دیکھی پھر وہ بدمعاملگی ہوگئی۔
تَجَاهَلَ: تکلف نادانی ظاہر کرنا۔
اِسْتَجْهَلَهُ: جاہل۔ سمجھنا۔ حقیر سمجھنا۔ "اِسْتَجْهَلَتِ الريحُ الغصنَ" ہلانا۔
الجَهْلَة: نادانی۔
الجَاهِلِيَّة: نادانی کی حالت۔ ملک عرب میں اسلام سے پہلے کی بُت پرستی۔ جاہلیت کا اطلاق عرب کے اُن احوال پر ہے جو اسلام سے پہلے تھے۔
الجَهُوْل: ناتجربہ کار جاہل۔ ج جُهَلاء.
المِجْهَل والمِجْهَلة: انگاری ہلانے کی لکڑی۔ کریلی۔
المَجْهَلة: سبب نادانی۔
المَجْهَل: بغیر نشان کا جنگل۔ ج مَجَاهِل.
المَجَاهِل: نادانیاں۔ واحد جَهْل اور اسی سے ہے "اِنَّا لَنَصْفَحُ عَنْ مَجَاهِلِ قومِنَا" ہم اپنی قوم کی نادانیوں سے درگزر کرتے ہیں (الفعل المجهول): فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ ناقة (مُجْهُولَة): بے داغ والی اُونٹنی۔
جَهُمَ (ک) جَهَامَةً وجُهُوْمَةً: ترش رو ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ صفت (جَهِم)
جَهَمَه وجَهْمَه (ف س) جَهْما وتَجْهَمَهُ وتَجَهَّمَ لَهُ: ترش روئی سے پیش آنا۔ کہا جاتا ہے "تَجَهَّمَهُ اَمَلُهُ": جبکہ اپنی آرزو میں کامیاب نہ ہو۔
اَجْهَمَ. السَّحَابُ: بے بارش کے بادل والا ہونا۔
اِجْتَهَمَ: رات کی آخری چوتھائی کی ابتداء میں داخل ہونا یا چلنا۔
الجُهْمَة والجَهْمَة: رات کے آخری حصوں کی ابتداء۔ الجَهْمَة: بڑی دیگ۔
الجَهْم والجَهُوْم: عاجز وضعیف۔ الجَهْم: شیر۔
الجَهَام: بے بارش کا بادل۔
الجَيْهَمَان: زعفران۔
جَهَنَ (ن) جُهُوْنًا: قریب ہونا۔
الجَهْن: ترش روئی۔
جارية (جُهَانَة): نوجوان لڑکی۔
جَهَنَّم: دوزخ (غیر منصرف)
جَهِيَ (س) جَهًا. البيتُ: اُجاڑ ہونا۔ ویران ہونا۔ صفت (جَاهٍ)
جَهِيَ. الجُرْح: کشادہ کرنا۔
جَاهَى مُجَاهَاةً. فلانًا: فخر میں مقابلہ کرنا۔
اَجْهَى اِجْهَاءً. الطريق: واضح ہونا ..... السماءُ: بادل کھل جانا ..... علیه: بخل کرنا ..... الطريقَ: واضح کرنا۔ البيتَ: بے پردہ بنانا۔ المرأة على زوجها: حاملہ نہ ہونا۔
الاَجْهَى: کنجا (..... والمُجْهِي) من البيوت: بغیر چھت والا مکان۔ مؤنث جَهْوَاء. خباء مُجْهٍ: بغیر پردے کا خیمہ۔
سَمَاءٌ جَهْوَاء: کھلا ہوا آسمان۔
جَابَ (ن) جَوْبًا وتَجْوَابًا. البلادَ: طے کرنا۔ جَابَ الثوب جوبًا: کاٹنا۔ الصخرة: چٹان کو تراشنا۔
جَابَ (ن) جَوْبًا وجَوْب. الثوب: گریبان بنانا۔ جَوْب الشَّيْءَ: بیچ سے کاٹنا۔
جَاوَبَهُ مُجَاوَبَةً: گفتگو کرنا۔ جواب دینا۔
اَجَابَهُ اِجَابَةً واِجَابًا واَجَابَ سؤاله وعن سؤاله والى سؤاله: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "اَجَابَه الى حاجته": اس کی حاجت پوری کرنے کے لئے خوشی سے آگے بڑھا۔
واَجَابَتِ الارضُ: اُگانا۔
تَجَاوَبُوْا: ایک دوسرے کو جواب دینا۔ باہم گفتگو کرنا۔
اِنْجَابَ. الثوبُ: پھٹنا ..... السحابةُ: کھل جانا۔
اِنْجَابَ. البلادَ: طے کرنا ..... الصخرةَ: چٹان کو تراشنا ..... البئرَ: کھودنا ..... القميصَ: پہننا۔
اِسْتَجَابَهُ واِسْتَجَابَ لَهُ اِسْتِجَابَةً واِسْتَجْوَبَهُ واِسْتَجْوَبَ لَهُ اِسْتِجْوَابًا: جواب دینا ..... اللّٰهُ فلانًا ولفلان ومن فلان: دعا قبول کرنا۔
الجَوْب: مص۔ عورت کی قمیص۔ بڑا ڈول۔ انگیٹھی۔ ج اَجْوَاب (والمِجْوَب): ڈھال۔
الجَوْبَة: گڑھا۔ گھروں کے درمیان خالی جگہ۔ ج جُوْب.
الجَوَاب: جواب۔ ج اَجْوِبَة وجَوَابَات.
الجَابَة: قبولیت۔ کہا جاتا ہے "اَسَاءَ سَمْعًا فَاَسَاءَ جَابَةً": اس نے بُرے طریقے سے سنا اور بُرے طریقے سے قبول کیا۔
الجَوَّاب: بہت طے کرنے والا۔ حریری کا قول ہے "جَوَّابُ آفَاقٍ تَرَامَتْ سَفْرَتُه".

marfat.com
Marfat.com

آقاں کو طے کرنے والا ہے اس کا سفر اس کو پھینکتا رہتا ہے۔

الحَجِیَّۃ: جواب کی کیفیت۔

الحَجَاجِب فا. حَاجِبُ العین: شیر۔

الحَجَانِیَۃ: پھیلنے والی خبر۔ کہا جاتا ہے "ھَلِ عندک من حجانیۃ خبر": کیا تمہارے نزدیک کوئی ایسی خبر ہے جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتے ہوئے تمہارے پاس پہنچی ہو۔

المُحَجَّوْنَۃ: جواب۔

حُجُوت اَو قُبَّب کَلُکُوتَا اَو قُبَّب ھِنْدِی: جنوبی ایشیا میں پائی جانے والی پٹ سن جس سے بوریاں بنائی جاتی ہیں اور رسیاں بنی جاتی ہیں۔

المِحْجَوب: ڈھال۔

المِحْجَواب: بھاڑنے والا آلہ۔

حَجُوت (ن) حَجْوًا: اوپر سے بڑے اور نیچے سے لگے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صف (اَحْجَوْت) مؤنث حَجْوَاء ج حُجُوْت.

الحَجُوْت والحَجُوْتَاء: بکری کا اوجھ۔

حَاجَ (ن) حَجْوًا: راہ راست سے ہٹ جانا۔ (حَاجَہ حَجْوًا وحِیَاجَۃً وأَحْیَاجَہ واِحْیَاجَہ): جڑ سے اُکھیڑنا۔ ہلاک کرنا۔

الحَیْجَاحَۃ: ہلاکت۔ ہلاکت۔ بڑی مصیبت۔

سنۃ حَائِجَۃ: خشک سال۔ ج حَوَائِجَات وحَوَائِج.

الأَحْوَج: کشادہ۔ مؤنث حَوْجَاء ج حُوْج الحَوْج: تربوز۔

الحَوْجَاء: سختی ومصیبت۔

حَاجَ (ن) حَجْوًا وحَوْجًا: السیل الوادی: کناروں کو بہالے جانا۔ حَجَّحَہ: بھاڑنا۔ اُکھیڑنا۔

تَحَجَّحَ: بھاڑا جانا۔ اُکھیڑا جانا۔ تَحَجَّحَتِ المِعْزَ: بکری کا پھٹنا اور بہہ پڑنا۔ القرحۃ: زخم کا پھٹنا اور بہہ پڑنا۔

الحَجْوَح: اُون کا بُنا ہوا کپڑا۔ ج أَحْجَوَاح. الحُجْوَحَۃ: اُونی کپڑے کا ٹکڑا۔ گڑھا۔

جَادَ (ن) جَوْدَۃً وجُوْدَۃً: عمدہ ہونا۔ اچھا بنانا۔..... وجَوْدَ وأَجْوَدَ بالفرس: تیز رفتار ہونا۔

جَادَۃً (ن) جَوْدًا: بخشش میں غالب ہونا ..... الھوی: غالب ہونا۔ (..... جُوْدًا) علیہ: بخشش کرنا۔ صفت جَوَاد ..... بالمال: خرچ کرنا ..... بنفسہ: جان دینا۔ کہا جاتا ہے "اِنّی لأَجُاد الی لقائک" میں تمہاری ملاقات کا مشتاق ہوں۔ (..... جُوْدًا وجُوُوْدًا) العینُ: بہت آنسوؤں والی ہونا ..... المطرُ: بہت بارش ہونا۔ صفت (جَادِّۃ) ج جَوْد.

جَیْدَت. الارضُ: زمین پر کثیر بارش ہونا۔

جَیِّدُ الرَّجُلُ: ہلاکت کے قریب ہونا۔ یاسا ہونا۔

جَوْدٌ. الشیءُ: خوبصورت بنانا۔ عمدہ بنانا ..... فی عدوہ: تیز دوڑنا ..... القاریُ: فن تجوید کے لحاظ سے پڑھنا۔

جَاوَدَہٗ مُجَاوَدَۃً: بخشش کرنے پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

أَجَادَ: اچھا بنانا ..... بالولد: فیاض بچے کا باپ ہونا۔ أَجَادَہٗ النفقۃ: کمرے کے دینا۔

(وأَجْوَدَ) الشیء: عمدہ بنانا۔ أَجَادَ الرجلَ: قتل کرنا۔ أَجْیَدَتِ الارضُ: زمین پر کثیر بارش ہونا۔

تَجَوَّدَ: عمدہ چیز کا انتخاب کرنا ..... فی صنعتہ: صنعت میں عمدگی سے کام کرنا۔

تَجَاوَدَ. القومُ: ید یکدیگر کہ جود کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ یَتَجَاوَدُوْنَ الحَدِیْثَ": وہ دیکھتے ہیں کہ حدیث کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔

اِسْتَجَادَہٗ: عمدہ سمجھنا۔ اِسْتَجَادَ الأمیرَ: بخشش طلب کرنا۔

الجَادّ: باطل۔ کہا جاتا ہے "وقعوا فی ابنی جاد": وہ لوگ باطل میں مبتلا ہوگئے۔

الجَوْد: بھوک۔

الجَوْد: مص. الجَوْدِ المطر الجَوْد: بہت بارش۔

الجُوْدَۃ الجَوَادَۃ: پیاس۔

الجُوَاد: پیاس کا انتہائی مرتبہ جو باعث ہلاکت ہو۔

الجَیِّد: عمدہ۔ ج جِیَاد. و جمع ذات وجَیَائِد. (جَیَائِد اصل میں جَیَاوِد ہے واؤ کو ہمزہ سے بدل لیا گیا ہے اور یہ شاذ ہے)

الجَوَّاد: جَیِّ (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے رجلٌ جَوَادٌ وامرأۃٌ جواد. ج أَجْوَاد وأَجَاوِد وأَجَاوِیْد وجُوُود وجُوَدَۃ وجُوَدَاء. فرس جَوَاد: تیز رفتار گھوڑا۔ ج جِیَاد وأَجْیَاد وأَجَاوِیْد. کہا جاتا ہے "بِرُتُ إلَیہ جَوَادًا": میں اس کی طرف دوڑتا ہوا چلا۔ "وبِرْنا عقبۃ جواداً وعقبتین جوادین وعقبًا جیادًا": ہم دو رکی گھاٹی یا دو گھاٹی یا گھاٹیوں پر چلے۔

الجَوَّاد: بڑا فیاض۔

الأَجْوَد: اسم تفضیل۔ مؤنث جَوْدَاء: (خلاف قیاس) ج جُوْدٌ وأَجَاوِید.

الجَادِیَۃ: زعفران۔

التَّجْوِید. فی القرآۃ: قواعد فن قرأت کے مطابق پڑھنا۔

التَّجَایُد: مفید بارشیں (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

رجلٌ أوغاصر (مُجْیِد ومِجْوَاد): عمدہ کام کرنے والا مرد۔ جیدا شعار کہنے والا شاعر۔

المَجْوَد: بیاسا۔ قریب بہلاکت۔

جَارَ (ن) جَوْرًا. عن الشیء: ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "جَارَ عن الطریق": وہ راستہ سے ہٹ گیا ..... علیہ: ظلم کرنا۔ صفت (جَائِر) ج جَوَرَۃ وجُوَرَۃ وجَارَۃ (جَوْرًا): فریاد رسی چاہنا۔

جَوَّرَہٗ: ظلم کی طرف منسوب کرنا۔ بچھاڑنا۔

جَوَّرَ البِناء: کمزور کرنا۔

جَاوَرَ مُجَاوَرَۃً وجِوَارًا وجَوَارًا: پڑوس میں رہنا ..... المَسْجِد: اعتکاف کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

اجـــارَةً إجَـارَةً. من العذاب :بچانا۔ چھڑانا۔ پناہ دینا.....فلانًا :فریادرسی کرنا۔ ہ عن کذا :ہٹا دینا.....المتاعَ: حفاظت کے لئے برتن میں رکھنا۔

تَجَوَّرَ. الرَّجُلُ :پچھاڑا جانا.....علی الفراش: پہلو پر لیٹنا.....البناء :گر جانا۔ کہا جاتا ہے "تجوَّر خباءُ اللیل" یعنی تاریکی چھٹ گئی۔

تَجَاوَرَ واجْتَوَرَ. القومُ :ایک دوسرے کے پڑوس میں رہنا۔

اِسْتَجَارَ. فلانًا وبه :فریادرسی چاہنا۔ پناہ لینا۔ اِسْتَجَارَه مِنْ فُلانٍ :پناہ چاہنا۔

اِسْتَجْوَرَهُ :ظالم پانا۔

الجَوَّار :بہت گہرا پانی۔

الجَوَار :کسان۔

الجِوَّار :پڑوس۔ کہا جاتا ہے "أقَامَ فی جـــواره" اس نے اس کے پڑوس میں اقامت کی۔ امان و ذمہ داری۔ کہا جاتا ہے "هو فی جواری" :وہ میرے امن اور ذمہ داری میں ہے۔

الجَـار :پڑوسی۔ پناہ دینے والا۔ پناہ لینے والا۔ جِیران. وجِیرة و جوار وأجْوَار و (جَارُ النهر) :نیلوفر کے مشابہ ایک قسم کی نباتات۔

الـــجَارَة :پڑوسن۔ بیوی۔ سوکن۔ ج جَارَات الجَائِر :ظالم۔ بڑا ڈول۔

الجَوْر :ضد۔ ظلم۔

الـجَوْزُ. من الغیث :بہت کڑک والی بارش۔ مال جَوْزٌ :بہت مال۔ بازِلٌ جَوْزٌ :زور سے بلبلانے والا اونٹ۔

المُجَوَّر :گہرا۔

جَارُ النَّهْر :پانی میں پیدا ہوئی بوٹی۔

جَوْرَبَهُ :پائتابہ پہنانا۔

تَجَوْرَبَ :پائتابہ پہننا۔

الـــجَوْرَب :پائتابہ۔ ج جَـوَارِب وجَوَارِبَة :عوام الکلسة اور القلنسية کہتے ہیں۔

الجاوَرْس :باجرہ۔

جَـازَ (ن) جَـوْزًا وجُـوُوْزًا وجَـوَازًا ومَجَازًا. المكانَ وبالمكان :چلنا..... المكانَ :گزر جانا.....البيع :بیع کا پورا ہونا (..... جَوَازًا) الامرُ :جائز ہونا۔ کہا جاتا ہے "جازله ان يفعل كذا" اس کے لئے ایسا کرنا ممکن ہے.....الدرهمُ :رائج ہونا..... السهمُ الی الصَّيْد :شکار سے ہٹ کر نکل جانا.....عن الصَّيْدِ :شکار کو چھید کر نکل جانا۔

جَوَّزَ. الامر :جائز ٹھہرانا۔ الحكمَ :جائز سمجھنا۔ رايَهُ :جاری کرنا.....الابلَ :آگے سے ہانکنا یہاں تک کہ سب گزر جائیں۔ الدراهمَ :رائج کرنا۔

جَاوَزَ. المكانَ :آگے بڑھ جانا.....عن الذنب :درگزر کرنا.....الرجلَ :اجازت دینا۔

أجَازَ إجَازَةً. الشيءَ :جائز کرنا.....الرایَ: نافذ کرنا.....الرَّجُلُ :اجازت دینا۔ أجَازَهُ بالف درهم :انعام دینا.....علی اسمه : نام کا ٹھپا لگانا۔ الموضع :آگے بڑھ جانا۔ القاضی البَيع :نافذ کر دینا۔ أجَازَهُ العقبة : گھاٹی سے گزار دینا۔

تَجَوَّزَ. فی الامر :برداشت کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ فی الصلاة :اختصار کرنا۔ فی كذا : تھوڑی چیز پر اکتفاء کرنا۔ عنه :چشم پوشی کرنا۔ معاف کرنا۔ فی الكلام :مجاز بولنا .....الدراهمَ :کھوٹے قبول کر لینا۔

تَجَاوَزَ. عنه :چشم پوشی کرنا اور معاف کرنا۔ فی الشیء :افراط کرنا۔

إجْتَازَ :چلنا۔ بالمكان :گزرنا۔ من مكان الی آخر :عبور کرنا۔

اِسْتَجَازَ اِسْتِجَازَةً :اجازت طلب کرنا..... الامرَ :جائز سمجھنا۔

الـــجَائِز :قاضی۔ نافذ۔ روا۔ مباح۔ دو دیواروں کے اوپر رکھی ہوئی لکڑی۔ ج جَـوَائِـز وجُـوْزَان وجِيْـزَان وأجْوُز وأجْوِزَة.

الـــجَائِزَة. الجائز :کا مؤنث۔ عطیہ۔ انعام۔ پانی کا ایک گھونٹ۔ ج جَـوَائِز. جَوَائِز الاشعار والامثال :وہ اشعار یا کہاوت جو ایک شہر سے دوسرے شہر تک پھیل جائیں۔

الـــجَوْز :ضد۔ اخروٹ کا درخت۔ اخروٹ۔ واحد جوزة. الجَوزة :پانی کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

جَوْزُ هِنْدِی :ناریل۔

جَـوْز. الشیء :چیز کا وسط اور اکثر حصہ۔ کہا جاتا ہے "قَطَعُوا جَوْزَ الفَلاةِ" انہوں نے جنگل کا بڑا حصہ طے کر لیا۔ "مَـضَـى جَوْزُ اللَّيْلِ" رات کا بڑا حصہ گزر گیا۔ ج أجْوَاز.

الجَوْزَاء :آسمان کے ایک برج کا نام کالی بکری جس کے وسط میں سفیدی ہو۔

الجَوَاز :ضد۔ پروانۂ راہداری۔ عوام اس کو تذكرة السفر یا البسابورط کہتے ہیں۔ ج أجْوِزَة :پانی کی اتنی مقدار جس کو مسافر اپنے ساتھ لے اور دو چشموں کے درمیان کافی ہو۔

الجُوَاز :پیاس۔

الـــجِيْزَة :کنارہ۔ گوشہ۔ وادی کا کنارہ۔ پانی کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔ ج جِيَز وجِيْز.

الاجـــازَة :اذن۔ اجازت.....عند المحدثين :روایت کی اجازت لفظاً یا کتابتاً۔

الاجَـازَةُ : اَللِّيْسانس :سند۔ بی اے (گریجویشن) کی سند۔ محدثین کے نزدیک حدیث کو زبانی یا تحریری روایت کرنے کی اجازت۔

الـــجُـوَاز :ایک قسم کی منقش چادر۔ ج تجاوِيز.

المَجَاز :لفظ جو اپنے موضوع لہ کے علاوہ کسی دوسرے معنی میں کسی مناسبت سے استعمال کیا

marfat.com
Marfat.com

جائے۔ (.....والمَجازَة): راستہ۔ مَجازَة النهر: پل۔ المَجازَة: بہت اخروٹ والی زمین۔ کہا جاتا ہے "ارض مجازة"۔
جَوزُ القَوْقَل: مندی کھجور کی ایک قسم۔
جَوزَةُ العُنُق: گردن کے شروع میں ایک زخم جیسا ابھرا ہوا۔
المُجَوِّز: دکانوں والا آلہ موسیقی۔
جَاسَ (ن) جَوسًا وإجتَاسَ إجتِيَاسًا. النُّسَيُّ: بہت اتہاک سے تلاش کرنا۔ (.....جَوسًا وجَوَسَانًا) القومُ بين البيوت والسدور: گھروں کے درمیان فساد پھاڑ دینا اور ان کے اندر مال متاع کو ڈھونڈنا۔
جَاسَاه: دشمنی کرنا۔
الجَوَاس: قوم کے درمیان فساد مچانے والا شریر۔
جَوسَةُ النَاظِر: ٹکٹکی۔
الجَوسَق: محل۔ ج جَوَاسِق وجَوَاسِيق۔
جَاشَ (ن) جَوشًا: پوری رات چلنا۔
تَجَوَّشَ. الليلُ: کچھ حصہ گزر جانا..... في الارض: داخل ہونا۔
الجَوشَن: سینہ۔ زرہ..... من الليل: رات کا وسط یا ابتدائی حصہ۔ ج جَوَاشِن۔
جَاظَ (ن) جَوظًا وجَوظَانًا: بکثرت سے چلنا۔
جَوظٌ: ج جاظ ہے صبر ہونا۔ (وتَجَوُّظ): کوشش کرنا۔
الجَوَاظ: تنگ دلی۔ بے صبری۔
الجَوَاظ: بکثرت سے چلنے والا۔ اجڈ۔ بہت کھانے والا۔
الجَوَاظَة: بمعنی جَوَاظ: تاء مبالغہ کے لئے ہے۔
جَاعَ (ن) جَوعًا ومَجَاعَةً: بھوکا ہونا۔ صفت (جَائِع وجُوعَان) مؤنث جَائِعة وجُوعَى ج جَوَاع وجُوع..... اليه: مشتاق ہونا۔
جُوعَة تَجُوعُ وتَجُوعُ وأجَاعَهُ إجَاعَةً: بھوکا رکھنا۔ خوراک روکنا۔ کہا جاتا ہے "اَجَاعَ قِدرَه" اس نے اس کی ہانڈی کو نہیں بھرا۔
تَجَوَّعَ: تکلف بھوکا بننا۔
إستَجَاعَ إستِجَاعَةً: ہر وقت کچھ نہ کچھ کھاتے رہنا۔ کسی چیز کو کھانا اور سیر نہ ہونا۔
الجُوع والمَجَاعَة: بھوک۔ الجُوعُ الكَلبِي والجُوعُ البَقَرِي: معدہ کی ایک بیماری کا نام جس میں آدمی شکم سیر نہیں ہوتا اور اگر ہو جاتا ہے تو جلدی بھوک لگ جاتی ہے اور کہا جاتا ہے "عَامُ مَجَاعَةٍ ومَجْوَعَةٍ": بھوک کا سال۔ ج مَجَاعِيع۔
الجُوَعَة: اسم مرة۔ قبیلہ کا خالی ہونا۔
جَوِفَ جَوَفًا: کھوکھلا ہونا۔
جَالَفَ (ن) جَوفًا: گہرا کرنا..... ه بالطعنة: جوف میں نیزہ مارنا۔
أجَافَهُ. الطَعنَةَ وبالطَعنَة: جوف میں نیزہ مارنا..... الباب: بھیڑ دینا۔
جَوَّفَه: کھوکھلا کرنا۔ گہرا کرنا۔ جوف میں سے سب کچھ نکال لینا۔
تَجَوَّفَ: کھوکھلا کرنا۔ (تَجَوَّفَه وإجتَافَه): جوف میں داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "إجتَافَ الوحشي كِنَاسَه وتَجَوَّفَه" وحشی جانور اپنے بھٹ میں داخل ہو گیا۔
إستَجَافَ واستَجوَفَ إستِجَافَةً. الشَّيءُ: کشادہ ہونا۔ الشَّيءُ: کھوکھلا پانا۔
الجَوف: ص۔ پیٹ..... من البيت: اندرونی حصہ۔ ج أجواف۔
الجَوف: ص۔ کشادگی۔
الجَائِف: فا۔ جوف تک پہنچنے والی چیز۔ مؤنث جَائِفَه۔ الجَائِفَة: نیزہ کی مار جو جوف تک پہنچے۔ ج جَوَائِف۔
الأجوَف: کھوکھلا۔ کشادہ جوف والا۔ مؤنث جَوفَاء۔ ج جُوف. "الجُوفُ الله من الدِلاء": کشادہ اور کھوکھلا ڈول..... من القَضَاء او المشجر: اندر سے کھوکھلا۔ الفعل الأجوف: وہ فعل جس کا عین کلمہ حرف علت ہو۔ جیسے قال، باع۔
خَافٌ أجوَف: بڑا شریر۔
المَجوَف: بڑے جوف والا۔
السُمجوَف: کھوکھلا۔ رجل مُجوَف وأجوَف ومَجوُف): بزدل۔
المُستَجَاف: کشادہ جوف والا۔
الجُوَاف: ایک قسم کی مچھلی۔
جَوفَل: اشخاص یا اشیاء کو بذریعہ طیارہ منتقل کرنا۔
جَوِق (س) جَوَقًا. الوجهُ: ٹیڑے منہ والا ہونا۔ صفت (أجوَق وجَوِق) مؤنث جَوقَا ج جُوق۔
جَوَّقَ. القومُ: جمع کرنا..... عليه: شور مچانا۔
تَجَوَّقُوا: اکٹھا ہونا۔
الجَوق ج أجوَاق و(الجَوقَة): لوگوں کی جماعت۔
الأجوَق: موٹی گردن والا۔ أجوَق الفكّ: جبڑے ہوئے جبڑے والا۔
المُجوَّق: ٹیڑے جبڑوں والا۔
جَالَ (ن) جَولًا وجُولًا وجُؤُولًا وجَولَانًا وجِلَانًا وجَوَلَ تَجوَالًا. في المكان: چکر لگانا۔ گھومنا۔ جَالَ الشَّيءُ: پسند کرنا۔ جَالَ القَومُ جَولَةً: شکست کھانے کے بعد حملہ کرنا۔ جَوَّلَ الأرضَ: زمین میں بہت چکر لگانا۔
جَاوَلَهُ مُجَاوَلَةً: ایک دوسرے کو دھکا کرنا۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔
أجَالَ. الشَّيءَ وبه الشَّيءَ: گھمانا۔ السيف: تلوار سے کھیلنا اور إدھر اُدھر گھمانا۔
تَجَاوَلَ. القومُ في الحرب: ایک دوسرے کے مقابلہ میں چکر لگانا۔
إجتَالَ إجتِيَالًا: گھومنا..... القومُ: ارادہ سے پھیرنا..... منهُم جَولًا: پسند کرنا..... أمُورَالقَهم: لے جانا۔

marfat.com
Marfat.com

اِنجَال. الغبارُ: بلند ہونا اور پھیلنا۔
اِستَجَالَ اِستِجَالَةً. اموالَهم: لے جانا۔
اَلجَوَل: مص۔ گھوڑوں یا چوپایوں کا گلہ۔
رَسّی ج اَجوَال (..... والجُوَل): مٹی جس کو ہوا سطح زمین پر اِدھر اُدھر کرے۔
الجَال والجُوَل: قبر یا کنوئیں کی دیوار پہاڑ کا پہلو۔ جُوَلُ القبر: قبر کا اردگرد۔ کہا جاتا ہے "مالہ جَالٌ اوجُوَلٌ" اس کا پختہ ارادہ نہیں ج جِوَال وجُوَال وجِوَالَة وجُوَالَة واَجوَال.
الجَوَالَة. من الشیٔ: چیز کا بہتر حصہ۔
الجَوَلَان والجُوَلَان: مٹی جس کو ہوا ادھر اُدھر کرے۔
الجَوَلان: مص۔ مال کا چھوٹا اور ردی حصہ
جَوَلَانُ الهُمُوم: غم کی ابتداء۔
الجَوَّال والجَوَّالَة: بہت چکر لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هو جَوَّالَة جوّابة" وہ بہت زیادہ چکر لگانے والا ہے اور مقامات کو طے کرنے والا ہے۔
الاَجوَل: اسم تفضیل۔ یوم اَجوَل: بہت غبار کا دن۔
الاَجوَلِیّ: بہت چکر لگانے والا گھوڑا۔
المَجَال: چکر لگانے کی جگہ۔
المِجوَل: ڈھال۔ پازیب۔ تعویذ۔ ہار میں چاندی کا ہلال۔ کرتی۔ گورخر۔ چاندی۔ لکڑی کا بڑا پیالہ۔ تالاب۔
المُستَجِیل: بے وقوف۔
جَامَ (ن) جَومًا: اچھی یا بُری چیز کا طلب کرنا۔
الجَام: پیالہ۔ ج جَامَات و اَجوَام واَجوُم وجُوم.
الجُوَیمَة: جام کی تصغیر۔
جَانَ (ن) جَونًا: کالا ہونا۔
تَجَوُّن. باب العروس: دلہن کے دروازہ پر سفیدی پھیرنا۔ باب المیت: سیاہ کرنا۔
المَجُون: مص۔ سفید۔ سیاہ۔ سرخ خالص سبزی جس کی سبزی سیاہی مائل ہو۔ دن من الخیل والابل: بہت کالا۔ ج جُون.
الجَونَة: غروب کے وقت کا آفتاب۔ تارکول ملا ہوا مٹکا۔ کوئلہ۔
الجُونَة: چمڑے سے منڈھی ہوئی ٹوکری۔ ج جُون.
الجَونَاء: آفتاب۔ ہانڈی۔ سیاہ اُونٹنی۔
الجَونِیّ: قطا پرندہ کی ایک قسم جس کا سینہ اور بازو کالا ہوتا ہے۔
جَاهَ (ن) جَوهًا. الرجل بالمکروہ: ناپسند طریقہ سے پیش آنا۔
جَوَّهَهُ تَجوِیهًا واَجَاهَهُ اِجَاهَةً: صاحب مرتبہ بنانا۔
تَجَوُّه: بڑا ہونا۔ تکلف بڑا بننا۔
الجَاه والجَاهَة: قدر۔ شرف۔ بلندی۔ مرتبہ۔
الجَوهَر: وہ چیز جو قائم بالذات ہو اور محل کا متحاج نہ ہو۔ اس معنی میں یہ عرض کا مقابل ہے۔ ہر وہ پتھر جس سے مفید چیز نکالی جائے۔ واحد (جَوهَرَة) ج جَوَاهِر.
جوهر الشیٔ: چیز کی اصلیت۔ جوهر السیف: تلوار کا جوہر۔ الجوهر الفرد: وہ چیز جو قابل انقسام نہ ہو۔ الجواهر العلویة: افلاک۔ ستارے۔ ارواح۔
الجَوهَرِیّ: جوہر کی جانب منسوب۔ لازم و ضروری۔ اس معنی کے لحاظ سے اس کا مقابل عرضی ہے۔ جوہر کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
جَوَّى تَجوِیَةً. السِقَاءَ: مشک میں پیوند لگانا۔
الجَوّ: آسمان و زمین کا درمیانی حصہ۔ کشادہ وادی۔ کشادہ میدان۔ جَوُّ البَیت: گھر کا اندرونی حصہ جَوُّ الماء: زمین کا وہ حصہ جو پانی کے لئے کھودا جائے۔ جَوُّ کلِ شیٔ: اندرونی حصہ۔ ج جوَاء واَجوَاء.
الجَوَّانِیّ. جَوّ: کی جانب منسوب۔ اس کا نقیض بَرَّانی ہے۔ دیکھئے لفظ بَرَّانی.
الجُوَّة: مشک کا پیوند۔ زمین کا سخت ٹکڑا۔ پہاڑ وغیرہ کا گڑھا۔ لوہے کا زنگ۔ گندم گوں رنگ۔
جَوِیَ (س) جَوًی: عشق یا غم کی وجہ سے جلن لاحق ہونا..... الماءُ: بدبودار ہونا۔
الشیٔ: ناپسند کرنا۔ جَوِیَتْ نفسه من البلد وعن البلد: ناموافق ہونا۔
جَاوَیٰ مُجَاوَاة. بالابل: پانی پر بلانا۔
اِجتَوَی. البلد: اقامت ناپسند کرنا۔ (واستَجوَی) الطعامَ: ناپسند کرنا۔
الجَوَی: مص۔ غم یا عشق کی وجہ سے سوزش سینہ کا ایک مرض۔ مرض کی طوالت۔ مبتلائے سوزش عشق۔
الجَوَاء: کشادہ وادی۔ زمین کا اندرونی حصہ۔ چمڑے کا تھیلا۔ وہ چیز جس پر ہانڈی رکھی جائے۔
الجَوِی: بدبودار۔ عاشق۔ مبتلائے سوزش عشق۔
الجَوِیّ: تنگ دل..... مؤنث جَوِیَّة.
الجِیَّة: پانی وغیرہ جبکہ بدبودار ہو جائے۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج جِیّ.
جَاءَ یَجِی ویَجُوءُ مَجِیئًا ومَجِیئَةً وجَیئًا وجَیئَةً: آنا۔ به: لانا۔ جَاءَهُ وجَاءَ الیه: آنا۔ الشیٔ: کرنا۔ صفت (جاءٍ) مؤنث جَائِیَة.
جَاءَنِی وجَایَأَنِی فَجِئتُهُ: کثرت آمد میں مقابلہ کرنا۔
اَجَاءَهُ: لانا۔ آنے کو لازم وضروری ٹھہرانا۔
اَلجِیئَة: مص۔ ایک مرتبہ کی آمد۔ پیپ و خون۔ ٹکڑا جس سے جوتہ میں پیوند لگایا جائے۔
اَلجَیئَة: آنا۔ ج جَیئَات.
جَابَ (ض) جَیبًا. البلادَ: طے کرنا۔ القمیصَ: گریبان بنانا۔
جَیَّبَ: القمیصَ: گریبان بنانا۔
الجَیب. من القمیص: گریبان۔ دل و سینہ۔ کہا جاتا ہے "نَاصِحُ الجَیبِ" امین و صادق جَیبُ الارض: زمین میں داخل ہونے کی جگہ۔ ج جُیُوب.

marfat.com
Marfat.com

الجَيْبُ والجَيْبَة. عند العوام: تھیلی۔ پاکٹ۔ ج جَيَاب.

جَاحَ يَجِيْحُ جَيْحًا. السيلُ الوادي: کناروں کو بہالے جانا۔

جَادَ جَيْدَةً وجَيَادَةً جَيْدًا: خوبصورت اور لمبی گردن والا ہونا۔ صفت (اَجْيَد) مؤنث جَيْداء وجَيْدانة. ج جُوْد اور کبھی جِيَد: گردن کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عنق أجيد".

الجِيْد: گردن۔ ج اَجْيَاد وجُيُود.

جَيَّر. الحوض: جج کرنا۔

جَيِّر: حرف ایجاب بمعنی نعم: یعنی ہاں۔

الجيِّر: ج۔

الجَيَّار: بے بجھا چونہ۔ (..... والجابر): غصہ یا بھوک کی وجہ سے سینہ کی سوزش۔

حوض (مُجَيَّر): جج کیا ہوا حوض۔ گہرا حوض۔

جَاشَ (ض) جَيْشًا وجَيَشَانًا وجُيُوْشًا. القِدْرُ: اُبلنا..... البحرُ: جوش مارنا..... الصدرُ: غصہ سے جوش میں آنا۔

الحَرْبُ بَيْنَهُمْ: گھمسان کی جنگ شروع ہونا۔ العينُ: آنسو بہانا۔ الوادي: موج مارنا۔ الميزابُ: پرنالہ کا خوب اچھی طرح بہہ پڑنا۔ النفسُ: جی متلانا۔ نفسُ الجبان: بھاگنے کا ارادہ کرنا۔

جَيْش. الجُيُوش: فوجوں کو جمع کرنا۔

تَجَيَّشَ. القومُ: اکٹھا ہونا۔ تَجَيَّشَتْ نفسهُ: جی متلانا۔

اِسْتَجَاشَ. الجَيْشَ: جمع کرنا۔ الأميرَ: امیر سے مدد اور لشکر طلب کرنا۔ القومُ: مدد دینے پر برانگیختہ کرنا۔

الجَائِشَة: نفس۔

الجَيْشَة. جاش: کا اسم مرۃ۔ ج جَيْشَات.

الجَيْش. مص۔ لشکر۔ ج جُيُوش

الجَيْش: ایک قسم کی لمبی نباتات کا نام ہے۔

الجَيَاش: متحرک ومضطرب۔

جَاضَ (ض) جَيْضًا وجَيْضَ تَجْيِيْضًا عنه: منحرف ہونا۔ ہٹ جانا۔

جَاضَهُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

الجَيْضَةُ: دائیں بائیں جھکاؤ۔

الجَيَضُ والجَيَضَى: تکبر وغرور کی چال۔

جَاظَ (ض) جَيْظًا: چلنے میں تکبر کرنا۔ صفت (جَيْظ) بحملہ: بوجھل چلنا۔

الجَيْعَر: بجو۔

الجَيْعَم: بھوکا۔

جَافَت (ض) جَيْفًا وجِيْفَت وتَجَيَّفَت واجْتَافَت وانْجَافَت. الجثّة: بدبودار ہونا۔

الجِيْفَة: میت کا بدبودار جثہ۔ ج جِيَف واَجْيَاف.

الجَيْفَر: قوی شیر۔

جَيْفَل: نام ماہ ذی القعدہ۔

الجَيْفَل: لوگوں کا ایک گروہ۔ صدی۔ ایک زمانہ کے لوگ۔ ج اَجْيَال وجِيْلان.

الجَيْلَم: چاند۔

الجَيْهَر: ایک قسم کی کھمی۔

الجَيْهَل والجَيْهَلَة: انگارہ جلانے کی لکڑی۔ کرنٹی۔ صَفَاةٌ جَيْهَل: بڑا پتھر۔

اَلْجَيُوْلُوْجِيَّة: (یونانی لفظ) زمین کی پیدائش کا علم۔ اَلْجَيُوْلُوْجِيَا: زمین کے طبقات اس کی طبعی ماہیت کے اسباب کا علم۔ (جیالوجی)

marfat.com
Marfat.com

ح : الحا : بنیادی حروف میں سے چھٹا حرف ہے۔ یہ حروفِ حلق میں سے ہے۔

حَبَّهُ (ض) حُبًّا وحِبًّا ..... الشَّیْءَ: رغبت کرنا۔

حَبَّ (س) حَبُبَ (ک) الیہ: محبوب ہونا۔

حَبَّبَهُ الیَّ: محبوب بنانا اور کہا جاتا ہے "حَبَّبَنِی إِلَیْهِ" اس نے مجھ کو اس کا محبوب بنایا۔ حَبَّبَ الْقِرْبَةَ: بھرنا (حَبَّبَ وأَحَبَّ) الزرعُ: دانے دار ہونا۔

حَابَّهُ مُحَابَّةً وحِبَابًا: باہم محبت کرنا۔ محبت ظاہر کرنا۔

أَحَبَّهُ: محبت کرنا۔ یہ سب سے زیادہ مستعمل ہے۔ صفت فاعلی۔ (مُحِبٌّ) اور صفت مفعولی (مَحْبُوبٌ ومُحَبٌّ)

تَحَبَّبَ. الیه: محبت و دوستی ظاہر کرنا۔ تَحَبَّبَ مِنَ الشَّرَابِ: بھرنے سے مشکے کی مانند پھول جانا۔

تَحَابَّ. القومُ: ایک دوسرے سے محبت کرنا۔

اِسْتَحَبَّهُ: محبت کرنا۔ اچھا سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَبَّ الکفرَ علی الایمان" اس نے کفر کو ایمان پر فضیلت دی۔

الحَبُّ ج حُبُوب وحُبَّان: دانہ۔ واحد (حَبَّة) ج حَبَّات. حَبُّ الغَمام: اولہ۔ حبة القلب: دل کا دانہ یا روح۔ الحَبَّة: دو (۲) جَو کے برابر ایک وزن کا نام۔ دینار کا سولہواں حصہ۔

الحَبَّة الخَضْرَاء: بُن: (ایک دوا کا نام)

الحَبَّةُ السَّوْدَاء: کلونجی۔

المَحَبَّة: مرغوب چیز کی طرف طبیعت کا میلان۔

الحِبُّ: مص۔ دوست۔ عاشق۔ محبوب۔ ج أَحْبَاب وحِبَّان وحَبَبَة وحُبّ وحُبُوب.

الحُبُّ: مص۔ بڑا گھڑا یا مٹکا۔ ج حِباب وحَبَبَة وأَحْبَاب.

الحُبَّة: انگور کا بیج۔ معشوق۔ معشوقہ۔ ج حُبَب: کہا جاتا ہے "هذا حُبُّك" یہ وہ چیز ہے جس کا مل جانا تمہیں محبوب ہے۔ "و نعم وحُبَّة وكَرَامَة" جیسا کہ کہا جاتا ہے "حُبًّا وكَرَامَة".

الحَبَب: دانتوں کی ہمواری۔ (.....والحَبَاب) بلبلہ۔ حَبَّبَ الماءَ او الرمل وحَبَّهُ: پانی یا ریت کا بڑا حصہ۔

الحَبَاب: انتہا۔ کہا جاتا ہے "حَبَابَك ان تفعل كذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحُبَاب: دوستی۔ محبت۔ محبوب۔ سانپ۔ اُمُّ حباب: دنیا۔

الحُبَابَة: ایک قسم کا سیاہ آبی کیڑا۔ ج حُبَاب.

الحَبِيب: عاشق۔ معشوق۔ ج أَحِبَّة.

الحَبَّاب. حب: کا اسم مبالغہ: گھڑوں اور مٹکوں کا بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔

المُحِبُّ: فا۔ کہا جاتا ہے "إمرأة محبة لزوجها ومُحِبٌّ لهُ".

حَبَحَه (ض) حَبْحًا. بالعصاء: لاٹھی سے مارنا۔ (.....وأَحْبَجَ) الامرُ: اچانک ظاہر ہونا۔ قریب ہونا۔ ظاہر ہونا۔

حَبِجَ (س) حَبَجًا وحَبِجَ (ف) حُبَاجًا: سوجے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَبِجٌ)

الحَبَج: مص۔ پنڈلیاں جو سدہ کی شکل میں ہو جائیں۔ اُونٹ کی کمر کا داغ۔

الحِبْج: لوگوں کا گروہ۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

حَبْحَبَ حَبْحَبَةً. الماءُ: پانی کا آہستہ بہنا..... النارُ: آگ جھڑکنا۔

اَلْحَبْحَاب: پست قد۔ بدنما۔ بدشکل۔ حَبَاحِب.

الحُبَاحِب وأُمُّ حُبَاحِبٍ: جگنو۔ وہ چیز جو جگنو کی دم میں آگ کی مانند دکھائی دے اور اسی سے نَارُ الحُبَاحِب ہے جس کو ضعف و کمزوری میں بطور مثل کے استعمال کرتے ہیں۔ نَارُ الحُبَاحِب: چنگاری جو گھوڑے کے سم سے پتھر وغیرہ پر ٹھوکر لگنے سے نکلے۔

المُحَبْحَب: بدغذا۔

الحَبْحَبَة: تربوز۔ ج حَبْحَب.

حَبَّذَا. حَبَّ: اور ذَا: اسم اشارہ سے مرکب کلمہ ہے جو مدح کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور ہر صورت میں یہی صیغہ بولا جاتا ہے۔ (حَبَّذَهُ) کسی سے "حبذا" کہنا۔

حَبَّ: بیج بطور دواحکماء کا چھوٹی سی گولی بنانا۔

حب الضمام: او لا الحبة السودا: شونیز یعنی کلونجی۔ الحبة الخضراء: بن کا پھل۔

حَبَرَ (ن) حَبْرًا. الشَّیْءَ: مزین کرنا۔ منقش کرنا

marfat.com
Marfat.com

الحَرِیزَة: مِنَ الابل: اُونٹ جن کو خوبی کی وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔ ج حَرَائِز۔

حَرَسَهُ (ن ض) حَرْسًا: حفاظت کرنا۔ صفت (حَارِس) ج حُرَّاس وحَرَسَة وحَرَسٌ واَحْرَاس. حَارِس السَّماء وحَارِس السماک: دو ستاروں کے نام۔

حَرَسَ (ض) حَرْسًا واِحْتَرَسَ. الشَّیْءَ: رات میں چوری کرنا۔

حَرِسَ (س) حَرَسًا: زمانہ دراز تک زندہ رہنا۔

اَحْرَسَ. بالمکان: حفاظت کے لئے قیام کرنا۔

تَحَرَّسَ واِحْتَرَسَ. منه: محفوظ رہنا' بچ کر رہنا۔

الحَرَس: مص۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضَی عَلَیْهِ حَرَسٌ" اس پر ایک زمانہ گزر گیا۔ ج اَحْرَاس.

الحَرَس: حفاظت کرنے والے۔ وحَرَسُ السَّمَلِک: شاہی محافظ۔ فوج۔ واحد (حَرَسِیٌّ)

الحَرَسَان: رات دن۔

الحِرَاسَة: حفاظت۔

الحَرِیسَة: بکریوں کا باڑہ۔ رات میں چوری کی ہوئی بکری۔ چوری۔ ج حَرَائِس.

الاَحْرَس: پرانا۔ جس پر ایک زمانہ گزر گیا ہو۔

الحِرْسَان: ٹڈی کی ایک قسم۔

الحَرْسَم: گوشہ۔

الحَرْسِم: زہر موت۔

الحَرَامِین: ایک قسم کی چھلی۔

الحَرَامِیّ: دُبلے اُونٹ (اس کا واحد نہیں) قحط والے سال۔

حَرَشَ (ض) حَرْشًا وتَحْرَاشًا. الضَّبَّ: شکار کرنا..... البَعِیرَ: تیز چلنے کے لئے رسّی سے پیٹھ کو رگڑنا..... الرِّجْلَ: خراش لگانا۔

حَرِشَ (س) حَرَشًا: سخت ہونا۔ صفت (اَحْرَش) ..... الرجلُ: دھکا دینا۔

حَرْشٌ. بین القوم وبین الکلاب والسباع: ایک کو دوسرے کے خلاف برانگیختہ کرنا۔

تَحَرَّشَ به: درپے ہونا۔ تَحَرَّشَ الضَّبُّ وبالضَّبِّ: شکار کرنا۔

اِحْتَرَشَ. الشَّیْءَ: جمع کرنا..... القومُ: اکٹھا ہونا..... الرجلُ: دھکا دینا..... اعیاله: کمائی کرنا..... الضبُّ: شکار کرنا۔

الحَرْش: مص۔ اثر۔ دھوکا' فریب۔ جماعت۔ ج حِرَاش.

الحَرِش: کھردرا۔ وہ شخص جس کو نیند نہ آئے۔

الحُرْشَة والحَرَش: کھردرا پن۔

الحَرِیش: کنسلائی۔ ج حُرُوش: کن کھجورا۔

الحَرِیش: ایک دریائی جانور۔ گینڈا' ایک قسم کا چکی دار سانپ۔

الحَرِیشَة: ایک قسم کی نباتات۔ کہا جاتا ہے "اَحْرَجْتُ له حَرِیشَتِی" میں نے اس کے لئے اپنا سب کچھ جو میرے قبضے میں تھا نکال دیا۔

الحَرَّاش. مِنَ الحیات: پرانا سیاہ سانپ۔

الاَحْرَش: کھردری گوہ۔ دینار احرش: نئے ہونے کی وجہ سے کھردرا دینار ج حرش.

الحَرْشَف: مچھلی کا سفنا۔ چھوٹے پرندے۔ ٹڈی کہ ابھی پر نہ نکلے ہوں۔ زرہ کی کڑیاں۔ کمزور بوڑھے۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیهِمْ غیر حَرْشَفِ رِجَالٍ" وہاں پر سوائے کمزور بوڑھے لوگوں کے کوئی نہیں۔ پیادوں کی جماعت۔ سمندر کے کنارے کے پتھر۔ ج حَرَاشِف.

الحُرْشُف: سخت زمین۔

حَرَصَ (ن) حَرْصًا. الجلدَ: چھیلنا۔

القَصَّار الثوبَ: دھونے یا کوٹنے میں پھاڑنا۔

حَرِصَ (ض) وحَرِصَ (س) حِرْصًا واِحْتَرَصَ. علی الشَّیْءِ: لالچ کرنا صفت (حَرِیص) ج حُرَصَاء وحِرَاص وحُرَّاص: مؤنث حَرِیصَة ج حِرَاص وحَرَائِص.

حُرِصَ. المرعی: چرکے بالکل صاف کیا جانا۔ حَرَّصَهُ. علی الشَّیْءِ: لالچ دلانا۔

تَحَرَّصَ: بتکلف لالچ کرنا۔ وقت کا انتظار کرنا اور اسی سے ہے هو یتحرّص غَدَاهم وعَشَائهم: وہ ان لوگوں کے صبح شام کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔

الحِرْص: مص۔ لالچ۔

الحَرْصَة والحَارِصَة والحَرِیصَة: زخم جو کچھ کھال کو پھاڑ دے۔ الحَارِصَة والحَرِیصَة: سخت بارش جو زمین کو صاف کر دے۔

حَرَضَ (ن ض) حُرُوضًا وحَرِضَ (س) حَرَضًا وحَرُضَ (ک) حَرَاضَةً: مرض فاسد میں مبتلا ہو کر دُبلا ہونا۔ صفت (حَرِض وحَرَض وحَارِض وحَارِضَة) کہا جاتا ہے "ناقة حَرَض" دبلی اُونٹنی۔

حَرَضَ (ض) حَرْضًا. نفسه: خراب کرنا' بگاڑنا۔

حَرَّضَهُ. علی الامر: برانگیختہ کرنا۔ فلانًا: کسی کے بدن یا عقل کی خرابی کو دور کرنا۔ الشَّیْءَ: خراب کرنا' بگاڑنا۔

اَحْرَضَهُ: گرانا..... ه الحزنُ او المرضُ: بدن کو گھلا دینا..... ه علی الشَّیْءِ: برانگیختہ کرنا..... الرجلُ: ناخلف اولاد کا باپ ہونا۔

حَارَضَ. علی العمل: مداومت کرنا۔ فلانًا: تیر کی چھڑ سے ایک دوسرے کو مارنا۔

تَحَارَضُوا. علی العمل: ایک دوسرے کو

marfat.com
Marfat.com

برا سمجھنے کرنا۔

الحَرَض: مرض۔ بدن یا مذہب یا عقل کی خرابی۔ ..... حَرَضُ الثوب: کپڑے کا کنارہ۔

الحَرَض: قریب بہلاکت۔ بے فیض آدمی۔ وہ شخص جس کو عشق گھلا دے۔ گرا ہوا جو اُٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ بُری گفتگو۔ ج اَحْرَاض و حُرُضَان و حِرَضَة.

الحَرْض والحُرْض: اشنان جس سے کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے تھے۔

الحِرْضَة: گھڑیا شکم کا آدمی جس کو کوئی منہ نہ لگائے۔ ج حِرَض.

حَرَفَ (ض) حَرْفًا. الشَّیْءَ عن وجہ: پھیرنا، پھکانا ..... عن الشَّیْءِ: مائل ہونا، لعیالہ: ادھر اُدھر سے کمائی کرنا۔

حَرِفَ. فی مالہ حَرْفَةً: کچھ ضائع ہو جانا۔

حَرْف. القولَ: قول کو اس کے موقع سے پھیر دینا ..... القلمَ: نیز حاذقا لگانا۔

الشَّیْءَ: کنارہ بنانا۔ جھکانا۔

حَارَفَهُ: معاملہ کرنا اور اسی سے ہے "فَقَدْ غَلِطُوْا فِی الْعَرْفِ کَیْفَ یُحَارِفُ" انہوں نے یقیناً جان لیا کہ ہم جنگ میں ان کے ساتھ کیسا معاملہ کرتے ہیں ..... الرجلَ: شر یا خیر کا بدلہ دینا ..... الجرحَ: سلائی سے اندمال کرنا۔

اَحْرَفَ. فقیری کے بعد مستغنی ہونا۔ اہل و عیال کے لئے مشقت برداشت کرنا۔

الناقة: لاغر کرنا ..... الرجلَ: خیر و شر کا بدلہ دینا۔

تَحَرَّفَ عنه وانْحَرَفَ واِحْرَوْرَفَ: ایک جانب کو جھکنا۔ تَحَرَّفَ لِعِیَالِهِ: ہر پیشہ سے کمائی کرنا۔

اِحْتَرَفَ: پیشہ اختیار کرنا۔ تلاش کرنا۔ حیلہ کرنا ..... لاھلہ: کمائی کرنا۔

الحَرْف ج حِرَف: کنارہ دھار۔ جانب "حَرْفُ الجَبَلِ" پہاڑ کا تیز سرا۔ کہا جاتا ہے "فلان علی حَرْفٍ مِنْ اَمْرِهٖ" فلاں شخص معاملہ کے ایسے موقع پر ہے کہ اگر پسند خاطر نہ ہو تو ہٹ جائے۔

الحَرْف: پانی پینے کی جگہ۔ حرف السَّفِیْنَة والنهر: کشتی یا دریا کا کنارہ۔ الحَرْف: ج حُرُوف و اَحْرُف: حروف تہجی میں سے ایک اور اس کا نام "حروف المبنی" ہے ..... فی النحو: وہ کلمہ جو بغیر دوسرے سے ملے ہوئے معنی نہ دے اور اس کا نام "حروف المعنی" ہے۔ کلمہ جیسے یہ حرف قاموس میں نہیں یعنی یہ کلمہ نہیں۔

الحَرْف: رانی۔ واحد (حُرْفَه)

الحرف: محرومی۔ بدبختی۔

الحِرْفَة: پیشہ۔

حَرِیْف. الرَّجُل: ہم پیشہ۔ ج حُرَفَاء.

الحُرْفَة: محرومی۔ کم نصیبی۔ بدبختی۔

الحَرَافَة: چرپراہٹ۔

الحِرِّیْف: چرپراہٹ والی چیز۔ کہا جاتا ہے "هذا بصل حِرِّیف" یہ تیز پیاز ہے۔

المُحَرِّف: پیشہ ور۔

المَحْرَف والمِحْرَاف: زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔

المُحْرَف: وہ شخص جس کا مال ضائع ہو گیا ہو۔

المُحَارَف: محروم۔ کم نصیب۔

حَرَفَهُ (ن) حَرْفًا. بالنار: جلانا۔

بالمبرد: ریتی سے رگڑنا ..... الشیءَ: بعض کو بعض سے رگڑنا۔

حَرِفَ (ن ض) حَرَفًا و حَرِیْفًا و حُرُوْفًا. نابهُ عَلَیْه: دانت پیسنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یَحْرِفُ و یُحَرِّفُ عَلَیَّ الأَرْمَ" یعنی وہ میرے اوپر دانت پیستا ہے۔ شدت غضب کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔

حَرِفَ (س) حَرَفًا. شعرهٗ: کٹ جانا یا گر جانا۔ صفت (حَرِفَ) الشعر.

حَرِفَ و حُرِفَ: پیر کی کٹی ہوئی رگ یا پٹھے والا ہونا۔

حَرَّفَهٗ وَاَحْرَفَهٗ. بالنار: جلانا۔

حَرَّقَ البعیر الابلَ: پیاس لگانا۔

تَحَرَّقَ واِحْتَرَقَ: جلنا۔

حَارَقَ مُحَارَقَةً. المرأة: پہلو پر لٹا کر جماع کرنا۔

الحَرَق والحَرَق: مص۔ جلن۔ الحَرَق: دھوبی کے شکنے سے کپڑے کی پھٹن۔

الحَرُوق: کپڑے میں جلے کی وجہ سے سوراخ۔

الحَرِق: سخت چک دار بادل۔ بال جو دراز نہ ہوں۔

الحُرْقَة والحَرْقَة: گرمی۔ کہا جاتا ہے "فی حُرْقِه حُرْقَةٌ" اس کے جوف کے اندر گرمی ہے۔

الحُرْقَة والحَارُوْقَة والحُرَافَة: شمشیر بُراں۔

الحُرَاق والجُرَاق: ہر چیز کو پھاڑنے والا۔

الحُرَاق: بہت کھاری پانی۔ بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الحَرِیق: آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ جلا ہوا۔ سردی یا گرمی سے جلی ہوئی نباتات۔ ج حَرْقٰی.

اَلْحَرِیْقَة: عامۃ الناس کے نزدیک۔ کسی جگہ پر آگ بھڑک اٹھنا؛ حرارت۔

الحُرَاق: بہت کھاری پانی۔

حَرَاق. عوام کے نزدیک نقرہ طعام۔

اَلْحَرَاقَة: کشتی جس پر سے شمنوں پر آگ پھینکی جائے۔ ج حَرَاقَات: عوام کے نزدیک حُرَاقَات: اس کو کہتے ہیں جو کھال پر رکھ دیا جائے تو آبلہ اٹھ آئے۔

الحَرُوْق والحَرُوْق: چقماق کا سوختہ۔

الحَرِیْقَة: گرمی ..... والحَرُوْقَة: ایک قسم کی خوراک جس کو پانی جوش دے کر آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں۔

الحِرْق: ریتی۔

المُحَرَّقَة: ہبیر جس کو اظہار عبودیت کے لئے جلا دیا کرتے تھے۔ ج محرّقات.

الحَارِق: پیر کی رگ یا پٹھا۔

marfat.com
Marfat.com

عمامة (حُرْقَانِيَة) خاکستری رنگ کا عمامہ۔
الحِرْقد: زبان کی جڑ۔ ج حَرَاقِد.
الحَرْقَدَة: نرخرہ کی گرہ۔
حَرْقَصَ. فی المشی: قریب قریب قدم رکھنا۔ الکلام: جلدی جلدی بولنا۔
الحُرْقُوص: پسو کی مانند ایک کیڑا۔
اَلْحِرْقُوصُ: بھنے ہوئے گوشت کا ٹکڑا۔
الحَرْقَفَة: سرین کی ہڈی کا سرا۔ ج حَرَاقِف وحَرَاقِیف.
الحُرْقُوف: دبلا جانور۔
حَرَكَ (ن) حَرْكًا: حق ادا کرنے سے باز رہنا۔ حَرَكَهُ: دونوں کندھوں کے درمیان میں مارنا۔ حَرَكَ حَارِكَهُ: دونوں کندھوں کے درمیان کاٹ دینا ..... ہ بالسیف: تلوار سے مارنا۔
حَرِكَ (س) حَرَكًا: کمر یا دونوں کندھوں کے درمیان کمزوری والا ہونا۔ نامرد ہونا۔ صفت (حَرِيك) مؤنث حَرِيكَة.
حَرُكَ (ک) حَرَكًا وحَرَكَةً: ہلنا۔
حَرَّكَهُ: ہلانا۔ کہا جاتا ہے "حَرَّكَ مِنِّی الْاَمْرُ" مجھے معاملہ نے مضطرب کر دیا۔
الحَارِك: فا۔ دونوں کندھوں کے درمیان کا بالائی حصہ۔
اَلْحَرَكَةُ الْيَوْمِيَّة: (فلکیات) آسمانی گیند کی گردش کا تصور جہان کے محور کے اردگرد جس کا سبب زمین کی گردش اپنے محور کے گرد۔
الحَرَاك: حرکت۔
الحَرِك: سبک وتیز خاطر رفتار۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ حَرِك" سبک وتیز خاطر لڑکا۔
المِحْرَاك: حرکت دینے والا آلہ۔ کریلنی۔
اَلْمُحَرِّك ج مُحَرِّكَات: مختلف جہازوں گاڑیوں کے انجن۔
المَحْرَك: گردن اور سر میں جوڑ کی جگہ۔
حَرْكَثَ حَرْكَثَةً. الريحُ الاشجارَ: ہلانا۔

الحَرْكَلَة: سرین کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔ ج حَرَاكِك وحَرَاكِيك.
الحُرْكُوك: کندھوں کے درمیان کا حصہ۔
حَرْكَلَ. الصائدُ: شکار سے محروم واپس آنا۔
الحَرْكَلَة: ایک قسم کی رفتار۔ پیادے۔
حَرَمَهُ (ض) وحَرِمَهُ (س) حِرْمًا وحَرِيمًا وحِرْمَانًا وحَرِمًا وحِرْمَةً وحَرِيمَةً الشَّيْءَ: منع کرنا۔ روکنا۔ محروم کرنا۔ صفت مفعولی (محروم)
حَرِمَ (س) حَرَمًا وحَرَامًا وحَرُمَ (ک) حُرْمًا وحُرُمًا وحُرْمَةً وحُرُمَةً وحَرَامًا. عَلَيْهِ الامرُ: حرام ہونا۔
حَرِمَ (س) حَرَمًا وحَرَامًا. فی القمار: جوئے میں ہارنا۔
حَرَّمَ. الشَّيْءَ: حرام کرنا۔ حَرَّمَ الصلوٰة: نماز کا تحریمہ باندھنا (..... واَحْرَمَ) ماہِ حرام میں داخل ہونا۔ حَرَّمه واحرمه فی القمار: غالب ہونا۔ واَحْرَمَ: حرم میں داخل ہونا۔
اَحْرَمَ الشَّيْءَ: حرام کرنا۔ اَحْرَمَ عن الشیء: رکنا باز رہنا۔
تَحَرَّمَ. منه بِحُرْمَةٍ: کسی کے ذمہ میں آ کر محفوظ ہونا۔ تَحَرَّمَ بِهِ: ایک ساتھ زندگی بسر کرنے کی وجہ سے دونوں کے درمیان حرمت قائم ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "تَحَرَّمْتُ بِطَعَامِكَ ومَجَالِسِكَ" یعنی ایک ساتھ کھانا کھانے اور بیٹھنے اُٹھنے کی وجہ سے مجھ سے جس چیز کا لینا تمہارے لئے جائز تھا وہ ممنوع ہو گیا۔
اِحْتَرَمَهُ: ڈرنا۔ حرمت وعزت کی رعایت کرنا۔ احترم الشَّيْءُ: محروم ہونا۔ "لاتحترم فتحترم" میں دونوں معنی جمع ہو گئے ہیں۔ یعنی ڈر و مت ورنہ خیر سے محروم رہو گے۔
اِسْتَحْرَمَ. الشَّيْءَ: حرام سمجھنا۔
الجِرْم: مص۔ حرام ایسا واجب جس کا ترک کرنا جائز نہ ہو۔ ج حُرُم: احرام کا زمانہ۔
الحُرُم: مص۔ حج کا احرام۔

الحَرَم: مص۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے اور جس کی طرف سے مدافعت کی جائے۔ مقدس ج اَحْرَام. الحَرَم الاقصیٰ: بیت المقدس۔
الحَرَمَان: مکّہ مکرمہ و مدینہ منورہ۔
الحِرْمَان: محرومی۔
الحُرْمَة والحُرُمَة الحُرْمَة: ذمہ ہیبت ہر وہ چیز جس کی ادائیگی ضروری ہو اور جس کے اندر کوتاہی حرام ہو۔ حصہ۔ قابل حفاظت چیز جس کی پردہ دری حرام ہو۔ حُرْمَةُ الرجل: بیوی۔ ج حُرَم وحُرَمات وحُرُمات.
الحَرْمة: حفاظت۔
الحَرِيم: مص۔ ہر وہ چیز جو حرام ہونے کی وجہ سے چھوئی نہ جائے۔ محرم کا کپڑا۔ حَرِيم الرجل: جس کی طرف سے مدافعت اور اس کی حفاظت کی جائے اور اسی وجہ سے بیوی کو حریم کہتے ہیں۔ قصر شاہی کے اردگرد وسیع جگہ۔ ہر وہ جگہ جس کی حفاظت واجب ہو۔ ج حُرُم واَحْرُم واَحَارِيم.
الحُرُم: ایک شخص کی بیویاں۔ اَلْاَشْهُرُ الحُرُم اربعة: ذوالقعدہ وذوالحجہ ومحرم ورجب کہ ان مہینوں میں عرب قتل وقتال حرام سمجھتے تھے۔
الحَرِيمَة: مص۔ ہر مرغوب چیز سے جو فوت ہو جائے۔
الحَرَام: مص۔ ضد حلال۔ ج حُرُم کہا جاتا ہے "حرامُ اللّٰهِ لا افعل هذا" قسم کے لئے جیسے "يمينُ اللّٰهِ لاافعل" احرام باندھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجل حرام وقومٌ احرامٌ" احرام باندھنے والا مرد احرام باندھنے والی قوم۔ دونوں صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے اس وجہ سے کہ یہ مصدر ہے۔
الشهرُ الحَرَام: ماہِ محرم۔ البلد الحرام: مکّہ مکرمہ۔ المسجدُ الحَرَام: مسجد کعبہ۔
الحَرَامِی: حرام کام کرنے والا۔
مُحَرَّم: قمری سال کا پہلا مہینہ۔ المحرَّم: جس کے لئے ذمہ ہو۔ جلد محرَّم: بے

marfat.com
Marfat.com

کمائی ہوئی کمال سوط محرم۔ کوڑا جو زم نہ کیا گیا ہو۔ اَجرابی محرم: اُجڈ دیہاتی۔

المُحرَم: حرام۔ ج مَحارم۔ مَحارِمُ اللیل: رات کے خطرات۔

المُحرِم: احرام باندھنے والا۔ صلح کرنے والا۔ ہر وہ شخص جو تمہاری حفاظت میں ہو۔ کہا جاتا ہے "انہ لَمُحرِم عنک" یعنی اس کی تکلیف تمہارے اوپر حرام ہے۔

المَحرُوم: خیر سے روکا ہوا۔ وہ شخص جس کے مال میں زیادتی نہ ہو۔ وہ نصیب جو کمائی نہ کر سکتا ہو۔

المَحرَمة والمَحرُمة: ہر وہ چیز جس کی پردہ دری جائز نہ ہو۔ ج مَحارِم۔

حَرْمَدَ۔ فی الامر: اصرار کرنا۔

الحِرْمِد والحِرْمِدة: رنگ و بو بدلا ہوا اور بقول بعض سیاہ پھیکا۔

حَرْمَزَة: لعنت کرنا۔

الحَرْمَل: کالا دانہ۔

حَرَنَ وحَرُنَ (ن وک) حُرُونًا وحَرانًا وجَرانًا. الفَعْل: از جانا۔ صفت مذکر و مؤنث (حَرُون) ج حُرُن۔ **وحَرُنَ فی البیع**: ٹھیک قیمت پر بیچنا۔ **حَرُنَ (ک) حَرُونة. بالمکان**: جگہ سے نہ ہٹنا..... **العملُ فی العلیٰ**: ہمت کا پھیکا ہونا۔ **وحَرُنَ القطن**: دھننا۔

المِحْرَن: دھننے کی کمان۔

الحَرَن: گھر کا صحن۔ کہا جاتا ہے "نَزَلْتُ بِحَرَاةٍ" میں اس کے صحن میں اُترا۔ آواز۔ گرہ۔ ہرن کے پیچھے کی جگہ۔ ج اَحْرَاء۔

الحَرا: لائق۔ کہا جاتا ہے "بالحرا اَنْ یکون ذاک"۔

الحَرّاوَة: رائی وغیرہ کی تیزی۔

الحَرُوزة: گلے یا پیٹھ میں یا سر میں غصہ یا درد کی وجہ سے جلن۔ بدبو کے ساتھ چرپراہٹ۔

حَرِیَ (س) حَرْیًا. الشَّیءُ: گھٹنا۔ کم ہونا۔

اَحْرَیَ. الشَّیءَ: قابل استعمال کو طلب کرنا۔ دو چیزوں میں سے اولیٰ کو طلب کرنا..... **الاَحْرَیُ**: قصد کرنا اور فضیلت دینا..... **بالمکانِ**: ٹھہرنا۔

المَحْرَی والمَحْراة: لائق سزاوار۔ کہا جاتا ہے "هذا الامر محری او محراة للذلک او بذالک" یعنی یہ کام اس کے لائق ہے۔

الحَرِی ج حَرِیون **وأحْرِیاء**: مؤنث **حَرِیَّة**: ج حَرِیّات **وحرایا (الحَرِی)** ج اَحْراء (الحَرِی) لائق سزاوار۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَحَرِیٌّ او اَحْرَیُ او حَرِیٌّ بکذا بِاَنْ یَفْعَلَ کذا" یعنی وہ فلاں چیز کے لائق ہے اور فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔ (اخیر کلمہ کے تثنیہ و جمع نہیں آتے)

الحَارِیة: بہت زہریلا سانپ جو پرانے ہونے کی وجہ سے چھوٹا ہو گیا ہو۔

اَحْرِیه: بفعل تعجب ہے یعنی کس قدر لائق۔ اس کی ترکیب احر فعل امر بمعنی تعجب اس کے آخر میں ی حرف علت گرا دیا گیا ہے۔ یہ۔ با حرف زائد ہے اور ھا حالت رفع میں فاعل احر۔ کا۔

الاَحْرَی: زیادہ لائق زیادہ مناسب زیادہ بہتر۔

رِجالُ الحَرَی: پولیس کی تفتیشی پارٹی جو کہ جرائم اور مجرمین کے متعلق تفتیش کرتے ہیں۔

حَزَّهُ (ن) حَزًّا واحْتَزَّهُ: کاٹنا۔ **حَزُّ العوذ**: شگاف ڈالنا۔

تَحَزَّزَ: شگاف پڑنا۔

حَزُوزَاحَزَّ. علی کرم فلان: بڑھ جانا۔

حَزَّزَ. اَسنانَهُ: کناروں کو تیز کرنا۔

حَازَّهُ مُحَازَّةً وحِزَازًا: پوری کوشش کرنا۔ اچھی طرح سے تلاش و تجسس کرنا۔

الحَزُّ: مص۔ وقت۔ سخت گھٹنوں والا۔ لکڑی وغیرہ میں شگاف۔ واحد (حَزَّة)

الحَزَّة: برے دل۔ وقت جیسا کہا جاتا ہے "لَقِیَ حَزَّةً اَتَتْنِی فَضَمَّتْ خَاجَتَکَ" میں نے اس وقت تیری حاجت پوری کی جب تم میرے پاس آئے۔ دشوار حالت۔

الحَزاز والحَزازة: سرکی بھوسی۔ عوام حزاز کو واد کے معنی میں استعمال کرتے ہیں مگر صحیح لفظ اس کے لئے قوباء ہے۔

الحَزازة: غصہ وغیرہ کی وجہ سے دل کا درد۔ گھٹنوں میں بے راہ روی۔ ج حَزازات۔

الحَزاز والحَزاز: ہر وہ چیز جو دل یا سینہ میں باعث تکلیف ہو۔

حَزازٌ. القَلْب: دل کو الم پہنچانے والے اُمور۔ واحد (حَزَّة)

الحَزِیز: سخت عمل کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔

الحَزُون وحِزان وأحِزَّة۔

الحَزَّاز: جھوا جو کہ چھلی کے بعد گرتا ہے۔ ایک بیماری کا نام۔

الحَزازِیّ: سخت عمل کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔

اَلحَزَّاز: سفید یا سبز پودا جو کہ پتھروں یا باغوں میں پیدا ہوتا ہے۔

المَحَزّ: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "قطع فاصاب المَحَزّ" اس نے قطع کیا اور درست قطع کیا۔

المِحَزّ: کاٹنے کا آلہ۔ ج محاز: سخت گھٹنوں والا۔

الحَزُوز: سخت۔

الحُزُّة: نیفہ۔

الغزات: سرخ یا زرد پھولوں کا نام۔

حَزَأَ (ف) حَزْأً. الابلَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا..... **السرابُ الشخص**: نمایاں کرنا.....

المرأة: جماع کرنا۔

اِحْزَوْزَأَ. الطائرُ: پروں کو سمیٹ کر اڑنے سے علیحدہ ہونا..... **الابلُ**: اکٹھا ہونا۔

حَزَبَه (ن) حَزْبًا. الوبلُ الهمَّ: پہنچنا۔ لائق ہونا۔ سخت ہونا۔ **حَزَبَ القرآنَ**: ایک حصہ مقرر کر کے پڑھنا۔

حَزَّبَ. القومَ: پارٹی پارٹی کر کے جمع کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

حَازَبَہ: کسی کی پارٹی میں داخل ہونا۔ مدد کرنا۔ قوت پہنچانا۔
تَحَزَّبَ. القومُ: اکٹھا ہونا۔ پارٹی پارٹی ہونا۔
الحَازِب۔ ج حَوَازِب و (الحَزِیب) ج حُزُب وحُزُبٌ: امر شدید۔ تم کہتے ہو "نَزَلَتْ بِہٖ حَوَازِبُ الخُطُوْب" اس پر سخت حادثے واقع ہوئے۔ "وھٰذَا امرٌ حَزِیبٌ" یہ دشوار امر ہے۔
الحِزْب: لوگوں کی جماعت۔ ہتھیار۔ پارٹی۔ حصہ۔ ورد۔ وظیفہ۔ ج اَحْزَاب: ہر وہ قوم جس کے خیالات و افکار ایک ہوں اگرچہ آپس میں ملاقات نہ ہو۔
الحَزَابِی والحزابِیَة. مَنَ الرجال: گھٹے بدن والا۔ پست قد۔
الحَیْزَبُوْن والحَیْزَبُوْر: کھوسٹ بڑھیا۔
حَزَر (ن ض) حَزْرًا ومَحْزَرَةً. الشَّیْ: اندازہ کرنا' تخمینہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَزَرَ قلوصَہٗ یوم کذا" اس نے اپنے آنے کا فلاں دن اندازہ کیا (..... وحَزُر (ک) حَزْرًا وحُزُوْرًا) النبتُ او اللبن: کھٹا ہونا۔ صفت (حَازِر)
الحَزْرَة. ج حَزَرَات و (الحَزِیْرَة) مِنَ کل شیٔ: عمدہ حصہ۔
الحَازِرَة: حَازِر: کا مؤنث: مضبوط قوی اونٹنی۔
الحَزْوَر والحَزَوَّر: طاقتور لڑکا۔ ج حَزَاوِرَة: کمزور مرد۔ طاقتور مرد۔
الحَزُوْرَة: معمہ۔ چستیاں۔ پہیلی (عوام کی لغت ہے) فصیح لفظ "الاحجیّة" ہے۔
المَحْزُور: غضب ناک۔
حَزِیْران: ماہ جون۔ شمسی سال کا چھٹا مہینہ۔
حَزْفَرَ. القومُ لِلقَوْم: جنگ کے لئے آمادہ ہونا۔
حَزْفَرَ الاناءَ: بھرنا..... المتاعَ: باندھنا۔
حَزَقَ (ض) حَزْقًا. الوَتَر او الرباطَ: خوب کھینچ کر باندھنا..... الشَّیْ: دبا کر نچوڑنا۔ الحمارُ: گوز کرنا..... بالحبل: رسّی سے باندھنا۔
اَحْزَقَہٗ: منع کرنا۔ روکنا۔
تَحَزَّقَ: سکڑنا۔
الحِزْق والحِزْقَة والحَازِقَة والحَزَاقة والحَزِیْقَة: آدمی وغیرہ کی جماعت۔ حَزِیقة کی جمع حَزَائِق وحَزِیْق وحُزُق. الحِزْقَة: ہر چیز کا ٹکڑا۔
الحَازُوْقَة: پنکی۔ (لغت عوام ہے فصیح لفظ الفُواق ہے)
الحَزُوْق والحُزُق والحَزَقَّة والحُزُقَّة والاُحْزُقَّة: پست قد۔ جو چھوٹے چھوٹے قدم سے چلے۔ (..... والمُتَحَزِق) بدخلق۔ بخیل۔
المَحْزُوْق. مِنَ ابریق ونحوہ: تنگ گردن والا لوٹا وغیرہ۔
حَزَکَہٗ (ض) حَزْکًا: لپیٹنا اور دبانا۔
ہ بالحبل: گٹھا بنانا اور باندھنا۔
اِحْتَزَکَ. بالثوب: کپڑے سے کمر کسنا۔
اِحْزَأَلَّ. الشَّیْ: اکٹھا ہونا۔ القلبُ: خوف کی وجہ سے دل کا سکڑ جانا..... الجبلُ: پہاڑ کا سراب سے بلند ہونا..... البعیرُ فی السیر: چلنے میں بلند ہونا۔
الحَوْزَل الحَوْزَلَة: پست قد۔
حَزَمَہٗ (ض) حَزْمًا وحَزَمَةً: باندھنا۔
حَزِمَ (س) حَزَمًا: سینہ میں کسی چیز کا پھنس جانا۔
حَزُمَ (ک) حَزْمًا وحَزَامَةً: ہوشیاری اور دُور اندیشی سے کام لینا۔ صفت (حَازِم) ج حَزَمَة وحُزُم واَحْزَام و (حَزِیم) ج حُزَماء. (اَحْزَم) الفرسَ: تنگ بنانا۔
تَحَزَّمَ واحْتَزَمَ: رسّی وغیرہ سے کمر کسنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَزَّمَ فی الامر": یعنی اس نے معاملہ میں دانائی اور ہوشیاری سے کام لیا۔
اِحْزَوْزَم اِحْزِیْزَامًا. الشَّیْ: اکٹھا ہونا..... المکان: سخت و بلند ہونا۔
الحِزَام. ج حُزُم و (الحِزَامة) ج حَزَائِم و (المَحْزَم والمَحْزَمة) جانور کا تنگ۔ کہا جاتا ہے۔ "اَخَذَ حِزَامَ الطَّرِیق" وہ وسط راستہ پر چلا۔
الحَزْم: مص۔ سخت و بلند زمین..... ج حُزُوم.
الحَزَم: کھانے کا دشواری سے ہضم ہونا' سینہ میں پھندا لگنا۔
الحُزْمَة: لکڑی وغیرہ کا گٹھا۔
الحُزَمَّة: پست قد۔
الحَزِیْم: جانور کے تنگ باندھنے کی جگہ' کہا جاتا ہے "شَدَدْتُ لِھٰذَا الاَمْرِ حَزِیْمِی" میں نے اس معاملہ کے لئے کمر کو کسا یعنی پوری طرح سے آمادگی ظاہر کی۔ سینہ کا وسط۔ ج حُزُوم واَحْزِمة.
الاَحْزَم: چوڑے سینہ والا۔ بڑے پیٹ اور موٹی کمر والا۔
الاَحْزَام: پارٹیاں۔
الحَیْزُوْم: سینہ کا وسط۔ سخت و بلند زمین۔ ج حَیَازِم وحَیَازِیْم. "شُدُّ الحَیَازِم": کنایہ ہے صبر کرنے سے۔
المَحْزِم. مِنَ الدابة: تنگ باندھنے کی جگہ۔
حَزَنَہٗ (ن) حُزْنًا: غمگین کرنا۔
حزِنَ (س) حَزَنًا. لہ وعلیہ: غمگین ہونا صفت حَزِین ج حُزَنَاء وحِزَان وحَزَانٰی و (حَزِنٌ وحَزْنٌ ومَحْزُوْنٌ ومُحْزَن ومُحْزَان وحَزْنَان)
حَزُنَ (ک) حَزُوْنَةً. المکانُ: سخت ہونا۔
اَحْزَنَ: سخت زمین میں چلنا۔ (..... وحَزَّنَ) الرجلَ: غمگین بنانا حَزَّنَ القارِئُ: باریک آواز سے پڑھنا۔
تَحَزَّنَ وتَحَازَنَ واحْتَزَنَ: غمگین ہونا۔
تَحَزَّنَ علیہ ولامرہٖ: دردمند ہونا۔
الحُزْن والحَزَن: غم۔ ج اَحْزَان.
الحَزْن: سخت و بلند زمین۔ ج حُزُن وحُزُون.
الحُزْنَة. من الارض: سخت زمین۔
الحُزَنَة: سخت پہاڑ۔ ج حُزَن. الحُزَن:

marfat.com
Marfat.com

خَشْف. التمر : ردی کھجوروں سے صاف کرنا۔

نَخْشَف. الجلدُ : چمڑا..... ادبارُ الابل : اُونٹ کے بالوں کا جھڑ جانا۔

اِنْخَشَفَ. الشَّیُ فی یدی : ریزہ ریزہ ہونا۔

الخُشَاف : کھائی ہوئی چیز کا تھوڑا بقیہ۔

الخُشَافَة : ردی کھجوریں یا کھجور کے چھلکے۔ کہا جاتا ہے "فلان لایعطی من التمر الاخشافه" فلاں گیہوں کی صرف بھُسکن اور کھجوروں میں سے صرف ردی کھجوریں دیتا ہے۔ تھوڑا پانی۔

خُشَافَةُ النَّاسِ : رذیل لوگ۔ الخُشَافَةُ والخَشِیْفَة) دَسْتی۔ غصہ۔ کہتے ہیں "رَجَعَ بِخَشِیْفَةِ نَفْسِیه" بغیر اپنی حاجت پوری کئے ہوئے واپس ہوا۔

خَشِکَ (س) خَشَکًا. علیه : غضب ناک ہونا۔ صفت (خشک) الدابة : چارہ کھانا' دانہ چبانا۔

اَخْشَکَ. الدابة : چارہ دینا۔

الیابِسُ. کانٹے دار ہونا۔

الخَشَکُ. مص۔ کانٹے دار پودہ۔ باریک ہڈی واحد (خَشَکَة)

الخَبِیْکَة : جانور کا دانہ۔ سیخی۔

(والخَشَکَة والخَشَاکِر) دَشتی۔ کیڑے۔

الخَبِیْک : پست قد۔

خَشَلَ (ن) خَشْلاً. الشَّیُ : ذلیل کرنا۔ الدابة : تیز چلانا۔

خُشِلَ. به : ذلیل کیا جانا۔

خَشِّلْ. بنفسه : اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ دنائت اختیار کرنا۔

تَخَشَّلَ واخْتَشَلَ : گوہ کے بچہ کا شکار کرنا۔

الخِشْل : گوہ کا بچہ۔ ج خِشْلَة واَخْشَال

وخُشُوْل وخِشْلَان : کہا جاتا ہے "لاآتیک مِنِّی الخِشْل" یعنی میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤں گا چونکہ گوہ کے دانت موت تک نہیں گرتے اس لئے دوام سے کنایہ کیا گیا اور لفظ یسن منصوب بنزع الخافض ہے اور اس وجہ سے کہ تقدیر مدة بقاء سن الحبل ہے۔ ابو جِشْل وابُوْ خَشِیْل : گوہ۔

الخُشَاشَة : چاندی۔ چاندی کے ذرات جو وغیرہ کی بھوسی۔ (والخَشِیْلَة : قوم کے ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

الخَشِیْل : گائے کے بچے۔ واحد۔ (خَشِیْلَة) کھُنیا چیز۔ ج خُشُل۔

المَخْشُوْل : کھُنیا۔ ردی۔

خَشَمَهٗ (ض) خَشْمًا : جڑ سے کاٹنا۔

خَشْم العِرْق : رگ کاٹ کر خون روکنے کے لئے داغ دینا۔ الماءَ : مرض کو دوا سے دور کرنا۔

خَشَمَهُ الشَّیُ : روکنا' منع کرنا۔

اِنْخَشَم : جڑ سے کٹنا۔

الاَخْشَم : باخبر فیصلہ کن مرد۔

الخُشُوْم : اسباب۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے "اِیَّامُ خُشُوْمٌ" (علی الوصف) "اِیَّامُ خُشُوْمٌ" (ھی الاضافة) یعنی نامبارک و منحوس دن۔

الخُشَام : بشمیر۔ دُھان۔ خُشَام السیف : تلوار کی دھار۔

المَخْشَمَة : کاٹنے کا زریعہ۔ کہا جاتا ہے "ھذا مَخْشَمَةٌ للماء" یہ مرض کے دور کرنے کا ذریعہ ہے۔

خَشُنَ وخَشَنَ (ک۔ن) خُشْنًا : خوبصورت ہونا۔ صفت (خَشِن) ج خِشَان و (خُشَان) ج خُشُن وخُشْیَان) مؤنث خَشِنَةٌ وخَشْنَاءُ ج خِشَان وخَشَنَات اور مبالغہ کے لئے (خُشَان) مؤنث خُشَانَة

خَشَّنَهٗ : آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔

خَاشَنَهٗ مُخَاشَنَةً : خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ نرمی برتنا۔ نیک سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِلبسی لأحسابِ بکِ النَّاسُ" میں تمہاری خوبیوں کی وجہ سے لوگوں پر فخر کرتا ہوں۔

اَخْشَنَ : نیکی کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا۔

.....الشَّیُ : اچھی طرح بنانا۔ اچھی طرح جاننا۔ کہا جاتا ہے "فلان یُحْسِنُ القراءة" فلاں اچھی طرح پڑھتا ہے..... الیه وبه : نیک سلوک کرنا۔ نیکی کرنا۔

تَخَشَّنَ : خوبصورت ہونا۔ اچھا ہونا۔

بکذا : آراستہ ہونا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ الحَمَّامَ فتَخَشَّن" : وہ حمام میں داخل ہوا اور حجامت بنائی۔

اِسْتَخْشَنَهٗ : اچھا جاننا۔

خُشْن : جمال و خوبصورتی۔ ج مَخَاشِن : (خلاف قیاس) المَخَاشِن : بدن کے خوبصورت مواقع خصوصاً منہ۔ ایک قسم کی نباتات ہے' جو طلوع آفتاب کے بعد مرجھا جاتی ہے چونکہ اس کی خوشنمائی تھوڑی دیر کے لئے ہوتی ہے اس لئے اس کا پیام ہے۔ بیت الخُشْن : ایک قسم کی نباتات جو درختوں پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کا پھول عمدہ خوبصورت ہوتا ہے۔ الخَشْن : کھنیا کے پاس ایک بڑی کا نام۔

الخَشَن : مص۔ کھنیا کے پاس کی بڑی۔

بلند ٹیلہ۔ الحَسَنَان : سیدنا حسن وسیدنا حسین رضی اللہ عنہما۔

الخَشَنَة : نیکی۔ بھلائی۔ ج خَشَنَات۔

الأخْشَن : حسن کا اسم تفضیل۔ ج اَخَاشِن مؤنث خُشْنیٰ : اور کبھی شاذ طریقہ سے اس کی تصغیر اُخَیْشِن : لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ما اُخَیْشِن زیدًا"..... اخَیْشِن القوم : قوم کے خوبصورت لوگ۔

الخُشْنی : اچھا کام۔ اچھا انجام۔ اللہ تعالیٰ کو دیکھنا۔ کامیابی۔ شہادت۔ ج خُشْنَیَات

وحُسْن ..... الإسماء الحُسْنیٰ : اللہ تعالیٰ کے نانوے نام۔

الخُشْنَان : فقر مندی و شہادت۔ کہا جاتا ہے "خُشْنَاه وخُشْنَاءُ ه اَنْ یفعَلَ

marfat.com
Marfat.com

كَذَا": اس کے لئے انتہا یہ ہے اور حسن کاموں کے کرنے کی طاقت رکھتا ہے ان میں بہتر یہ ہے کہ ایسا کرے۔

الحَشُوْن: ایک خوبصورت خوش آواز چھوٹا سا پرندہ۔

المِحسَان: بہت بھلائی کرنے والا۔

التَحَاسِيْن: اچھی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "مَا اَبْدَعَ تَحَاسِيْنَ الطَاؤُسِ وَتَزَايُنِه": مور کی خوبی اور زینت کس قدر نادر اور عجیب ہے۔

المَحْسَنَة: سبب حسن۔ کہا جاتا ہے "هذا طعامٌ مَحْسَنَةٌ للجِسْمِ": یہ خوراک جسم کے لئے باعث حسن ہے۔

الحِسْنَة: پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ۔

حَسَا (ن) حَسْوًا وتَحَسّى واحْتَسى الدواء: تھوڑا تھوڑا پینا..... الطائرُ الماءَ: چونچ سے پانی پینا۔

حَسّى واحْسى وَحَاسى. الرجلَ الدواء: تھوڑا تھوڑا پلانا۔

تَحَاسَيَا: ایک دوسرے کو شوربا پلانا۔

الحَسْو والحَسَاء والحَسَاء والحَسُوُّ: ہر رقیق چیز جو پی جا سکے اور اسی سے ہے "يَوْمٌ كَحَسْوِ الطير" یعنی بہت چھوٹا دن۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا اور پانی ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔

الحَسُوُّ: بہت گھونٹ گھونٹ پینے والا۔

الحَسْوَة. حسا: کا اسم مرۃ۔ گھونٹ۔ ج حَسَوَات.

الحُسْوَة: ایک مرتبہ گھونٹ لگانے کا اندازہ۔ کہا جاتا ہے "فی الاِنَاء حُسْوة" برتن میں ایک گھونٹ کی مقدار ہے۔ ج اَحْسِيَة واَحْسُوَة و ججج اَحَاسٍ.

الحَسِيَّة: وہ چیز جو پی جا سکے۔

حَسِى (ض) حَسًا واحْتَسى: نرم دلدلی زمین۔

المِحْسَاة: پانی کھینچنے کا بیل۔

حَشَّ (ن) حَشًّا. العشبَ: کاٹنا..... النارَ: سلگانا اور کریدنا..... الحربَ: بھڑکانا

الفرسَ: گھاس ڈالنا اور اسی سے مثل ہے ..... "اَحْشُكَ وتَرِدِيْنِي" میں تیرے لئے گھاس ڈالتا ہوں اور تو میرے اوپر لید ڈالتا ہے یعنی میں تیرے ساتھ نیکی کرتا ہوں اور تو میرے ساتھ بُرائی سے پیش آتا ہے .....

المالَ: بڑھانا۔ زیادہ کرنا.....

الصيدَ: دونوں جانب سے گھیرنا۔ حشَّتِ اليدُ: شل ہونا..... الولدُ في بطن الناقة: پیٹ میں خشک ہونا۔

.....الفرسُ: تیز دوڑنا۔

اَحَشَّ. الكلأُ: کاٹنے کا وقت قریب آنا

.....الارضُ: گھاس والی یا بہت گھاس والی ہونا۔ اَحَشَّهُ: گھاس کاٹنے میں مدد دینا

اَحَشَّتِ الناقةُ او المرأةُ: پیٹ میں بچہ خشک ہونا۔ صفت (مُحِشّ) اَحَشَّهُ عن حاجته: جلدی کرانا۔

اِحْتَشَّ. الحَشِيْشَ: گھاس جمع کرنے کی کوشش کرنا۔

اِسْتَحَشَّ. الرجلُ: پیاسا ہونا..... العصنُ: لمبی ہونا..... اليدُ: شل ہونا۔

.....العظمُ: باریک ہونا۔

الحشيش: خشک گھاس۔ واحد (حَشِيْشَة)

الحَشِيْشَة: بھنگ۔

حَشِيْشَةُ المِلاك: یورپ کا پودا جو کہ اب ایشیاء میں بھی اُگایا جاتا ہے۔ اکثر نشہ آور اشیاء کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

الحُشَاشَة والحُشَاش: مریض یا زخمی کی بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "حُشَاشَاكَ ان تفعل كذا": تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحَشُّ والحُشُّ والحِشُّ: باغ۔ کھجوروں کا جھنڈ۔ پاخانہ۔ ج حشوش وحُشُون.

الحُش بالضم: ماں کے پیٹ میں مردہ بچہ۔

الحِشُّ بالكسر: کچھ۔ الحَشُّ بالفتح: چھوٹا مرجھایا ہوا کھجور کا پودہ۔ ج حشان.

الحُشَّة: بڑا قبہ۔

الحِشَاش: گھاس کی گون۔ ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَحِشَّة.

الحَشَّاش: گھاس کا جمع کرنے والا یا بیچنے والا۔ بھنگ پینے والا۔ ج حَشَّاشُوْن وحَشَّاشه.

الاُحْشُوْش والمَحْشُوْش: ماں کے پیٹ میں خشک بچہ۔

المَحَش والمَحْشَة: بہت گھاس والی جگہ۔ ج مَحَاشّ. المَحَشَّة: دبر۔

المِحَشّ: گھاس کاٹنے کی درانتی۔

(..... والمِحَشَّة) آگ ہلانے کی لوہے کی کریلنی۔ المَحِشّ: دلاور۔

حَشَأَ (ف) حَشْئًا. النار: روشن کرنا۔

.....ه بسهم: کسی کے جوف میں تیر مارنا

.....ه بسوط: پیٹ یا پہلو پر کوڑا مارنا۔

المرأة: جماع کرنا۔

المِحْشَأ: موٹا کمبل۔ ج مَحَاشِئ.

اَحْشَبَه: غضب ناک کرنا۔

اِحْتَشَبُوْا: اکٹھا ہونا۔

الحَوْشَبة: لوگوں کی جماعت۔

الحَوْشَب: خرگوش۔ نچھڑا۔ نرلومڑی۔ دبلا۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا (ضد)

حَشْحَشُوْا وتَحَشْحَشُوْا: اُٹھنے کے لئے حرکت کرنا۔ حَشْحَشَةُ النار: جلانا۔

تَحَشْحَشَ القومُ: متفرق ہونا۔

حَشَدَ (ن ض) حَشْدًا. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

(حُشُوْدًا) الزَرْعُ: پوری طرح اُگنا..... الناقة: تھن میں دودھ جمع کرنا..... القومُ: پکار کا جلدی جواب دینا۔

حَشْدَ. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

اَحْشَدَ وتَحَشَّدَ وتَحَاشَدَ واحْتَشَدَ القومُ: ایک مقصد کے لئے جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَشَدَ لنا فی الضِيَافَة": اس نے مہمانی میں دریا دلی سے کام لیا۔ "واحْتَشَدَ لِفُلَانٍ فی كَذَا" اس نے فلاں کے لئے تیار کیا

marfat.com
Marfat.com

الحَشْد: مص (ن، ض) ـ الحَشْد) جماعت ـ کہا جاتا ہے "اعندی حشد من الناس" میرے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ ج حُشُود۔

الحَاشِد: فا۔ بغیر کوتاہی کے اُونٹنی کا دودھ دوہنے والا ۔ بہت دانوں والا گھوڑا کا گچھا۔ مستعد و تیار۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَاشِدٌ حَاشِدٌ": فلاں خدمت میں پوری کوشش کرنے والا ہے۔

الحَشِد: وہ شخص جو جود کرنے اور مال خرچ کرنے اور کوشش کرنے میں دریغ نہ کرے۔ ج حُشُد۔ عین حُشُدَة: چشمہ جس کا پانی خشک نہ ہو۔

الحَشُود: تھن میں جلدی دودھ جمع کرنے والی اونٹنی۔

المَحْشُود: وہ شخص جس کی خدمت کرنے میں لوگ چست ہوں۔

المَحَاشِد: محفلیں مجلسیں۔

حشر (ن ض حَشْرًا، الناسَ: جمع کرنا ۔ عن وطنه: جلاوطن کرنا۔ حشر الجمع: ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا..... العود: چھیلنا اور باریک کرنا..... السنةُ الشديدةُ المال: مال یعنی اُونٹوں کو لاغر کر دینا اور ہلاک کر دینا۔

حُشر و احُشُر: فی راسه: بڑے سر والا ہونا۔ علی هذا القیاس۔ حشر فی بطنه: بڑے پیٹ والا ہونا اور جسم کے ہر حصہ کے ساتھ مستعمل ہے۔ حُشرتِ الوَحُوش: مرنا و ہلاک ہونا۔

الحَشر: مص..... مِنَ الاذان: باریک کان۔ کہا جاتا ہے "اُذُنٌ حَشرٌ" "وَاُذُنَان حَشرَوَانِ حَشرٌ": ساری صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے۔ اس وجہ سے کہ مصدر ہے۔ الحشر من الاسنة: باریک نیزہ۔ ج حُشر۔ یَوم الحَشر: قیامت کا دن۔

الحَشَارَة: معمولی درجہ کے لوگ (بعضوں کے نزدیک "الحُشارة" کی تصحیف ہے۔)

الحَاشِر: فا۔ ج حاشرون و حُشّار۔

الحَشْرَة: چھلکا جو دانہ سے ملا ہوا ہو۔ ج حشر۔

الحَشَرَة: ج حَشَرات: کیڑا مکوڑا یا چھوٹے چھوٹے جانور۔

الحُشَر: بھوسی۔

الحَشْوُر: بڑے پیٹ والا۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا۔ لطیف قد و قامت والا۔ کہا جاتا ہے "فرس حَشُور" اچھے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔

المَحْشَر والمَحْشَر: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

حَشِرَ ج حَشْرَجَة: جاں کندنی کے وقت گھگھر و کا بولنا۔

الحَشرَج: آب خورہ جس میں پانی ٹھنڈا کیا جاتا ہے۔ پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی صاف ہو۔

حَشَفَ (ض) حَشَفًا. الضرعُ: دودھ خشک ہو جانا۔

اَحْشَفَتِ: النخلة: ردی کھجور والا ہونا..... ضرعُ الناقة: سکڑنا۔ سٹنا۔

حَشُفَ. عینه: آنکھیں بیٹھ کر دیکھنا۔

تَحَشَّفَ: پرانا کپڑا پہننا۔

اِسْتَحْشَفَ. اُذُنُ الإنسان: خشک ہو کر سٹنا ..... ضَرْعُ الأنثى: سکڑنا۔ سٹنا۔

الحَشَف: ردی کھجور "اَحْشَفُ وسُوء کَیْلَة": (ردی کھجور اور پھر کم ناپ) اس شخص کے حق میں بطور ضرب المثل کے بولتے ہیں جس کے اندر دو بُری عادتیں جمع ہوں۔ جیسے اردو میں "کریلا اور نیم چڑھا"۔ خشک پستان۔

الحَشَفَة: اُنملِ جو کھیت کٹنے کے بعد باقی رہ جائے۔ خشک خبیث گولی چھوٹا جزیرہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج حِشَاف۔

حَشِكَ (ض) حَشَكًا وحُشُوكًا. الضرع: دودھ سے پُر ہونا..... السحاب: بہت پانی والا ہونا..... الحَلَمة: بہت پھلدار ہونا۔ صفت (حَاشِك)..... الوادی: پانی کو باہر پھینک دینا۔

..... القومُ: جمع ہونا..... الريح: مختلف جہات سے چلنا..... الناقةُ لبنها: تھن میں دودھ جمع کرنا۔ صفت (حَشُوك).....

الناقة: دودھ جمع ہونے کے لئے تھن میں چھوڑ دینا۔ صفت فحول (مَحْشُوكة)

حَشِكَت (س) حَشَكًا. الدابةُ جَو وغیرہ چبانا۔ حَشِكَ الملحُ فی الضرع: جلدی سے تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَحْشَكَ. الدابة: جَو وغیرہ کھلانا۔

تَحَشَّكَ. الضرعُ: دودھ سے پُر ہونا۔

الحَشْكَة: پارش کی بوچھار۔

الحَشِكَة: جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ وا بِحَشْكَتِهِم": لوگ اپنی جماعت کے ساتھ آئے۔

الحَشِيكَة: جانوروں کے کھانے کے لئے جَو وغیرہ (الرياح الحواشيك): مختلف جہات سے چلنے والی ہوائیں۔ واحد (حَاشِكَة)

الحُشَاشَة والحَشَاش: لکڑی جو جانور کے بچے کے منہ میں لگا دی جائے تا کہ دودھ نہ پی سکے۔

حَشَلَ (ن) حَشْلاً. الشيءَ: حقیر و ذلیل کرنا۔

الحَشَل: حقیر و ذلیل چیز۔

حَشَمَهُ (ن ض) حَشْمًا: ناپسند بات سنا کر غضب ناک کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ شرمندہ کرنا۔

..... الشيءَ: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "حاشَمَ الصيدَ": اس نے شکار کو نہیں پایا و "حاشَمَ من طعامنا": اس نے ہمارے کھانے سے نہیں کھایا۔

حَشِمَ (ض) حَشَمًا: جھکنا۔ لاغری کے بعد فربہ ہونا..... منہ: شرمندہ ہونا۔

حَشِمَ (س) حَشَمًا: غضب ناک ہونا۔

حَشُمَا: غضبناک کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

حَشَمَهُ وَاَحْشَمَهُ: غضبناک کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ وحَشَّمَهُ: تکلیف پہنچانا۔
حَاشَمَهُ: غصبنا کی پر برانگیختہ کرنا۔
تَحَشَّمَ. مِن فلان: شرم کرنا۔ ذمت سے بچنا۔
اِحْتَشَمَ. منه وعنه: غصبناک ہونا۔ منقبض ہونا۔ شرم کرنا۔
حَشَمُ. الرجل: نوکر چاکر۔ کسی شخص کے وہ قرابت دار یا غلام یا ہمسائے وغیرہ جو اس کے لئے دوسروں پر غضبناک ہوں یا جن کی وجہ سے یہ غضبناک ہو۔ اہل وعیال۔ قرابت ج اَحْشام.
الحَشَمَة: غضب۔
الحِشْمَة: شرم وحیاء۔ انقباض۔ غصہ و غضب۔
الحُشْمَة: عورت' قرابت' ذمہ داری۔
الحَشِیم: کامل حیاء دار۔ پڑوسی۔ مہمان ج حُشَمَاء.
حَشِنَ (س) حَشَنًا. السقاءُ: دیر تک دودھ رہنے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔
اَحْشَنَ. السقاءَ: بدبودار کرنا۔
حَاشَنَهُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
تَحَشَّنَ: میلا ہونا۔ کمائی کرنا۔
الحَشَن: مص۔ دودھ کی چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل۔
الحِشَنَة: کینہ۔
حَشَا (ن) حَشْوًا. الوِسَادَةَ بالقُطن: تکیہ میں روئی بھرنا..... الرجلَ: کسی کے حشا پر مارنا۔ (دیکھئے لفظ الحشا.
حَاشَاه: تھوڑی چیز دینا۔
اِحْتَشَى اِحْتِشَاءً: بھر جانا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَشَتِ الرُّمَانَةُ بالحَب": انار دانوں سے بھر گیا۔ واحْتَشَى مِنَ الطَّعَامِ: وہ کھانے سے آسودہ ہو گیا۔ "اِحْتَشَتِ المرأةُ الحَيْضَةَ وبها": عورت نے حَيْضَة کا استعمال کیا۔ (دیکھئے لفظ الحَيْضَة)
الحَاشِيَة. مِنَ الناسِ والإبل: چھوٹے چھوٹے جن میں بڑے نہ ہوں۔
الحَشَا: پسلیوں کے اندر کی چیزیں۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں۔ ج اَحْشَاء: کہا جاتا ہے "أنا فِي حَشَا. فُلانٍ": میں فلاں کی پناہ میں ہوں۔ "وفلانٌ خيرهم حَشًا": فلاں ان میں سے حفاظت کے لحاظ سے بہتر ہے۔
الحَشْو: مص۔ چھوٹے چھوٹے آدمی یا اُونٹ کلام کی زیادتی۔ رذیل لوگ وہ چیز جس سے کوئی چیز بھری جائے۔ مسالہ جو بکری کے بچے کے پیٹ میں بھرا جائے۔ ج المَحَاشِي: (خلاف قیاس)
الحِشْوَة والحُشْوَة. مِنَ البَطن: آنتیں ردی چیز۔ کہا جاتا ہے "هو مِنْ حُشْوَةِ بني فُلانٍ": وہ بنو فلان کے رذیل لوگوں میں سے ہے۔
الحَشِيَّة. توشک: گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصہ کو نمایاں ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج حَشَايا.
الحَشْوِيُّ: بک بک کرنے والا۔
المَحْشَى: پیٹ میں کھانے کی جگہ۔
المِحْشَى: گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصہ کو نمایاں ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج مَحَاشِيُّ.
المُحَشَّاة. مِنَ البطن: پیٹ کا وہ نچلا حصہ جس میں کھانا رہتا ہے اور جو مخرج تک پہنچتا ہے۔
حَشِيَ (س) حَشًى. الرجلُ: ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونا..... السِّقَاءُ: مشک کے اندرونی حصہ میں دودھ کی تہ جم جانا۔
حَشَّى. الثوبَ: گوٹ لگانا۔ الكتابَ: حاشیہ لکھنا۔ صفت فاعلی (مُحَشِّ) اور مفعولی (مُحَشًّى)
حَاشَا مُحَاشَاةً. زيدًا مِنَ القوم: استثناء کرنا۔
تَحَشَّى. فلانًا: استثناء کرنا۔ تَحَشَّى مِنَ الشَّيْءِ: و(تَحَاشَى) عن الشَّيْءِ: بچنا' دور رہنا۔ وتحشى فلانٌ: مذمت سے بچنا۔
الحَشَى: ضيق النفس: کی بیماری۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں جیسے کلیجی' تلی' اوجھڑی وغیرہ ج اَحْشَاء.
حَاشَا: کلمہ استثناء جس کے ذریعہ مستثنیٰ کو مستثنیٰ منہ کے حکم سے تنزیہاً خارج کیا جاتا ہے جیسے ضربتُ القومَ حَاشَا زيدًا: یہی وجہ ہے کہ صلى الناسُ حاشا زيدًا: کہنا مستحسن نہیں' اس لئے کہ تنزیہ کے معنی نہیں بنتے۔ اگر حَاشَا: فعل ہو تو نصب ہوگا اور اگر حرف جر ہو تو مابعد حاشا پر جر آئے گا۔
الحَاشِيَة: گوٹ۔ کنارہ۔ اہل وعیال اور خاص اپنے لوگ۔ کتاب کا حاشیہ۔ ج حَوَاشٍ: کہا جاتا ہے "رجلٌ رقيقُ الحواشي": اچھی صحبت کا مرد۔ "وكلامٌ رقيقُ الحواشي": نرم گفتگو۔
الحَشِي: مؤنث حَشِية و(الحَشْيَان) مؤنث حَشْيَاء: ضيق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونے والا۔
حَصَّ (ن) حَصًّا. الشعرَ: مونڈنا۔
.....الجلدُ النَّبْتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ حَصَّنِي مِن المال كذا: مال میں سے حصہ مقرر کرنا..... الشَّيْءَ: گھٹانا۔ کاٹ لینا۔
حَصَّ (س) حَصَصًا: گرے ہوئے سر کے بال یا کم بال والا ہونا۔ صفت (اَحَصّ)
حَصْصَصَ. الامرُ: ظاہر ہونا۔
اَحَصَّهُ: حصہ دینا۔ اَحَصَّه المكانَ: جگہ میں اُتارنا۔
حَاصَّ مُحَاصَّةً. الغُرَماءُ: حصے تقسیم کرنا۔
تَحَاصَّ. القومُ الشَّيْءَ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔
اِنْحَصَّ. الشعرُ: جھڑنا' گرنا..... اللِّحيةُ: ٹوٹے ہوئے بالوں والی ہونا..... الذَّنَبُ: کٹ جانا۔
الحَصَص: سر کے بالوں کی کمی۔ سر کے بالوں کا چھوٹا ہونا۔
الحِصَّة: حصہ۔ ج حِصَص.

marfat.com
Marfat.com

الحُصُّ: زعفران۔ مولی۔ ج حُصُوص واَحْصَاص.

الحُصَاص: دوڑنے کی تیزی۔ خارش۔ گوز۔

الحُصَاصَة: اگور کاٹنے کے بعد بٹی میں جو بالی رہ جائے۔

الحُصَاصَاء: خاک۔

الحَاصَة: ایک بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں۔

الأَحَصُّ: سر میں کم بالوں والا۔ وہ شخص جس کے سینہ میں بال نہ ہوں مِنَ الطیور: پرندہ جس کے بازو کے پر گر گئے ہوں۔

مؤنث حَصَّاء۔ یؤمُ اَحَصُّ: بغیر بدلی کے سخت سردی کا دن۔ سَیْفٌ اَحَصُّ: بغیر جوہر کے تلوار۔ سنة حَصَّاء: خشک سال جس میں پیداوار نہ ہو۔ رِیحٌ حَصَّاء: بغیر غبار کے صاف ہوا۔

الحَصِیص: عدد۔ کہا جاتا ہے "حَصِیصُهُمْ کذا": ان کی تعداد اتنی ہے۔ گدھے اُونٹ کے گرے ہوئے بال۔

الحَصِیصَة: موٹا کپڑا یا کمبل جو کھنے ہوئے بال۔ کان کے بال۔

حَصَّا وحَصِیٌّ (س): حَصًا: الوصیٌّ: شکم سیر ہو کر دودھ پیا۔ مِنَ الماء: سیراب ہوا۔

اَحْصَاهُ: سیراب کرنا۔

حَصَبَه (ن ض) حَصْبًا: کنکری سے مارنا (وحَصَّبَ) المکان: کنکر بچھانا۔

حَصَبَ فی الارض: جانا..... عنه: تیز بھاگنا حَصَبَه عن کذا: دور کرنا۔

حَصِبَ (س) حَصَبًا وحُصِبَ: کمبرا کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ صفت (مَحْصُوب)

حَصِبَ الوَلَدُ: دانت کا کمان سے اُلٹ جانا۔

اَحْصَبَ: القومُ فی عدوه: کنکری اُڑانا ..... عنه: اعراض وزُک روائی کرنا..... عن کذا: دور کرنا۔

حَصَبَ: الحَمامُ: دانہ کی تلاش میں جنگل کی طرف اُڑا۔

تَحَاصَبُوا: ایک دوسرے پر کنکری پھینکنا۔

الحَصَب: پتھر۔ سنگریزہ۔ ایندھن۔

الحَصِب: دودھ جس کا مکھن سرد ہونے کی وجہ سے نہ نکلا ہو۔

الحَصْبَة والحَصَبَة والحَصْبَة: (ایک بیماری کا نام) الحَصْبة: کنکری کو اُڑانے والی تیز ہوا۔ ارض حَصِبَة: بہت کنکری والی زمین۔ لَیْلَة الحَصْبَة: ایام تشریق کے بعد والی رات۔

الحَصْبَاء: سنگریزہ و کنکری۔ واحد (حَصْبَة)

الحَاصِب: فا: کنکری کو اُڑانے والی تیز ہوا۔ اول۔ اولہ برسانے والا بادل۔ ج حَواصِب.

المَحْصَبَة: بہت کنکریوں والی زمین۔

حَصْحَصَ حَصْحَصَةً: الحقُّ: پوشیدگی کے بعد ظاہر ہوا..... الرجلُ: پیر میں بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا.....

الشَّیْءَ فی الشَّیْءِ: مضبوط و مستحکم کرنے کے لئے حرکت دینا..... الترابَ وغیرہ: دائیں بائیں ہلانا۔

تَحَصْحَصَ: زمین سے چٹنا اور برابر ہونا۔

..... الوبرُ والزِّئبرُ: اون یا روئیں کا جھڑ جانا۔

الحَصْحَاص والحِصْحِص: مٹی والحِصْحِص: پتھر۔ رجل (حُصْحُص وحُصْحُوص) معاملات کے پیچھے پڑ کر تک پہنچنے والا۔

حَصَدَ (ن ض) حَصْدًا وحِصَادًا وحَصَادًا واحْتَصَدَ: الزرعَ: درانتی سے کاٹنا۔ اسی سے ہے "مَنْ زَرَعَ الشَّرَّ حَصَدَ النَّدَامَةَ": جو برائی بوئے گا پشیمانی کاٹے گا۔ صفت (حاصِد) ج حَصَدَة و حُصَّاد.

القومَ بالسیف: قتل کرنا۔

رَصَدَ (س) حَصَدًا: الحبلُ: مضبوط بٹی ہوئی ہونا..... الدرعُ: مضبوط بناوٹ کا ہونا۔

اَحْصَدَ: الزرعُ: کاٹنے کا وقت قریب ہونا ..... الحبلُ: بٹا۔

اِسْتَحْصَدَ: القومُ: جتھا بنانا..... الزرعُ: کاٹنے کا وقت قریب آنا..... الحبلُ: مضبوط بٹی ہوئی ہونا..... الرجلُ: غضبناک ہونا۔

الحَصَّاد: کھیت کاٹنے والا۔

الحِصَاد والحَصَاد: مص۔ کھیت کاٹنے کا وقت۔ الحَصَاد: کٹی ہوئی کھیتی۔ حَصَادُ الشجرة: درخت کا پھل۔ کہا جاتا ہے "اَحْصُدُوا حَصَادَ الشجر": انہوں نے درخت کا پھل لیا۔ حَصَادُ البَقْلِ البَرِّیَّة: دانے جو حرکت کرنے کی وجہ سے گر جائیں۔

الحَصَدُ والحَصِیدُ والحَصِیدَة: کھیت کا کٹا ہوا حصہ۔ الحَصِیدَة: کھیتی کا وہ پودا جسے جو درانتی سے کٹنے کے بعد رہ جائے۔ کھیتی۔ ج حَصَائد. وحَصَائدُ الأَلْسِنَة: جو باتیں دوسروں کے حق میں کہی جائیں۔

الأَحْصَد: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ درخت جو خشک ہو گیا ہو۔ گھر کمزور ہونا۔ مؤنث حَصْدَاء

دِرْعٌ حَصْدَاءُ: تنگ حلقوں والی مضبوط زرہ۔ شَجَرَةٌ حَصْدَاءُ: بہت چنوں والا درخت۔

المِحْصَد: درانتی۔

حَصِرَهُ (ن ض) حَصْرًا: تنگی ڈالنا۔ گھیرنا ..... الشَّیْءَ: پورا لے لینا..... القومُ: بغلان تنگی ڈالنا..... العَمْرَ: اونٹ کی پیٹھ پر گدیلا باندھنا۔

حُصِرَ: قبض ہونا۔

حَصِرَ (س) حَصَرًا: بخل کرنا۔ گفتگو کرنے میں عاجز ہونا..... البَیْرَ: چھپانا..... الرجلُ: تنگ دل ہونا..... عن الشیء: شرم کر کے چھوڑ دینا۔ صفت (حَصِر وحَصُور وحَصِیر)

حَاصَرُوا حِصَارًا ومُحَاصَرَةً: العدوَّ: محاصرہ کرنا۔ گھیرا ڈال کر امداد کو روک دینا۔

اَحْصَرَهُ: عن السفر: روکنا..... المرضُ

marfat.com
Marfat.com

ا والبولُ: مرض یا پیشاب کا کسی کو روک دینا۔
اُحْصِرَ: قبض ہو جانا۔
اِنْحَصَرَ: تنگ ہونا۔
اِحْتَصَرَ. البَعِیرَ: گدیلا باندھنا۔
اَلْحِصَار: گدیلا جو اُونٹ کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ محاصرہ کی جگہ۔
الحُصْر والحُصُر: قبض۔
الحَصِیر: بوریا۔ چٹائی۔ آدمیوں کی قطار۔ مجلس۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے "دَابَّة عَرِیضُ الحَصِیرین": چوڑے پہلوؤں والا جانور۔ موڈھے سے کمر تک کا گوشت۔ تنگ جگہ۔ قید۔ قید خانہ۔ قیدی۔ راستہ۔ لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل بادشاہ اور اسی سے ہے "اَثَرَ حَصِیرُ الحَصِیرِ فِی حَصِیرِ الحَصِیرِ": یعنی قید خانہ کی چٹائی نے بادشاہ کے پہلو میں نشان ڈال دیا۔ ج حُصُر واَحْصِرة.
اَلْحَصِیرَة: بوریا۔ چٹائی۔ گھوڑے کے موڈھے اور پہلو تک کا گوشت۔ ج حَصَائر.
المِحْصَرة. للجمل: گدیلا۔
المُحْصِر: شیر۔
الحَصِیرِیُّ: چٹائی بیچنے والا۔
الحَصُور: تنگ دل، بخیل۔ خوفزدہ۔ کسی کام سے رکنے والا۔ راز کا پوشیدہ رکھنے والا۔ باوجود طاقت کے عورتوں کی طرف رغبت نہ رکھنے والا۔
الحَصْرَبَة: تنگی، بخل۔
حَصْرَمَ. القوسَ: مضبوطی سے تانت کسنا۔
.....الحبلَ: مضبوط بٹنا..... القربة: بھرنا
.....القلمَ: تراشنا۔
تَحَصْرَمَ: بخیل وتنگ دل ہونا۔
الحِصْرِم: کچا سبز انگور۔ کچا پھل واحد (الحِصْرِمة) سخت بخیل۔ پست قد۔ ہر چیز کا گھٹیا۔ الحِصْرِم: کنوئیں سے ڈول نکالنے کا کانٹا۔
حَصَفَ (ک) حَصَافَةً: عمدہ رائے اور پختہ عقل والا ہونا۔ صفت (حَصِیف وحَصِیف)
حَصِفَ (س) حَصَفًا: خشک خارش والا ہونا۔
حَصَفَهُ (ن) حَصْفًا: دور کرنا۔
اَحْصَفَ: تیز دوڑنا۔ صفت (مُحْصِف ومِحْصِیف ومِحْصَاف) اَحْصَفَهُ: دور کرنا۔
الامرَ: مضبوطی سے کرنا..... النَسِیجَ: گف بننا..... الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔ الحرُّ فُلانًا: خشک خارش میں مبتلا کر دینا۔
اِسْتَحْصَفَ. الشَّیُ: مضبوط ہونا۔
.....القومُ: اکٹھا ہونا..... الدهر علیه: سخت ہونا..... الحبلَ: مضبوط بٹنا۔
الحَصِیف: ہر بے عیب مضبوط چیز۔
الحَصَف: خشک خارش۔
حَصَلَ (ن) حُصُولاً ومَحْصُولاً.
الشَّیُ: حاصل ہونا۔ ثابت ہونا۔ باقی رہنا۔ کہا جاتا ہے "حَصَلَ عَلَیْهِ مِنْ حَقِّی کَذَا": اس کے اوپر میرے حق میں سے اتنا باقی رہا..... لَهُ کَذَا: واقع ہونا..... عنده کَذَا: پایا جانا..... علی الشَّیُ: جمع کرنا اور مالک ہونا..... لی علیک کَذَا: ثابت ہونا۔ واجب ہونا۔
حَصِلَتْ (س) حَصَلاً. الدابةُ: جانور کا مٹی یا کنکری کھانے کی وجہ سے پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔
حَصَّلَ. الشَّیُ او العِلْمَ: حاصل کرنا۔
.....الکلامَ: نتیجہ اور مفاد کی جانب پھیر دینا۔
.....الدَّیْن: جمع کرنا۔
تَحَصَّلَ. الشَّیُ: اکٹھا ہونا۔ ثابت ہونا۔
..... مِنَ المَسْئَلَةِ کَذَا: کسی مسئلہ سے دوسرا مسئلہ نکالا جانا۔
الحَاصِل: قاکان سے نکالی ہوئی خالص چاندی..... مِن کل شیٔ: بقیہ..... عند المُحَاسِبِین: حاصل ضرب۔ مخزن (مولدة) اور اسی سے ہے "حَاصِلُ غَیْنِ الماءِ": پانی کی ٹینکی۔ ج حَوَاصِل.
الحَصِیل: حاصل کیا ہوا مال۔ ایک قسم کی نباتات۔
الحَصِیلَة: تحصیل کا اسم۔ حاصل کردہ بقیہ۔ ج حَصَائِل: کہا جاتا ہے "ما حَصِیلَتُکَ وما حَصَائِلُکَ": تمہارا حاصل کردہ کیا ہے۔
المَحْصُول: حاصل۔ کہا جاتا ہے "هذا مَحْصُولُ کَلَامِهِ": یہ اس کے کلام کا نتیجہ ہے "ومالِفُلَانٍ ومَحْصُولٌ ولامَعْقُولٌ": یعنی فلاں کے لئے رائے وتمیز نہیں ہے۔
حَصُنَ (ک) حَصَانَةً: مضبوط واستوار ہونا۔ صفت (حَصِین)
حَصُنَتْ حُصْنًا وحِصْنًا وحَصَانَةً المرأةُ: پاکدامن ہونا۔ صفت (حَصَان) ج حُصُن وحَصَانات و(حَاصِنٌ وحَاصِنَة) ج حَوَاصِن وحَاصِنَات. و(حَصْناء)
حَصَنَهُ (ن ض) حَصْنًا: مضبوط جگہ میں محفوظ کرنا۔
حَصَّنَ واَحْصَنَ. المکانَ: مضبوط بنانا۔
اَحْصَنَ: المرأة: شادی کرنا۔ اَحْصَنَتِ المرأةُ: شادی شدہ ہونا۔ پاک دامن ہونا۔ صفت (مُحْصِنة) (بفتح الصاد. اَحْصَنَ الرَّجلُ: شادی شدہ ہونا۔ صفت (مُحْصَن)
تَحَصَّنَ: اپنے لئے قلعہ بنانا۔ تَحَصَّنَتِ المرأةُ: عفیفہ و پاکدامن ہونا..... الفرسُ: اصیل ہونا۔
الحِصْن: محفوظ و بلند جگہ۔ قلعہ۔ ہتھیار ج حُصُون. واَحْصَان وحِصَنَة.
الحَاصِن والحَاصِنَة: پاکدامن یا شادی شدہ عورتیں۔ ج حَوَاصِن وحَاصِنَات.
الحَوَاصِن: حاملہ عورتیں۔
الحَصَان: موتی۔
الحِصَان: اصیل گھوڑا۔ ہر نر گھوڑا۔ ج اَحْصِنَة وحُصُن.
الحَصِین. مِنَ الاماکن: مضبوط۔ کہا جاتا

marfat.com
Marfat.com

ہے "بِرُوْعٍ حَضِیْنٍ" مضبوط زرہ۔ و "حِصْنٌ حَضِیْنٌ" مضبوط قلعہ۔

اَبُوالْحُضَیْن. مُضَغرًا: لومڑی۔

الْمِحْضَن: زنبیل۔ تالا۔ کُل۔

حَضَا (ن) حَضْوًا. ہ: روکنا۔ منع کرنا۔

الْحَضْوا: پیٹ کا درد۔

حَضِیَ (ض) حَضْیًا. الرجل: تنگدستی سے مارنا۔

حَضِیَ: مثانہ میں پتھری کی بیماری والا ہونا۔ صفت (مُحْضِیٌ)

حَضِیَتْ (س) حَضًا. الارض: بہت کنکری والی ہونا۔ صفت (مُحْضَاۃ)

حَضَاۃ تَحْضِیَۃ: بچانا۔

اَحْضَی. الشیٔ: شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاَمْرُ لَااُحْضِیْهِ": یہ ایسا امر ہے جس کی میں طاقت نہیں رکھتا۔

تَحْضِی: بچانا۔

الْحَضِی: کنکری۔ واحد (حَضَاۃ) ج حَضَیَات وحُضِیٌّ وحِجِیٌّ وظُرُق

الْحَضِی: کہانت اور جادو کے اعمال میں سے ایک عمل۔ والْحَضَاۃ: عدد۔ عقل و رائے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ثَابِتُ الْحَضَاۃ": فلاں عاقل ہے۔

الْحَضِیُّ: بڑا تنگدست۔

اَرْضٌ (حِضِیَّۃ) بہت کنکریوں والی زمین۔ نہر (حَضِیٌّ) بہت کنکری والی ندی۔

حَضَّهٗ (ن) حَضًّا وحَضَّضَهٗ. علی الامر: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

تَحَاضّ. القوم: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔

اِحْتَضَّ. نَفْسَه: اپنے آپ سے زیادتی کا طالب ہونا۔

اَلْحَضْض: چیز (اس کا استعمال ہمیشہ نفی کے تحت میں ہوتا ہے) جیسے کہا جاتا ہے "مَاعِنْدَہٗ حَضْضٌ وَلَابَضْضٌ": اس کے پاس کچھ نہیں۔

الْحَضُّ والْحَضِیْضِی والْحَضِیْضِی: حَضّ کا اسم مصدر۔

الْحَضِیْض: دامن کوہ کا پتھر۔

الْحَضِیْض: دامن کوہ۔ ج اَحْضَۃٌ و حضض: پست زمین اور علم ہیئت کی اصطلاح میں اس نقطہ کو کہتے ہیں جو اوج کے مقابل ہے۔

الْحَضِیْضَۃ: شے مملوکہ۔ تم کہتے ہو۔ "اَخَرَجْتُ اِلَیْهِ حَضِیْضَتِی وبَضِیْضَتِی" میں نے اپنی ساری ملکیت اس کے سامنے کر دی۔

اَلْحَضْوَضٰی: دوری۔ آگ۔

حَضَبَ (ض) حَضْبًا واَحْضَبَ النارَ: ایندھن ڈالنا۔

تَحَضَّبَ: دشوار گزار قریب کا راستہ اختیار کرنا۔

الْحِضْب والْحُضْب: کمان کی آواز۔ دامن کوہ۔ ج اَحْضَاب۔

حَضَجَ (ن) حَضْجًا. النارَ: جلانا۔

.....الشَّیْءَ فِی الْمَاءِ: ڈبانا.....بفلان: پچھاڑنا۔

.....بِهِ الارض: پٹک دینا۔

حَضَّجَ. الکلام: کوتاہی کرنا۔

اِنْحَضَجَ. الرجلُ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

اَلْحُضَاج: وہ شخص جس کی پیٹھ جھکی ہوئی اور پیٹ نکلا ہوا ہو۔

الْحِضَاج: بھری ہوئی بڑی مشک جس کو ٹیک لگادی گئی ہو۔

اَلْمِحْضَج والْمِحْضَاج: آگ بلانے کی کرید لی۔ اَلْمِحْضَاج: کپڑا دھونے کی موگری۔

اِمرأۃ مِحْضَاج: کشادہ پیٹ والی عورت۔

حَضَاجِر. حَضَاجِر: بجو کا علم عض ہے۔

حَضَرَ (ن) حُضُوْرًا وحَضَارَۃً: موجود ہونا۔ .....(حَضَارَۃً) شہر میں مقیم ہونا۔

حَضَرَ (س) وحَضَرَ (ن) حُضُوْرًا. الْمَجْلِسَ: حاضر ہونا۔ .....عن المکان: منتقل ہونا۔ حَضَرَہ الامرُ: دل میں گزرنا

.....ہ الْمَوْتُ: موت کا وقت آنا.....الیہ: آنا۔ کہا جاتا ہے "حَضَرَتُ الامرَ بخیر" یعنی میں نے درست رائے کا خیال کیا۔ و "حَضَرَتِ الصلوٰۃُ": نماز کا وقت آ گیا۔

حُضَیْرٌ: موت واقع ہونا۔ صفت (مَحْضُوْرٌ)

حَضَرَہٗ وحَضَّرَہٗ واَحْضَرَہٗ: حاضر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَحْضَرَہُ الشیٔ" اس کے پاس چیز کو لایا۔ "اَحْضَرَ الفرسُ": تیز دوڑنا۔

حَاضَرَہٗ ومُحَاضَرَۃً وحِضَارًا: ساتھ دوڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ جو جواب سمجھ میں آئے دینا۔

حَاضِرُ الْجَوَاب: حاضر جواب ہونا۔

تَحَضَّرَ واحْتَضَرَ: حاضر ہونا۔ تَحَضَّرَ واحْتَفَرَ الرجلُ: حاضر کیا۔ اِحْتَضَرَ الفرسُ: دوڑنا۔ تَحَضَّرَ الْبَدْوِیُّ: شہری جیسا بننا۔

تَحَضْرَہُ الْهَمُّ: غم لاحق ہونا۔

اُحْتُضِرَ: قریب المرگ ہونا۔

اِسْتَحْضَرَ الشیٔ: حاضر کرنا۔ حاضر ہونے کو کہنا.....الفرس: دوڑانا۔

اَلْحَضَر والْحَضَارَۃ والْحَاضِرَۃ: شہر اور مقامات مسکونہ۔ یہ اَلْبَدْو والْبَدَاوَۃ والْبَادِیَۃ کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ کَلَامِ الْحَاضِرَۃِ ولَمْ یَرِدِ الْبَوَادِی لَفْظُوْا بِهٖ ولَا عَرَفُوْہُ": یہ شہر کے رہنے والوں کی گفتگو ہے دیہات کے رہنے والوں کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے اس کا تلفظ کیا ہو اور نہ وہ اسے جانتے ہیں۔

اَلْحَضَارَۃ والْحِضَارَۃ: شہری اقامت۔

اَلْحَضَر والْحَضَرَۃ: موجودگی۔ پہلو۔ نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔

حضرت کا اطلاق ہر ایسے بڑے آدمی پر ہوتا ہے جس کے پاس لوگ حاضر ہوتے ہوں جیسے الحضرۃ العالیہ ناظر بکذا: جناب عالی فلاں کام کا حکم دیتے ہیں اور کہا جاتا ہے "کلمتہ بحضرۃ فلان": میں نے فلاں کی موجودگی میں اس سے گفتگو کی۔

marfat.com
Marfat.com

الحُضُر : تیز دوڑ۔ احضر الفرسُ کا اسم ہے۔

الحَضِر والحَضُر : لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کر کے حاضر ہونے والا۔

الحَضُر : حاضر جواب۔ الحَضِر : وہ شخص جو سفر کا ارادہ نہ کرے یا سفر کی صلاحیت نہ رکھتا ہو۔

الحُضْرَة والحِضْرَة والحَضْرَة : پہلو، نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ حَسَنُ الحَضْرَة": جبکہ بھلائی کے ساتھ حاضر ہو۔ "وجَمْعَ الحَضْرَة" یعنی وہ عمارت بنانا چاہتا ہے اینٹ چونہ گچ وغیرہ کرلیا ہے۔

الحَضار : سفید۔

الحَضَرِيُّ : شہری۔

الحاضِر : فا۔ شہر کا رہنے والا۔ ج حُضَّر و حُضُور و حَضَرة. الحاضِر : بڑا قبیلہ (یہ جمع ہے جیسے "حاج" حاجیوں کے لئے کہا جاتا ہے۔)

الحاضِرَة : حاضر کا مؤنث۔ ہاتھی کا کان ج حَواضِر.

الحَضِيرَة : لوگوں کی جماعت۔ فوج کا ہراول۔ زخم کا مواد۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ج حَضائِر و حَضِير.

المَحْضَر : حاضر ہونے کی جگہ۔ دستاویز ج مَحاضِر. المُحْضَر : حاضر ہونے والے لوگ۔ کہا جاتا ہے "فُلان حسن المَحْضَر" جبکہ غائب آدمی کا ذکر بھلائی سے کرے۔ "وكان ذلك بمحضر من فلان" فلاں کی موجودگی میں یہ ہوا۔

المَحْضُور : مفع۔ لبنٌ مَحْضُورٌ : بہت آفت والا دودھ۔

المِضَار والمِحْضِير. مِنَ الخيل وغيرها : تیز دوڑنے والا۔ ج مَحاضِير.

المُحْتَضِر : شہری شہر میں آنے والا۔

المُحْتَضَر : قریب المرگ۔ کہتے ہیں "اللبن مُحْتَضَر فقِطْ اناء ک": دودھ کے لئے بہت آفت ہے اس لئے اپنے برتن کو چھپا لو۔

حَضْرَمَ. في الكلام : اعرابی غلطی کرنا۔

.....الشَّيءَ : ملانا..... لِحاء الشجرِ : چھال اُتارنا۔

.....القوسَ : کمان کو مضبوط کسنا۔

الحَضْرَمِيَّة : گفتگو میں لکنت۔

حضرموت کی جانب منسوب۔

المُحَضْرَم : بمعنی المُخَضْرَم : (دیکھئے لفظ المخضرم)

حَضِلَت (س) حَضَلاً. النخلةُ : درخت خرما کے ڈنٹھل کے جڑ کا خراب ہونا۔

حَضَنَ (ن) حَضْنًا وحِضانَةً واحْتَضَنَ. الصبيَّ : گود میں لینا۔ پرورش کرنا۔ سینہ سے لگانا۔ حَضَنَه عن كذا : علیحدہ کرنا۔ دُور کرنا۔

حَضَنَ (ن) حَضْنًا وحَضانَةً وحَضانًا وحُضُونًا واحْتَضَنَ. الطيرُ بَيْضَهُ وعلى بَيْضِه : انڈے سینا۔

حَضُنَتْ (ک) حِضانًا. المرأةُ او الشاةُ او النَّاقَةُ : ایک چھوٹے اور ایک بڑے پستان یا تھن والی ہونا۔ صفت (حَضُون)

اَحْضَنَ. الرجلَ وبالرجل : حقارت کرنا اَحْضَنَ بِحَقِّه : حق مار لینا۔

الحِضْن : گود۔ اتنی مقدار جو گود میں آسکے۔ کہا جاتا ہے "اَعْطاه حِضْنًا مِنَ التمر": اس نے اسے گود بھر کر کھجوریں دیں۔ کسی چیز کا کنارہ۔ پہاڑ کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "عَشَّشَ الطائرُ في حِضْنِ الجَبَل": پرندے نے پہاڑ کی جڑ میں گھونسلا بنایا۔ ج اَحْضان وحُضُون. الحِضْن والحُضْن : بجوکا بھٹ۔

الحُضْنَة. حَضَنَ الطائر : کا اسم مصدر۔

الحَاضِنَة : بچہ کو پرورش کرنے والی دایہ۔ ج حَواضِن : کہا جاتا ہے "حَمامَةٌ حَاضِنٌ وحَمامٌ حَواضِن".

الحِضَانَة : دایہ گری۔ پرورش۔

الحِضَان : وہ مخنث جس کا ایک خصیہ دوسرے سے بڑا ہو۔

المِحْضَنَة : پیالہ کی مانند مٹی کا ایک برتن۔

المُحْتَضَن : گود۔

حَضَا (ن) حَضْوًا. النارَ : کریدنی سے ہلانا۔

المِحْضَأ والمِحْضَاءُ : آگ ہلانے کی کریدنی۔

المِحْضَنِي : مٹی کی بنی ہوئی انگیٹھی۔

حَطَّ (ن) حَطًّا : اُترنا۔ نازل ہونا۔

.....حَطًّا وحُطُوطًا) السعرُ : سستا ہونا

(حَطَّ (ن) حَطَاطًا) البعير : ایک جانب نکیل کو دبانا (..... واَحَطَّ) الوجهُ : مہاسا نکلنا (حَطَّ (ن) حَطًّا واحْتَطَّ احْتِطَاطًا) الشيءَ : چھوڑنا۔ رکھنا..... الحِمْلَ : جانور کی پیٹھ سے اُتارنا۔ کہا جاتا ہے "حَطَّ رحلَه" اس نے اقامت کی..... الجلدَ : پالش کرنا۔ لوہے سے چمڑے پر نقش کرنا۔

اِنْحَطَّ : اُترنا..... النَاقَةُ في سَيْرِها : تیز دوڑنا..... السعرُ : سستا ہونا۔ کہا جاتا ہے "الاَسْعَار حَاطَّةٍ ومُنْحَطَّة" : بھاؤ سستا ہے۔

اِسْتَحَطَّ : نیچے اُترنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَطَّ فُلانًا وِزْرَهُ" اس نے فلاں سے اپنا بوجھ گھٹا دینے کو کہا..... مِنَ الثمن شيئًا : کچھ گھٹانے کو کہنا۔

الحِطَّة والحِطِّيطى. اِسْتَحَطَّهُ وِزْرَه : کا اسم ہے۔

الحَطِيط : چھوٹا۔

الحَطِيطَة : قیمت کی کمی۔

الحُطَيْطَة : کھانسی۔

الحَطَاط : مہاسہ۔ دودھ کے جھاگ۔ واحد (حَطَاطَة)

الحُطَاط : بدبو۔

الحُطُط : نرم و نازک اجسام۔

الحِطَّان : بکرا۔

الحَطُوط : اصیل تیز رفتار اُونٹنی۔

marfat.com
Marfat.com

الحَطَبُ: نرم و چکنی پیٹھ والا۔
المَحَطُّ والمَحَطَّة: اُترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ ج مَحَاطٌ ومَحَطَّات۔
المَحَطَّة: ریلوے اسٹیشن۔ (جدید)
المِحَطُّ والمِحَطَّة: لکڑی یا لوہا جو چمڑے پر نقش کرنے کے لئے بنایا گیا ہو۔
المَحْطُوط: مضغ ادیم محطوط: پالش کیا ہوا چمڑہ۔ سَیْفٌ مَحْطُوط: تیز کی ہوئی تلوار۔
حَطَّ(ف) حَطًّا: الارض بہ: پچھاڑنا۔ ....به عن تَلَدًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ جھکانا۔ ....بالشَّیْءِ: پھینکنا۔
الحُطَیْئة: بدصورت پست قد مرد۔
الحَطّاء: برتن کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "حطاء مَنْ تَمر": بیٹھ پر اُٹھانے کے لائق کھجوریں۔
الحَطِیُّ: مِنَ الناس: ذلیل آدمی۔ کہا جاتا ہے "هو حطیٌ بطیٌ": وہ ذلیل ہے۔ بطی: کا لفظ تابع ہے۔
حَطَبَ (ض) حَطْبًا وأَحْطَبَ وأَحْتَطَبَ: لکڑی چننا۔ صفت (خاطِبٌ) کہا جاتا ہے "هو خاطِبُ لَیْل": وہ گفتگو میں رطب و یابس ملانے والا ہے۔
حَطَبَة: لکڑی لانا۔
حَطَبٌ وأَحْطَبُ. المکانُ: بہت لکڑیوں والی جگہ ہونا۔ صفت (حَطِیْبٌ) مؤنث (حَطِیْبة)
حَطَبَ. به وعلیه: چغلی کھانا۔ تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "حَطَبَ فی حبله": اس نے اس کی مدد و اعانت کی۔ و"حَطَبَ عَلَیْه بخیر": یعنی وہ اس کے پاس بھلائی کو لایا۔
أَحْطَبَ وانْحَطَبَ. الکرمُ: انگور کی بیل سے شاخیں تراشنے کا وقت آنا۔
الحَطَب: ایندھن ج أَحْطاب: ایک ٹکڑے کو حَطَبة: کہتے ہیں۔
الحَطِیب مؤنث حَطِیبة و(الأَحْطَب) مؤنث حَطْباء: ج حُطُب: بہت دبلا۔

الحَطَاب: لکڑی چننے والا۔ لکڑہارا۔
الحَطُوبَة: لکڑی کا گٹھا۔
الحَطَّابة. الحطاب: کا مؤنث۔ لکڑی چننے والی۔
المِحْطَب: بنیا۔
.....القوس: تانت چڑھانا۔
حَطَمَهُ (ض) حَطْمًا وحُطَامًا: توڑنا۔
حَطِمَ (س) حَطَمًا: بڑی عمر والا ہونا۔
تَحَطَّمَ وانْحَطَمَ: ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَطَّمَ الرَّجُلُ غَیْظًا": وہ غصہ سے چور ہو گیا۔ "وانْحطم الناسُ علیه": لوگوں نے اس پر ہجوم کر دی۔
الحُطَم: ے۔ برحم چرواہا(..... والحُطَم) بہت کھانے۔ سب کچھ چٹ کر جانے والا۔
الحِطْمَة والحُطَامة والحُطام: سوکھی چیز کے ٹکڑے۔ حُطامُ الدنیا: دنیاوی ساز وسامان۔ حُطامُ البَیْض: انڈے کا چھلکا۔
الحُطام والحُطُوم والمِحْطَم: شیر۔ کہا جاتا ہے "ریحٌ حُطُوم": بہت تیز ہوا۔
الحَاطُوم: ہضم کرنے والی دوا/ والحُطَمة والحُطَمَة: تخت سال۔
الحُطَمَة: تیز آگ۔ دوزخ۔ بہت اُونٹ دیکریاں۔
الحَطِیم: کعبہ کے کنارے کی دیوار۔ وہ جگہ جو رکن اور زمزم اور مقامِ ابراہیم کے درمیان ہے۔
ذَهِنَ (س) ذَهَنًا: الشَّيْءَ: سمجھنا۔

ذَهُنَ (ک) ذَهَانَةً: اچھے حافظہ والا ہونا۔

marfat.com
Marfat.com

ذُهْنٌ: ذہن کا زائل ہونا۔
ذَاهَنَهُ: زیرکی و تیزی خاطر میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ يُذَاهِنُ النَّاسَ وَيُفَاطِنُهُمْ" وہ لوگوں سے ذہانت اور فطانت میں مقابلہ کرتا ہے۔ اَقْرَبُ الْمَوَارِد میں شرح اشارات کے حوالہ سے ہے کہ علوم حاصل کرنے کے لئے نفس کی استعداد کا نام ذہن ہے اور اس استعداد کی جودت کا نام فطانت ہے۔
الذِّهْنُ: سمجھ۔ عقلی قوت۔ حافظہ۔ زیرکی۔ تیزی خاطر۔ چربی۔ قوت اور اسی سے ہے "مَابِيْ جُلِّي ذِهْنٌ" میرے پیر میں چلنے کی قوت نہیں۔ ج اَذْهَان۔
الذِّهْن: سمجھ۔ زیرکی۔ ج اَذْهَان کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اهل الاذهان" وہ سمجھدار لوگوں میں سے ہے۔
رجل (فِهِنٌ وذِهِنٌ): ذکی اور سمجھدار مرد۔
ذَهَا (ن) ذَهْوًا: تکبر کرنا۔
ذُوْ: صاحب مالک۔ تثنیہ ذَوَانِ ج ذَوُوْنَ: (اس کا اعراب اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب ہے) کہا جاتا ہے "وَجَدْتُهُ ذَاصَبَاحٍ" میں نے اس کو صبح کے وقت پایا و "جَاءَ مِنْ ذِيْ نَفْسِهٖ" وہ فرمانبرداری کی حالت میں آیا اور فقہاء کے قول "ذُوالْيَدِ اَحَقُّ" کا مطلب یہ ہے کہ قبضہ کرنے والا زیادہ حق دار ہے۔ "وَكَانَ ذٰلِكَ مِنْ ذِيْ قَبْلُ" یعنی یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔ ذَوُوْالْاَرْحَامِ: رشتہ دار۔ اقربا۔ الذُّوْوْن والاَذْوَاء: یمن کے بادشاہ جن کے نام لفظ ذو سے شروع ہوتے ہیں۔ جیسے ذُوْيَزَن. ذُوْنَوَاس. ذُوْرِيَاش: وغیرہ۔
ذَاتٌ۔ ذُوْ: کا مؤنث۔ تثنیہ ذَوَاتَانِ. ج ذَوَات: اس کا اور اس کے تثنیہ اور جمع کا اعراب انہی جیسے مشابہ کلمات کا اعراب جیسا ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ ذَاتَ يَوْمٍ او ذَاتَ لَيْلَةٍ اَوْ ذَاتَ مَرَّةٍ" میں نے اس سے کسی دن یا کسی رات یا کسی دفعہ ملاقات کی۔ "وَكَانَ ذٰلِكَ ذَاتَ الْعَوَيْمِ" یہ گزشتہ سال تھا۔ و "جَلَسَ ذَاتَ الْيَمِيْنِ" وہ داہنی جانب بیٹھا۔ "وَلَقِيْتُهُ اَوَّلَ ذَاتِ يَدَيْنِ" میں سب سے پہلے اس سے ملا۔ ذَاتُ الصَّدْرِ: گھریا بھید۔ ذَاتُ الْيَمِيْنِ: داہنی جانب۔ ذَاتُ الْبَيْنِ: حال۔ کہا جاتا ہے "اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ" تم لوگ اپنی اس حالت کو درست کرو جس پر اتفاق کر سکتے ہو۔ ذَاتُ شَفَةٍ: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُهُ فَمَا رَدَّ عَلَيَّ ذَاتَ شَفَةٍ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے جواب میں ایک کلمہ بھی نہیں کہا۔ ذَاتُ الْيَدِ: ملکیت۔ کہا جاتا ہے "قَلَّتْ ذَاتُ يَدِهٖ" اس کی ملکیت کم ہوگئی اور کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَّجَاجَةُ ذَاتَ بَطْنِهَا" یعنی مرغی نے انڈا دیا یا بیٹ کی۔ ذَاتُ الْجَنْبِ عِنْدَ الْاَطِبَّاءِ: نمونیا۔ ذَاتُ الرِّئَةِ وذَاتُ الصَّدْرِ وذَاتُ الْكَبِدِ: بیماریوں کے نام۔
الذَّات: وہ چیز جو جاننے یا خبر دینے کے قابل ہو۔ ذَاتُ الشَّيْءِ: نفس شی۔ عین شی۔ جوہر شی۔ اِسْمُ الشَّيْءِ. عِنْدَ النُّحَاةِ: نحویوں کے نزدیک اسم ذات وہ ہے جو کسی ذات سے تعلق رکھتا ہو۔ جیسے مرد۔ شیر وغیرہ اور اس کے مقابلہ میں اسم معنی ہے جیسے علم شجاعت سخاوت وغیرہ۔ الذَّوَات عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْنَ" قوم کے بڑے لوگ۔
الذَّاتِي: ذات کی جانب منسوب۔
ذَابَ (ن) ذَوَبَانًا وذَوْبًا. الثَّلْجُ او السَّمْنُ: برف یا گھی پگھلنا..... دَمْعُهُ: آنسو بہنا..... الشَّمْسُ: آفتاب کا گرم و تیز ہونا..... الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بے وقوف ہونا۔ شہد کھانے پر مداومت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَابَ لِيْ عَلَيْهِ حَقٌّ" میرا حق اس پر ثابت ہوا و "مَاذَابَ فِيْ يَدِيْ مِنْهُ خَيْرٌ" مجھ کو اس سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ و "ذَابَ جِسْمُ الرَّجُلِ" لاغر ہوگیا۔
ذَوَّبَ. السَّمْنَ: گھی پگھلانا..... الْغُلَامَ: لڑکے کے گیسو بنانا۔
اَذَابَ اِذَابَةً. السَّمْنَ: گھی پگھلانا.....
حَاجَتَهٗ: حاجت پوری کرنا..... الْقَوْمَ اَمْرُهُمْ: درست کرنا..... عَلَى الْعَدُوِّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا۔
اِسْتَذَابَهٗ: پگھلانے کو کہنا۔ شہد مانگنا.....
الشَّيْءَ: باقی رکھنا..... حَاجَتَهٗ: پوری کرنا۔
الذَّاب: عیب۔
الذَّوْب: محض۔ خالص شہد۔ ذَوْبُ الذَّهَبِ: سونے کا پانی یا پگھلا ہوا سونا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الْكَلَامُ ذَوْبُ الرُّوْحِ" یہ کلام روح کو پگھلانے والا ہے۔
الذَّوْبَة. ذَاب: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ مِنْهُ ذَوْبَةٌ" اس سے حماقت ظاہر ہوئی۔ مال کا بقیہ جس کو انسان باقی رکھے۔
نَاقَة (ذَوْذَبٌ): موٹی اونٹنی۔
الْاِذْوَاب والاِذْوَابَة: مکھن جو ہانڈی میں گھی حاصل کرنے کے لئے پگھلایا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْلٰى مِنَ الذَّوْبِ بِالْاِذْوَابَةِ" وہ خالص شہد جو خالص مکھن کے ساتھ ملا ہوا ہو۔ اس سے زیادہ میٹھا ہے۔
المِذْوَب: سونا وغیرہ پگھلانے کی کٹھالی۔
المِذْوَبَة: چمچہ۔
ذَاجَ (ن) ذَوْجًا: جلدی کرنا..... الْمَاءَ: پانی پینا۔
ذَاحَ (ن) ذَوْحًا: سخت چال چلنا۔
(..... وذَوَّحَ) الْاِبِلَ: اونٹوں کو متفرق و پراگندہ کرنا
ذَادَهٗ (ن) ذَوْدًا وذِيَادًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "ذَادَ الْاِبِلَ عَنِ الْمَاءِ" اس نے اونٹوں کو پانی سے ہٹا دیا (..... وذَوَّدَ) عَنْ حَسَبِهٖ: بچانا۔ حمایت کرنا۔ صفت (ذَائِد) ج ذُوَّد وذُوَّاد وذَادَة.
اَذَادَاذَادَة واَذْوَدَهٗ اِذْوَادًا: ہٹانے میں مدد دینا۔
الذَّوَّاد: بہت دفع کرنے والا۔
المَذَاد: چراگاہ۔
المِذْوَد: مویشیوں کا تھان جس سے کسی چیز کو ہٹایا جائے۔ بیل کا سینگ۔ زبان۔
رِجَال (مُذَاوِدُ ومَذَاوِيْدُ): قابل نگہداشت چیزوں کی حمایت کرنے والے لوگ۔

marfat.com
Marfat.com

اَلـذُّوْقُ: اونٹ جن کی تعداد تین سے لے کر تیس (۳۰) تک۔ مؤنث کے لئے اس کا واحد کوئی نہیں یا یہ خود واحد ہے اس کی جمع ازواد ہے۔

ذَاطَهٗ (ن) ذَوْطًا: سخت گلا گھونٹنا۔

الإِذَاءَة: بھرنا۔

ذَوطَ (س) ذَوْطًا: چھوٹی چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا۔صفت (اَذْوَطُ)

اَلذَّوْطَة: زرد پیٹو والی مکڑی۔ رج اَذْوَاط۔

اَلذَّوط: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

ذَاعَ (ن) ذَوْعًا. مَالَهٗ سب کچھ پراگندہ کر دینا۔

اَذَاعَ بِاِذَاعَة. اَلقَوْمُ بِمَا فِي الحَوْضِ. قوم کا سارا پانی پینا..... اَلرَّجُلُ بِمَالِهٖ: لے جانا۔

ذَافَ (ن) ذَوْفًا: کشادہ قدم رکھتے ہوئے چلنا۔

ذَاقَ (ن) ذَوْقًا وَذَوَاقًا وَمَذَاقًا الشَّيْءَ: چکھنا..... اَلعَذَابَ: عذاب برداشت کرنا..... اَلرَّجُلَ وَمَا عِنْدَهُ الرجل: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاذَاقَ ذَوَاقًا" اس نے کچھ نہیں چکھا۔

تَذَوَّقَ. الشَّيْءَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا۔

تَـذَاوَقَ. اَلقَوْمُ الشَّيْءَ: چکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَذَاوَقُوْا الرِّمَاحَ" انہوں نے نیزوں کو سنبھالا۔

اِسْتَذَاقَهٗ: آزمائش کرنا۔ تجربہ کرنا۔ لُـهُ الأَمْرُ: آسانی سے حاصل ہونا۔ اسی سے ہے "لَايَسْتَذِيْقُ لِيَ الشِّعْرَ إِلَّا فِي فُلَانٍ" میرے لئے شعر کی آمد نہیں ہوتی مگر فلاں کے حق میں۔

اَلذَّوق والذَّائِقَة: چکھنے کی قوت۔

اَلـذَّوْق والـذَّوَاق. طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الذَّوْقِ لِلشِّعْرِ: اس کی طبیعت شعر کہنے کیلئے زیادہ موزوں ہے۔ اَلـذَّوَاق: مزہ۔ کہا جاتا ہے "ذَوَاقُه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔

اَلمَذَاق: مزہ۔ کہا جاتا ہے "مَذَاقُه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔ "وَهُوَ مُرُّ المَذَاقِ" وہ کڑوے مزہ کا ہے۔

ذَوِيَ (ض) وذَوِي (س) ذُوِيًّا. اَلنَّبَاتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا۔

اَذْوَى الذَّوَاءُ: پژمردہ کرنا۔

اَلذُّوَاة: بکری کے چھوٹے بچے۔

اَلذَّوَاة: خربوزہ یا انگور وغیرہ کا چھلکا۔

اسم اشارہ مؤنث سے قریب کے لئے۔

ذَيْتَ ذَيْتَ اَوْذَيْتَ وذَيْتَ: بات چیت یا فعل کے لئے کنایہ ہے جیسے "فَعَلْتُ لَهٗ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے اس سے ایسا ایسا کیا۔ "وَفَعَلْتُ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے ایسا ایسا کیا اور اسی کے مانند (ذَيًا وذَيًا وذَيَّةً ذَيَّةً) ہیں۔

ذَاجَ (ض) ذَيْجًا. اَلمَاءَ: پانی پینا۔

ذَايِجَهٗ مُذَايَجَةً: کسی کے ساتھ ہو کر پینا۔

ذَيَّغَت. اَلنَّحْلَةُ: گابھا نکلنا۔

اَذَاخ إِذَاخَةً. بِالمَكَانِ: گھر اگر دگھومنا۔ بنی فلان: ذلیل کرنا۔

اَلـذَّيْـخ: دلیر کمیڑیا۔ زیادہ بالوں والا۔ زبردست مؤنث ذَيْخَة۔ ج ذُيُوخ۔ وذَيْخَة. ذَارَهٗ يَذُوْرُهٗ ذَيْرًا: ناپنا کرنا۔

اَلذِّيْرَة: مٹی ملا ہوا گوبر۔

ذَاعَ (ض) ذَيْـعًا وذُيُـوْعًا وذُيُـوْعَةً وذَيْعَةً وذَاعَانًا. اَلخَبَرُ: پھیلنا اور کہا جاتا ہے "فَاعَ فِي جِلْدِهِ الجَرَبُ" اس کے جسم میں کھجلی پھیل گئی۔

اَذَاعَ إِذَاعَةً. اَلخَبَرَ وبِالخَبَرِ: پھیلانا..... اَلـيُسْر بِـالـيُسْرِ: ظاہر کرنا..... اَلقَوْمُ مَافِي الحَوْضِ اوبِمَا فِيْـهِ: سارا پی لینا..... بِالشَّيْءِ: لے جانا۔

اِتِّذَاع. اَلخبرُ: پھیلنا۔

اَلمِـذْيَاع: رازکی حفاظت نہ کرنے والا۔ رج مَـذَايِـيْـع۔ تم کہتے ہو۔ "فُلَانٌ لِلْاَسْـرَارِ مِـذْيَاع ولِلْاَسباب مضياع" فلاں بھیدوں کو بہت ظاہر کرنے والا اور اسباب کو بہت ضائع کرنے والا ہے۔

اَلذِّيْفَان واَلذِّيْفَانَة: مہلک زہر۔

ذَالَ (ض) ذَيْلًا. اَلـثَّـوْبُ: کپڑے کا لمبا ہونا۔ دامن دار ہونا..... اَلطَّيْرُ: پرندہ کا دُم کو کھینچتا پھیلانا..... اَلنَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: اُونٹنی کا رانوں پر اِدھر اُدھر مارنا..... اَلجَارِيَةُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا..... اَلشَّيْءُ: زمین پر ہلکی سی بارش ہو..... اَلمِـذْيَال: لمبے دامن والا (مذکر ومؤنث) ذَامَـهٗ (ض) ذَيْـمًا وذَامًا يَجِبُ لَهٗ ذَامٌ۔ مذمت کرنا۔ صفت (مَذْيُوْمٌ وَمَذْمُوْمٌ) اَلذَّام واَلذَّيْم: عیب۔ مذمت۔ اَلذَّيِّن: عیب۔

marfat.com
Marfat.com



ر: الـــراء: بنیادی حروف میں سے دسواں ہے۔

رَأَبَ (ف) رَأْبًا. الصَّدْعَ: پھٹن درست کرنا۔ مرمت کرنا..... الشَّیْءَ: جمع کر کے نرم باندھنا..... بَیْنَھُم: صلح کرانا۔

رَأْبُ الْاَرْضِ: سبزی کاٹ لینے کے بعد سرسبز ہونا۔

اَرْأَبَ اِرْآبًا. الصَّدْعَ: پھٹن درست کرنا۔ پیوند کرنا۔

الرَّأْب: مص۔ پھٹن۔ شگاف۔ سردار۔ ج رِئَاب. کہا جاتا ہے "کَفٰی بِفُلَانٍ رَأْبًا لِاَمْرِکَ" فلاں تمہارے امر کو درست کرنے والا کافی ہے۔ (اس جملہ میں مصدر بمعنی اسم فاعل ہے)

الرُّؤْبَة: لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس سے کسی چیز کو درست کیا جائے۔ سوراخ بند کرنے کی چیز۔ گاڑھا دودھ۔ رات کا گزرا ہوا وقت۔ حاجت۔ ج رِئَاب ورُؤُبَات. کہا جاتا ہے "ھُوَ رِئَاب بَنِی فُلَانٍ" وہ بنوفلاں کے اُمور کا درست کرنے والا ہے۔

اَلْمِرْأَبُ: کاروں، موٹر سائیکلوں وغیرہ کو درست کرنے کی جگہ (آٹو مکینک کی ورکشاپ)۔

الرَّأَّاب والمِرْآب: درست کرنے والا۔

رَأْبَلَ رَأْبَلَةً: ایک جانب کو جھکتے ہوئے چلنا گویا کہ ننگے پیر چلنے کی وجہ سے تکلیف ہے۔

تَرَأْبَلَ. القَوْمُ: چور بننا..... عَلَیْہِ: لوٹ ڈالنا۔

الرِّئْبَال والرِّئْبَّال: شیر۔ بھیڑیا۔ ج رَآبِل ورَآبِیل ورَآبِلَة ورَبَابِیل. الرِّئْبَال: اکلوتا لڑکا۔

الرَّابِیْنَج: صنوبر کا گوند۔

رَؤُدَ (ک) رُؤُوْدَةً. الغُصْنُ: ٹہنی کا تر اور بہت نازک ہونا۔ صفت (رَؤُد)

تَرَأَّدَت. الرِّیْحُ: ہوا کا اِدھر اُدھر چلنا۔ تَرَأَّدَ السَّرْجُلُ: اٹھنے میں کانپنا (..... وارْتَأَدَ) الغُلَامُ: خوش عیشی کی وجہ سے لڑکے کے بدن کا تھلکنا..... الغُصْنُ: جھکنا..... العُنُقُ: گردن کا پیچیدہ ہونا (تَرَأْدُو وتَرَاءَدُ) الضُّحٰی: روشنی پھیلنا۔ دن چڑھنا۔

رَأْدُو رَائِد. الضُّحٰی: آفتاب چڑھنے اور روشنی پھیلنے کا وقت۔ والرَّأْد: کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

الرَّادِیُولَا: بارک کپڑے کی قسم سے ایک پودا۔

الرِّئْد: ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رِئْدِی": یہ میرا ہم عمر ہے۔ درخت کا پودہ۔ ج آرَاد.

الرَّأْد والرَّأْدَة والرُّؤْد والرُّؤْدَة: خوبصورت نوجوان عورت۔ الرُّؤْد: نرمی سہولت۔ کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

رَأْرَأَ: پتلی پھرانا۔ تیز دیکھنا۔ رَأْرَأَ بِعَیْنَیْہِ: آنکھیں پھرانا۔ صفت مذکر (رَأْرَأ): صفت مؤنث رَأْرَأَة ورَأْرَاء ورَأْرَاءَة..... الظِّبَاءُ: ہرنیوں کا دم ہلانا..... السَّحَابُ والسَّرَابُ: بادل یا سراب کا چمکنا..... الرَّجُلُ: پڑھنے یا بولنے میں حرف راز یادہ بولنا۔

رَؤُسَ یَرْؤُسُ رِئَاسَةً: رئیس ہونا۔

رَأُسَ (ض) رَئَاسَةً. القَوْمَ: سردار قوم ہونا

(رَأَّسَہٗ (ف) رَأْسًا): سر پر زخم پہنچانا

السَّیْلُ الغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ جمع کرنا۔

رُئِسَ: دردسر والا ہونا۔

رَأَّسَہٗ: سردار بنانا۔

تَرَأَّسَ وارْتَأَسَ: سردار ہونا۔

اِرْتَأَسَہٗ: گردن پکڑ کر زمین میں جھکا دینا۔

اِرْتَأَسَ الشَّیْءَ: کسی چیز کے سرے پر سوار ہونا۔

الرَّأْس: سر۔ ج اَرْؤُس ورُؤُوْس ورُؤُس وآرَاس: اس کا اطلاق ہر ذی روح کے لئے ہوتا ہے اور اکثر جانوروں کے لئے جیسے اَرْبَعُوْن رَأْسًا مِنَ الغَنَمِ. الرَّأْس: چیز کی چوٹی۔ سردار قوم۔ رَأْسُ الشَّھْرِ او العَام: مہینے یا سال کا پہلا دن اور کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ رَأْسًا" اس نے اس کام کو ابتداءً کیا۔ و "وَلَدَتْ ثَلَاثَةً رَأْسًا عَلٰی رَاس: اس عورت نے یکے بعد دیگرے تین بچے جنے۔ و "رُمِیْتُ مِنْکَ فِی الرَّأْسِ" تیری رائے میرے حق میں ایسی بُری ہے کہ تو میری طرف دیکھتا بھی نہیں۔ و "ھٰذَا قِسْمٌ بِرَأْسِہٖ: یہ مستقل ایک قسم ہے۔ "وَأَنْتَ عَلٰی رَأْسِ اَمْرِکَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔

رِیَاس. السَّیْف: تلوار کا قبضہ۔

کہا جاتا ہے "اَنْتَ عَلٰی رِئَاسِ اَمْرِکَ: تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔

marfat.com
Marfat.com

الرَّئِيس: فا۔ حاکم۔ ج رُؤَاس۔
الرَّئِيس والرِّئِيس: سردار وقوم۔ چودھری۔ ج رُؤَسَاء۔
الرِّئِيس: مضبوط سرداری والا۔
الرَّوَابِيس: وادیوں کی بلندیاں۔ اگلے بادل۔ واحد رَابِيَة۔
الرَّآمِي: سری پیچنے والا۔
الأَرْآس: بڑے سر والا۔ مؤنث رَأْسَاء۔
الرُّؤَاسِيُّ: بڑے سر والا۔
الجِرَآس: مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو گھڑ دوڑ میں دوسرے گھوڑوں کے سر کو کاٹے۔ گھڑ دوڑ میں آگے بڑھنے والا۔
المُرَائِس: جنگ سے جی چرانے والا۔
المَرْؤُوس: رعیت، محکوم۔ بڑے سر والا
(..... والرئیس): وہ شخص جس کے سر میں زخم لگا ہو۔
رَأَفَ (ف) رَأْفَةً ورَؤُفَ (ف) رَآفَةً ورَئِفَ: (س) رَأْفًا ورَآفَةً۔ بہ: بہت مہربانی کرنا۔ صفت (رَؤُوف ورَؤُف ورَاف ورئف ورَائف)
تَرَاءَ فُوا: آپس میں مہربانی کرنا۔
رَأَفَهُ واسْتَرْأَفَهُ: مہربان بنانا۔ مہربانی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
الرَّاف: شراب۔
اِسْتَرْأَلَ: الرَّأْلُ: شترمرغ کے بچہ کا قوی و مضبوط ہونا..... النَّبَاتُ: لمبی ہونا۔
الرَّأْل: شترمرغ کا بچہ۔ مؤنث رَأْلَة۔ ج رِئَال وأَرْؤُل ورِئْلَان۔ رِئَالَة: کہا جاتا ہے "خُوذِ رَأْلَةَ" یعنی وہ گھبرا گیا۔
الرُّؤَال: گھوڑے کے منہ کی جھاگ۔
الرَّائِل والرَّاوُول: داغوں کے نیچے زائد نکلا ہوا دانت۔ نَعَامَةٌ مُرْئِلَة: بچے والی مادہ شترمرغ۔
المُرَائِل: جلدی کرنے والا۔
رَأَمَ (ف) رَأْمًا. الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔
القِدْحَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا۔
رَئِمَ (س) رَأْمًا ورِئَامًا. الجُرْحُ: زخم کا اکٹھا بند ہونا..... الشَّيْءُ: محبت کرنا۔ الفت کرنا
..... المَالَةَ ولَهَا: مہربان ہونا۔ صفت (رَائِمٌ ورَائِمَةٌ ج رُوَّامٌ ورُوَّمٌ) ج رُوَائِم: کہتے ہیں "هُوَ رُؤُومٌ لِلضَّيْمِ" وہ ذلیل ہے۔ ذلت پر راضی ہو جانے والا۔
أَرْأَمَ إِرْآمًا. الجرحُ: زخم کو علاج کر کے اچھا کرنا..... الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔
• عَلَى الأَمْرِ: مجبور کرنا..... النَّاقَةَ: اُونٹنی کو دوسرے کے بچہ پر مہربان بنانا۔
تَرَأَّمَهُ. وتَرَاءَمَ عَلَيْهِ: مہربان ہونا۔
الرِّئْم: سفید ہرن۔ ج آرْآم وآرَام: مؤنث رِئَمَة۔
الرُّؤَام: لعاب۔
الرَّوْئِم: دیگ دان کے پائے۔
رَأَى يَرَى رَأْيًا ورُؤْيَةً ورَآءَةً. ورِئْيَانًا: بصارت یا بصیرت سے دیکھنا۔ یَرَى کی اصل يَرْءَى ہے اور امر کا صیغہ رَ ہے۔ کہا جاتا ہے "يَا تَرَى وَيَا لَهْفَ تُرَى" یعنی اے کاش کیا تو گمان کرتا ہے؟ اور مضارع کا صیغہ گمان کے معنی میں مجہول بھی بنا گیا ہے۔
رَآءَ. الشَّيْءَ: دیکھنا۔
رُئِيَ (ف) رَأْيًا. الرَّجُلَ: پسپورے پر مارنا..... الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔
..... الزَّنْدُ: آگ نکلنا..... الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا۔
رَأَّيَهُ تَرْئِيَةً: خلاف حقیقت دکھانا۔
رَاءَ نِيهِ مُرَاءَاةً ورِئَاءً: خلاف حقیقت دکھانا۔ وَرَائِيهِ مُرَاءَاةً: باہم مشورہ کرنا۔
أَرَاى إِرْئَاءً: عقل دانے والا ہونا۔ چہرے میں حماقت ظاہر ہونا۔ آئینہ میں دیکھنا۔ دکھاوے کے لئے کام کرنا۔ پسپورے کے درد والا ہونا۔ بہت خوش مزاج ہونا۔ دیکھنے کے وقت پلکوں کو ہلانا..... الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا..... الحَابِلُ مِنْ غَيْرِ ذَوَاتِ الحَافِرِ والسَّبُع: جفن سے حاملہ معلوم ہونا۔ صفت (مُرْءٍ ومُرْئِيَة)

آرَاهُ مُرْئِيهِ إِرَاءَةً وإِرْآءً. الشَّيْءَ: دکھانا۔
صفت مذکر (مُرْءٍ): صفت مؤنث مُرِئَة کہا جاتا ہے "أَرِنِي بِرَأْيِكَ" مجھے مشورہ دو۔ و"أَرَى اللهُ بُغْلَانَ" اللہ تعالیٰ فلاں کو عذاب دیں اور اس کے دشمن کو وہ دکھائیں جس پر وہ خوش ہو۔
تَرَأَّى وتَرَاءَى. فِي الجِرَأَةِ: آئینہ میں دیکھنا۔ تَرَأَّى وتَرَاءَى لَهُ: دیکھنے کے درپے ہونا۔ تَرَاءَى النَّاسُ: ایک دوسرے کو دیکھنا اور کہا جاتا ہے "تَرَاءَ يْنَا فِي الأَمْرِ" ہم نے معاملہ میں غور کیا۔ وتَرَأَّى بِرَأْيِ فُلَانٍ: وہ فلاں کا ہم خیال ہو گیا۔ "وتَرَاءَ نِي لِيَ أَنَّ الأَمْرَ كَيْتَ كَيْتَ" میرے لئے یہ ظاہر ہوا کہ معاملہ ایسا ہے۔ "وتَرَائِيَا الهِلَالَ": ہم نے چاند دیکھنے کی کوشش کی۔
اِرْتَأَى. الأَمْرَ: غور کرنا۔ شک کرنا۔ سوچنا۔
اِسْتَرْأَى. •: دیدار چاہنا۔ رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْأَيْتُهُ واسْتَرْئَيْتُهُ" اِسْتَرْأَى بالمُرْءَاةِ: آئینہ سے دیکھنا۔
المَرَاى: رائے۔ اعتقاد۔ تم کہتے ہو "رَأْيِي كَذَا" میرا عقیدہ ایسا ہے۔ تدبیر کی رسائی۔
ج آرَاء وأَرَاء۔
الرِّئُ والرِّئْ والرُّوَاء والرِّيُّ: منظر اور حسن منظر۔
الرُّؤْيَا: خواب۔ ج رُؤًى کہا جاتا ہے "جَعَلَهُ حِينَ جَنَّ رُؤْيَا وَرُؤْيَا" وہ اس وقت آیا جبکہ تاریکی خوب ہو گئی۔
الرُّوَيْءَة: آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُوَيْءَ۔
الرِّيَاء: دیکھنا۔
الرِّيَاء: مص۔ حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذَلِكَ رِئَاءً" اس نے اس کو نمود اور دکھاوے کے لئے کیا اور کہا جاتا ہے "نَعُمَ رِئَاءً أَلِفَ" وہ لوگ دیکھنے میں تقریباً ہزار ہیں۔ "و قَوْمٌ رِئَاءٌ" ایک دوسرے کے مقابل قوم۔ و"ذَوُدُنَا رِئَاءٌ": ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

المَرْئِيَة: منظر یا حسن منظر۔
المِرْءَآة: بہت دیکھنے والا۔
الرِّئَة: پھیپھڑا۔ ج رِئَات ورِئُون اور نسبت کے لئے (رِئَوِیٌّ)
رَئِیسُ القوم: قوم کا سردار جس کی رائے سے سب اتفاق کریں۔ الرِّئِیُّ: بڑا سانپ۔ کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔ هُوَ (اَرْأَی) بِکَذَا: وہ اس کے لائق ہے۔
المِرْأَة: آئینہ۔ ج مَرَاءٍ ومَرَایَا: اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے "یَتَمَرَّأُ": یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اس کو سیبویہ نے بیان کیا ہے)
المَرْأَی والمَرْأَة: منظر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَرْآةٌ بِکَذَا: وہ اس کے لائق ہے۔
وتُجْزَعُ مَجْهُوْلِهِ مَرْآتُه: اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے۔ و"هُوَ مِنِّیْ مَرْأَی ومَسْمَعٌ اوبِمَرْأَی وبِمَسْمَعٍ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی بات سن سکتا ہوں۔
رَبَّ (ن) رَبًّا: القَومَ: بالادست ہونا۔ انتظام کرنا..... النِّعْمَة: زیادہ کرنا..... الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ مالک ہونا..... الاَمْرَ: کسی کام کو درست کرنا۔
..... الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ خوشبودار بنانا۔
..... بِالمَکَانِ: اقامت کرنا (..... رَبًّا ورُبًّا)
الزِّقَّ: مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو اچھی ہو جائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔
(..... رَبًّا ورَبَّبَ تَرْبِیَةً وتَرِبَّةً وارْتَبَّ ارْتِبَابًا) الوَلَدَ: لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا۔
ورَبَّبَ الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ اور خوشبودار بنانا۔
اَرَبَّ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا..... مِنْه: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَبَّتِ السَّحَابَةُ" جبکہ لگاتار برسے۔
تَرَبَّبَ. القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
الصَّبِیُّ: بچے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ تم کہتے "رَاَیْتُهُ یَتَرَبَّبُ اَرْضَکُم" میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔
اُرْتُبٌ. العِنَبُ: انگور کا پکانے سے رُب تیار ہونا۔
الرَّبُّ: مصلح۔ مالک۔ سردار۔ درست کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اور اس کی طرف نسبت کے لئے (رَبَّانِی ورَبَّانِسِی ورَبُّوْبِیٌّ)
الرَّبَّانِی: عارف باللہ۔ عالم۔
الرَّبَّانِیّ: ملاحوں کا چیئرمین۔
الرِّبَّة: رب کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ۔ بڑا گھر۔
الرِّبَّة: بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت۔ ج اَرِبَّة ورِبَاب.
الرُّبُّ: پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَاب ورُبُوب.
رُبَّ ورُبَّةَ ورُبَّمَا ورُبَّتَمَا: حرف جر ہے حسب سیاق کلام تکثیر وتقلیل کا فائدہ دیتا ہے اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لئے شرط ہے کہ موصوف ہو اور جب اس کے آخر میں "ما" لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "رُبَّمَا الخَلِیْلُ مُقْبِلٌ ورُبَّمَا اَقْبَلَ الخَلِیْل" اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "رُبَّمَا ضَرْبَةٍ بِسَیْفٍ صَقِیْلٍ"
الرَّابُّ: سوتیلا باپ۔
الرَّابَّة: سوتیلی ماں۔
الرَّبَب: بہت پانی۔ میٹھا پانی۔
الرَّبَاب: سارنگی کی مانند ایک جگہ۔ سفید بادل۔ واحد (رَبَابَة)
الرِّبَاب: عہد۔ دوست۔ دس۔ دس آدمیوں کی جماعتیں۔
الرِّبَابَة: الرب کا اسم۔ مملکت۔ عہد و پیمان جیسے "کُنْتُ اِمْرَءًا اَفْضَتْ اِلَیْکَ رِبَابُهَا" میں تیرے عہد و پیمان کا ذمہ دار تھا۔
رَبَابَتِیْ"
الرُّبَّی: بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو۔ بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ مضبوط گرہ۔ حاجت۔ نعمت۔ احسان۔
الرُّبُوبَة والرُّبُوبِیَّة: الرب کا اسم۔
الرُّبَاب: جماعت۔
الرُّبَّان: ملاحوں کا سردار۔
الرَّبِیْب والرَّبُوْب: سوتیلا لڑکا۔ سوتیلا باپ۔ ج اَرِبَّة. الربیب: مشک کو بنانے والا اور درست کرنے والا۔
الرَّبِیْبَة: دایہ۔ سوتیلی لڑکی۔ سوتیلی ماں۔ ج رَبَائِب.
المَرْبُوْب: پرورش کیا ہوا۔ غلام بندہ۔
المَرَبُّ: جائے اقامت یا جائے اجتماع۔ تم کہتے ہو "هٰذَا مَرَبُّ القَوْمِ" یہ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔ لوگوں کا جمع کرنے والا آدمی۔
(..... المِرْبَاب): بہت پیداوار والی زمین۔
المُرَبَّب: جس کے اوپر انعام کیا جائے۔
المَرَبَّة: مملکت۔
رَبَا (ف) رَبْوًا: چڑھنا۔ بلند ہونا۔
عَلٰی جَبَلٍ: پہاڑ پر سے جھانکنا..... فِی الاَمْرِ: غور وفکر کرنا..... القَوْمَ ولِلْقَوْمِ: دیدبان بننا..... الشَّیْءَ: بلند کرنا..... المَالَ: حفاظت کرنا۔ انتظام کرنا۔ لے جانا اور کہا جاتا ہے "اِنِّیْ اَرْبَأُبِکَ عَنْ ذَالِکَ" یعنی میں اس کو تمہارے لئے پسند نہیں کرتا۔ "وما رَبَأْتُ رَبْأَهُ": نہ تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی پرواہ کی۔ واَرْبَأْتُهُ: یعنی اس کی حفاظت کرو۔
رَبَّاهُ تَرْبِئَةً: لے جانا۔
رَبَّاهُ لُرْبِئَةً: لے جانا۔
رَابَأَهُ مُرَابَأَةً: چوکنا رہنا۔ بچنا۔ نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔
اِرْتَبَأَ اِرْتِبَاءً. بِهِمْ: دیدبان بننا۔
المِرْبَاءَة: دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا..... عَلَی الجَبَلِ: پہاڑ پر سے جھانکنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَبَأَ الشَّمْسَ مَتٰی تَغْرُبُ": یہ دیکھتے رہو

marfat.com
Marfat.com

کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے۔

الرِّبیُ والرِّبیئۃ: فوج کا دیدبان۔ ج رَبَایا۔ کہا جاتا ہے "ثُوارَ بَایَاھُمْ" انہوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا۔

المَرْبَا والمِرْبَا والمَرْبَاۃ المُرْبَاۃ: دیدبانی کی جگہ۔ المِرْبَا: سیڑھی۔

رَبَتَ (س) رَبْتًا وَرَبَّتَ تَرْبِیْتًا: پرورش کرنا۔

رَبَّتَ الصَّبِیَّ: بچے کو سلانے کے لئے تھپکنا۔

رَبِتَ (س) رَبَثًا. الشَّیْءَ: بند ہونا۔

رَبَثَہٗ (ن) رَبْثًا وَرُبُوْثَۃً. عَنْ کَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔ بوجھل کرنا۔

تَرَبَّثَ: ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔

اِرْتَبَثَ وارْتَبَثَ. القَوْمُ: پراگندہ ہونا۔ متفرق ہونا..... اَمْرُھُمْ: کمزور ہونا۔ بکھر جانا۔

الرَّبِیْثی: مانع۔ روک۔

الرَّبِیْثۃ: بکر۔ مانع۔ ج رَبَائِث۔

الرَّبِیْث والمَرْبُوْث: رُکا ہوا۔

رَبَحَ (ک) وَرَبِحَ (س) رَبَاحَۃً: کودن ہونا۔ بلید ہونا۔

تَرَبَّحَ: ستیر ہونا۔ کودن ہونا۔

الاَرْبَحان: ایک قسم کی نباتات۔

رَبَحَ (س) رِبْحًا وَرُبْحًا وَرِبَاحًا. فِی تِجَارَتِہٖ: نفع اُٹھانا۔

رَبَّحَہٗ: نفع کرانا۔

رَابَحَہٗ مُرَابَحَۃً وَرَبَحَہٗ. عَلٰی سِلْعَتِہٖ: نفع دینا۔ اَرْبَحَ النَّاقَۃ: سخ اور دو پہر میں دوھنا۔

تَرَبَّحَ واسْتَرْبَحَ: نفع طلب کرنا۔

الرَّابِح: فاعال رابح: نفع دینے والا مال۔

الرِّبْح ج **اَرْبَاح (الرِّبَح والرِّبَاح):** نفع۔

الرِّبَح: اُونٹ جو بچے کے لئے لائے جائیں۔ اُونٹ کے چھوٹے بچے۔

الرِّبَاح: شراب۔

الرِّبَاحِی: کافور کی ایک قسم۔

الرِّبَاح والرِّبَاح: زبندر۔ بکری کا بچہ۔ اُونٹ کا بچہ۔ ج رَبَائِح۔

مُنْحَدِر (رَبَح): فائدہ مند تجارت۔

الرَّبَحْل: بڑے ڈیل ڈول والا۔ مؤنث رَبَحْلَۃ۔

رَبَخَ (س) رَبْخًا. البَعِیْرُ: اُونٹ کا رہت میں مشکل سے چلنا..... رَبْخًا رُبُوْخًا وَرَبَاخًا. المَرْأَۃُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بے ہوش ہو جانا۔

اَرْبَخَ. الرَّمَلُ: ریتہ ہونا..... الرِّجْلُ: نکھیوں میں مبتلا ہونا۔

تَرَبَّخَ. الرَّجُلُ: ست ڈھیلا ہونا۔

الرَّبِیْخ: بڑا پالان۔

رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا. بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔

رَبَدَہٗ (ن) رَبْدًا: روکنا۔ منع کرنا۔

رَبَدَ الإِبِلَ: اُونٹ کو پانڑہ میں باندھنا۔

رَبْدَۃ. الشَّاۃُ: بھنبھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا۔ تَرَبُّدُ الضَّرْعُ: بھنبھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔

تَرَبُّدَۃ. السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا..... الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا..... اللَّوْنُ: رنگ بدل جانا۔

اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا وارْبَادَّ ارْبِیْدَادًا: خاکستری رنگ والا ہونا۔

الرَّبَد: مص۔ ایک قسم کی نباتات۔

الزَّبَد: سوار کا جوہر۔

الزَّبَد: مص۔ ایک قسم کی نباتات۔

الاَرْبَد: خاکستری رنگ والا۔ عَامٌ اَرْبَدُ: قحط والا سال۔ مؤنث رَبْدَاء۔ الرَّبْدَاء: سخت و شدید۔ کہا جاتا ہے "ذَاھِیَۃٌ رَبْدَاءُ" بلائے بد۔ رَجُلٌ بُرْدٌ. الاَرْبَد: ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر۔

المِرْبَد: اُونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔

الزَّبِیْد: کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔

الرَّبِیْدَۃ: دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کی صندوقچی۔

المُتَرَبِّد: شیر۔

رَبِدَ. (س) رَبَدًا: چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا۔ صفت (زبد) کہا جاتا ہے "ھُوَ زَبِدُ المَجَانِ" وہ تیز بھاگنے والا ہے۔ مؤنث زَبِدَۃ. لُقَّۃٌ زَبِدَۃٌ: کم گوشت والا سوزمیانا۔

اَرْبَدَ. القُوبُ والحَبَلُ: کپڑے یا رسی کو کاٹنا۔

الرِّبِدَّۃ والرِّبِدَّۃ: چھتر جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ کوڑے کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اُونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں اون جس سے اُونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سر بند۔ ج رِبَد وربادِیذ وزَبَد۔

الرِّبْدَۃ: بے خبر آدمی۔ ہر پلیدی۔

الزَّبَدِیَّۃ: کمان کا چلہ۔ کوڑا۔

زَبَزَ (ک) زَبَزَۃً: زیرک و دانا ہونا۔

.....الکَبْشُ: مینڈھے کا قرعہ ہونا۔

زَبَزَ. القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔

اِزْبَزَرَ. الشَّیْءُ: پورا وکامل ہونا۔

الزِّبْزِبُ: زیرک و دانا۔

زَبَسَہٗ (ن) زَبْسًا. بِیَدِہٖ: دُھتر مارنا۔

(.....وزَبَّسَ) القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔

اَزْبَسَہ اِزْبَاسًا: غضبناک کر دینا۔

اِزْبَسَّ. العُنْقُوْدُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گھتنا۔ گھس جانا۔

اِزْبَسَّ. اِزْبِسَاسًا. الرجلُ: ملک میں جانا۔

فِیْ اَمْرِہٖ: تصرف کرنا۔ اَصْرَھُمْ: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔

الزِّبْس: جس۔ امر منکر۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ زِبْس" وہ بہت مال لایا۔

الزِّبْسَاۃ: سخت مصیبت۔ ج زُبُس "جَاءَ بِاُمُوْرٍ زُبُس" وہ مصائب لایا۔

الزِّبِیْس: بہادر۔ مصیبت۔ دبتر مارا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ خوص۔ (اُمّ الزِّبِیْس) بڑا سانپ۔ مصیبت کی آنکھ۔

الزِّبْسَۃ: میلی کچیلی بدہیئت عورت۔

الزِّبِیْسَاس: چتیدر کی مانند ایک سبزی جس کا

marfat.com
Marfat.com

مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے۔
اَرْبَضَ. الشَّجَرُ: پتے دار ہونا اور بقول بعض پھلدار ہونا۔
الاَرْبَض: مختلف رنگوں والا۔ مؤنث رَبْضَاء.
اَرْضٌ رَبْضَاء: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔
الرُّبْضَة: رنگوں کا اختلاف۔
الرَّبَض: نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔
رَبَضَ (ن) رَبْضًا. بِهٖ: کسی کے لئے خیر و شر کا انتظار کرنا۔ برائی پہنچانے کے لئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔
تَرَبَّصَ: انتظار کرنا..... عَنِ الاَمْرِ: رک جانا..... فِی الْمَکَانِ: ٹھہرنا..... بِفُلَانٍ: بمعنی رَبَضَ..... بِسِلْعَتِهٖ: گرانی کا انتظار کرنا۔
الرُّبْضَة: انتظار۔ رنگ برنگ۔
رَبَضَتْ (ض) رَبْضًا وَرُبُوْضًا وَرِبْضَةً. الدَّابَّةُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔ رَبَضَ الاَسَدُ عَلٰی فَرِیْسَتِهٖ او الْقِرْنُ عَلٰی قِرْنِهٖ: دبوچ کر بیٹھنا۔
رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا وَرُبُوْضًا. فُلَانًا او الْمَکَانَ: پناہ لینا۔
رَبَّضَهٗ. بِالْمَکَانِ: ٹھہرانا..... الدَّوَابَّ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل کر کے بٹھا دینا..... الشَّمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔
تَرَبَّضَ: ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔
الرَّابِض: فا (..... الرَّبَاض): شیر۔
الرَّابِضَة. رابض: کا مؤنث۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز۔ تک چپٹے کے لئے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَةٌ رَابِضَةٌ عَلٰی وَجْهِهٖ".
الرَّبَضُ والرَّبَضُ والرُّبُضُ والرَّبَضُ: بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَبَضٌ عَنِ الاَسْفَارِ اَوْعَنِ الْحَاجَاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لئے نہ نکلنے والا مرد۔
الرُّبْض: عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔
الرِّبْض. مِنَ الْبَقَرِ: بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔
الرَّبَض: بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاض.
الرُّبْضَة والرُّبَضَة: ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا مرد۔
الرِّبِضَّة: لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔
الرَّبُوْض. مِنَ الْقُرٰی: آباد گاؤں۔ مِنَ الدُّرُوْعِ: کشادہ زرہ..... مِنَ الشَّجَرَةِ: بڑا درخت۔ ج رُبُض. فِرْبَةٌ رَبُوْضٌ: بڑی مشک جو اٹھائی نہ جا سکے۔
الرَّبِیْض: باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔ مع اپنے چرواہوں کے پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
المَرْبِض: جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِض (..... والمَرْبَض): پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
رَبَطَهٗ (ن ض) رَبْطًا: باندھنا۔ مضبوط کرنا..... اللّٰهُ عَلٰی قَلْبِهٖ: قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (رَبَاطَةً): مضبوط دل ہونا۔
رَابَطَ رَبَاطًا وَمُرَابَطَةً. الاَمْرَ: مداومت کرنا..... الْجَیْشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔
تَرَابَطَ الْمَاءُ فِی الْمَکَانِ: پانی کا جمع ہو کر ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔
اِرْتَبَطَ. فَرَسًا: حفاظت سرحد کے لئے تیار کرنا..... فِی الْحَبْلِ: بندھنا اور لٹکنا۔
الرِّبَاط: مص۔ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لئے قیام کرے۔ ج رُبُط.
الرِّبَاط: فقراء کے لئے مکان موقوفہ۔ ج رِبَاطَات: کہا جاتا ہے "فَرَضَ رِبَاطًا" یعنی وہ مر گیا یا مرض سے تندرست ہو گیا۔
الرَّابِط: فا۔ راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔ رَابِطُ الْجَاشِ: قوی دل غیر خائف۔
الرَّابِطَة. رابط: کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔
الرَّبِیْط: بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد فلسفی۔ رَبِیْطُ الْجَاشِ: بہادر۔
الرَّبِیْطَة: باندھے ہوئے جانور۔
غلاف قیاس دَابَّةٌ رَبِیْطَةٌ اور دَوَابُّ رَبِیْطَة: کہا جاتا ہے اور دابۃ رَبِیْط بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّبَّاط: تانت کو باندھنے والا۔
الرُّبُط: بندھے ہوئے اور چارہ دیئے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِیْط)
المَرْبَط والمِرْبَط: جانوروں کے باندھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِط.
المُرَابَطَة: آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُرَابِطَات.
رَبَعَ (ف) رَبْعًا: توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اُرْبَعْ عَلَیْکَ اَوْعَلٰی نَفْسِکَ او عَلٰی ظَلْعِکَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو..... بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا..... عَنْهُ: رکنا۔
عَلَیْهِ: مہربانی کرنا..... الرَّجُلُ: فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کے لئے پتھر اٹھانا..... بِعَیْشِهٖ: راضی رہنا..... الاِبِلُ: چوتھے دن پانی پینے کے لئے آنا۔ رَبَعَتْ عَلَیْهِ الْحُمّٰی: چوتھے دن بخار آنا (..... رُبُوْعًا) الرَّبِیْعُ: موسم بہار آنا۔
رَبَعَ: (ف ن ض) رَبْعًا. الْحَبْلَ: چار بل کی رسی بٹنا..... الْقَوْمَ: اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔
رُبَع. الْقَوْمُ: موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لئے ہے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوْعَة)..... الرَّجُلُ: چوتھے دن بخار آنا۔
رَبَّعَ. الْبَیْتَ او الْحَوْضَ: مکان یا حوض چوکور بنانا۔
رَابَعُوْا. الْحِمْلَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ

marfat.com
Marfat.com

اٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَابَعْتُہ" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اُونٹ کی پیٹھ پر لادا۔

اَرْبَعُ: چوتھے سال میں داخل ہونا۔

.....اَلْقَوْمُ: چارا ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا..... لایہل: پانی پر جانے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَّجُلُ: بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔

اُرْبَعُ: اَلرَّجُلُ: چوتھا بخار والا ہونا۔

تَرْبِیْعٌ: فِی جُلُوْسِہٖ: چار زانو ہو کر بیٹھنا۔

(.....وَاِرْتَبَعَ) اَلْعَمَلُ: اُونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا..... بالمکان: فصل بہار میں اقامت کرنا۔ وَاِرْتَبَعَ الْحَجَرَ: پتھر اٹھانا۔

اِسْتَرْبَعَ: اَلرَّمْلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا۔

.....الشَّیْءَ: طاقت رکھنا۔

اَلرَّبِیْعُ: مس۔ گھر۔ گھر کا ارد گرد۔ اترنے کی جگہ۔ موسم گزارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع وَرُبُوْع وَاَرْبُع وَاَرْبَاع (.....وَالرَّبِیْعُ): میانہ قد۔

اَلرَّبِیْعُ وَالرَّبِیْعُ: چوتھائی ج اَرْبَاع وَرُبُوْع۔

اَلرَّبِیْعُ: اُونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہوا اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو ھُبَیْع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَھُمْ رَبِیْعٌ وَلاَھَبِیْعٌ" ج رِبَاع وَاَرْبَاع مؤنث رَبُوْعَۃٌ رُبَعَاتٌ وَرِبَاعٌ۔

اَلرَّبِیْعُ: تین دن اُونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمّٰی الرَّبِیْعِ: چوتھیا بخار۔

اَلرَّابِعُ: فاعہ۔ چوتھا۔ رَبِیْعٌ رَابِعٌ: بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ ابل رَوَابِعُ: چوتھے دن پانی پینے والے اُونٹ۔

رُبَاعُ: چار چار۔

کہا جاتا ہے "اَتَوْا رُبَاعَ": وہ لوگ چار چار آئے۔

اَلرَّبْعَۃُ: میانہ قد (مذکر و مؤنث) ج رَبَعَات وَرِبْعَات: عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے "فَتَحَ الْعَطَّارُ رَبْعَتَہ" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔

اَلرَّبَاعُ: اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ عَلٰی رَبَاعِھِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔

اَلرَّبَاعَۃُ وَالرِّبَاعَۃُ: اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیْھِمْ مَنْ یَضْبِطُ رَبَاعَۃَ الْاِفْلاَنِ": ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری۔ کہا جاتا ہے "لَاُقِیْمَنَّ رَبَاعَۃَ الْقَوْمِ اِلَّا فُلاَنٌ": قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ و "ھُمْ رَبَاعَۃُ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ مملوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

اَلرَّبَاعِیَہ: سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِیَات.

اَلرَّبَاعِی: وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبَع وَرُبَّع وَرِبْعَان وَرِبَاع وَرُبُع وَاَرْبَاع مؤنث رَبَاعِیَۃ ج رَبَاعِیَات.

اَلرُّبَاعِیُّ: چار سے مرکب۔

اَلرَّبِیْعُ: ج اَرْبِعَۃ وَرِبَاع وَاَرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار۔ سبز چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِیْعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار..... ج اَرْبِعَۃ وَرُبْعَان: زمین کے لئے پانی کا حصہ .....ج رُبُع: چوتھائی۔

اَلرَّبِیْعِیُّ: مِنَ الْمَسَاکِیْنِ: موسم بہار کی اقامت گاہ۔

اَلرَّبِیْعَۃ: پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اٹھایا جائے۔ باغ۔ لوبیہ کا خود۔ توشہ دان۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

اَلرُّبُوْعُ: کنزور۔ کمینہ۔

اَلرُّبَعَۃ: پیتہ قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اُونٹ کے بچوں کی ایک بیماری۔

اَرْبَعَۃ: چار۔ مؤنث اَرْبَع۔ اَلرُّبَاعُ اَلْاَرْبَع: پچھوائی۔ پروائی۔ دیکھنی۔ آتری ہوائیں۔

دَوَاتُ الْاَرْبَعِ: چار پائے۔

اُمُّ اَرْبَعٍ وَاَرْبَعِیْنَ: ایک قسم کا کیڑا۔

اَلْاَرْبِعَاءُ: مضلعۃ الماء: بدھ کا دن۔ تثنیہ اَرْبَعَاوَانِ۔ ج اَرْبِعَاءَات وَاَرْبِعَاوَات.

قَعَدَ الْاَرْبَعَاءَ وَالْاَرْبَعَاوِیَ: وہ چار زانو بیٹھا۔

اَلْاَرْبَعَاءُ: ستون خانہ۔

اَرْبَعُوْنَ: چالیس۔

اَلْمَرْبَعُ: موسم بہار کی بارش

(.....وَالْمَرْتَبِعُ): موسم بہار کی اقامت گاہ۔

اَلْمِرْبَعُ وَالْمِرْبَعَۃ: لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لئے استعمال کی جائے۔

اَلْمُرْبِعُ: موسم بہار میں بچہ جننے والی اُونٹنی

اَلْمُرْبِعُ: چوتھیا بخار والا۔

اَلْمُرَبَّعُ: چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے ۴×۴=۱۶

اَلْمِرْبَاعُ: وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائی موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اُونٹنی۔

(.....وَالْمِرْتَبِعُ وَالْمِرْبَعُ): درمیانہ قد۔

اَلْمَرَابِعُ: ابتدائے موسم بہار کی بارشیں۔

اَلْبِرْبُوْعُ: ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہے۔ ج بَرَابِیْع.

رَبِعَ (ف) وَرَبَعَا. اَلْقَوْمُ فِی النَّعِیْمِ: خوشحال زندگی بسر کرنا۔

رَبِعَ (ف) وَرَبَعَا. عَیْشُہٗ: فراخ و آسودہ ہونا..... اَلرَّجُلُ: بدکار و شوخ چشم ہونا۔

صفت (رَبِع)

رَبِعٌ (ک) وَرَبَاعَۃً: بہت ہونا۔

اَلْاَرْبَعُ: کثیر و کشادہ۔

رَبَعَہٗ (ن ض) رَبْعًا وَرَبْقَۃً: بندے سے باندھنا..... فِی الْاَمْرِ: کام میں ڈالنا۔

وَرَبَقَ الْحَدِیْثَ: جھوٹ سے تیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَرَبَقَ الرَّجُلُ اِلَّقَاءَ حَبْلِہٖ وَرَبَاقَہٗ" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کے لئے رسی کا پھندا بنایا۔

marfat.com
Marfat.com

تَرْبَقَهٗ: لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرْبَقْتُ الشَّیْءَ فِیْ عُنُقِیْ" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔

اِرْتَبَقَ. فِی الْحِبَالَةِ: لٹکانا..... فِی الْاَمْرِ: کسی کام میں پھنسنا اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِیْ حَبَالَةٍ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔

الرِّبْق: پھندوں والی رسّی۔

الرِّبْقَة والرِّبَقَة: رسی کا پھندا۔ ج رِبَق وربَاق وأَرْبَاق: کہا جاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَهٗ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ و "نَقَضُوا الْحِبَالَ وَاکْلُوا الرِّبَاقَ" انہوں نے عہد و پیمان توڑ دیے۔

الرَّبِیْق: پھندے سے باندھا ہوا یا پھندے میں پھنسا ہوا۔

الْمُرَبَّقَة: چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔

التِّرْبِیْق: بکری باندھنے کی رسی۔

اُمُّ الرُّبَیْق: بلا۔

رَبَکَ (ن) رَبْکًا. الشَّیْءَ: ملانا۔ الرَّبِیْکَة: گارا بنانا..... ہ: کیچڑ میں گرانا۔

رَبِکَ (س) رَبَکًا: پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِکٌ وَرَبِیْکٌ)

اِرْتَبَکَ. فِی الْوَحْلِ: کیچڑ میں گرنا..... فِی الْاَمْرِ: پھنس کے رہ جانا..... فِیْ کَلَامِهٖ: رک رک کے گفتگو کرنا..... الصَّیْدُ فِی الْحِبَالَةِ: شکار کا جال میں تڑپنا۔

پھڑ پھڑانا..... الْاَمْرُ: معاملہ میں پیچیدہ ہونا۔

اِرْبَاکَّ اِرْبِیْکَاکًا. رَأْیُهٗ: رائے کا گڑبڑ ہو جانا..... الرَّجُلُ عَنِ الْاَمْرِ: کام سے رک جانا۔

الرَّبِیْکَة: گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِرَبِیْکَةٍ" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا..... والرَّبِیْک والرَّبُوْک): ایک قسم کا کھانا جو پنیر، کھجور اور گھی ملا کر تیار کرتے ہیں اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔

الْاَرْبَک. مِنَ الْاِبِل: کالا اونٹ۔

رَبَلَ (ن ض) رَبْلًا. الْقَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ الْمَرَاعِیْ: بہت گھاس والی ہونا۔

رَبْلٌ وَاَرْبَلُ. الْمَکَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔

رَابَلَ: بدکار ہونا اور برائی کا منتظر رہنا۔

تَرَابَلَ: لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔

تَرَبَّلَ: موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہونا..... جِسْمُهٗ: پھولنا..... الْاَرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔ تَرَبَّلَ الْقَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔

اِرْتَبَلَ. مَالُهٗ: بہت ہونا۔

الرَّبْل: موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج رُبُوْل۔

الرَّبَل: بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔

رَجُلٌ (رَبَلٌ): موٹا مرد۔

الرَّبَلَة والرَّبْلَة: ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رَبَلَات۔

الرَّبِیْل: تہہ الوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔

الرَّبَالَة والرَّبِیْلَة: گوشت کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "ضَمَرَ بَعْدَ رَبَالَه" وہ موٹاپے کے بعد دبلا ہو گیا۔ الرَّبِیْلَة: تری۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔

الرِّبْیَال: لمبی پیچیدہ نباتات۔ شیر۔ ج رَبَابِیْل۔

الْمِرْبَال: بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔

الرَّبِیْل: نازونعم میں پلی ہوئی موٹی عورت' موٹی اونٹنی۔

اَرْبَنَهٗ: بیعانہ دینا۔

تَرَبَّنَ: جہاز کا کپتان ہونا..... السَّفِیْنَةَ: کشتی چلانا۔

الرَّبُوْن والاَرْبُوْن والاُرْبَان: بیعانہ۔

الرُّبَّان والرُّبَّانِی: جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَة وربَابِیْن. رُبَّانُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِرُبَّانِهٖ اَوْ بِرُبَّایَةٍ" اس نے سارا لے لیا۔

رَبَایَرْبُوْا رِبَاءً وَرُبُوًّا. الْمَالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا..... الرَّابِیَةَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ (رَبْوًا) الْفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ (..... رَبْوًا وَرُبُوًّا) الْوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا اور نیز کہا جاتا ہے "رَبَتْ وَرَبِیَتْ رَبَاءً وَرَبًّا" میں نے نشوونما پائی۔

رَبَّی تَرْبِیَةً وتَرَبَّی. الْوَلَدَ: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّی الْفَاخَ بِالسُّکَّرِ: مربہ ڈالنا۔

رَابَی مُرَابَاةً: سود پر مال دینا۔

الرَّجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔

اَرْبَی اِرْبَاءً: سود لینا..... الشَّیْءُ: بڑھانا..... ہ: اُمید دلانا (..... عَلَیْهِ فِی کَذَا وَارْتَبَا اِرْتِبَاءً): زیادہ کرنا۔

الرِّبَا: زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لئے۔ رِبَوِیٌّ.

الرِّبَا: زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلَیَّ رِبَاءٌ" فلاں کا میرے اوپر احسان ہے۔

الرَّابِیَة: ج رَوَابٍ و (الرَّبْوَة والرَّبْوَة والرِّبْوَة) ج رُبًی ورُبِیٌّ: ٹیلہ۔

الرَّبْوَة. عِنْدَ الْحُسَّابِ الرِّبْوَة: دس لاکھ۔ بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبیٌ.

الرُّبَّة: حشرات الارض کی ایک قسم۔ بلی۔

الرَّبَاة والرَّبَاوَة: ہنگامہ۔ ٹیلہ۔

الرَّبْو: ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت۔ ج اَرْبَاء. الرَّبْو والرَّبْوَة عِنْدَ الْاَطِبَّاءِ: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔

الاُرْبِیَّة: اہل خاندان۔ چچا زاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِیْ اُرْبِیَّةِ قَوْمِهٖ" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔

marfat.com
Marfat.com

رَتَّ (ض) رَتًّا: بکلانا۔ تتلانا۔ صفت مذکر (اَرَتُّ)۔ وصفت مؤنث (رَتَّا و رَتَّی) ج رُتٌّ۔

اَرَتَّهُ اللّٰهُ: بکلا کر دینا۔

الرَّتُّ: سخت۔ نرسور۔ جنگلی سور۔ ج رِتَّه۔

الرُّتُّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوْت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ رُتُوْتِ النَّاسِ" وہ لوگوں کا سردار ہے۔

الرَّتَّه: بکلا پن۔ لکنت۔ زبان کی بندگی۔

رَتَأَ (ف) رُتُوْءًا: گاڑھا ہونا۔

الرَّتِيْءُ: گاڑھا۔

رَتَجَ (ن) رَتْجًا: بند ہو جانا۔ دروازہ مضبوط بند کرنا۔ ..... اَرْتَجَ۔ البَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا۔ ..... اَرْتَجَ فِي المَكَانِ: اقامت کرنا۔ ..... الخَصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا۔ ..... الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا۔ ..... البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔ اَرْتَجَ وَارْتَتَجَ وَاسْتَرْتَجَ۔

الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

الرَّتِيْجُ والرِّتَاجُ: بھاٹک۔ بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو۔

رَتْجَةٌ (رَتِجٌ): بندگی۔ مَالٌ رَتِجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو۔

الرِّتَاجَةُ: چٹان۔ ج رَتَائِج۔

(..... والمَرْتَجُ: تنگ راستہ۔ ج مَرَاتِج۔

المِرْتَاجُ: تنگ راستہ۔ نجی۔ مکان (مُرْتَجٌ): بہت باتوں والی جگہ۔

رَتَعَ (ف) رُتُوْعًا: العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا۔ ..... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ..... مِنَ الخَيْرِ: بچپے رہنا۔

رَتَعَ (ف) رَتْعًا وَرُتُوْعًا وَرِتَاعًا: آسودہ زندگی بسر کرنا۔ ..... فِي المكان: اقامت کرنا اور فراغی کے ساتھ کھانا پینا۔ صفت (رَاتِع) ج رُتَّع وَرُتَّع وَرِتَاع وَرُتُوْع وَرَاتِعُوْن.

رَتَعَ فِي مَالِ فُلَانٍ: دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا۔ فِي لَحْمِ فُلَانٍ: غیبت کرنا۔

اَرْتَعَ۔ القَوْمُ: سرسبز زمین میں پہنچا اور چرایا ..... الأَرْضُ: چرنے والے کو آسودہ کرنا ..... العُشْبُ: بارش کا چارہ کو اگانا۔

الدَّوَابُّ: جانوروں کو چرانا۔

الرَّتْعَةُ: سبزے کی کثرت اور اسی سے ہے "اَصَبْتَنِي الهَيْدَ وَالرَّتْعَةَ" مجھ کو قید اور آسودگی سے موٹا کر دیا۔

الرَّتِيْع: آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔ ج رَتَائِع: چرنے والے کے لئے کافی گھاس۔

الاِرْتَاع. مِنَ النَّاسِ: بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ اَرْتَاعًا مِنَ النَّاسِ": میں نے بہت لوگوں کو دیکھا۔

الرِّتَاع: سرسبز چراگاہ میں اپنے اُونٹوں کو لے جانے والا۔

المُرْتِيْع: آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔

المَرْتَعُ: چراگاہ۔

رَتَقَ (ن) رَتْقًا. الفَتْقَ: جوڑنا۔ الفَتْقَ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْتَقُ الفَاتِقِ" وہ اصلاح کرنے والا و "رَتَقَ فَتْقَهُمْ": اس نے ان کے درمیان صلح کرا دی ..... الشَّيْءَ: بند کرنا۔

الرِّتَاق. دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں۔

الرَّتْقَاء: انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الرَّتُوْق: عزت و شرف۔

رَتَكَ: (ض ن) رَتْكًا و رَتَكًا و رَتَكَانًا

البَعِيْرُ: اُونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

اَرْتَكَ. البَعِيْر: اُونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا۔ اَرْتَكَ الفَحْلُ: آہستہ چلنا۔

المَرْتَك: مردانگ۔

رَتَلَ: (س) رَتْلًا. الشَّيْءَ عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا۔ صفت (رَتِل)

رَتَّلَ. الكَلَامَ: اچھی طرح ترتیب دینا۔ ..... القُرْآنَ: قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا۔

تَرَتَّلَ. فِي القَوْلِ: ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا۔

الرَّتَل: مس۔ عمدہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ الرَّتَل: مس۔ عمدہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ

marfat.com
Marfat.com

رَتَـــلٌ" خوبی۔ آراستگی۔ ہر چیز کی خوبی۔
ثَغْرٌ رَتِلٌ" خوبصورت ہموار دانت۔
التَّرْتِیْل: پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا۔ آواز کو عمدہ بنانا۔ مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حرف اچھی طرح ادا ہوں۔
الاَرْتَل: اچھی ترتیب والا۔ تلانے والا۔
الرُّتَیْلاء: کیڑے کوڑے وغیرہ جیسے مکڑی مکھی وغیرہ۔ ج رُتَیْلاوَات: ایک قسم کی نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔
رَتَمَهٗ (ض) رَتْمًا: توڑنا یا کوٹنا..... فِی بَنِی فُلَانٍ: پرورش پانا اور کہا جاتا ہے "مَارَتَمَ بِکَلِمَةٍ": وہ ایک لفظ نہیں بولا۔ (..... رَتِیْمًا)
رتم کے دانے کھانے سے بے ہوش ہونا۔ سست ہونا۔
اَرْتَمَ وَتَرْتَمَ وَارْتَمَ: یاد رکھنے کے لئے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ اَرْتَمْتُ زَیْدًا: یاد آنے کے لئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھا۔
الرَّتَم: ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں واحد (رَتَمَةٌ) الرَّتِم: بھرا ہوا توشہ دان۔ کامل حیاء۔ آہستہ گفتگو۔ راستہ۔
الرُّتَام: بوسیدہ۔
الرَّتَمَة: ج رَتِم ورِتَامٌ و (الرَّتِیْمَة) ج رَتَائِم: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لئے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔
الرَّتِیْم: آہستہ چال۔ وہ شخص جس کو رتم کے دانے کھانے سے بے ہوشی طاری ہوئی ہو۔ ج رُتَامٰی.
شَرٌّ (تُرْتُم وتُرْتُم): دائمی فساد۔
رَتَنَ: (ن) رَتْنًا. الشَّحْم بِالعَجِیْن: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔
رَتَـاه یَرْتُوْه رَتْوًا: ڈھیلا کرنا۔ باندھنا۔ القَلْبَ: دل کو قوی کرنا..... ه اِلَیْه: ملانا۔ اللَّلُوَ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا (..... رَتْوًا ورَتْوًا) بِرَاْسِه: سر سے اشارہ کرنا.....
الرَّجُلُ: قدم رکھنا۔
رَتِیَ فِی ذَرْعِه: سست باز و ہونا۔
الرَّتْوَة: قدم بلند زمین۔ تھوڑا سا وقت۔ حد نظر تک۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَنَا وبَیْنَهُمْ رَتْوَة" ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بمقدار حد نظر کے ہے۔
الرَّاتِی: دوسروں سے زائد علم والا۔
رَثَّ: (ض) رَثَـاثَةً ورُثُـوْثَةً. الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَثٌّ) ج رِثَاث.
اَرَثَّ اِرْثَاثًا. الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔
اُرْثُـثَ: زخمی کو میدان جنگ سے لایا جانا۔ صفت (مُرْثَثٌ)
الـــرَّثُّ: مص۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رُثَاث: کہا جاتا ہے "کَلَامٌ غَثٌّ رَثٌّ" یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔
الاَرَثُّ: بوسیدہ۔ پرانا۔
الرَّثِیْث: بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مردہ۔
الـرِّثَـــه: گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَّـث ورِثَاث: کمزور لوگ۔
الرَّثَاثَة: مص۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔
رَثَأَ: (ف) رَثْأً. اللَّبَنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرنا..... الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا..... غَضَبُه: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔
اَرْثَـا وارْتَـأَ. اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔
اِرْتَثَا فِی رَاْیِه: رائے میں گڑبڑی کرنا۔ اِرْتَثَأَ عَلَیْهِمُ الاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ اِرْتِثَاءٌ. الرِّثِیْثَة: دہی جمانا۔
الـرَّثُّ والرَّثَاثَة: بے وقوفی۔ کم سمجھی۔ کمزور دلی۔
الـرِّثِیْثَة. رَثَـا اللَّبَنَ: کا اسم۔ دہی۔ بے وقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔
رَجُلٌ (مَرْثُوْث): کمزور دل۔ کم سمجھ۔
رَثَدَ: (ن) رَثْـدًا وارْتَثَدَ. المَتَاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعولی (رَثِیْـدٌ ومَرْثُوْدٌ)
رَثَدَ: (س) رَثْـدًا وارْثَـدَ. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا اور کہا جاتا ہے "اِحْتَـفَـرَ حَتّٰی اَرْثَـدَ: اس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔ اَرْثَدَ القَوْمُ: جماعت ہونا۔
الرِّثْد والرِّثْدَة: لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔
الـرَّثَـد: ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔
رَثَدُ البَیْتِ: گھر کا ردی سامان۔
المَرْثَد والمَرْثِد: فیاض وسخی مرد۔ المَرْثَدُ: شیر۔
رَثَطَ: (ن) رَثْـوًطَا وارْثَـطَ وتَرَثَّطَ. فِی قُعُوْدِه: نشست میں جم کے رہنا۔
رَثِعَ: (س) رَثَعًا بہت حریص ولالچی ہونا۔ صفت (رَثِع) ج رَثْعُوْن.
اِرْثَـعَنَّ اِرْثِـعْنَانًا. المَطَرُ: لگاتار برسنا..... فُلَانٌ: کمزور اور سست ہونا..... الشَّعْرُ: بال کا لٹکنا۔
رَثَمَ (ض) رَثْمًا. الانفَ: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعولی (رَثِیْم ومَرْثُوْم)
رَثِمَ: (س) رَثَـمًا وارْثَـمَّ. الفَرَسُ: ناک کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِـمٌ وارْثَـمُّ) صفت مؤنث (رَثْمَاءُ ورَثْمَاءُ) ج رُثْم.
الـرَّثَـم والـرُّثْـمَة: گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔
الرَّثْمَة: ہلکی بارش۔ ج رِثَام.
المَرْثِم والمِرْثَم: ناک۔ ج مَرَاثِم.
رَثَنَ تَرْثِیْنًا: اچھی طرح سے بارش ہونا۔
الرَّثَان: لگاتار بارش۔
اَرْضٌ (مَرْثُوْنَةٌ ومُرْثَنَةٌ): بارش شدہ زمین۔
رَثَـایَرْثُوْا رَثْـوًا ورَثِـی یَرْثِـی رِثْیًا ورِثَاءً ورَثَـایَةً ومَرْثَاةً ومَرْثِیَةً. المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔
رَثِیَ لَهٗ: رحم کرنا۔
رَثَـی یَرْثِی رِثَایَةً. عَنْه حَدِیْثًا: یاد کرنا۔
رَثِـی یَرْثَـی رَثًی ورَثْیًا: جوڑوں کے درد والا ہونا۔

marfat.com
Marfat.com

رَثْي وترَثْي. المَيِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔

الرَّثَاءُ والرَّثَايَةُ: نوحہ کرنے والی عورت۔

الرَّثِيَةُ: جوڑوں کا درد (..... والرَّثِيَّة)۔

كَرْدري۔ سستی۔ بے وقوفی۔

المَرْثَاة والمَرْثِيَة: وہ اشعار وغیرہ جس میں میّت کے محاسن بیان کئے جائیں۔ مَراثٍ۔ و"المَرَاثِي السَّبْع" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔

رَجُلٌ (مَرْفُوْ): کمزور عقل والا مرد۔

الرَّثُوْ: دمی۔

رَجَ: (ن) رَجًّا: ہلانا۔ حرکت دینا۔

رَجَّهُ: (ن) ورَجَّ رَجًّا: ہلنا۔ حرکت دینا۔

اِرْتَجَّ البحرُ: موج مارنا..... الکلامُ: ملتبس ہونا۔

الرَّجَّة: حرکت۔ رَجَّةُ القوم: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔

رَجَاجٌ. الغنم والناس: کمزور دلا غر۔ کہا جاتا ہے "نَفْجَةٌ رَجَاجَة": لاغر بھیڑ۔

نَاقَةٌ (رَجَّاء): بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔

اَرْجَا. الأمر: کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَاتِ الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا۔

الصَّائدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔

رَجَبَ: (ن) رَجْبًا. ہیْبَةً: شرم کرنا۔

رَجَبَه بِكلامٍ سيّئ: تہمت لگانا (..... رَجْبًا ورُجُوْبًا واَرْجَبَ): ڈرانا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَبَ: (س) رَجْبًا. ہیْبَةً: گھبرانا۔ شرم کرنا۔ رَجَّبَه: ڈرانا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَّبَه: ڈرانا۔ تعظیم کرنا۔ النَّخلةَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا اور اسی سے ہے "اَنَا جَذَلُهَا المُعَجَّبُ وعَلَيْهَا المُرَجَّبُ" اس قول میں جَذَلُهَا جذل کی اور عَلَيْهَا عِذْق کی تضمیر ہے۔ جذل: کے معنی تنہ اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ تکلف جس سے عارضی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب: جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے ٹھونی لگا دی گئی ہو۔

رَجَبَ الرَّجُلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔

تَرَجَّبَ: خوفزدہ ہونا۔ بیت زدہ ہونا.....

الرَّجُلَ: ڈرانا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَبٌ: قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ ج اَرْجَاب ورُجُوْب ورَجَاب۔ کہا جاتا ہے "اَجْلَنْكَ إلى سَبْعَةِ اَرْجَاب" میں نے تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔

رَجَبَان: ماہ رجب وشعبان۔

الرَّجِيَّة: سہارا جو کھجور کے درخت کے لئے لگایا جائے۔ شکار کرنے کی مچان۔ ج رُجُب.

الرَّاجِبَة: انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب.

الأرْجَاب: آنتیں۔ (واحد نہیں)

المُرَجَّب: مفع۔ خوفناک۔ معظم۔

رَجَحَ: (ف ض ن) رُجْحَانًا ورُجُوْحًا. المیزانُ: جھکنا..... الرَّاجِحُ: غالب ہونا۔ ..... دوسرے سے بوجھل ہونا۔

..... دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا..... یَدِيْه: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (رَجْحَانَةً): حلیم وبردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔

رَجَّحَهُ وأَرْجَحَهُ: جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔

رَجَحَ وأَرْجَحَ لَهُ: جھکنا ہوا دینا۔

اَرْجَحَه: جھکنے میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّحَ. الرَّاجِحُ عِنْدَه: غالب وبرتر ہونا ..... فِي القَوْلِ: مائل ہونا۔ الشَّيْءُ: ہلنا..... الأرْجُوْحَةُ: ہلنا۔ جھکنا۔

اِرْتَجَحَ. فِي الأرْجُوْحَةِ: جھولے میں جھکنا..... الإبِلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔

الرُّجْحُ. مِنَ الجِفَانِ: بھرے ہوئے بڑے پیالے..... مِنَ الكَتَائِبِ: لشکر گراں۔

الأرْجُوْحَةُ أو اَرْجِحَه (لِمُجَاحَةِ والرُّجَاحَةِ والمُرْجُوْحَة): جھولا۔

الأرْجِحِيّ: بادبان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اُونٹوں کی جنس۔

اِمْرَأةٌ (رَجَاح): بڑے سرین والی عورت۔

رَجَدَ (ن) رَجَدًا: خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)

اِعْتَرَجَاعِجَة أو البَيْنِيَّةُ العَدَنِيَّة: (علم جبرا) دو مخالف عدد کا مجموعہ۔

رُجْد رَجْدًا ورُجُوْدٍ أُرْجُد: کانپنا۔

رَجَزَ (ن ک) رَجْزًا: رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ ورَجَّازٌ ورَجَّازَةٌ) رَجَزَ به: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَجَّزَهُ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَاجَزَ. صَاحِبَه: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّزَ: رجز پڑھنا..... الرَّعْدُ: گڑگڑانا۔

اِرْتَجَزَ: رجز پڑھنا..... الرَّعْدُ: گڑگڑانا۔ بِفُلَانٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا..... الرَّجَزُ فِي القِتَال: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔

تَرَاجَزَ. القَوْمُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔

الرَّجْزُ والرِّجْز: گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجز: گناہ۔

الرَّجَز: اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اُونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام۔

الرَّجَازَة: عورتوں کے لئے اُونٹ پر کی ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا محمل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔

الأرْجُوْزَة: بحر رجز کا قصیدہ۔ ج اَرَاجِيز.

الأرْجَز: رجز کی بیماری والا۔

رَجَسَ: (ن ض) رَجْسًا. البَعِيْر: اُونٹ کا آواز کرنا..... السَّمَاءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔

(.....لَا تَرْجُسُ: پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

رَجَسَ: (س) ورُجُسَ: (ک) رَجَاسَةً: بُرا کام کرنا۔ صفت (رَجِس)
اِرْتَجَسَتِ. السَّمَاءُ: گڑگڑانا۔ البِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔
الرِّجْس والرَّجَس والرَّجِس: گندی پلیدی۔ الرِّجْس: بُرا عمل۔ بُرے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔
الرَّجَّاس: سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَعِيرٌ اَوسَحَابٌ رَجَّاس" بہت تیز آواز والا بادل یا اُونٹ۔
بَعِيرٌ رَجُوسٌ مِرجس: تیز آواز نکالنے والا اُونٹ۔
المِرْجَاس: پانی کی گہرائی ناپنے والا آلہ۔
المَرْجُوسَة: فساد و گڑگڑاہٹ۔
رَجَعَ: (ض) رُجُوعًا ومَرْجَعًا ومَرْجَعَةً. ورُجْعَى ورُجْعَانًا: واپس آنا۔ لوٹنا (.....رَجْعًا ومَرْجِعًا ومَرْجَعًا) الكَلَامُ فِيهِ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ اِلَّا سَجْعٌ لَيْسَ فِيهِ رَجْعٌ" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ العَلَفُ فِي الدَّابَةِ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدُه عَلَى بَدْئِهِ" وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا..... الشَّيْءُ عَنْه اِلَيْه: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا (.....رُجُوعًا ورِجَاعًا) الطَّيْرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔
رَجَّعَ. فِي صَوْتِهِ: حلق میں آواز کو گھمانا۔
(.....وتَرَجَّعَ) فِي المُصِيبَةِ: ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾ کہنا۔ رَجَعَتِ الدَّابَةُ: قدم رکھنا۔ تَرَجَّعَ النَّاقَةُ: ایک اُونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔
رَاجَعَهُ. فِي الأَمْرِ: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا..... ه الكَلَامَ: دوبارہ گفتگو کرنا..... الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بُری عادت کی طرف لوٹ جانا۔
اَرْجَعَهُ: رد کرنا۔ پھیرنا..... الدَّابَةُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا..... الرَّجُلُ فِي المُصِيبَةِ: ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾ کہنا..... اللّٰهُ بَيِّنَتَهُ: نفع کرانا۔
اِرْتَجَعَ. النَّاقَةَ: ایک اُونٹنی کی قیمت سے اس جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ اِلَى الشَّيْءِ: واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَهُ: واپس کرنا۔
المَرْأَةُ جِلْبَابَهَا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔
اِرْتَجَعَ عَلَى الغَرِيمِ: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاعَ غُلَامَهُ فَارْتَجَعَ مِنْهَا رِجْعَةً صَالِحَةً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔
تَرَاجَعَ. القَوْمُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا..... القَوْمُ الكَلَامَ بَيْنَهُمْ: قوم کا آپس میں گفتگو میں اُلٹ پھیر کرنا۔
اِسْتَرْجَعَ. مِنْهُ الشَّيْءَ: واپس لینا..... فِي المُصِيبَةِ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾: کہنا۔
الحَمَامُ فِي غَايَتِهِ: کبوتری کا گٹ گری کرنا۔
الرَّجْع: مص۔ خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاع ورُجْعَان ورِجْعَان. الرَّجْعُ: لید..... مِنَ الأَرْضِ: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو..... مِنَ الكَتِفِ: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "كَوَاهُ عِنْدَ رَجْعِ كَتِفِهِ" اس کی مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَّدَى: آواز بازگشت۔
الرَّجِيع مِنَ الكَلَامِ: واپس کی ہوئی گفتگو۔ لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اُونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ۔ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِيرٌ رَجِيعٌ: سفر سے تھکا ہوا اُونٹ۔ ج رَجَائِع. دَابَّةٌ رَجِيعُ أَسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔
الرَّاجِع: فا۔ عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِع.
الرِّجْعَة. رجع: کا اسم نوع۔ حجت۔ اُونٹ۔ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اُونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔
الرَّجْعَة: واپسی۔
والرُّجْعَة والرُّجْعَى والرُّجْعَان والرَّجُوعَة: خط کا جواب۔ المَرْجِع: لوٹنے کی جگہ مونڈھے کا نچلا حصہ۔
المَرْجُوع والمَرْجُوعَة: خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ ہو گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذَا البَيْعُ مَرْجُوعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں۔
المُرَاجِع. مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آ گئی ہو۔
الرِّجَاع: مہار کا وہ حصہ جو اُونٹ کی ناک پر ہو۔ ج اَرْجِعَة ورُجُع.
رَجَفَهُ: (ن) رَجْفًا ورَجَفَانًا ورَجِيفًا: تیز ہلانا۔ ہلنا (لازمی ومتعدی) الرَّجُلُ: بہت کانپنا۔ کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا۔ الأَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔
القَوْمُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا..... الرَّعْدُ: گڑگڑانا..... الأَسْنَانُ: دانتوں کا گرنا۔
اَرْجَفَ: لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بری خبروں کو پھیلانا..... القَوْمُ: بِالشَّيْءِ وفِيهِ: گھسنا..... الرِّيحُ الشَّجَرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔
اَرْجَفَتِ الأَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ زلزلہ ہونا۔
تَرَجَّفَ وارْتَجَفَ: بہت زیادہ کانپنا۔
اِسْتَرْجَفَ. رَاسَهُ: حرکت دینا اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوا يَسْتَرْجِفُونَ الأَرْضَ نَجْدَةً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انہوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا۔
الرَّجْفَة: اسم مرۃ۔ زلزلہ۔ بھونچال۔
الرَّاجِف: فا۔ جوڑی والا بخار۔
الرَّاجِفَة: قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ۔

marfat.com
Marfat.com

الرَّجَاف: بہت کاٹنے والا۔ سمندر۔ قیامت کا دن۔

الأَرَاجِيف: گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں۔ کہتے ہیں "إِذَا وَقَعَتِ الْمَخَاوِيفُ تَحْتَ الْأَرَاجِيفِ" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اڑتی ہیں۔

التَّرْجَاف: اضطراب۔ بے قراری۔

رَجَلَ: (ن) **رَجْلاً**: **الفَصِيلُ**: اُونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ **الشَّاةَ**: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا۔ **رَجَّلَهُ**: ٹانگ پر مارنا۔

رَجِلَ: (س) **رَجَلاً**: پیدل چلنا۔ بیمار ٹانگ والا ہونا..... **الدَّابَّةُ**: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا۔ **الشَّعرُ**: بال کا کچھ حصّہ رنگ والے کچھ حصّہ کا مخالف ہونا۔ **الفَصِيلُ**: اُونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔

رَجَّلَهُ: تو ہی کرنا..... **الشَّعرَ**: کنگھی کرنا۔

أَرْجَلَهُ: مہلت دینا۔ پیدل چلانا۔ **الفَصِيلَ**: اُونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔

تَرَجَّلَ: سواری سے اُتر کر پیدل چلنا..... **المَرْأَةُ**: مردجیسی ہونا..... **الشَّمسُ**: آفتاب کا بلند ہونا..... **البِيرَ وفي البِئرِ**: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنویں میں اُترنا..... **الزَّنَدَ**: پاؤں کے نیچے رکھنا۔

اِرْتَجَلَ: دیگچی میں پکانا۔ **الشَّاةَ**: ٹانگیں باندھنا..... **ه**: پاؤں سے پکڑنا..... **الزَّندَ**: پاؤں کے نیچے رکھنا..... **الكَلامَ**: فی البدیہہ کہنا۔

بِرَأيِهِ: منفرد ہونا..... **الرَّجُلُ**: پیدل چلنا۔

النَّهارُ: دن کا چڑھنا..... **الفَرَسُ**: درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ وَتَجَلَّكَ" اپنی شان کو لازم پکڑ۔

الرَّجِل: مص۔ پیدل چلنے والا۔ مرد۔ **شَعرٌ رَجِلٌ**: کچھ کنگھی کیا ہوا بال۔

الرِّجْل: ج **أَرْجُل**: پاؤں۔ ج **أَرْجَال**: کسی چیز کا حصہ۔ ٹڈی دل (بہ لفظ واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَاءَت رِجْلٌ فِطَاعٌ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "تَحْسَبُ ذَالِكَ فِي رِجْلِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا۔ **الرِّجْل**: پاجامہ۔ سفید کوڑا کاغذ فقیری۔ آدمی کا پاخانہ۔ بہت سونے والا مرد۔ خوف تم کہتے ہو "أَنَسِيرُ عَلَى رِجْلِي" مجھے اپنے امر کے قوت ہونے کا خوف ہے۔ پیش قدمی۔ **رِجْلُ البَحْرِ**: کھاڑی خلیج۔ **رِجْلُ السَّهمِ**: تیر کے دونوں کنارے۔ **رِجْلُ الغُرَابِ وَرِجْلُ الجَرَادِ**: دو نباتات کے نام۔ **رِجْلُ الجَبَلِ وَرِجْلُ الجَوْزَاءِ وَرِجْلُ قَنْطُورُس**: ستاروں کے نام۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُسَلِّمُ رِجْلاً وَيُوَجِّرُ أُخْرَى": یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اٹھاتا ہے کبھی دوسرا۔

الرَّجُل: مرد۔ پیدل چلنے والا۔ ج **رِجَال** و **رَجَلَة** و **رَجْلَة** و **أَرْجَال** و **رَجَالَات**: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَجُلٌ فِي الرِّجَالِ": فلاں کامل مرد ہے۔

الرَّجِل: مص..... **مِنَ الشَّعرِ**: کم کنگھی کیا بال۔ ج **أَرْجَال** و **رَجَالَى**۔

الرَّاجِل: پیدل چلنے والا۔ **الرَّجِلُ مِنَ الشَّعرِ**: کم کنگھی کیا بال۔

الرَّاجِل: فا۔ پیدل چلنے والا۔ ج **رَجْل** و **رُجَّالَة** و **رُجَّال** و **رِجَال** و **رَجَالَى** و **رَجَالَى** و **رُجْلان**: کہا جاتا ہے "جَاءَ تِ الخَيَّالَةُ وَالرَّجَّالَةُ" سوار و پیادے سب آئے۔ و "أَغَارَ عَلَيهِم بِخَيلِهِ وَرَجلِهِ": اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں سے لوٹ ڈالی۔ **رَجُلٌ رَاجِلٌ**: پیدل چلنے والا مرد۔

الرِّجْلَة: خرفہ کا ساگ۔ خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ۔ ج **رِجَل**۔

الرُّجْلَة: چلنے کی قوت۔ مردانگی۔ **الرُّجْلَة**: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی۔

الرَّجْلَة: عورت۔

الرَّجِيل: ج **أَرْجِلَة** و **أَرَاجِيل** و **أَرَاجِيل**: پیدل چلنے والا..... ج **رَجْلَى** و **رَجَالَى** و **رَجَالَى** و **رَجَالَى**: بہت چلنے پر قادر۔ کلام **رَجِيلٌ**: فی البدیہہ کلام۔ **رَجُلٌ رَجِيلٌ**: قوی مضبوط مرد۔

مَكَانٌ رَجِيلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں۔ **فَرَسٌ رَجِيل**: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے۔

الأَرَاجِيل: شکاری لوگ۔

الرُّجُولَة و **الرُّجُولِيَّة** و **الرُّجُولِيَّة** و **الرُّجُولِيَّة**: مردی۔ مردانگی۔

الرَّجْلان: پیدل چلنے والا۔ ج **رَجَالَى** و **رَجَالَى** و **رَجْلَى**: مؤنث **رَجْلَى**۔ ج **رِجَال** و **رَجَالَى**۔

الأَرْجَل: مِنَ الدَّوَابِّ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا جانور۔ **رَجْلٌ أَرْجَل**: بڑے پاؤں والا مرد۔ مؤنث **رَجْلاءُ**۔ ج **رُجْل** اور کہا جاتا ہے "هُمْ أَرْجَلُهُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔

الرَّجِيل: مص: جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔

التَّرْجِيل: کرنس (ایک دوا کا نام)

المِرْجَل: دیگ..... ج **مَرَاجِل**۔

المُرَجَّل: مِنَ الثَّوبِ وَنَحْوِهِ: کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔

المُمَرَّجَل: مِنَ الثِّيَابِ: کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔

إِمْرَأَةٌ (مُرْجِل): لڑکے ہی جننے والی عورت۔

رَجَمَهُ: (ن) **رَجْمًا**: سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔

الحَجَرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

الرَّجْلَ: اکثر سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَرْجُمُ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔

marfat.com
Marfat.com

رَجَمَ: اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَمَ بِالْغَیْبِ" اس نے اٹکل پچو باتیں کیں۔ القبر: نشان کے لئے پتھر لگانا۔
رَاجَمَهٗ مُرَاجَمَةً: ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَوْلِهٖ: مدافعت کرنا..... فی الحرب او الکلام او العدو: لڑائی یا گفتگو یا دوڑ نے میں سخت مقابلہ کرنا۔
تَرَاجَمُوْا: ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔
بالکلام: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
اِرْتَجَمَ. الشیٔ: تہ بتہ ہونا۔
الرَّجْم: مص دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوم. الرَّجْمُ: اٹکل کی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "رَجْمًا بِالْغَیْبِ" اٹکل پچو۔ وصَارَ فُلَانٌ رَجْمًا: فلاں حقیقتِ حال سے واقف نہیں۔
الرَّجم: کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج رِجام.
الرُّجْمَة الرَّجْمَة: قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان لگایا جائے۔ بحو کا بھٹ۔ ج رُجم ورِجام.
الرَّجِیم: سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔
الرِّجَام: کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَة)
المِرْجَم. مِن الرجال: مضبوط قوی مرد۔
فَرَسٌ مِرْجَمٌ: بہت روندنے والا گھوڑا۔
حَدِیْثٌ (مُرَجَّم): ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔
المِرْجَام: پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔ من الابل: مضبوط اونٹ۔
المَرَاجِم: قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بِالْمَرَاجِمِ" انہوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔
رَجَنَ: (ن) ورَجِنَ (س) ورَجُنَ (ک) رُجُوْنًا. بالمکان: اقامت کرنا..... الحیوان: مانوس ہونا۔
رَجَنَ: (ن) رَجْنًا ورَجَّنَ وارْجَنَ الدابَّة: چارہ کھانے کے لئے گھر پر روکنا۔

رَجَنَ فُلَانًا: شرم کرنا۔ وارْجَنَتِ النَّاقَةُ: گھر پر ٹھہرنا۔
اِرْتَجَنَ. بالمکان: اقامت کرنا..... الزَّبَدُ: پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا..... علی القوم امرُهم: گڑبڑ و فاسد ہونا۔
الرَّجِیْن: مہلک زہر۔
الرَّجِیْنَة: جماعت۔
المَرْجُوْنَة: خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِیْ مَرْجُوْنَةٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔
رَجَهَ: (ض) رَجْهًا: ہلنا..... بالشیٔ: دانتوں سے پکڑنا۔
اَرْجَهَ. الامرَ: وقت سے پیچھے ہٹنا۔
رَجَا: (ن) رَجَاءً ورَجْوًا ورَجَاةً. ومَرْجَاةً ورَجَاوَةً ورَجَاءَةً پُرامید ہونا..... الشیٔ: اُمید کرنا۔ خوف کرنا..... الرَّجُل: کسی کے متعلق کچھ اُمید لگانا۔
رَجِیَ: (س) رَجًا: کلام سے رک جانا۔
رُجِیَ. عَلَیْهِ: کلام منقطع ہونا۔
رَجَّیَ وتَرَجَّی وارْتَجَی. الشیٔ: اُمید کرنا۔
رَجَّی وارْتَجَی فُلَانًا: اُمید لگانا۔ وارْتَجَی الشیٔ: خوف کرنا۔
اَرْجَی. الامرَ: مؤخر کرنا..... الصَّیْدَ: تہ پانا۔ اَرْجَی البئرَ: کنوئیں کا من بنانا "اَرْجَتِ النَّاقَةُ: جننے کے قریب پہنچنا۔
الرَّجَا والرَّجَاء: کنارا۔ رَجَوَا البئر: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرَّجَاء: چھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔
الرَّجِیَّة: اُمید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَلَیْسَ لِیْ فِیْ فُلَانٍ رَجِیَّة" فلاں سے مجھے کوئی اُمید نہیں۔
الاُرْجِیَّة: جو چیز مؤخر و ملتوی کی جائے۔
الرَّجَّة: سانپ جو کنڈی مارے ہوئے ہو۔
الرَّجَح: گھر کی چوڑائی۔

الرُّجَح: چوڑے پیالے۔
الاَرْجَح: بھرے مکوے والا۔ مؤنث رَجْحَاء: ج رُجْح.
رَجِبَ: (س) رَجَبًا ورُجُبَ (ک) رُجْبًا ورَجَابَةً. المکانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَجْبٌ ورَجِیْبٌ ورُجَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَجَبَکُمُ الامرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے (اور یہ شاذ ہے۔)
رَجَّبَ. المکان: کشادہ کرنا..... (به مُرَحَّبًا): بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔
اَرْجَبَ. المکانُ: کشادہ ہونا..... المکانَ: کشادہ کرنا اور کہا جاتا ہے "اَرْجِبْ یَا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔
تَرَاجَبَ: کشادہ ہونا۔
الرَّحْب: کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ رَحْبٌ واَرْضٌ رَحْبَةٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ "ورَحْبُ الصَّدْرِ" کشادہ دل۔ و"رَحْبُ الفَهْمِ" زیادہ عقل والا۔ و"رَحْبُ الباعِ او الذِّرَاعِ": فیاض۔ سخی۔
الرُّحْبٰی: سب سے چوڑی پسلی۔ الرُّحْبَیَان: بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔
الرَّحْبَة والرُّحْبَة: کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو اور بہت لوگ آئے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ..... مِنَ الدَّارِ: مکان کا صحن..... مِنَ الوَادِیْ: وادی کے دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحَاب ورُحُب ورَحْبَات ورَحَب ورَحَبات.
الرَّحِیْب: بہت کھانے والا۔
التَّرْحَاب: خوش آمدید۔
رَحَائِبُ. المُنْجُوْم: کشادہ اطراف۔ واحد رَحِیْبَةٌ.
المَرْحَب: کشادگی اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِکَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔ و"مَرْحَبَکَ اللّٰهُ ومَسْهَلَکَ" اللہ تم کو

marfat.com
Marfat.com

کشادہ اور نرم زمین میں اتارے۔ "اَهْلاً وَمَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ۔ وحشت مت کرو اور بدعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَامَرْحَبًابِكَ"۔

رَحْرَحَ: مرادی گھرانی کو نہ پہچاننا..... **الشَّيْءُ عَنْ فُلَانٍ**: چھپانا..... **بِالْكَلَامِ**: واضح کلام نہ کرنا۔

تَرَحْرَحَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔

الرَّحْرَحُ وَالرَّحْرَاحُ وَالرَّحْرَحَانُ: پھیلا ہوا۔ کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے "عَيْشٌ رَحْرَحٌ وَرَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی۔

رَحَضَ: (ف) رَحْضًا وَاَرْحَضَ. **الثَّوْبَ**: کپڑا دھونا۔

رُحِضَ. الْمَحْمُوْمُ: پسینہ آنا۔

اِرْتَحَضَ. الرَّجُلُ: برسوا ہونا۔

ثَوْبٌ (رَحِيْضٌ): کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ **اَلرَّحْضُ**: مشک۔ پرانا توشہ دان۔

الرَّحَاضُ: پسینہ کی آمد۔

اَلرَّحَاضَةُ: دو پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھوون۔

اَلرَّحْضَاءُ: بخارات رقت وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو شرابور کر دے۔

اَلرَّحِيْضُ: دھویا ہوا۔

اَلْمِرْحَاضُ: غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھونی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مغیخاط کہتے ہیں) یا خانہ۔ ج مَرَاحِيْضُ.

اَلْمِرْحَضَةُ وَالْمِرْحَاضَةُ: کوئی چیز جس میں دھویا جائے۔

اَلرَّحَاقُ وَالرَّحِيْقُ: شراب۔ الرحیق: ایک قسم کی خوشبو۔ خَسْبٌ رَحِيْقٌ: بے داغ حسب..... **مِسْكٌ رَحِيْقٌ**: خالص مشک۔

رَحَلَ: (ف) رَحْلًا وَرَحِيْلًا وَتَرْحَالًا. **عَنِ الْمَكَانِ**: ترک وطن کرنا..... **اِلَى الْمَكَانِ**: منتقل ہونا..... **اَلْبَعِيْرَ**: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَكَ نَفْسِيْ" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا ..... **بِالسَّيْفِ**: کسی پر تلوار اٹھانا..... **اَلْبَاذِلَ**: پھرنا۔ گھومنا۔

رَحْلَةً: کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرانا..... **اَلذَّوْبَ**: بغض ونگار کرنا۔

رَاحِلَةً: کوچ کرنے میں مدد دینا۔

اَرْحَلَ: سواری کے بہت جانور والا ہونا..... **اَلذَّابَةَ**: چوپائے کا کمزوری واداسی کے بعد موٹا ومضبوط ہونا..... **ه**: سواری دینا۔

اَلرَّحْلُ وَالرَّاحِلَةُ: اُونٹ یا اُونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔

تَرَحَّلَ. الْقَوْمُ عَنِ الْمَكَانِ: منتقل ہونا۔ **فُلَانًا**: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔

اِرْتَحَلَ. عَنِ الْمَكَانِ: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا..... **اَلْبَعِيْرَ**: اُونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔

.....الْاَمْرَ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔

اِسْتَرْحَلَهُ: سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا..... **اَلنَّاسُ نَفْسَهُ**: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔

اَلرَّحْلُ: مص۔ کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "غَادَ الْمُسَافِرِ إِلَى رَحْلِهِ" مسافر اپنی قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامانِ سفر کہا جاتا ہے "خَطَّ رَحْلَهُ وَاَلْقَى رَحْلَهُ" اس نے اپنا کجاوہ اُتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کر لی۔ ج رِحَالٌ وَاَرْحُلٌ.

اَلرِّحَالُ: مقامِ چرہ کے بے ہوئے غالیچے۔

اَلرِّحْلَةُ: کوچ۔ تم کہتے ہو "قَصَدْنَا رِحْلَتَنَا" کل ہمارا کوچ ہے۔ سفر نامہ۔

اَلرِّحْلَةُ: جہت سفر۔ تم کہتے ہو "يَمْشِيْ رُحْلَتُنَا" ہماری جہت وسفر دمشق ہے۔ سفر۔ غالیچہ **رُحْلَةٌ**: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ **بَعِيْرٌ ذُوْرُحْلَةٍ**

رَحِمَ: (س) رَحْمًا وَرَحَمًا وَرُحْمًا وَرَحِمَةً. **اَلْمَرْأَةُ**: ولادت کے بعد رحم میں درد ہوا ہونا۔ صفت (رَحُوْمٌ رَحِمَةٌ وَرَحْمَاءُ)

رَحَّمَ وَتَرَحَّمَ. عَلَيْهِ: کسی کے متعلق "رَحِمَهُ وَرَحِمَهُ" مضبوط وقوی اُونٹ۔

اَلرَّحِيْلُ: مص۔ کوچ۔ اُونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جَمَلٌ رَحِيْلٌ وَنَاقَةٌ رَحِيْلَةٌ چلنے میں قوی اُونٹ۔

اَلرَّاحِلُ: فا۔ ج رَاحِلُوْنَ. **وَرُحَّلٌ وَرُحَّالٌ**.

اَلرَّاحِلَةُ: مِنَ الْاِبِلِ: سواری کے لائق اُونٹ۔ سفر و بار برداری کے لئے مضبوط اُونٹ اور اُونٹنی (نا میانہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِلُ.

اَلرِّحَالَةُ: بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین۔ ج رَحَائِلُ.

اَلْاَرْحَلُ: مِنَ الْخَيْلِ وَالظِّبَاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری۔

اَلرَّحَّالُ: کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ ج رَحَّالَةٌ.

اَلرَّحَّالَةُ: بہت سفر کرنے والا۔

اَلرَّحُوْلُ: بہت منتقل ہونے والا۔

اَلرَّاحُوْلُ: کجاوہ۔

اَلْمِرْحَلَةُ: مسافر کے ایک دن کا سفر۔ ج مَرَاحِلُ.

اَلْمُرْحِلُ: بہت سواری کے جانور والا۔

(.....وَالْمِرْحَلُ) مِنَ الْجَمَالِ: مضبوط وقوی۔

اَلْمُرْحَّلُ: مِنَ الْاِبِلِ: کجاوا کسا ہوا اُونٹ۔

.....مِنَ الثِّيَابِ: کجاوے کے مانند نقش ونگار والا کپڑا۔

مُرْتَحَلٌ. اَلْبَعِيْرُ: اُونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ۔

رَحِمَهُ: (س) وَرَحِمَةً وَمَرْحَمَةً وَرُحْمًا وَرُحْمَانًا: نرم دل ہونا۔ مہربان ہونا۔ شفقت کرنا۔ بخش دینا۔

رَحِمَتْ: (س) وَرَحُمَتْ (ک) وَرَحْمًا وَرَحْمًا وَرَحَامَةً وَرُحِمَتْ. **اَلْمَرْأَةُ**: ولادت کے بعد رحم میں درد ہوا ہونا۔ صفت (رَحُوْمٌ رَحِمَةٌ وَرَحْمَاءُ)

رَحُمَ وَتَرَحَّمَ. عَلَيْهِ: کسی کے متعلق "رَحِمَهُ

marfat.com
Marfat.com

اللہ ہونا۔
تبادل رحم. القوم: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔
استرحمہ: مہربانی طلب کرنا۔
الرحم والرحم: (مؤنث) بچہ دانی۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ کہا جاتا ہے "ذوالرحم" یعنی رشتہ دار۔ ج ارحام.
الرحام: بچہ دانی کے ایک مرض کا نام۔
الرحمۃ والرحمی والرحم: نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت واحسان ہے۔
الرحموت: بڑی مہربانی۔
الراحم والرحوم: مہربانی کرنے والا۔
الرحیم: مہربانی کرنے والا۔ جس پر مہربانی کی جائے۔ ج رحماء. الرحیم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الرحمان: مہربانی کرنے والا۔ یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے۔
المرحمۃ: مہربانی۔ ج مراحم.
المرحوم: جس پر مہربانی کی جائے (.....والمرحوم): مولدین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے۔
الرحامیس: دلاور مرد۔
رحا یرحو رحوا ورحی یرحی رحیا وترحیٰ. الحیۃ: کنڈلی مارنا۔ رحا الرحی: چکی چلانا۔
الرحی: (مؤنث) چکی۔ تثنیہ رحیان ورحیان ج ارحاء وارحیۃ وارح ورحیّ ورحیّ وارحیّ. الرحی: سینہ۔ گھمسان کی جنگ۔ سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "ھو رحی قومہ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ داڑھ۔ کہا جاتا ہے "طحنتہ بارحائہ" اس نے اس کو اپنی داڑھ سے پیس دیا۔ بادل۔ وہ قبیلہ جو نہ تو اپنی جگہ سے ٹلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے۔ ج ارحاء.
المرحی: چکی ساز۔
المرحی: گھمسان کا رن۔

رخ ص

رخ (ن) رخا: پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا..... الشراب: پانی ملانا۔
رخ: (ض) رخا. العجین: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔
ارخ. فی الامر: مبالغہ کرنا..... العجین: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔
ارتخ. الرجل: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔ متردد ہونا۔
الرخ: نرمی۔ سہولت۔
الرخ: ایک خیالی بڑے جانور کا نام۔ (واحد)
رخۃ: شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ ج رخاخ ورخخۃ.
الرخاخ: نرم گھاس۔ عیش رخاخ: آسودہ زندگی۔ رخاخ العیش: زندگی کی فراخی و آسودگی۔ ارض رخاخ: نرم زمین۔
ارض (رخاء): نرم زمین۔ ج رخاخی.
الرخت: زین۔ ج رخوت (جدید)
الرخرخ والرخواخ: پتلا گارا۔
ترخش وارتخش: ہلنا۔ مضطرب ہونا۔
الرخشہ: اضطراب۔ حرکت۔
رخص: (ک) رخصا. الشیٔ: سستا ہونا۔ صفت (رخیص) (.....رخاصۃ ورخوصۃ): نرم و نازک ہونا۔
صفت (رخص ورخیص): مؤنث رخصۃ: ج رخائص.
رخص. السعر: بھاؤ سستا کرنا..... لہ کذا وفی کذا: ممانعت کے بعد اجازت دینا۔
ارخصہ: سستا کرنا۔ سستا پانا یا خریدنا۔
ترخص. فی الامر: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا..... فی کذا: اجازت دیا جانا۔
فی حقہ: اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا۔
ارتخصہ: سستا سمجھنا یا سستا خریدنا۔
استرخص. الشیٔ: سستا سمجھنا۔
الرخصۃ والرخصۃ: تخفیف۔ آسانی۔ کہا جاتا ہے "لک فی ھذا الامر رخصۃ" تم کو اس معاملہ میں آسانی ہے۔ پینے کی باری۔
موت (رخیص): جلدی آنے والی موت۔
رخف: (ن) رخفا ورخف (س) رخفا ورخف (ک) رخافۃ ورخوفۃ. العجین: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔
صفت (رخف ورخیف)
ارخف. العجین: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔ پانی بڑھانا۔
الرخف والرخفۃ: پتلا لعاب۔ گیلا گندھا ہوا آٹا۔ ج رخاف.
الرخفۃ والرخیف: نرم و پتلا پتھر۔
الرخل والرخل والرخلۃ: بھیڑ کا مادہ بچہ۔ ج ارخل ورخال ورخال ورخلان ورخلۃ ورخلۃ.
المترخل: بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا۔
رخم (ن) رخما ورخم (ک) رخامۃ. الصوت او الکلام: آواز یا گفتگو کا نرم ہونا۔
صفت (رخیم)..... الجاریۃ: نرم گفتگو والی ہونا۔ صفت (رخیمۃ ورخیم)
رخمت (ن) رخما ورخما ورخمۃ. الدجاجۃ البیض و علی البیض (ارخمت) علی البیض: مرغی کا انڈا سینا۔
صفت (راخم ومرخم ومرخمۃ)
رخمت (ف ن) رخما ورخمۃ ورخامۃ. المراۃ ولدھا: کھیل کود کرنا۔ لاڈ پیار کرنا
ورخمہ: مہربانی کرنا۔
رخم. رحم: میں ایک لغت ہے۔
رخم ترخیما. الشیٔ: دم کاٹ دینا اور اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادی ہے۔
نرم آواز کر دینا۔ الدجاجۃ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔
الرخم: مص۔ گدھ۔ واحد (رخمۃ) ج رخم: نرمی ومحبت۔ گاڑھا دودھ۔
الرخام: سنگ مرمر۔ ایک ٹکڑے کو (رخامۃ): کہتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

الرُّخامی: نرم ہوا۔ ایک قسم کی نباتات۔
الأرخم: مِنَ النَّخل: گھوڑا جس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو۔ مؤ. رَخْماء ج رُخم.
الرُّخوم والبُرخوم والبِرخوم: نرگدھا۔
رَخِیَ: (س) رَخاً ورُخوۃً ورَخْوَ (ک) رَخاوۃً: نرم ہونا۔ آسان ہونا۔ آسودہ زندگی والا ہونا۔ صفت (رَخْو ورَخْوَۃ ورُخُو)
رَخا: (ن) ورَخِیَ (ف، کو رَخِیَ (س) ورَخْو: (ک) رَخاء العَیْش: زندگی کا آسودہ ہونا۔ صفت (رَاخٍ ورَخِیّ)
رَاخاہُ مُراخاۃً: دور کرنا۔ چھیڑے کہتے ہیں "جلَسْتُ الفرازَ یُراخِیُ الأجَلَ" میرا خیال تھا کہ گرمی سردی کو دور کردے گی۔ الشَّیْءَ: نرم کرنا۔ العُقْدَۃَ: گرہ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "راخی خَنَاقَہٗ اورِبَاقَہ" یعنی اس نے اسے مہلت دی۔ رَاخَتِ المَرْأۃُ: بچہ جننے کے قریب ہونا۔
أرْخَی لِزِمَامِہٖ. الشَّیْءَ: نرم کرنا۔ الفَرَسَ وللفَرَسِ: گھوڑے کی رسی ڈھیلی کرنا۔ کہا جاتا ہے "أرْخِ لَہُ الحَبْلَ" اس کی رسی ڈھیلی کر دو۔ یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو۔ البَسْرَ: پردہ لٹکانا اور کھا جاتا ہے "أرْخَی عِمَامَتَہٗ" یعنی وہ مطمئن و مامون ہوا۔ دَابَّہ: جانور کو آزاد اور چلتے دینا۔ زِمَامَ النَّاقَۃِ: اُونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
رَخِیَ الشَّیْءُ بالشَّیْءِ: ملانا۔
تَرَاخَی تَرَاخِیًا. عَنْہُ: دور ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔ دیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاخَتِ السَّمَاءُ" یعنی بارش میں دیر ہوگی۔ تَرَاخَی الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں سست ہونا۔ کہا جاتا ہے "إنَّ فِیْ الأمْرِ تَرَاخِیًا: معاملہ میں وسعت و گنجائش ہے۔
إرْتَخَی وإسْتَرْخَی: نرم ہونا۔
إسْتَرخت بہ حالہٗ: تکلیف اور سختی کے بعد اس کی حالت اچھی ہوگئی۔
الرُّخاء: مص۔ فراخی زندگی۔

الرُّخَاء: نرم ہونا۔
الأرْخِیَّۃ: ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے۔ ج أرَاخِیّ
البِرْخَاء: تیز دوڑنے والا جانور۔ ج مَرَاخٍ: (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے ہے) کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بِرْخَاءٌ وأتَانٌ بِرْخَاءٌ".
رَدَّہٗ: (ن) رَدًّا ومَرَدًّا ومَرْدُوْدًا ورِدِّیْدَی. عَنْ کَذَا: پھیرنا واپس کرنا۔ لوٹانا
رَدَّدَ فُلَانًا: خطا کا راستہ بتانا۔ الثَّوْبَ: بھیڑ دینا۔ عَلَیْہِ الشَّیْءَ: پھیر دینا۔ قول نہ کرنا۔
إلَیْہِ جَوَابًا: جواب لکھنا۔ ہ إلٰی بَیْتِہٖ: لوٹانا اور کہا جاتا ہے "مَارُدَّ ھٰذا عَلَیْکَ ضَیْرًا" یہ تم کو کچھ نقصان نہیں دے گا۔ الشَّیْءَ: ایک حالت سے دوسری حالت پر کر دینا جیسے "لَمْ رُدَّ فُحُوْرُھُنَّ السُّوْدَ بِیْضًا" ان کے کالے بالوں کو سفید کر دیا۔ رَدَّ القَوْلَ رَدًّا وَرَدَادًا: بار بار دہرانا۔
رَدَّدَ. القَوْلَ: بکثرتِ رَدِّ القَوْل: (تشدید کثرت کے لئے ہے)
رَادَّہٗ. الشَّیْءَ: واپس کر دینا۔ ہ فِی الکَلَامِ: بحث کرنا۔
أرَدَّ. البَعِیْرُ: جوش میں آنا۔ الرَّجُلُ: غصہ سے پھول جانا۔ الشَّاۃُ: تھن والی ہونا۔ صفت (مُرِدٌّ)
تَرَدَّدَ: رد ہونا۔ فِی الأمْرِ: شک وشبہ میں پڑ جانا۔ إلَیْہِ: بار بار آنا۔ (وتَرَادُّ) فِی الجَوَابِ: زبان کا لڑکھڑانا۔
تَرَادَّا. البَیْعَ: بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا۔
تَرَادَّ المَاءُ: روک کی وجہ سے پیچھے ہٹنا۔
إرْتَدَّ. الشَّیْءُ: واپس آنا۔ واپس کرنے کو کہنا
.....عَلٰی الَّذِیْ وَعَنْ طَرِیْقِہٖ: لوٹنا..... عَنْ دِیْنِہٖ: دین کو چھوڑنا۔ دین سے پھر جانا۔ عَنْ عَہْدِہٖ: عہد کو توڑ لینا۔ إلَی العَوَابِ: صواب کی جانب لوٹ جانا۔
إسْتَرَدَّ. الشَّیْءَ: واپس کرنے کو کہنا۔ ہ.

الشَّیْءُ: واپسی چاہنا..... لَھَبَہٗ: بہہ کر گزرنا لے لینا۔
المَرَدُّ: مص زبان کی لڑکھڑاہٹ۔ نباتات کی کثرت۔ کہا جاتا ہے "ضَیْعَۃٌ کَثِیْرَۃُ المَرَدِّ" بہت نباتات والی جانیدار جسنی زَدٌّ: ردی چیز۔ مُفْرَدٌّ: مخالف سنت کام۔ یَوْمَ رَدٌّ: کھوٹا درہم۔ کہا جاتا ہے "لَاتُعْطِنِیْ مِنْ رُدُوْدِ الدَّرَاھِمِ" مجھے کھوٹے درہم مت دو۔
الرِّدُّ: چیز کا سہارا۔
الرِّدَی: طلاق دی ہوئی عورت۔
الرِّدَّۃ: رد کا اسم مرۃ۔ کچھ جمال کے ساتھ زشت بدوضع۔ کہا جاتا ہے "لِمی وَجْھَہٗ رِدَّۃٌ" اس کے چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بدصورتی ہے۔
الرِّدَّۃ: ارتداد کا اسم۔ خوردنی کا چکنا۔ پیاز کی گوبھ۔ بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فَرِسَتِ الإبِلُ رِدَّۃً" اونٹ نے دوسری بار پالی پیا۔
الرَّدَاد والرِّدَاد: واپسی۔
الرِّدِیْد: بادل جو برس چکا ہو۔
المِرْدَاد: رد۔ بکثرت۔
الأرْدَّ: ناخ تر۔
المِرْدَادَۃ المَرْدَۃ: قاعدہ۔ کہا جاتا ہے "لِأرْدَادَۃٍ ولَامَرْدَۃَ فِیْہِ" اس میں کوئی قاعدہ نہیں۔
المُرِدُّ: مدت تک سفر میں رہنے والا یا زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا۔ غصہ تک۔ سوکھے ہوئے تھنوں والی اُونٹنی۔ اونٹ جس نے پانی بہت پیا ہو۔ ج مَرَادٌ.
المُمَرِّدُ: مِنَ الرِّجَالِ: بہت روکنے والا۔ بہت حملہ کرنے والا۔
المُمَرَّدُ: مص۔ مع زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا یا مدت تک سفر میں رہنے والا۔
المَرْدُوْدَۃ: مردود کا مؤنث۔ استرا۔
المُرَدَّد: حیران وسرگشتہ۔
ردا: (ف) رَدْأً. الحَائِطَ: دیوار کو ٹیک لگانا۔

marfat.com
Marfat.com

ردخ

.....الرَّجُلَ :مدد کرنا۔رَدَاهُ بِحَجَرٍ :پتھر مارنا۔

رَدْوٌ:(ک)رَدَاوَةٌ:ردی ہونا۔صفت(رَدِیٌ) ج اَرْدِیَاءُ وَاَرْدِنَا۔

اِرْدَأَ: بُرا کام کرنا یا بُری چیز پہنچانا.....ہ: خراب کرنا۔بگاڑنا.....البِئْرَ:لگانا.....الحَائِطَ :دیوار کو تھم لگانا.....فُلَانًا:تسکین دینا۔برقرار رکھنا.....ہ عَلٰی مِائَةٍ:زیادہ کرنا۔بڑھانا۔

تَرَادَأَ القَوْمُ:باہم مدد کرنا۔

الرِّدْءُ:مددگار۔مدد۔ایک جانب کا بھاری بوجھ جو جانور پر لادیں۔ج اَرْدَاءٌ.

تَرْدُبَةٌ:نرمی سے پیش آنا۔

الرَّدْبُ:راستہ جس کا آخری سرا بند ہو۔

الاِرْدَبُّ:چوبیس صاع کا ایک بڑا پیمانہ۔سطح زمین پر پہنے والی۔ج اَرَادِبُّ.

الاِرْدَبَّةُ:چوہیا۔بڑی اینٹ۔

رَدَحَ:(ف)رَدْحًا:ثابت قدم رہنا۔

الشَّیْءَ:زمین پر پھیلا کر برابر کرنا۔(وَاَرْدَحَ) البَیْتَ:گاڑھا گاڑھا لیپنا۔

رَدَّحَ الشَّیْءَ: زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔

الرَّدْحُ:مص ہلکا درد۔

الرَّدَحُ:لمبی مدت کہا جاتا ہے"اَقَامَ رَدَحًا مِنَ الدَّهْرِ"اس نے زمانہ دراز تک اقامت کی۔

الرَّدَاحُ :بہت بڑا لشکر۔تاریکی بڑا درخت۔ بڑا پیالہ.....مِنَ الکِبَاشِ :بڑی چکی والا دنبہ۔ج رُدُحٌ.

الرُّدَحَةُ :خیمہ کے پچھلے حصہ کا پردہ۔کشادگی

رُدَاحَةُ الصَّائِدِ :پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے اردگرد کھڑا کرلے۔

الرَّدَاحَةُ والرِّدَاحَةُ:بچو کے شکار کے لئے مکان۔

رَدَخَ :(ف)رَدْخًا. رَاسَهُ :سر توڑنا۔

رَدَسَ :(ن ض) رَدْسًا. القَوْمَ :پتھر مارنا.....الحَائِطَ:گرانا ڈھانا.....الرَّجُلَ :ذلیل کرنا .....الاَرْضَ:ہموار کرنا .....

ردع

بِالشَّیْءِ :لے جانا.....الحَجَرَ بِالحَجَرِ :پتھر سے پتھر توڑنا۔

رَادَمَهُ :ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔

تَرَدَّسَ. مِنْ مَکَانِهٖ :گرنا۔

المِرْدَسُ والمِرْدَاسُ :پتھر توڑنے کا آلہ۔ سر پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کے لئے ڈالا جائے۔

رَجُلٌ (رَدُوْسٌ ورِدِّیْسٌ) :بہت دفع کرنے والا۔

رَدَعَهُ :(ف)رَدْعًا. عَنْ کَذَا :روکنا' ہٹانا.....ہ بِالشَّیْءِ :لتھیڑنا۔کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ فَرَدَعَ بِهِ الاَرْضَ" اس نے لے کر زمین پر پٹک دیا۔

.....السَّهْمَ :تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کے لئے زمین پر مارنا.....المَرْأَةُ:جماع کرنا۔

رُدِعَ. رَدْعَةً :خاموش ہونا اور چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔رُدِعَ بِهٖ :پچھاڑا جانا۔

رَدَّعَهُ. بِالزَّعْفَرَانِ :زعفران میں لت پت کرنا۔

تَرَدَّعَ :لت پت ہونا۔

تَرَادَعَ. القَوْمُ :ایک دوسرے کو باز رکھنا۔

اِرْتَدَعَ :باز رہنا.....بِالطِّیْبِ :خوشبو سے لت پت ہونا.....السَّهْمُ :تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹنا۔

الرَّدْعُ :مص گردن۔زعفران۔جسم میں خوشبو کا اثر۔کہا جاتا ہے"رَکِبَ فُلَانٌ رَدْعَهُ" جبکہ روکا جائے اور وہ نہ رکے۔ و"رَکِبَ البَعِیْرُ رَدْعَهُ" جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اس کے جوف میں داخل ہو جائے۔

قَمِیْصٌ (رَادِعٌ) :قمیص جس میں خوشبو کا اثر ہو۔

الرُّدَاعُ :جسم میں خوشبو کا اثر۔مرض کی واپسی۔

الرَّدِیْعُ :پچھاڑا ہوا۔ثَوْبٌ رَدِیْعٌ :زعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔سَهْمٌ (رَدِیْعٌ ومِرْدَعٌ) :تیر جس کا پھل گر گیا ہو۔

ردف

المِرْدَعُ :محروم واپس آنے والا۔کاہل۔ پستہ قد۔خوشبو کے اثر والا۔

الرِّدْعِلُ :چھوٹے بچے۔

رَدَغَتْ :(ف)رَدْغًا. السَّمَاءُ :تھوڑی بارش برسانا۔رَدَغَ بِهِ الاَرْضَ :پٹک دینا۔

اِرْدَغَّ. المَکَانُ :بہت کیچڑ والی ہونا۔صفت (رَدْغٌ)

اِرْتَدَغَ :کیچڑ میں پڑنا۔

الرَّدْغُ والرِّدَاغُ :کیچڑ۔گارا۔

الرَّدْغَةُ والرَّدْغَةُ :سخت کیچڑ۔ج رَدْغٌ رَدَغٌ ورِدَاغٌ. ورَدَغَاتٌ. مَاءٌ رَدْغَةٌ :کیچڑ ملا ہوا پانی۔

الرَّدِیْغُ :پچھاڑا ہوا بے وقوف۔

المَرْدَغَةُ :گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کا حصہ۔عمدہ رونق باغ۔ج مَرَادِغُ.

رَدَفَهُ (ف)وَرَدِفَ لَهُ (س)رَدْفًا :پیچھے ہونا۔

رَدَفَهُ ورَدِفَ لَهُ :پیچھے سوار ہونا۔ردیف بننا۔

رَدِفَ الامرُ القَوْمُ :پیش آنا۔

رَادَفَهُ :ردیف بننا۔کہا جاتا ہے"دَابَّةٌ لَا تُرَادِفُ" جانور جو ردیف نہیں سوار کراتا۔

اَرْدَفَ :پے در پے ہونا .....ہ :اپنے پیچھے سوار کرنا۔کہا جاتا ہے"دَابَّةٌ لَا تُرْدِفُ" :جانور جو ردیف کو نہیں سوار کراتا۔اَرْدَفَ الشَّیْءَ وبالشَّیْءِ وعَلَیْهِ :کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔تم کہتے"اَرْدَفْتُ خَیْلًا عَلٰی خَیْلِیْ" :میں نے اپنے گھوڑے کے پیچھے ایک گھوڑے کو کرلیا۔اَرْدَفَ لَهُ :پیچھے آنا .....الاَمْرُ القَوْمَ :پیش آنا۔

تَرَادَفَا :ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ایک کا دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔تَرَادُفُ الکَلِمَاتِ :کلمات کا ہم معنی ہونا۔

اِرْتَدَفَهُ :پیچھے ہونا۔اِرْتَدَفَ العَدُوُّ :دشمن کو پیچھے سے پکڑنا.....ہ :اپنے پیچھے سوار کرانا۔

تَرَدَّفَهُ :پیچھے سوار ہونا۔

marfat.com
Marfat.com

اِسْتَرْدَفَهُ : پیچھے سوار کرنے کی درخواست کرنا۔

الرِّدْف : پیچھے سوار ہونے والا۔ پیروی کرنے والا۔ کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخری حصہ۔ اَلْجَاهِلِيَّةُ زمانہ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا نائب سمجھا جاتا تھا اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا۔ جِ اَرْدَاف۔ اَلرِّدْف : نمرواقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔

الرِّدْفَان : رات دن۔

الرِّدْف والرِّدَاف : مِنَ الدَّابَّةِ : جانور کا چوتڑ۔

الرَّدِيْف : سوار کے پیچھے سوار ہونے والا۔ جِ رِدْف وَرُدَفَاء : نمرواقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والرَّدِيْف فِي اِصْطِلَاحِ الْجُغْرَافِيِّيْن : وہ فوجی جو آڑ اور کر دیا جائے اور ضرورت کے وقت بلا لیا جائے۔

الرَّادِفَة والرَّادُوْف : وَرَادِف کا واحد ہے اور وَرَادِف : درخت خرما کے اس پودے کو کہتے ہیں جو درخت خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جڑ زمین میں نہ ہو۔ کوہان کے پیچھے حصہ میں تہ بہ تہ چربی۔ اگر اگلے حصہ میں ہو تو اس کو وَرَوَاكِب : کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ جَزُوْرَهُمْ لَذَاتُ وَرَاكِبَ وَرَوَادِف"۔

الرَّوَادِف : سُرین۔ پیچھے رہنے والی قوم۔

الرِّوَادِفَة : بادشاہ کی قائم مقامی۔

الرَّوَادِفِي : مددگار لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا رَوَادِفِي" وہ لوگ آگے پیچھے آئے۔

رَوْدَكَهُ : آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔

الرَّوْدَك : خوش شکل لڑکا۔ مؤنث رَوْدَكَة۔

رَدَمَ (ن) رَدْمًا : اَلْبِنَاءُ وَالْبَابُ : رخنہ یا دروازہ بند کرنا..... اَلْقَوْسُ : کمان کو کھینچ کر آواز نکالنا..... اَلْبَعِيْرُ : جگالی کرنا۔

رَدَمَ (ن) رَدْمًا : اَلشَّيْءَ : بہنا.....

اَلسَّحَابُ : ہمیشہ گھر رہنا..... اَلْحُمَّى : ہمیشہ بخار رہنا..... اَلشَّجَرَةُ : خشک ہونے کے بعد سبز ہونا۔ رُدِمَ الشَّيْءُ : کسی چیز کے ایک حصہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑ جانا۔

اَرْدَمَ السَّحَابُ : ہمیشہ گھر رہنا۔

اَلْحُمَّى عَلَيْهِ : ہمیشہ بخار رہنا۔

رُدَام : اَلْوَثْبُ : پھاندنا..... اَلنَّاقَةُ عَلَى وَلَدِهَا : اُونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا۔ تَرَدَّمَ : لَوَّنَهُ : کپڑے میں پیوند لگانا۔

اَلْوَثْبُ : کپڑے کا پوسیدہ و پرانا ہونا۔

اَلْحُصُوْمَةُ : جگالی کا طویل ہونا..... ہ : درپے ہو کر حقیقت معلوم کرنا..... اَلنَّاقَةُ عَلَى وَلَدِهَا : اُونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا..... اَلْقَوْمُ الْاَرْضَ : زمین کی پیداوار کو بار بار کھانا۔

اَلرَّدْم : حِص دیوار کا ملمیہ۔ کمان کی آواز..... والرُّدَام والمُرْدَام : ہر وہ چیز جو بے نقع ہو۔

اَلرَّدَم : رخنہ کی بندش۔ جِ رُدُوْم۔

اَلرِّدِيْم : مِنَ الثِّيَابِ : پرانا کپڑا۔ جِ رُدُم۔

اَلْاَرْدَم : ماہر ملاح۔ جِ اَلَارْدَمُوْن۔

ثَوْبٌ (مُرَدَّمٌ وَمُرَقَّمٌ) : پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا۔

اَلْمُمَرَّدَم : پیوند لگائی ہوئی جگہ۔ زمانہ جاہلیت کے شاعر عنترہ کے قول "هَلْ غَادَرَ الشُّعَرَاء مِنْ مُتَرَدَّمٍ" کا مطلب یہ ہے کہ پہلے شعراء نے کیا کوئی جگہ پیوند لگانے کی باقی چھوڑی ہے یعنی سب کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے۔

رَدَنَ : (ض) رُدُوْنًا : الاشیاء : بہ تہ رکھنا۔

اَلْمِرْأَةُ : نکلے پر کاتنا۔ اَلنَّارُ : آگ لگانا۔

رَدِنَ : (س) رَدَنًا : الجلدُ : سکڑنا۔

رَدَنَ وَازْدَنَ : اَلْقَمِيْصَ : آستین لگانا۔

اِزْدَنَتِ الْحُمَّى : بخار کا مدت تک رہنا۔

اِرْتَدَنَتِ : اَلْمِرْأَةُ : نکلا بنانا۔

اَلسِّرْدُن : آستین کی جڑ۔ آستین کا کشادہ کنارہ۔ عرب اسی میں درائم و دنانیر رکھا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے محاورہ ہو گیا "فُلَانٌ رَدِنُهُ" یعنی وہ مالدار ہو گیا۔ جِ اَرْدَان۔

اَلرَّدَن : مص۔ ہتھیار کی جھنکار۔

اَلرَّدَن : سوت۔ ریشم۔ جِ اَرْدَان۔

اَلرَّادِن : فا۔ زعفران۔

احمر (رَادِنِي) : سرخ جس میں زردی ملی ہو۔

الاردن : ایک قسم کا سرخ رنگی کا ریشم۔

اَلرُّدَيْنِي : نیزہ۔ ردینہ کی عورت کی جانب منسوب جو عمدہ نیزہ بنانے میں مشہور تھی۔

اَلْمِرْدَن : نگلا۔

اَلْمُرْدِن : تاریک۔ اندھیرے والا۔ عرق مُرْدِن : بدبودار پسینہ۔

خَيْطٌ (مَرْدُوْنٌ) : ملایا ہوا دھاگا۔

رَدَّهُ : (ف) رَدْهًا۔ فلانا بہ حجر : سنگسار کرنا..... اَلْبَيْتَ : بڑا مکان بنانا۔

رَدَهَ الرَّجُلُ : شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے سردار قوم بننا۔

اَلرَّدْهَة : پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے سب سے بڑا گھر۔ گھر کی سب سے کشادہ جگہ۔ جِ رَدَهٌ وَرِدَاهٌ وَرُدَهٌ۔

رَدَى : (ض) رَدْيًا وَرَدَيَانًا. اَلشَّيْءُ : تڑ تڑانا۔ دھکا دینا..... بِحَجَرٍ : پتھر مارنا..... اَلْفَرَسُ : گھوڑے کا اچھلتے ہوئے دوڑنا۔

اَلْجَارِيَةُ : لڑکی کا ایک پاؤں اٹھا کر دوسرے پاؤں سے اچکتے ہوئے چلنا..... **فُلَانٌ** : جانا۔ تم کہتے ہو "مَا اَدْرِي اَيْنَ رَدَى" میں نہیں جانتا کہاں گیا..... فِي الْبِئْرِ : کنوئیں میں گرنا..... فُلَانٌ : بلند پہاڑ سے گرنا۔

عَلَى الْخَمِيْسِيْنَ مِنْ هُمُوْمِهِ : زائد ہونا۔

رَدِيَ (س) رَدًى : ہلاک ہونا۔ گرنا۔

رَدَّى : اَلرَّجُلَ : ہلاک کرنا۔ چادر اڑھانا..... ہ فِي الْبِئْرِ : کنوئیں میں گرانا.....

عَالَةُ : زیادہ ہونا..... عَلَى الْخَمِيْسِيْنَ : زائد

marfat.com
Marfat.com

ہونا.....الفرس: کدانا۔
رَادَیٰ مُرَادَاۃً. الرَّجُلَ: پھسلانا۔ نرمی برتنا .....عَنِ القَوْمِ: کسی قوم کی جانب سے دوسروں پر پتھراؤ کرنا۔
تَرَدَّیٰ: چادر اوڑھنا۔ تَرَدَّیٰ فِی البِئْرِ: کنوئیں میں گرنا۔
اِرْتَدَیٰ: چادر اوڑھنا۔ گلے میں تلوار لٹکانا۔
اِرْتَدَتِ الجَارِیَۃُ: لڑکی کا ایک پاؤں اٹھا کر دوسرے پاؤں سے اچکتے ہوئے چلنا۔
الرِّدَاءُ: چادر۔ عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی پوشش۔ جمیل۔ تلوار۔ کمان۔ عقل۔ نادانی۔ باعث زینت۔ باعث عیب۔ رِدَاءُ الشَّبَابِ: جوانی کی رونق۔ رِدَاءُ الشَّمْسِ: آفتاب کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ غَمْرُ الرِّدَاءِ" وہ فیاض اور بھلائی کرنے والا ہے و "خَفِیْفُ الرِّدَاءِ" وہ کم مقروض اور کم عیال والا ہے۔ ج اَرْدِیَۃٌ.
الرِّدَاءَۃ: بڑی چادر۔
الرَّدَاۃ: چٹان۔ ج رَدًی.
الرَّدِی: ہلاک ہونے والا۔
المِرْدَاۃ: لڑائی کا چکر اور اسی سے ہے "طَحَنَتْہُ مِرْوَاۃُ طَحُوْنٌ" لڑائی کے چکر نے اسے پیس کر رکھ دیا (.....والمِرْدَیٰ) بڑی چادر۔ ازار۔ پتھر توڑنے کا پتھر۔ ج مَرَادٍی. المَرَادِی: گھوڑے یا اونٹ کی ٹانگیں زمین پر پاؤں کو ٹیکنے والا گھوڑا۔ المَرَادِی: ہانکی۔
رَذَّتْ (ن) رَذًّا وَاَرَذَّتْ. السَّمَاءُ: پھوار برسانا۔ وَاَرَذَّتِ القِرْبَۃُ: بہہ پڑنا۔
الرَّذَاذ: پھوار۔
رَذُلَ (ک) رَذْلًا: (س) رَذَالَۃً: قابل حقارت ہونا۔ قبیح ہونا۔ صفت (رَذْلٌ): ج اَرْذَال وَرُذَال وَرُذُوْل وَرُذُلُوْن و (رَذِیْل) ج رُذَلَاء وَرُذَال.
رَذَلَہٗ (ن) رَذْلًا وَاَرْذَلَہٗ: حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
اَرْذَلَ: بُرا کام کرنا۔ کمینوں کا ساتھی ہونا.....ہ: حقیر کرنا ناپسند کرنا حقیر سمجھنا۔
المُرَاھَمَ: کھوٹے کر کے واپس کرنا۔
اِسْتَرْذَلَہٗ: حقیر سمجھنا۔
الرُّذَال: حقیر و کمینہ (.....والرُّذَالَہ) چیز کا ردی حصہ۔ رُذَالَۃُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا گھٹیا۔
الرَّذِیْلَۃ: نالائقی۔ بری عادت۔ ج رَذَائِل.
الاَرْذَل: اسم تفضیل۔ گھٹیا۔ ردی۔ ج اَرَاذِل وَاَرْذُلُوْن.
المُرْذِل: رذیل ساتھیوں والا یا حقیر جانور والا۔
رَذَمَ: (ن ض) رَذْمًا وَرَذَمَانًا وَرِذَمَ (س) رَذَمًا وَاَرْذَمَ. اِلْاِنَاءُ: لبالب ہو کر بہنا۔ صفت (رَذِم) وَاَرْذَمَ عَلَی الخَمْسِیْنَ مِنْ عُمُرِہٖ: زائد ہونا۔
الرَّذَم وَالرَّذَمَان. مِنَ النَّاسِ: متفرق جماعت۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ رَذَمًا مِنَ النَّاسِ" میں نے لوگوں کی متفرق جماعت دیکھی۔ "وَکَانَ فِی رَذَمَانٍ مِنَ النَّاسِ" وہ ایسی جماعت میں تھا جس کے افراد بہت نہیں تھے۔
الرُّذَام وَالرَّذَم: کمزور جس میں مروت نہ ہو۔
الرَّذُوْم: بہنے والا۔ لبالب پیالہ جس میں سے گرے۔ ج رُذُم وَرَذَم.
اَلرِّزْمَۃ: اَلتَّوَافِقِیَّۃ (علم ھندسہ): چار سیدھے نقاط جو ایک موافق تقسیم نقطہ پر پہنچے۔
اَللَّاتَوَافِقِیَّۃ: پہلی قسم کی ضد۔
رَذِیَ (س) رَذَاوَۃً وَاَرْذِیَ: بیماری سے نڈھال ہونا۔ صفت (رَذِیٌّ) رُذَاۃٌ: مؤنث رَذِیَّۃٌ.
اَرْذَاہ: نڈھال کر دینا۔ پھینک دینا۔ صفت مفعولی (مُرْذًی).
الرَّذِیُّ: بیماری سے نڈھال۔ کمزور۔ لاغر۔
رَزَّتِ: (ن ض) رَزًّا. الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں چبھونا۔ السَّمَاءُ: گرجنا۔ ہ: نیزہ مارنا..... البَابَ: دروازہ میں کنڈی لگانا السَّھْمُ فِی الحَائِطِ: تیر کو دیوار میں گاڑنا۔
اَرَزَّتْ. الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں چبھونا۔
رَزَّزَ. الوَرَقَ: کاغذ کو چکنا کرنا..... الاَمْرَ: کسی معاملہ کو درست کرنا۔
اِرْتَزَّ. السَّھْمُ فِی الحَائِطِ: تیر کا دیوار میں گڑ جانا۔ البَخِیْلُ عِنْدَ المَسْئَلَۃِ: بخیل کا سوال کے وقت بخل کرنا۔
الرُّزُّ: چاول (اُرْز: میں ایک لغت ہے)
الرِّزُّ وَالرِّزِّیْزَیٰ: دور کی آواز۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ بادل کی گرج۔ آواز۔
الرَّزَّۃ: زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا ہے۔ کنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا وغیرہ باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں۔ ج رِزَاز وَرِزَّات وَرُزَز.
الرَّزَّۃ: پیٹھ میں ایک قسم کا درد۔
الرَّزَّاز: سیسہ۔
الرَّزَّاز: چاول کا سوداگر۔
اَلاَرْزِیْز: کیکی۔ نیزہ کا گھسنا۔ چھوٹے اولے۔ لمبی آواز والا۔
الرَّزِیْز: ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ رَزِیْزُ الرَّعْدِ: گرج کی آواز۔
المُرَزَّز. مِنَ الطَّعَام: چاول سے تیار کیا ہوا کھانا۔
المَرْزَۃ: چاول اُگنے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں چاول جمع کئے جائیں یا جہاں چاول بہت ہوں۔
رَزَأَ: (ف) رَزْأً وَرُزْأً وَمَرْزِئَۃً. الرَّجُلَ مَالَہٗ: کچھ حاصل کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یُرْزَأُ" یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو حاصل کرتے ہیں ..... وَرَزِیَ: (س) رَزًا وَاِرْتَزَأَ. الرَّجُل: بھلائی حاصل کرنا۔
اِرْتَزَاۃُ الشَّیْءِ: کم کرنا۔ وَاِرْتَزَأَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔
الرَّزْء: ج اَرْزَاء و (الرَّزِیْئَۃ وَالرَّزِیَّۃ) ج رَزَایَا: بڑی مصیبت۔

marfat.com
Marfat.com

الْمَرْءَا: نیاس تگی۔ ج مَرْؤُوْنَ۔
والْمَرْؤُوْن: قوم جس کے منتخب لوگ مرگئے ہوں۔
الْمَرْزَنَة: بڑی مصیبت۔
رَزَبَهٗ: (ن) رَزْبًا: چمٹے رہنا۔
الإِرْزَبّ: چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔
المِرْزَبَة والمِرْزَنَة: لوہے کی سلاخ۔ لوہار کا ہتھوڑا۔ ج مَرَازِب۔
المِرْزَاب: پرنالہ۔ بڑی پالکی کشتی۔ ج مَرَازِیب۔
المَرْزُبَان: فارسیوں کا رئیس۔ ج مَرَازِبَة و(المَرْزَبَة): فارسیوں کی سرداری۔
رَزَحَ: (ف) رَزَحًا ورُزُوْحًا ورُزَاحًا۔ **الجَمَلُ:** لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا۔ صفت (رازِح) ج رُزَّح..... **الرَّجُلُ:** کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا..... **الرَّجُلُ بالرُّمْحِ:** نیزہ مارنا (..... وأَرْزَحَ) **العِنَبُ:** گرے ہوئے انگور اٹھانا (رَزَحْتُ وتَرَازَحْتُ) حالہ بر احوال ہونا۔
رَزَّحَ: **النَّاقَةَ:** اُونٹنی کو لاغر کرنا۔
إبِلٌ (رَزَاحَى ورُزْحَى ورُزَّح ورُزَّاح): لاغر و کمزور اُونٹ۔
المَرْزَح: انگور میں نیزہ مارنے سے اٹھانے کے لئے لکڑی۔ ج مَرَازِح۔
الهِرْزَح: آواز۔
البِرْزَاح: من الابل: بہت ہی لاغر اُونٹ جو چلنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ج مَرَازِیح۔
رَزَخَهٗ (ف) رَزْخًا: بالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا۔
الرَّزْدَق: لوگوں کی صف۔ درخت خرما کی قطار (جدید)
الرُّزَاق: دیہات اور اس کے اردگرد کی زمینیں۔ ج رُزَّاقات ورَزَادِیق۔
اَرْزَغَ: **المَاءُ:** پانی کم ہونا..... **المَكَانُ:** بہت کیچڑ والی جگہ ہونا..... **المُحْفِرُ:** کھودنے والے کا فنا ک مٹی تک پہنچنا..... **المَطَرُ الارضَ:** بارش کا زمین کو تر کردینا..... **الرَّجُلُ:** عیب سے آلودہ کرنا ..... **فِيْ فُلَانٍ:** بہت تکلیف پہنچانا' حقارت کرنا' عیب لگانا' طعن و تشنیع کرنا۔
وَازْغَدَ: کھٹی کرنا اور قریب دینا۔
اِسْتَرْزَغَهٗ: کمزور سمجھنا۔
الرَّزَغَة: پتلا گارا۔ کیچڑ۔ ج رَزَغ ورِزَاغ۔
الرَّزَغ: تری۔
الرَّزِغ والرَّزَاغ: کیچڑ میں پھنسا ہوا۔
رَزَفَ (ض) رَزِيْفًا ورَزَّفَ واَرْزَفَ إِلَيْهِ: آگے بڑھنا..... **الجَمَلُ:** اُونٹ کا بلبلانا۔ دوڑنا۔ **رَزَفَ الأَمْرُ:** قریب ہونا۔ **اَرْزَفَ الناقةَ:** گاڑی چلانا۔ **اَرْزَفَ القومُ:** جلدی سے نکلنے وغیرہ میں پھنسنا۔
نَاقَةٌ (رَزُوْف): کشادہ قدم تیز رفتار اُونٹنی۔
رَزَّافَات. البَلَدِ: شہر کے قریب کی جگہیں۔
رَزَقَهٗ (ن) رَزْقًا: روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "رَزَقَهُ اللّٰهُ الغِنى" اللہ اسے تونگری دے۔
رُزِقَ: روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا۔
اِرْتَزَقَهٗ: روزی مانگنا..... **الجُنْدُ:** روزی لینا۔
اِسْتَرْزَقَهٗ: روزی مانگنا۔
الرِّزْق: روزی۔ ج اَرْزَاق۔ **بارش۔**
السِّرِزُّق الحَسَن: بغیر محنت و مشقت کے حاصل ہونے والی روزی (..... والرِّزْقَة) ج رَزَقَات: پانیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ رَزْقَةَ. هٰذَا الشَّهْرِ او هٰذَا العَامِ" میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔
الرَّازِقِيُّ: کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔ شراب۔
الرَّازِقِيَّة: کتان کے سفید کپڑے۔ شراب۔
السِّرَّزَّاق: روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق ہوتا ہے)
المِرْزَق: مفلع۔ جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔
السِّرَزَّقِيَّة: وہ لوگ جنہوں نے اپنی رسد حاصل کرلی ہو۔
المَرْزُوْق: مفع خوش نصیب۔
رَزَمَ: (ن) رَزْمًا. **الشَّيْءَ:** جمع کر کے باندھنا..... **بالشَّيْءِ:** چمٹنا..... **عَلَى عَلْوَةٍ:** دشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا..... **الرَّجُلُ:** مرنا..... **الأَمْرَ به:** جمنا۔
رَزَمَ: (ض ن) رُزُوْمًا ورَزْمًا..... **البَعِيْرُ:** اُونٹ کا لاغری کی وجہ سے اٹھ نہ سکنا۔ صفت (رَازِم) ج رُزُّام (..... رَزْمَة) **الشِّتَاءُ:** سرد ہونا۔
رَزَّمَ. الثِّيَابَ: کپڑوں کا گٹھڑی میں باندھنا۔
القَوْمَ: کسی جگہ میں چمٹ کر رہنا۔
رَازَمَ. بَيْنَهُمَا: جمع کرنا..... **فِي المَطَاعِمِ:** بدل بدل کر کھانا کھانا۔
الدَّارَ: دیر تک رہنا۔
اَرْزَمَ. الرَّعْدُ: سخت گرجنا۔ **اَرْزَمَتِ** النَّاقَةُ بچہ کے لئے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ مَا اَرْزَمَتْ اُمُّ حَائِلٍ" میں اس کام کو جب تک اُونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا۔
اِرْزَامٌ اِرْزِمَامًا: غضبناک ہونا۔
المِرْزَمَة: دف میں ایک مرکب کھلانا۔
البِرْزَمَة: من الثِّيَابِ وغيرها: گٹھری۔ ج رِزَم۔
السِّرَزَمَة: بچے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچہ پر مہربان ہونے کے وقت بغیر منہ کھولے ہوئے صرف حلق سے نکلنے والی اُونٹنی کی آواز اور اسی سے مثال ہے "لَا تَحْسَبَنَّ فِيْ رَزَمَةٍ لَا دَرَّةً فِيْهَا" اس اُونٹنی کی آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہنچائے۔
غَيْثٌ (رَزُوْم) وہ بارش جس میں بادل کی

marfat.com
Marfat.com

کرنج ختم نہ ہو۔
الرِزَام: سخت مرد۔ ج رُزُم۔
اَسَدٌ (رَزَامَةٌ ورَزَامٌ): اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا شیر۔
الرَزِیْم: شیر کی گونج۔
الرَزَّام والمُرَزِّم: اپنے شکار پر چکر لگانے والا اور غرانے والا شیر۔ کہا جاتا ہے "مَرَّسَتْهُ بِالمُرَزَّمِ"
المِرْزَم: کٹھری باندھنے کی چیز جیسے رسی۔
اُمُّ المِرْزَم: بادِ شمالی یا مطلقاً ہوا۔
المِرْزَمَان: دو ستارے جو دونوں شعری کے ساتھ ہوتے ہیں اور ان دونوں کو منحوس سمجھا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لَاخَیْرَ فِی الزَّمَانِ مَا طَلَعَ المِرْزَمَان": یعنی اس زمانہ میں خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں۔
رَزَنَ: (ن) رَزْنًا. الشَّیْءَ: ہاتھ سے اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا..... بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔
رَزُنَ: (ک) رَزَانَةً: سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔ بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت مذکر (رَزِیْن): صفت مؤنث (رَزَان) رزینہ: نہیں بولا جاتا۔
رَازَنَ. الرَّجُلَ: دوست ہونا۔ ساتھ اُترنا۔
تَرَازُنًا: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
تَرَزَّنَ. فِی الاَمْرِ اوفِی مَجْلِسِهٖ: سنجیدہ و صاف رائے ہونا۔
الرَزْن والرِزْن: بلند جگہ جس میں پانی رک جائے۔ ج رُزُن ورِزَان واَرْزَان. الرِزْن: کنارہ۔
الرِزْنَة: پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج رِزَان.
الاَرْزَن: سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں۔
الرَزِیْن: ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَزِیْنُ الرَّاْیِ".
الرَوْزَنَة: روشن دان۔ ج رَوَازِن.
رَزَیَ: (ض) رَزْیًا. فُلَانًا: احسان قبول کرنا۔

اَرْزَیَ اِرْزَاءً. اِلَیْهِ واَرْزَیَ اِلَیْهِ ظَهْرَهٗ: سہارا لینا۔ پناہ لینا۔
رَسَّ: (ن) رَسًّا. البِئْرَ: کنواں کھودنا..... الشَّیْءَ: وِحْسَانًا..... لَهُ الخَبَرَ: بیان کرنا ..... المَیِّتَ: میت کو دفن کرنا..... خَبَرَهُمْ: معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ بَیْنَهُمْ: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا..... (ضد) (..... رَسًّا ورَسِیْسًا واَرَسَّ) السَّقَمُ فِیْ جَسَدِهٖ: بیماری کا لازم ہو کر ٹھہر جانا۔
رَاسَّهٗ مُرَاسَّةً. بِالاَمْرِ: کسی کام کی کسی کے ساتھ ابتداء کرنا۔
تَرَاسَّ. القَوْمُ الخَبَرَ: رازدارانہ کہنا۔
اِرْتَسَّ. الخَبَرُ فِی النَّاسِ: پھیلنا۔ ظاہر ہونا۔
الرَسّ: مص۔ پرانا کنواں۔ علامت۔ معدن: ہر چیز کی ابتداء۔ بخار کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ رَسُّ حُمّٰی": اسے بخار کی ابتداء ہے۔ رَسُّ الحُبِّ: آغازِ محبت۔ بقیہ محبت۔ اثرِ محبت۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنِیْ رَسٌّ مِنَ الخَبَرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہنچا۔
الرَسَّة: مضبوط ستون۔
الرَسَّة والاُرْسُوْسَة: ٹوپی۔
الرَسِیْس: مص۔ ثابت۔ عاقل۔ غیر صحیح خبر۔ رِیْحٌ رَسِیْسٌ: نرم ہوا۔ رَسِیْسُ الحُمّٰی: بخار کی ابتداء۔ رَسِیْسُ الحُبِّ: آغازِ محبت۔ بقیہ محبت۔ اثرِ محبت۔
الرُسّ: ٹیلہ۔ بڑی بوند کی بارش۔
رَسَبَ ورَسُبَ: (ن وک) رُسُوْبًا ورَسْبًا. الشَّیْءُ فِی المَاءِ: تہ نشین ہونا..... العَیْنُ: آنکھ اندر کو دھنس جانا۔
اَرْسَبَهٗ: نیچے اُتارنا۔
الرَاسِب والرَسُوْب. مِنَ الرِجَال: حلیم۔ بردبار۔ ثابت قدم۔
الرُسْب والرَسَب والرَسُوْب والمِرْسَب. مِنَ السُّیُوْفِ: اندر کو گھس جانے والی تلوار۔
الرُوَاسِب: سیلاب کی وجہ سے زرخیز مٹی کا بہہ کر دریاؤں اور سمندروں میں گرنا۔
الرُوْسَب: بلا۔ مصیبت۔
رَسِحَ: (س) رَسَحًا: دبلے چوتڑ اور دبلی ران والا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْسَح): صفت مؤنث (رَسْحَاء): ج رُسْح. اِمْرَاةٌ رَسْحَاءُ: بدصورت عورت۔
اَرْسَحه: لاغر کرنا۔
رَسَخَ: (ن) رُسُوْخًا: گڑ جانا۔ کہا جاتا ہے "رَسَخَ الجُرْحُ فِی الصَحِیْفَةِ" روشنائی کتاب میں جم گئی۔ "ورَسَخَ العِلْمُ فِی القَلْبِ" علم دل میں جاگزیں ہو گیا۔ وفُلَانٌ رَاسِخٌ فِی العِلْمِ: فلاں مضبوط علم والا ہے ..... الغَدِیْرُ: تالاب کا پانی نیچے اُتر گیا۔
اَرْسَخَهٗ: گاڑ دینا' ثابت کرنا' مضبوط کرنا۔
تَرَسَّخَ. فِی التَقْوٰی: پرہیزگاری میں راسخ ہونا۔
البَرْسَدَق والرُسْدَاق: بمعنی البَرْذَق والرُذَاق.
رَسَعَ: (ف) رَسَعًا. العَضُوُ: خراب اور ڈھیلا ہونا..... عَیْنُهٗ: چمٹے ہوئے پپوٹے والی ہونا..... الصَبِیَّ: بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
رَسِعَ: (س) رَسَعًا: خراب پپوٹوں والا ہونا۔ صفت (اَرْسَع)..... عَیْنُهٗ: خراب پپوٹوں والی ہونا۔ صفت (رَسْعَاء)..... بِهِ الشَّیْءُ: چمٹنا۔
رَسَعَ: خراب گوشہ چشم والا ہونا۔ کسی مقام پر جم کے رہنا..... الشَّیْءُ: چپکانا.....
السَیْر: ایک تسمہ کو پھاڑ کر اس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا..... الصَبِیَّ: بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
الرِصَاعَة ج رَصَائِع: تلوار کی پرتلے کے نچلے حصہ میں کندھے ہوئے تسمے۔
الرُصُوْع: کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرَصِیْع: چپکایا ہوا۔ ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ۔

marfat.com
Marfat.com

رَسَعَ :(ن) رَسْعًا: البَعِيْر: اگلی ٹانگوں کے گھٹے میں رسی باندھنا۔

رَسَغَ: المَطَرُ: تھمنے تک برسنا۔

العَيْشُ: وسیع کرنا۔ الكَلَامُ: دو قسم کی باتوں کو ایک میں ملانا۔

رَسَفَهُ: گرفت پکڑ کے پچھاڑ دینا۔

اِرْتَسَغَ: عَلَى عِيَالِهِ: فقہ میں وسعت کرنا۔

الرُّسْغ والرُّسْغ: گٹا۔ پہنچا۔ ج اَرْسَاغ وَاَرْسُغ۔

الرَّسِيْغ: مِنَ العَيْشِ: کشادہ زندگی۔ مِنَ الطَّعَامِ: بہت خوراک۔

الرِّسَاغ: دور ہی جس کو جانور کی اگلی ٹانگ کے گھٹے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں۔

المُرْسَغ: مِنَ الاِدْرَاءِ: کثیر ورواں درست رائے۔

رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا وَرَسِيْفًا وَرَسَفَانًا: پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا۔

اَرْسَفَ: الدَّابَّةَ: بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا۔

اِرْتَسَفَ: الشَّيْءَ: بلند ہونا۔

رَسَلَ (س) رَسْلًا وَرَسَالَةً: الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا لٹکا ہوا ہونا۔ البَعِيْرُ: اونٹ کا نرم چال والا ہونا۔

رَسَّلَ: فِي القِرَاءَةِ: خوش آوازی سے پڑھنا۔ آہستہ آہستہ درستی کے ساتھ پڑھنا۔ الفُصَلَانَ: اونٹ کے بچوں کو دودھ پلانا۔

رَاسَلَهُ: فِي وَعَلَى وَبِالْاَمْرِ: خط وکتابت کرنا۔ رَاسَلَهُ الغِنَاء: گانے میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسَلَهُ: بھیجنا۔ چھوڑنا۔ اَرْسَلَ القَوْلَ: بلا قید بولنا۔ فُلَانًا عَلَيْهِ: مسلط کرنا۔ اَرْسَلَ بِهِ اِلَيْهِ: پیغام کے ساتھ بھیجنا۔ قولہ مثلاً: اپنے قول کو ضرب المثل بنانا۔

تَرَسَّلَ: نرمی کرنا۔ آہستگی کرنا۔ رسول ہونے کا دعویٰ کرنا۔ فِي الرُّكُوْبِ: اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا۔ فِي القُعُوْدِ: اردگرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر چار زانو بیٹھنا۔

تَرَاسَلَ: القَوْمُ: باہم خط وکتابت کرنا۔

اِسْتَرْسَلَ: الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔ نکلنا ..... الشَّيْءُ: نرم ہونا ..... اِلَيْهِ: بے تکلفی برتنا۔ فِي الكَلَامِ: گفتگو میں وسعت کرنا۔

الرَّسَلُ: مِنَ السَّيْرِ: نرم چال ..... مِنَ الشَّعْرِ: لٹکے ہوئے بال۔ مِنَ الاِبِلِ: نرم چال والا اونٹ۔

الرِّسْلُ: نرمی۔ آسودگی۔ دودھ۔ گھوڑے کے بازو کا کنارہ۔ ج رِسَال۔

الرِّسَالُ: اونٹ کی ٹانگیں (الرِّسْلُ والرِّسْلَةُ): آہستگی نرمی۔ کہا جاتا ہے "خُذِ الْاَمْرَ بِرِسْلِكَ يَا رَجُلُ" یعنی اے شخص آہستہ وباوقار رہ۔ الرِّسْلَةُ: جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ وَاِرْسِلَةٌ" یعنی وہ گروہ گروہ آئے۔

الرَّسَلُ: جمع۔ جماعت۔ گروہ۔ ریوڑ۔ ج اَرْسَال۔

اَلرَّسُوْلِيَّة: بھیائی کیتھولک کے نزدیک کرسی رسول یعنی پوپ کی طرف سے صادر کردہ فرمودات۔

الرِّسَالَة: کاہل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ فِيْهِ رَسَالَةٌ نَاقَةٌ رَسْلَةٌ" نرم چال والی اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ رَسْلَةٍ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ نرمی وآسودگی میں ہیں۔ الرَّسْلَة: وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت اور لمبے لمبے بال ہوں۔

الرِّسَالَة والرِّسَالَة: پیغام۔ پیغامبری خط۔ ج رَسَائِل وَرَسَالَات۔

الرَّسُوْل: بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ ج رُسُل وَرُسُل وَاَرْسُل وَرُسَلَاء۔

الرُّسُل: چھوٹی ننگی جوامی اور دشمنی نہ ڈاننے والی ہو۔

الرَّسِيْل: بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ پیغام بھیجنے والا۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ گھوڑا دوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا۔ کشادہ۔ ساتھ۔ بیٹھا پانی۔ ج اَرْسُل وَرُسُل وَرُسَلَاء۔

الرِّسْلَة: الرِّسْلَة: کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَى الكَلَامَ عَلَى رُسَيْلَاتِهِ" یعنی اس نے بے التفاتی کی۔

المُرْسَلَة: لہاہار جو سینہ تک واقع ہو۔ ج مُرْسَلَات۔ المُرْسَلَات: ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔

البِرْسَال: چھوٹا تیر۔ پیغامبر۔ نَاقَةٌ بِرْسَالٌ: نرم رفتار اونٹنی۔ ج مَرَاسِيْل۔

رَسَمَ (ن کَ) رَسْمًا: المَطَرُ الدِّيَارَ: مٹا کر زمین سے ملا دینا نشان باقی رکھنا۔ لَهُ كَذَا: حکم دینا۔ عَلَى كَذَا: لکھنا۔ الكِتَابَ: لکھنا۔ تَرَسَّمَ: دوڑتے ہوئے جانا۔ ..... الاَرْضَ: گر جانا کوئی عہدہ دینا۔ اسم "اَلرِّسَامَة" ہے۔

رَسَمَ (ض کَ) رَسْمًا: البَعِيْرُ: پاؤں کا نشان چھوڑنا۔ تیز چلنا۔ صفت (رَسُوْم)

رَسْم: الثَّوْبُ: دھاری دار بنانا ..... وَاَرْسَمَ: النَّاقَةَ: چلا کر پاؤں کے نشان ڈالنا۔

تَرَسُّم: المَدَارَ: گھر کے نشانات وغیرہ غور سے دیکھنا ..... الشَّيْءَ: یاد کرنا ..... البَانِيَ والحَائِطَ: عمارت بنانے یا کھودنے کے لئے زمین دیکھنا۔

اِرْتَسَمَ: الاَمْرَ: فرمانبرداری کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَسَمَ لَهُ كَذَا فَارْتَسَمَه": اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجالایا ..... لِبَعْلِي: بھیجے کہنا اور وعدہ کرنا ..... الرَّجُلُ: گر جانے کے بعد عہدہ پر پہنچنا۔

الرَّسْمُ: جمع۔ گھر کے مٹے ہوئے نشانات۔ مٹی میں دبا ہوا کنواں۔ کسی چیز کا خاکہ۔ علامت۔ غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "اَرَى رُسُوْمَكُمْ" "رُسُوْمًا وَوُقُوْفَ خَلِيْقَةٍ": میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں۔ ج رُسُوْم

marfat.com
Marfat.com

وَالرَّسْم: معاملہ.....عِنْدَ اَهْلِ الْجِنَايَةِ: ٹیکس۔
اَلرَّسْمُ: منظر کشی۔ غیر حقیقی ڈرامہ۔ (فکشن)
الرَّسَم: رفتار کی خوبی۔
الرَّاسِم: فا۔ بہتا ہوا پانی۔
اَلرَّاسُوْم: ج رَوَاسِيْم و (اَلرَّوْسَم) ج رَوَاسِيْم: مہر۔ مکے وغیرہ پر مہر (قومہ) کرنے کی چیز۔ کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلہ کے ڈھیر پر (قومہ) مہر کی جائے۔
اَلرَّوْسَم: علامت۔ نشان۔ مصیبت۔
اَلرَّوَاسِم: زمین پر پاؤں کے نشان ڈال کر چلنے والے اُونٹ۔ واحد (رَاسِم وَرَاسِمَة)
اَلْمَرْسُوْم: مقع۔ لکھا ہوا۔ سرکلر۔ ج مَرَاسِيْم وَمَرَاسِيْم۔
اَلرَّسَّام: نقش کرنے والا۔ نقشہ بنانے والا۔
اَلرَّسَمَان وَالْمِرْسَم: زمین پر نشان ڈالتے ہوئے اُونٹ کی چال۔
رَسَنَ: (ن ض) رَسْنًا وَاَرْسَنَ.
اَلدَّابَة: جانور کے سر میں رسی ڈالنا۔ رَسَنَ وَاَرْسَنَ الدَّابَة: جانور کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دینا اور اسی سے ہے "رَمَى بِرَسَنِهٖ عَلٰى غَارِبِهٖ": اس نے اس کے کندھے پر اس کی رسی ڈال دی یعنی اسے بالکل آزاد چھوڑ دیا۔ اَرْسَنَ الْمُهْرُ: بچھیری کا تابع ہونا۔ گردن میں رسی ڈالنے کے لئے سر دے دینا۔
اَلرَّسَن: جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسی۔ ج اَرْسَان وَاَرْسُن.
اَلْمَرْسِن وَالْمِرْسَن: مِنَ الدَّابَة: رسی ڈالنے کی جگہ۔ ج مَرَاسِن: ناک۔
رَسَا يَرْسُوْ رَسْوًا وَرُسُوًّا: ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ صفت مذکر (رَاسٍ): صفت مؤنث (رَاسِيَة) ج رَوَاسٍ وَرَوَاسِيَات.
رَسَتِ السَّفِيْنَةُ: لنگر انداز ہونا۔ رَسَا بَيْنَ الْقَوْمِ: صلح کرانا.....عَنْهُ حَدِيْثًا: کسی سے روایت کرنا۔ لَهُ الْحَدِيْثَ: کسی کے سامنے کچھ حصہ بیان کرنا.....اَلصَّوْمَ: روزے کی نیت کرنا۔
رَاسَى: ہ: تیراکی میں مقابلہ کرنا۔
اَرْسَى اِرْسَاءً. الشَّيْءُ: ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا.....اَلسَّفِيْنَةَ: کشتی کو لنگر انداز کرنا.....اَلْوَتَدَ فِي الْاَرْضِ: کھونٹے کو زمین میں گاڑنا۔
اَلرَّسْوُ: خبر کا ایک حصہ۔
اَلرَّاسِي: فا۔ قِدْرٌ رَاسِيَة: ایک جگہ پر رہنے والی بڑی دیگ۔
اَلرَّوَاسِيْ: مضبوط پہاڑ۔
اَلرَّسِيُّ: ثابت۔ خیمہ کے درمیان کا ستم۔
اَلْمَرْسَى: بندرگاہ۔ ج مَرَاسٍ.
اَلْمُرْسَى: مقع۔ باری تعالیٰ کے قول "يَسْاَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا" کے معنی یہ ہیں کہ "لوگ آپ (ﷺ) سے دریافت کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی؟"
اَلْمِرْسَاة: کشتی کا لنگر۔ ج مَرَاسٍ کہا جاتا ہے "اَلْقٰى مَرَاسِيَهٗ" یعنی اس نے اقامت کی "وَاَلْقَتِ السَّحَابُ مَرَاسِيَهَا" بادل جم کر برسا۔
رَشَ: (ن) رَشًا وَتَرْشَاشًا. الْمَاءَ: پانی چھڑکنا.....اَلسَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا.....اَلشَّيْءَ: دھونا۔
اَرَشَّتِ. اَلسَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا.....اَلطَّعْنَةُ: کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر نکلنا.....اَلشِّوَاءُ: بھونے ہوئے گوشت سے چربی ٹپکنا.....اَلْفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ لانا۔
تَرَشَّشَ. عَلَيْهِ الْمَاءُ: متفرق چھینٹے پڑنا۔ بہنا۔
اَلرَّشّ: مص۔ پھوار۔ ج رِشَاش: تکلیف دہ مار۔
اَلرَّشَاش: پانی خون وغیرہ کا چھینٹا۔
اَلْمِرَشَّة: پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔
رَشَا: (ف) رَشْأً. اَلظَّبْيُ: ہرن کا قوی ہو کر ماں کے ساتھ چلنا.....اَلظَّبْيَةُ: ہرن کا جننا۔
اَلرَّشَا: ہرن کا بچہ یا وہ جو چلنے لگے۔ ج ارشاء.
اَلرُّشْبَة: مغز سے خالی ناریل جس سے پانی نکالیں۔
اَلْمَرَاشِبُ: مٹی جس سے مٹکوں کا منہ بند کردیں۔
رَشَحَ (ف) رَشْحًا وَرَشَحَانًا وَاَرْشَحَ وَارْتَشَحَ. اَلْاِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔ رسنا.....اَلْجَسَدُ: بدن کا پسینہ والا ہونا وَرَشَحَ الظَّبْيُ: ہرن کا اچھلنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَرْشَحْ لَهٗ بِشَيْءٍ": اس نے اس کو کچھ نہیں دیا۔
رَشَحَتِ النَّاقَةُ وَلَدَهَا رَشْحًا وَاَرْشَحَتْهُ وَرَشَّحَتْهُ: اُونٹنی کا اپنے بچہ کی دم کی جڑ کو اپنے سر سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر کر جانا تاکہ بچہ اس سے لاحق رہے۔
صفت (رَاشِح مُرْشِح وَمُرَشِّح)
رَشَحَ: پسینہ سے تر ہونا۔
اَلسَّبَّتِيُّ: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَابَتٌ وسَبَاتِيٌّ: سو شمشیر بستہ۔

اَلسَّبَّاتَةُ: زبان دراز عورت۔

اَلْمُسْبُوْتُ: قادہ شخص جو مرض وغیرہ کی وجہ سے نہ حرکت کرے نہ آنکھیں کھولے۔

اَلْمَسْبُوْتُ: مفلج۔ میت یا بے ہوش مرمنڈا ہوا۔

تَسَبَّجَ: سیاہ کمبل اوڑھنا۔

اَلسُّبْجَةُ: کالا کمبل۔ ج سُبَجٌ: بغیر آستین کا کرتا۔

اَلسَّبَجُ: سیاہ مہرے۔

اَلسَّبَّاجُ: کالا کمبل بیچنے والا۔

ثَوْبٌ (مُسَبَّجٌ): چوڑا پٹڑا۔

سَبَخَ (ف بِسَبْخًا. اَلرَّجُلُ: اپنی معاش کے لئے تصرف کرنا۔ سونا اور آرام لینا..... دور تک نکل جانا..... عَنِ الْأَمْرِ: فارغ ہونا۔ فِي الْكَلَامِ: بہت بولنا..... فِي الْأَرْضِ: کھودنا

marfat.com
Marfat.com

وَ"قَطَّعْتُ بِهِمُ الْأَسْبَابُ": ان کی دوستیاں اور تعلقات ختم ہوگئے۔

اَلسَّبْبُ والسَّبِيْبَةُ: بالوں کا گچھا۔

..... سِبُّ الْفَرَسِ: گھوڑے کی دم کے بال۔ گھوڑی کی پیشانی کے بال۔ ابال۔ ج سُبَابٌ کہا جاتا ہے **"قَدْ عَقَدْنَا وُسُبَابَ خَيْلِهِمْ"** انہوں نے اپنے گھوڑوں کے دم کے بال میں گرہ لگائی۔

اَلسَّبِيْبُ: کتاں کا باریک کلڑا۔

اَلسَّبَّابُ: بہت گالی دینے والا۔ مؤنث **سَبَّابَةٌ**.

اَلْأُسْبُوْبَةُ: باعث گالی۔ کہا جاتا ہے **"بَيْنَهُمْ أُسْبُوْبَةٌ يَتَسَابُّوْنَ بِهَا"** ان کے درمیان گالی کا سبب ہے جس کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کو گالی دیتے ہیں۔

اَلسَّبَّابَةُ والسَّبَّاحَةُ: انگشت شہادت۔

سَبَا (ف) سَبْيًا وَسِبَاءً وَمَسْبَأً. **اَلْخَمْرَ**: شراب پینے کے لئے خریدنا۔

..... **اَلْجِلْدَ**: کھال اتارنا..... **اَلْجِلْدَ بِالنَّارِ**: کھال کو آگ میں جلانا۔

..... اَلرَّجُلَ: کوڑے مارنا۔ مصافحہ کرنا۔

..... اَلنَّارُ الْجِلْدَ: آگ کا کھال کو جلس دینا۔

أَسْبَأَ..... لِأَمْرِ اللّٰهِ: حکم الٰہی کے لئے جھک جانا۔

..... عَلَى الشَّرِّ: مطیع ہونا۔

اِنْسَبَأَ. الْجِلْدُ: کھال کا اُتر نا۔ پھیل جانا۔

اِسْتَبْأَ اِسْتِبْاءً. **اَلْخَمْرَ**: شراب کو پینے کے لئے خریدنا۔

اَلسَّبَا والسَّبِيْبَةُ: شراب۔

اَلسَّبَاءُ: بے فروش۔

اَلسَّبَاءُ: دور کا سفر۔

اَلسَّبِيُّ. مِنَ الْحَيَّةِ: سانپ کی کینچلی۔

اَلسَّبَبُ: پہاڑی راستہ۔ راستہ۔

سَبَتَ (ن ض) سَبْتًا: ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔ سبت منانا۔ آرام لینا..... **اَلشَّيْءَ**: کسی چیز کو کاٹنا..... **اَلرَّاعِيَ**: سر مونڈنا..... اَلرَّجُلُ: حیران ہونا۔ سر۔ **اَلشَّعَرَ**: بال لٹکانا

.....اَلْقَوْمُ: پھرنا اور زمین میں پھیلنا (.....سَبْحًا وَسِبَاحَةً. فِی الْمَاءِ وَبِالْمَاءِ): تیرنا اور بطور استعارہ کے گھوڑے کی رفتار اور سیارے کی چال کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے (.....سُبْحَانًا): سبحان اللہ کہنا۔

سَبَّحَ تَسْبِیْحًا: نماز پڑھنا۔ سبحان اللہ کہنا .....اللّٰہَ وَلِلّٰہِ: خدا کی پاکی بیان کرنا۔

اَسْبَحَةٌ: تیرانا۔

السَّبْحَةُ. سَبْحٌ کا اسم مرۃ۔ کھال کے کپڑے۔

السُّبْحَةُ: دعا۔ تم کہتے ہو "قَضَیْتُ سُبْحَتِیْ" میں نے اپنی دعا پوری کر لی۔ نفل نماز۔ تسبیح۔ سُبْحَةُ اللّٰہِ: اللہ تعالیٰ کا جلال۔ ج سُبَحٌ وسُبُحَاتٌ وسُبُحَاتُ وَجْهِ اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کے انوار یا وہ دلائل عظمت جن سے باری تعالیٰ کی تقدیس کی جائے۔

السُّبْحَةُ: روئی کا ٹکڑا۔

اَلسُّبْحَةُ: پتھر، لکڑی، پلاسٹک یا کسی دھات کے منکے جو کہ لڑی میں پروئے جاتے ہیں تاکہ ان سے اذکار گنے جائیں۔

سُبْحَانَ: مص۔ کہا جاتا ہے "سُبْحَانَ اللّٰہِ" یعنی میں اللہ تعالیٰ کی عیوب و نقائص سے پاکی بیان کرتا ہوں۔ "سُبْحَانَ مِنْ کَذَا" موقع تعجب کے لئے اور یہ اضافت کے معنی میں ہے۔ یعنی "سُبْحَانَ اللّٰہِ مِنْ کَذَا" کے معنی میں۔ و "اَنْتَ اَعْلَمُ بِمَا فِیْ سُبْحَانِکَ" یعنی جو کچھ تیرے نفس میں ہے اس کا تو زیادہ جاننے والا ہے۔

اَلتَّسْبِحَةُ: مص۔ تسبیح کے کلمات۔ ج تَسَابِیْحُ.

السَّابِحُ: فا۔ ج سَابِحُوْنَ وسُبَّاحٌ وسُبَّحَاءُ: مؤنث سَابِحَةٌ ج سَابِحَاتٌ وسَوَابِحُ. والسَّابِحُ مِنَ الْخَیْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ السَّوَابِحُ: تیز رفتار گھوڑے۔ السَّابِحَاتُ: کشتیاں۔ ستارے یا مؤمنین کی ارواح جو آسانی سے قبض کی جاتی ہیں یا فرشتے جو آسمان و زمین کے درمیان تسبیح کرتے رہتے ہیں۔

السَّبَّاحُ. سَابِحٌ: کا مبالغہ۔ بڑا تیراک۔ ج سَبَّاحُوْنَ.

السَّبُّوْحُ: تیراک ج سُبَّحَاءُ. فَرَسٌ سَبُّوْحٌ: تیز رفتار گھوڑا جو اپنی رفتار میں اِدھر اُدھر نہ ہوتا ہو۔

السُّبُّوْحُ والسَّبُّوْحُ: باری تعالیٰ کی صفات میں سے ہے۔ اس لئے کہ اس کی تسبیح کی جاتی ہے۔

ثَوْبٌ (مُسَبَّحٌ): مضبوط کپڑا۔

اَلْمُسَبِّحَةُ والسَّبَّاحَةُ: انگشت شہادت۔

اَلْمُسَبَّحَةُ. عِنْدَ الْعَامَّةِ: عوام کے نزدیک بمعنی نفل نماز۔ تسبیح یا تسلی۔

سَبْحَلَ سَبْحَلَةً: سبحان اللہ کہنا۔

اَلسِّبَحْلُ: موٹا۔ جَارِیَةٌ سِبَحْلَةٌ موٹی لمبی لڑکی۔

سُبْحَنَ: سبحان اللہ کہنا۔

سَبِخَ (ن) سَبْخًا: گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا۔ دور ہونا۔

سَبِخَ (س) سَبَخًا. اَلْمَکَانُ: شورے والی ہونا۔ صفت (سَبِخٌ)

سَبَّخَ. عَنْهُ: ہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ سَبِّخْ عَنِّیَ الْحُمّٰی اَوِ الشِّدَّةَ" اے اللہ مجھ سے بخار یا سختی کو ہلکا کر دے..... الْحَرَّ: ٹھنڈا کرنا..... اَلْقُطْنَ وَنَحْوَهُ: روئی وغیرہ..... اَلرَّجُلُ: گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا..... اَلْعِرْقُ: رگ کا ساکن ہونا..... اَلْحَرُّ: گرمی کا کم ہو جانا۔

اَسْبَخَ. فِی الْحَفْرِ: کھودنے میں زمینی شور تک پہنچنا۔ اَلْمَکَانُ: زمین شور والی ہونا۔

تَسَبَّخَ. اَلْحَرُّ وَالْغَضَبُ: گرمی یا غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

اَرْضٌ (سَبْخَةٌ) ج سِبَاخٌ (وسَبِخَةٌ): ج سَبَخَاتٌ: زمین شور۔

اَلسَّبْخَةُ والسَّبِخَةُ: نمکین و دلدلی زمین۔ کائی کی مانند جو پانی کے اوپر تہہ جائے۔ ج سِبَاخٌ.

اَلسِّبَاخُ. مِنَ الْاَرْضِ: ویران کھیت جو جوتا نہ گیا ہو۔

اَلسُّبَیْخُ: روئی کا پھایا یا بکھرے ہوئے پر وغیرہ۔

اَلسُّبَیْخَةُ: دھنکی ہوئی روئی کا گالا۔ ج سَبَائِخُ: تم کہتے ہو۔ "طَارَتْ سَبَائِخُ الْقُطْنِ" روئی کے گالے اُڑے۔

سَبَدَ (ن) سَبْدًا. اَلشَّعْرَ: بال مونڈنا۔ شَارِبَهُ: مونچھوں کا بڑھ کر ہونٹوں کو گھیر لینا۔

سَبَدَ الشَّعْرُ: بال کا مونڈنے کے بعد نکلنا..... اَلْفَرْخُ: چوزے کے پر نکلنا اور سخت ہونا..... اَلرَّحْلُ: سر میں تیل نہ لگانا۔

.....رَأْسَهُ: سر میں کنگھی کرنا اور تر کرنا پھر چھوڑ دینا۔

.....شَعْرَهُ: بال کو جڑ سے مونڈنا..... اَلْعُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اُگنا۔

اَسْبَدَ. اَلشَّعْرَ: بال مونڈنا..... اَلْعُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اُگنا۔

اَلسَّبَدُ: بھیڑیا۔ مصیبت۔ ج اَسْبَاد.

اَلْاَسْبَادُ: کالے کپڑے۔ سَادُ الْعُشْبِ: گھاس کا سرا ابتدائی روئیدگی کے وقت اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ سَدِّ مِنَ الْاَسْبَادِ" وہ چوری میں بڑا ہوشیار ہے۔

اَلسَّبَدُ: کم بال۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ تو بال ہیں نہ اُون یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

اَلسَّبَدُ: سبز گھاس کا بقیہ۔

اَلسُّبَدُ: چھوٹا جس سے حوض کی نالی بند کی جائے۔ بدبختی۔ ج سِبْدَان: ایک قسم کا پرندہ جس کے پر دھاری دار ہوتے ہیں اور اس کا منہ کشادہ اور سر و چونچ چوڑی ہوتی ہے۔

اَلسَّبَدُ والسُّبْدَةُ: پیڑو۔

اَلسَّبَنْدَی: لمبا۔ دلیر۔ چیتا (الف الحاق کے لئے ہے تانیث کے لئے نہیں) ج سَبَانِد.

وسَبَانِدَةٌ. اَلسَّبَانِدَةُ: کھیل کود میں رہنے والے لوگ۔

marfat.com
Marfat.com

بَسَرَ (ن ض) **بَسْرًا وَاَبْسَرَ وَابْسَرَ**. الجَرْحَ او البِئْرَ او الْمَاءَ: گہرائی کی آزمائش کرنا۔

الْاَمْر: تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ مُقَارَبَةٌ لَا تُبْسَرُ": اس بیابان کی وسعت کا اندازہ معلوم نہیں۔

البَسْر: مص۔ ثمر (.....والبُسْر) اصل۔ رنگ۔ جمال۔ ہیئت۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ الْبِسْرِ وَالْبُسْرِ" جبکہ اچھی ہیئت والا اور جمیل ہو۔ "وَرَائِقُهٗ بَسِيٌّ الْبُسْرِ" جبکہ لاغر اور رنگ بدلا ہوا ہو۔ وَقَدْ غَلَبَ عَلَيْهِ بَسْرُ فُلَانٍ" اس پر فلاں کی مشابہت غالب ہے۔ **البُسْر**: دوسری۔ ج بُسُر۔ ج اَبْسَار۔

البُسْرَة: ٹھٹھری صبح۔ ج بُسَرَات۔

البُسْر وَالبُسْرَة: ایک شکاری پرندہ۔

البِسَار ج بُسُر (البِسْتر والبِسْتَار) ج مَبَاسِر وَمَبَاسِيْر: زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔ **البِسَاد**: افریقہ کے جنگلوں کا ایک درندہ جو جوکو کے مشابہ ہوتا ہے۔

البَابُورَة: مٹی کا ذخیرہ اٹھانے کے لئے ٹوکرا۔

البَابَارَة: ایک قسم کا جہاز۔

البَابِرِي: بابور کی جانب منسوب۔ کھجور۔ باریک بنی ہوئی مضبوط زرہ۔

البُبُوزَة: سلیٹ۔ بلیک بورڈ۔

المُبَسِّر: ہیئت وحسن وجمال۔ کہا جاتا ہے "حَدِيثٌ مُبَسَّرَةٌ وَمَخْبَرَةٌ"۔

المِبْسَار: زخم کی گہرائی معلوم کرنے والا۔ ج مَبَاسِير۔

مَبْسَرَة. **الجَرْح**: زخم کی گہرائی۔

المِبْسَرَة: آزمائش۔

المَبْسُوْر: مفع۔ اچھی ہیئت والا۔

مَبْرَك. **الرَّجُل**: قامت کوتاہ۔

البُسْرُت وَالبُسْرُوْت وَالبِسْرِيْت وَالبِسْرَات: مسکین محتاج۔ ج بَسَارِيْت وَبَسَارِ. **البُسْرُوْت**: کھجوری چیز۔ امرلڑکا۔

البُسْرُوْت مِنَ الْاَرْضِ: چٹیل بیابان۔

الْمَبْسُوْت: وہ شخص جس کے بال نہ ہوں۔

بَسَبَ. **الْمَاءَ**: پانی بہانا..... **الرَّجُلُ**: نرم و آہستہ چلنا۔ بُری گالی دینا۔

تَبَسْبَبَ. **الْمَاءُ**: پانی بہنا۔

التَّبَسْبُب: بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔ ج تَبَاسِب اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ تَبَاسِبُ او تَبَاسِبُ" بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔

بَسَطَ (س) **بَسْطًا وَبَسَطَا وَبُسُوْطًا وَبَسْطَةً وَمَبْسُوْطَةً وَمَبَاسَطَةً**.

الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔

بَسُطَ (ک) **بَسَاطَةً**. **المَطَرُ**: بہت بارش ہونا اور دور تک ہونا۔

بَسِطَ بَسَطًا: بخار ہونا۔

بَسُطَتِ. **النَّاقَةُ وَالفَتَاةُ**: اونٹنی یا بھیڑ کا نام بچہ کر دینا۔ صفت (مَبْسَط)

اَبْسَطَ: خوف کی وجہ سے چپ رہنا۔ کمزور ہونا۔ گر کر بے حس و حرکت ہونا..... **بِالْاَرْضِ**: چٹنا..... **فِيْ نَوْمِهٖ**: نیند میں آنکھیں بند کرنا..... **عَنِ الْاَمْرِ**: غفلت کرنا۔

البُسْط: اولاد کی اولاد۔ اس کا اطلاق اکثر نواسوں پر ہوتا ہے۔ جیسے عبید کا اطلاق یونس پر..... **مِنَ الْيَهُوْدِ**: یہ لفظ یہودیوں کے لئے ایسے ہی مستعمل ہے جیسے عرب کے لئے قبیلہ کا لفظ۔ ج اَبْسَاط۔

السَّبْط وَالسِّبْط. **مِنَ الشَّعْرِ**: سیدھے بال۔ **السَّبْط مِنَ الْمَطَرِ**: کثرت بارش۔ ج بِسَاط۔ کہا جاتا ہے "هُمْ سَبْطُ الْيَدَيْنِ اَوْ سَبْطُ الْبَنَانِ" یعنی وہ فیاض و کریم ہے۔ و"سَبْطُ الْجِسْمِ" سمرہ قد و قامت والا۔

السَّبَط: تر و تازہ لمبی گھاس۔ چینا کی مانند ایک پودہ۔ واحد (السَّبَطَة) **شَعْرٌ سَبْط**: سیدھے بال۔ **السَّبَط**: درخت جس کی ڈالیاں بہت ہوں اور جڑ ایک ہو۔

سَبَاط: بروزن قطام کھنی بکثرت۔

سَبَاط: ایک ترکی مہینہ مطابق مارچ فروری۔ اس کو شباط بھی کہتے ہیں (اور یہ منصرف اور غیر منصرف دونوں ہے۔)

السَّبَاطَة: بال جو گھی کرنے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا خانہ۔

الشَّابُوْط: ایک سمندری جانور۔

السَّبَاط: چھت جو دو مکانوں کے درمیانی راستہ پر ہو۔ ج سَوَابِط وَسَبَاطَات۔

السَّبَّانَة: نے۔ جس میں گولی ڈال کر پرندہ کو مارتے ہیں۔

اِسْبَطَرَّ اِسْبِطْرَارًا: دراز ہو کر لیٹنا۔

اِسْبَطَرَّتِ الْاِبِلُ: تیز چلنا..... **لَهُ الْبِلَادُ**: کسی کے لئے ممالک و بلاد کا درست ہونا۔

البَسْبَطَر: تیز خاطر و چالاک۔ لمبا۔ اَسَدٌ بَسْبَطٌ: حملہ کرنے کے وقت دراز ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "جِمَالٌ بَسْبَطَرَاتٌ" لمبے ہوئے اونٹ (اس میں تا تانیث کی نہیں بلکہ ایسی ہی ہے جیسے "عَمَّامَاتٌ اور جَمَالَاتٌ: ذکر کی جمع میں۔)

السُّبَاطِير وَالسَّبَطْر: لمبا مرد۔

البَسْبَرَى: تکبرانہ چال۔

سَبَعَ (ف ن) **سَبْعًا**. **القَوْمُ**: ساتواں ہونا۔ مال کا ساتواں حصہ لینا..... **الحَبْلَ**: سات لڑی کی رسّی بنانا۔ **الشَّيْءَ**: سات بنانا..... **الرَّجُلَ**: غیبت کرنا۔ گالی دینا..... **الشَّيْءَ**: چرانا۔ **اَلذِّئْبُ الْغَنَمَ**: بھیڑیے کا بکری کو پھاڑنا۔

سُبِعَتِ. **الوَحْشِيَّةُ**: درندے کا پنجے کو کھا جانا۔ صفت (مَسْبُوْعَة)

سَبَّعَهٗ: سات بنانا یا سات گوشت کا بنانا۔

الْاِسْبَاعُ: برتن کو سات مرتبہ دھونا..... **لَهٗ لَكَ**: سات مرتبہ یا سات گنا دینا یا سات اولا دینا..... **المَرْأَةُ**: عورت کا ساتویں مہینے بچہ جننا..... **القَوْمُ**: پورے سات سو ہونا۔

سَابَعَهٗ مُسَابَعَةً وَسِبَاعًا: گالی گلوچ کرنا۔

اَسْبَعَ. **القَوْمُ**: سات ہونا..... **المَرْعَى**: چرواہے کے جانوروں میں درندہ کا آپڑنا..... **الشَّيْءُ**: سات بنانا..... **المَكَانُ**: بہت

marfat.com
Marfat.com

درندوں والی ہونا.....ہ: درندے کا گوشت کھلانا.....الرَّجُلُ: گھاٹ پر ساتویں دن جانے والے اونٹوں کا مالک ہونا۔ ایسے اونٹوں کو (سَوَابِغ) کہتے ہیں۔
اِسْتَبَعَ. الشَّیْءَ: کسی چیز کو چرانا.....الغَنَمَ: بکری کو پھاڑنا.....القَوْمُ: سات ہونا۔
السَّابِع: فا۔ ساتواں۔ ج سَبَعَةٌ و سَابِعُوْنَ.
سَبْعَة: سات۔ مؤنث۔ سَبْع.
السَّبْع. سَبْعَة: کا مؤنث۔ یَوْمُ السَّبْع: قیامت کا دن۔ السَّبْعُ المَثَانِی: سورۂ فاتحہ یا پہلی سات سورتیں۔ کہا جاتا ہے "طَافَ بِالْبَیْتِ سَبْعًا" اس نے بیت کا سات مرتبہ طواف کیا۔
السَّبُع والسَّبُع والسَّبَع: درندہ۔ ج اَسْبُع وسِبَاع وسُبُوع وسُبُوعَة: مؤنث سَبُعَة وسَبْعَة. السَّبُع مِنَ الطَّیْرِ: شکاری پرندہ۔
السُّبْع: ساتواں حصہ۔ ج اَسْبَاع. وحُمِّیُ السُّبْع: ساتویں روز کی باری کا بخار۔
السِّبْع: اُونٹوں کا ساتویں دن گھاٹ پر آنا۔
السُّبَاعِیّ: سات گوشے والا۔ سات حروف والا لفظ۔ بڑا اونٹ۔ سُبَاعِیُّ البَدَنِ: پورے قد و قامت والا۔ مَوْلُوْدٌ سُبَاعِیٌّ: ساتویں مہینے پیدا ہونے والا بچہ۔
السَّبْعُوْنَ. مِنَ العَدَدِ: ستر (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)
السَّبِیْع: ساتواں حصہ۔
الاُسْبُوْع: ہفتہ۔ ج اَسَابِیع اَرْضٌ (مَسْبَعَة): بہت درندوں والی زمین۔
المُسْبِع: ساتویں مہینے پیدا شدہ بچہ۔ وہ بچہ جس کی ماں مرگئی ہو اور کوئی دوسری عورت دودھ پلائے۔ منہ بولا بیٹا۔
المَسْبُوْع: درندہ سے خائف۔
سَبَغَ (ن) سُبُوْغًا. العَیْشُ: زندگی کا وسیع و فراخ ہونا.....الثَّوْبُ: کپڑے کا زمین تک لمبا ہونا.....الشَّیْءُ: پورا ہونا.....اِلٰی وَطَنِهٖ: مائل ہونا.....المَطَرُ: بارش کا زمین سے قریب ہونا۔
اِسْبَغَ. اللّٰهُ عَلَیْهِ النِّعْمَةَ: نعمت کا کامل کرنا' پوری کرنا.....الثَّوْبَ: کپڑے کا لمبا و کشادہ کرنا.....الرَّجُلُ: پوری زرہ پہننا.....لَهُ النَّفَقَةَ: کسی کے لئے کشادگی سے خرچ کرنا اور تمام ضروریات پوری کرنا۔
السَّابِغ. فا. دِرْعٌ سَابِغَةٌ: پوری زرہ۔ ج سَوَابِغ. ذَنَبٌ سَابِغٌ: لمبی دم۔ سَابِغُ الاَلْیَتَیْنِ: بڑے چوتڑوں والا۔
السَّبْغَة: آسودگی۔ وسعت۔
التَّسْبِیْغ: علم عروض والوں کے نزدیک فاعلاتن کے آخر میں حرف ساکن زائد کرنا مقطوع رمل: کی قسم میں وہ فاعلاتان: ہو جاتا ہے۔
التَّسْبِیْغ والتَّسْبِغَة خود کا وہ حصہ جو زرہ کی کڑیوں سے مل کر گردن کو چھپاتا ہے۔ ج تَسَابِیغ (دونوں لفظ فتحہ با سے بھی ہیں۔)
سَبْغَل. اِسْبَغْلَلَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پانی سے تر ہونا.....الشَّعْرُ: بالوں کا تیل سے تر ہونا۔
المَسْبَغِلّ: فراخ و دراز۔
سَبَقَهٗ (ن ض) سَبْقًا. اِلٰی کَذَا: آگے بڑھ جانا.....هٗ عَلٰی کَذَا: غالب ہونا۔ سَبَقَ عَلٰی قَوْمِهٖ: قوم سے بخشش و کرم میں بڑھ جانا۔ صفت (سَابِق) ج سَابِقُوْن وسُبَّاق.
سَبَّقَهٗ: شرط لینا یا دینا.....الشَّاةُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا.....الطَّیْرَ: پرندہ کے پیر میں بندھن ڈالنا۔ سَبَّقَ البَدْرَةَ بَیْنَ الشُّعَرَاءِ: دس ہزار کی تھیلی شعراء کے درمیان رکھنا تا کہ جو غالب ہو وہ لے لے۔
اَسْبَقَ. القَوْمُ اِلَی الاَمْرِ: سبقت کرنا۔
سَابَقَهٗ مُسَابَقَةً: آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَابَقْتُ بَیْنَ الخَیْلِ" میں نے گھڑ دوڑ میں مقابلہ کرایا۔
تَسَابَقَ واسْتَبَقَ. القَوْمُ: ایک دوسرے پر آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ اِسْتَبَقَا البَابَ اوالَی البَابِ: دونوں نے دروازے کی طرف آگے بڑھنے کی کوشش کی۔ اِسْتَبَقَا العِبْرَاطَ: دونوں آگے بڑھ گئے اور راستہ کو چھوڑ دیا۔ یہاں تک کہ گمراہ ہو گئے۔
السَّبَق. ج اَسْبَاق و (السُّبْقَة): شرط جو آگے بڑھنے پر رکھی جاتی ہے۔
کہا جاتا ہے هُمَا (سِبَقَانِ): وہ دونوں ایک دوسرے پر سبقت کرنے والے ہیں۔
السَّابِق. فا۔ گھڑ دوڑ کے میدان کا پہلا گھوڑا۔ اس کو محلی بھی کہا جاتا ہے بقیہ گھوڑوں کے نام ترتیب وار یہ ہیں۔ المُصَلِّی. المُسَلِّی. التَّالِی المُرْتَاح. العَاطِف. الخَطِیّ. المُؤَمِّل. اللَّطِیم. السُّکَیْت. ج سَابِقُوْن وسُبَّاق اور کبھی اس کو اسم قرار دے کر سَوَابِق: جمع لاتے ہیں۔ جیسے خَاتِم و خَوَاتِم.
السَّابِقَة. السَّابِق: کا مؤنث۔ اوّلیت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ سَابِقَةٌ فِیْ هٰذَا الاَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اوّلیت حاصل ہے۔ ج سَوَابِق وسَابِقَات. السَّوَابِق: گھوڑے۔
السَّبَّاق: بہت آگے بڑھنے والا۔
السِّبَاق: مص۔ پائے بند۔ بندش۔ سِبَاق الخَیْلِ: گھڑ دوڑ۔
السَّبُوْق والمُسَبَّق. مِنَ الخَیْلِ: آگے بڑھنے والا گھوڑا۔
سَبَكَ (ن ض) سَبْكًا وسَبَّكَ. الفِضَّة: پگھلا کر سانچہ میں ڈھالنا.....الکَلَام: کلام کو حشو و زوائد سے پاک کر کے عمدہ بنانا۔ سَبَّكَتْهُ التَّجَارِبُ: مہذب بنانا۔
اِنْسَبَكَ. الذَّهَبُ ونَحْوُهٗ: پگھلنا۔ ڈھلنا۔
السَّبِیْک: پگھلا ہوا۔ میل کچیل سے صاف کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "تِبْرٌ سَبِیْک".
السَّبِیْكَة: چاندی وغیرہ کا ڈلا جو پگھلا کر سانچہ میں ڈھالا گیا ہو۔ ج سَبَائِک.
المَسْبَک: پگھلانے اور ڈھالنے کی جگہ۔ ج مَسَابِک.
اِسْبَكَرَّ: دراز ہو کر لیٹنا.....الاَمَةُ حملہ کے وقت دراز ہونا۔ اِسْبَكَرَّتِ الجَارِیَةُ:

marfat.com
Marfat.com

پورے قد والی ہونا۔

سَبَلَ (ن) سَبْلاً: بخالی دینا۔

سَبْل۔ المَال: اللہ کی راہ میں خیرات کرنا

.....الشَّیْ: مباح کرنا..... السِّبْر: پردہ لٹکانا۔

اَسْبَلَ۔ السِّتر: پردہ لٹکانا..... الدَّمْعَ: آنسو بہانا..... المَاءَ: پانی گرانا..... الطَّرِیْقَ: بہت آمد ورفت والا ہونا..... السَّمَاءُ: برسنا..... الدَّمْعُ اَوالمَطَر: بکثرت آنسو بہانا یا بکثرت بارش ہونا..... الزَّرْعُ: خوشہ نکلنا۔

عَلٰی فُلَانٍ: کسی کے خلاف بہت گفتگو کرنا۔

السَّبَلُ: بارش جو ابھی زمین تک نہ پہنچی ہو۔

آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ پر پردہ ہو جاتا ہے۔ بہنے والی بارش یا خون۔ خوشہ۔ ناک۔ اَسْبَلَ الدَّمْعُ اوالمَطَرُ کا اسم۔ کہا جاتا ہے "سَبَلٌ مِنْ دِمَاغٍ" نیزوں کی مجموعہ خواہ کم ہو یا زیادہ "ثِیَابٌ سُبَلٌ" لٹکائے ہوئے کپڑے۔

السَّبَلَة: مونچھ کے بال۔ اوپر کے لب کے درمیان کا دائرہ۔ داڑھی کا اگلا حصہ۔ ج سُبَال (.....) السُّبُوْلَة والسَّبُوْلَة: خوشہ۔ کہا جاتا ہے "تَلَا الإِنَاءَ اِلٰی سَبَلَتِہٖ" اس نے برتن کو کنارہ تک بھر دیا۔ و "خَرَّ سَبَلَتَہ" اس نے تکبر سے اپنے کپڑے کھینچے۔ و "بَیْنَ خَرْقِ السَّبَلَة" باریک کھال والا اونٹ۔ و "جَاءَ وَقَدْ نَفَرَ سَبَلَہ" وہ ہمکی دیتا ہوا آیا۔

السَّبِیْل راستہ یا واضح راستہ (مذکر و مؤنث) ج سُبُل وسُبُل واَسْبُلَة وسُبُوْل ابْنُ السَّبِیْل: مسافر۔ سَبِیْلُ اللّٰہ: جہاد۔ طلب علم۔ ج۔ امور خیر جن کا اللہ نے حکم دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَکَ عَلَیَّ سَبِیْل" تم کو میرے اوپر مواخذہ کا کوئی حق نہیں۔ و "لَیْسَ عَلَیَّ فِی ھٰذَا سَبِیْل" میرے اوپر اس میں کوئی مواخذہ نہیں اور مولدین کہتے ہیں "مَا عَلَی المُحْسِنِ سَبِیْل" محسن پر کوئی معارضہ نہیں۔ و سَبِیْلُہٗ

اَنْ نَفْعَلَ کَذَا" یعنی ہم اس کام کے لائق ہیں۔

السَّبِیْلَة: راستہ یا واضح راستہ۔

السَّابِلَة: رہ چلتا راستہ۔ کہا جاتا ہے "سَبِیْلٌ سَابِلَةٌ: راستہ پر گزرنے والے لوگ۔ ج سَوَابِل۔

عَیْنٌ (سَبْلَاءُ) لمبے پلکوں والی آنکھ۔ اِمْرَاَةٌ سَبْلَاءُ: موٹی مونچھوں والی عورت۔

السَّبَلَانِ: بھی مونچھوں والا۔

المُسْبِل: گھوڑے جو ٹخنوں میں سے پانچواں یا چھٹا تیز۔ ماہ ذی الحجہ۔

اَسْبَلَت۔ المَرْاَةُ: ہمیشہ سیاہ تہ بند باندھنا۔

السَّبِیْبَة: عورتوں کا سیاہ تہ بند۔

السَّبْتُ والسَّبِیْتَة: عرصہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَہٗ سَبْتًا" اس کے پاس میں نے عرصہ تک اقامت کی۔

السَّبَّاق: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَابَة وسَبَابَات۔

السَّبَّاق: دلیر۔ جنگ میں پیش قدمی کرنے والا۔ ج سَبَابَة۔

سُبِہَ سَبَهًا وسَبَهًا فَسَبِهَا: بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت اَسْبَہُ وَسَبْہَاء

اَلسَّبَہ: بڑھاپے کی وجہ سے زوال عقل۔

رَجُلٌ (سَبَہٌ وسَبَاہٌ): مغرور مرد۔

السَّبَاہ: سکتہ۔ زوال عقل۔

رَجُلٌ (سَبَاہِیٌ): بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل شدہ مرد۔

اَلسَّبَّہ: فصیح زبان والا۔

سَہْلَل۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الرَّجُلُ سَہْلَلًا" مرد بغیر ہتھیار اور زرہ کے آیا۔ یعنی لڑنے کے لیے یا بغیر کسی کام کے آیا۔ و "ھُوَ یَمْشِی سَہْلَلًا" وہ بے کار آتا جاتا ہے۔

سَبَی یَسْبِی سَبْیًا وسِبَاءً۔ العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا۔ الخَمْرَ: جام میں ڈال کر بیچنا۔ ج سَبَایَا۔

العَسَلَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا..... الحَجَرَ المَاءَ: پانی تک کھودنا.....فُلَانًا: کسی کو اپنی محبت میں قید کرنا۔

اِسْتَبَی اِسْتِبَاءً۔ العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا..... قَلْبَ فُلَانٍ: کسی کے دل کو اپنی محبت میں قید کرنا..... الخَمْرَ: شراب ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا۔

تَسَابَی۔ القَوْمُ: بعض کا بعض کو قید کرنا۔

تَسَبَّی۔ فُلَانٌ لِفُلَانٍ: کسی کا کسی سے اظہار محبت کرنا اور اپنی طرف مائل کرنا۔

السَّبْیُ: مص۔ قیدی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ وَا بِسَبْیٍ کَثِیْرٍ" عموماً اسیر کا لفظ مردوں کے لئے اور سَبْیٌ کا اطلاق عورتوں پر ہوتا ہے۔

سَبِیَّة۔ وسَبِیُّ الخَمْرِ: شراب کی کنجی جس کو چھیڑ دے۔

السَّبِیُّ: قیدی مرد۔ قیدی عورت۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَبِیٌّ وجَارِیَةٌ سَبِیَّة" ج سَبَایَا

سَبِیُّ الخَمْرِ: شراب کی کنجی جس کو چھیڑ دے۔

السَّبِیَّة: قیدی عورت۔ ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجی ہوئی شراب۔ مونی جس کو خوط خور نکالے۔

السَّبِیُّ والسِّبَاء: لکڑی جس کو سیلاب ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے۔

ج سَوَابِیُ۔ السَّابِیَا: جنگلی چوہے کی سوراخ کی مٹی۔

السَّتْ: عیب۔ بُری گفتگو۔

السِّتَّة: چھ۔ ذکر کے لئے مستعمل ہے اور مؤنث کے لئے سِتٌّ۔

السَّات: ہلاکت۔

السِّتُّوْن: سالم (مذکر و مؤنث)

السَّتَب: ایک قسم کی تیز چال۔

سَتَرَ (ض ن) سَتْرًا وسُتُوْرًا۔ الشَّیْ: کسی چیز کو چھپانا۔ ڈھانکنا

سَاتَرَہٗ مُسَاتَرَةً۔ العَدَاوَةَ: کھلی دشمنی کرنا۔

تَسَتَّرَ واسْتَتَرَ۔ بِالشَّیْءِ: چھپانا۔ ڈھک جانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا یَسْتَتِرُ مِنَ اللّٰہِ

marfat.com
Marfat.com

سَجَحَ (س) سَجْحًا وسَجَاحَةً: اعتدال کے ساتھ طول ہونا۔ کم گوشت والا ہونا ..... الخَدُّ: رخسار کا ملائم ہونا..... خُلُقُہ: اخلاق کا نرم ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِیْ عَقْلِہٖ زَجَاجَۃٌ وَفِیْ خُلُقِہٖ سَجَاحَۃٌ" اس کی عقل میں پختگی اور اخلاق میں نرمی ہے۔

اَسْجَحَ. الوَالِیْ: معاف کرنا..... الرَّجُلُ: نرم اور لطافت آمیز گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِذَا سَاَلْتَ فَاَسْجِحْ" یعنی جب تم سوال کرو تو نرم الفاظ بولو۔

اِنْسَجَحَ. لَہٗ بِکَذَا: سخاوت وجواں مردی کیا جانا۔

السُّجُحُ: نرم آسان۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُجُحٌ" نرم اخلاق کا مرد۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ عَلٰی سُجُحٍ وَاحِدٍ" ان کے مکانات ایک اندازہ کے ہیں (..... والسُّجُح) راستہ کا درمیانی حصہ۔

السَّجِیْحُ: نرم وآسان۔

السَّجْحَۃ والسَّجِیْحَۃ: عادت۔ فطرت۔ طبیعت۔ السَّجِیْحَۃ: اندازہ..... کہا جاتا ہے "رَکِبَ سَجِیْحَۃَ رَاْیِہٖ" اس نے ایک رائے کو اپنے لئے پسند کیا اور اس پر چل پڑا۔

الاَسْجَح: خوبصورت متناسب اعضاء والا۔ مؤنث سَجْحَاء. ج سُجْح.

سَجَاح: بروزن قطام۔ نام ایک عورت کا جس نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد خلافت میں دعوئے نبوت کیا تھا۔

السِّجَاح: سامنے۔ کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ سِجَاحَ وَجْہِہٖ" میں اس کے منہ کے سامنے بیٹھا۔

السُّجَاح: فضائے آسمانی۔

المَسْجُوْح والمَسْجُوْحَۃ: عادت۔

سَجَدَ (ن) سُجُوْدًا: فروتنی سے جھکنا۔ عبادت کے لئے زمین پر پیشانی کو رکھنا۔ صفت مذکر (سَاجِد) ج سُجَّدٌ وسُجُوْد و صفت مؤنث (سَاجِدَۃٌ) ج سَاجِدَات وسَوَاجِد.

صفت (سَائِل)

سَطَلَہٗ (س) سَطْلًا وسَاْلَۃً: پیروی کرنا۔

السَّعْل: مص۔ عقاب یا ایک قسم کا پرندہ جو عقاب یا گدھ کے مشابہ ہوتا ہے۔ ج سِعْلَان وسِعْلَان.

السُّئَالَۃ: ردی چیز۔

السَّلْسَل: تنگ راستہ۔ ج سَلَاسِل.

اَسْنَتَ. الرَّجُلُ فِی السَّنَۃِ: قحط سالی میں پڑنا۔

الاَسْنَن والاَسْنَان: بوسیدہ درخت کی جڑیں۔

الاِسْتَانَہ: شہر قسطنطنیہ۔

سَنَہَ (ف) سَنْہًا. الرَّجُلَ: پیچھے لگنا۔ چوتڑ پر مارنا۔

السَّنَہ والسِّنَہ والسَّنَہ: سرین۔ ج اسناہ.

الاَسْنَہ والسُّنَاھِیّ: بڑی سرین والا۔ ج سُنْہ وسُنْھَان وسَنَاھِیّ. مؤنث سَنْھَاء.

سَنَا (ن) سَنْوًا: جلدی کرنا۔

اَسْنٰی وسَنّٰی. الثَّوْبَ: کپڑا بننے کے لئے تانے کو پھیلانا۔

السَّنَا: تانا۔ بھلائی۔ کہا جاتا ہے "نَالَ مِنْہُ سَنًا" اس نے اس سے بھلائی حاصل کی۔

الْاَسْنِیّ: تانا تانا ہوا کپڑا۔

سَنَاۃ. الثَّوْب: کپڑے کا تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ لُحْمَۃٌ وَلَا سَنَاۃٌ" نہ تو تو بانا ہے اور نہ تانا۔ یعنی نہ تو تو نافع ہے نہ نقصان رساں۔

سَجَّ (ن) سَجًّا: پتلا پتلا پاخانہ کرنا۔

الحَائِطَہ: دیوار لیپنا۔

السَّجَّۃ والسَّجَاج: بہت پانی والا دودھ۔

السُّجُج: لمبی ہوئی چھتیں۔ پاک نفوس۔

السَّمْسَجَۃ: لکڑی کا ایک اوزار جو لپائی کے کام آتا ہے۔

السَّجْب: پرانی مشک۔ ج سُجُب. سِقَاءٌ (صَاجِبٌ): خشک مشک۔ ج سَوَاجِبُ.

سَجَحَتْ (ف) سَجْحًا. الحَمَامَۃُ: کبوتر کا کوکو کرنا (..... وسَجَّحَ) لَہٗ بِکَلَامٍ: تعریض کرنا۔ اشارہ کنایہ سے بات کرنا۔

بِسَتْرٍ "یعنی وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا نہیں۔

السِّتْر: پردہ۔ خوف۔ حیاء۔ ج سُتُوْر وسُتُوْر: کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ سِتْرٌ وَلَا حِجْرٌ" یعنی اسے حیا وعقل نہیں۔ و"ھَتَکَ اللّٰہُ سِتْرَہٗ" اللہ نے اس کے پردہ کو پھاڑ دیا۔ یعنی اس کی برائیاں ظاہر کر دیں۔

السَّتْر: مص۔ ڈھال۔

السِّتَار: پردہ۔ ج ستر: کہا جاتا ہے "مَدَّ اللَّیْلُ سِتَارَہٗ" رات نے اپنے پردہ کو پھیلا دیا۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السُّتْرَۃ: ج سُتَر و(السِّتَارَۃ) ج سَتَائِر: پردہ۔ سُتْرَۃُ السَّطْحِ: چھت پر پردہ کی دیوار۔

السَّتِیْر: چھپا ہوا۔ پاکدامن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَتِیْرٌ وَامْرَاَۃٌ سَتِیْرَۃٌ" ج سُتَرَاءُ: مثل فُعَلَاءَ وشُھَدَا. وشَجَرٌ سَتِیْرٌ: بہت ڈالیوں والا درخت۔

السِّتْر: مفع۔ پاک دامن۔ ج سُتُوْرُوْن وسَتَائِر.

السَّتَّار. سَتِّیْر: کا مبالغہ اور یہ صفات باری تعالیٰ میں سے ہے۔

الاِسْتَار. مِنَ العَدَدِ: چار..... فِی الوَزْنِ: چار حرفی مثال۔ ج اَسَاتِیْر وأَسَاتِیْر.

المِسْتَر والاِسْتَارَۃ: پردہ۔

المُسْتَر: مفع۔ جَارِیَۃٌ مُسْتَرَۃٌ: پردہ نشین لڑکی۔

المِسْتَع والمُسْتَتِع: چست وچالاک اور بہت کارگزار مرد۔

السُّتُوْق والسُّتُوْق: کھوٹا درہم جس پر چاندی کا ملمع ہو۔

المُسْتُقَۃ والمُسْتَقَۃ: لمبے آستین کی پوستین۔ چغہ وغیرہ بجانے کا آلہ۔

سَتَلَ (ن) سَتْلًا وتَسَاتَلَ والْتَتَلَ واسْتَتَلَ. القَوْمُ: پے در پے یکے بعد دیگرے نکلنا..... اللُّؤْلُؤ: موتیوں کا لگاتار ٹپکنا..... السَّلَبُ: آنسو قطرہ قطرہ بہنا۔

marfat.com
Marfat.com

کہا جاتا ہے "هُوَ سَاجِدُ المَنْخِرِ" وہ پست وذلیل ہے۔ و "عَيْنٌ سَاجِدَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ و "نَخْلَةٌ سَاجِدَةٌ" جھکا ہوا کھجور کا درخت۔

سَجَدَتْ (س) سُجُوْدًا. وِجْلُه: پیر کا پھولنا۔

اَسْجَدَ: سر جھکانا۔ عَيْنَه: نگاہ پست کرنا۔

الاَسْجَدُ: پھولے ہوئے پاؤں والا۔

السَّجَّادُ: بہت سجدہ کرنے والا۔

السِّجْدَةُ. سجد: کا اسم۔

السجادة والمسجدة: جائے نماز۔

المَسْجِد والمِسْجَد: سجدہ گاہ۔ عبادت گاہ۔ ج مَسَاجِد. المَسْجِدُ الحَرَامُ: بیت اللہ شریف۔ المَسْجِدُ الاَقْصٰی: مسجد بیت المقدس۔ المَسْجِدَانِ: مکہ و مدینہ کی مسجدیں۔

المَسْجَد: آدمی کی پیشانی۔ ج مَسَاجِد.

سَجَرَ (ن) سَجْرًا. التَّنُّوْر: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا..... المَاءُ النَّهَرَ: پانی کا دریا کو بھرنا..... البَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا..... المَاءُ فِیْ حَلْقِهٖ: پانی پکانا..... الكَلْبَ: گلے میں لکڑی باندھنا..... الشَّیْءَ: بھینچنا..... فَجَرًا وسُجُوْرًا) النَّاقَةُ: نَر کی آواز نکالنا۔

سُجِرَ. المَاءُ: پانی جاری کرنا..... التَّنُّوْرُ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا..... النَّاقَةُ: اونٹنی کا نَر کی آواز نکالنا۔

سُجُوْر. البَحْرُ: سمندر کا چڑھنا۔ بلند موجوں والا ہونا۔

سَاجُوْرَةٌ: مخلص دوست بننا۔

اِنْسَجَرَ. الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا..... الاِبِلُ فِیْ سَیْرِهَا: اونٹوں کا لگاتار چلنا۔

السَّجْر: مص۔ بادل کی گرج۔ بِئْرٌ سَجْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔

السَّجْرَة: پانی جو دریا کو بھردے۔ ج سُجُر (ـِ)..... والسَّجَرُ فِی العَيْنِ: سرخی مائل ہوئی سپیدی۔

السَّاجِر: فا۔ سیلاب جو ہر چیز کو بھردے۔ وہ جگہ جس کو سیلاب آ کر بھردے۔

السَّاجُوْر: لکڑی جو کتے کے گلے میں لکائی جاتی ہے۔ ج سَوَاجِیْر اور اسی سے ہے "سوجر الکلب" یعنی اس نے کتے کے گلے میں لکڑی لکائی اور کہا جاتا ہے "اِلْقِ اَغْنَامَكَ سَوَاجِرَ" ان کے گلوں میں طوق ہیں۔

المِسْجَر والسَّجُوْر: تنور میں جھونکنے کی لکڑی وغیرہ۔

السَّجِیْرُ: مخلص دوست۔ ج سُجَرَاء.

الاَسْجَر: آنکھوں میں سرخی والا۔ مؤنث سَجْرَاء: خالص کھجّر والا تالاب۔ شیر۔

شَعَرٌ (مُسْجَر ومُنْسَجِر): لٹکے ہوئے بال۔

المُسْجَر: وہ دریا وغیرہ جس کا پانی گرم ہو گیا ہو۔

المَسْجُوْر: مفع۔ ساکن اور بھرا ہوا۔ خالی (ضد) زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔ اللَّوْ المَسْجُوْر: پروئے ہوئے موتی۔ لڑی سے بکھرے ہوئے موتی۔ لُؤْلُؤَةٌ مَسْجُوْرَةٌ: بہت آبدار موتی۔

السَّجُوْرِیَّ: بے وقوف۔

سَجِنَ (س) سَجَنًا. المَاءُ: گدلا اور متغیر ہونا۔ صفت (سَجِنٌ وسَجِیْنٌ وسَجِیْنٌ)

سَجَنَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا بدبودار وخراب ہونا۔

السَّجَن: مص۔ فساد۔ گدلا پن۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِیكَ سَجَنَ اللَّیَالِیْ" میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

السَّجَنْجَ: زمین جو بہت سخت ہو نہ نرم۔ پو پھٹنے اور آفتاب نکلنے کے درمیان کا وقت۔ کہا جاتا ہے "یَوْمٌ سَجَنْجَ" دن کہ جس میں نہ تو تکلیف دہ گرمی ہو اور نہ بہت سردی ہو۔ "غَدَاةٌ سَجَنْجَ" گرم اور سرد کے درمیان معتدل فضا۔ "رِیْحٌ سَجَنْجَ" نرم و معتدل ہوا۔ ج سَجَاجِیْح و سَجَاجِیْج.

سَجَحَ (ف) سَجْحًا. الخَطِیْبُ: عمدہ کلام بولنا۔ صفت (سَاجِح وسَجَّاح وسَجَّاحَة) العُمَامَةُ: کپڑے کا کوکو کرنا۔ صفت (سَاجِحَة وسَجُوْح). ج سُجُح وسَوَاجِح..... النَّاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا (اور یہ کان کے لئے بھی مستعمل ہے)..... کہا جاتا ہے "سَجَحَ فُلَانٌ ذٰلِكَ المَسْجَحَ" فلاں نے اس مقصد کا ارادہ کیا۔

سَجْح. الخَطِیْبُ والحَمَامَةُ: بعض سَجَحَ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)

السَّاجِح: فا۔ کشادگی رفتار وغیرہ میں درمیانی چال چلنے والا۔ زوجۂ خلقت کا معتدل چہرہ۔ نَاقَةٌ سَاجِحَةٌ: طرب ونشاط کے ساتھ آواز نکالنے والی اونٹنی۔

السَّجْع: معنی کلام۔ ج اَسْجَاع.

السَّجْعَة والاُسْجُوْعَة: قافیہ دار کلام کا ایک ٹکڑا۔ ج اَسَاجِیْع.

المِسْجَح: مقصد.

سَجَفَ (ن) سَجْفًا وسَجَّفَ. البَیْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا۔

سَجَفَ (س) سَجَفًا: پتلی کمر والا ہونا۔

اَسْجَفَ. البَیْتَ: پردہ لٹکانا۔ البَیْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا..... اللَّیْلُ: تاریکی بڑھنا۔

السَّجْف والسِّجْف. ج سُجُوْف واَسْجَاف و(السِّجَاف والسَّجِیْف) دروازے کے دو پردے جن کے بیچ میں کھلا ہوا ہو۔ پردہ۔ السِّجَاف: گوشہ۔ غلاف۔ کہا جاتا ہے "اَرْخَى اللَّیْلُ سُجُوْفَه" رات نے پردے ڈال لئے۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السَّجْفَة: رات کا ایک حصہ۔

السِّجَافَة: پردۂ حجاب۔

سَجَلَ (ن) سَجْلًا. بِهٖ: اوپر سے پھینکنا..... المَاءَ: پانی گرانا..... الكِتَابَ: لکھنا اور پڑھنا۔

سَجَّلَ. بِالشَّیْءِ: اوپر سے پھینکنا۔ سَجَّلَ المَرْجُلَ: عمدہ نامہ لکھنا..... الاَوْرَاقَ: کاغذی

marfat.com
Marfat.com

اور حکموں میں اور اق کو تحریر میں لانا۔
السَّجْنُ عَلَيْهِ: فیصلہ کرنا..... عَلَيْهِ بِكَذَا: مشہور کرنا..... لَهُ بِمَالِهِ: ثابت کرنا۔
سَاجَلَهُ مُسَاجَلَةً وَسِجَالًا: مقابلہ کرنا۔ دوڑ یا شعر گوئی میں مقابلہ کرنا۔
اَسْجَلَ: بہت خیر والا ہونا.....ہ: بہت دینا۔ الْخَوْضَ: بھرنا۔ الْكَلَامَ: کلام کو بلا کسی قید کے بولنا۔ النَّاسَ: چھوڑنا۔
لَهُمُ الْاَمْرُ: لوگوں کے لئے کسی معاملہ کو مباح کر دینا اور اسی سے ہے "هٰذَا مُسْجَلٌ لَهُ اِنْ شَاءَ اَخَذَهُ وَاِنْ شَاءَ تَرَكَهُ" یہ اس کے لئے مباح ہے چاہے لے لے چاہے چھوڑ دے۔ "اَسْجَلَ الْاَنْعَامَ فِي الْزَّرْعِ" کھیت میں جانوروں کو آزادانہ چھوڑنا۔
تَسَاجَلَا: باہم مقابلہ کرنا۔
اِنْسَجَلَ: اوپر سے گرنا۔ کہا جاتا ہے "سَجَلَ الْمَاءَ فَانْسَجَلَ" اس نے پانی گرایا پس وہ گرا۔
السَّجْلُ: مص۔ بڑا ڈول جس میں پانی ہو۔ ڈول بھر۔ عطیہ۔ سخی مرد۔ بڑا تھن۔ ج سِجَالٌ وسُجُوْلٌ اور کہا جاتا ہے "اَلْحَرْبُ بَيْنَهُمْ سِجَالٌ" یعنی لڑائی میں غلبہ کبھی ایک کو ہوتا ہے کبھی دوسرے کو۔ السَّجْلُ: حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ سَجْلَهُ مِنْ كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔
السِّجِلُّ: معاہدات کا رجسٹر۔ احکام کا رجسٹر۔ قاضی کا رجسٹر جس میں دعوے اور احکام وغیرہ لکھے جاتے ہیں تاکہ قاضی کے پاس محفوظ رہے۔ ج سِجِلَّات.
السِّجِّيْل: کنکر۔
عَيْنٌ (سَجُوْلٌ): بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔
السَّجِيْل: حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ سَجِيْلَهُ مِنْ كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔ شَيْءٌ سَجِيْلٌ: بہت سخت چیز۔ ضَرْعٌ سَجِيْلٌ: لٹکا ہوا بڑا تھن۔ ذَلُوٌ سَجِيْلٌ وسَجِيْلَةٌ: بڑا ڈول۔ (نَاقَةٌ سَجْلَاءُ): بڑے تھنوں والی اونٹنی۔
السَّوْجَلَةُ والسَّوْجَلُ والسَّاجُوْلُ: شیشی کا غلاف۔ ج سَوَاجِيْل.
الْمُسْجَلُ: مفع۔ ہر ایک کے لئے جائز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْنَاهُ والدَّهْرُ مُسْجَلٌ" ہم لوگوں نے اس کام کو ایسے وقت میں کیا کہ کوئی کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔
السِّجِلَّاط: چنبیلی۔
سَجَمَ (ن) سُجُوْمًا وسِجَامًا. الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔ صفت (سَاجِم)
سَجَمَ (ن ض) سَجْمًا وسُجُوْمًا عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ (ض ن) سَجْمًا وسُجُوْمًا وسَجَمَانًا الْعَيْنُ اَوِ السَّحَابَةُ الْمَاءَ: آنکھ کا آنسو یا بادل کا پانی بہانا۔
سَجَّمَ تَسْجَامًا وتَسْجِيْمًا واَسْجَمَ. الْمَاءَ: پانی گرانا۔ اَسْجَمَتِ السَّحَابَةُ: دیر تک برسانا۔
اِنْسَجَمَ. الْمَاءُ: پانی گرنا۔ بہنا..... الْكَلَامُ: کلام کا مرتب ہونا۔
تَسَاجَمَتِ. الدُّمُوْعُ: آنسو بہنا۔ گرنا۔
اَسْجَمُ: پانی۔ آنسو۔
عَيْنٌ (سَجُوْمٌ): آنسو بہانے والی آنکھ۔ ج سُجُوْمٌ. نَاقَةٌ (سَجُوْمٌ ومِسْجَامٌ): بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج سُجُوْمٌ ومَسَاجِيْمُ.
مَكَانٌ (مَسْجُوْمٌ): بارش شدہ جگہ۔
سَجَنَهُ (ن) سَجْنًا: قید کرنا۔ سَجَنَ الْهَمَّ: غم پوشیدہ کرنا۔
سَجَنَ. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔
السِّجْن: قید خانہ۔ ج سُجُوْن.
السِّجَّان: داروغہ جیل۔
السَّجِيْن: قیدی۔ ج سُجَنَاء وسُجْنَى. مؤنث سَجِيْن وسَجِيْنَةٌ ج سَجْنَى وسَجَائِن. ضَرْبٌ سَجِيْنٌ: سخت مار جو مضروب کو زمین پر بٹھا دے۔
اَلْمَسْجُوْن: مفع۔ قیدی۔
السَّاجِنَة. السَّاجِن: کا مؤنث۔ پہاڑ میں پانی پینے کی جگہ۔ ج سَوَاجِن.
السِّجِّيْن: ہمیشہ۔ سخت۔ وہ شخص جو ہمیشہ بلا بیوی کے رہے۔ ایک مقام کا نام جس میں کفار و فجار کے اعمال نامے ہیں۔ جہنم کی ایک وادی کا نام۔ برملا و اعلانیہ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ سِجِّيًّا" وہ برملا آیا۔ کھجور کے درخت کے اردگرد کا گڑھا۔
السَّجَنْجَل: آئینہ۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج سَنَاجِل.
سَجَا يَسْجُوْ سَجْوًا وسُجُوًّا. اللَّيْلُ: رات کا سنسان ہونا۔ ہمیشہ رہنا۔ النَّاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔
سَجَّى تَسْجِيَةً. الْمَيِّتَ: میت کو کپڑے سے ڈھکنا اور اسی سے ہے "سَجِّ مَعَائِبَ اَخِيْكَ" اپنے بھائی کے عیوب کو چھپاؤ۔
اَسْجَتِ اِسْجَاءً. النَّاقَةُ: اونٹنی کا زیادہ دودھ والی ہونا۔ اَسْجَى الْبَحْرُ: سمندر کی موجوں میں سکون ہونا..... الرَّجُلُ: کسی چیز کو چھپانا۔
سَاجَاهُ: کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بِالطَّعَامِ فَمَا سَاجَيْنَاهُ" وہ ہمارے پاس کھانا لایا ہم نے اس کو نہیں چھوا۔
السَّاجِي: فا۔ ساکن۔ قرار یافتہ۔ نرم۔ کہا جاتا ہے "عَيْنٌ سَاجِيَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ "وَلَيْلَةٌ سَاجِيَةٌ" سنسان رات۔ بہت تاریک رات جو ہر چیز کو ڈھانک لے۔
اِمْرَاَةٌ (سَجْوَاءُ) الطَّرْفِ: جھکی ہوئی نگاہ والی عورت۔ نَاقَةٌ سَجْوَاء: دوہنے کے وقت خاموش رہنے والی اونٹنی۔ رِيْحٌ سَجْوَاء: نرم ہوا۔
السَّجِيَّة: طبیعت۔ عادت۔ ج سَجِيَّات وسَجَايَا.
سَحَّ (ن) سَحًّا: بہت موٹا ہونا۔
الْمَاءَ: پانی کو لگاتار بہت گرانا اور اسی سے ہے "اِسْتَنْشَدْتُهُ قَصِيْدَةً فَسَحَّهَا عَلَيَّ سَحًّا" میں نے اس سے قصیدہ پڑھوایا اس نے میرے سامنے لگاتار پڑھا.....ہ: مارنا۔ کہا جاتا ہے "سَحَّهُ بِاٰلَةٍ سَوْطٍ" اس نے

marfat.com
Marfat.com

اس کو سوکھے مارے..... سَحْتًا وَ سُحُوْتًا وَسَمْحًا: بہت بہتا۔

سَحْتٌ (ض) مس۔ یوسیدہ کپڑا۔ عذاب اور کہا جاتا ہے "اَصَالَهٗ اَوْ مَدَّهٗ سَحْتٌ" اس کا مال یا خون اس شخص کے لئے جو ان کو معدوم کرے مباح ہے۔

السُّحْت والسُّحْت: حرام۔ ہر وہ کمائی جو خبیث و قبیح ہو اور اس سے عار لازم آئے۔ جیسے رشوت وغیرہ۔ ج اَسْحَات.

مَالٌ (مُسْحَتٌ وَمُسْحَتٌ وَسَحِيْتٌ وَمُسْحَتٌ وَمَسْحُوْتٌ): تلف شدہ مال۔ ہلاک شدہ مال۔ رَجُلٌ مُسْحَتٌ وَسَحِيْتٌ: بڑا پیٹو۔ آسودہ ہونے والا۔ عَامٌ (اَسْحَتُ) وَاَرْضٌ (سَحْنَاءُ): بے نباتات والا سال یا زمین۔

السُّحُوْت والسَّحِيْت: کم روغن اور زیادہ پانی والا ستو۔ تھوڑی چیز۔

السُّحُوْت والسَّحِيْ: پرانا کپڑا۔

السَّحِيْفَة: سب کچھ بہالے جانے والا بادل۔

ج سَحَائِف.

مُسْحُوْتٌ. اَلْجَوْفِ والمِعْدَةِ: آسودہ نہ ہونے والا۔ زیادہ بدہضمی ہونے والا۔ (ضد)

سَحْتَلَ (ف) سَحْتًا وَسَحْتَلَةً: پھیلنا..... اَلشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: کسی چیز کو کسی چیز پر گرکر پھیلنا۔ صفت مفعول (مَسْحُوْتٌ وَسَحِيْتٌ) سَحَتَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا جلدی چلنا۔

تَسَحَّجَ وَانْسَحَجَ: چھلنا۔

السَّحَّاج: بہت چلنے والا۔ کہا جاتا ہے "زَمَنٌ سَحَّاجٌ" بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو پھیل کر رکھ دے۔

السَّحُوْج والمِسْحَاح: بہت قسم کھانے والی عورت۔

المِسْحَج والمِسْحَاج. مِنَ الدَّوَابِّ: تیز چلنے والا جانور۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔

المِسْحَاج: بکری کاٹنے کا اوزار۔ زمین مِسْحَاج: بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو پھیل دے۔

سَحَرَهٗ (ف) سِحْرًا: موہوٹا دینا۔ جادو کرنا۔ فریفتہ کرنا..... عَنْ كَذَا: پھیرنا۔ دور کرنا۔

سحر عن الامر: کسی معاملہ سے دور ہونا ..... وسحر الفضة: چاندی پر سونے کا جھول چڑھانا۔

سَحَرَهٗ (ف) سَحْرًا: پھیپھڑے پھاڑنا۔ صفت مفعول (مسحور ومسحر).....

المطرُ الطين: خراب کرنا۔

سِحْر (س) سَحْرًا: صبح سویرے آنا۔ ڈول وغیرہ کھینچنے سے پھیپھڑے کا کٹ جانا۔ صفت (سَحِر وسَحِيْر)

سَحْرٌ: جادو کرنا۔ سحری دینا یا کھلانا۔ غذا دینا۔ مشغول کرنا۔

اَسْحَرَ: صبح کے وقت جانا۔

تَسَحَّرَ: سحری کھانا۔

اِسْتَحَرَّ: صبح کے وقت میں داخل ہونا یا صبح کے وقت نکلنا۔ اَلْمَلِيْكُ: مرغ کا صبح کے وقت بانگ دینا۔

السِّحْر: ماس۔ وہ چیز جس کا ماخذ لطیف و دقیق ہو۔ باطل کو حق کی صورت میں ظاہر کرنا۔ جادو۔ دھوکا۔ حیلہ۔ فساد۔ ہر وہ چیز جس کے حاصل کرنے میں شیطانی تقرب کی ضرورت ہو۔ ج اَسْحَارٌ وسُحُور. السِّحْر الكلامي: کلام کی لطافت جو جادو کا کام کرے اور خیالات کو پلٹ دے اور اسی سے ہے "اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا".

السَّحَر: صبح سے کچھ پہلے۔ السَّحَر الاعلى: صبح کاذب۔ والسَّحَر الاخير: صبح صادق۔

السَّحَرُ: ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْحَار.

السَّحَر والسَّحَر والسُّحَر: پھیپھڑا۔ ج سُحُور وسُحُر واَسْحَار اور کہا جاتا ہے "اِنْقَطَعَ مِنْهُ سَحْرِي" میں اس سے نا اُمید ہو گیا۔ "والتفسخ سَحْرُه" وہ بزدل ہو گیا۔

marfat.com
Marfat.com

گویا خوف کی وجہ سے اس کا پھیپھڑا پھول گیا۔ و "مَاتَ فلانٌ بِسَحْرِی وَنَحْرِی" فلاں کا انتقال میرے سینہ سے ٹیک لگائے ہوئے ہوا۔

السَّحْرِی والسَّحَرِیَّة: صبح سے کچھ پہلے۔

السُّحْرَة: صبح کاذب۔

السَّحَارَة: پھیپھڑا۔ مِنَ الشاة: بکری کے پھیپھڑے اور نرخرہ کا وہ حصہ جس کو قصاب کاٹ لیتا ہے۔

السَّحُوْر: سحری۔ وہ کھانا جو صبح سے کچھ پہلے کھایا جائے۔

السَّحِیْر: پیٹ کی بیماری والا..... مِنَ الخیل: بڑے پیٹ والا گھوڑا۔

السَّحار: جادوگر۔

السَّاحِر: فا۔ عالم۔ ج سَحَرَة وسَحَارُ وسُحَّارُ وساحِرُوْنَ: مؤنث السَّاحِرَةُ. ج سَاحِرَات وسَوَاحِر.

السَّوْحَر: بید کا درخت۔

المُسَحَّر: وہ شخص جس کا پھیپھڑا دور کر دیا گیا ہو۔ خوف دلایا ہوا۔ جادو کیا ہوا۔ کھوکھلا۔

المَسْحُوْرَة: مفع۔ خراب کیا ہوا کھانا۔ کثرت بارش یا کسی اور وجہ سے خراب جگہ۔

عنز مَسْحُوْرَة: کم دودھ والی بھیڑ۔

اَرْض مَسْحُوْرَة: بنجر زمین۔

تَسَحْسَحَ. المَاءُ: پانی کا اوپر سے بہنا۔

السَّحْسَح والسَّحْسَحَة: گھر کا صحن (السَّحْسَح والسَّحْسَاح) مِنَ المطر: بہت سخت بارش جو زمین کے کنکر پتھر وغیرہ کو بہا لے جائے۔

سَحَطَ (ف) سَحْطًا ومَسْحَطًا: جلدی ذبح کرنا.....ہ الطَّعَامُ: پھندا لگانا..... سَحَطَ الشَّرَابَ: پانی ملانا..... السَّحْلَ: بکری کے بچہ کو ماں کے ساتھ چھوڑنا۔

اِنْسَحَطَ. من یدہ: ہاتھ سے پھسل کر گرنا.....عن النَّخْلَة ونحوها: لٹکنا اور بغیر ہاتھ سے پکڑے ہوئے اترنا۔

المَسْحَط: حلق۔

شَاة (مَسْحِیط ومَسْحُوطَة): ذبح کی ہوئی بکری۔

سَحَفَ (ف) سَحْفًا. الشَّعَرَ عَنِ الجِلْدِ: بال کو کھال سے زائل کرنا..... الرَّاسَ: سر مونڈنا (..... واَسْحَفَتِ) الرِّیحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو اڑا دینا۔ واَسْحَفَ السَّحْفَة: پیٹھ کی چربی کو بیچنا۔

السَّحْفَة: پیٹھ کے اوپر کی چربی۔ ج سِحَاف ومُسُحُف.

السُّحَاف: سل کی بیماری۔

السَّحِیْف: چکی کی آواز پیسنے کے وقت۔ دودھ دوہنے کی آواز۔

السَّحِیْفَة: سخت بارش جو ہر چیز کو بہا لے جائے۔ چربی جو چھیل کر جدا کی جائے۔ ج سَحَائِف.

السَّحُوْف: سخت بارش جو ہر چیز کو بہا لے جائے "نَاقَةٌ سَحُوْفٌ" بے چربی والی اونٹنی۔ اونٹنی جس کے تھن لمبے ہوں اور تھن کے سوراخ تنگ ہوں۔ جَمَلٌ اَوْنَاقَةٌ سَحُوف: زیادہ چربی والا اونٹ یا اونٹنی۔

سَحَفَ. الحَیَّة: زمین پر سانپ کے چلنے کے نشانات۔

المِسْحَفَة: گوشت چھیلنے اور چمڑا کھرچنے کا آلہ۔

رَجُلٌ (مَسْحُوْف): سل کی بیماری والا۔

اَرْض (مُسْحَفَة): باریک گھاس والی زمین۔

سَحَقَهُ (ف) سَحْقًا: بہت زیادہ کوٹنا۔ باریک کرنا۔ ہلاک کرنا..... الرِّیحُ الارضَ: ہوا کا تیز چلنے کی وجہ سے صاف کر دینا..... الرَّاسَ: سر مونڈنا..... الشَّیْءَ الشَّدِیْدَ: نرم کرنا..... القَمْلَة: جوں کو مار ڈالنا..... الثَّوْبَ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ کرنا..... العَیْنُ ومَعَهَا: آنکھ کا آنسو بہانا۔ کہا جاتا ہے "سَحَقَهُ اللّٰهُ" اللہ نے اس کو دور کر دیا۔

سَحِقَ (س) ومَسْحُقَ (کم) سَحَقًا: دور ہونا۔

سَحُقَ (ک) سُحُوْقَةً. الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا ہونا..... السَّخْلَةُ: درخت خرما کا طویل ہونا۔ صفت (سَحُوْق) ج سُحُق.

سَحُقَ: بہت باریک پیسنا۔

اَسْحَقَهُ: دور کرنا۔ ہلاک کرنا..... الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا..... خُفُّ البَعِیْر: گھس جانا۔ الضَّرْعُ: دودھ خشک ہو جانا اور تھن کا پیٹ سے لگ جانا۔

اِنْسَحَقَ: باریک ہونا..... القَلْبُ: دل کا شکستہ ہونا..... الشَّیْءُ: کشادہ ہونا' دور ہونا..... الثوبُ: باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا۔

..... الدَّلْوُ: ڈول کا خالی ہو جانا۔

السَّحْق: مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ کہا جاتا ہے "ثوبٌ سَحْقٌ وسَحْقُ ثوب" باعتبار وصف یا اضافت کے۔ نیز کہا جاتا ہے "سَحْقُ درهم" کھوٹا درہم ج سُحُوق.

السُّحْق والسُّحُق: دوری۔ کہا جاتا ہے "سُحْقًا لَهُ" یعنی اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کرے۔

السَّحِیْق: دور۔ مِسْكٌ سَحِیْقٌ: باریک پسی ہوئی مشک۔

السَّوْحَق: لمبا یا لمبا مرد۔

السَّحَّاقَة: بہت پینے والا۔ اِمْرَاة سحاقة: عورت جس کی پستانیں بہت لمبی ہوں اور لٹک آئی ہوں۔

السَّحِیْقَة. سحیق: کا مؤنث۔ زور کی بارش۔ جو ہر چیز کو بہا لے جائے۔ ج سَحَائِق.

ومع (منسحق): بہے ہوئے آنسو۔ ج مَسَاحِیق (نادر) کہا جاتا ہے "جَرَتْ مِنْ عَیْنِهِ مَسَاحِیْقُ الدُّمُوْع" اس کی آنکھ سے آنسوؤں کی قطاریں بہہ پڑیں۔

الاَسْحَق: دور۔

marfat.com
Marfat.com

لِمُسَحَّق: جس سے پیسا جائے۔
سَحَلَ (ف) سَحْلاً. الشَّيْءَ: چھیلنا۔ پیسنا۔ کوٹنا..... الرجلَ: گالی دینا۔ ملامت کرنا۔ .....الغريمَ مائة درهم: قرض خواہ کو نقد ادا کرنا۔
.....ہ مسلة سوط: مارنا..... الثوبَ: کپڑے دھاگے سے بُنا۔ الحَبْلَ: رسی کو اکہرا بٹنا۔
سَحَلَتْ سَحْلاً وسُحُولاً. العينُ: رونا۔
سَحِلَ (ض) سَحِيلاً وسُحالاً. الغولُ: خبر کا جاتا رہنا۔
سَاحَلَهُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ ساحَلَ القَوْمُ. باؤلا ہونا۔ ساحل پر لانا۔
أَسْحَلَه: گالی خوردہ پانا۔
إِنْسَحَلَ: چھلنا۔ پتلا۔ باریک ہونا۔ بالكلام: گفتگو جاری کرنا۔ انْسَحَلَتِ الذِّرَاعُ: چمکدار ہونا۔
السَّحْل: ص (المَسْحَل) ج أَسْحَال وسُحُول وسَحْل و (السَّحِيل) کپڑا جس کا سوت کچا ہو۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔
السَّاحِل: نا۔ سمندر کا کنارہ۔ ج سَوَاحِل.
البَحَالِ: لگام۔
السُّحَلَة: چھوٹا خرگوش جو اپنی ماں سے جدا ہو گیا ہو۔
السُّحَالَة: چاندی سونے کا مُدادہ۔ گیہوں جو کی بھوسی۔ ناکارہ لوگ۔
الإِسْحِل: ایک درخت کا نام جس کی مسواکیں بنائی جاتی ہیں۔
الأَسَاحِل: پانی کی نالیاں۔
المِسْحَل: سنگ تراشی کا اوزار۔ ریتی۔ زبان۔ لگام۔ بلیغ خطیب۔ بہادر۔ چست۔ ساتی۔ جلاد۔ حدود کو قائم کرنے والا۔ پختہ ارادہ۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فُلَانٌ مِسْحَلَهُ" فلاں نے گمراہی اختیار کی۔ المِسْحَل: شیطان۔ داڑھی کی ایک جانب چھلنی۔ توشہ دان کا منہ۔ بہت پانی والا۔ پرنالہ۔ بہت بارش۔

خسیس آدمی۔ ملاوت و فیاضی۔ گدھے کا بچہ۔ گورخر۔ ماہر قرآن۔ روئی کا پاکیزہ کپڑا۔ ج مَسَاحِل.
السُّحَال والسَّجِيل: بہتان بات۔
شَابٌ (مُسْحَالٌ و مُسْحَالَتِيٌّ): لمبا یا سیدھے بالوں والا جوان۔ مؤنث مُسْحَالَانَة و مُسْحَالَتِيَّة)
المَسْحُول: مفع۔ چھوٹا۔ حقیر۔ ہموار کشادہ جگہ۔
السُّحْلُبِيَّاتُ: جلمی انگوریاں جو کہ اپنی ترکیب میں بے مثل ہیں ان کے پھول مرغوب ہوتے ہیں۔ ان کا عرق نچوڑ کا پیا جاتا ہے۔
السَّحْلَاءُ: بڑے پیٹ والا۔
سَحَمَ (س) وسَحَمَ (ک) سَحَمًا: کالا ہونا۔ صفت (أَسْحَم) مؤنث سَحْمَاء. ج سُحْم.
سَحَمَ. وَجْهَهُ: چہرہ کالا کرنا۔
أَسْحَمَتِ. السَّمَاءُ: برسانا۔
السُّحَام والسُّحَام والسُّحَمَة: سیاہی۔
الأَسْحَم: سینگ۔ بادل۔ سرپستان۔ شراب کی مشک۔ بت۔ خون جس میں قسم کھانے والے اپنے ہاتھ کو ڈبوتے تھے۔
المَسْحَم: بادل..... والسَّجِيم والأَسْحَمَان): ایک درخت کا نام۔
السَّحْمَة: لوبیہ کا ٹکڑا۔
السُّحْم: لوبیا کے ٹھوڑے۔
سَحَنَ (ف) سَحْنًا. الحَجَرَ: پتھر توڑنا .....العَشِبَةَ: لکڑی کو رگڑ کر زم و چکنا دار بنانا
السَّحْنُ: باریک پیسنا۔
سَاحَنَهُ: ملاقات کرنا۔ بہتر میل ملاپ سے رہنا۔ سَاحَنَهُ الشَّيْءَ: کسی چیز میں شرکت کرنا (.....وتَسَحَّنَهُ) کسی کے چہرہ مہرہ رنگ و روغن کو دیکھنا۔
السَّحْنَة والسَّحْنَة والسُّحْنَة والسَّحْنَاء: ہیئت رنگ کمال کی تابانی۔
السَّحِينَة: پتھر توڑنے کا اوزار۔ ج

مَسَاحِين.
سَحَاهُ يَسْحَاهُ ويَسْحُوهُ سَحْيًا: چھیلنا..... الطِّينَ: کھرچنا۔ صفت (ساحٍ) ج سُحَلَة وسَاحُون: مؤنث سَاحِيَة.....
الشَّعَر: موٹا کرنا (..... وأَسْحَى إِسْحَاءً وسَحَى تَسْحِيَةً)
البِسَاحَاء: خط پر کسی چیز سے مہر کرنا۔
إِسْحَى إِسْحَاءً. الشَّيْءَ: چھیلنا۔ الشَّعَر: موٹا کرنا۔ إِسْحَى بِهِ: شرم کرنا۔
البِسَحَاء. مِنَ الكِتَاب: خط پر مہر کرنے کی چیز۔ واحد سَحَاءَة. البِسَحَاءَة: داغ کی جلمی۔ ج سَحَايا.
السَّحَاة: میدان۔ جانب۔ ایک قسم کی خاردار گھاس۔ چکاٹ دار۔ ج سَحَى.
البِسَحَايَة: بادل کا ٹکڑا۔ داغ کی جلمی۔ کسی چیز کا برادہ۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ۔
السَّاحِيَة: سیلاب زور کی بارش۔ السَّحَّاء: بیلچہ بنانے والا۔
الأَسْحَوَان: بہت کھانے والا۔ لمبے قد کا خوبصورت۔
المِسْحَاة: بیلچہ۔ کدال۔ ج مَسَاحٍ.
سَحَتَ (ن) سَحْتًا. الحَجَارَةَ: ٹڈی کا زمین میں دم چبھونا..... فِي السَّيْرِ او لِحَفَرٍ: دور تک جاتا یا کھودنا۔
السَّحَاخ: نرم محمد و زمین۔
سَحَا (ف) سَحْوًا. النَّارُ سَحَتِ القِدْرَ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا۔ سلگانا۔
السَّحْب: شور۔
السِّحَاب: لونگ وغیرہ کا ہار جس میں موتی جواہر وغیرہ نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُكَ وَارِثَ السَّحَاب" یعنی میں نے تم کو مانند بچہ کے نا سمجھ پایا۔ ج سُحُب.
إِسْحَاب إِسْحَابًا. الجَرْحُ: زخم کے درم کا ہلکا ہونا۔
السُّحْت السَّحِيت: بخت۔
السُّحْت: کمر دار جانوروں کے پیٹ سے جو کچھ نکلے قبل اس کے کہ کچھ کھائیں۔

marfat.com
Marfat.com

المَسْخُوْتُ: ناپاک۔ چمکیلا۔
السَّخِيْتُ: بلند اٹھا ہوا غبار۔ سفید آٹا۔ سخت۔ کم عقل والا ستو۔
السِّخْيَانُ والسَّخْتِيَانُ: دباغت دی ہوئی بکری کی کھال۔
سَخَرَهُ (ف) سِخْرِيًّا ومُسْخُرِيًّا ومَسْخَرَةً وتَسْخَرَةً وإسْتَسْخَرَهُ: بیگار لینا۔ مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا۔
سَخَرَتْ (ف) سَخْرًا. السَّفِيْنَةُ: کشتی کا عمدہ رفتار سے چلنا۔ صفت (سَاخِرَةٌ) ج سَوَاخِر.
سَخِرَ (س) سَخَرًا وسَخْرًا وسُخْرًا مُسْخَرًا وتَسَخَّرَ وإسْتَسْخَرَ. بِهٖ ومِنْهُ: ٹھٹھا کرنا۔ تم کہتے ہو "اَنَا اَقُوْلُ هٰذَا ولَا اَسْخَرُ" میں اس کو کہتا ہوں اور ہنسی نہیں کرتا ہوں۔ یعنی بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں۔
السُّخْرَةُ: جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ بیگار۔ بیگاری (..... والسُّخْرِيَّةُ) ٹھٹھا۔
المَسْخَرَةُ: وہ جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ (لغت عامہ)
سَخِطَ (س) سَخَطًا. الرَّجُلُ وعَلَيْهِ: .....غضبناک ہونا..... الشَّيْءَ: ناپسند کرنا۔
اَسْخَطَهُ: غضبناک کرنا۔
تَسَخَّطَهُ: ناراض ہو کر غضبناک ہونا اور ناپسند کرنا..... العَطَاءَ: کم سمجھنا۔
السُّخْطُ والسُّخُطُ والسَّخَطُ: ناراضی اور بقول بعض بڑے لوگوں کی ناراضی۔
المَسْخُوْطُ: مفع۔ ناپسندیدہ۔
المَسْخَطُ والمَسْخَطَةُ: سبب ناراضی۔ ج مَسَاخِطُ.
سَخُفَ (ک) سُخْفًا وسَخَافَةً: کمزور عقل والا ہونا۔ سَخُفَ الغَزْلُ: باریک ہونا ..... السِّقَاءُ: کمزور ہونا۔
سَخَّفَهُ: کم عقل قرار دینا۔
سَاخَفَهُ: بے وقوفی میں مدد دینا۔
السُّخْفَةُ والسَّخْفَةُ: لاغری۔ کمزوری۔ کم عقلی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ سُخْفَةِ عَقْلِكَ" یہ تمہاری کم عقلی کی وجہ سے ہے۔
السَّخِيْفُ: تنگ گزارہ کی زندگی (..والسُّخْفُ): کم عقلی۔
السَّخِيْفُ: کم عقل۔ ثَوْبٌ سَخِيْفٌ: باریک جھرجھرا کپڑا۔ وجُلٌّ سَخِيْفٌ: کمزور عقل والا مرد۔ سَخِيْفُ العَقْلِ: ناقص عقل والا۔ رَأْيٌ سَخِيْفٌ: کمزور رائے۔ سَحَابٌ سُخَافَةٌ: پتلا بادل۔
السَّخَافَةُ: مص۔ ہر چیز کی کمزوری۔
اَرْضٌ (سُخْفَةٌ): کم گھاس والی زمین۔
سَخَلَهُ (ف) سَخْلًا: صاف کرنا۔ چھانٹ دینا۔ سَخَلَ الشَّيْءَ: فریب سے لینا۔
سَخَّلَهُ: عیب لگانا۔ کمزور کرنا۔
اَسْخَلَ. الأَمْرَ: پیچھے کرنا۔
السَّخِيْلُ: کمزور..... مِنَ القَوْمِ: رذیل۔ ج سُخُلٌ وسُخَّالٌ.
السَّخْلَةُ: بکری کا بچہ۔ ج سَخْلٌ وسِخَالٌ وسُخْلَانٌ وسِخْلَةٌ.
السُّخَالَةُ: بچھوڑن۔ پھکن۔
المَسْخُوْلُ: فرد مایہ۔ ضعیف۔ مجہول اور اسی سے ہے "كَوَاكِبُ مَسْخُوْلَةٌ" یعنی مجہول ستارے۔
سَخِمَ. اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا..... المَاءَ: پانی گرم کرنا..... اللّٰهُ وَجْهَهُ: سیاہ رو کرنا..... هُ بِصَدْرِهٖ: غضبناک کرنا۔
تَسَخَّمَ. عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔ غضبناک ہونا۔
السَّخَمُ: سیاہی۔
السُّخْمَةُ: سیاہی۔ کینہ۔ غضب۔
السُّخَامُ: کوئلہ۔ ہانڈی کی سیاہی۔ پرندہ کے بازوؤں کے نیچے کے نرم پر۔ لَيْلٌ سُخَامٌ: کالی رات (..... السُّخَامِيُّ والسُّخَامِيَّةُ): خوشگوار شراب۔
الأَسْخَمُ: کالا۔ مؤنث سَخْمَاءُ. ج سُخْمٌ.
السُّخَامِيُّ: کالا۔
السَّجِيْسَةُ: کینہ۔ کہا جاتا ہے.. سَلَلْتُ سَجِيْسَتَهٗ بِاللُّطْفِ والتَّرَضِّيْ" میں نے اس کے کینہ کو لطف و رضامندی سے نکال لیا۔
پاخانہ۔ حدیث میں ہے "مَنْ سَلَّ سَخِيْمَتَهٗ عَلٰى طَرِيْقٍ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ" جس شخص نے راستہ پر پاخانہ کیا اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ج سَخَائِمُ.
المُسَخَّمُ: مفع۔ کینہ ور۔
سَخَنَ (ن) وسَخِنَ (س) وسَخُنَ (ک) سُخُوْنَةً وسَخَانَةً وسَخَنًا وسُخْنًا وسُخُنَةً: گرم ہونا۔
سَخَنَهُ (ن) سَخْنًا. بِالضَّرْبِ: تکلیف دہ طور پر مارنا اور اسی سے ہے "مَا اَسْخَنَ ضَرْبَهٗ" اس کی مار کس قدر تکلیف دہ ہے۔
سَخِنَتْ (س) سَخَنًا وسُخُوْنًا وسُخُنَةً عَيْنُهٗ: آنکھ کا تکلیف سے جل اٹھنا۔
اَسْخَنَ وسَخَّنَ. الشَّيْءَ: گرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْخَنَ عَيْنَهٗ وبَعِيْنِهٖ" یعنی اس نے اسے رلا دیا۔
السَّخْنُ والسَّخِنُ والسُّخْنَةُ والسَّخَنَةُ والسُّخُنَةُ والسُّخُوْنَةُ: گرمی۔ بخار۔ کہا جاتا ہے "عَلَيْكَ بِالأَمْرِ عِنْدَ سُخْنَتِهٖ" معاملہ کو اس کے ابتداء ہی میں ٹھنڈا ہونے سے پہلے سنبھال لو۔
السُّخْنُ والسَّخْنَانُ والسُّخْنَانُ والسَّخْنَانُ: گرم۔
مَاءٌ (سَخِيْنٌ): گرم پانی۔ ضَرْبٌ سَخِيْنٌ: تکلیف دہ مار۔ السَّخِيْنُ: کدال۔ بیلچہ۔ قصائیوں کی چھری۔ ہل کا دستہ۔ ج سَخَائِنُ.
السَّاخِنُ: فا۔ گرم۔ ج سُخَّانٌ: مؤنث سَاخِنَةٌ: کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ سَاخِنَةٌ" گرم رات۔
السُّخَاخِيْنُ: گرم۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَخَاخِيْنُ" گرم پانی (کلام عرب میں مفاعیل کا وزن اس کے علاوہ کوئی نہیں۔)
السَّخِيْنُ: ہر وہ چیز جو نہ گرم ہو نہ ٹھنڈی۔
السَّخِيْنَةُ: ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ گرم کھانا۔

marfat.com
Marfat.com

القَسَاجِعُ: باڑیاں۔ موزے۔ چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں۔ (جمع ہے اس کا واحد نہیں آرہا تَسَاجُعٌ یا تَسْجُعٌ واحد ہے۔)

المِسْجَعُ: باڑی۔ ج مَسَاجِعُ.

سَجَأَ یَسْجَأُ وسَجِیَ یَسْجَی وسَجَوَ یَسْجُوُ سَجْیًا وسَجَاءً وسَجَاوَةً وسَجْوًا وسُجُوَّةً: فیاض ہونا۔ جی ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَجِیْتُ نَفْسِی وَنَفْسِیْ عَنِ الشَّیْءِ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان ادھر نہیں ہوا۔

سَجَأَ النَّارَ یَسْجَؤُهَا سَجْوًا وَیَسْجَاهَا سَجْوًا وسَجًی: راکھ کا ڈال کر آگ بجھانا۔

السِّجِلُّ: باڑی کے نیچے آگ جلانا۔

الرَّجْلُ: حرکت سے سکون اختیار کرنا۔

تَسَاجَی وتَسَجَّی: تکلف فیاض بننا۔

السَّجَاوَةُ: فیاضی۔ بخشش۔

السَّجَاءَةُ: ایک قسم کی سبزی۔ ج سَجَاءٌ.

السَّجِیُّ: فیاض۔ ج اَسْجِیَاءُ وسُجَوَاءُ: مؤنث سَجِیَّةٌ. ج سَجَایَا وسَجِیَّاتٌ.

الأَرْضُ (السَّجْواء): کشادہ نرم زمین۔ ج سَجَاوِیٌ وسَجَاوٍ.

أَرْضٌ (سَجْوَاءُ) نرم کشادہ زمین۔ ج سَجَاوِیٌ.

مَسْجًی۔ النَّارِ: وہ جگہ جو باڑی کے نیچے کشادہ کی جاتی تاکہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔

السِّجَاحَةُ: بھیڑی۔ آگ کی کریلی۔

سَدَّ (س ن) سَدًّا: اتصاف کرنا۔ برابر بند کرنا۔ اَلْفَمَّ: منہ بند کرنا۔ الثَّوْبَ: کپڑا درست کرنا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔

سَدَّ (س ض) سَدَادًا وسَدَدًا: درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَسِدُّ فِیْ قَوْلِهٖ" وہ ٹھیک بات کہتا ہے و "فُلَانٌ لَهٗ سَدَادًا مِنَ الْقَوْلِ وسَدَدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کہی۔ الشَّیْءُ: سیدھا ہونا۔

سَدَدَ. الرُّمْحَ: سیدھا کرنا۔ راہ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔

أَسَدَّ. الشَّیْءُ: سیدھا ہونا۔ الرَّجُلُ: راہ راست کو پہنچنا یا طلب کرنا۔

تَسَدَّدَ: سیدھا ہونا..... الشَّیْءُ: درست ہونا۔

إِنْسَدُّوا سَدَّ إِنْسِدَادًا وانْسِدَادًا: بند ہونا۔

إِسْتَدَّ. الشَّیْءُ: درست ہونا۔

السَّدُّ والسُّدُّ ج سُدَادٌ: دو بیچ دروں کے درمیان آڑ۔ پہاڑ۔ کہا جاتا ہے "طَوَیْتُ عَلَیْهِ الأَرْضَ بِالأَسْدَادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہو گئے۔ والسَّدُّ ج أَسِدَّةٌ: جیب شمل اندھے پن کے۔ والسُّدُّ. ج سُدُوْدٌ: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جَرَادٌ سُدٌّ" یعنی بڑی دل۔ والسُّدُّ. ج جِلْدَةٌ: وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔ وادی۔ مَسَافَةٌ.

کَلَامٌ (صِدٌّ): صحیح و درست کلام۔

السِّدَادُ: عمل۔ درستی۔ جو درست ہو۔

السَّدَادُ: عمل۔ درستی و راستی۔ ہدایت۔

البِدَادُ: ڈھکنا۔ دودھ جو تھن کے سوراخ میں خشک ہو جائے اور دودھ کی نالی کو بند کر دے۔

البِدَادَةُ: ڈھکنا۔

السُّدَادُ: ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔

رَجُلٌ (سُدَادٌ): راہ راست پر رہنے والا مرد۔

السُّدَّةُ: دروازہ۔ برآمدہ۔ بیٹھنے کی جگہ جیسے منبر۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ ج سُدَدٌ.

فَمٌ (سَادٌّ): اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ۔ ج سُدٌّ.

الأَسَدُّ. ج سُدٌّ (السِّنْبِلُ): ٹھیک درست۔ حق کا قصد کرنے والا۔

السَّدَدُ: بند کرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "سَدَدٌ مَسْدُوْدٌ" یعنی قائم مقام۔

marfat.com
Marfat.com

السِّدَار: پردہ کی مانند جو خیمہ کے عرض میں لگایا جاتا ہے۔
السِّدْر: بیر کے پتوں کا بیچنے والا۔
السَّدِیْر: تازہ گھاس۔ حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام۔ شاہ نعمان کے ایک محل کا نام۔ یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں۔ سَدِیْرُ النَّخْلِ: وہ جگہ جہاں درخت خرما بہت سے ہوں۔
الاَسْدَرَان: آنکھ کی دو رگیں۔ دونوں موٹھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَضْرِبُ اَسْدَرَیْهِ" وہ بے حصول مقصود خالی ہاتھ آیا۔
سَدَمَ (ض) سَدْمًا. القَوْمَ: چھٹا ہونا۔
سَدَمَ (ن) سَدْمًا. القَوْمَ: چھٹا حصہ لینا۔
سَدَّسَ. الشَّیْءَ: چھ پہل بنانا۔
اَسْدَسَ. القَوْمُ: چھ ہونا۔ چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا..... البَعِیْرُ: آٹھویں سال میں دانت گرانا۔
السِّدْس: اونٹ کے لئے چھٹے روز پانی پینے کی باری۔ ست کی اصل سدس ہے۔
السُّدْس والسُّدُس: چھٹا حصہ۔ ج اَسْدَاس: اور کہا جاتا ہے "هُوَ یَضْرِبُ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاس: وہ مکر و فریب کی کوشش کرتا ہے۔
السَّدَس: آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔
السَّادَاس: قا۔ چھٹا۔ مؤنث سَادِسَة.
السُّدَاسِیّ: چھ سے مرکب۔ چھ حرفوں والا کلمہ جیسے زنج بیل۔ کہا جاتا ہے جَاءُوْا (سُدَاسَ) وہ لوگ چھ چھ ہو کر آئے اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
السُّدُوْس والسَّدُوْس: سبز رنگ کی چادر۔
السُّدُوس: چراغ کی سیاہی۔
السَّدِیْس: چھٹا حصہ۔ ج سُدُس: چھ سے مرکب۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔ چھ سال والی بکری۔
المُسَدَّس: شش پہل۔ وہ سطح جو چھ باہم برابر ضلعوں سے گھری ہو۔
المُسَلْسَس: ربوالوجس میں چھ کارتوس ہوتے ہیں۔
سَدَعَهُ (ف) سَدْعًا: ذبح کر کے پھیلانا..... الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ٹکرانا۔
سُدِعَ: رنج و اذیت پہنچایا جانا۔
السَّدْعَة: رنج و اذیت۔
المِسْدَع: اپنے ارادہ پر چلنے والا۔ ہادی رہنما۔
سَدَفَ (ض) سَدْفًا. القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا..... الحِجَابُ: پردہ لٹکانا۔ صفت مفعولی (مَسْدُوْف)
اَسْدَفَ: سونا۔ بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا..... القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا..... اللَّیْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (اَسْدَف) مؤنث سَدْفَاءُ ج سُدْف.....
الفَجْرُ: روشن ہونا..... السِّتْرُ: پردہ اٹھانا..... المَرْاَةُ القِنَاعَ: برقعہ ڈالنا۔ اَسْدَفَ عَنْ جَدَا: الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَسْدِفِ البَابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ تاکہ گھر میں روشنی ہو سکے۔
سَدَّفَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
السَّدَف: تاریکی۔ روشنی (ضد) بھیڑ۔ ج اَسْدَاف.
السَّدَف: وجود جو دور سے دکھائی دے۔ ج سُدُوف.
سَوْفَةُ مُسَوْفَةٌ: سونگھنا۔ راز کی بات کہنا۔ ٹالنا۔
سَافَ إِسَافَةً: مال ہلاک ہونا۔ اولاد کا مرنا۔ صفت (صَيِّف) اور اولاد کو (مُسَاف) کہتے ہیں۔ سَافَهُ اللّٰهُ: ہلاک کرنا۔
سَوْفٌ: بمعنی برفتحہ۔ حرف استقبال ہے "س" سے اور اس کا زمانہ طویل ہوتا ہے اور یہ فعل سے جدا نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَقَلَّبُ السَّوْفَ" فلاں آرزوؤں میں زندگی بسر کرتا ہے۔
السَّافَةُ: باریک ریت اور ریتلی اور سخت زمین کے درمیان والی زمین۔
السَّوَافُ والسُّوَافُ: جانوروں کی بیماری و ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي الْمَالِ سُوَافٌ" مال میں ہلاکت واقع ہوئی اور اسی سے مثل ہے "سَافَ حَتَّى مَا يَشْتَهِي السُّوَافَ" اس شخص کے حق میں بولا کرتے ہیں جو سختیوں کے برداشت کرنے کا عادی ہو جائے۔
السَّافُ والسَّافَةُ: مٹی یا کچی اینٹوں کا روہ۔ ج آسُف ومَسَافَات: کہا جاتا ہے "بَنَى مَسَافَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثَ مَسَافَاتٍ" اس نے دو یا تین روہ بنائے۔ السَّافُ: ایک شکاری پرندہ۔
السَّافَةُ والسُّوْفَةُ: ریتلی اور سخت زمین کے درمیان کی زمین۔ ج سُوْف وسُوُف.
المَسَافَةُ والمَسَافُ. ج مَسَافٍ و(المَسَافَة) دوری۔ فاصلہ۔ تم کہتے ہو "كَمْ مَسَافَةُ هٰذِهِ الأَرْضِ ومَسَافَتُهَا وسَيْفَتُهَا" اس زمین کا کتنا فاصلہ ہے۔ "بَيْنَهُمْ مَسَافُ مَرَاحِلَ" ان کے درمیان بہت بُعد ہے۔ المَسَافُ: ناک۔
المُسَافُ: وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔
المُسَافُ: قطع مسافت کرنے والا۔ سونگھنے کی جگہ۔
السُّوْفِيَات: روسی قائدین نے انقلاب روس کے بعد اس لفظ کو کارکنوں، زمینداروں اور فوجی قائدین کی جماعت پر بولا ہے۔ بعد میں مملکت روس پر اس کا استعمال ہونے لگا۔ اسی سے ہے سوفیٹ ازم۔
المُسَوِّف: قابل۔ صابر۔ خودمختار۔
المِسْوَف: علم دان۔
سَاقَ يَسُوْقُ سَوْقًا وسِيَاقًا وسِيَاقَةً ومَسَاقًا إِسْتَاقَ وإِسْيَاقًا. المَاشِيَةَ: جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔ صفت (سَائِق) ج سَائِقَة و سُوَّاق وسَائِقُوْن: صفت مفعولی (مَسُوْقَة) اور کہا جاتا ہے "سَاقَهُ مَسَاقَ غَيْرِهِ" اس نے اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔ سَاقَ الحَدِيْثَ: بیان کرنا۔
سَافَهُ يَسُوْفُهُ سَوْفًا وسِيَافًا: چنڈلی پر بار کرنا۔
سَاقَ إِلَيْهِ المَالَ: بھیجنا۔ پیش کرنا ..... مِنْ إِسْرَائِهِ: مہر دینا ..... المَرِيْضُ نَفْسَهُ عِنْدَ المَوْتِ وسِيْقَ عَلَى المَجْهُوْلِ: جانکنی ہونا۔
سَوِقَ يَسْوَقُ. سَوَقًا: کچی اور بُری گوشت چنڈلی والا ہونا۔
سَوَّقَ. النَّبْتُ: تنہ دار ہونا ..... الأَمْرَ: مالک بنانا ..... المَاشِيَةَ: جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔
سَاوَقَهُ: ہانکنے میں فخر کرنا۔
أَسَافَهُ إِسَافَةً وإِسْتَافَهُ إِسْتِيَافَةً المَاشِيَةَ: ہانکنے کے لئے دینا۔
تَسَوَّقَ: خرید و فروخت کرنا۔
تَسَاوَقَتِ. المَاشِيَةُ: قطار میں چلنا۔ چلنے میں بھیڑ کرنا۔
إِنْسَاقَ: ہانکا جانا ..... الإِبِلُ: قطار میں چلنا۔
السَّاق: چنڈلی (مؤنث) ج سُوْق وسِيْقَان وأَسْوُق. سَاقُ الشَّجَرَةِ: درخت کا تنہ۔
سَاقُ الحَمَامِ وسَاقُ الغُرَابِ: دو نباتات کے نام۔ سَاقِي حُرٍّ: زرقری۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ الأَمْرُ عَنْ سَاقِهِ" لیکن معاملہ کھل

ہو گیا۔ و "قَامَتِ الحَرْبُ عَلَى سَاقٍ" یعنی جنگ سخت ہو گئی۔ و "وَلَدَتِ المَرْأَةُ ثَلَاثَةً بَنِيْنَ عَلَى سَاقٍ وَاحِدَةٍ" عورت کے تین بیٹے لگاتار پیدا ہوئے ان کے درمیان میں کوئی لڑکی نہیں۔
السَّاقَة: جلو۔ لشکر کا پچھلا دستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي سَاقَةِ الجَيْشِ" فلاں لشکر کے پچھلے دستہ میں ہے۔
السُّوْق: بازار۔ (مؤنث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے) ج أَسْوَاق. سُوْق الحَرْب: میدان جنگ۔
السَّوْق: پنڈلی کی لمبائی۔
السُّوْقَة: رعیت۔ عوام۔ معمولی لوگ (واحد، جمع مذکر مؤنث)
السَّيِّق. مِنَ السَّحَابِ: بادل جس کو ہوا اڑا دے۔
السَّيْقَة: جانور جن کو دشمن ہانک کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "المَرْءُ سَيْقَةُ القَدَرِ" مرد تابع قضاء وقدر ہے۔ السَّيْقَة: شکاری کی اوٹ۔ ج سَيَائِق. وسَيْقَات.
السَّوِيْق: ستو۔ ج أَسْوِقَة: شراب۔
السِّيَاق: مہر۔ عورت کا مہر۔ سِيَاق الكَلَام: اسلوب کلام۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ هٰذِهِ العِبَارَةُ فِي سِيَاقِ الكَلَامِ" یعنی یہ عبارت وسط کلام میں داخل ہے۔
السَّوَّاق: ہانکنے والا۔ ستو بیچنے والا یا بنانے والا۔
الأَسْوَق: لمبی پنڈلیوں والا۔ مؤنث سَوْقَاء ج سُوْق.
السُّوَّاق: لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر کھڑا ہونے والا پودا۔
السِّيْسُوْق: لکڑی جس سے جانوروں کو ہانکیں۔ اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر شکار کو دھوکا دیں۔
المُسَاق: تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھلوان والا پہاڑ۔
سَاكَ يَسُوْكُ سَوْكًا وسَوْكَ. الشَّيْءَ:

marfat.com
Marfat.com

رُکنا۔ ملنا اور اسی سے ہے "سَاکَ الْاِنْسَانُ بِالْعُوْدِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔

سَاکَ سِوَاکًا وَتَسَاوَکَ: آہستہ چلنا۔ کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔

تَسَوُّکٌ تَسَوُّکًا وَاسْتَاکَ اِسْتِیَاکًا: مسواک کرنا۔

اَلسِّوَاکُ: مص۔ ج سُوُکٌ و(اَلْمِسْوَاکُ) ج مَسَاوِیْکُ: دانت صاف کرنے کی لکڑی یا مِسْوَاکٌ۔

سَالَ یَسَالُ سُؤَالاً وَسُوَالاً. سَأَلَ: کا ایک لغت۔

سَوِلَ یَسْوَلُ سَوَلاً: ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَسْوَلُ: مؤنث سَوْلاَءُ۔ ج سُوْلٌ۔

سَوَّلَ: اَلَہُ الشَّیْطَانُ: گمراہ کرنا۔ کسی کام کرنے کے لئے روغن قاز ملنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مِنْ تَسْوِیْلَاتِ الشَّیْطَانِ" یہ شیطان کی گمراہیوں میں سے ہے۔ "سَوَّلَتْ لَہٗ نَفْسُہٗ کَذَا" اس کے نفس نے اس کو مزین کر دیا۔

تَسَوَّلَ. اَلْبَطْنُ: ڈھیلا پڑنا۔

اَلسَّوْلُ. اَلسُّوْلُ: کا مخفف۔

اَلسُّوْلُ: بہت پوچھنے والا۔

اَلسَّوْلاَءُ. اَسْوَلُ: کا مؤنث۔ بڑا ڈول۔

اَلسَّوِیْلُ: برابر۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا سَوِیْلَکَ فِی ھٰذَا الْاَمْرِ" میں اس کام میں تمہارے برابر ہوں۔

سَامَ یَسُوْمُ سَوْمًا وَسَوَامًا. اَلسِّلْعَۃَ: فروخت کے لئے پیش کرنا اور قیمت بتلانا۔

.....اَلْمُشْتَرِیُ السِّلْعَۃَ: بھاؤ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَامَ بِسِلْعَتِہٖ کَذَا وَکَذَا" اس نے اپنے سامان کا اتنے اور اتنے کا بھاؤ کیا۔

سَامَتِ الْمَاشِیَۃُ: جانور کا چراگاہ میں جانا۔

سَامَہُ الْاَمْرَ: تکلیف دینا۔ سَامَۃٌ خَسْفًا: ذلیل کرنا۔ اَلطَّیْرُ عَلَی الشَّیْءِ: پرندہ کا منڈلانا۔

.....اَلرِّیْحُ: ہوا کا چلنا اور جلدی سے گزرنا۔

سَامَ النَّاقَۃُ عَلَی الْحَوْضِ: اونٹنی کو حوض پر لے جانا۔

سَوْمَۃٌ. الْاَمْرُ: کرنے کی تکلیف دینا۔

.....ہ فِیْ مَا یَمْلِکُہٗ: حاکم بنانا۔ پوری قدرت دینا۔ فُلاَنًا: کسی کو اس کے حشاء پر چھوڑ دینا کہ جو چاہے کرے۔ استعمال عرب میں سے ہے "عَبْدٌ وَسُوْمٌ" اس کمینہ کے متعلق بولتے ہیں جس کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو

اَلْعَجَلُ: گھوڑوں کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔ عَلَیْھِمْ: لوٹ ڈال کر شاد پھیلانا

اَلْفَرَسُ: گھوڑے پر داغ لگانا۔

سَاوَمَ سِوَامًا وَمُسَاوَمَۃً. بِالسِّلْعَۃِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

تَسَاوَمَ. اَلسِّلْعَۃَ: فروخت کرنے میں جھگڑنا۔ ..... فِی السِّلْعَۃِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

اَسَامَ اِسَامَۃً. اَلْمَاشِیَۃَ: جانور کو چراگاہ کی طرف روانہ کرنا۔ اَلَیْہِ بَصَرَہٗ: نظر ڈالنا۔

اِسْتَامَ. فُلاَنًا اَلسِّلْعَۃَ: قیمت دریافت کرنا یہاں: زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔

تَسَوَّمَ: علامت لگانا۔

اَلسَّامُ: موت۔ زکل۔ واحد سَامَّۃٌ. اَلسَّامَّۃُ: موت۔ چاندی یا سونے کا کٹورا۔ کنوئیں کے اوپر کا گڑھا۔ ج سِیَمٌ۔

اَلسِّیْمَۃُ وَالسُّوْمَۃُ وَالسِّیْمَا وَالسِّیْمَی: علامت ہیئت۔ کہا جاتا ہے "فِیْ وَجْہِہٖ سُوْمَۃُ الصَّلاَحِ وَسِیْمَۃُ": اس کے اندر بھلائی کی علامت ہے۔

اَلسِّیْمِیَا وَالسِّیْمِیَاءُ: علامت۔ خوبصورتی۔

اَلسَّائِمُ: فا۔ خودسری سے چلنے والا جانور وغیرہ۔

اَلسَّائِمَۃُ وَالسَّوَامُ: چرنے والا اونٹ۔ جانور ج سَوَائِمُ.

اَلسَّوَامُ: مص۔ ایک پرندہ۔

اَلسَّمَامُ: جلدی گزرنا۔

اَلسَّمَامَۃُ: چوکھٹ کے نیچے والی لکڑی۔

اَلسَّوْمُ: خوبصورت بناوٹ والا۔ علامت لگایا ہوا۔ اَلْحَجَلُ الْمُسَوَّمَۃُ: چراگاہ چھوڑے ہوئے یا چھوڑے ہوئے گھوڑے۔

سُوِیَ یَسْوَیُ سَوًی. اَلرَّجُلُ: درست کام والا ہونا۔

سَوَّی. اَلشَّیْءَ: درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ السَّوْطَ فَاسْتَوٰی" میں نے کوڑے کو درست کیا اور درست بھی ہوا۔ ہموار کرنا اور مطلع جاننے اور کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے الآیۃ "یُسَوِّی الْاَبْصَارَ" (وَسَاوَی) بَیْنَھُمَا وَسَوَّاہُ وَسَاوَاہُ بِہٖ: برابر کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ عَلَیْہِ الْاَرْضَ: یعنی وہ ہلاک ہو گیا اور دفن کر دیا گیا۔ وَسَاوَی الشَّیْءُ: برابر کرنا۔ سَاوَی الرَّجُلُ قِرْنَہٗ: ہم مثل ہونا۔ قدر و قیمت میں برابر ہونا۔ علم و شجاعت میں ایک جیسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا لَا یُسَاوِیْ دِرْھَمًا" یہ ایک درہم کے برابر بھی نہیں۔

اَسْوٰی یُسْوِیْ: برابر ہونا۔ فاعل ہونا۔ درست امور والا ہونا۔ اَلشَّیْءَ: ہموار کرنا۔

اِسْتَوٰی: برابر کرنا۔

تَسَوّٰی: ہموار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَوَّتِ الْاَرْضُ بِہٖ" یعنی وہ ہلاک ہو گیا اور دفن کر دیا گیا۔

تَسَاوَیَا. فِیْ کَذَا: ہم مثل ہونا۔ برابر ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔

اِسْتَوٰی. اَلشَّیْءُ: معتدل اور برابر ہونا۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوَیْتُ الشَّیْءَ فَاسْتَوٰی" میں نے چیز کو سیدھا کیا اور وہ سیدھی ہو گئی۔ اَلرَّجُلُ: درست کام والا ہونا۔ پوری جوانی کو پہنچنا۔ عَلَیْہِ: غالب ہونا۔ عَلَی ظَھْرِ الدَّابَّۃِ: ہم کجاوہ ہونا۔ عَلَی عَرْشِہٖ "اِسْتَوٰی عَلٰی سَرِیْرِ الْمُلْکِ" کامل قبضہ و تصرف سے ..... فِی الشَّیْءِ: ارادہ کرنا۔ اِسْتَوَیْتُ بِہٖ: الْاَرْضَ: پرندوں ہونا۔ اِسْتَوَی الطَّعَامُ: پک جانا۔ ہونا۔

اَلسَّوِیُّ: ارادہ۔

marfat.com
Marfat.com

السَّوَاء: برابر، درمیان۔ جو کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ سَوَاءَهُ" اس نے اس کے وسط میں مارا۔ و "لَقِيْتُهُ فِيْ سَوَاءِ النَّهَارِ" میں نے اس سے دوپہر میں ملاقات کی اور سواء غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "جَاءَ وَا سَوَاءَ زَيْدٍ" زید کے علاوہ سب آئے اور مستوی کے معنی میں بھی جیسے "مَكَانٌ سَوَاءٌ وَثَوْبٌ سَوَاءٌ" یعنی لمبائی چوڑائی برابر والی جگہ یا کپڑا۔ و "سَوَاءُ السَّبِيْلِ" سیدھا راستہ۔ وَهٰذَا قِرْصٌ سَوَاءٌ: یہ پورا درہم ہے۔ سَوَاءُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔ السَّوَاء: مثل، مانند "هُمَا فِيْ هٰذَا الْأَمْرِ سَوَاءٌ" وہ دونوں اس معاملہ میں ایک جیسے ہیں اور اگر تم چاہو تو بجائے سَوَاءٌ کے سَوَاءٌ ان بھی کہہ سکتے ہیں اور جمع کی صورت میں هُمْ. سَوَاء یا هُمْ اَسْوَاء اور خلاف قیاس "هُمْ سَوَاسِ وَسَوَاسِيَة وَسَوَاسِوَة" بھی کہہ سکتے ہیں۔ وَلَيْلَةُ السَّوَاءِ: تیرہویں یا چودھویں کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سَوَاءٍ وَالْعَدَمُ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے اور جب سواء: کے بعد ہمزہ تسویہ ہو تو اَمْ کا ہونا ضروری ہے۔ چاہے دو اسم واقع ہوں یا فعل۔ جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ أَزَيْدٌ جَاءَ أَمْ عَمْرٌو" میرے لئے برابر ہے چاہے زید آئے یا عمرو۔ و "سَوَاءٌ عَلَيَّ أَقُمْتَ أَمْ قَعَدْتَ" میرے لئے برابر ہے چاہے تم کھڑے رہو یا بیٹھو اور سواء کے بعد دو فعل بغیر ہمزۂ تسویہ کے واقع ہوں تو ثانی کا عطف اَوْ کے ذریعے ہوگا جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ قُمْتَ أَوْ قَعَدْتَ" اور اگر دو مصدر واقع ہوں تو ثانی کا عطف وَاوْ اور اَوْ دونوں سے جائز ہے جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ قِيَامُكَ أَوْ قُعُودُكَ وَقِيَامُكَ وَقُعُودُكَ"۔

السِّوَىٰ وَالسُّوَىٰ: برابر۔ وسط۔ غیر مانند سواء کے اور یہ حروف استثناء میں سے ہیں جیسے "جَاءَ وَا سِوَىٰ زَيْدٍ" اور تم کہتے ہو "هٰذِهٖ رَجُلٌ سِوَاكَ" تمہاری جگہ میرے پاس دوسرا شخص ہے۔ و "تَسَوَّرْتُ بِرَجُلٍ سِوًى وَالْعَدَمِ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے اور کہا جاتا ہے "هُمَا عَلَى سِوَيَيْنِ" یعنی ان کے درمیان تفاوت نہیں۔

السَّوِيّ: ہموار۔ درست۔ برابر۔ انصاف۔ مَكَانٌ سَوِيٌّ: بیچ کی جگہ۔ غُلَامٌ سَوِيٌّ بے عیب لڑکا۔ ج اَسْوِيَاء۔

السَّوِيَّة. السَّوِيّ: کا مؤنث۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى سَوِيَّةٍ فِيْ هٰذَا الْأَمْرِ" وہ سب اس معاملہ میں برابر ہیں۔ و "قَسَمْتُ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ" میں نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کر دیا۔ لونڈیوں اور محتاجوں کی سواری۔ ج سَوَايَا.

السِّيُّ: بیابان۔ برابر۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا سِيَّانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ مكان سِيٌّ: ہموار جگہ اور مؤنث کے لئے کہا جاتا ہے "مَا هِيَ بِسِيِّ لَكَ وَلَيْسَتِ الْمَرْأَةُ لَكَ بِسِيِّ وَمَالَكَ بِاَسْوَاءٍ" یہ عورت یا یہ عورتیں تمہاری مثل نہیں اور "لَاسِيَّمَا" سی اور ما سے مرکب ہے اور کلمہ استثناء ہے اور مشہور یہ ہے کہ اس کا استعمال واو کے ساتھ ہوتا ہے اور لَاسِيَّمَا تخفیف کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی لا محذوف ہوتا ہے اور یہ ضعیف لغت ہے۔

لَاسِيَّمَا: اس لفظ کے ذریعے اس کے بعد والے لفظ کو معنی میں ترجیح ہوتی ہے اس کے ماقبل اس کلمہ (لاسیما) کے بعد والے لفظ کے اعراب میں دو توجیہ ہیں۔

(۱) مرفوع اس بنیاد پر کہ وہ مبتدا محذوف کی خبر ہے مثلاً یعجبنی الربیع لاسیما ازهاره۔

لا نفسی جنس سی: اسم ما موصولہ مجرد رمضاف الیہ ہی مبتدا محذوف ازهاره: اس کی خبر۔

مبتداء خبر مل کر صلہ موصول کا۔

لا نفسی جنس سی کی خبر محذوف

(۲) مجرور اس بنیاد پر کہ ما زائدہ سی مضاف اور ازهاره: مضاف الیہ۔ اس صورت میں لا کا اسم: سی اور خبر موجودۃ.

الْأَسْوَى: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْمَكَانُ أَسْوَى هٰذِهِ الْأَمْكِنَةِ".

الْإِسْتِوَاء: مص۔ درستی۔ اعتدال و (خط الاستواء) عِنْدَ الْجُغْرَافِيِّيْنَ: وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔

سَيَّات وَتَسْيَات. النَّاقَةُ: اونٹنی کا بغیر دودھ کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے "تَسَيَّأَتْ عَلَى الْأَمْسُورِ" میرے اوپر امور مختلف ہو گئے۔ "وَتَسَيَّأَ فُلَانٌ بِحَقِّيْ" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کر لیا۔

اِتْسَيَّأَ. اللَّبَنُ: دودھ کا بغیر دودھنے کے بہنا۔

السَّيُّ وَالسِّيُّ: دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دودھے ہوئے نکلے۔ ج سُيُوء.

سَابَ يَسِيْبُ سَيْبًا. الْمَاءُ: پانی کا ہر طرف کو بہنا..... الرَّجُلُ: تیز چلنا..... فِيْ كَلَامِهٖ: .....بغیر غور و فکر کے بولنا..... الدَّابَّةَ: جانور کا آزادانہ چلنا۔

سَيَّبَهُ: چھوڑ دینا..... الْعَبْدَ: غلام کو آزاد کر دینا۔

اِنْسَابَ اِنْسِيَابًا: تیز چلنا۔ اِنْسَابَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔

..... فُلَانٌ نَحْوَنَا: لوٹنا۔

السَّيْب: مص۔ بارش۔ داود دہش۔ مال زیادتی۔ گھوڑے کے دم کے بال۔ کشتی کا چپو۔ ج سُيُوب.

السِّيْب: پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُيُوب

سِيْب.: (فارسی)

السَّيَّاب وَالسَّيَّاب وَالسَّيَّاب: کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بسر ہیں) واحد سَيَّابَةٌ

marfat.com
Marfat.com

وَسَبَّاحَةُ السَّبَابَةِ: شراب۔
البَيَّان. صِبْيَان: کا حرف کلمہ ہے۔ یعنی جوں کے اڈے۔
السَّابِقَة: چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا۔ غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں نذر وغیرہ کے لئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے (اس کے بچے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا اور گھاس پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔) ج سُيُب وسَوَائِب.
سَيْح. الكَرْم: انگور میں باڑ لگانا۔
البَيَّاج: دیوار۔ باڑ۔ ج بَيَاجَات واَسْوِجَة ومُسُوْج.
السَّيْحَان: ایک قسم کی مچھلی۔
سَاحَ يَسِيْحُ سَيْحًا وسَيَحَانًا. المَاءُ: پانی کا سطح زمین پر بہنا۔ صفت مَاءٌ سَائِحٌ وسَيْحٌ: کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الأَرْضُ تُسْقَى بِالمَاءِ سَيْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے..... الظِّلُّ: پھرنا۔ بٹ جانا..... سَيْحًا وسَيَحَانًا وسِيَاحَةً وسُيُوْحًا: زمین میں عبادت کے لئے پھرنا۔ شہروں میں پھرنا۔ صفت (سَائِح) ج سُيَّاح وسَائِحُوْن.
سَيْحَةٌ واَسَاحَةٌ: بہانا۔ کہا جاتا ہے "يَسِيْحُ سَيْحَهُ واَسَاحَهُ" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی۔ اَسَاحَ الفَرَسُ بِذَنَبِهِ: گھوڑے کا دُم لٹکانا۔
اِنْسَاحَ بَطْنُهُ: پیٹ کا بڑھنا۔ موٹا ہونا..... الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا..... بِالَّهُ: کشادہ دل ہونا۔ اِنْسَاحَتِ الصَّخْرَةُ: چٹان کا پھٹ جانا۔
السَّيْح: مص۔ بہنے والا پانی۔ دھاری دار کمبل۔ ج سُيُوْح واَسْيَاح.
السَّائِح: مسجد میں رہنے والا روزہ دار۔
السَّيَّاح: ملکوں میں بہت پھرنے والا

السِّيَمَاح: برائی اور بخل کو پھیلانے والا۔ ج سَمَاسِيْح.
المُسَيَّح. مِنَ الثِّيَاب: دھاری دار کپڑا۔
سَاحَ يَسِيْحُ سَيْحًا وسَيَحَانًا: مضبوط ہونا۔
سَاحَتْ قَدَمُهُ فِي الطِّيْنِ: گارے میں پاؤں کا دھنس جانا۔
السَّيْح: بڑی کھجری۔ (فارسی)
السِّيَاح: مٹی کی عمارت۔ ج سُيُوْح.
سَارَ: (ض) سَيْرًا وتَسْيَارًا وسَيْرُوْرَةً وسَيْرُوْرِيَّةً: چلنا۔ سفر کرنا..... وبِهِ: چلانا..... الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا..... السُّنَّةَ: عمل کرنا۔ جیسے "وَ اوَّلُ رَاعِيَ سُنَّةَ مَنْ يَسِيْرُهَا" کسی نئے کام پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے۔ کہا جاتا ہے "سِرْ عَنْكَ" یعنی غافل ہو جاؤ اور بر داشت کرو۔ اس کی تقدیر یہ ہے "سِرْ وَدَعْ عَنْكَ الشَّكَّ والجِرَاءَ" سَارَ الكَلَامُ او المَثَلُ فِي النَّاسِ: مشہور ہونا۔
سَيَّرَ واَسَارَ. الرَّجُلَ: چلانا..... الجُلَّ عَنْ ظَهْرِ الدَّابَّةِ: اتار دینا..... سَيْرُ الثَّوْبِ واالسَّهْمِ: دھاری دار۔ الٹا۔ سَيَّرَ المَحَلُّ: لوگوں میں مشہور کرنا..... سَيَّرَ سَيْرَةً: پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا..... سَيَّرَهُ مِنْ بَلَدِهِ: جلاوطن کرنا۔ نکال دینا۔
سَايَرَهُ: ساتھ چلنا۔
تَسَيَّرَ. الجِلْدَ: چھل جانا۔
تَسَايَرَا: باہمل کر چلنا۔ تَسَايَرَ عَنْ وَجْهِهِ الغَضَبُ: زائل ہونا۔
اِسْتَارَ اِسْتِيَارًا: اڑا دینا۔ بھیرنا..... بِسَيْرَةِ فُلَانٍ: کسی کی سیرت و عادت پر چلنا۔
سَارٌ. الشَّيْءُ: تمام چیز۔ سائر میں ایک لغت ہے۔
السَّيْر: تسمہ۔ ج سُيُوْرٌ وسُيُوْرَةٌ واَسْيَارٌ.
السِّيْرَة: سار کا اسم۔ عادت۔ طریقہ۔ طرز زندگی۔ ہیئت۔ سِيْرَةُ الرَّجُلِ: سوانح عمری لوگوں کے ساتھ لوگ کی کیفیت۔ کہا جاتا ہے۔ "سُوْءُ حَسَنِ السِّيْرَةِ" وہ اچھی عادت والا ہے اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَنْ طَابَتْ سِيْرَتُهُ حُمِلَتْ بِيْرَتُهُ" جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔ ج سِيَر.
السِّيْرَاء: دھاری دار چادریں یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو۔ خالص سونا۔ ایک قسم کی نباتات۔ حنظل سے پھٹایا ہے۔ دل کا پارہ۔ گھوڑی کی ننگی۔
السَّائِر: فَاسَائِرُ الشَّيْءِ: چیز کا بقیہ۔ المَثَلُ السَّائِر.
السَّيَّار واالسَّيُوْرَة السَّيُوْر: بہت چلنے والا۔
السَّيَّارَة. السَّيَّار: کاسوئت۔ قافلہ۔ آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ۔ جیسے زحل مشتری مریخ زمین زہرہ عطارد وغیرہ۔ ج سَيَّارَات. السَّيَّارَة: مؤنث کا۔
السَّيَّار: مص۔ سیر کا مبالغہ۔
السَّمْسُوْر: مغ۔ قیاس کے لحاظ سے غیر منصرف ہے مگر صدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا۔ كَوْكَبٌ سَمْسُوْرٌ: آمد ورفت والا رات۔
السَّمِيْرَة: مص۔ سماعت۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا سَمِيْرَ خُوْمٍ" ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے۔
السَّمْسُر. مِنَ الثِّيَابِ: دھاری دار کپڑا۔
السِّيْح: جَمَلٌ كَالتِّيْلِ۔
سَيَسَ يَسُسُ سَيْسًا. الطَّعَامَ: مکھن پڑنا۔
سَاسَاء: شرم دلانا۔ عار دلانا۔
السِّيْس: چیتل کا پرندہ۔
السِّيْسَاء: ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ۔
سِيْسَاءُ الظَّهْرِ مِنَ الدَّوَابِّ: جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ۔
سَيْطَرَةٌ وتَسَيْطُر: نگہبان ہونا۔ داروغہ ہونا۔
سَاعَ يَسِيْحُ سَيْحًا وسُيُوْحًا. الشَّيْءُ: ضائع ہونا..... واِنْسَاعٌ وتَسَيُّح. المَاءُ: پانی کا اِدھر اُدھر بہنا۔ اِنْسَاعُ الجَاحِظِ: جمی ہوئی چیز کا پگھلنا۔

marfat.com
Marfat.com

سَيَّعَ. الحَائِطَ بِالطِّيْنِ: دیوار کا مٹی سے لیپنا
.....الشَّيْءَ: تیل وغیرہ ملنا۔
سَاعَ. الشَّيْءَ: ضائع کرنا۔
السَّيْح: مص۔ سطح زمین پر بہنے والا پانی۔
السِّيَاع: کارا۔ کہگل۔
السِّيْحَاءُ والسِّيْحَةُ: رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجْتُ بَعْدَ سِيْحَاءٍ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر جانے کے بعد میں نکلا۔
السِّيْسَجَةُ: کرنی۔ کہگل کرنے کا اوزار۔
نَاقَةٌ (مِسْيَاعٌ) بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لئے جانے والی اونٹنی۔
سَاغَ يَسِيْغُ سَيْغًا. الشَّرَابُ: خوشگوار بنانا۔
السَّيْغُ. مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔
سَافَتْ تَسِيْفُ سَيْفًا. اَلْيَدُ: ناخن کے اردگرد پھٹنا۔
سَافَهُ يَسِيْفُهُ سَيْفًا: تلوار سے مارنا۔
تَسْيِيْفًا: تلوار سے مارنا۔
سَايَفُوْا وتَسَايَفُوْا واسْتَافُوْا اِسْتِيَافًا: باہم تلوار بازی کرنا۔ واُسْتِيْفَ القَوْمُ: تلوار سے مارا جانا۔
السَّيْف: تلوار۔ ج اَسْيَاف وسُيُوْف واَسْيُف ومَسْيَفَة و(السَّائِف) تلوار سے مسلح۔ سَيْفُ الجَبَّار: تین ستاروں کے نام۔ سَيْفُ الرِّيَاح: ایک قسم کی نباتات۔
السَّيْفُ والسِّيْف: ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے۔
السِّيْفُ: سمندر کا کنارہ یا چیز کا کنارہ۔ ج اَسْيَاف وہ چیز جو کھجور کے ڈنٹھل کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے۔
السَّيْفَانُ. مِنَ الرِّجَال: لمبا دبلا مرد۔ مؤنث سَيْفَانَةٌ اور بقول بعض عورتوں ہی کے لئے مخصوص ہے۔
السَّيَّاف: شمشیر زن۔ ج سَيَّافَة. رَجُلٌ سَيَّاف: خون گرانے والا مرد۔ سَيَّاف الأَمِيْر: جلاد۔
الأَسْيَاف: پارچات۔
السَّنَةُ السَّنَايِف: خشک سالی۔ قحط۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُمُ السَّنَايِف" ان کو قحط سالی لاحق ہوئی۔
المُسِيْف: تلوار سے مسلح۔ دلیر۔ فقیر۔
المُسَيَّف. مِنَ الدَّرَاهِم: درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں..... مِنَ البُرُوْدِ: چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں۔
السَّيْكَاس: کھجور کی مانند پتوں اور تنے کے لحاظ سے لیکن صنوبر کے زیادہ قریب درخت ہے۔ اکثر زیب وزینت کے لئے بویا جاتا ہے۔
السِّيْكَاة: فن موسیقی کا ایک راگ (جدید)
سَالَ: (ض) سَيْلاً وسَيَلاَنًا ومَسِيْلاً ومَسَالاً. المَاءُ: بہنا۔ سَالَتْ غُرَّةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا۔
اَسَالَ إِسَالَةً وسَيَّلَ تَسْيِيْلاً. المَاءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔ اَسَالَ الجَامِدَ: پگھلانا۔ اَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ: لمبا کرنا۔
تَسَايَلَ. القَوْمُ: ہر طرف سے آنا۔
السَّائِلَة. مِنَ غُرَرِ الخَيْلِ: گھوڑے کی ناک تک پیشانی کی سفیدی۔ ج سَوَائِل۔
السَّيْل: مص۔ بہنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَيْلٌ" بہنے والا پانی۔ السَّيْل: سیلاب۔ ج سُيُوْل۔
السَّيْلَة: پانی بہنے کی جگہ۔ سال کا اسم مرۃ۔
السَّيْلَة: پانی کا بہاؤ۔
السَّيْلاَن: ایک قیمتی پتھر۔ تلوار کا وہ حصہ جو میان میں داخل ہو۔ ج سَيَالِيْن۔
السَّوَائِل. مِنَ المَعَادِنِ وغَيْرِهَا: بہنے والی چیزیں۔
السَّيَال: سفید لمبے کانٹوں والا ایک پودہ کہ جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے۔ واحد۔ سَيَالَة۔
السَّيَّال: زور سے بہنے والا۔ مؤنث سَيَّالَة
السَّيَّال: ایک قسم کی مچھلی۔
مَسِيْل. المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَسَايِل ومُسُل وأَمْسِلَة ومُسْلاَن۔
المُسَال. مِنَ الوَجْهِ: ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب۔
سِيْنِمَا تُوغْرَاف: وہ آلہ (پروجیکٹر) جو کہ بنائی گئی تصاویر (سلائیڈز) کو سکرین پر پیش کرنے کیلئے تیار کیا گیا ہو۔ وہ گھر جس میں مناظر سینمائی دکھائے جائیں۔
اَمِيْزَامَا: سینما کا جدید آلہ (3d) جو کہ اشخاص کی تصاویر وغیرہ ایسی عمدہ پیش کرتا ہے گویا کہ وہ اصلی اور حقیقی ہیں۔
السِّيْمُوْنِيَّة: سیمون جادوگر کی طرف منسوب۔ مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش۔
سِيَة. القَوْسِ: کمان کا سرا۔ ج سِيَات۔

marfat.com
Marfat.com

ش: الشین: بنیادی حروف میں سے ہے تیرہواں ہے۔

الشُّؤبُوب: بارش کی بوچھاڑ۔ دھوپ کی تیزی۔ ہر چیز کی حد۔ ہر چیز کی شدت و تیزی۔

آغاز حسن۔ یہ شَابَ یَشِیبُ: کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ شَابِبِ الوَجْهِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے۔

الشَّیُوب: بھوکر کھانے والا گھوڑا۔

شَاحَهُ یَشُوحُهُ. الاَمْرُ: ممکن کرنا۔

شَیزَ (س) شَأزًا وشُؤزَةً وشُؤازًا. المَکَانُ: سخت اور بلند ہونا۔ ناہموار ہونا۔

صفت (شَأزٌ وشَیزَةٌ) (..... وشُیزٌ): بے آرام ہونا۔ ڈرنا۔

شَاَزَ (ف) شَأزًا. الحَارِیَةُ: جماع کرنا۔

اَشْأزَهُ: رنجیدہ کرنا۔ بے آرام کرنا۔ ڈرانا۔

اَشْأزَ الرَّجُلُ. عَنْ کَذَا: بلند ہونا۔

اِشْئِزَاز: بدکنا۔

الشَّأزَةُ: اسم مر تہ جَبَلٌ شَأزَةٌ: ہوتا گھوڑا۔

المَشْئُوزُ والمَشْؤُوزُ: بے آرام۔ بے قرار۔ خوفزدہ۔

شَیِسَ (س) شَأسًا. الشَّیْءُ: سخت ہونا۔

..... الرَّجُلُ: مرض یا غم سے بے قرار ہونا۔

المَکَانُ: سخت وتکریزہ دار ہونا۔ مَکَانٌ (شَیِسٌ وشَاسٌ): سخت وتکریزہ والی جگہ۔ ج شَیِسٌ و شُوسٌ.

شَاظَهُ شَأظَةً وشَاظَهُ. الرَّاعِی. الفَحْلَ أو الحَمِیرَ وبِهَا: شَأظًا وشُؤُوظًا: کہہ کر ہانکنا۔ النَّعْلَةُ: درخت غرماں کی چھال نکالنا۔

تَشَاءَمَ وتَشَأَّمَ: ملک شام کی جانب منسوب ہونا۔ بائیں طرف ہونا۔

تَشَاءَمَ وتَشَأَّمَ. بِهِ: بدفال کرنا۔ بدشگون لینا۔

الشُّؤمُ: نحوست۔ کالے اونٹ۔

الشَّامُ والشَّأمُ: ملک شام۔

الشَّامِیُّ والشَّأمِیُّ والشَّأمِیَّةُ: ملک شام کی جانب منسوب۔

الشَّوْمَةُ: قاطع نحوست لانے والا۔

الشَّئِیمَةُ والشَّئِیمَةُ: نحوست۔

الشَّیْمَةُ والشِّیمَةُ: خلق۔ عادت۔ طبیعت۔ طریقہ۔ جبلت۔

الاَشْأمُ: اسم تفضیل اور اسی سے ہے "اَلشَّأمُ کُلُّ اَعسرَ یَسِرَ یَعنی ہر بائیں کام کو لانے والی چیز اس کے دونوں جزؤں کے درمیان ہے یعنی زبان۔ بدشگی لانے والا۔

مؤنث شَوْمَی.

والِدَةُ الشَّوْمَی: بایاں پاؤں۔

الاَشْأمَانِ. إِیلَمانِ. کی جگہ۔

المَشْؤمُ والمَشْؤُومُ: منحوس۔ بدبخت۔ ج مَشَائِیمُ.

شَأنَ (ف) شَأنًا: صاحب عزت وحرمت ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَأنَ شَانَکَ" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا۔ "مَا شَأنُ شَانَکَ" اس نے تمہارے کام کی پروا نہیں کی۔ "وَاشَأنَ شَانَکَ" "بڑی حالت پر ہے"

اِشْأنَّ. شَأنَکَ: کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا۔

شَاءَ (ف) شَاءً. الفَرَسُ: مشرق ہونا۔ نعرنا۔

الشَّاءَاءُ: مس۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ کھجور کے لمبے درخت۔

شَیِفَ (س) شَأفًا. الرَّجُلُ: آبلہ پڑنا۔

صفت (مَشْؤُوفٌ) شَیِفَ أصَابِعُهُ: ناخنوں کے ارد گرد پکنا۔ (..... شَأفًا وشَفَفًا) فُلَانًا ولِفُلَانٍ: بخش رکھنا۔

شَیِفَ: خوفزدہ ہونا۔ ڈرایا جانا۔ صفت (مَشْؤُوفٌ) شُئِفَ الرَّجُلُ: آبلہ پڑنا۔

اِشْئَفَّتِ. القَرْحَةُ: خراب ہو کر بڑا پکر لینا۔

شَأفَ. القَرْحَ: زخم کی کرانی۔

اِشْئِفَافٌ: بڑے کے لازم۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَأصَلَ شَأفَتَهُ" اس نے اسے جڑ سے کھود دیا۔ و "بَیْنَهُمْ شَأفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے۔ و "اِسْتَأصَلَ اللّٰهُ شَأفَتَهُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے۔ شَأفَةُ الرَّجُلِ: اہل وعیال۔

رَجُلٌ شَأفَةٌ: معزز و بلند مرتبہ مرد۔

شَأمَ (ف) شَأمًا. القَوْمَ وعَلَیْهِمْ: بددعا کرنا۔ ذالنا۔ صفت (شَائِمٌ)

شَوُمَ (ک) شَآمَةً وشُؤمًا. عَلَیْهِمْ: منحوس و نامبارک ہونا۔

شَأمَهُمْ: ملک شام کی طرف روانہ کرنا۔

شَاءَمَ مُشَاءَمَةً. بِهِ: بائیں طرف لینا۔

الرَّجُلُ: ملک شام میں آنا۔

اَشْأمَ. لَکَ: ملک شام کا ارادہ کرنا۔ ملک شام میں آنا۔ سر اٹھائے ہوئے گزرنا۔

marfat.com
Marfat.com

الشَّان ج شُؤُوْن وشُئُوْن: بڑے بڑے امور و احوال۔ معاملہ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "مِنْ شَأْنِهٖ كَذَا وَاَنْ يَّفْعَلَ كَذَا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے۔ و"مَا شَأْنُكَ" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شُؤُوْن وشُؤُوْن: سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَتِ الرَّاصِحَةُ اِلٰى شُؤُوْنِ رَاْسِهٖ" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی۔ پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں..... شُؤُوْن وشُئُوْن: رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں۔ کہا جاتا ہے "فَاضَتْ شُؤُوْنُهٗ" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہو گئیں..... الشُّؤُوْن: حاجتیں۔ کہا جاتا ہے "كَلَّفَنِيْ شُؤُوْنَكَ" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کردو..... شُؤُوْنُ الْخَمْرِ: شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے۔

شَأَى يَشْؤُ وشَاْوًا واِشْآءً اِشْآءً. القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ شَأَى الغُرَاب مِنَ البِئْر: کنویں سے مٹی نکالنا۔

شَاءَ يَشَاءُ مَشَاءً. القَوْمَ: آگے بڑھنا۔ آگے بڑھنے میں مخالفہ کرنا۔

تَشَاءَى تَشَاءِيًا. القَوْمُ: ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔ متفرق ہونا۔ تَشَاءَى مَابَيْنَهُمَا: فاصلہ پر ہونا۔

الشَّاءُ: مص۔ مدت۔ غایت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِيْدُ الشَّاءِ" یعنی فلاں عالی ہمت ہے و"عَدَا الشَّاوَ" وہ ایک چکر دوڑا۔

الشَّاءُ: اونٹنی کی مہار۔ اونٹنی کی ہنکنیاں۔ زنبیل۔ کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔

الشِّئَاة: کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔ ٹوکری جس سے کنوئیں کی مٹی نکالی جائے۔ ج المَشَائِي.

الشَّأْيَة: تالے کی جھڑ۔

شَبَّ (ض) شَبًّا وشَبِيْبَةً. الغُلَامُ: جوان ہونا۔ کہتے ہیں "مِنْ شَبَّ اِلٰى دَبَّ" جوانی سے بڑھاپے تک۔

شَبَّ (ن ض) شَبًّا وشَبَابًا وشُبُوْبًا. الفَرَسُ: اگلے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا۔ نشاط میں ہونا۔ عرب کا مقولہ ہے "الجَوْهَرُ يَشُبُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھا دیتا ہے۔

شَبَّ (ن) شَبًّا وشُبُوْبًا. النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ شَبَّتِ النَّارُ: آگ روشن ہونا..... الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ بڑھنا۔

شَبَّ. الشَّيْءُ: زیادہ کیا جانا۔ بلند کیا جانا۔

شُبَّتْ. النَّارُ: روشن ہونا۔ شُبَّ لَهُ الشَّيْءُ: اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا۔

شَبَّبَ وتَشَبَّبَ: جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا..... الشَّاعِرُ بِالفَتَاةِ: عورتوں کے محاسن واوصاف کو بیان کرنا۔ شَبَّبَ قَصِيْدَةً: عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَبَّبَ قَصِيْدَتَهٗ بِفُلَانَةٍ" شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے تھے۔ پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ ایام شباب کا ذکر نہ ہو۔ شَبَّبَ الكِتَابَ: کتاب شروع کرنا۔

تَشَبَّبَتِ النَّارُ: آگ روشن ہونا۔ بھڑکنا۔

اَشَبُّ. الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔

الرَّجُلُ: جوان اولاد والا ہونا..... اللّٰهُ الغُلَامَ: لڑکے کو جوان کرنا..... الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا..... الثَّوْرُ: بیل کا بوڑھا ہونا۔ صفت (مُشِبٌّ ومُشِبٌّ وشَبَبٌ ومِشَبٌّ)

اُشِبَّ. لَهٗ كَذَا: مقدر کیا جانا۔

الشَّبُّ: پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے۔ جوان۔ شَبُّ اللَّيْلِ: ایک قسم کی نباتات۔

الشَّبَابُ والشَّبِيْبَةُ: مص۔ جوانی بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ۔ ابتداء جیسے "شَبَابُ النَّهَارِ" دن کی ابتداء۔ الشَّبَابُ: بمعنی تشبیب کہا جاتا ہے۔ "لَهٗ شَبَابٌ حَسَنَةٌ" اچھی تشبیب والا قصیدہ اور شبیہ کی جمع شَبَائِب.

الشَّبُّوْبُ: عمدہ بنانے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَبُّوْبٌ لِكَذَا" یہ اس کے حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے۔ مثلاً "الحِمَارُ شَبُّوْبٌ لِوَجْهِهَا" اور معنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے (..... والشِّهَاب) جس سے آگ جلائی جائے۔

الشَّبَابَة: ایک قسم کی بانسری (مولدۃ): عوام اس کو مِنْجَرَة: کہتے ہیں۔

الشَّابُّ والشَّبُّ: جوان۔ ج شَبَاب وشُبَّان وشَبِيَّة مؤ شَابَّة وشَبَّة ج شَابَّات وشَبَّات وشَوَابُّ وشَبَائِب.

المُشِبُّ: شیر۔

المَشْبُوْب. مِنَ الرِّجَال: تیز خاطر مرد۔

المَشْبُوْبَان: زہرہ ومشتری۔ نَارٌ مَشْبُوْبَة: بھڑکائی ہوئی آگ (نَارٌ شَابَّة: نہیں بولتے۔)

الشِّبِث: سوئے کا ساگ۔

شَبِثَ (س) شَبَثًا وتَشَبَّثَ. بِكَذَا: چمٹنا۔ معلق ہونا۔

رَجُلٌ (شَبِثَة) اپنے مقابل کو چمٹنے والا۔

الشِّبِث: ایک قسم کی ترکاری۔

الشَّبَث: بکری۔ ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں بہت ہوتی ہیں۔ ج اَشْبَاث وشِبْثَان. رَجُلٌ (شَبِث): چمٹنے والی طبیعت والا مرد۔

الشِّبَاث والشَّبُّوْث: ٹیڑھے سرے والی سیخ۔ ج شَبَابِيْث.

اَشْبَجَ. البَابَ: دروازہ بھیڑنا۔

الشَّبَج: بلند دروازہ یا دروازہ۔ واحد (شَبَجَة)

شَبَحَ (ف) شَبْحًا. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ چیرنا..... الجِلْدَ: کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا..... الرَّجُلَ: گھسیٹنا..... الدَّاعِي: دعا کے لئے ہاتھ پھیلانا..... فُلَانًا لَهٗ: کسی کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا۔

marfat.com
Marfat.com

شَبْرٌ (ک) شَبَارَةً: لمبے چوڑے بازوؤں والا ہونا۔

شَبَحٌ: بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دو دیکھنا۔ الشَّبَحُ: پھیلنا، چوڑا کرنا۔

تَشَبَّحَ: الْحَرْبَاءُ عَلَى الْعُوْدِ: گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا۔

الشَّبَحُ وَالشَّبَحُ: شخص۔ بلند عمارت کا دروازہ۔ ج شُبُوْحٌ وَاَشْبَاحٌ۔ اَشْبَاحُ الْمَالِ: نظر آنے والا مال جیسے اونٹ گائے بکری وغیرہ۔

الشَّبْحَةُ: اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نَزَعَ سَقْفَ بَيْتِي فَبَقِيَ شَبْحَةٌ" اس نے میرے گھر کی چھت سے ایک ایک لکڑی نکال لی۔

عِنْدَ الْمَوْلِدَيْنِ: گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسی۔

اَلْمُشَبَّحَةُ: وہ تصاویر جو سکرین پر سینما میں دکھائی جاتی ہیں۔

الشَّبْحَانُ: لمبا۔

الشَّبْحَانُ. مِسْقَلَةٌ: کھیل کود کی دو لکڑیاں (دیکھئے مِسْقَلَةٌ)

الشَّبْحُ: دو وہ دھنے کی آواز۔

اَلْبِشْدَعُ وَالْبِشْدَغُ وَالشِّيْشَغُ: بچھو۔ معیت۔ زبان۔ ج شَبَادِعُ۔

شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا. اَلثَّوْبَ وَنَحْوَهُ: باشت سے ناپنا۔ شِبْرٌ مَالًا: کسی کو مال دینا۔

شَبِرَ (س) شَبَرًا. اَلرَّجُلُ: اکڑنا۔ اترانا۔

شَبَّرَ. الشَّيْءَ: اندازہ کرنا..... فُلَانًا: تعظیم کرنا۔

اَشْبَرَ. فُلَانًا: فضیلت دینا..... مَالًا: دینا

..... اَلرَّجُلُ: لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا۔ پست قد بیٹوں والا ہونا۔

تَشَابَرَ. اَلْفَرِيْقَانِ فِي الْحَرْبِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ یہاں تک کہ ایک باشت کا فاصلہ رہ جائے۔

تَشَبَّرَ: بڑا ہونا۔

اَلشَّبْرُ: حص۔ مہر۔ کہا جاتا ہے "زَوِّجْهَا وَلَمْ يُعْطِهَا شَبْرًا" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا۔ نکاح۔ عمر۔ قد و قامت۔

اَلشِّبْرُ: عمر۔ باشت۔ ج اَشْبَارٌ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِيْرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے۔

اَلشَّبَرُ: علیہ۔ خیر۔

اَلشِّبْرَةُ: علیہ۔

اَلشِّبْرَةُ: قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)

اَلشَّبُوْرُ: بگل۔ ج شَبَابِيْرُ وَشَبُوْرَاتٌ (کلمہ عبرانی ہے)

اَلشَّابُوْرَةُ: قلیچ۔ کہرا (جدید)

شَابِرٌ. اَلْمِيْزَانُ: چہرہ۔

فُلَانٌ (اَفْعَسُ) مِنْكَ: فلاں تم سے وسیع باشت والا ہے۔

اَلْاَشْبَرُ: ایک قسم کی مچھلی۔

اَلشَّابِرُ (فقہی): کھیتی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے۔ واحد (شَابِرٌ وَشَابِرَةٌ)

شَبْرَقَ. الثَّوْبَ: کپڑے کے ٹکڑے کرنا۔ شَبْرَقَ اللَّحْمَ: پارچہ پارچہ کرنا۔ شَبْرَقَتِ الدَّابَّةُ فِي مَشْيِهَا..... جانور کا دو رو در قدم رکھنا.....

اَلْبَازِي الصَّيْدَ: نوچنا اور پھاڑنا..... اَلثَّوْبَ: بُرا بنانا۔

اَلشَّبَارِقُ وَالشُّبَارِقُ: بکھرے۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبَارِقُ وَشُبَارِقُ وَشَبَارِيْقُ وَشُبَارِيْقُ وَشَبَارِقُ وَشُبَارِقُ" کپڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔

اَلشِّبْرِقُ: بلی کا بچہ۔ ج شَبَارِقُ۔

اَلشِّبْرِقُ: کپڑے کا ٹکڑا۔

اَلشِّبْرَاقُ. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: بہتی۔

ثَوْبٌ (مَشْبُوْقٌ) بُرا بنا ہوا کپڑا۔

اَلشَّبْرُمُ: پست قد۔

اَلشُّبْرُمَةُ: بلی۔

اَلشَّبْرَقُ: آسیب زدہ۔

تَشَبَّصَ. اَلشَّجَرُ: آپس میں گتھا ہوا ہونا۔

اَلشَّبَصُ: درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ کانٹا۔

شَبَطَ: ترکی میں مطلق فروری۔

اَلشَّبُّوْطُ وَالشَّبُّوْطُ وَالشَّبُّوْطُ: ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ج شَبَابِيْطُ

شَبِعَ (س) شَبَعًا وَشِبْعًا. وَمِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا۔ تم کہتے ہو "هٰذَا الْأَمْرُ وَزُوْنِيْكَ" یعنی تم کسی معاملہ سے بلول ہو جاؤ۔

شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً. عَقْلًا: بہت عقل والا ہونا۔

شَبَّكَ. غَنَمَهُ: آسودگی کے قریب ہونا۔

اَشْبَعَهُ: کھلا کر شکم سیر کرنا..... اَلشَّيْءَ: زیادہ کرنا..... اَلثَّوْبَ مِنَ الصَّبْغِ: خوب گہرا رنگنا..... اَلْكَلَامَ: مکمل کہنا۔

تَشَبَّعَ: بکثرت شکم سیر ہونا۔ ظاہر کرنا۔ بہت کھانا۔

اَلشِّبْعُ وَالشِّبَعُ: کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے۔

اَلشِّبَاعَةُ: آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا۔

اَلشُّبْعَةُ: ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار۔

اَلشَّبْعَانُ: شکم سیر۔ مؤ۔ ث شَبْعَى وَشَبْعَانَةٌ ج شِبَاعٌ وشَبَاعَى کہا جاتا ہے "هِيَ شَبْعَى الْيَدَيْنِ" وہ گوشت بازو والی ہے۔ و"شَبْعَى الْعَلَاجَاتِ أَوِ السَّوَارِ وَالْمِدْرَعِ" یعنی موٹی۔

اَلشَّبْعَةُ: شکم سیر عورت۔

اَلشَّبُوْعُ: بہت۔ کہا جاتا ہے "شَبُوْعٌ شَبِيْعُ الْعَقْلِ" بہت عقل والا پکا اور "شَبِيْعُ الْعَقْلِ" بہت عقل والا مرد۔ "حَمْلٌ شَبِيْعٌ" بہت لمبوں والی رسی۔ ج شُبُعٌ۔

شَبِقَ (س) شَبَقًا: بہت شہوت والا ہونا۔ صفت (شَبِقٌ) مؤ۔ ث شَبِقَةٌ۔

مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کھانے سے پرشہوت ہونا۔

اَلشَّوْبَقُ: بیلن۔ ج شَوَابِقُ (کلمہ فارسی ہے) مشہور (شُوْبَكٌ) بہ ضمتین و کاف سے چھ بک کا معرب ہے۔

شَبَكَ (ض) شَبْكًا. اَلْأُمُوْرَ: ایک

marfat.com
Marfat.com

دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔
پیچیدہ ہونا۔ شَبَّكَهُ عَنْهُ: غافل کر دینا
(شَبَكَ وشَبَّكَ) الشَّيْءَ: ایک دوسرے میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَكْتُ اَصَابِعِي بَعْضَهَا فِي بَعْضٍ و شَبَكْتُ بَيْنَ اَصَابِعِي" میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔
اَشْبَكَ. القَوْمُ: نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا۔ "اَشْبَكَ المَكَانُ" قریب کنوئیں والی ہونا۔
شَابَكَ. بَيْنَ الاَصَابِع: انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا۔
تَشَابَكَ. الاُمُوْرُ: باہم خلط ملط ہونا۔
اِشْتَبَكَ وتَشَبَّكَ: خلط ملط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا..... الكَلامُ اَوِ الاُمُوْرُ: پیچیدہ ہونا۔
الشَّبَكَة: شکاری کا جال۔ ج شَبَك وشِبَاك وشَبَكَات. الشَّبَكَة: بہت کنوئیں والی زمین۔ قریب قریب والے کنوئیں۔
الشَّبَكَة: قرابت۔
طَرِيْقٌ (شَابِكٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ۔ ج شوابک۔
الشَّبَّاك: جال بنانے والا۔
الشُّبَّاك: درپچی جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج شَبَابِيك الشُّبَّاك: شکاری کا جال۔ شکاری۔ گویا کہ یہ شَابِك کی جمع ہے۔ جیسے کاری کی جمع قراء۔
الشَّبَابِيك: جھگڑے۔
المُشَبَّك: ایک قسم کا کھانا۔
شَبَلَ (ن) شَبْلاً. الغُلامُ: لڑکے کا ناز و نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت (شَابِل) ..... فِي بَنِي فُلانٍ: پرورش پانا۔
اَشْبَلَ. عَلَيْهِ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔ اَشْبَلَتِ المَرْاَةُ عَلَى اَوْلادِهَا: شوہر کی وفات کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔

الشِّبْل: شیر کا بچہ جب کہ وہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَال وشِبَال واَشْبُل وشُبُوْل. اَبُو الاَشْبَال: شیر۔
لَبُوْةٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔
مَكَانٌ (مَشْبُوْلٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔
شَبَمَ (ن) شَبْمًا وشَبَمًا. الجُدَيُّ: بکری کے بچہ کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔
شَبِمَ (س) شَبَمًا. المَاءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا۔
الشَّبَم: سردی۔
الشَّبُّوْم: صبح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صبح شام۔ الشَّبُّوم: ہتھیار۔ زہر۔ موت۔
الشِّبَام والشِّبِّم: لکڑی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگا دی جائے تا کہ دودھ نہ پیئے۔
الشِّبَام: برفج کے دودھ گے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔
المُشَبَّم: تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔
شَبَنَ (ن) شَبْنًا. الغُلامُ: لڑکے کا نازک اندام و پُر گوشت ہونا۔ (..... شُبُوْنًا) الشَّيْءُ: قریب ہونا۔
الشَّابِنُ. مِنَ الغِلْمَانِ: نازک اندام و پُر گوشت لڑکا۔
الشَّبِيْنُ والاَشْبِيْنُ: دولہا کا خدمت گار۔ شَبِيْنَة واُشْبِيْنَة: دلہن کی خدمت گار (کلمہ سریانیہ ہے)
الشَّبَانِيُّ والاَقْبَانِيُّ والشَّبَانِيُّ: سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔
شَبَّهَهُ. اِيَّاهُ وشَبَّهَهُ بِهِ: تشبیہ دینا۔ تمثیل دینا۔ شَبَّهَ عَلَيْهِ الاَمْرَ: مشتبہ کرنا۔ شَبَّهَ الشَّيْءُ: مشکل ہونا۔
شُبِّهَ. عَلَيْهِ الاَمْرُ: مشتبہ کیا جانا۔
اَشْبَهَهُ وشَابَهَهُ: مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ اَشْبَهَ فُلانٌ اُمَّهُ: فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔
تَشَبَّهَ بِهِ: مانند ہونا۔ عمل میں مشابہت کرنا۔
تَشَابَهَ. الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ الاَمْرُ. مُتَشَابِهَةً: یعنی غیر محکم ہونا۔
اِشْتَبَهَا: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ اِشْتَبَهَ فِي الاَمْرِ: صحیح ہونے میں شک کرنا..... الاَمْرُ عَلَيْهِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔
الشِّبْهُ والشَّبَهُ: مثل مانند۔ ج اَشْبَاه ومَشَابِه: جیسے (حسن ومحاسن) الشَّبَه: مشابہت ایک خاردار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔ (الشِّبْه والشَّبَه والشَّبَهَان والشِّبْهَان) مثل۔
الشُّبْهَةُ: مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَه وشُبُهات.
الشَّبِيْه: مثل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاه.
المُشَبَّه والمُشْتَبَه. مِنَ الاُمُوْرِ: مشکل جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِيَّاكَ والمُشَبَّهَات" اپنے آپ کو اُمور مشکلہ سے بچاؤ۔
اَلْمُشَبِّهَةُ: اسلامی فرقوں میں سے ایک فرقہ جو کہ اللہ تعالیٰ کو صفات و اسماء میں مخلوق کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔
شَبَا يَشْبُو شَبْوًا. الشَّيْءُ: بلند ہونا..... الفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
..... الوَجْهُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا..... النَّارَ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔
اَشْبَى اِشْبَاءً. الرَّجُلَ: دینا..... عَلَيْهِ: مہربان ہونا ..... ه: تعظیم و اکرام کرنا۔ مصیبت میں ڈالنا..... الشَّجَرُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا..... الشَّيْءَ: ہٹانا..... الرَّجُلُ: ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشْبِي ومُشْبٍ)
الاَوْلادُ اَبَاهُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔
الشَّبَاةُ: نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا..... مِنَ السَّيْفِ: دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبَا

marfat.com
Marfat.com

وشَوَات: بے وقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلُ شَمَاةٌ" یہ بے وقوف مرد ہے۔

شَمُوسٌ: شجر کے لئے علم اور ہے اور علمیۃ تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔

الشَّبُوْ: رکو۔ تکلیف۔

شَبَّ (ض) شَبًّا وشَبَابًا وشَبِيْبًا: متفرق ہونا (..... وشَبَّتْ وأَشَبَّتْ) الأَشْبَاءُ: متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَشَبَّ بِي قَوْمِي" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔

تَشَبَّثَ وانْشَبَّ واشْتَبَّ. الشَّمْلُ: متفرق ہونا۔

الشَّبُّ: معص۔ پراگندگی۔

أَمْرٌ شَبٌّ وشَبَّاءُ: پراگندہ و متفرق۔ کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج أَشْبَاتٌ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَبًّا وشَبَّاءَ وجَاءُوْا أَشْبَاتَ شَبَاتٍ" وہ لوگ متفرق در متفرق ہو کر آئے۔ نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔

شَنَّانٌ: بنی علی الفتح اور کبھی نون کسور ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بُعْدٌ کے معنی میں۔ کہا جاتا ہے "شَنَّانَ بَيْنَهُمَا وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا زَيْدٌ وأُخْوَّهُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔

الشَّيْبُوْبَةُ: معص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَيْبُوْبَاتٌ (جیسے مریض اور مرضی) غَمْرٌ شَيْبُوْبٌ: جدید رے ذات۔

أَنَاسٌ شَتَّى وشُتُوْتٌ: مختلف قبائل کے لوگ۔ أَشْيَاءُ شَتَّى: مختلف چیزیں اور کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِي أَمْرٍ شَتًّى" وہ لوگ متفرق امور میں پڑ گئے۔

شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا: الشَّيْءَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا..... الرَّجُلَ: زخمی کرنا..... العَيْنَ: پلک الٹنا۔

شَتِرَ (س) شَتَرًا: کٹنا۔ نیچے کے پپوٹے ہونے ہونٹ والا ہونا..... بہ: گالی دینا۔ (..... وفیہ) الٹی ہوئی پلک والا ہونا یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔

شَتْرٌ عَيْنُهُ: پلک الٹنا۔ گالی دینا۔ معیب کرنا۔ کھنچ جانا میں سنانا۔

انْشَتَرَتْ. عَيْنُهُ: الٹی ہوئی پلک والی ہونا۔

الأَشْتَرُ: معص۔ کٹنا۔ پلک الٹنا۔ عیب۔ نقص۔

الشُّتْرَةُ: دو انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشَّتِيْرُ: بہت عیب و برائی والا۔ بدخلق۔

الأَشْتَرُ: الٹی ہوئی پلک والا۔ پپوٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے پپوٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤ مِنْهُ شَتْرَاءُ. ج شُتْرٌ.

الشَّوْتَرَةُ: بڑے سر کی عورت۔

شَتِعَ (س) شَتَعًا: بیماری یا بھوک کی وجہ سے کمزور ہونا۔

شَتَفَ (ض) شَتْفًا: روکنا۔ دلیل کرنا۔

أَشْتَفَهُ: تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔

المَشَاتِفُ: ہلاکتیں۔

شَتَلَ يَشْتُلُ شَتْلًا وشَتَلَ أَشْتُلُ: (سریانی لفظ) پودے کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگانا۔ الشَّتْلَةُ "الفعل" کا واحد۔ وہ پودا جس کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگایا جائے۔ اس کو ہماری زبان میں "بیٹری لگانا" بولتے ہیں۔

المَشْتَلُ: بیج لگانے کی جگہ تاکہ اگنے کے بعد اسکو دوسری جگہ لگایا جاسکے۔ (گرین ہاؤس)

الأَشْتَلُوْثُ: وہ شخص جس کا لباس غیر منظم ہو۔

شَتَمَهُ (ض ف) شَتْمًا ومَشْتَمَةً ومَشْتِمَةً ومَشْتُمَةً وشَتَامًا: گالی دینا (شَتْمًا) گالی دینے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَاتَمَهُ فَشَتَمَهُ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

شَتُمَ (ک) شَتَامَةً: بدصورت و کریہہ المنظر ہونا۔ صفت (شَتِيْمٌ) الشَّتِيْمُ: غضبناک شیر۔

شَتَمَهُ: بہت گالی دینا۔

شَاتَمَهُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَشَاتَمَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

تَشَتَّمَ: گالی سننے کے درپے ہونا۔

الشَّتَامَةُ: معص۔ بدصورتی کے ساتھ بدن کی درستگی۔

الشَّتِيْمَةُ: گالی۔ ج شَتَائِمُ.

الشَّتَّامُ والشَّتَّامَةُ: برے چہرہ والا۔ بدخلق۔

الشَّتَّامُ والشَّتَّامَةُ: بہت گالی دینے والا۔

الشَّتَامَةُ: شیر غضبناک۔

شَتَنَ (ن) شَتَنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو بوسیدہ صفت (فاعل)

الشَّتَنُ: معص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَتَنُ الكَفِّ" سخت ہتھیلی والا مرد۔

الشَّتِيْنُ: بنے والا۔

شَتَا يَشْتُوْ شَتْوًا وشَتًى وشَتِيَةً وتَشْتِيَةً. بالبَلَدِ: کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا۔ شَتَا وشَتَّى المَكَانَ: جاڑے سر ما قیام کرنا۔ شَتَّاهُ: زاجہ سرما کے لئے کافی ہونا۔

شَتَا يَشْتُوْا شَتْوًا وشُتِيَ وأَشْتَى القَوْمُ: موسم سرما میں داخل ہونا۔ موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اٹھانا اور کہا جاتا ہے "أَشْتَى شَيْءٌ يُشْتِيْنِي" یہ زاد سرما میرے لئے کافی ہوگی۔ شَتَا الشِّتَاءُ: سردی پڑنا۔

شَاتِي مُشَاتَاةً وشِتَاءً. الرَّجُلَ: جاڑے گھر کے لئے معاملہ کرنا۔

الشِّتَاءُ: معص۔ موسم سرما۔ ج أَشْتِيَةٌ وشُتِيٌّ اور نسبت کے لئے (شَتَوِيٌّ وشَتْوِيٌّ) الشَّتْوِيُّ: جاڑے کی بارش فَاتِحَةُ الشِّتَاءِ: آگ۔

الشِّتَاءُ والشِّتَاءَةُ: قحط۔

الشَّتَاةُ والشَّتْوَةُ: جاڑا۔ صاحب الشَّتْوَةِ وہ شخص جس کے پاس جاڑے میں پناہ لی جائے۔

الشَّتِيُّ: جاڑے کی بارش۔

المَشْتَى والمَشْتَاةُ: جاڑے کا زمانہ یا جاڑے کی جگہ۔ موسم سرما گزارنے کی جگہ۔ ج المَشَاتِي.

کہا جاتا ہے هٰذِهِ مَشَاتِينَا ومَصَايِفُنَا ومَرَابِيعُنَا" یہ ہمارے سرمائی و گرمائی اور بہاری منازل ہیں۔

الشَّتُّ: جھوٹے سیب کی طرح خوشبودار

marfat.com
Marfat.com

کڑوے مزے کے جنگل کا ایک درخت جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں۔ جنگلی اخروٹ۔ شہد کی مکھیاں۔ پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند رہ جائے۔ ج شِجَاف واحد (شَقَّة)

الشَّجْر: ہر چیز کی بہت تعداد۔

شَجِرَتْ (س) شَجَرًا. عَيْنُهُ: آنکھ موٹی ہونا۔

الشَّجَر: پہاڑ کا کنارہ۔ ج شُجُوْر. فَلَقَة (شَجَرَة) نیزہ کہ جس کے ٹکڑے ٹوٹنے کے وقت اڑیں۔

شَجِلَتْ (س) شَجَلًا وشَجْلَتْ (ک) شُجُوْلَة. اَصَابِعُهُ: موٹی ہونا۔

شَجِل. الاَصَابِع: سخت اور موٹی انگلیوں والا۔

قَدَمٌ (شَجْلَة) موٹا اور سخت قدم۔

شَجِن: بمعنی شجل۔

شَجَّ (ن ض) شَجًّا. الرَّاسَ: زخمی کرنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَشُجُّ مَرَّةً وَيَلُمُّ مَرَّةً" فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی درست کرتا ہے۔ شَجَّ المَفَازَةَ: بیابان طے کرنا۔

.....الشَّرَّ كَبُ البَحْرَ: جہاز کا سمندر کو پھاڑنا۔

.....الشَّرَابَ بِالمَاءِ: ملونی کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَجَّ الارضَ بِرَاحِلَتِهِ" یعنی بہت تیز چلایا۔

شَجَّ (س) شَجَجًا: سر میں زخم یا نشان زخم والا ہونا۔ صفت (اَشَجّ وشَجِيْج) ج شُجٌّ و(مَشْجُوْج ومُشَجَّج) الشَّجِيْج والمُشَجَّج: مبنج۔ کھوٹی۔

شَجَّجَهُ: سر کو بہت زخمی کرنا۔ شَجَّجَ عَلَى الاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔

شَاجَّ مُشَاجَّةً وشِجَاجًا وتَشَاجَّ. القَوْمُ: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔

الشَّجَاج: فضائے آسمانی۔

الشَّجَّة: سر کا زخم۔ ج شِجَاج.

الشَّجِيج: مص۔ پیشانی میں زخم کا نشان۔

الشَّجَّاج: سر کو بہت زخمی کرنے والا۔

شَجَبَهُ (ن) شَجْبًا: ہلاک کرنا۔ غمگین کرنا۔ کھینچ کر مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَتَشْجُبُنِيْ عَنْ حَاجَتِيْ" تو مجھ کو میری حاجت میں مشغول رکھتا ہے۔ "شَجَبَ القِنَّبَةَ بِشِجَابٍ" اس نے شیشی میں ڈاٹ لگائی۔

شَجَبَ (ن) شَجْبًا وشُجُوْبًا وشَجَبَ (س) شَجَبًا: ہلاک ہونا۔ مرنا۔ غمگین ہونا۔ صفت (شَجِبٌ وشَاجِبٌ).....

الشَّيْءُ: جانا۔

شَجَبَ (ن) شَجْبًا. الغُرَابُ: کوے کا جدائی کے لئے آواز کرنا۔

اَشْجَبَهُ: غمگین کرنا۔

تَشَاجَبَ. الشَّيْءُ: خلط ملط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

تَشَجَّبَ: غمگین ہونا۔

الشَّجْب: مص۔ حاجت۔ غم۔ ستون خانہ۔ مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنالیں۔ ج شُجُوْب واَشْجَاب.

الشَّجَب: مص۔ رنج وتکلیف جو مرض یا قتال کی وجہ سے لاحق ہو۔ ج شُجُوب.

الشَّاجِب: بہت بک بک کرنے والا۔

مِنَ الغِرْبَانِ: بہت کائیں کائیں کرنے والا کوا۔

الشِّجَاب: شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج شُجُب (.....والشُّجُب والمِشْجَب): لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے جاتے ہیں۔

الشَّجْبَاء: مشک۔

الشَّجْلَة: نرم بارش۔

المِشْجَاذ: گوپھن۔

شَجَرَ (ن) شَجْرًا. الشَّيْءَ: باندھنا۔

فُلَانًا: علیحدہ کرنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا شَجَرَكَ عَنْ كَذَا" تم کو فلاں سے کس چیز نے روکا..... الرَّجُلَ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا .....فَمَهُ: لکڑی سے کھولنا..... الدَّابَّةَ: جانور کو ٹھہرانے کے لئے لگام سے مارنا یہاں تک کہ منہ کھول دے..... الشَّجَرَة: درخت کے بعض حصے کو پکڑنا..... البَيْتَ: ستون لگانا۔

.....النَّبَاتَ: جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اُٹھانا۔

شَجَرَ (ن) شَجْرًا وشُجُوْرًا. بَيْنَهُمْ اَمْرٌ: مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے "شَجَرَ مَابَيْنَهُمْ" باہم جھگڑنا۔

شَجِرَ (س) شَجَرًا. الرَّجُلُ: بہت جمعیت والا ہونا۔

شَجَّرَ. النَّبَاتُ: درخت ہو جانا..... النَّخْلَ: ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر رکھنا۔

شَاجَرَهُ مُشَاجَرَةً: جھگڑا کرنا..... المَاشِيَةُ: گھاس وغیرہ ختم ہو جانے سے درخت کے پتوں پر گزارہ کرنا..... المَاشِيَةَ: جانوروں کو درخت چرانا۔

اَشْجَرَ. المَكَانُ: درخت اُگانا۔

تَشَاجَرَ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم جھگڑا کرنا۔ تَشَاجَرُوا بِالرِّمَاحِ: باہم نیزہ بازی کرنا..... الشَّيْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

اِنْشَجَرَ: جلدی سے چھٹکارا پانا..... نَوْمَهُ: نیند کا دور ہونا۔

اِشْتَجَرَ. القَوْمُ: باہم جھگڑنا..... الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔ جلدی سے چھٹکارا پانا۔ ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ کا سہارا دینا اور اسی سے ہے "بَاتَ مُرْتَفِقًا مُشْتَجِرًا".

.....نَوْمَهُ: نیند کا دور ہونا۔

الشَّجَر: درخت۔ ج اَشْجَار وشَجْرَاء. واحد (شَجَرَة) شَجَرَاتٌ. شَجَرَةُ النَّسَبِ: جس میں مورث اعلیٰ سے لے کر اولاد در اولاد تک کا بیان ہو۔ الشَّجَرَةُ المَلْعُوْنَةُ: تھوہر کا درخت درخت۔ شَجَرَةُ الحَيَاتِ اَوْ شَجَرَةُ مَعْرِفَةِ الخَيْرِ مِنَ الشَّرِّ: وہ درخت جس کا پھل کھانے سے

marfat.com
Marfat.com

حضرت آدم علیہ السلام کو جنت میں اللہ تعالیٰ نے منع کیا تھا۔

نَبَاتٌ خَفِيٌّ: دراز قد پودے (درخت) قدرتی جنگلات میں یا خود بوئے گئے ان میں سے ایک قسم۔ ہمیشہ سرسبز یا موسم کی وجہ سے ان کے پتے گر جاتے ہیں۔ زیادہ تر لکڑی کے لئے لگائے جاتے ہیں اور کچھ خوبصورتی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔

شَجَرُ الْمَطَّاطِ: ربڑ کا درخت جو کہ لمبا ہوتا ہے خاص کر جنوب مشرقی ایشیاء میں۔

شَجَرَةُ الْخُبْزِ: وہ درخت جس کے بڑے بڑے پھل ہوتے ہیں ان کو کوٹ کر پیس کر روٹی پکائی جاتی ہے۔

شَجَرُ الزَّيْتِ: وہ درخت جس کے پھل جُزامی پودے کی طرح خوبصورت اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ اس کے چھلکے صحت افزاء ہوتے ہیں۔

الشَّجَر: درخت۔ شجر میں ایک لغت ہے۔

الشَّجر: جمع۔ مختلف نر امر ٹھوڑی یا دونوں جڑوں کے درمیان کا حصہ۔ منہ کا وہ حصہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو۔ ج اَشْجَارٌ وشُجُوْرٌ وشِجَارٌ۔ الْغُرُوف الشَّجَرِيَّةُ: ش ش ج اور بقول بعض۔ ش ج ق ک ی۔

اَلشَّجْرُ: منہ کھلنے کی جگہ۔

اَلْحُرُوْفُ الشَّجْرِيَّةُ: جو کہ منہ کھلنے کی جگہ سے ادا ہوں وہ شین۔ ضاد اور جیم ہیں۔

الشَّجْرَة: اسم مرۃ۔ چاہ نخداں۔

مَكَانٌ شَجِرٌ وشَجِيرٌ واَشْجَر ومُشْجِر: درختوں والی یا بہت درختوں والی جگہ۔

مَوْضِعٌ شَجِرَةٌ وشَجِيرَةٌ وشَجَرَاءُ ومُشْجِرَةٌ۔

الشَّجَرَاءُ: گنجان درخت۔ گنجان درختوں والی زمین اور اس کے مقابلہ میں مرواد ہے۔ یعنی وہ زمین جس میں درخت نہ ہوں اور اس سے ہے "اَلْطَعْنُ كُلُّ شَجَرَاءَ وَمَرْدَاءَ" میں نے ہر قسم کی گنجان درختوں والی اور چکیل زمین طے کی۔

الشَّجَّار والشَّجَّار: ہودہ کی لکڑی۔ کھلے ہوئے سر کی کھوپڑی یا کی۔ **الشِّجَّار**: دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی۔ تھوتھنی یعنی لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تا کہ دودھ نہ پیئے۔ کوئیں پر کی لکڑی۔ اونٹ کا داغ۔ ج شُجُر۔

الشَّجِير: کلوار۔ اجنبی اونٹ یا آدمی۔ بُرا ساتھی۔

الشَّجَار: درختوں کا باغ۔ ج شَجَارُوْن۔

الشَّوَاجِر: مشغول رکھنے والی چیزیں۔

مَوَانِع۔

رِمَاحٌ شَوَاجِر: ایسے نیزے جن کے گھاؤ مختلف جگہ ہوں۔

الْمِشْجَر والْمِشْجَر: ہودہ کی لکڑی کھلے ہوئے سر کی کھوپڑی یا کی۔ **الْمِشْجَر**: درخت کی جگہ۔ **الْمِشْجَر**: لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے یا پھیلائے جاتے ہیں۔ ج مَشَاجِر۔

مَكَانٌ (مُشْجِنٌ): بہت درختوں والی جگہ۔

فُوْبٌ (مُشْجِنٌ): درخت کی طرح نقش ونگار سے مزین کپڑا۔ اہل یمن کی تحریر کو بھی **مُشْجِنٌ** کہتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ بھی درخت کی طرح ہوتی ہے۔

شَجِعَ (ک) شَجَاعَةً: دلیر و بہادر ہونا۔

شَجُعَ (ن) شَجَاعَةً: دلیری و بہادری میں غالب ہونا۔

شَجِعَ (س) شَجَعًا: لمبا ہونا۔ صفت (اَشْجَع): مؤ **شَجْعَاء**۔

شَجَّعَهُ: قوی دل بنانا..... **عَلَى الْاَمْرِ**: جرأت دلانا۔

شَاجَعَهُ: دلیری میں مقابلہ کرنا۔

تَشَجَّعَ: بہادر بننا۔ تکلف دلیری ظاہر کرنا۔

اَلشَّجَاع والشَّجَاع والشِّجَاع: دلیر۔ بہادر۔ جری۔ ج شُجْعَان وشِجْعَان وشِجَاع وشُجَعَاء وشُجَعَة وشِجَعَة وشُجَعَة۔

اَلشَّجَاع والشُّجَاع: ایک قسم کا سانپ۔ ج شُجَعَاء وشُجْعَان وشُجَعَة۔

رَجُلٌ شَجِعٌ وشُجَعَةٌ وشُجَعَةٌ: جاجر بزدل مرد۔ بزدل لمبا۔

الْاَشْجَع: اسم تفضیل۔ بہادر۔ مؤنث **شَجْعَاء**۔ ج شُجْع۔ شیر لمبا۔ آگے بڑھنے والا اونٹ۔ ایک قسم کا سانپ۔ زمانہ۔

الْاَشْجَع والْاَشْجَع: الگی کی جڑ جو ہاتھ کے پیچھے سے ملی ہوئی ہے یا ہتھیلی کی پشت کی رگ۔ ج اَشَاجِع۔

الشَّجِيع: بہادر۔ دیوانہ اونٹ۔ ج شُجَعَاء۔ **شَجِيعُ الْقَوَائِم**: جلدی قدم اٹھانے والا اونٹ۔

الشَّجِيع: دلیر۔ بہادر۔ ج شُجَعَاء وشِجَاع وشُجَعَاءُ واَشْجِعَة مؤنث **شَجِيعَةٌ**۔ ج شَجَائِع وشِجَاعٌ وشَجَائِعُ۔

الشُّجَيع: درخت کی جڑیں۔

الشَّجَاعَة: دلیری۔ بہادری۔ خوف کے وقت دل کی مضبوطی۔

الْمُشْجَعُ: اتھاہ یا گہرا۔

الشَّجْعَمُ: شیر۔ لمبا قد۔ قسم انسان یا انسان کی گردن۔

الشَّجْعَم: ہلاکت۔

الشُّجُم: لمبی اور بڑی مینگیں۔

شَجَنَ (ن) وشَجِنَ (ک) وشَجُنَ وشُجُوْنًا: ممکن ہونا۔ صفت (شَاجِن) **شَجِنَا (ن) وشُجُوْنًا وشَجْنًا**: ممکن کرنا۔

فَجَتَ (ن) فُجُوْنًا. الْحِصَانُ: گھوڑے کا ثم کے ساتھ دوڑ کرنا۔

اَشْجَنَهُ: ممکن کرنا۔ **اَشْجَنَ الْكَرْمَ**: انگور کے درخت کا پکنے اور انجی ہوئی شاخوں والا ہونا۔

تَشَجَّنَ: حرکت کرنا۔ ممکن ہونا..... **الْاَمْرَ**: یاد کرنا..... **الْمَجْنَ**: درخت کا گچھا ہونا۔

الْمَجْنُ: ممکن۔ ج مَشَاجِن ج **الْمَشْجُوْنُ** و**الشَّاجِنُ**. ج شَوَاجِن: وادی کا درمیانہ وادی کے بالائی حصہ کا راستہ۔

marfat.com
Marfat.com

الشَّحَمُ: مص۔ غم۔ اندوہ۔ خواہش نفس۔ ج شُحُوْنٌ اَشْحَانٌ. (الشَّحَمَ والشَّحْنَةَ والشَّحْنَةَ. والشُّحْنَةُ): الجھی ہوئی گندگی۔ ہر چیز کی شاخ۔ کہتے ہیں "اَلْحَدِیْثُ ذُوْشُحُوْنٍ" یعنی بات میں بات نکلتی ہے۔

الشِّحْنَةُ: پہاڑ کا شگاف۔ شِحَنَةٌ وشُحْنَةٌ کی ج شِحَنٌ وشُحُنٌ وشِحَنَاتٌ وشُحُنَاتٌ.

شَجَا (ن) شَجْوًا واَشْجٰی اِشْجَاءً. الرَّجُلَ: غمگین کرنا۔ خوش کرنا (ضد) برا لگنے کرنا۔ اَشْجَی الْغَرِیْمَ اَوِالسَّائِلَ: قرض خواہ یا سائل کو اس کی خواہش کے مطابق دینا۔

شجی (س) شَجًا: غمگین ہونا..... بالشِّجَا: حلق میں ہڈی پھنس جانے سے گھٹنا اور اسی سے ہے "عَلَیْکَ بِالْکُظْمِ وَاِنْ شَجِیْتَ بِالْعَظْمِ" اگر تمہارے حلق میں ہڈی پھنس جائے تو اپنے اوپر بربادی کو لازم جانو۔ شَجِیَ الْغَرِیْمُ عَنْهُ: جانا۔

تَشَاجٰی: فکر وملال ظاہر کرنا۔

الشَّجَا: مص۔ ہڈی وغیرہ جو حلق میں پھنس جائے۔ غم واندوہ۔

الشَّجْوُ: مص۔ غم۔ اندوہ۔ حاجت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عِنْدِیْ شَجْوٌ" اس کی مجھ سے ایک حاجت ہے۔ گریہ وزاری کا ایک دور۔ کہا جاتا ہے "بَکٰی فُلَانٌ شَجْوَهٗ" و "بَکَتِ الْحَمَامَةُ شَجْوَهَا"

الشَّجِیُّ الشَّجِیُّ: غمگین۔ فکرمند۔ مؤنث شَجِیَّةٌ وشَجِیَّةٌ اور نسبت کے لئے (الشَّجَوِیُّ) مَغَارَةٌ (شَجْوَاءُ): دشوار گزار جہاں۔

الشَّجَوْجَی والشَّجَوْجَاةُ: لگاتار ہوا۔

الشَّجَوْجَی: بہت لمبا یا لمبا موٹی ہڈیوں والا۔ موٹا فربہ گھوڑا۔

الشَّجُوْرُ: اندوہناک۔

شَحَّ (ن ض س) شَحًّا وشِحًّا وشُحًّا. بالشَّیْءِ وعَلَی الشَّیْءِ: بخل کرنا۔ حرص کرنا۔

شَاحَّ. بالشَّیْءِ عَلٰی فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کا بخل کرنا..... ہ: کسی سے جھگڑا کرنا۔ اسی سے ہے "لَا مُشَاحَّةَ فِی الْاَمْرِ" یعنی معاملہ بالکل صاف ہے اس میں کوئی مناقشہ اور جھگڑا نہیں۔

شَاحَّ. الْقَوْمُ عَلَی الْاَمْرِ وفِیْهِ: کسی چیز میں باہم بخل کرنا۔ تَشَاحُّوْا عَلَی الشَّیْءِ: اپنے لئے اختیار کرنے کا ارادہ کرنا۔ تَشَاحَّ الْخَصْمَانِ فِی الْجَدَلِ: ہر ایک کا غالب ہونے کا ارادہ کرنا۔

الشَّحُّ: مص۔

الشَّحِیْحُ: بخیل۔ حریص۔ ج شُحَاحٌ واَشِحَّةٌ واَشِحَّاءُ مؤنث شَحِیْحَةٌ. ج شَحَائِحُ. اِبِلٌ شَحَائِحُ: کم دودھ والی اونٹنیاں۔

الشَّحَاحُ: بخیل۔ حریص۔ الشَّحَاحُ مِنَ الْاَرْضِ: وہ زمین جو بغیر زیادہ بارش کے پانی نہ بہائے۔ زَنْدٌ شَحَاحٌ: چقماق جو آگ نہ دے "مَاءٌ شَحَاحٌ" تھوڑا پانی جو زمین کو نہ ڈھکے۔

شَحَبَ (ف ن) وشَحُبَ (ک) وشَحِبَ شُحُوْبَةً وشُحُوْبًا. لَوْنُهٗ: بھوک یا مرض وغیرہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔

الشَّاحِب: فا۔ لاغر یا رنگ بدلا ہوا اور کہا جاتا ہے "شَاحِبُ اللَّوْنِ" جیسے کہا جاتا ہے "شَاحِبُ الْجِسْمِ".

شَحَذَ (ف) شَحْذًا. الْمُدْیَةَ: چھری تیز کرنا۔

شَحَجَ (ف ض) شَحْجًا وشُحَاجًا وتَشْحَاجًا وتَشَحُّجَ. الْبَغْلُ اَوِالْغُرَابُ: خچر کا ہنہنانا۔ کوے کا کائیں کائیں کرنا۔

الشَّحَّاجُ والْمِشْحَجُ والشَّاحِجُ: گورخر بَنَاتُ شَحَّاجٍ وبَنَاتُ شَاحِجٍ: خچریں۔

شُحَاجٌ. الْبَغْلُ اَوِالْغُرَابُ و(شَحِیْجُهُمَا) خچر یا کوؤں کی آواز۔

الشَّوَاحِجُ: کوے۔

شَحَطَ (ف) شَحْطًا. الْبَیْنُ ونَحْوُهٗ: چھری تیز کرنا۔ صفت مفعولی (شَحُوْذٌ وشَحِیْذٌ)..... ہ بِبَصَرِهٖ: گھورنا..... ہ بِعَیْنِهٖ: نظر بد لگانا۔

.....الْجُوْعُ مِعْلَنَّهٗ: سخت بھوک لگنا۔ فِی السُّؤْلِ: مانگنے میں بہت اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَشْحَذُ النَّاسَ" وہ لوگوں سے اصرار سے مانگتا ہے..... عَلَیْهِ: غضبناک ہونا۔ الدَّابَّةَ: جانور کو تیز ہانکنا (..... وتَشْحَذَهٗ) ہٹانا۔ دھتکارنا وتَشَحَّذَ الرَّجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

اَشْحَذَ. السِّکِّیْنَ: چھری تیز کرنا۔

شَاحِذَه: تلوار وغیرہ تیز کرنے میں مشابہت کرنا۔

الشَّحَّاذُ: گداگر۔ سائل۔ ج شَحَاحِذَةٌ (الشِّحَاذَةُ): گداگری کا پیشہ۔

الشَّحْذَانُ والشَّحْذَانُ: بھوکا۔ ہانکنے والا۔ ہلکا چلنے والا۔

رَجُلٌ (شَحُوْذٌ) تیز اور غصہ کے وقت طیش میں آنے والا۔

الْمِشْحَذُ: چھری وغیرہ تیز کرنے کا سامان' تیز ہانکنے والا۔

الشَّحَاذُ: ٹیلہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج مَشَاحِیْذُ.

الْمَشْحَنَةُ: وہ چیز جو باعث تیزی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْکَلَامُ مَشْحَذَةٌ لِلْفَهْمِ" یہ کلام سمجھ کے لئے باعث تیزی ہے۔

شَحَرَ (ف) شَحْرًا: منہ کھولنا۔

الشَّحْر: مص۔ پانی بہنے کی جگہ۔ بطن وادی (..... والشِّحْر): کنارہ۔ ساحل۔

شَحْر عُمَان وشِحْر عُمَان: عمان اور عدن کے درمیان کا ساحل۔

الشِّحْرَةُ: تنگ ساحل۔

الشَّحْرُوْرُ: کالے رنگ کا چڑیا سے ایک بڑا خوش آواز پرندہ۔ ج شَحَارِیْر..... اور اس کو (شَحُوْر) بھی کہا جاتا ہے۔

شَحَزَ (س) شَحْزًا: گھبرانا۔ ڈرنا۔

شَحِزَ (ف) شَحَزًا: جماع کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

شَحْشَحَ. البَحْرُ: اونٹ کا آواز کو پھرانا ..... **الطَّائِرُ**: پرندہ کا جلدی سے اُڑنا ..... چوکنا رہنا ..... **الصَّرْدُ**: آواز کرنا۔

الشَّحْشَحُ والشَّحْشَاحُ: بے برکت۔ بخیل۔ بدخُلق۔ بھگی کرنے والا۔

الشَّحْشَحُ: وسیع بیابان۔ بہادر مرد۔ غیرت دار۔ خوش بیان لکچرار۔

الشَّحْشَحَانُ: بخیل۔ غیرت دار۔ لمبا۔

المُشَحْشِحُ والمُشَحْشَحُ: بے برکت۔

أَشْحَصَهُ: تھکانا ..... **مِنَ المَكَانِ (وشَحْصَهُ) عَنْهُ**: دور کرنا۔ ہٹانا۔ ٹلا دینا۔ کرنا۔

الشُّحُوصُ: تھکن کی وجہ سے دبلی اونٹنی۔

شَحَطَ (ف) شَحْطًا وشَحَطًا وشُحُوطًا ومَشْحَطًا. الإِنَاءَ: برتن بھرنا ..... **اللَّبَنَ**: دودھ میں زیادہ پانی ملانا ..... **العَقْرَبُ الرَّجُلَ**: بچھو کا ڈسنا ..... **الطَّائِرُ**: پرندہ کا بیٹ کرنا ..... **فُلَانًا**: سبقت لے جانا ..... **وشَحِطَ (س) شَحَطًا**: مکانًا: دور ہونا۔ **شَحَطَ وشَحِطَ الجَمَلُ**: اونٹ کو ذبح کرنا۔

شُحِطَ. بِالدَّمِ: خون سے تھرتھرانا۔

شَحَطَهُ. بِالدَّمِ: خون میں تھپڑیا۔

أَشْحَطَهُ: دور کرنا۔

تَشَحَّطَ. بِالدَّمِ: خون سے تھرتھرانا۔

الشَّحْطُ. مص. خون میں لت پت ہونا۔

پرندہ کی بیٹ ..... **والبِشْحَطُ**: انگور کی ٹہنیوں کو اٹھانے کا تختہ۔ عوام اس کو (مِسْمُوْك) کہتے ہیں۔

الشَّحَاطَةُ: جوتی کی ایک خاص قسم جس کو گھروں میں بطور رواج پہنتے ہیں۔

الشَّحُوْطَةُ: وہ آلہ جس کے ساتھ پتھروں میں سوراخ کئے جاتے ہیں۔

شَحَطَ يَشْحَطُ عَلَى الأَرْضِ: بھیچپا (سریانی)۔

مَنْزِلٌ (شَاحِطٌ): دور کی منزل۔

الشَّحَاطُ: دور۔

خَوَاشِحُ. الأَضْوِئَةُ: دور کی دیواریں۔

الشُّوْحَطَةُ: لمبی گھوڑی۔

شَحَكَ (ف) شَحْكًا. الجَدْيُ: بکری کے بچے کا منہ میں تھوتھنی لگانا۔

الشِّحَاكُ: تھوتھنی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگائی جاتی تا کہ دودھ نہ پیئے۔

شَحَلَ. الجَمَلُ: اونٹ کی نسل تراشنا۔ کلہ عامیہ ہے۔ صحیح **شَحَلَ** ہے۔

شَحَمَهُ (ف) شَحْمًا: چربی کھلانا۔

شَحِمَ (ک) شَحَمَةً: بہت چربی دار ہونا۔ صفت (شَحِمٌ)

شَحِمَ (س) شَحَمًا: چربی کی خواہش کرنا۔ صفت (شَحِمٌ)

شَحِمَتْ (س ن) شُحُوْمًا. النَّاقَةُ: لاغری کے بعد موٹی ہونا۔

أَشْحَمَ: بہت چربی والا ہونا (..... **وشَحُمَ**) **القَوْمُ**: چربی کھلانا۔

الشَّحْمُ: چربی۔ ایک لکڑے کو (شَحْمَةٌ) کہتے ہیں۔ ج **شُحُوْمٌ**۔

الشَّاحِمُ والشَّحْمَانُ: چربی بیچنے والا۔

الشَّحَّامُ: بہت چربی کھلانے والا۔ کہا جاتا ہے "**زَجَلٌ شَاحِمٌ لَاحِمٌ**" چربی دار پر گوشت مرد یا لوگوں کو بہت چربی کا گوشت کھلانے والا۔

الشَّحْمَةُ: چربی کا ٹکڑا۔ **شَحْمَةُ الأَرْضِ**: کیچڑ۔ سانپ کی بھتری۔ **شَحْمَةُ الأَرْضِ وشَحْمَةُ الرَّمْلِ**: گرگٹ کی قسم کا ایک جانور جو زمین یا ریت میں گھس کر رہتا ہے ..... **العَيْنِ**: آنکھ کا ڈھیلا۔ **شَحْمَةُ الأُذُنِ**: کان کی لو ..... **شَحْمَةُ الوِسَادِ**: تکیہ کے اندر کا باریک چمڑا ..... **السَّرْجِ**: نعلی اور امثال میں سے ہے "**مَا تَحْمِلُ بَعْضَاءُ شَحْمَةً ولَا تُحِلُّ سَوْدَاءُ تَمْرَةً**" ہر سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی ایک صفت میں مشابہت اور بقیہ صفات میں مغائرت ہو۔

الشَّحِيمُ: تھوڑے رس کا انگور۔ چربی کا حریص۔

الشَّحِيمُ: اکڑو۔

الشَّحِيمُ: موٹا۔

الشَّحِيمُ والشَّحِيمَةُ: سریانیوں کے فرائض نمازی کتاب (کلیہ سریانیہ)

المُشَحْرَمُ والمُشَحِّمُ: کمر میں بہت چربی رکھنے والا۔

المُشَحَّمُ والمَشْحُوْمُ: چربی کی بنی ہوئی چیز۔

شَحَنَ (ف ن) وشَحِنَ (س) شَحْنًا. السَّفِينَةَ: کشتی پر لادنا ..... **السَّفِينَةَ بِالعَمَلِ**: بھرنا ..... **الرَّجُلَ**: دھکارنا۔ دور کرنا۔

شَحَنَ (ف ن) وشَحِنَ (س) شَحْنًا. الكِلَابَ: کتوں کا دوڑ یک جانا اور شکار پر شدید کرنا۔

شَحَنَ (س) شَحْنًا. عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔

أَشْحَنَ. المَكَانُ: بھرنا ..... **السَّيْفَ**: میان میں کرنا۔ سونتنا (ضد) ..... **لَهُ بِسَهْمٍ**: تیر مارنے کے لئے تیار کرنا ..... **الفَحْلُ**: رد نے کے لئے آمادہ ہونا۔

شَاحَنَهُ: بغض وعداوت رکھنا۔ دشمنی کرنا۔

الشَّحْنُ: جہاز یا ریل گاڑی یا ٹرک پر مال لادنا۔

ذُو النَّارِ. السَّمَّارَةُ الشَّاحِنَةُ: ٹرک۔

الشَّاحِنَةُ. جِ شَاحِنَاتٌ: ریل یا مال گاڑی کے لوڑ والے ڈبے۔ ریل گاڑی کے سوار ہی والے ڈبے۔ اس کو حافظہ بھی کہتے ہیں۔

تَشَاحَنُوا: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔

الشَّحْنَاءُ: بغض۔ کینہ۔ دشمنی۔ عداوت۔

الشَّحْنَةُ: عداوت۔ دشمنی۔ کینہ۔ بھرتی۔ کوئی بھرتی کی چیز۔ **جِ شَحْنَةُ البَلَدِ**: پولیس۔ کوتوال۔ سواروں کی جماعت کا ایک دستہ۔ کہا جاتا ہے "**بِالبَلَدِ شَحْنَةٌ مِنَ الخَيْلِ شَحْنَةُ**" سواروں کی جماعت کا ایک بھتہ ہے۔

الشَّحْنَةُ: چارپایوں کے لئے ایک دن رات کا چارہ۔ ج **شَحَنٌ. مَرْكَبٌ شَاحِنٌ**: بھری ہوئی سواری۔

المُشَاحِنُ: نا. غَلُوٌّ مُشَاحِنٌ: بہت غلو

دھنی کرنے والا دکان۔
فَحَا يَفْحُوْ وَيَفْحَا فَحْوًا. الرَّجُلُ: منہ کھولنا..... اللِّجَامُ فَمَ الفَرَسِ: کھولنا۔ فَحَا الرَّجُلُ: قدم کو دور دور رکھنا..... الفَمُ: کھلنا۔
اَفْحٰى. لَهٗ: کھولنا۔
فَحِيٌّ تَشْجِبَةٌ. فُوْهُ: منہ کھلنا۔
تَفَحّٰى. عَلَيْهِ: زبان درازی کرنا۔
الفَحَاءُ: وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا۔
الفَحْوُ: جوف۔
الفَحْوَةُ: اسم مرۃ۔ قدم۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بَعِيْدُ الفَحْوَةِ" دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا۔ "رَجُلٌ بَعِيْدُ الفَحْوَةِ فِيْ مَقَاصِدِهٖ" اپنے مقاصد میں عالی ہمت مرد۔
الفَحْوَاءُ: چوڑا کنواں۔
فَحِيَ يَفْحٰى فَحْيًا: ایک لغت ہے۔ فحا: وادی میں۔
فَخَّ (ن) فَخًّا: پیشاب کرنا..... فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا..... اللَّبَنُ: دوھنے کے وقت آواز نکلنا۔
فَخَبَ (ف ن) فَخْبًا وَمَفْخَبًا. اللَّبَنَ: دوہنا..... اللَّبَنُ: بہنا..... اَوْدَاجُ القَتِيْلِ دَمًا: مقتول کی رگوں سے خون جاری ہونا۔
اِنْفَخَبَ: دوھا جانا۔
الفِخَابُ: تازہ دودھ۔
الفَخْبُ: مص۔ خون (لا..... الفَخْبُ) دودھ کی دھار۔ واحد (الفَخْبَةُ) ج فِخَابٌ۔
الأَفْخُوْبُ: تھن سے دودھ نکلنے کی آواز۔ ج اَفَاخِيْبُ۔
فَوْجٌ (شِجِبٌّ): خون پھینکنے والی رگ۔
الفِخَابُ وَالفُخُوْبُ وَالفُخُوْبَةُ: پہاڑ کی چوٹی۔ ج فَخَابِيْبُ۔
فَخُتَ (ک) فُخُوْتَةً: دبلے جسم والا ہونا۔ صفت (فَخْتٌ وَفَخِتٌ) ج فِخَاتٌ: کہا جاتا ہے "هُوَ فَخْتُ الخُلُقِ" وہ اوچھے اخلاق والا ہے۔ و "هُوَ فَخْتُ العَطَاءِ" وہ کم داد و دہش والا ہے۔ "هُوَ فَخْتُ الْخَرَازَةِ" وہ باریک ٹانکوں والا ہے۔
فَخَطَ. اَلَهٗ: بکھیرنا۔
الفَخْتُ وَالشِّخْتُ وَالشَّخِيْتُ وَالشِّخِّيْتُ: بلند غبار۔
الفَخُوْرُ وَالشَّخُوْرَةُ: ڈونگی۔ جس میں ایک ہی آدمی سوار ہو۔
فَخَرَ (ض) فَخِيْرًا: حلق یا ناک سے آواز نکالنا۔
فَخَرَ (ض) فَخْرًا وَفَخِيْرًا: الفَرَسُ اَوِ الحِمَارُ: گھوڑے کا ہنہنانا۔ یا گدھے کا رینکنا۔
فَخْرٌ. الجِلْسَ: کجاوہ یا ڈھنے کے لئے جانور کی پیٹھ سے ٹاٹ یا کمبل اٹھانا..... الفَخْلَةَ: ٹوٹنے کے خوف سے کھجور کے گچھوں کو ٹہنی پر رکھنا۔
الشَّخْرُ: مص۔ مِنَ الشَّبَابِ: ابتداء جوانی..... مِنَ الرَّجُلِ: کجاوہ کے اگلے اور پچھلے حصہ کی درمیانی جگہ۔
الشِّخِّيْرُ: مص۔ پہاڑ کا وہ حصہ جو قدموں سے لگ کر گرے۔
الشِّخِّيْرُ: بہت خراٹے لینے والا۔
شَخَزَ (ف) شَخْزًا: مضطرب ہونا۔ عَلَيْهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا..... ہ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا..... بَيْنَهُمْ: اکسانا اور فساد ڈالنا۔
تَشَاخَزَ. القَوْمُ: باہم بغض رکھنا۔
الشَّخْزُ: مص۔ رنج و مشقت کی شدت۔
شَخَسَ (ف) شَخْسًا. الرَّجُلُ: مضطرب ہونا..... الحِمَارُ: گدھے کا جماع کے وقت منہ کھولنا۔
اَشْخَسَ. الرَّجُلَ وَبِهٖ: غیبت کرنا۔ اَشْخَسَ لَهٗ فِي المَنْطِقِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا۔
شَاخَسَ. اَمْرُ القَوْمِ: مختلف ہونا۔
..... الحِمَارُ: لید سونگھنے کے بعد سر اٹھا کر منہ کھولنا۔
تَشَاخَسَ. الحِمَارُ: یعنی شَخَسَ اَوْ شَاخَصَ. الشَّخْصُ: جسم۔ مؤنث شَخِيْصَةٌ: شَاخَصَ..... اَسْنَانُهٗ: بڑھاپے کی وجہ سے گر کر یا جھک کر بے ترتیب ہونا..... اَمْرُهُمْ: تباہ و پریشان ہونا۔
الشَّخِيْصُ: حکم کے خلاف کرنے والا۔ امر متفرق۔
شَخْشَخَ. بَوْلَهٗ: دور تک پیشاب کی دھار گرانا۔ صفت (شَخْشَاخٌ) شَخْشَخَتِ النَّاقَةُ: بیٹھے ہوئے سینہ اٹھانا۔
الشَّخْشَخَةُ: مص۔ ہتھیار کی جھنکار۔ کاغذ یا نئے کپڑے یا خشک چیز کی آواز۔
شَخَصَ (ف) شُخُوْصًا. الشَّيْءُ: بلند ہونا..... عَنْ قَوْمِهٖ اَوْ مِنْ بَلَدٍ اِلٰى بَلَدٍ: جانا۔ کوچ کرنا..... اِلَيْهِمْ: واپس آنا۔ لوٹنا..... النَّجْمُ: ستارہ کا طلوع ہونا..... السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے اوپر اوپر نکل جانا..... الجَرْحُ: سوجنا ورم کرنا..... بَصَرُهٗ: ٹکٹکی لگانا۔
المَيِّتُ بَصَرَهٗ وَبِبَصَرِهٖ: میت کی نگاہ کا کھلا رہ جانا۔
شُخِصَ. بِهٖ: کسی امر کے لاحق ہونے سے بے قرار ہونا۔
شَخُصَ (ک) شَخَاصَةً: موٹا ہونا۔
شَخَّصَ. الشَّيْءَ: تعین کرنا۔ تمیز کرنا اور اسی سے اطباء کے نزدیک تشخیص امراض ہے۔
اَشْخَصَهٗ: بے آرام کرنا۔ بے قرار بنانا۔
اَشْخَصَ الرَّجُلُ: جانے کا وقت قریب قریب ہونا..... بِهٖ: غیبت کرنا..... لَهٗ فِي المَنْطِقِ وَاَشْخَصَ اِلَيْهِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا..... ہ: اِلٰى قَوْمِهٖ: واپس کرنا۔ لوٹانا..... الرَّامِي: نشانہ سے ہٹ کر بلند پڑنا یا ڈالنا۔ (لازم و متعدی)
تَشَخَّصَ: معین ہونا۔ ممیز ہونا..... لَهٗ: کسی شخص کی صورت دکھائی دینا۔
تَشَاخَصُوْا: باہم اختلاف کرنا۔
الشَّخْصُ: جسم انسانی وغیرہ جو دور سے دکھائی دے۔ ج اَشْخُصٌ وَاَشْخَاصٌ وَشُخُوْصٌ۔
الشَّخِيْصُ: جسیم۔ مؤنث شَخِيْصَةٌ:

marfat.com
Marfat.com

سرداد..... مِنَ الْمَنْطِقِ : ترش روئی سے گفتگو کرنے والا۔

الشَّغْفُ : دودھ دوہنے کی آواز۔

الشِّغَافُ : دودھ۔

شَغَلَ (ف) شَغْلاً: الشَّرَابَ : صاف کرنا..... النَّاقَةَ: دوھنا۔

شَاغَلَهُ: خالص دوستی کرنا۔

الشَّغْلُ والشُّغُلُ : خالص دوست۔

المِشْغَلُ والمِشْغَلَةُ : چمٹنا۔

المَشْغَلَةُ : موتی کے مشابہ سفید مہرہ۔ ایک زیور کا نام جو درخت خرما کی چھال اور مہرہ سے بناتے ہیں اور کبھی اس لڑی کو بھی مَشْغَلَةٌ کہتے ہیں جو اس زیور کو استعمال کرے۔

شَغِمَ (ن) وشَغِمَ (س) وشَغُمَ (ک) شُغُوْمًا وشَغَمًا وأَشْغَمَ. الطَّعَامُ او اللَّحْمُ : بگڑنا۔ خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔

صفت (شَغِمٌ)..... الفَمُ : منہ کا بدبودار ہونا۔ أَشْغَمَ الرَّجُلُ : رونے کے لئے تیار ہونا۔

شَغُمَ. الطَّعَامُ : خراب کرنا۔

..... الطَّعَامُ : خراب ہونا..... الفَمُ : منہ کا بدبودار ہونا۔

اِشْغَامٌ. النَّبْتُ : خشک وتر گھاس کا آپس میں مل جانا۔

شَعْرٌ (أَشْعَمُ) سفید بال۔ رَوْضٌ أَشْعَمُ : بے نباتات کے باغ۔ عَامٌ أَشْعَمُ : خشک سال جس میں نہ پانی ہو نہ چراگاہ۔

الشُّغْمُ : وہ لوگ جن کی ناک خوشبو یا بدبو سے بند ہوگئی ہو۔

الشَّغَا : شور وزار۔

شَغَدَ (ض ن) شَغْدًا. الرَّجُلُ : روٹا۔

..... النَّهَارُ : بلند ہونا..... عَضَدَهُ: قوی کرنا۔

..... الشَّيْءَ : مضبوط کرنا۔ باعمدہ کسنا اور اسی سے ہے "شَغْدُ الرِّحَالِ" اور یہ کنایہ ہے سفر سے..... عَلَى بَعِيْرِهِ : اعانت کرنا۔ تقویت پہنچانا اور کہا جاتا ہے "لَا أَشْغَدُكَ

ش د

شَدًّا وَلَا إِرْخَاءً" یعنی میں کسی چیز پر قادر نہیں۔

شَدَّ (ض ن) شَدًّا وَشُدَّةً وشُدًّا عَلَى العَدُوِّ : دشمن پر حملہ کرنا۔

شَدُدَ (ض) شِدَّةً : قوی ہونا۔

شَدَّدَهُ : قوی کرنا۔ شَدَّدَ العَسْرَبَ : بہت مارنا..... عَلَيْهِ : بخل کرنا..... الحَرْفَ : تشدید لگانا..... الغَيْنَ : مضبوط کرنا۔

شَادَّهُ. فِي الأَمْرِ : غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جھگڑنا۔ بحث کرنا۔

أَشَدَّ : عقل یا عمر کی پختگی کو پہنچنا۔ مضبوط چوپایہ والا ہونا۔

تَشَدَّدَ : قوی ہونا۔ کسی کام میں تیزی کرنا۔

إِشْتَدَّ : قوی ہونا..... فِي السَّيْرِ : تیز دوڑنا۔

..... عَلَى قَرْنِهِ فِي الحَرْبِ شِدَّةً : حملہ کرنا۔

..... عَلَيْهِ المَرَضُ : تیز ہونا۔ بڑھنا۔

تَشَادَّ. الشَّيْءُ : مضبوط ہونا۔

الشَّدُّ : مص. شَدَّ النَّهَارِ : دن چڑھنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "أَتَانَا شَدَّ النَّهَارِ وفِي شَدِّ النَّهَارِ" : دن چڑھنے کے وقت ہمارے پاس آیا اور "شَدُّ الرِّحَالِ" کنایہ ہے سفر سے۔

الشِّدَّةُ. الحَدُّ : کام مرتا۔ لڑائی کا حملہ۔

البِلْدَةُ : الجُثَّةُ اسم ہے۔ جثی۔ ج جثی۔

بلد. والبِلْدَةُ : مصیبت۔ ج شَدَائِد

وشِدَّةُ الأَرْضِ : زمین کی سختی۔

الشُّدُدُ : سختی۔

الشَّدِيْدُ : بہادر۔ قوی۔ بلند۔ مضبوط۔ بخیل۔ شیر۔ ج أَشِدَّاء وشِدَاد وشُدُوْد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَدِيْدُ العَيْنِ" ایسا شخص جس پر پرندے کا ظلہ نہ ہو "مَسْكٌ شَدِيْدٌ الرَّائِحَةِ" تیز خوشبو والا مشک۔

الشَّدِيْدَةُ : الحَدِيْدُ یا مؤنث۔ ج شدائد۔ و"الحُرُوْفُ الشَّدِيْدَةُ" آٹھ ہیں جن کا مجموعہ "اجدت طبقک" ہے۔

ش ذ خ

الأَشَذُّ والأَشَذُّ : کہا جاتا ہے "طَلَّقَنِي بَتْلَةً أَشَذَّ" یعنی فلاں طاقت وقوت کے زمانہ کو پہنچ گیا اور یہ جمع کے وزن پر ہے۔ جس کا واحد نہیں یا واحد ہے جو جمع کے وزن پر ہے۔

المِشَذُّ : ایک قسم کا کپڑا جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے۔

المُشِذُّ : مضبوط چوپایوں والا۔

المُشَذَّذُ : قاف۔ قلیل۔ امور میں تختی کرنے والا۔

شَذَخَ (ف) شَذْخًا : موٹا ہونا۔ صفت (شَاذِخ)

إِشْذَخَّ : ناکوں کو پھیلا کر چت لیٹنا۔

الشَّاذِخُ : ناک..... مِنَ الكَلَاءِ : ڈنٹھل۔ بیرہ۔

الأَشْذَخُ : چوڑا۔

الشَّذْخَةُ والمُشْذَخَّةُ : فراخی۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عِنْدِي شَذْخَةٌ وشُذْخَةٌ" تمہارے لئے اس میں گنجائش ہے۔

شَذَغَ (ف) شَذْغًا : احتمال سے بڑھ جانا..... الرَّأْسَ : سر توڑنا۔ کھانا..... الوَصْلَ : گردن کٹنے کی جگہ پر مارنا۔ وشَذَغَتْ فُرْوَةُ القَرْسِ خَدَّهَا وشُذُوْغُهَا : ناخنے کی سفیدی کا ناک تک پھیلنا۔ گھوڑے کا "أَشْذَغُ" کہتے ہیں۔

شَذَغَ. الرَّأْسَ : سر توڑنا۔ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)

تَشَذَّغَ والتَّشَذَّغَ. الرَّأْسُ : سر پھٹنا۔ کھلا جانا۔

الشَّذَغُ : تام پکے جو آسانی سے گر جائے۔

الشَّذَغَةُ. مِنَ النَّبَاتِ : نرم وتازک۔ تازہ نباتات۔

الشَّاذِغُ : قاف۔ چھوٹا جبکہ نرم وتازک ہو۔ غلام شَاذِغٌ : جوان لڑکا۔ أَمْرٌ شَاذِغٌ : احتمال سے بڑھا ہوا معاملہ۔

الشَّاذِغَةُ. الشَّاذِغُ : کاموٹنی گھوڑے کے ماتھے کی سفیدی جو ناک تک پھیلی ہوئی ہو۔

marfat.com
Marfat.com

الأَقْذَعُ: شیر۔ مِنَ الْخَيْلِ: ناک تک پھیلی ہوئی سیدی والا گھوڑا۔ مؤنث قَذْعاء ج قُذْعٌ۔

الْمُقْذَعُ: مع۔ گردن کٹنے کی جگہ۔

الْقَادِرُ: تخت رواں۔ خیمہ۔ چھوٹا مکان۔

قَذَفَ (ض) قَذْفًا: کوڑے مارنا۔

قَذَفَ (ف س) قَذْفَ الْفَرَسَ: گھوڑے کا کلیں کرنا۔

قَذَفَ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

تَقَاذَفَ: جھکنا۔

الْقَذَفُ: مص۔ رخسار کا جھکاؤ۔ اونٹ کے سر کی پیچیدگی۔ تاریکی۔ کالبد۔ ج قُذُوفٌ۔

الْقَذُوفُ: لمبا جلدی کودنے والا۔

الْقَذُوفَةُ: بکھوا (الْقَاذُوفُ): ڈولچی۔ چھاگل (جدید)

الْأَقْذَفُ: رخسارہ کے جھکاؤ والا۔ نشاط کے ساتھ چلنے والا اونٹ۔ بڑے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ مؤنث قَذْفاء ج قُذْفٌ۔

قَذِقَ (س) قَذَقًا: چوڑے جبڑے والا ہونا۔ صفت (أَقْذَقُ) مؤنث (قَذْقاء) ج قُذْقٌ۔

تَقْذِيقٌ بِالْكَلَامِ: فصاحت ظاہر کرنے کے لئے باچھیں کھولنا۔ بِالْكَلَامِ وَفِيهِ: بغیر احتیاط کے ہر قسم کی باتیں کرنا۔ لوگوں کے ساتھ فصاحت کرنا۔

الْقَذَقُ وَالشَّذَقُ: جبڑا۔ شَذَقُ الْوَادِي: وادی کا کنارہ۔ ج أَشْذَاقٌ وَشُذُوقٌ۔

الْأَقْذَقُ: زبان آور بلیغ۔

الْقَذَقُ: مِنَ الْوَادِي: کنارہ۔ ج قُذُقٌ۔

الْقَذَقُمُ وَالْقُذَاقِمُ: چوڑے جبڑے والا۔ شیر۔

الْقُذَاقُ: عِنْدَ النَّصَارَى: کاہن سے ایک درجہ کم والا پادری۔ ج قَذَاقِذَةٌ (دخیل)

الْقَذُوفَةُ: بستر۔ متکیہ (جدید)

الْقُذُوفَانِ: تھیلا تھیلی کا سامان۔

قَذَنَ (ن) قُذُونًا: الظَّبْيُ: قوی ہونا اور ہاں سے بے نیاز ہونا (تمام کھر دار اور سم والوں کے بچوں کے لئے مستعمل ہے۔)

أَقْذَنَتِ الظَّبْيَةُ: قوی بچے والی ہونا۔ صفت (مُقْذِنٌ) ج مَقَاذِنُ وَمَقَاذِينُ۔

الْقَذَنُ: ایک پودہ ہے جس کا پھول چنبیلی کے مانند ہوتا ہے۔

الْقَاذِنُ: قا۔ جب مطلق بولا جائے تو ہرن کا بچہ مراد ہوتا ہے۔

قَذَهَ (ف) قَذْهًا. الرَّأْسَ: سر کچلنا۔

(قَذَهَ وَأَقْذَهَ) الرَّجُلَ: دہشت میں ڈالنا۔

قُذَهَ: مدہوش ہونا۔

اِقْتَذَهَ وَاقْتَذَهَ: متحیر ہونا۔

الْقُذَاهُ وَالْقُذْهُ وَالْقَذْهُ وَالْقَذَهُ: حیرت۔ دہشت۔

الْمَقَاذِهُ: مشاغل۔ حیران و بے خود کر دینے والے معاملات۔

قَذَا يَقْذُو قَذْوًا. الرَّجُلُ: گا کر شعر پڑھنا ..... الْإِبِلَ: حدی گا کر ہانکنا ..... الشِّعْرَ: گانا اور سر نکالنا ..... مِنَ الْعِلْمِ قَذْوَةً: کچھ حاصل کرنا۔ صفت (قَادٍ) ج قُذَاةٌ وَقَاذُونَ۔

قَذَاهُ فُلَانًا أَوْ بِفُلَانٍ: تشبیہ دینا۔ قَذَا قَذْوَهُ: وہ اس کی چال چلا۔

أَقْذَى بِقُذَاءٍ: گانے میں ماہر ہونا۔

الْقَذَا: بقیہ قوت۔ گرمی۔ کھلی۔ مِنَ الشَّيْءِ: کسی چیز کی حد۔ کنارہ۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ مِنْهُ قَذَاهُ" اس نے اس میں سے تھوڑا سا لیا۔ "وَلَمْ يَبْقَ مِنَ الْمَرِيضِ إِلَّا قَذَاهُ" جبکہ قریب الموت ہو جائے۔

الْقَذْوُ: مص۔ بہت میں سے تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذُوا قَذْوًا مِنْ مَالِهِ" انہوں نے اس کے بہت سے مال میں سے تھوڑا سا لیا۔

الْقَذَّاذُ: چمڑا اسی۔ (جدید)

قَذَّ (ن ض) قَذًّا وَقُذُوذًا عَنِ الْجُمْهُورِ أَوِ الْجَمَاعَةِ: علیحدہ ہونا۔ اکیلا ہونا ..... الْقَوْلُ: مخالف قیاس ہونا۔ عَنِ الْأُصُولِ: مخالف قاعدہ ہونا۔ صفت (قَاذٌّ) ج قُذَّاذٌ وَقُوَاذٌّ: مؤنث قَاذَّةٌ ج قَوَاذُّ

وَالْقُذَّاذُ مِنَ النَّاسِ: تھوڑے لوگ اور اسی سے ہے "جَاءُوا قُذَّاذًا" یعنی تھوڑے لوگ آئے۔ وہ لوگ جو کسی قوم میں ہوں اور ان کے قبیلے سے نہ ہوں۔

قُذَّاذُ الْآفَاقِ: مسافر لوگ۔

قَذَّهُ (ن) قَذًّا وَقُذَّذَهُ: شاذ کرنا۔

أَقَذَّ: نادر بات کہنا ..... الشَّيْءُ: جدا کرنا۔ شاذ کرنا۔

الْقُذَّانُ وَالْقُذَّانُ: متفرق کنکریاں وغیرہ۔

قُذَّانُ النَّاسِ: متفرق لوگ۔

قَذَبَ (ن ض) قَذْبًا وَقُذُوبًا. اللِّحَاءَ: چھال چھیلنا ..... الشَّيْءَ: کاٹنا۔ قَذَبَ وَقَذَّبَ الشَّجَرَ: درخت کو چھانٹنا ..... الْمَالَ: بکھیرنا۔ قَذَبَ عَنْهُ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ قَذَّبَهُ: دھتکارنا۔

تَقَذَّبَ: ہٹنا۔ دور ہونا ..... الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔

الْقَذَبُ: درخت کے ٹکڑے۔ متفرق لکڑیاں۔ چھلکے۔ سامان خانہ۔ کھائی ہوئی گھاس کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "بَقِيَ الْأَرْضِ قَذَبٌ مِنَ الْكَلَإِ" و "مَالَهُ إِلَّا قَذَبٌ مِنَ الْعَسْكَرِ" ہر ایک بقیہ کے معنی میں ہے۔ ج أَقْذَابٌ۔

الْقَذَبَةُ: درخت کی کاٹی ہوئی ٹہنی۔

الْقَاذِبُ: قا۔ وطن سے دور۔

الْقَوْذَبُ: مِنَ الرِّجَالِ: لمبا خوبصورت قد والا۔ ہر چیز کا عمدہ حصہ۔

الْمِقْذَبُ: شاخ تراشی کا آلہ۔

الْمُقَذَّبُ: مع۔ کانٹوں سے صاف کیا ہوا ..... فَرَسٌ مُقَذَّبٌ: لمبا گھوڑا جس میں گوشت زیادہ نہ ہو۔

قَذَرَ. النَّظْمَ: مہر لگا کر جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَذَرَ كَلَامَهُ بِشِعْرٍ" کلام میں شعر داخل کرنا ..... بِفُلَانٍ: بدنام کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

شَذَرٌ : برائی یا مقابلہ کے لئے تیار ہونا۔ غضبناک ہونا۔ سبک ہونا اور کام کے لئے چست ہونا۔۔۔۔ دھمکانا۔۔۔۔۔ القَوْمُ : متفرق ہونا اور اپنی اپنی راہ لینا۔۔۔۔ القوم فی الحَرْب : حد سے گزرنا۔

الشَّذْر : سونے کا ٹکڑا جو کان سے نکالا جائے۔ مہرہ جس سے لڑی میں موتیوں کو جدا کیا جائے۔ چھوٹے موتی۔ واحد (الشَّذْرَۃ) ج شَذَرات وشُذُور : کہا جاتا ہے "تَفرقُوا شَذَرَ مَذَر وشِذَر مِذَر" وہ سب بکھر گئے اور ہر ایک نے اپنی راہ لی۔

الشَّوْذَر : چادر۔ بے آستین کی قمیص۔ رَجُلٌ (شَیْذَارَۃ) صاحب غیرت مرد۔

المُتَشَذِّر : شیر۔

شَذَفَ (ن) شَذْفًا : کہا جاتا ہے "فَاشْذَفَّتْ مِنْہُ فَیْئًا" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا (اس کا استعمال صرف نفی کے ساتھ ہی ہوتا ہے۔)

شَوْذَقَ شَوْذَقَۃً : انگلیوں سے پکڑنا۔

الشَّوْذَق : تکلن۔

الشَّیْذَف الشَّیْذَفَان والشَّوْذَانِق : شکرا یا شاہین۔

الشَّذَام : بچھو اور بھڑ کا ڈنک۔ نمک۔

الشَّیْذَمَان : بھیڑیا۔

الشَّیْذَمَانَۃ : تیز رفتار جوان اونٹنی۔

شَذَا یَشْذُوا شَذْوًا : مٹک لگانا۔۔۔۔ بالخَبَر : معلوم کر کے سمجھانا (۔۔۔۔ وأشْذَی) فُلانًا : تکلیف دینا۔ وأشْذَاہُ عَنْہُ : دور کرنا، ہٹانا۔ شَذًی تَشْذِیَۃً بالخَبَر : معلوم کر کے سمجھانا۔

الشَّذْو : مس۔ مٹک۔ مٹک کی خوشبو۔

الشَّذَا : بو کی تیزی۔ تکلیف۔ برائی۔ نمک۔ مچھلی۔ سواکوں کے درخت کا نام۔ لکڑی کے ٹکڑے۔ کھمی۔ ایک قسم کی کشتی۔ بھوک کی تیزی۔

الشَّذَفَۃُ شَذَا : کا واحد۔ ج شَذَوَات : قوت کا بقیہ۔ پرانی چیز۔

شَرَّ (ض ن س) شَرًّا وشَرَارَۃً وشُرُورًا : شریر ہونا۔ شرارت کرنا۔ صفت مذکر (شَرٌّ) و صفت مؤنث (شَرَّۃٌ) ج أشْرَار وشِرَار وأشْرَاء۔

شَرَّ (ن) شَرًّا۔ **اللَّحْمَ او الثَّوْبَ** : گوشت یا کپڑے کو خشک ہونے کے لئے دھوپ میں ڈالنا۔۔۔۔ فُلانًا : برائی کی طرف نسبت کرنا۔ لوگوں میں مشہور کرنا۔ وحکا رہا۔ أشَرَّ الشَّیْءَ : ظاہر کرنا۔

شَارَّہُ : جھگڑا کرنا۔

تَشَارَّا تَشَارًّا : باہم جھگڑنا۔

الشَّرّ : مس۔ برائی۔ ج شُرُوْرٌ : یہ ہر قسم کی برائی اور خطا کے لئے اسم جامع ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ شَرُّ النَّاسِ وھُمْ شِرَارٌ وأشْرَارٌ وأشْرَاءٌ وھِیَ شَرَّۃٌ أوْ شَرِّی النِّسَاء" وہ لوگوں میں بہت بڑا ہے اور اصل اس کی (أشَرّ) ہے۔ اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ ہمزہ کو کثرت استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے جیسے خیر میں۔

الشِّرَّۃ : برائی۔ تیزی۔ چستی۔ غضب۔ سکی۔ لاغ ہڈی کا ابھار۔ جوانی کی چستی۔

الشَّرَّۃ : مکروہ۔ کہا جاتا ہے "مَا فَلَلْتُ ذٰلِکَ لِشَرِّیکَ" میں نے تیرے مکروہ سمجھنے کی وجہ سے اس کو نہیں کیا۔

الشَّرَرُ والشَّرَارُ : آگ کی چنگاری جو اڑے۔ واحد (شَرَرَۃ وشَرَارَۃ)

الشَّرِیر : شرارت کرنے والا۔ ج أشْرَار وأشْرَاء مؤ شَرِیرَۃ۔ الشَّرِیر : سمندر کا کنارہ۔ ج أشِرَّۃ۔

الشِّرِّیر : بہت شرارت کرنے والا۔ شیطان کا لقب۔ ج شَرَارِیر۔

الإشْرَارَۃ : کھجور وغیرہ خشک کرنے کے لئے چٹائی۔ اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔ خشک گوشت کا ٹکڑا۔ ج أشَارِیر۔

الشِّرِّیرَۃ : بڑی سوئی۔

الغُرَّان : بھنگا۔ مچھر کی مانند ایک کیڑا جو انسان کے منہ کے سامنے اُڑتا ہے اور کاٹتا نہیں۔ واحد (غُرَّانَۃ)۔

شَرِبَ (ض س) شَرْبًا : پینا۔ پیاس بجھانا۔ پیاسا ہونا۔ سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد) شَرِبَ بہ : کسی پر جھوٹ بولنا۔

شَرَبَ (ن) شَرْبًا۔ **الکَلَامَ** : سمجھنا۔

شَرَّبَہُ : پانی پلانا۔ شَرَّبَ القِرْبَۃَ : مشک میں مٹی اور پانی ملانا تا کہ پانی خوشگوار رہے۔۔۔۔ قَصَبُ الزَّرْعِ : کھیتی کے ڈھل کا سیراب ہونا۔۔۔۔ السَّبَلُ الحقیقی : خوشہ کے دانوں میں گودا بیٹھنا۔

أشْرَبَہُ : پلانا۔ أشْرَبَ الرَّجُلُ : پیاسا ہونا، پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد)

اللَّوْن : گہرا رنگ۔۔۔۔ الثَّوْب حُمْرَۃً : کپڑے کے رنگ میں سرخی کو ملانا۔۔۔۔ بہ : کسی پر جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ فِی مَالِہٖ أشْرَبَ" اس نے میرے مخلص ساتھی کی جیب کا ٹھوی کیا جس کو میں نے نہیں کیا۔۔۔۔ الإبِل : باعث ہونا۔۔۔۔ وأشْرَبَ حُبَّ فُلَانٍ : اس کے دل میں فلاں کی محبت جاگزیں ہو گئی۔

شَارَبَہُ مُشَارَبَۃً وشِرَابًا : ساتھ پینا۔

تَشَارَبُوا : ایک دوسرے کے ساتھ پینا۔

تَشَرَّبَ۔ **الثَّوْبُ الجِرْقَ** : جذب کرنا۔ چوسنا۔

إسْتَشْرَبَ۔ **لَوْنُہٗ** : تیز اور گہرا ہونا۔

إشْرَأَبَّ۔ **لِسَانُہٗ وقَلْبُہٗ** : گردن اٹھا کر دیکھنا۔ اسم (الشَّرْبَبَۃ) جیسے اِطْمَأَنَّ سے طُمَأْنِیْنَۃ۔

الشَّرْب : مس۔ شَارِب : اسم فاعل کی جمع ہے۔

الشِّرْب : مس۔ پینے کا پانی۔ پانی کا حصہ۔ گھاٹ۔ پینے کا وقت۔ ج أشْرَاب۔

marfat.com
Marfat.com

الشَّرْبَة. شَرْبَة: کا اسم مرۃ جو ایک مرتبہ پیا جا سکے۔
الشُّرْبَة: چہرے کی سرخی۔ کہا جاتا ہے "بِهِ شُرْبَةٌ مِنْ حُمْرَةٍ" اس کے چہرہ میں سرخی ہے۔ سیراب ہونے کی مقدار پانی۔
الشَّرْبَة: بہت پینا۔ پیاس۔ گرمی کی شدت۔ ج شَرَب و شَرَبات.
مَاءٌ (شَرُوبٌ وشَرِيبٌ): پینے کے لائق پانی۔ الشَّرِيب: بہت پینے والا۔ پینے کا ساتھی جو شخص تمہارے ساتھ مل کر پانی لائے یا تمہارے ساتھ پلایا جائے۔ اونٹوں کو گھاٹ پر لانے میں ساتھی۔
الشَّرْبَة: بے درخت کے گھاس والی زمین۔ وادی کا کنارہ۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "مَازَالَ فُلَانٌ عَلَى شَرْبَةٍ وَاحِدَةٍ" فلاں ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔
الشَّرَاب: ہر ایک پینے کی چیز۔ ج اَشْرِبَة.
الشُّرْبَة والشَّرُوب والشَّرَّاب والشَّرِيب: بہت پینے والا۔
الشَّرَّابَة: شراب کا مؤنث۔
عِنْدَ الْمَوْلِدِين. ترکی ٹوپی وغیرہ کا پھندنا۔ ج شَرَابِيب. شَرَّابَةُ الرَّاعِيْ: ایک پودہ کا نام۔
الشَّارِب (ع) ج شَرْب (جیسے رَاكِب: جمع رَكْب) جانوروں کی کمزوری۔ شَارِبُ الرَّجُلِ: مونچھ دونوں جانب کے اعتبار سے تثنیہ لاتے ہیں اور "شَارِبَا الرَّجُلِ" کہتے ہیں اور اطراف و اجزاء کے اعتبار سے جمع "شَوَارِبُ الرَّجُلِ" بولتے ہیں۔ الشَّوَارِب" گردن کی رگیں۔ گردن میں پانی گزرنے کی جگہیں۔
الشَّارِبَة. الشَّارِبُ: کا مؤنث۔ ج شَارِبَات وشَوَارِبُ: دریا کے کنارے رہنے والی قوم۔
الشُّرُوب: پانی پینے والے۔
الشَّرَابِيُّ: سقہ۔ بھشتی۔
المَشْرَب: پانی۔ پانی پینے کی جگہ اور اب خواہش نفس اور میلان کے معنی میں مستعمل ہے۔ جیسے "وَافَقَ الْآخَرُ مَشْرَبَهُ" معاملہ اس کی خواہش کے مطابق ہو گیا۔ ج مَشَارِبُ.
المَشْرَبَة. المَشْرُبَة: نرم زمین جو ہمیشہ سرسبز رہے۔ پینے پلانے کا کمرہ۔ پینے کی جگہ۔ ج مَشَارِبُ: کہا جاتا ہے "طَعَامٌ ذُو مَشْرَبَةٍ" پانی پلانے والا کھانا یعنی جو شخص اسے کھائے پانی زیادہ پیے۔
المِشْرَبَة: پانی پینے کا برتن۔ ج مَشَارِبُ.
المَشْرُوب: مفع۔ ہر وہ چیز جو پی جائے۔
الشَّرَابِت: سخت پتلی والا۔ شیر
الشِّرْبَاخ: پژمردہ سانپ کی چھتری۔
الشَّرْبَش: چیتھڑا۔
شَرْبَقَ. الثَّوْبَ: کپڑے ٹکڑے کرنا۔
الشَّرْبِين: سرو کی مانند ایک درخت کا نام جس سے عمدہ قطران نکلتا ہے۔
شَرِثَت (س) شَرَثًا وانْشَرَثَتْ. يَدُهُ: ہاتھ کا سردی کی وجہ سے سخت ہو کر پھٹنا۔
شَرِثَ الرَّجُلُ: سردی کی وجہ سے سخت ہو کر پھٹے ہوئے ہاتھ والا ہونا۔ صفت (شَرِثٌ)..... النَّعْلُ: جوتے کا چمڑا۔
الشَّرْث: ہر پرانی بوسیدہ چیز۔
الشَّرِث. مِنَ السُّيُوْفِ والأَسِنَّةِ: تیز تلوار و بھالا۔
الشَّرْثَة: پرانا جوتا۔
شَرَجَ (ن) شَرْجًا: جھوٹ بولنا..... الشَّيْءَ: جمع کرنا..... الشَّرَابَ بِالْمَاءِ: ملونی کرنا (..... وشَرَّجَ وأَشْرَجَ) الحِجَارَةَ: پتھروں کو تہ بتہ لگا کر جمانا..... الخَرِيطَةَ: کناروں کو ملا کر باندھنا۔ وشَرَّجَ الثَّوْبَ: کپڑے میں لنگر ڈالنا۔ دور دور سینا۔ عوام سَرَّجَ: کہتے ہیں۔ أَشْرَجَ صَدْرَهُ عَلَى كَذَا: کسی بات کو چھپانا۔
شُرِّجَ. اللَّحْمُ. چربی سے مخلوط ہونا۔
شَارَجَهُ: مشابہ ہونا۔
تَشَرَّجَ. الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔
إِنْشَرَجَ. الشَّيْءُ: دو ٹکڑوں میں پھٹنا۔
الشَّرْج: مص۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَرْجُ ذَاكَ" یہ اس کے مثل ہے "هُمَا شَرْجٌ وَاحِدٌ" وہ دونوں ایک نوع کے ہیں۔ فرقہ۔ کہا جاتا ہے "أَصْبَحُوْا فِي الْأَمْرِ شَرْجَيْنِ" وہ کام میں دو فرقے ہو گئے۔ سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ ج شِرَاج وشُرُوْج.
الشَّرْجَة: سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ گڑھا جس میں کھال بچھا دی جائے اور پانی ڈالا جائے اور اس میں سے اونٹ پانی پئیں۔
الشَّرَج: وادی کی کشادہ جگہ۔ کاج (اس معنی کے لحاظ سے اسم جنس ہے) کمان کی پھٹن۔ ج أَشْرَاج.
الشَّرِيج: مثیل۔ مانند۔ لکڑی کے دو برابر برابر کے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا۔ لکڑی جس سے دو کمانیں بنائی جائیں۔ قَوْسٌ شَرِيجٌ: پھٹی ہوئی کمان۔ ج شَرَائِج.
الشَّرِيجَة: درخت خرما کی پتیوں سے بنی ہوئی ٹوکری۔ بانس کا ٹھاٹھر جو دکان کے دروازہ پر لگایا جائے۔ پٹھا جس سے تیر کے پر کو جوڑیں۔ ج شَرَائِج.
سَهْمٌ مُشَرَّجٌ: تیر جس میں پر کو جوڑنے والا پٹھا لگا ہو۔
الشِّيرَج: تل کا تیل (دخیل)
الشَّرْجَب: اصیل گھوڑا۔ لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔
الشَّرْجَبَان والشُّرْجُبَان: ایک قسم کا پودہ جس کا پھل بینگن کے مشابہ ہوتا ہے اور اس سے کھال کی دباغت کرتے ہیں۔
الشَّرْجَع: لمبا۔ نعش۔ تابوت۔ میت۔ لمبی اونٹنی۔ چوکور لمبی لکڑی۔ تخت۔
المُشَرْجَع: لمبا کیا ہوا۔ بغیر کناروں کے ہتھوڑا۔ کہا جاتا ہے "مِطْرَقَةٌ مُشَرْجَعَةٌ" یعنی بغیر پہلو کے لمبا ہتھوڑا۔
شَرَحَ (ف) شَرْحًا. اللَّحْمَ: لمبے ٹکڑے

marfat.com
Marfat.com

کانا..... المَسْئَلَة: مسئلہ کی بار یکی کو کھول دینا اور بیان کرنا..... الکَلام: سمجھانا..... الشَّیْ: کھولنا' کشادہ کرنا۔ حفاظت کرنا..... صَدْرَہ لِلشَّیْ وبالشَّیْ: خوش ہونا..... إلی الشَّیْ: رغبت ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ یَشْرَحُ إلَی الدُّنیا" فلاں دنیا کی طرف رغبت ظاہر کرتا ہے۔

شَرْحٌ. الشَّیْ: کاٹ کر جدا جدا کرنا اور اسی سے اطباء کے نزدیک "علم التشریح" ہے

شَرْحُ قَطْعَةُ اللَّحْمِ: پتلا پتلا پارچہ کاٹنا

.....الشَّیْ: کھولنا' ظاہر کرنا۔

اِنْشَرَحَ. صَدْرَہ: خوش ہونا۔

اِنْشَرَحَ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہ بِقَوْلِ الْخَیْرِ فَانْشَرَحَ" اللہ نے اس کے سینہ کو قول خیر کے لئے کشادہ کر دیا اور وہ کشادہ ہو گیا۔

الشَّرْحَة: گوشت کا ٹکڑا۔ گوشت کا پارچہ۔

الشَّرِیحُ والشَّرِیحَةُ: گوشت کا ٹکڑا۔ موٹے گوشت کا دراز ٹکڑا۔ ج شَرَائِح.

الشَّارِحُ: فاعل۔ بیان کرنے والا۔ محیت کی پرندوں سے حفاظت کرنے والا۔

المَشْرُوحُ: مفع۔ سراب۔

المَشْرَحُ: اندام نہانی۔

الشَّرْحَبُ: لمبا۔

اِشْرَحَفَّ لَہ: آمادہ جنگ ہونا۔ جلدی کرنا۔

الشُّرْحُوفُ: دشمن پر حملہ کرنے کے لئے آمادہ۔

الشَّرْحَافُ: چوڑا پائجاں۔ چوڑے پنجے والا۔

شَرَحَ (ن) شُرُوحًا. العَصِیُّ: جوان ہونا۔ صفت (شَارِح) ج شَرْحٌ (جیسے صَاحِب کی جمع صَحْبٌ) (شُرُحًا وشُرُوحًا) نابُ البَعِیرِ: دانت نکلنا۔

الشَّرْحُ: جس۔ اصل۔ ابتداء جوانی۔ اول امر۔ کسی چیز کا اُبھرا ہوا کنارہ۔ مثل اہم امر۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ شَرْحُ جُمْعٍ" وہ میرا اہم امر ہے۔ و "عَجِلْتَ یَا شَرْحَانُ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ "شَرْحَا الرِّجْلِ" پاؤں کا اگلا و پچھلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَا یَزَالُ بَیْنَ شَرْحَیْ رَحْلِہ" یعنی فلاں ہمیشہ سفر کرتا رہتا ہے۔ اونٹ کی سالانہ پیدائش۔ ج شُرُوحٌ.

الشُّرْحُوبُ: ریڑھ کی ہڈی۔ ج شَرَاحِیب.

شَرَدَ. (ن) شَرْدًا وشُرُوْدًا وشُرَادًا وشِرَادًا: بدک کر بھاگنا..... عَلَی اللّٰہِ: اطاعت سے نکل جانا۔ صفت (شَارِد) ج شُرَّدٌ (شُرُوْدٌ). شُرُوْدُ مُؤَخَّرُہ شَارِدَةٌ ج شَوَارِد وشُرُد. وشَوَارِدُ اللُّغَةِ: نوادر کلمات۔

شَرَّدَہ وأَشْرَدَہ: دھکارنا۔ بھگانا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَشْرُوْدٌ مُشَرَّدٌ" فلاں دھکارا ہوا' بھگایا ہوا ہے جیسے کہا جاتا ہے "کُرِیْدٌ شَرِیْدٌ". شَرَّدَ شَمْلَھُمْ: جماعت متفرق کر دینا۔ شَرَّدَ بِفُلانٍ: لوگوں کو کسی کے عیوب سنانا۔

تَشَرَّدَ. القَوْمُ: جانا۔

الشَّرِیدُ: دھکارا ہوا۔

الشَّرِیدَةُ. الشرید: کامؤنث۔ چیز کا بقیہ۔ ج شَرَائِد.

الشِّرْدَاحُ: موٹا تازہ جسے گوشت والا۔

شَرْدَحَ. العَجَمَ: متفرق کرنا۔

الشِّرْدِمَةُ: لوگوں کی قلیل جماعت۔ ج شَرَادِم وشَرَادِمَة. ثِیَابٌ شَرَادِمُ: پھٹے ہوئے کپڑے۔

شَرَزَہ (ن) شَرْزًا: کاٹنا۔ صفت (شَارِز) ج شُرَّزٌ.

شَرَزَہ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ گالی دینا۔ عذاب دینا۔

شَارَزَ. بہ: علق ہونا..... الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا۔ دشمنی کرنا۔

أَشْرَزَہ: جنگ و ہلاکت میں ڈالنا۔

الشَّرْزُ: جس۔ قوت۔ سختی و درشتی خشت و درشت۔ جیسے "عَجَلَمْنَةُ اللّٰہِ عَلَیْنَا شَرْزًا" اللہ اس کو سخت عذاب دے۔

الشَّرْزَةُ: اسم مرۃ۔ ہلاکت۔ سختی۔

الشُّرَّاز: شارز: اسم فاعل کی جمع۔ لوگوں کی سخت عذاب دینے والے۔

الشِّیرَازُ: وہی جس میں سے پانی نکال دیا گیا ہو۔ ج شَوَارِیز وشَرَارِیز.

المُشَارِز: فا۔ سخت۔ بدخلق۔

المُشَرَّز: مفع۔ بندھا ہوا۔ ملائے ہوئے کناروں والا۔

الشَّرِسُ (س) شَرَاسَةً وشَرَسًا وشَرِیسًا: بدخلق ہونا۔ صفت (شَرِس وشَرِیس وأَشْرَس) شَرِسَتِ المَاشِیَةُ: کانٹے دار پھول کے پودے پر بیٹھ کر کھانا۔

شَرَسَہ (ن) شَرْسًا: سخت کالی سے چلانا۔

النَّاقَة: نکام سے کھینچنا۔

شَارَسَہ مُشَارَسَةً وشِرَاسًا: سخت معاملگی کرنا۔

تَشَارَسُوا. القَوْمُ: باہم دشمنی کرنا۔

شَرِسَت (س) شَرَاسَةً. المَاشِیَةُ: خوب چرنا۔

الشَّرَسُ والغَرَسُ. مص..... (الشَّرِس) کانٹے دار پھول کے پودے۔

الشَّرْسَاء. اشرس: کامؤنث۔ سفید پتلا بادل۔

الشَّرِیس. مص۔ بدخلق۔ بہت جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ نَفْسٌ شَرِیسَةٌ" اس کے اندر بدخلقی اور جھگڑا کرنے کی عادت ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَوْ زُھَیْرِیس" وہ بدخلق ہے "وَقَدْ لَانَ شَرِیسُہٗ" اس کی بدخلقی نرم پڑ گئی۔ شَرِیسُ الأَکْلِ: بہت کھانے والا۔

الشَّرِیس: شیر۔ ایک بدمزہ پودہ۔

أَرْضٌ (شَرِیسَةٌ ومُشْرِسَةٌ) بہت کانٹے دار چھوٹے پودوں والی زمین۔

الشِّرَاس: مص۔ سرین۔

شَرْشَفَ شَرْشَفَةً: بدخلق ہونا۔

الشَّرْشُوف: پلیوں کا وہ کنارہ جس پر کھلا

marfat.com
Marfat.com

جانب ہونا ہے۔ بندھا ہوا اونٹ۔ گنی کی ابتداء۔ معیت۔ ج شَرَائِط۔

شَرْشَرَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔ کاٹ کر جھاڑنا..... الشِّرْشِیْرُ: چھری پتھر پر تیز کرنا۔

الشَّاشِیَۃُ النَّبَاتُ: جانور کا گھاس چرنا۔

تَشَرْشَرَ عَنْہُ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔

الشَّرْشَرُ: ایک قسم کی بیل جس میں کانٹے نہیں ہوتے۔ واحد (شَرْشَرَۃ) شِوَاءٌ شَرْشَرٌ: بھنا ہوا گوشت جس سے چربی ٹپکتی ہو۔

الشِّرْشِرَۃُ: ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔

الشَّرَاشِرُ: نفس۔ تمام بدن اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰی عَلَیْہِ شَرَاشِرَہٗ" اس نے اس سے محبت کی یہاں تک کہ اپنے آپ کو ہلاک کر لیا۔ بوجھ۔ شَرَاشِرُ الذَّنَبِ: دُم کے اطراف۔

الشُّرْشُوْرُ: ایک پرندہ جس کو "بُرْبُش" بھی کہتے ہیں۔ ج شَرَاشِیْر۔

شَرَصَ (ن) شَرْصًا: کھینچنا۔

شَرَصَہٗ وشَرْصَہٗ بِکَلَامِہٖ: گالی دینا۔

الشَّرْص: مص۔ سختی۔ درشتی۔

الشِّرْص: کھٹی کے پاس بال گرنے کی جگہ۔ ج شِرَاص وشِرَصَۃ۔

الشَّرِیْصَۃُ: رخسارہ۔ ج شَرَائِص۔

الشِّرْوَاصُ: ہر چیز کا موٹا اور نرم۔

المِشْرَاصُ: ٹیڑھے سر کا لوہا جس سے گدھے کے مونڈھوں کے درمیان آہستہ آہستہ ماریں تا کہ تیز چلے۔

المَشْرُوْص: مقطع۔ کٹا ہوا۔

جَمَلٌ شِرْوَاصٌ: موٹا اور نرم اونٹ۔

شَرَطَ (ن ض) شَرْطًا. عَلَیْہِ فِیْ بَیْعٍ وَنَحْوِہٖ: شرط لگانا..... الجِلْدَ: نشتر مارنا۔

شَرِطَ (س) شَرَطًا: کسی بڑے معاملہ میں پھنسنا۔

شَرَّطَ. الجِلْدَ: نشتر لگانا..... الشَّیْءَ: باندھنا۔

شَارَطَہٗ: باہم شرط لگانا۔

اَشْرَطَ. الاِبِلَ: اونٹ کو فروخت کرنے کے لئے نشان لگا کر جدا کرنا..... اِلَیْہِ رَسُوْلًا: جلدی اپنی بھیجنا..... نَفْسَہٗ اَوْ مَالَہٗ فِیْ اَمْرٍ: پیش کرنا..... نَفْسَہٗ لِکَذَا: تیار کرنا۔ آمادہ ہونا..... بِالشَّیْءِ وَفِیْہِ: ہلکا سمجھنا اور شرط لگانا۔

تَشَرَّطَ. فِی الْعَمَلِ: اچھی طرح غور کرنا۔ اپنے اوپر غیر ضروری شرطیں لگانا۔

تَشَارَطَا. القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ شرط لگانا۔ تَشَارَطُوْا عَلَی الشَّیْءِ: التزام شرط کرنا۔

اِشْتَرَطَ. لَہٗ کَذَا: شرم لازم کرنا۔

اِسْتَشْرَطَ. المَالُ: درستی کے بعد خراب ہونا۔

الشَّرْط: مص۔ کسی چیز کا لازم کرنا۔ ج شُرُوْط: کمینہ۔ ہیچ۔ ج اَشْرَاط.

الشَّرَط: مص۔ علامت۔ ہر چیز کا اول۔ ہر چھوٹی نالی۔ ردی مال۔ چھوٹے چھوٹے مال۔ ج اَشْرَاط. الاَشْرَاط: رذیل لوگ۔ شریف لوگ (ضد) کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ شَرَطِ النَّاسِ وَاَشْرَاطِھِمْ" وہ رذیل یا شریف لوگوں میں سے ہے۔

الشُّرْطَۃُ: شرط جو تم لگاؤ۔ فوج کا پہلا دستہ جو میدانِ جنگ میں آئے۔ شُرْطَۃُ: کُلِّ شَیْءٍ: عمدہ و بہترین (..... والشُّرْطِیُّ) شُرَط کے واحد ہیں۔ شُرَط کے معنی والی کے اعوان و انصار لوگ اور آج کل کے زمانہ میں کوتوال کو کہتے ہیں۔ اس وجہ سے کہ وہ ایسی علامت لگاتے ہیں جس سے وہ پہچانے جاتے ہیں۔

الشُّرَط: فوج کا پہلا دستہ جو میدانِ جنگ میں حاضر ہو اور موت کے لئے تیار ہو۔

الشَّرِیْط: شرط۔ پوست خرما کی بٹی ہوئی رسی جس سے تخت وغیرہ کو باندھیں۔ ڈبہ جس میں عورت خوشبو وغیرہ رکھے۔ ج شُرُط.

الشَّرِیْطَۃُ: شرط۔ پھٹے ہوئے کان والا۔ اونٹ۔ ج شَرَائِط.

اَشْرَطُ. الناسِ: رذیل آدمی۔

المِشْرَط والمِشْرَاط والمِشْرَطَۃ: نشتر ج مَشَارِط ومَشَارِیْط.

شَرَعَ (ف) شَرْعًا. لِلْقَوْمِ: قانون بنانا۔ شریعت جاری کرنا..... لَھُمُ الطَّرِیْقَ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَرَعَ اللّٰہُ لَنَا کَذَا بِشَرْعِہٖ" یعنی خدا نے ہمارے لئے ایسا ظاہر کیا..... الرَّجُلُ: حق کو غالب کرنا اور باطل کو مٹانا..... البَیْتُ: گھر کا کھلے ہوئے راستہ پر ہونا۔

البَابُ اِلَی الطَّرِیْقِ: دروازہ کو کھلے ہوئے راستہ کی جانب کرنا..... الحَبْلَ: رسی کی گرہ کو کھول کر دونوں کناروں کو کڑے وغیرہ میں ڈالنا۔

..... الشَّیْءَ: بہت بلند کرنا۔

شَرَعَ (ف) شَرْعًا: شَرْوًا. فِی المَاءِ: پانی میں داخل ہونا یا اوک سے پینا۔

..... الوَارِدُ: پانی کو منہ لگا کر پینا..... المَاشِیَۃَ: جانور کو پانی پر لے جانا..... الاَمْرَ: کام شروع کرنا..... فِی الاَمْرِ: کام میں مشغول ہونا..... الرِّمَاحَ فَشَرَعَتْ ھِیَ: نیزے کو کسی کی جانب سیدھا کرنا اور سیدھا ہونا۔ (لازمی ومتعدی)

الطَّرِیْقُ: راستہ ظاہر ہونا..... بِفُلَانٍ: کسی کو پانی پر لے جانا..... فُلَانٌ عَلَیْنَا: قریب ہونا اور جھانکنا۔ شَرَعَ یَضْرِبُ: مارنے لگنا۔ (افعال مقاربہ سے ہے۔)

شَرَّعَ واَشْرَعَ. الطَّرِیْقَ: راستہ ظاہر کرنا۔

..... فِی المَاءِ: پانی میں داخل کرنا۔ شَرَّعَ الحَبْلَ: رسی کی گرہ کھولنا۔ شَرَّعَ السَّفِیْنَۃَ: کشتی میں بادبان لگانا۔ اَشْرَعَ بَابَہٗ اِلَی اَوْ عَلَی الطَّرِیْقِ: راستہ کی طرف دروازہ کھولنا۔ اَشْرَعَ عَلَیْہِ الرُّمْحَ: کسی کی جانب نیزہ سیدھا کرنا۔

اَشْرَعَ الشَّیْءَ: بہت بلند کرنا۔

اِشْتَرَعَ. الشَّرِیْعَۃَ: قانون بنانا۔ شریعت

marfat.com
Marfat.com

جاری کرنا۔
الشَّرْعُ: مص۔ اللہ کے مقرر کردہ احکام اور کہا جاتا ہے "شَرَعْتُ مَا بَلَغَكَ الْمَعْلُ" یعنی تمہارے لئے اتنا توشہ کافی ہے جو مقصد کی جگہ تک پہنچا دے اور یہ اس شخص سے کہتے ہیں جس کو تھوڑے پر قناعت کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا ہو..... **الشِّرْعُ** و **الشَّرْعُ** مشل۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ فِيْ هٰذَا شَرْعٌ وَاحِدٌهُمْ فِيْ هٰذَا شَرْعٌ" یعنی لوگ اس میں برابر ہیں۔ **الشِّرْعُ**: جوتے کا تسمہ۔
الشَّرْعَةُ و **الشِّرْعَةُ**: ذات۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا عَلَى الشَّرْعِ" انہوں نے ذات کو بجایا۔ **الشِّرْعَةُ**: قطار پرندہ کے شکار کرنے کا جال۔ شریعت۔ مثل۔ پانی کی طرف راستہ۔ عادت۔ ج شِرْعٌ شَرْعٌ و شِرَاعٌ۔
الشَّرَعَةُ: کتی۔ ج اَشْرَاعٌ۔
الشَّرِيْعُ: بہادر۔ عمدہ کتاں..... **مِنَ اللِّيْفِ**: درخت خرما کی چھال کے کاٹنے سے جو خشت ہو گئے ہوں۔
الشَّرِيْعَةُ: طریقہ۔ اللہ کے مقرر کئے ہوئے احکام۔ چوکھٹ۔ دریا کے کنارے رہنے والوں کے لئے گھاٹ۔ ج شَرَائِعُ۔ **لَهْرٌ الشَّرِيْعَةِ**: دریائے اُردن۔
الشَّارِعُ: اسم فاعل۔ مؤنث شَارِعَةٌ۔ ج شُرُعٌ و شُرُوْعٌ و شَوَارِعُ۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شُرُعٌ و شَوَارِعُ" پانی میں داخل ہونے والے اونٹ۔ بیت شَارِعٌ: وہ مکان جس کا دروازہ راستہ کی جانب ہو۔ **والشَّارِعُ** ج شَوَارِعُ: سڑک۔ عام راستہ۔ رِمَاحٌ شَارِعَةٌ و شَوَارِعُ: کسی کی جانب سیدھے کئے ہوئے نیزے۔ **الشَّوَارِعُ مِنَ الْجُزُوْرِ**: غروب کے قریب ستارے۔
اَنْفٌ (اَشْرَعُ): لمبے نوک دار ناک۔
الشَّرَاعُ: جو چیز جو بلند اور کھڑی کی جائے۔ بادبان۔ ذات جب تک کہ کمان پر لگی رہے۔ اونٹ کی گردن۔ کہا جاتا ہے "رُجُلُ شِرَاعُ الْاَنْفِ" لمبے بانسہ کی ناک والا مرد۔ ج اَشْرِعَةٌ و شُرُعٌ۔
الشَّرَاعَةُ: دلیری۔
الشَّرَّاعُ: عمدہ کتاں پیچھے والا۔
الشَّرْعِيُّ: مطابق شریعت۔
الشَّرَاعِيُّ: مِنَ الْاِبِلِ: بھی گردن والا اونٹ۔
الشِّرَاعِيُّ: مِنَ الرِّمَاحِ: لمبے نیزے۔ ایک شخص کی جانب منسوب جس کا نام شراع تھا اور وہ نیزے بناتا کرتا تھا۔
تَشْرِيْعُ الْاَشْرِعَةِ: توریت کا پانچواں باب۔
الْمَشْرَعُ و **الْمَشْرَعَةُ** و **الْمَشْرُعَةُ**: دریا کے کنارے رہنے والوں کے لئے گھاٹ۔ ج مَشَارِعُ۔
الْمُشْرِعُ: مِنَ الْبُيُوْتِ: بلند مکان۔
الْمَشْرُوْعُ: سیدھا کیا ہوا۔ جس کو شریعت جائز رکھے۔ **وَالْاَمْرُ الْمَشْرُوْعُ**: وہ کام جس کو تم شروع کرو۔
شَرْعَبَ: **الْاَدِيْمَ**: لمبا کاٹنا۔
الشَّرْعَبُ: لمبا۔
الشَّرْعَبِيُّ: ایک قسم کی چادر۔ لمبا خوبصورت جسم والا۔
الشَّرْعُوْبُ: ایک قسم کی گھاس۔
الشِّرْعَافُ: زعفران کے شگوفے کا پھسنہ۔
الشَّرْعُوْفُ: ایک قسم کی گھاس۔
الشَّرْغُ و **الشَّرْغُوْفُ**: چھوٹا مینڈک۔
الشُّرْغُوْفُ: ایک قسم کی گھاس چھوٹا مینڈک۔
شَرَفَةٌ (ن) **شَرْفًا**: کسی سے عزت و مرتبہ میں غالب ہونا۔ صفت مفعولی (مَشْرُوْفٌ).....
الْحَائِطُ: دیوار میں نکڑ بنانا۔
شَرُفَ (ک) **شَرَافَةً** و **شَرْفًا**: دین یا دنیا میں بلند مرتبہ ہونا۔ صاحب عزت ہونا۔ **شَرُفَتِ الْفَلَاةُ شَرُوْفًا**: بڑی ہونا۔
شَرِفَ (س) **شَرَفًا**: بلند ہونا۔
شَرَّفَهُ: شرافت پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
شَارَفَ الْمَكَانَ: چڑھنا..... **عَلَى**: اوپر سے جھانکنا۔ قریب ہونا۔
شُرْفَةٌ: تعظیم کرنا۔ بڑی دیگ یا عزت کرنا۔
شَرَّفَ الْبَيْتَ: نکڑ بنانا..... **الْمَكَانَ**: چڑھنا۔
اَشْرَفَ. **الشَّيْءَ**: بلند ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا..... **الْمَكَانَ**: چڑھنا..... **عَلَيْهِ**: اوپر سے جھانکنا..... **لَكَ الشَّيْءُ**: تمکن ہونا۔ قدرت و طاقت میں ہونا..... **عَلَى الْمَوْتِ**: قریب الموت ہونا..... **عَلَيْهِ**: ڈرنا یا مہربانی کرنا۔
اَشْرَفَتِ الْعَيْلُ: تمیز دودھ..... **نَفْسُهُ عَلَى الشَّيْءِ**: حریص ہونا اور ہلاک ہونا۔
تَشَرُّفٌ. **الْبَيْتِ**: نکڑے دار ہونا..... **الرَّجُلُ**: عزت پانا..... **بِكَذَا**: باعث عزت جاننا..... **الْمَكَانَ**: چڑھنا..... **الشَّيْءَ**: ہاتھوں سے اڈکر کے کسی چیز کی طرف نظر اٹھا کے دیکھنا..... **لِلشَّيْءِ**: جھانکنا..... **عَلَى الشَّيْءِ**: اوپر سے جھانکنا۔
تُشُرِّفَ. الْقَوْمُ: ذی عزت لوگوں کا قاتل کیا جانا۔
اِسْتَشْرَفَ: سیدھا کھڑا ہونا۔
اِسْتَشْرَفَ: سیدھا کھڑا ہونا..... **الشَّيْءَ**: ہاتھ کی آڑ کر کے نظر اٹھا کے دیکھنا۔
اِسْتَشْرَفَهُ حِفْظُهُ: فکر کرنا۔ حق نگہداشت۔
..... **الْغَاةَ**: محبوب سے صاحم لینے کے لئے دیکھ بھال کرنا۔
الشَّرَفُ: مص۔ عزت و بزرگی..... **الْخُرُوْفِ**..... بلند مکان۔ ناک ج اَشْرَافٌ۔ **شَرَفٌ الْبَحْرِ**: کوہان۔ **الشَّرَفُ**: شریف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرَفُ قَوْمِهِ وَ تَمْرُهُمْ" وہ قوم کا شریف ہے۔
الشَّرَفَةُ: خاندانی شرافت۔
الشَّرَفَةُ: مِنَ الْقَصْرِ: نکڑہ۔ ج شُرَفٌ و **الشُّرْفَةُ** مِنَ الْمَالِ: عمدہ مال اور کہا جاتا ہے "اِجْلِدْ بِاَرْنَكُمْ شُرْفَةً" تمہاری ملاقات کو میں اپنے لئے باعث عزت سمجھتا ہوں۔
الشَّرَفَةُ. **شَرَفَاتٌ**: کا واحد۔ **شَرَفَاتَانِ**

marfat.com
Marfat.com

شلث یا مربع بھیڑوں کو کہتے ہیں جو دیہات کے بالائی حصہ میں ہوتی ہیں۔

الشَّارِف: قا۔ عنقریب شرف حاصل کرنے والا۔ سَهْمٌ شَارِفٌ: پرانا تیر۔ دَنٌّ شَارِفٌ: پرانی شراب کا مٹکا..... مِنَ النُّوقِ: بوڑھی اُونٹنی۔ ج شُرُف وشُرَّف وشُرُوف وشُرَّف.

الشَّارِفَة: شَارِف کا مؤنث۔ بوڑھی اُونٹنی۔ ج شَارِفَات وشَوَارِف.

الشَّوَارِف: شراب کے برتن۔ مٹکا وغیرہ۔

الشَّارُوف: جھاڑو۔

الشَّرِيف: شرف وعزت والا۔ ج شُرَفَاء وأَشْرَاف: مؤنث شَرِيفَة. ج شَرَائِف وشَرِيفَات حَارِكٌ شَرِيفٌ: بلند موڈھا۔ أَشْرَاف الإِنْسَان: انسان کے ناک کان۔

الأَشْرَف: اسم تفضیل۔ چکاوڑ۔ قصر أَشْرَف: مؤنث شَرْفَاء. ج شُرُف: کنگرہ دار یا برجی والا محل۔ رَجُلٌ أَشْرَف: بلند کاندھے والا مرد۔ عَنْكَبٌ أَشْرَف: بلند موڈھا۔

الشُّرْفَة: أَشْرَف کا مؤنث..... مِنَ الآذَان: لمبا کان۔

المُشْرِف: مِنَ الأَمَاكِن: بلند جگہ۔

المُشْرَف: جھانکنے کی جگہ۔ ج مَشَارِف. مَشَارِف الأَرْض: زمین کی بلند جگہیں۔

المَشْرَفِيّ: عرب کے ان دیبات کی طرف منسوب ہیں جو مَشَارِف الشَّام: کے نام سے موسوم ہیں اور اسی سے ہے "السُّيُوف المَشْرَفِيَّة" اور بقول بعض "السُّيُوف المَشْرَفِيَّة" یمن کے ایک علاقہ کی طرف منسوب ہیں۔ مَشَارِف الشَّام کی طرف نہیں۔

المُسْتَشْرِف: بلند۔

شَرِقَ (ن) شَرَقًا. الشَّاةُ: بکری کے کان کو لمبائی میں چیرنا۔ صفت مفعولی (شَرْقَاء)..... القَمَرُ: پھل توڑنا۔

شَرَفَ (ن) شَرْفًا وشُرُوفًا. الشَّمْسُ: آفتاب طلوع ہونا..... المَحَلُّ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔

شَرِقَ (س) شَرَقًا. بِرِيقِهِ: اچھولنا۔ شَرِقَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا سرخ ہونا..... لَوْنُهُ: شرم کی وجہ سے سرخ ہونا..... الجَرْحُ بِالدَّمِ: زخموں کا خون سے بھرنا..... الدَّمُ فِي عَيْنِهِ: آنکھ میں خون ظاہر ہونا..... المَوْضِعُ بِأَهْلِهِ: جگہ کا لوگوں سے بھر کر تنگ ہونا..... الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا..... الشَّيْءُ: مخلوط ہونا..... الأَرْضُ: پانی جاری ہونے کے نا قابل ہونا..... الشَّاةُ: لمبائی میں چیرے ہوئے کان والی ہونا۔

شَرَّقَ: مشرق کی طرف متوجہ ہونا۔ چمکدار خوبصورت چہرے والا ہونا..... اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے کرنا اور دھوپ میں خشک کرنا..... البِنَاءَ: چونے وغیرہ سے لیپنا..... الشَّيْءَ بِالزَّعْفَرَانِ: کسی چیز کو زعفران سے رنگنا۔

أَشْرَقَتِ. الشَّمْسُ: آفتاب کا طلوع ہونا۔ چمکنا۔ أَشْرَقَ وَجْهُهُ: چمکدار ہونا..... المَكَانُ: سورج کی چمک سے روشن ہونا۔

..... الرَّجُلُ: طلوع آفتاب کے وقت داخل ہونا۔ أَشْرَقَتِ الشَّمْسُ المَكَانَ: روشن کرنا۔ الثَّوْبَ فِي الصِّبْغِ: گہرا رنگنا۔ أَشْرَقَهُ بِرِيقِهِ: اچھولگوانا..... النَّخْلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔

تَشَرَّقَ: دھوپ میں بیٹھنا۔ دھوپ کھانا۔

إِشْرَقَّتْ. القَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔

إِشْرَوْرَقَتْ إِشْرِيرَارًا. العَيْنُ بِالدَّمْعِ: آنسوؤں سے ڈبڈبانا۔ سرخ ہونا۔

الشَّرْق: مص۔ آفتاب طلوع ہونے کی جگہ۔ پھٹن اور اسی سے ہے "مَا دَخَلَ شَرْقِي فِي شَيْءٍ" میرے منہ کے شگاف میں کچھ داخل نہیں ہوا۔ ج أَشْرَاق (..... والشُّرْق) روشنی جو دروازے کی دراڑ سے داخل ہو۔

الشَّرَق: مص۔ آفتاب۔

الشَّرْقَة. شَرِق: کا اسم مرۃ۔ تم کہتے ہو "أَصَابَتْهُ شَرْقَةٌ كَادَ يَمُوتُ مِنْهَا" اس کو اچھو لگ گیا جس سے وہ مرنے کے قریب ہو گیا۔ جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ (..... والشَّرِقَة) آفتاب جبکہ طلوع ہو۔

الشَّرِيق: آفتاب جبکہ طلوع ہو۔ خوبصورت لڑکا۔ ج شُرُق.

التَّشْرِيق: مص۔ أَيَّامُ التَّشْرِيقِ: عیدالاضحیٰ کے بعد تین دن۔ اس لئے کہ ان دنوں میں قربانی کا گوشت خشک کیا جاتا ہے۔

التَّشْرِيق: عید کی نماز اس لئے کہ طلوع آفتاب کے بعد پڑھی جاتی ہے۔

الشَّارِق: فا۔ آفتاب بوقت طلوع۔ کہتے ہیں "لَا أُكَلِّمُكَ مَا ذَرَّ شَارِقٌ" میں تم سے گفتگو نہیں کروں گا جب تک آفتاب طلوع ہو اور کبھی آفتاب کے علاوہ ستاروں پر بھی اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔ پہاڑ وغیرہ کی شرقی جانب۔ ج شُرَّق.

الشَّارُوق: چونا راکھ ملا ہوا۔

المَشْرِق والمَشْرَق والمَشْرُق: طلوع آفتاب کی جگہ یا جہت۔ ج مشارق.

المَشْرِقَة والمَشْرَقَة والمَشْرُقَة والمِشْرَاق والمِشْرِيق: جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔ مِشْرِيقُ البَابِ: دروازے کی دراڑ جس میں طلوع آفتاب کے وقت روشنی پڑے۔

المِشْرَاق: وہ شخص جس کی عادت ہو کہ دوسرے کو اچھو لگنے میں مبتلا کر دے۔

المُشَرَّق: ملمع۔ چونہ راکھ سے پلستر کیا ہوا۔

الشَّرْقَرَق والشَّرْقَرَاق والشِّرْقِرَاق والشِّقْرَاق: ایک چھوٹا پرندہ جس کو "أَخْيَل" بھی کہتے ہیں اور عوام اس کو "شُقْرَق" کہتے ہیں۔

شَرَكَ (س) شَرْكًا. النَّعْلُ: تسمہ ٹوٹنا۔ شَرَكَهُ (س) شَرْكًا وشِرْكَةً

marfat.com
Marfat.com

وشَرِكَةٌ: شریک ہونا۔
شَرَّكَ. النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔
اَشْرَكَ. فِي اَمْرِهٖ: کام میں شریک بنانا۔
اَشْرَكَ بِاللّٰهِ: شریک ٹھہرانا۔ شرک کرنا۔
صفت (مُشْرِک وَمُشْرِکِیْ) اور اسم (الشِّرْک)
.....النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔
شَارَكَهٗ وَتَشَارَكَا: باہم شریک ہونا۔
اِشْتَرَكَ. الْاَمْرُ: مشترہونا۔ اِشْتَرَكَ الْقَوْمُ فِیْ كَذَا: باہم شریک ہونا۔
الشِّرْک. شَرِكٌ وَاَشْرَكٌ کا اسم۔ شریک حصہ اور اسی سے ہے "بَیْعُ شِرْکَۃ بِسَنِ دَارٍ" اس کے گھر کا ایک حصہ بیچا گیا۔ ج اَشْرَاک.
الشِّرْكَة: مص۔ شریک کا حصہ۔ دو یا دو سے زائد حصوں کا آپس میں اس طرح ملنا کہ ایک دوسرے سے ممتاز نہ ہوں اور عقد پر بھی بولا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ اختلاط نہ ہو۔
الشَّرَک: جال۔ پھندا۔ ج شُرُک واَشْرَاک: راستہ پر جانوروں کے قدموں کے نشانات۔ واحد (شَرَکَۃ)
الشِّرَاک: جوتے کا تسمہ جو پشت قدم پر پڑے۔ زمین پر گھاس کی ایک پتی۔ ج اَشْرُک وشُرُک.
الشُّرْكِیّ والشُّرْكِیّ: تیز چال اور کہا جاتا ہے "لَطَمَهٗ لَطْمًا شُرْكِیًّا" اس نے اس کو جلدی جلدی پیاپے طمانچے مارے۔
الشَّرِیْک: ساجھی۔ شریک۔ ج شُرَکَاء واَشْرَاک: مؤنث شَرِیْکَۃٌ. ج شَرَائِک.
الْمُشَارَک: ساجھی۔ حصہ دار۔
الْمُشْتَرَک: مفع۔ جس میں دو یا دو سے زائد شریک ہوں۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ مُشْتَرَکٌ وَرُبَّمَا مُشْتَرَکٌ وَاَمْرٌ مُشْتَرَکٌ" لفظ مشترک جس کے معنی بہت ہوں جیسے لفظ عین۔ رَجُلٌ مُشْتَرَکٌ: ملنسار آدمی کی طرح خود بخود باتیں کرنے والا۔

الْاَشْتِرَاكِیَّة: اشتراکیت کو ماننے والا۔
الْاَشْتِرَاكِیَّة: وہ نظریہ جس میں معاشرہ کے وسائل آمدن مشترکہ ہوں اور اس کو ان پر خرچہ کیا جائے ان سے کام لیا جائے اور خرچ دیا جائے۔ یعنی آمدن کا حق ملکیت یا ذرا سے بالکل نہ ہوگا۔
شَرَمَ (ض) شَرْمًا. الشَّیْءَ: بھاڑنا۔ الاَنْف: ناک کا بانسہ کاٹنا..... الشَّرْمَلَۃ: ثرید کو کناروں سے کھانا..... لِلْفَلَانِ مِنْ مَالِهٖ: تھوڑا سا دینا۔
شَرِمَ (س) شَرَمًا: کٹی ہوئی ناک والا ہونا۔ صفت (اَشْرَم) مؤنث شَرْمَاء ج شُرْم.
شَرْمَذَ: بھاڑنا۔ چیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَشَرْمَسَ والشَّرْمَسَ: پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
شَرْمَسَ الصَّیْدَ: شکار کا زخمی ہو کر بھاگنا۔
الشَّارِم: فا۔ نشانہ کے گوشہ کو چھیدنے والا تیر۔
الشَّرْم: مص۔ کھاری۔ سمندر کے پانی کا گہرا حصہ۔ ایک قسم کا درخت۔ ج شُرُوْم.
الشَّرَمَح: قوی ولمبا۔ ج شَرَامِح. وشَرَامِحَۃ.
الشَّرْمَحِیّ: توانا وقوی۔
الشَّرْمَح: لمبا۔
شَرِنَ (س) شَرَنًا. الصَّغِیْرُ: چنان کا بھٹنا۔
الشَّرَن: شگاف۔
الشَّرَنْبَث والشَّرَنْبَا: موٹے اور سخت ہاتھوں والا۔ شیر۔
الشَّرَنْبَی: ایک پرندہ۔
جَمَلٌ شِرَنَّاسٌ: موٹی اور لمبی گردن والا اونٹ۔
الشُّرْنُوْع: مینڈھ۔
شَرْنَفَ. الزَّرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے پودوں کو کاٹنا۔
الشِّرْنَاف: کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو کھیتی کے لئے مضر ہیں۔
الشَّرْنَقِع: لمبے قد کا مرد والا۔
شَرَنَقَ. الشَّیْءَ: کاٹنا۔

الشَّرَائِق: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔
والشَّرَائِق عِنْدَ الْمُوَلِّدِیْن: ریشم کے کیڑے کا کوبا واحد (شَرْنَقَۃ) اس کو "قِیْلَاج" بھی کہتے ہیں جس کا واحد "قِلْسَجَۃ" ہے۔ نیز "مُسْلِج" کہتے ہیں جس کا واحد "مُسْلِجَۃ" ہے۔
شَرِهَ (س) شَرَهًا وَشَرَاهَۃً: اِلَی الطَّعَامِ وغَیْرِهٖ: بہت حریص ہونا۔ صفت (شَرِه وشَرْهَان)
الشَّرْهَاء. مِنَ السِّنِیْن: خشک سال۔
شَرَهَفَ. الصَّبِیُّ: بچہ کو دودھ غذا دینا۔
الشَّرُوْر والشِّرُوْر: شہد۔
الشِّرْوَال: سروال میں ایک لغت ہے۔ یعنی پاجامہ۔
شَرِیَ یَشْرِیْ شَرَاءً وشَرِیًّا. الشَّیْءَ: خریدنا بیچنا..... اللَّحْمُ اَوِ الْحُوْتُ: وہ جو ذبح ہونے کے لئے ڈالا جائے..... بِنَفْسِهٖ: عَنْ قَوْمِهٖ: آگے بڑھ کر قوم کی طرف سے لڑنا۔ بادشاہ کے سامنے قتل ہونے کی نماہندگی کرنا۔
..... هٗ: ضد کرنا۔ گمراہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَعَلَ بِهٖ مَا شَرَاهُ" اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے گمراہ کیا..... اللَّبَنُ فُلَانًا: پتی آجانے کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
شَرِیَ یَشْرَیْ شَرًی. النَّوْمُ: گہری نیند سونا..... زَعَمَ الْغَائِبُ: بہت زیادہ بولنا..... الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ اصرار کرنا..... الْقَوْمُ: بری آپس میں بولنا۔ صفت (شَرٍ) الْقَوْمُ فِی سَیْرِهٖ: تیز دوڑنا..... الْفَرَسُ فِی لَحْمِهٖ والْجَمَلُ فِی رِمَّتِهٖ: کھیتیا۔
اَشْرَی. الزِّمَامُ: حرکت دینا..... الشَّیْءَ: جھکانا۔ الْحَوْضَ: حوض کو بھرنا..... الْبَوْلُ: بکل کا تیز چکنا..... بِهِمْ: بھر کانا۔
فارسی جیسا ہونا یعنی طاعت امام سے نکل جانا۔
شَرِیَ. اللَّحْمُ او الْحُوْتُ وغَیْرُهٗ: گوشت یا کچھ اور جو ہضم نہ ہو۔

marfat.com
Marfat.com

شَارَی مُشَارَاۃً وَشِرَاءً. الرَّجُلَ: خریدہ فروخت کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
اِشْتَرٰی: خریدنا۔ بیچنا۔
تَشَارَی تَشَارِیًا. الرَّجُلَانِ: باہم غضبناک ہونا۔
تَشَرَّی تَشَرِّیًا: متفرق ہونا۔ خوارج میں سے ہونا۔
اِسْتَشْرٰی اِسْتِشْرَاءً. الفَرَسُ فِی سَیْرِہٖ: تیز دوڑنا..... الرَّجُلُ فِی الْاَمْرِ: اصرار کرنا۔ اِسْتَشْرَتِ الْاُمُوْرُ: بڑا اور دشوار ہونا ..... الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
اِشْرَوْرٰی اِشْرِوْرَاءً: مضطرب ہونا۔
الشَّرٰی: اندرائن۔ عرب کہا کرتے تھے۔ "لِفُلَانٍ طَعْمَانِ اُرْیٌ وَشَرٰیٌ" یعنی فلاں میٹھا بھی ہے اور کڑوا بھی۔ درخت خرما جو بیچ سے اُگا ہو۔ واحد (شَرِیَّۃٌ)
الشِّرَاءُ. ج اَشْرِیَۃٌ و (الشِّرٰی) خرید و فروخت۔
الشَّرَاءُ: طرف۔ جانب۔
الشَّرْوٰی: بچی اچھلنے کی بیماری۔ پہاڑ۔ راستہ۔ طرف۔ جانب۔ ج اَشْرَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "دَخَلُوْا اَشْرَاءَ الْحَرَمِ" وہ لوگ حرم کے اطراف میں داخل ہوئے۔ الشَّرٰی: فرات کی جانب شیروں کے رہنے کی ایک جگہ جس کو بطور مثال کے کہا کرتے ہیں (..... والشَّرَاۃُ) ردی مال یا عمدہ مال۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شَرَارَۃٌ" یعنی عمدہ اونٹ۔
الشَّرِیُّ. مِنَ الْخَیْلِ: پسندیدہ۔ رفتار میں اچھا کو پہنچا ہوا۔
الشَّرِیَّۃُ. الشَّرِیُّ: کا مؤنث۔ طریقہ۔ طبیعت۔ روش۔ وہ عورت جو ہمیشہ لڑکی جنے۔
الشَّرْوٰی: مثل یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ وَھِیَ وَھُمَا وَھُمْ وَھُنَّ شَرْوَاکِ" یعنی تمہارے مثل ہیں اور کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَا یَمْلِکُ شَرْوٰی نَقِیْرٍ" وہ تھوڑی سی برابر کسی چیز کا مالک نہیں۔ فقیری کے لئے بطور مثال کے بولا کرتے ہیں اور نقیر اس گڑھے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے۔
الشَّرْیَانُ: ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بناتے ہیں۔ اُچھلنے والی رگ جس میں خون دوڑتا ہے۔ ج شَرَایِیْنُ.
الشَّرَیَانَاتُ: جسم کی باریک رگیں۔
الشَّارِی: اسم فاعل۔ ج شُرَاۃٌ۔ زمانہ حال کے علماء اس کلمہ کو بھگی پر دلالت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ الشُّرَاۃُ: خوارج۔
الْمُشْتَرِی: فا۔ خریدار۔ ایک سیارہ کا نام۔ ایک قسم کا پرندہ۔
شَرِیْفٌ. الزَّرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے مضر پتوں کو کوٹنا۔
الشَّرِیْفُ: کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو مضر ہوں۔
شَزَّ (ض) شَزَازَۃً: بہت خشک ہونا۔ صفت (شَزٌّ وشَزِیْزٌ)
شَزَبَ (ن) وشَزُبَ (ک) شَزْبًا وشُزُوْبًا: کھردرا ہونا یا لاغر و خشک ہونا۔ صفت (شَازِبٌ) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِبٌ شَازِبٌ" رنگ بدلا ہوا لاغر و خشک مرد۔ ج شُزُبٌ وشَوَازِبُ.
شَزَّبَ. الفَرَسَ: گھوڑے کو لاغر کرنا۔ چھریرا بنانا۔
تَشَازَبَ. القَوْمُ عَلَی الْمَاءِ وَغَیْرِہٖ: اپنے حصہ کا منتظر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ مُتَشَازِبُوْنَ" وہ لوگ اپنے حصہ کا انتظار کر رہے ہیں۔
الشَّزْبَۃُ: اسم مرۃ۔ کمان جو نئی ہو نہ پرانی۔
الشُّزْبَۃُ مِنَ الْاٰنِ: دبلی پتلی گدھی۔ الشَّزِیْبَۃُ. مرصت: کہا جاتا ہے مَضَتْ شُزْبَتُہٗ اس کی فرصت کا موقع نکل گیا۔
الشَّزِیْبُ: لکڑی جس کی اصلاح ابھی نہ ہوئی ہو۔ کمان جو نئی ہو نہ پرانی۔ ج شُزُوْبٌ.
الشُّزُوْبُ: علامت۔
شَزَرَ (ض) شَزْرًا. الرَّجُلَ وَاِلَیْہِ: غصہ میں ترچھی نظر سے دیکھنا..... فُلَانًا: دائیں بائیں سے نیزہ مارنا۔ نظر بدلگانا۔
شَزَرَ (ن ض) شَزْرًا واِسْتَشْزَرَ. الْحَبْلَ: رسی بٹنا۔ اِسْتَشْزَرَ الْحَبْلُ: رسی کا بٹ جانا۔ اِسْتَشْزَرَ الشَّیْءُ: بلند کرنا..... الشَّیْءُ: بلند ہونا۔
اَشْزَرَہٗ. اللّٰہُ: ایسی مصیبت میں پھنسانا جس سے رہائی ممکن نہ ہو۔
تَشَزَّرَ: غضبناک ہونا..... لِلْقِتَالِ: آمادۂ جنگ ہونا۔
شَازَرَہٗ مُشَازَرَۃً: دشمنی کرنا۔
تَشَازَرَ الْقَوْمُ: ترچھی نظر سے ایک دوسرے کو دیکھنا۔
الشَّزْرُ: عمل۔ سختی۔ دشواری۔ کہا جاتا ہے "عَمَلٌ شَزْرٌ" ناہموار کٹا ہوا سوت۔
الشَّزَرُ والشُّزْرَۃُ: آنکھ کی سرخی۔
الْاَشْزَرُ: سرخ۔ عَیْنٌ شَزْرَاءُ: غصہ کی وجہ سے سرخ آنکھ۔
شَزِنَ (س) شَزَنًا. الرَّجُلُ: چست ہونا۔
تَشَزَّنَ. الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا..... لَہٗ فِی الْخُصُوْمَۃِ: جھگڑے میں سختی برتنا۔
..... لِلسَّفَرِ: سفر کی تیاری کرنا۔ سامان کرنا۔
(..... تَشَزُّنًا وتشزِیْنًا) الرَّجُلَ: پچھاڑنا۔
الشَّاۃَ: ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔
الشَّزْنُ: چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔
الشَّزَنُ والشُّزُنُ: سختی۔ جانب دوری۔ زمین کی سختی۔ مِنَ الْعَیْشِ: زندگی کی سختی۔
الشَّزْنَۃُ. مِنَ النِّسَاءِ: بخیل عورت۔
الشُّزْنُ: چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔
الشُّزُوْنَۃُ: سختی۔
شَزَا یَشْزُوْا شَزْوًا: بلند ہونا۔
شَسَّ (ض) شُسُوْسًا. الشَّیْءُ: خشک ہونا۔
الشَّاسُّ: لاغر ضعیف وخشک۔
الشَّسُّ: سخت زمین جو ایک پتھر کی طرح معلوم ہو۔ ج شِسَاسٌ وشُسُوْسٌ

marfat.com
Marfat.com

وشِبْس.

شَبَبَ (س) وشَبُبَ (ک) شَبًا وشَبُوْبًا: خنگ ولاغر ہونا۔ صفت (شابٌ) ج شُبُّ.

الشِّبُّ والشَّبِيْبُ. مِنَ القِسِيِّ: کمان جس کی لکڑی پتلی ہو۔

الشَّبُّوْب. مِنَ النُّوْقِ: اُونٹنی جس کا بچہ سردی میں مرجائے اور پھر دودھ نہ دے۔

شَسَعَ (ف) شَسْعًا وشُسُوْعًا. **المَنْزِلُ:** دور ہونا۔ صفت (شَسُوْعٌ) ج شُسُعٌ و(شَاسِعٌ) (..... شَسْعًا وشَسْعَ واشْسَعَ) **النَّعْلَ:** جوتے کے لئے تسمہ بنانا۔

اشْسَعَ. الشَّيْءَ: دور کرنا۔

شَسِغَ (س) شَسَغًا. **النَّعْلُ:** جوتہ کا تسمہ ٹوٹنا ..... **الفَرَسُ:** گھوڑے کے شئے اور یا عصبہ دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔

..... **بِهٖ:** دور کرنا۔

شَوَى أَشْوَى. القَوْمَ: بھنا ہوا گوشت کھلانا ..... الرَّجُلَ: جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو۔ أَشْوَى السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے چوک جانا۔ أَشْوَى الزَّرْعُ: بھوننے کے قابل ہونا..... الرَّجُلُ: رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا۔ کھٹیا بال جمع کرنا۔ أَشْوَى السَّعَفُ: درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا اور اسی سے ہے "مَا أَعْيَاه وما أَشْوَاه" وہ کس قدر کمزور ہے۔

إِشْوَاء وإِشْوَاءَة وإِشْوَى إِشْوِيَاء: بھن جانا۔ إِشْوَى الرَّجُلُ: بھوکا۔

الشَّوَى: کھٹیا بال۔ آسان محاملہ۔ ہاتھ پیر۔ جسم کے اطراف۔ وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو..... الشَّوَاة: کھوپڑی کا چمڑا۔

الشِّوَاء والشِّوَاء: بھنا ہوا گوشت وغیرہ والشِّوَاءَة والشِّوَاءَة والشِّوَاء: بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔

الشَّوَّاء: گوشت بھوننے والا۔

الشَّوَائِه والشَّوَائِه والشِّوَائِه والشِّوَائِه مِنَ المَالِ: روی مال۔ ہلاک شدہ قوم کا مال کا بقیہ۔ ج شَوَائِه سَفَفَة (شَوَاوِيْه) درخت خرما

marfat.com
Marfat

کی خشک شاخ۔
الشَّوِیُّ : بھنا ہوا گوشت۔
المِشْوَاۃ : گوشت بھوننے کا آلہ۔ ج مَشَاوٍ۔
شَاءَ یَشَاءُ شَیْئًا ومَشِیْئَۃً ومَشَاءَۃً ومَشَائِیَۃً : چاہنا۔ صفت فاعل (شَاءٍ) اور صفت مفعول (مَشِیٌّ)..... اللّٰہ الشَّیْءُ : مقدر کرنا۔ تعجب کے موقع پر "مَا شَاءَ اللّٰہ" کہا جاتا ہے۔
شَیَّأَہٗ عَلَی الْاَمْرِ : برانگیختہ کرنا۔ شَیَّاءَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ : چہرہ کا بدشکل بنانا۔
اَشَاءَہٗ اِلَیْہِ اِشَاءَۃً : مجبور کرنا۔
تَشَیَّأَ تَشَیُّؤًا : غصہ ٹھنڈا ہونا۔
الشَّیْءُ : مص۔ چیز جس کے ساتھ علم وخبر کا تعلق ہو سکے۔ ج اَشَاوِیُ وَاَشْیَاوَات واَشَاوَات واَشَایَا اور تصغیر شُیَیٌّ وشُیَیِّءٌ اور اَشْیَاء : کا کلمہ غیر منصرف ہے۔
الشِّیْئَۃ. شَاءَ : کا اسم (..... والمَشِیْئَۃ) ارادہ۔
المُشَیَّأ : بدشکل۔ ناہموار صورت والا۔
شَابَ یَشِیْبُ شَیْبًا وشَیْبَۃً ومَشِیْبًا : سفید بالوں والا ہونا۔ بوڑھا ہونا۔ صفت مذکر (اَشْیَبُ وشَائِبٌ) صفت مؤنث (شَائِبَۃٌ) (مؤنث کی صفت میں شَیْبَاءُ نہیں بلکہ شَمْطَاءُ آتا ہے) کہا جاتا ہے (شَابَتْ رُؤُوْسُ الْاَکَامِ" ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو گئیں۔
اَشَابَ. الرَّجُلُ : بوڑھی اولاد والا ہونا۔
اَشَابَ وشَیَّبَ. الْحُزْنُ فُلَانًا وبِفُلَانٍ : غم کا بوڑھا کر دینا۔
الْاَشْیَب : سفید سر والا..... مِنَ الْاَیَّام : برف وبادل والا دن۔ ج شِیْبٌ وشُیُبٌ
الشِّیْب : برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ۔
الشَّائِب : فا۔ سفید سر والا۔ مؤنث شَائِبَۃٌ۔ ج شُیَّبٌ : مبالغہ کے طور پر "شَیْبٌ شَائِبٌ" کہا جاتا ہے مانند لَیْلٌ لَائِلٌ کے۔
یَوْمٌ (شَیْبَان) اولہ برف بادل کا دن (.....وشِیْبَان) ماہ دسمبر (چونکہ اس ماہ میں برف اولہ کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے۔)
الشَّیْبَۃ : اسم مرۃ۔ شباب کا اسم۔ ایک پودہ ہے جس کا نام (الفستین) ہے۔
الشَّیْبَان : ٹڈی وغیرہ کی چھوٹی لکڑی۔
شَاحَ یَشِیْحُ شَیْحًا. عَلٰی حَاجَتِہٖ : چوکنا رہنا۔ کوشش کرنا۔
شَیْحَۃ : ڈرانا۔ شَیَّحَ خَصْمَہٗ : تنگ نگاہوں سے دیکھنا۔
اَشَاحَ اِشَاحَۃً. فِیْ اَمْرِہٖ : کوشش کرنا چوکنا رہنا۔ محتاط رہنا..... وَجْھَہٗ وبِوَجْھِہٖ واَشَاحَ عَنْہُ وَجْھَہٗ : نفرت سے منہ پھیر لینا
.....الْمَکَّانُ : شیخ نامی گھاس اُگانا
.....الْفَرَسُ بِذَنَبِہٖ : گھوڑے کا دم کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
شَایَحَ مُشَایَحَۃً وشِیَاحًا : جنگ کرنا۔ فِی الْاَمْرِ : کوشش کرنا۔
الشِّیْح : ایک قسم کی گھاس۔ واحد (شِیْحَۃٌ)..... مِنَ الرِّجَال : کاموں میں کوشش کرنے والا۔ چوکنا رہنے والا۔
الشِّیَاح : مص۔ کوشش۔ احتیاط۔ قحط۔
الشَّیْحَان والشِّیْحَان والْمُشِیْح : لمبا۔ غیرت مند۔ محتاط۔
شَاخَ یَشِیْخُ شَیْخًا وشِیْخُوْخَۃً وشُیُوْخَۃً وشِیُوْخِیَّۃً وشُیُوْخِیَّۃً وشَیْخُوْخَۃً وشَیْخُوْخِیَّۃً : بوڑھا ہونا۔
شَیَّخَ : بوڑھا ہونا..... ہ : تعظیم کے لئے یا شیخ کہہ کے پکارنا..... عَلَیْہِ : عیب لگانا۔ طعن وتشنیع کرنا..... بِہٖ : رسوا کرنا۔
اَلشَّیْخِیَّۃ : پھول کی ایک جنس جو کہ بطور زیب وزینت بوئے جاتے ہیں۔
تَشَیَّخَ : بوڑھا ہونا۔
الشَّیْخ : بڈھا۔ ج شُیُوْخ وشُیُوْخ واَشْیَاخ وشِیْخَۃ وشِیَخَۃ وشِیخان. ومَشْیَخَۃ ومَشِیْخَۃ و ج مَشَایِخ واَشَایِخ : مؤنث شَیْخَۃ اور شیخ کی تصغیر شُیَیْخ وشُیَیْخ. شَیْخُ الْمَرْأَۃِ : شوہر اور شیخ کا اطلاق استاد۔ عالم۔ سردار قوم اور ہر اس شخص پر ہے جو لوگوں کے نزدیک علم وفضیلت ومرتبہ کے لحاظ سے بڑا ہوتا ہے۔
شَیْخُ النَّارِ : ابلیس سے کنایہ ہے۔
الشَّیْخُوْن : بڈھا۔
شَادَ یَشِیْدُ شَیْدًا وشَیَّدَ الْبِنَاءَ : عمارت کو بلند کرنا..... الْحَائِطَ : دیوار پر گچ کرنا۔
جِلْدَہٗ بِالطِّیْبِ : جسم پر خوشبو ملنا۔ شَادَ الرَّجُلُ : ہلاک ہونا (شَادَ الْاِبِلَ شِیَادًا) اُونٹوں کو ہلانا۔
اَشَادَہٗ اِشَادَۃً : ہلاک کرنا۔ اَشَادَ بِذِکْرِہٖ : تعریف کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْہِ قَبِیْحًا وبِقَبِیْحٍ : بدنام کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْہِ : کسی کے متعلق برائی مشہور کرنا..... الْمُغَنِّی : گانے میں آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ صَوْتَہٗ وبِصَوْتِہٖ : برے طریقہ سے آواز بلند کرنا۔
اَشَادَ الضَّالَّۃَ : گم شدہ چیز کی تعریف کرنا.....
الْبُنْیَانَ : لمبا کرنا۔
الشِّیْد : گچ وغیرہ کا پلستر۔
الْمَشِیْد : مفع۔ پلستر کیا ہوا (..... والْمُشَیَّد) بلند کیا ہوا۔
الشَّیَّار : یوم شنبہ۔ ج اَشْیُر وشُیُر وشِیَر۔
شَیَّرَہٗ. الْبُرَدُ : سرخی سے دھاری بنانا۔
الشِّیْز والشِّیْزَی : آبنوس کی لکڑی یا بہت سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی۔
اَلشِّیْشَۃ : تمبا کو نوشی کا آلہ۔
اَشَاشَتِ. النَّخْلَۃُ : نرم گٹھلی کی کھجور والا ہونا۔
الشِّیْش : نرم گٹھلی کی کھجور۔ والشِّیْش عِنْدَ الْعَامَّۃِ : گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ۔ فصیح لفظ سَفُّوْد ہے۔
شَیَّصَ. الْقَوْمَ : رنج وتکلیف پہنچانا۔ عذاب دینا۔ شَیَّصَتِ النَّخْلَۃُ : ردی کھجور والا ہونا۔
الشِّیْص : ایک قسم کی ردی کھجور۔ ایک قسم کی مچھلی۔ واحد (شِیْصَۃٌ)
الشِّیْص : بدخلق۔

marfat.com
Marfat.com

الشِّيْصَاء: نرم گٹھلی کی کھجور۔ واحد (شِيْصَاءَة)

الْمُشَايَعَة: ایک دوسرے سے جدائی۔ منافرت۔

شَاطَ يَشِيْطُ شَيْطًا وَشِيَاطَةً وَشَيْطُوْطَةً. الدَّمُ: جلنا۔ شَاطَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا۔ شَاطَ الزَّيْتُ: زیتون کے تیل کا گاڑھا ہونا۔ شَاطَتِ الذَّبِيْحَةُ: ذبیحہ کا گوشت تقسیم کر کے ختم ہو جانا ..... فُلَانٌ: ہلاک ہونا ..... فِي الْأَمْرِ: جلدی کرنا ..... دَمُهُ: بیکار جانا ..... فُلَانٌ الدِّمَاءَ: ملانا۔ یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا۔ شَيْطٌ وَأَشَاطُ. الْقَصِيْلَ الْبَتَّ او الدَّوَاةُ الْحِبْرَ: جلانا ..... الرَّمَادَ او الْكُرَّاعَ: سری یا پائے کے بالوں کو جلانے کے لئے جھلنا ..... الْقِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔ أَشَاطَ فُلَانًا: ہلاک کرنا۔ أَشَاطَ اللَّحْمَ عَلَى الْقَوْمِ: گوشت تقسیم کرنا۔ أَشَاطَ السُّلْطَانُ دَمَهُ وَبِدَمِهِ: قتل کرنے کے لئے سامنے لانا۔

تَشَيُّطٌ: جلنا۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغر و کمزور ہونا۔

إِشْطَاطٌ إِشْيَاطًا. عَلَيْهِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا ..... الْحَمَامُ: کبوتر کا خوش ہو کر اُڑنا ..... مِنَ الْأَمْرِ: ہلکا ہونا ..... فِي الْحَرْبِ: اپنے آپ کو قتل کے لئے پیش کرنا۔

الشِّيَاط: روئی اور غیرہ کے جلنے کی بو۔

النَّشِيْط والمَنْشِيْط: گوشت جو قوم کے لئے بھونا جائے۔

الشَّطِيْر: غبار جو فضا میں بلند ہو۔

الْمُسْتَشِيْط: بہت پتنے والا۔ موٹا اُونٹ۔

شَيْطَن وشَيْطَان (دیکھو مادہ شطن)

شَاعَ يَشِيْعُ شَيْعًا. بِالْخَبَرِ: خبر کو پھیلانا۔ الإذَاعَة: برتن کو بھرنا۔

شَاعَ يَشِيْعُ شَيْعًا وشُيُوْعًا ومَشَاعًا وشَيَعَانًا وشَيْعُوْعَةً. الْخَبَرُ: پھیلنا ..... فِيْهِ الشَّيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

شَاعَهُ شَيَاعًا: پیچھے جانا۔ اہمراہ جانا اور اسی سے ہے "فَاعْلَمْ السَّلَامُ وَفَاعْلَمْ اللّٰهُ بِالسَّلَامِ" یعنی سلامتی تمہارے ساتھ رہے اور اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔ أَشَاعَ إِشَاعَةً. الْخَبَرَ وبِالْخَبَرِ: پھیلانا اور کہا جاتا ہے "أَشَاعَكُمُ اللّٰهُ السَّلَامَ وبِالسَّلَامِ" اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔ أَشَاعَ بِالْإِبِلِ: پیچھے رہے ہوئے اُونٹ کو بلانا۔

شَيْعَةٌ: رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے کے لئے ہمراہ جانا۔ شَيَّعَ شَهْرَ رَمَضَانَ: شش عید کے روزے رکھنا ..... الرَّجُلَ: جرأت دلانا۔ قوی کرنا ..... النَّارَ: آگ تیز کرنے کے لئے لکڑیاں ڈالنا ..... الشَّيْءَ: بالنار جلانا۔

الرَّجُلُ: شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ..... الشَّيْءَ: کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا۔

شَايَعَهُ: کام کے لئے کسی کے ہمراہ جانا۔

شَايَعَ بِهِمُ الدَّلِيْلُ: رہنما کا لوگوں کو پکارنا۔ بالإبل: پکارنا" آواز دینا۔

تَشَيَّعَ: شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ..... اللَّبَنِ فِي الْمَاءِ: ملانا ..... الْغَضَبُ: دل میں غصہ بھڑ کنا۔ فُلَانٌ فِي الشَّيْءِ: کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا ..... الشَّيْبُ: بڑھاپا نمایاں ہونا۔

تَشَايُعٌ تَشَايُعًا. الْقَوْمُ: مختلف گروہ ہونا۔

تَشَايَعُوْا عَلَى الْأَمْرِ: باہم موافق ہونا۔

تَشَايَعُوْا عَلَى الْأَمْرِ: باہم موافق ہونا۔

تَشَايَعُوْا فِي الدَّارِ: شریک ہونا۔ تَشَايَعَتِ الإبِلُ: متفرق ہونا۔

إِشْتَاعَا إِشْتِيَاعًا. فِي الدَّارِ: شریک ہونا۔

الْأُشْيُوْعِيَّة: کارل مارکس کا اجتماعی نظریہ۔ (مارکسزم)

الشِّيَع: ص۔ مقدار۔ مثل۔ ج أَشْيَاع کہا جاتا ہے "هٰذَا شِيَعُ ذَاكَ" یہ اس کے مثل ہے اور اسی سے ہے "تَمَّمَا فَعَلَ بِأَشْيَاعِهِمْ" یعنی جیسا ان کے امثال کے ساتھ کیا گیا۔ وَلَقَدْ شِيْعَ هٰذَا شَهْرُ او شِيْعَ شَهْرِ: میں نے اس کے پاس ایک مہینہ یا ایک مہینہ کے بقدر اقامت کی۔ وَ "كَانَ مَعَهُ بِطَانَةُ رَجُلٍ او شِيْعُ ذٰلِكَ" اس کے ساتھ سو آدمی یا اسی کے بقدر تھے۔ وَ "نَزَلُوْا مَوْضِعَ كَذَا او شِيْعَهُ" وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب اُترے۔ "آتِيْكَ غَدًا وشِيْعَهُ" میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔

الشَّاعَة: بیوی۔ پھیلی ہوئی خبریں اور نیہ شائع: کی جمع ہے۔

شِيْعَةٌ. الرَّجُلُ: پیروکار۔ ج شِيَع وأَشْيَاع والشِّيْعَةُ: فرقہ (واحد تشنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے بستعمل ہے) اس فرقہ کا غلبہ استقلال ان لوگوں کے لئے ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے طرف دار ہیں۔ واحد (شِيْعِيّ)

الشَّيْع: حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْعُ لِهٰذَا" یہ اس کا حصہ دار ہے۔ ج شُيَعَاء مُؤَنَّثُهُ شَيْعَةٌ کہا جاتا ہے "الْقَوْمُ شَيْعَةُ بَيْنَهُمَا" گمراہ ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔

الشِّيَاع: آگ لگانے کی چیز۔ جو دوسرے کی نارسی یا اس کی آواز۔

الشُّيُوْع: آگ لگانے کی چیز۔

الشَّائِع: ذا۔ حَدِيْثٌ شَائِعٌ وشَاعٌ بِحَذْفِ عن: پھیلی ہوئی بات۔ سَهْمٌ شَائِعٌ وشَاعٌ: مشترک غیر منقسم حصہ۔

الْمَشَاع والْمُشَاع: پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے "مُشَاعُ الْقُرَى" وہ چیزیں جن میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔

الْمُشْبَع: بھرا ہوا برتن۔ کپڑے کی سے بھرا ہوا کپڑہ وغیرہ۔

الْمِشْيَعَة: ٹوکری جس میں بچوں کی روئی رکھتی ہیں۔

الْمُشْيَع: مطبخ۔ بہادر۔ جلد باز۔

الْمِشْيَاع: تنور کی آگ جلانے کی لکڑی۔

marfat.com
Marfat.com

رَجُلٌ مِشْیَاعٌ: راز کو پھیلانے والا مرد۔
المُتَشَایِع والمُشْتَاع: شریک۔
شَالَہ یَشِیْقُہ شَیْقًا. اِلَیْہِ: کھینچ کر باندھنا۔ کہا جاتا ہے "شَاقَ الطُّنُبَ اِلَی الوَتِدِ" اس نے طنابوں کو کھینچ کھینچ کر میخ سے باندھا۔
الشِّیْق: پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانب پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ الشِّیْق: ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِیْقَۃ)
الشَّیَّال: قلی۔ بوجھ اٹھانے والا۔ و (الشِّیَالَہ) بوجھ اٹھانے کا پیشہ۔
شَامَ یَشِیْمُ شَیْمًا: بدن میں تل والا ہونا۔ صفت (اَشْیَم) مؤنث شَیْمَاء ج شِیْم وشُوْم.
السَّیْف: تلوار کو میان میں کرنا۔ میان سے سونتنا۔ (ضد).....البَرْق: بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "شَامَ مَخَایِلَ الشَّیْءِ" یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اٹھائی (.....

شَیْمًا وشُیُوْمًا) الرَّجُلُ: جم کے حملہ کرنا.....فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔ الشَّیْءُ فِی الشَّیْءِ: چھپانا.....الشَّیْءُ: تخمینہ و اندازہ کرنا۔
کہا جاتا ہے "شِمْ مَا بَیْنَھُمَا" ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔
شَیَّمَ واَشَامَ وانْشَامَ وانْشَامَ. فِی الشَّیْءِ اَوِ الاَمْرِ: داخل ہونا۔ شَیَّمَ یَدَہُ فِی زَاْبِ فُلَانٍ اَوْ شَوْبِہٖ: لڑائی کرنے کے لئے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔ اِنْشَامُ الرَّجُلُ: منظور نظر ہونا۔
تَشَیَّمَ: اَبَاہُ: خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا.....الشَّیْءُ فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا.....الشَّیْبُ فُلَانًا: بڑھاپا غالب ہونا۔
الشَّامَۃ: تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اونٹنی۔ ج شَامٌ وشَامَات کہا جاتا ہے "سَارُوْا شَامًا فِی البِلَادِ" وہ لوگ شہروں میں متفرق ہو گئے۔ جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔

الشِّیْمَۃ والشِّنْمَۃ: عادت۔ طبیعت۔ ج شِیَم.
الشَّیَم: ہر وہ زمین جو اب تک کھدی نہ ہو اور اپنی سختی پر باقی ہو۔
الشَّیَام: نرم زمین۔ مٹی۔
الشِّیَام: مٹی۔ چونا۔ ج شِیَم.
المَشِیْم والمَشُوْم والمَشْیُوْم: تل والا۔
المَشِیْمَۃ: بچہ کی جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج مَشَیْم ومَشَائِم.
شَانَہ یَشِیْنُہ شَیْنًا: عیب لگانا۔
شَیَّنَ: حرف "ش" لکھنا۔
المَشَاین: عیوب۔
شَاھَہ یَشِیْھُہ شَیْھًا: نظر بد لگنا۔
الشَّیُوْہ: نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ شَیُوْہٌ مِنْ اَشْیَہِ النَّاسِ" وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔
الشِّیَۃ (دیکھو وش ی) الشَّای: چائے۔

marfat.com
Marfat.com

ص : الصاد: چودھواں حرف تہجی دیگر حروف سے۔حروف اصلیہ سے ہے۔

صَبَبَ : (ن) صَبًّا۔ مِنَ الشَّرَابِ : شراب سے سیر ہونا۔ بھر جانا۔ صَبَبَ وَأَصْبَابَ الزَّامِلَ : سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا۔

الصُّوَابَةُ : جوں کے انڈے۔ ج صُؤَابٌ صِبْيَان. الصِّبْيَانُ : چھوٹے چھوٹے موتی کے مانند اولے۔

الصُّبُوبَةُ: غلہ کا ڈھیر۔

المِصْبَاب : شراب سے بھرا ہوا۔

صَأْصَأَ. الجَرْوُ : پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا..... الرَّجُلُ : مرد کا بزدل ہونا ..... مِنْ فُلَانٍ : ڈرنا (..... تَصَاصَأَ) مِنْهُ : خوف کرنا۔ تائع ہونا۔

الصِّئْصَإ : ردی کھجوریں۔

صِئْصِئَةُ الدِّيكِ : مرغ کی ٹانگ کا خار۔

صَيَّكَ (س) صَأْكًا : بدبودار پسینہ نکلنا ..... الدَّمُ : خون جمنا ..... بِهِ : چپکنا۔

صَاءَ كَهُ مُصَاءَ كَةً : جنگی کرنا۔ لڑنا کرنا۔

الصَّيْك. مِنَ الرِّجَالِ : مضبوط آدمی۔

صَئُولَ (ک) يَصْئُولُ صَآلَةً. البَعِيرُ : اونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مار ڈالنا۔ صفت صَئِيل وصَؤُول.

صَأَلَ يَصْئِلُ صَيْئَلاً. الفَرَسُ : گھوڑے کا ہنہنانا۔

صَأَمَ يَصْأَمُ صَأْمًا. الجَيْشَ عَلَى القَوْمِ : لشکر کی رہنمائی کرنا۔

صَئِمَ يَصْئَمُ صَأَمًا : بہت پانی پیا۔

صَأَى يَصْئِي وَيَصْأَى صُئِيًّا صِيًّا صَئًا صَآءً ی. الفَرْخُ : پرندہ کے بچے کا چوں چوں کرنا۔ چھوکا آواز کرنا۔ اسی سے ضرب المثل ہے "تَلَدَّعُ وَيَصِيءُ" یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَا صَاءَ وَصَاءَ" یعنی مال ناطق اور مال صامت لایا۔

أَصَاءَ : چوں چوں کرنا۔

صَبَّ (ن) صَبًّا. المَاءَ : پانی انڈیلنا..... فِي الوَادِي : وادی میں اترنا..... البَوْزَعَ : زرہ پہننا۔ صَبَبْتُ البَوْزَعَ عَلَى فُلَانٍ : میں نے فلاں کو زرہ پہنائی۔ کہا جاتا ہے "صَبَّ عَلَيْهِ البَلَاءَ مِنْ صَبَبٍ" اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی۔ صَبَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ صَاعِقَةً : اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے۔

صَبَّ. رِجْلَهُ فِي القَيْدِ : یعنی بیڑی پہنا دی۔

صَبَّ : (ض) صَبًّا. المَاءَ : پانی گرنا۔

صُبَّ. الشَّيْءَ : مٹایا جانا۔ محو کیا جانا۔

صَبَّ : (س) صَبَابَةً. إِلَيْهِ : عاشق ہونا۔

أَصَبَّ إِصْبَابًا. القَوْمُ : قوم کا نیچے اترنا۔

اِنْصَبَّ. المَاءُ : پانی گرنا..... عَلَيْهِ : اترنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي الوَادِي" اس کے قدم وادی میں جم گئے۔

اِصْطَبَّ. المَاءَ : پانی گرنا۔

اِصْطَبَّ وتَصَابَّ. المَاءَ : بہا ہوا پانی پیا۔

اِصْطَبَّ وتَصَابَّ. العَيْشَ : بقیہ زندگی گزارنا۔

تَصَبَّبَ. المَاءُ ونَحْوُهُ : پانی بہنا۔

الصَّبُّ : عاشق ج صُبُّونَ مؤنث صَبَّةٌ ج صَبَابٌ. مَاءٌ صَبٌّ : پانی بہا ہوا۔

الصَّبُّ والصَّبَّةُ : گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)

الصُّبَّةُ : آدمیوں کی جماعت۔ گھوڑے۔ اونٹ۔ بکریوں کا گلہ۔ تھوڑا مال۔ برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ۔ شوربا۔ رات کا کچھ حصہ۔

الصَّبَبُ : نشیب۔ ج أَصْبَاب.

الصَّبَابَةُ : برتن میں بچا ہوا پانی۔ ج صَبَابَات کہا جاتا ہے "لَمْ أُدْرِكْ مِنَ العَيْشِ إِلَّا صُبَابَةً" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا۔

الصَّبَابَةُ : عشق۔ سوزش عشق۔

الصَّبِيبُ : زرد رنگ۔ اولہ۔ عمدہ شہد۔ پسینہ۔ خون۔ عندم کا نچوڑ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔ گرائی ہوئی چیز۔ تلوار کی دھار۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ صَبِيبَ السَّيْفِ فِي بَطْنِهِ" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا۔

المِصَبُّ : گرنے کی جگہ۔ ج مَصَابُّ.

المِصَبُّ : حُروف ڈھالنے کا سانچہ۔

المَصْبُوبُ : گرایا ہوا۔ المَصْبُوبُ عَلَى الشَّيْءِ : کسی چیز پر برابر انحصار کیا ہوا۔

صَبَا (ف) صَبْوًا (ک) صَبَاءً وصُبُوًّا : مذہب تبدیل کرنا۔ صابئین کا دین اختیار کرنا

marfat.com
Marfat.com

صفت صابی ..... عَلَیْهِمْ :اچانک پہنچ جانا
.....العَدُوّ عَلَیْهِمْ :دشمن کی رہنمائی کرنا
(..... وَاَصْبَا اِصْبَاءً) ..... النَّابُ او
النَّبَات :دانت نکلنا۔نباتات اُگنا و اَصْبَا
القَوْم :قوم پر اچانک پہنچ جانا۔
الصَّابِئُوْنَ والصَّابِئَة :ایک قوم جو ستاروں
کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ
نوح علیہ السلام کے دین کے پیرو تھے اور کہا
گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں۔
الصَّبَاوَت والصَّبَاوُوْت :جمع صِبِیٌّ :عبرانی
کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت
کے ہیں اور اسی سے ہے "رَبُّ الصَّبَاوَت"
یعنی شرافت والا۔
صَبَحَ :(ف) صَبَاحًا. القَوْمُ :صبح کے
وقت آنا.....عَنِ الحَق :حق ظاہر کرنا۔
صَبَحَ :(س) صَبْحًا وصُبُحَةً :چمکدار
روشن ہونا.....الشَّعْر :بال کا چمکدار ہونا
.....الحَدِیْد :لوہے کا چمکدار ہونا۔
صَبُحَ :(ک) صَبَاحَةً. الوَجْه :چہرے کا
روشن و چمکدار ہونا.....الغُلَامُ :لڑکے کا
خوبصورت ہونا۔صفت صُبَاحٌ صَبِیْحٌ.
صَبُحَهُ :صبح کے وقت آنا۔صبح کی شراب
پلانا۔صَبَّحَ القَوْمُ المَاءَ :قوم کو لے کر چلنا
اور صبح کو پانی پر پہنچنا.....الرَّجُلُ :صبح کو سلام
کرنا۔کہا جاتا ہے "صَبَّحَكَ اللّٰهُ
بِخَیْرٍ"
اَصْبَحَ :صبح میں داخل ہونا۔آدھی رات میں
بیدار ہونا.....المِصْبَاح :چراغ جلانا۔
الحَقُّ :حق ظاہر ہونا۔
اَصْبِحْ. یَارَجُلُ :اے شخص چوکنا رہو۔
عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو
کہا کرتے تھے صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحَكَ.
تَصَبَّحَ :صبح کے وقت سونا۔ناشتہ کرنا۔
تَصَبَّحَ بِهٖ :صبح کے وقت ملنا۔
تَصَابَحَ :تکلف خوبصورت بننا۔کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ یَتَصَابَحُ وَیَتَحَاسَنُ" فلاں تکلف
خوبصورت و حسین بنتا ہے۔

اِصْطَبَحَ :چراغ روشن کرنا۔کہا جاتا ہے
"اَلشَّمْعُ مِمَّا یُصْطَبَحُ بِهٖ" موم ان چیزوں
میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے۔
الرَّجُلُ :صبح کی شراب پینا۔
اِصْبَاحٌ اِصْبِیْحَاحًا. الشَّعْرُ :بال کا مائل
بسرخی ہونا۔
اِسْتَصْبَحَ. الرَّجُلُ :چراغ جلانا۔روشن
کرنا۔
الصُّبْح :دن کا ابتدائی حصہ۔ج اَصْبَاح.
الصُّبْحَة :مے۔ناشتہ۔سیاہ رنگ۔مائل
بسرخی (..... والصَّبْحَة) :صبح کی نیند۔
الصَّبَاح والصَّبِیْحَة الاُصْبُوْحَة :دن کا
ابتدائی حصہ اور وہ شام کی ضد ہے۔تم کہتے
ہو "آتِیْهِ صَبَاحَ مَسَاءَ" دونوں جزء کو ملا
کر کے اور "آتِیْهِ ذَاصَبَاحٍ" یعنی صبح کے وقت
اور "نِعْمَ صَبَاحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے
وقت اچھی ہو۔"یَوْمُ الصَّبَاح" لوٹ کا
دن۔
الصِّبَاح :قندیل کا شعلہ۔غُلَامٌ صُبَاحٌ :
خوبصورت لڑکا۔مؤنث صُبَاحَةٌ ج صِبَاح.
الصَّبَاحِیَّة :چوڑا نیزہ۔
الصَّبَاحِیُّ :بہت سرخ خون۔
الاَصْبَح :شیر۔بال جس میں خلقتاً سفیدی
سرخی مائل ہو۔سفیدی سرخی مائل بال والا۔
مؤنث صَبْحَاءُ. ج صُبْح.
الصَّبُوْح :جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی
جائے۔دودھ جو صبح کو دوھا جائے۔کہا جاتا
ہے "آتَیْتُهٗ ذَاصَبُوْحٍ" یعنی صبح کے وقت میں
اس کے پاس آیا۔
اَلصَّاحِبَةُ :بچوں کو سال کے آخر میں جو دیا
جائے یا رخصتی والی رات دلہن کو جو دیا
جائے۔
الصَّبِیْح :خوبصورت۔ج صِبَاح :مؤنث
صَبِیْحَة :۔ج صِبَاح.
الصَّبْحَان :خوبصورت۔مؤنث صَبْحٰی
۔ج صُبَاحِی :وہ شخص جو صبح کی شراب
پئے

رَجُلٌ صَبُحَانٌ :جلدی صبح کی شراب پینے
والا۔
الصَّبَاحِیَّة :خوبصورتی۔
المُصْبَح :صبح کرنا۔صبح کرنے کا وقت۔صبح
کرنے کا مقام۔
المِصْبَح :بڑا پیالہ۔چراغ۔
المِصْبَاح :چراغ۔چوڑہ نیزہ۔بڑا پیالہ۔
جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ج
مَصَابِیْح.
صَبَرَ :(ض) صَبْرًا. عَلَی الاَمْرِ :دلیری
کرنا۔بہادری کرنا۔صفت صَابِرٌ صَبِیْرٌ
صَبُوْرٌ.....عَنِ الشَّیْءِ :رک جانا.....الدَّابَة
:جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا.....ہ :مجبور
کرنا اور لازم کر دینا.....ہ عَنِ الاَمْرِ :روک
دینا۔بند کر دینا۔(کام سے) اسی سے
ہے۔صَبَرْتُ نَفْسِی عَنْ كَذَا :یعنی میں
نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔
وصَبَرْتُ عَلَی مَا اَكْرَهُ وصَبَرْتُ عَمَّا
اُحِبُّ :جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس
سے اپنے آپ کو روک دیا اور جس چیز کو
محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔کہا جاتا
ہے "قُتِلَ صَبْرًا" وہ قتل کے لئے بند کیا گیا۔
وحُلِفَ صَبْرًا :قسم کھانے کے لئے بند کیا
گیا۔
صَبَرَ :(ن) صَبْرًا وصَبَارَةً بِهٖ :ضامن
ہونا۔
.....ہ :ضامن دینا۔کہا جاتا ہے اُصْبُرْنِیْ :
یعنی مجھ کو ضامن دو۔
صَبَّرَهٗ :صبر دلانا۔صبر کرنے کو کہنا.....
المَیِّت :مردہ کے پیٹ میں ایلوا ڈالنا تاکہ
بدبودار نہ ہو۔صَبَّرَ الكَاسَ :پیالہ کو لبالب
بھرنا۔
اَصْبَرَ. اللَّبَنُ :کھٹے پن کا تلخی تک پہنچ جانا۔
ایلوے کی مانند کڑوا ہونا۔صبر دلانا.....
الرَّجُلُ :ام صبور :یعنی مصیبت میں پڑنا۔
شیشی کو کاگ لگانا.....القَاضِی فُلَانًا :قاضی
کا خصم سے بدلہ دلانا۔

marfat.com
Marfat.com

صَابِرَةٌ صِبَارًا وَمُصَابَرَةً: صبر کرنے میں غالب رہنا۔
تَصَبَّرَ: تکلف سے صبر ظاہر کرنا۔ عَلَيْهِ: صبر کرنا۔
اِصْطَبَرَ واصْبَرَ. عَلَيْهِ: صبر کرنا۔ عَنْهُ: بدل لینا۔
اِصْبَارًا اِصْبِرَازًا. عَلَيْهِ: صبر کرنا۔
اِسْتَصْبَرَ الشَّيْءُ: ہونا ہونا۔ سخت ہونا۔ تہ بتہ ہونا۔
الصَّبْر: بہادری۔ مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔ شَهْرُ الصَّبْرِ: رمضان کا مہینہ۔ یَمِيْنُ الصَّبْرِ: وہ قسم جس کو کھانے کے لئے قید کر دیا جائے۔
الصِّبْر والصُّبْر: کنارہ۔ سفید بال۔ ج اَصْبَار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّيْءَ بِاَصْبَارِهٖ" یعنی پورا لے لیا۔ وَ "مَلَأَ الْكَاسَ اِلَى اَصْبَارِهَا" پیالے کو کنارے تک بھر دیا۔
الصُّبْر والصُّبْر: کنکریلی زمین جو سخت نہ ہو۔
الصَّبْر: برف۔ ج اَصْبَار۔
الصَّبِر: الیوا۔ ج صُبُوْر واحد صَبِرَة: اس لفظ میں ب کو بہت کم سان کیا جاتا ہے۔
الصُّبْرَة: غلہ کا ڈھیر۔ سخت پتھروں کا ڈھیر۔ جمع صِبَار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ صُبْرَةً" یعنی بغیر وزن اور پیمانے کے کل لے لیا۔
الصَّابِر: قا۔ اَبُوْ صَابِر: مکہ۔
الصَّابُوْرَة: بوجھ جو سواری یا کشتی جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تا کہ اِدھر اُدھر نہ جھکنے پائے۔
الصَّبْرَة والصَّبَارَة: سخت سردی۔ صَبْرَةُ الشِّتَاء: سردی کا درمیانی زمانہ۔
الصِّبَار: کاگ۔ ایک کھٹے درخت کا پھل۔
الصَّبَارَة: خباثت۔ سردی کی شدت۔
(..... والصُّبَارَة): پکنے پتھر۔
الصُّبَار والصُّبَار: الی۔ ناگ پھنی۔ واحد صُبَارَة۔ صُبَارَة۔
الصُّبَارَة: بنجر سخت زمین۔
الصُّبُوْر: ج۔ صُبُر: بردبار۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے (..... والصَّبَّار): بہت زیادہ صبر کرنے والا۔
الصَّبُوْرَة: مِنَ الرِّجَالِ: کُل کے لئے قید کیا ہوا۔
الصَّبِر: صبر کرنے والا۔ ضامن۔ قوم کا چودھری۔ ج صُبَرَاء۔
الصَّبِيْرُ والصَّبِيْرَةُ: چوڑی روٹی۔
اُمّ صَبَّارٍ واُمّ صُبُوْرَةَ: مصیبت۔
المَصْبُور: کُل کے لئے قید کیا ہوا۔ ڈھیر۔
مؤنث مَصْبُوْرَة۔
صَبْصَبَ: متفرق کرنا۔
تَصَبْصَبَ: متفرق ہونا۔ تَصَبْصَبَ اللَّيْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا..... الحَرُّ: گرمی زیادہ ہونا..... عَلَيْنَا فُلَانٌ: بہت جرأت کرنا۔
الصَّبْصَاب والصَّبْصَب والصَّابِصَب: سخت مضبوط۔
صَبَغَ: (ف) صَبْغًا. بِهٖ وعَلَيْهِ: انگلی سے اشارہ کرنا..... فُلَانًا عَلَيْهِ: اشارہ سے رہنمائی کرنا۔
صَبَغَهٗ: (ف) صَبْغًا ومَصْبَغَةً: تکبیر بتانا۔ اِسی سے ہے "مَنْ وَلَّاهُ السُّلْطَانُ صَبْغَةَ الشُّطَّانِ" جس کو سلطان والی بنا دیتا ہے۔ شیطان اس کو تکبیر بتا دیتا ہے۔ انگلی پر مارنا۔
صَبْغُ الشَّعْرِ: کسی چیز میں انگلی داخل کرنا..... بَيْنَ الْقَوْمِ: کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتا دینا۔ فِي الطَّعَامِ: کھانے میں انگلی ڈالنا۔
الأَصْبَعُ والإِصْبَعُ والأَصْبَعُ والإِصْبَعُ والأُصْبُعُ والإِصْبِعُ والأُصْبُعُ: انگلی۔ مؤنث۔ سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے۔ ج اَصَابِع أَصَابِعُ القِثَّاءِ: ایک پھول کی قسم۔ فرنجمشک اَصَابِعُ الغَلَائِ او اَصَابِعُ العَرُوْسِ: انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے۔
الصَّبْعَة: غرور۔ تکبر۔ تمکنت۔
اَصَابِعُ الْيَدِ: ہاتھ کی انگلیاں۔
صُنْصُرٌ: (چنگلی) نُصْرٌ: (چنگلی کے ساتھ والی) كُوْسَى: (درمیان والی) مُسَبِّحَةٌ: (انگشت شہادت) اَلإِبْهَامُ: (انگوٹھا)۔
المَصْبُوْغ: گھمنڈی۔ متکبر۔
المُصْبَغ: گوشت بھوننے کا تیز۔
صَبَغَ: (ن ض ف) صَبْغًا وصِبَاغًا. اَلثَّوْبَ: کپڑے کو رنگنا..... بَلَّهُ فِي الْمَاءِ: پانی میں ہاتھ ڈبونا..... بَلَّهُ بِالْعَمَلِ: کام میں مشغول ہونا۔ فُلَانًا بِالْيَمِّ: بہتوں سے چھپا دینا۔
صَبَغَهٗ بِالْمَاءِ فَاصْطَبَغَ: پانی سے تر کر دینا۔ کہا جاتا ہے "صَبَغُوْنِي فِي عَيْنِكَ" یعنی انہوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کر کے میری کیفیت بدل دی۔
صَبِغَ: (ن) صَبَغًا: ضَرَعَ النَّاقَةَ: اُونٹنی کے تھن کا بھر جانا اور خوش رنگ ہونا۔
صَبِغَ: گہرا رنگنا..... واَصْبَغَ): گہرا کالا کپڑا۔ کَانَ كَثَّا۔ اَصْبَغَ عَلَيْهِ النِّعْمَةَ: کامل کرنا۔
تَصَبَّغَ فِي دِيْنِهٖ: دین میں کامل درجہ تک پہنچ جانا۔
اِصْطَبَغَ: سالن لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِصْطَبَغَ بِالْخَلِّ اَوْ فِي الْخَلِّ" اس نے سرکہ کو سالن بنایا۔ بِالْخَلِّ: رنگین ہونا۔
الصِّبْغ والصِّبَغ ج اَصْبَاغ والصِّبَاغ: ج اَصْبِغَة والصِّبْغَة: رنگ۔
الصِّبْغ: سالن۔
الصِّبْغَة: نوع۔ ملت۔ دین۔ شرعہ کا رنگ۔
الصِّبْغَة: ادھ پکری کھجور۔
الصِّبْغَة: رنگریز کی کارخانہ۔
الصَّابِغ: رنگنے والا۔ لقب ہے یوحنا کا۔
الصَّبِيْغ: رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ صَبِيْغٌ لِثَابٍ صَبِيْغٍ"
الصَّبَّاغ: رنگریز۔ جھوٹا۔
الأَصْبَغ: بڑا سیلاب..... بِنْتُ الأَصْبَغِ والنِّسَاءِ: پرند و یا بکری جس کی دم سفید ہو..... بِنْتُ الفَحْلِ: کھوڑا جس کی پیشانی یا دونوں کنپٹیوں کے اطراف سفید ہوں۔ مؤنث صَبْغَاء۔ ج صُبْغ

marfat.com
Marfat.com

المَصْبَغَة: رنگنے کی جگہ۔
صَبَنَ: (ض) صَبْنًا. الشَّيْءَ عَنْهُ: روکنا، دینا۔ دوسری چیز کی طرف پھیر دینا ..... المُقَامِر الكَعْبَيْن: جواری کا پانسہ کو پھینکنے کے لئے درست کرنا۔
اِنْصَبَنَ واصْطَبَنَ عَنْهُ: رک جانا۔ پھر جانا۔
الصَّابُوْن: صابن۔ کلمہ فارسی الاصل ہے۔ عربی میں (غاسول) کہتے ہیں۔ ایک ٹکڑے کو (صابونہ) کہتے ہیں اور اس کے بیچنے ڈالنے اور بنانے والے کو صَبَّان وصَابُوْنِی کہتے ہیں۔
الصَّابُوْنِيَّة: ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے۔
المَصْبَنَة: صابون کا کارخانہ۔
صَبَا يَصْبُوْ صَبْوَةً وصُبُوَّةً وصُبُوًّا اِلَيْهِ ولَهُ: مشتاق ہونا۔
صَبَا يَصْبُوْا صَبْوًا وصُبُوًّا وصِبَاءً اوصَبَاءً: پچپنے کی طرف مائل ہونا۔ بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا۔ صفت صَاب: مؤنث صَابِيَة۔
صَبَتْ صَبَاءً وصُبُوًّا. الرِّيْحُ: پُروائی ہوا کا چلنا۔
صَبِيَ و اَصْبَى. القَوْمُ: پُروائی ہوا کا لگنا۔
اَصْبَى. الرَّجُلُ: بچے والا ہونا۔ اَصْبَى الشَّيْءُ فُلَانًا: شوق میں ڈال دینا۔ کہا جاتا ہے اَصْبَتْهُ المَكَارِمُ: اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا۔
صَبِيَ يَصْبَى صَبَاءً واسْتَصْبَى: بچوں جیسا کام کرنا۔ صَبِيَ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔
اِسْتَصْبَاه: کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔
صَابَى مُصَابَاةً: نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لئے جھکانا ..... السَّيْف: تلوار کو میان میں اُلٹی طرف سے کرنا ..... الكَلَام: بے قاعدہ بولنا ..... بَيْت الشِّعْر: اچھی طرح نہ پڑھنا۔

تَصَبَّى تَصَبِّيًا وتَصَابَى تَصَابِيًا: کھیل کود کی طرف مائل ہونا ..... المَرْأَة: عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔ تَصَبَّاهُ الشَّيْءُ: شوق میں ڈالنا۔
الصَّبَا: پُروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُوْر ہے۔ تثنیہ اس کا صَبَوَان اور صَبَيَان اور جمع صَبَوَات اور اَصْبَاء۔
الصِّبَا: شوق۔
الصِّبَاء والصَّبَاء: بچپنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ فِي صِبَاه او فِي صَبَائِهِ": یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا۔
الصَّبْوَة: بچپن۔ جوانی کی نادانی۔
الصَّبِيّ: بچہ جو جوان سے کم عمر ہو۔ آنکھ کی پتلی۔ ج صِبْيَان وصِبِيَان وصُبْوَان وصِبْوَان واَصْبِيَة وصِبْيَة وصَبِيَّة وصُبْيَة وصِبْوَة واَصْبٌ مؤنث صَبِيَّة۔ ج صَبَايَا. الصَّبِيَّة: لڑکی۔ الصَّبِيّ: تلوار کی دھار۔ پاؤں کا پنجہ۔ کہا جاتا ہے "بِهِ وَجَعٌ فِي صَبِيِّ قَدَمِهِ" اس کے پنجے میں درد ہے۔
الصَّبِيَّان: ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں۔
الصَّبِيَّة الاُصَيْبِيَة. صَبِيّ: کی جمع صِبْيَة: اور اَصْبِيَة: کی تصغیر ہے۔
الصَّابِيَة: پُروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا۔ المُصَابِيَة: مصیبت۔
صَبَّهُ: (ن) صَبًّا: زور سے دھکا دینا۔ ہاتھ سے مارنا ..... بِكَلَامٍ اَوْ بِدَاهِيَةٍ: تہمت لگانا۔ مصیبت ڈالنا۔
صَابَّهُ مُصَابَّةً وصِبَابًا: جھگڑا کرنا۔
تَصَابَّ. القَوْمُ: آپس میں جھگڑا کرنا۔ آپس میں جنگ کرنا۔
الصَّبُّ والصِّبُّ والصِّبَّة: جماعت الصِّبُّ والصِّبَّة: ضد۔ ہٹ۔
الصَّبَب: درپے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِصَبَبِهِ" وہ اس کے درپے ہے۔
الصَّبِيب: جماعت۔ آواز۔ شور۔

الصَّبِيْت: اپنے کاموں میں مستعد۔
صَبَتَهُ: (ف) صَبْتًا: پچھاڑ دینا ..... لَهُ: کسی کا قصد کرنا۔
تَصَبَّتَ: کسی کام میں تردد کرنا۔
الصَّبَت: مضبوط جوان۔ گورخر۔
صَبَتَمَ. الشَّيْءَ: مکمل کرنا۔
تَصَبْتَمَ: تیز دوڑنا۔
الصَّبْتَم والصَّبَتَم: سخت مضبوط۔ کامل مضبوط
الصَّبْتَمَة والصَّبَيْتَمَة: سخت پتھر۔
المُصَبْتَم: گلی یا وادی جو غیر نافذ ہو۔
صَبَّحَ: (ن) صَبْحًا: لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے۔
الصَّبْجَج والصَّبَجْبَج: لوہے پر لوہا گرنے کی آواز۔ جھنکار۔
صَحَّ: (ض) صُحًّا وصِحَّةً وصَحَاحًا: تندرست ہونا۔ ہر عیب سے پاک صاف ہونا ..... الخَبَرُ: مطابق واقع ثابت ہونا۔ صفت صَحِيْح وصحاح: کہا جاتا ہے "صَحَّ لِيْ عَلَى فُلَانٍ كَذَا" یعنی میرے لئے فلاں پر اتنا ثابت ہوا۔
صَحَّحَ. المَرِيْضَ: تندرست کر دینا۔ چنگا کر دینا ..... الكِتَاب: کتاب کی غلطی درست کر دینا۔
اَصَحَّهُ اِصْحَاحًا: تندرست کرنا یا تندرست پانا۔ مرض کا زائل کر دینا۔ اَصَحَّ الرَّجُلُ: آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا۔
تَصَحَّحَ. بِكَذَا: فلاں چیز سے علاج کرنا۔
اِسْتَصَحَّ. مِنْ مَرَضِهِ: مرض سے تندرست ہونا ..... الكَلَام: صحیح پانا۔
الصِّحَّة: مص۔ تندرستی۔
الصَّحَاح: مص۔ مِنَ الطَّرِيْقِ: راستہ کا دشوار حصہ۔
الصَّحِيْح: تندرست۔ عیب وغیرہ سے بری۔ بھروسہ کے قابل۔ ج اَصِحَّاء وصِحَاح واَصِحَّة صَحَائِح.
المَصَحّ: صحت کی جگہ۔

marfat.com
Marfat.com

الْمَعْصَمَةُ وَالْمِعْصَمَةُ: صحت دینے والی۔ صحت محفوظ رکھنے والی۔ کہا جاتا ہے "اَلصَّوْمُ مَعْصَمَةٌ" یعنی روزہ صحت دینے والا ہے یا صحت کا حافظ ہے و "اَرْضٌ مَعْصَمَةٌ" یعنی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں۔

صَحِبَ (س) صُحْبَةً وَصَحَابَةً وَصِحَابَةً وَصَاحَبَةً مُصَاحَبَةً: ساتھی ہونا۔ دوستی کرنا۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

صَحَبَ (ف) صَحْبًا: اَلْمَبُوْحُ: کمال آثار یا۔

اَصْحَبَ. اَلرَّجُلُ: ساتھی والا ہونا۔ بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے ہی ماند ہونا۔ دشواری کے بعد تابعدار ہونا..... اَلْمَاءُ: پانی کا کائی والا ہونا..... ہ فُلَانًا: محفوظ رکھنا..... ہ عَنْ کَذَا: روک دینا..... ہ الشَّیْءَ: ساتھ کر دینا۔

تَصَحَّبَ. بِہٖ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا یَتَصَحَّبُ مِنْ شَیْءٍ" یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے۔

اِصْطَحَبَ. فُلَانًا: حفاظت کرنا۔

اِصْطَحَبُوْا: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِسْتَصْحَبَہٗ: ساتھی بنانا۔ ساتھی بننے کے لئے کہنا۔ ساتھی بنانا۔ اِسْتَصْحَبَہُ الشَّیْءَ: کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لئے کہنا..... الشَّیْءَ: کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔

اَلصَّاحِبُ: ساتھی۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔ مالک۔ وزیر۔ گورنر۔ کہا جاتا ہے "صَاحِبُ خَمَّارٍ" یعنی حاکم حماۃ اور "یَا صَاحِ" یا صاحب کی ترخیم ہے۔ ج صَحْبٌ وَاَصْحَابٌ وَصَحَبَةٌ وَصِحَابٌ وَصُحْبَانٌ وَصِحَابَةٌ وَصَحَابَةٌ اور اَصْحَابٌ کی جمع اَصَاحِیْبُ.

اَلصَّاحِبَةُ: صاحب کا مؤنث۔ بیوی۔ ج صَاحِبَاتٌ وَصَوَاحِبُ.

اَلصَّحَابَةُ: وہ حضرات (رضی اللہ عنہم) جو سرور کائنات ﷺ کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔

اَلصَّحَابِیُّ: جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب ہوں۔ نیز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے فرد واحد (رضی اللہ عنہ)

اَلْمُصَاحِبُ: ساتھ رہنے والا۔ دشواری سے فرمانبردار ہونے والا۔

اَلْمُصْحَبُ: پالکی آدمی جو خود بخود باتیں کرے۔ عُوْدٌ مُصْحَبٌ: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو۔ اَدِیْمٌ مُصْحَبٌ: وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کئے گئے ہوں۔

اَلْمُصْحَبُ وَالْمِصْحَابُ: فرمانبردار۔ ذلیل۔ اَدِیْمٌ مُصْحَبٌ: جس چمڑے پر بال یا اون ہوں۔ عُوْدٌ مُصْحَبٌ: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو۔

اَلْمَصْحُوْبُ: مفع۔ اَدِیْم مصحوب: وہ چمڑا جس پر سے بال نہ اتارے گئے ہوں۔ عُوْدٌ مَصْحُوْبٌ: وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اَلْفَقْعُ مَصْحُوْبًا مُصَاحَبًا" یعنی محفوظ خیریت و عافیت کے ساتھ جاؤ۔

صَحَرَ: (ف) صَحَرًا. اَللَّبَنُ: دودھ کو ابالنا۔ صَحَرَتِ الشَّمْسُ: دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا۔

صَحَرَ: (ف) صَحِرَ وَصَحَارَ. اَلْجَمَلُ: گرمے کا زور سے رینکنا۔

صَحِرَ: (س) صَحَرًا: سرخی مائل سیالا ہونا۔ صفت اصحر مؤنث صَحْرَاء ج صُحْرٌ اور رنگ کا نام صُحْرَة۔

اَصْحَرَ: جنگل کی طرف جانا..... اَلْمَکَانُ: جنگل کی مانند وسیع ہونا..... اَلْاَمْرَ وَبِالْاَمْرِ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُصْحِرْہُ اَفْرَکَ" یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو اور "اَضْجِرْ مَا بِی قَلْبُکَ" یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو..... اَلرَّجُلُ: کانا ہونا۔

اِصْحَارًا اِصْحِیْرَارًا: سرخی مائل سیالے رنگ والا ہونا۔

اَلصَّحْرُ: سرخ سفید رنگ۔

اَلصَّحْرَاءُ: بیابان جس میں نباتات نہ ہو۔ ج صَحَارٰی وَصَحَارٍ وَصَحَارِیُّ وَصَحَارِیُّ وَصُحَارَاوَاتٌ.

اَلصَّحِیْرَةُ: دودھ جو اُبالا جائے اور اس میں کمی اور آٹا ملا دیا جائے۔

اَلْمُصَاحِرُ: وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور قریب نہ دے۔

اَلْمُصْحِرُ: شریر۔

صَحْصَحَ. الْاَمْرُ: روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔

اَلصَّحْصَحُ وَالصَّحْصَاحُ وَالصَّحْصَحَانُ: ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو۔ ج صَحَاصِحُ. اَلنُّرْهَاتُ الصَّحَاصِحُ وَنُرْهَاتُ الصَّحَاصِحِ: لغویات۔ خرافات۔ اضافت کے ساتھ بکثرت ہے۔

اَلصَّحْصَحُ وَالصَّحْصُوْحُ: مِنَ الرِّجَالِ: مرد بار یک بیں۔

اَلْمُصَحْصِحُ: خالص عیب والا۔ باطل کوش۔

صَحْفَ. اَلْکَلِمَةَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔

اَصْحَفَ. اَلْکِتَابَ: کتاب میں محیفوں کو جمع کرنا۔

تَصَحَّفَ. اَلْقَارِئُ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَیْہِ الصَّحِیْفَةُ" یعنی صحیفہ میں لکھا اس پر خبر ہو گیا۔

اَلصَّحْفَةُ: بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں۔ ج صِحَافٌ.

اَلصِّحَافُ: چھوٹے چھوٹے چشمے۔

اَلصِّحَالَةُ: ایڈیٹری۔ عالم الصِّحَافَةِ: محررین اخبار۔

اَلصَّحِیْفَةُ: لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِیْفَةُ الْوَجْہِ: چہرے کی کھال۔ کہا جاتا ہے صُنْ صَحِیْفَةَ وَجْهِکَ: اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ۔ ج صَحَائِفُ وَصُحُفٌ.

اَلصُّحَیْفَةُ: چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو۔

اَلصَّحِیْفُ: روئے زمین۔

marfat.com
Marfat.com

الصَّحَّافُ: پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔ کتب فروش۔
الصَّحَفِيُّ: بغیر استاد کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا۔(..... والمُصَحِّف): پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔
الصَّحَف والمِصْحَف والمُصْحَف: مجلد کتاب۔ صَحَاحِف: جمع۔
المُصَحَّف: تغیر کیا ہوا۔
صَحِلَ (س) صَحَلًا صَوْتُه: پڑی ہوئی آواز والا اور بھاری آواز والا ہونا۔ صفت صَحِلٌ واَصْحَل.
اِصْطَحَمَ. الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
اِصْحَامَ اِصْحِيمَامًا. النَّبَاتُ: پودہ کا بہت سرسبز ہونا۔ سبزی کا زردی سے ملنا۔ صفت اَصْحَم: مؤنث صَحْمَاء: رنگ۔
صُحْمَة..... الاَرْض: زمین کے نباتات کا متغیر ہونا..... الزَّرْع: سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا۔
صَحَنَه (ف) صَحْنًا: مارنا۔ کہا جاتا ہے "صَحَنَهُ عِشْرِيْنَ سَوْطًا" اس نے اس کو بیس کوڑے مارے۔ صَحَنَهُ بِرِجْلِهٖ: پیر سے مارنا..... الرَّجُلُ: کسی کو پیالہ میں کچھ دینا۔ صَحَنَهُ دِيْنَارًا: دینار دینا..... بَيْنَهُمْ: اصلاح کرنا۔
الصَّحْن: چھوٹا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ وَاسِعُ الصَّحْن" صَحْن الدَّار: انگنائی الصَّحْن مِنَ الاَرْض: ہموار زمین۔ ج صُحُوْن الصَّحْنَان: جھانجھ ایک قسم کا باجا۔
صَحْنَا الاُذُنَيْن: کان کے اندرونی حصے۔
فَرَسٌ صَحُوْنٌ: لات مارنے والا گھوڑا۔
الصَّحْنَى والصَّحْنَاة والصَّحْنَاء والصَّحْنَاءَة: چھوٹی نمک ملی ہوئی مچھلی۔
المِصْحَنَة: برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو۔
صَحَا يَصْحُو صَحْوًا وصُحُوًّا وصَحِيَ يَصْحَى صَحًا واَصْحَى اِصْحَاءً. اليَوْمُ: دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا۔ صفت صَحْو و صَاحٍ ومُصْحٍ..... السُّكْرَانُ: نشہ اتر جانا..... الرَّجُلُ: بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا۔ افاقہ میں آنا۔ صفت صَاحٍ. ج صَاحُوْن صُحَاة: مؤنث صَاحِيَة ج صَاحِيَات وصَوَاحٍ. اَصحاه: ہوش میں لانا۔ اَصْحَى القَوْمُ: آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا۔
الصَّحْو: کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ صَحْوٌ ويَوْمٌ صَحْوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر و باد ہیں اور یہ وصف بالمصدر ہے۔
المَصْحَاة: باعث افاقہ۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ مَسْلَاةٌ مِنْ كَرْبِ الهَمِّ ومَصْحَاةٌ مِنْ سُكْرِ الهَمِّ" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشۂ غم سے افاقہ ہے۔
المِصْحَاة: برتن۔ طشت۔ پیالہ۔
صَخَّ: (ن) صَخًّا. الحَدِيْدَ بِالحَدِيْدِ: لوہے کو لوہے پر مارنا..... الصَّوْتُ الاُذُنَ: آواز کا کان کو بہرا کر دینا(..... صَخًّا صَخِيْخًا) الحَدِيْدَ: لوہے کا آواز کرنا..... لِحَدِيْثِهٖ: کان لگانا۔
الصَّخَّة: اسم مرۃ۔ باری(..... والصخ والصخيخ): پتھر یا لوہے کی آواز۔
الصَّخِيْخ: خوف زدہ کوے کی آواز۔
الصَّاخَّة: سخت آواز جو بہرا کر دے۔ مصیبت۔ قیامت۔
صَخِبَ: (س) صَخَبًا: شور مچانا۔
صَاخَبَهُ مُصَاخَبَةً: ایک دوسرے کا شور مچانا۔
تَصَاخَبَ. القَوْمُ: باہم شور مچانا اور رپیٹ کرنا۔
اِصْطَخَبَ. الطَّيْرُ او الضِّفْدَعُ: پرندیا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا۔
الصَّخَب: مصدر۔ شور۔
الصَّاخِب والصَّخِب والصَّخَّاب والصَّخُوْب والصَّخْبَان: شور مچانے والا۔ مؤنث صَخِبَة وصُخْبَة وصَخَّابَة وصَخُوْبٌ وصَخْبَى.
صَخِدَ: (س) صَخَدًا وصَخَدَانًا..... اليَوْمُ: سخت گرم ہونا۔
صَخَدَتْه: (ف) صَخْدًا. الشَّمْسُ: جلانا۔ الصُّرَدُ: لٹورے کا آواز کرنا۔
صَخَدَ: (ف) صُخُوْدًا. اِلَيْهِ: کان لگانا۔
اَصْخَدَ. الحَرُّ: گرمی تیز ہونا..... الرَّجُلُ: گرمی میں داخل ہونا..... الحِرْبَاءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔
الصَّاخِدَة: دوپہری۔
الصَّخْدَان والصَّخَدَان: سخت گرمی کا دن۔
صَيْخَد. الشَّمْس: گروۂ آفتاب۔
هَاجِرَةٌ صَيْخُوْدٌ: سخت گرم دوپہری۔ ج صَيَاخِيْد. صَيَاخِيْدُ الحَرِّ: گرمی کی تیزی۔
المَصْخَدَة: دوپہر۔ ج مَصَاخِد.
المُصْطَخِد: دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔
صَخَّرَهٗ: فرمانبردار کرنا۔
اَصْخَر. المَكَانُ: پتھریلا ہونا۔ صفت مُصْخِر.
الصَّخْرَة والصَّخَرَة: ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان۔ ج صَخْرٌ وصَخَرٌ وصُخُوْرٌ وصُخُوْرَةٌ وصَخَرات کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَخْرَةُ الوَادِي" فلاں بہت مستقل ہے۔
الصَّخِر. مِنَ الاَمْكِنَة: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَخِرُ الوَجْهِ اَوْ اَصْخَرُ الوَجْهِ" یعنی وہ بے حیا ہے۔
الصَّخْرَاوِيَّة: انتہائی خوشبو والا درخت۔ جس کے پھولوں کی خوشبو دور دور تک پھیل جاتی ہے۔
الصَّاخِر: لوہے پر لوہے کی جھنکار۔
الصَّاخِرَة: پینے کے لئے مٹی کا پیالہ۔
صَخَفَ (ف) صَفْخًا. الاَرْضَ: زمین کھودنا۔
المِصْخَفَة: زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال۔ پھاوڑا۔
صَخْمَتْهُ: (ن) صَخْمًا. الشَّمْسُ:

marfat.com
Marfat.com

آفتاب کا غلس دینا۔
اِصْطَهَمَ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
صَحِيَ يَصْحَى صَحًا: میلا ہونا۔ صفت صحٍ۔
الصَّحَاء: میل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔
صَدَّهُ: (ن) صَدًّا، عَنْ كَذَا: روک دینا، منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّيْلُ" یعنی راستہ کے درے گھائی وغیرہ کی روک واقع ہوگئی۔
صَدَّ: (ن ض) صَدًّا وَصُدُوْدًا. عَنْهُ: اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ: جمع صُدَّاد۔ مؤنث صَادَّةٌ: جمع صَوَادّ وصُدَّاد۔
صَدَّ: (ن ض) صَدِيْدًا. مِنَ الشَّيْءِ: جی پڑنا۔ چلانا۔
صَادَّهُ: مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ يُصَادُّهُ وَيُضَادُّهُ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔
صَدَّهُ: نالی بنانا..... الجُرْحُ: پیپ دینا۔
أَصَدَّهُ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔
تَصَدَّدَ لَهُ: درپے ہونا۔
اِصْطَدَّتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا۔
الصُّدّ: مص..... الصَّدّ: بلند بالوں۔ وادی کا کنارہ۔ أَصْدَاد و صُدُوْد۔
الصَّدَد: درپے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ۔
الصِّدَاد: پردہ۔ ج أَصْدِدَة
الصَّدُوْد: روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔
الصَّدِيْد: مص..... پیپ۔ خون سے ملی ہوئی۔
صَدِيْدُ الْفَضْلَةِ: کھلی ہوئی چاندی۔
الصَّدَاد: ساپ۔ پھچلی۔ پانی پر جانے کا راستہ۔ ج صُدُدَاد۔
صَدِيَ: (ع) صَدًى وَصُدُوْ (ک) صَدَاءً. الْحَدِيْدُ: زنگ لگ جانا۔ صفت صَدِيٌّ: مؤنث صَدِيَة..... الشَّيْءُ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت أَصْدَأ: مؤنث صَدْاء..... الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا۔
صَدًا: (ف) صَدًى وَصَدَايَةً الشَّيْءُ: زنگ دور کرنا..... المِرْآةُ: آئینہ کو صاف کرنا۔
أَصْدَاهُ: مورچہ لاحق ہونا۔
تَصَدَّى لَهُ: درپے ہونا۔
الصَّدَا: زنگ۔ مورچہ۔ جسم کا رنگ۔ ج صُدِيٌّ: جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَفِرًا صَدِيًّا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔
الصُّدَاءُ: مورچہ کا رنگ۔
صَدَحَ: (ف) صَدْحًا وَصُدَاحًا. الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت (صَادِحٌ وصَدَّاحٌ وصَيْدَحٌ وصَيْدَاحٌ وصَدُوْحٌ وصَيْدَحِيٌّ ومِصْدَحٌ ومِصْدَاحٌ.
الصَّدَحُ: علم۔ خالی مکان۔ چھوٹا پتھریلے ٹیلہ۔ خَيْ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ج صِدَحَان.
الصَّدَاحَةُ والصُّدَاحَةُ والصَّدَحَةُ: مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔
صَدَرَ: (ن ض) صَدْرًا وَمَصْدَرًا. عَنِ الْمَكَانِ وعَنِ الْمَاءِ: واپس ہونا..... إِلَى الْمَكَانِ: متوجہ ہونا..... الرَّجُلُ عَنْ كَذَا: واپس کر دینا..... صُدُوْرًا: الأَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا..... مِنْهُ: ظاہر ہونا..... عَنْهُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔
صَدَرَهُ صَدْرًا: سینہ پر مارنا۔
صُدِرَ: سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُوْرٌ.
صَدَّرَهُ: واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الْكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا..... الْفَرَسَ: گھوڑے کا آگے بڑھنا۔
أَصْدَرَهُ: عَنْ كَذَا: واپس کرنا۔ أَصْدَرَ الأَمْرَ: ظاہر کرنا..... الرَّجُلُ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُوْرِدُ ولَا يُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔
صَدَرَهُ. عَلَى الْغَيِّ وبِهِ: اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔
تَصَدَّرَ: صدر مجلس میں بیٹھنا کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ الْمَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔
..... الْفَرَسُ: گھوڑے کے آگے کو سینہ نکالنا۔
تَصَادَرُوْا: عَلَى مَاشَاءُوْا.
صدورا۔
الصَّدْر: ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ۔ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "اَخَذْتُ صَدْرَ اٰيَةٍ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ الْقَوْمِ: رئیس۔
الصَّدْرُ الأَعْظَمُ: وزیر اعظم۔ ج صُدُوْرٌ.
بَنَاتُ الصَّدْرِ: افکار۔
ذَاتُ الصَّدْرِ: سینہ کی ایک بیماری کا نام۔
صُدُوْرُ الأَوْدِيَةِ: وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ الشَّيْءَ بِصَدْرِهِ" یعنی اول حصہ کو لے لیا۔ "فُلَانٌ يَبِيْعُ الصَّدْرَ" یعنی تیز مہربان۔
الصَّدْر: پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی۔ صَادِرٌ کا اسم جمع۔
الصَّادِر: قائلولے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے۔ یعنی پانی پر آنے والا اور اسی سے ہے "مَالَهُ صَادِرٌ ولَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِيْقٌ صَادِرٌ: پانی پر لے جانے والا راستہ۔ طَرِيْقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ: ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آتے جاتے ہیں۔
الصَّدْرَة. مِنَ الإِنْسَانِ: سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔
التَّصْدِير: تنگ اونٹ کے سینے کا۔
الصِّدَار: صدری۔ اونٹ کے سینے پر نشان۔
الصَّدَارَة: تقدم۔ وزارت عظمیٰ کا عہدہ
(والصَّيْدَرَة): سینے کا اوپر کا حصہ ج

marfat.com
Marfat.com

صَدْعَ

الْاَصْدَر :مضبوط بڑے سینے والا۔ الْاَصْدَرَان: کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
الصَّدْر :جائے صدور۔ ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لئے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل وجڑ ہیں۔
الْمِصْدَر :فا۔ رَجُلٌ مِصْدَرٌ :کاموں کو پورا کرنے والا۔
الْمِصْدَر :قوی اور بڑے سینے والا۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
صَدَعَ :(ف) صُدُوْعًا. اِلٰی کَذَا :مائل ہونا۔
صَدَعَ :(ف) صَدْعًا. الشَّیْءَ :اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو..... الْقَوْمَ :متفرق کر دینا..... الْاَمْرَ :ظاہر کرنا..... بِالْحَقِّ :حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا..... فِی الْاَمْرِ :کرگزرنا..... الْاَمْرَ بِالْحَقِّ :حق کا فیصلہ کرنا..... فُلَانًا: قصد کرنا۔ صَدَعَهٗ عَنْ کَذَا :روک دینا..... النَّهْرَ :کاٹ دینا..... فِی الْمَکَانِ :گزرنا۔ عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّرِیْقُ یَصْدَعُ فِیْ اَرْضِ کَذَا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے..... اللَّیْلَ :رات میں چلنا۔
صُدِعَ وَصُدِّعَ :دردِسر میں مبتلا ہونا۔ صفت مَصْدُوْع.
صَدَّعَ. الشَّیْءَ :پھاڑنا..... الْفَلَاةَ او النَّهْرَ :بیابان یا نہر کو طے کرنا۔
تَصَدَّعَ. الْقَوْمُ :متفرق ہونا۔ تَصَدَّعَتِ الْاَرْضُ بِهٖ :وہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا۔
تَصَدَّعَ وَانْصَدَعَ. الشَّیْءُ :پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّعَتْ وَانْصَدَعَتِ الْاَرْضُ بِالنَّبَاتِ" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔
اِنْصَدَعَ الصَّبَاحُ :صبح کی روشنی پھیلنا۔
الصَّادِع :فا۔ قاضی۔ جَبَلٌ صَادِعٌ :دور تک پھیلا ہوا۔ پہاڑ۔ وَادٍ صَادِعٌ :دور تک پھیلی ہوئی وادی۔ سَبِیْلٌ صَادِعٌ :دور تک پھیلا ہوا راستہ۔ صُبْحٌ صَادِعٌ :روشن صبح۔

الصَّدْع :شگاف۔ ج صُدُوْع.
الصَّدْع وَالصَّدَع :ہلکا پھلکا مرد۔ قوی جوان۔ صَدَعُ الْحَدِیْد :لوہے کا مخصوص رنگ۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ عَلَیْهِمْ صَدَعٌ وَاحِدٌ" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔
الصِّدْع :آدمیوں کی جماعت۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔
الصَّدْعَة :اسم مرۃ۔ پھٹن۔ پراگندگی۔ تفرق۔ ج صَدَعَات:۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُ بَیْنَهُمْ صَدَعَاتٍ :یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات و "اَصْلِحُوْا مَا فِیْکُمْ مِنَ الصَّدَعَات" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو۔
الصِّدْعَة ج صِدَع وَالصَّدِیْع ج صُدُع: بکریوں کا ریوڑ۔ اونٹوں کا گلہ۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ صَدِیْع :بمعنی مصدوع :صبح۔ پھٹا ہوا کپڑا۔ وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔
الصُّدَاع :دردِسر۔
التَّصْدَاع :تفریق۔
الْمَصْدَع :سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج مَصَادِع.
الْمِصْدَع :نیزہ۔ تیر۔ چھری کا چوڑا پھل۔ خَطِیْبٌ مِصْقَعٌ مِصْدَعٌ :بلیغ خطیب۔
صَدَغَهٗ (ف) صَدْغًا. عَنِ الْاَمْرِ :باز رکھنا۔ روکنا۔ سیدھا کرنا..... النَّمْلَة :چیونٹی کو مارنا۔
صَدَغَهٗ :(ف) صَدْغًا :مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنا۔
صَدَغَ :(ن) صَدْغًا وَصُدُوْغًا. اِلَی الشَّیْءِ :مائل ہونا۔
صَدُغَ :(ک) صَدَاغَةً :کمزور و ناتواں ہونا۔
صُدِغَ :کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔
صَادَغَهٗ :مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا۔

الصُّدْغ :کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ ج اَصْدَاغ.
الصَّدَغ :کجی۔ ٹیڑھا پن۔
الصِّدَاغ :کنپٹی پر نشان۔
الصَّدِیْغ :کمزور۔ تین دن کا بچہ۔
الْاَصْدَغَان :دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
الْمِصْدَغَة :تکیہ۔
بَعِیْرٌ مُصَدَّغٌ وَمَصْدُوْغٌ :کنپٹی پر نشان والا اونٹ۔
صَدِفَ :(ن ض) صَدَفًا وَصُدُوْفًا :پھر جانا۔
صَدَفَ :(ض) صَدْفًا. عَنْهُ :اعراض کرنا..... فُلَانًا: پھیر دینا۔ ہٹانا۔
صَدُفَ :(س) صَدَفًا: گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔
اَصْدَفَهٗ. عَنْهُ :پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔
صَادَفَهٗ :پانا۔
تَصَادَفَ :ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصَّدَف :سیپی۔
الصَّدَفَة :ایک سیپی۔ ج اَصْدَاف. صَدَفَةُ الْاُذُن: کان کا اندرونی حصہ۔
الصَّدَف. فِی الْخَیْلِ :رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری۔ الصَّدَفُ الصَّدَفَةُ: جانب۔ کنارہ۔
الصَّدَف وَالصُّدُف وَالصُّدُف وَالصَّدُف :پہاڑ کا کنارہ۔ الصَّدَف: زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ۔
فَرَسٌ اَصْدَف :وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور ہوں۔
الْاَصْدَاف :سمندر کی موجیں۔
الصِّدْفَة :ملاقات۔
اَلصَّدَفِیَّات: نرم مزاج جانور جو کہ پانی میں زندگی بسر کرتا ہے اس میں ہڈی نہیں ہوتی اور جلد مچھلی کی طرح ہوتی ہے۔
الصَّدُوْف :گندہ دہن۔ بہت اعراض کرنے والا۔
الْمَصْدُوْف :مفع۔ چھپا ہوا۔

marfat.com
Marfat.com

صَدَقَ : (ن) صَدْقًا وَصِدْقًا وَمَصْدُقَةً وَصَدَاقَةً : سچ بولنا..... فِیْ وَعْدِہٖ وَوَعِیْدِہٖ : پورا کرنا..... فِی الْجملۃ : بہادری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَقَ الْقِتَالَ وَصَدَقَ فُلَانًا الْقِتَالَ" سخت جنگ کی..... ہ النَّصِیْحَۃ او الْمَحَبَّۃ : خالص نصیحت یا محبت کرنا..... ہ الْحَدِیْثَ : سچی بات بیان کرنا۔ سچی خبر دینا۔ صَدَقَہٗ : سچا جانا۔ سچا سمجھنا۔

صَادَقَہٗ صِدَاقًا وَمُصَادَقَۃً : دوست بنا۔ صَادَقَہ الْمَوَدَّۃَ : خالص دوستی کرنا۔ أَصْدَقَ. الابِنَۃَ : بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔ تَصَدَّقَ : صدقہ دینا..... عَلَی الْفَقِیْرِ بِکَذَا : فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔

تَصَادَقَا : محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ تَصَادَقَا الْحَدِیْثَ او الْمَوَدَّۃَ او فِیْھِمَا : ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔

الصَّدَقُ : محض۔ سیدھا خوں نیزہ ہونا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدَقٌ وَقَنَاۃٌ صَدَقَۃٌ" سیدھا خوں نیزہ۔ کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدَقُ الْلِقَاءِ والنَّظَرِ" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص۔ ج صُدُق وصُدق وصَدُقُوْن : مؤنث صَدَقَۃٌ ج صَدَقَات.

الصِّدْق : ج۔ فضیلت۔ صلاح۔ سختی۔ مضبوطی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَجُلُ صِدْقٍ وصَدِیْقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے۔ یعنی کامل ہے۔

الصَّدَقَۃ : خیرات۔ ج صَدَقَات.

الصَّدُقَۃ والصُّدُقَۃ والصَّدْقَۃ والصُّدْقَۃ : مہر۔

الصَّدَاق والصِّدَاق : مہر۔ ج أَصْدِقَۃ وصُدُق.

الصَّدَاقَۃ : سچی دوستی۔

الصَّادِق : سچا۔ تَمْرٌ صَادِقُ الْحَلَاوَۃِ : بہت میٹھی کھجور۔ بِیْضَۃٌ صَادِقَۃٌ : خالص نیت۔ حَمْلَۃٌ صَادِقَۃٌ : شدید حملہ۔

صَدَّ یَصُدُّ او صَدَّ او صَدَّی. یَدَیْہِ : دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔

صَدِیَ یَصْدَی صَدًی : سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ وصَادٍ وصَدْیَان. مؤنث صَدْیَا ج صَوَادٍ۔ کہا جاتا ہے "اَنَا صَدْیَان إِلٰی حَدِیْثِکَ وَلِی أَخْتَاء صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں۔ صَدِیَ الشَّیْءَ : لمبا ہونا۔

صَادَاہُ مُصَادَاۃً : مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔

اَلصَّدَی : اَلْھَامَۃُ : یعنی زمانہ جاہلیت کے عقیدہ کے مطابق جب مقتول کو قبر میں ڈال دیا جائے اور اس کا انتقام نہ لیا جائے تو میت کی قبر سے ایک جانور باہر نکل کر آواز دیتا ہے اور انتقام کا لعرہ لگاتا ہے۔ اس کو سوم القبر (قبر کا الو) یا اَلْھَامَۃ بھی کہتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہامہ جیسی تطیرات کی سختی سے زجر فرمایا۔

صَدَّی تَصْدِیَۃً. یَدَیْہِ : دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔

أَصْدَی إِصْدَاءً : مرا..... اَلْجَبَلُ : گونجنا۔ آواز بازگشت کرنا۔

تَصَدَّی لَہٗ : درپے ہونا..... لِلْأَمْرِ : کسی معاملے کے لئے متوجہ ہونا۔

الصَّدِی : سخت پیاس۔ آواز بازگشت گونج۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ج أَصْدَاء۔ کہا جاتا ہے "ھُمُ الْیَوْمَ أَصْدَاءٌ وَھُمْ غَدًا أَصْدَاء" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مُردہ ہوں گے "وَنَفَتَ صَدَاہُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو رد کر دیا۔ "دُقَّ صَدَاہُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔ "اَصَمَّ اللّٰہُ صَدَاہُ" یعنی ہلاک کر دے۔

الصَّدَی : الوکی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھیرو ادھر ہی اپنے سر کو پھراتا ہے اور وہ اجاڑ تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔

زمانہ جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے

marfat.com
Marfat.com

سر سے لگنا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔

صَرَّ :(ن) صَرًّا. الصُّرَّةَ :تھیلی کو باندھنا .....الدَّرَاهِمَ فِي الصُّرَّةِ: تھیلی میں رکھنا .....الفَرَسُ اُذُنَهٗ وبِاُذُنِهٖ :گھوڑے کا کان کھڑے کرنا.....النَّاقَةَ بِالنَّاقَةِ :تھن کو باندھ دینا تا کہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔

صَرَّ :(س) صَرًّا وصَرِيْرًا. الشَّيْءُ : چرچرانا.....الرَّجُلُ: زور سے چیخنا چلانا۔ پیاسا ہونا۔الاُذُنُ: کان بجنا۔

صُرَّ. النَّبَاتُ :ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔

صَرَّرَتِ النَّاقَةُ :آگے بڑھنا۔صَرَّ اُذُنَهٗ : سننے کے لئے کان کھڑے کرنا۔

صَارَّهٗ مُصَارَّةً. عَلٰى كَذَا :مجبور کرنا۔

اَصَرَّ. عَلَى الاَمْرِ :پختہ ارادہ کرنا۔ثابت قدم رہنا اور اکثر برائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "اَصَرَّ عَلَى الذَّنْبِ" جبکہ باز نہ آئے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿كَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ﴾ : یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے.....السُّنْبُلُ :خوشے میں خار نکلنا..... الفَرَسُ اُذُنَهٗ وبِاُذُنِهٖ :گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

الصِّرُّ والصِّرَّة :سردی۔رِيْحٌ صِرٌّ :سخت ٹھنڈی ہوا۔تیز آواز والی ہوا۔الصِّرَّةُ: چیخ۔

الصَّرَّةُ :شور۔چیخ۔لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔جماعت۔تعویذ کے مہرے۔

الصَّرَّةُ :تھیلی۔بٹوہ۔ج صُرَر.

يَمِيْنٌ صِرٌّ :سخت قسم۔کہا جاتا ہے "هِيَ مِنِّيْ صِرٌّ" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔

الصَّرُّ :خوشہ کا خار۔واحد صَرَّةٌ.

الصَّارُّ :فاشجرٌ صَارٌّ: گنجان درخت۔

الصَّارَّةُ. الصَّارُّ :کامونث۔حاجت۔ پیاس۔ج صَوَارٌّ.

الصَّرُوْرُ والصَّارُوْرُ والصَّرُوْرِيُّ والصَّارُوْرِيُّ :جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد وجمع دونوں کے لئے)

الصَّرَّارِيُّ :ملاح۔ج صَرَّارِيُّوْنَ.

الصِّرَّارُ :دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تا کہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ج اَصِرَّةٌ.

الصَّرَّارُ. صَارٌّ :کا اسم مبالغہ۔صَرَّارُ اللَّيْلِ: جھینگر۔

اَلصَّرَّارَةُ: سانپ کھانے والا عقاب۔

الصَّرَارَةُ والصَّرُوْرَةُ والصَّارُوْرَةُ والصَّارُوْرَاءُ: وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)

صَرَارُ اللَّيْلِ :ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کیڑا جو رات کو آواز کرتا ہے۔

الصَّرَّارَةُ :عقاب کی ایک قسم ہے جو سانپ کو کھا جاتا ہے۔الصَّرِيْرَةُ: تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ج صَرَائِرُ.

المَصَارُّ :آنتیں۔

المَصْرُوْرُ :مفع۔بندھا ہوا قیدی۔

صَرَبَ :(ض) صَرْبًا: کاٹنا' کمانا' دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا ..... الصَّبِيُّ: بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔

صَرِبَ :(س) صَرَبًا. اللَّبَنُ :تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَصْرَبَ. اِلَيْهِ مَالًا :دینا۔

صَرُبَ :ترش دودھ پینا۔

اِصْطَرَبَ. اللَّبَنَ فِي الْوَطْبِ :دودھ کو ترش ہونے کے لئے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔

اِصْرَأَبَّ. الشَّيْءُ :صاف اور چکنا ہونا۔

الصَّرْبُ والصَّرَبُ :بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ وصَرَبَةٌ.

الصِّرْبُ :غریب عربوں کے تھوڑے سے اونٹ۔

الصَّرِيْبُ :کھٹا دودھ۔ج صُرُب.

المَصْرُوْب :مفع۔جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔

المِصْرَب :برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ج مَصَارِب.

صَرَّجَ. الحَوْضَ :حوض کو چونا مٹی ملا کر بنانا۔

الصَّرُوْجُ :چونا مٹی ملا ہوا (معرب)

صَرَحَ :(ک) صَرَاحَةً وصَرُوْحَةً : صاف ہونا۔خالص ہونا۔واضح ہونا۔صفت صَرِيْح: جمع صُرَحَاء :مؤنث صَرِيْحَةٌ.

صَرَّحَ :(ف) صَرْحًا. الاَمْرَ :ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَرَّحَ. المُتَكَلِّمُ :بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِيْ نَفْسِهٖ :ظاہر کرنا.....الاَمْرَ: واضح کرنا۔الاَمْرُ: واضح ہونا.....لازم ومتعدی ہے۔النَّهَارُ: دن کا بے بادل ہونا۔الخَمْرُ: شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مَحْضِهٖ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہو گیا۔صَرَّحَتِ السَّنَةُ: خشک سالی ہوئی۔صَرَّحَ الرَّامِيْ: تیرانداز کا خطا کرنا۔

اَصْرَحَ. الاَمْرَ :ظاہر کرنا۔واضح کرنا۔

صَارَحَهٗ صِرَاحًا وصُرَاحًا ومُصَارَحَةً : کھلم کھلا کہنا۔کہا جاتا ہے "شَمَّةٌ مُصَارَحَةٌ او صِرَاحًا" رو در رو گالی دی۔صَارَحَ صَرَّحَ بِمَا فِيْ نَفْسِهٖ :دل کی بات ظاہر کر دینا۔

اِنْصَرَحَ. الحَقُّ :واضح ہونا۔منکشف ہونا۔

تَصَرَّحَ. الزَّبَدُ عَنِ الخَمْرِ :شراب سے جھاگ دور ہونا۔

الصَّرْح :قصر محل۔ہر بلند عمارت۔ج صُرُوْح.

الصَّرْحَة :سخت زمین۔صَرْحَةُ الدَّارِ :گھر کا صحن۔ج صَرَحَات.

الصَّرَاح والصِّرَاح والصِّرَاح والصُّرَاح :

marfat.com
Marfat.com

خالص۔

الصَّرَاحَة والصُّرُوْحَة: خلوص۔ وضاحت۔

الصُّرَاحِيَة: مِنَ الْخَمْرِ: خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "كَذَبَ صُرَاحِيَةً" یعنی سفید جھوٹ۔

الصُّرَاحِي: واضح۔ ظاہر۔

يَوْمٌ مُصَرِّحٌ وَمُصَرَّحٌ: بے بادل کا دن۔

صَرَخَ: (ن) صُرَاخًا وصَرِيْخًا: سخت چیخنا۔ فریاد کرنا..... الصَّوْمُ: فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

أَصْرَخَهُ: فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

تَصَرَّخَ: بتکلف چیخنا۔

تَصَارَخَ واصْطَرَخَ: القَوْمُ: چیخ و پکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ: یعنی صَرَخَ۔

الصَّارِخ: فا۔ مرغ۔

اَلصَّارُوْخ: راکٹ (ایسا ہتھیار جو بم کو لے کر اُڑتا ہے)۔

میزائل: اس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔

(۱) اپنے آپ اپنے آلات کے زور پر مخصوص ہدف کی طرف چلتا ہے۔

(۲) راڈار کی طاقت سے خاص شعاعوں یا دھوئیں کے پیچھے اُڑتا ہے۔ (۳) خاص قوت کے ذریعے جو اس کو ہدف مقرر کی طرف لے جاتا ہے۔

الصَّارِخَة: الصَّارِخ: کامؤنث۔ فریاد رسی۔ داد خواہی۔ داد خواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ الْقَوْمِ" میں نے قوم کی داد خواہی کی آواز سنی۔

الصَّرَّاخ: بہت زیادہ چیخنے والا۔ مُور۔

الصَّرِيْخ: مس۔ فریاد رس۔ داد خواہ۔ ج صُرَخَاء۔

صَرَدَ: (س) صَرْدًا: النَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔

عَوَّنَهُ تَعْوِيْنًا وعَاوَنَهُ مُعَاوَنَةً وعِوَانًا وأعَانَهُ إعَانَةً عَلَى الشَّيْءِ: مدد کرنا۔ عَوَّنَتِ المَرْأَةُ: ادھیڑ عمر کی ہونا۔ أعَانَهُ مِنْهُ: اس نے اس کو اس سے خلاصی دی۔

تَعَاوَنُوْا إعْوَنُوْا. القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

إسْتَعَانَ. فُلَانًا وبِفُلَانٍ: مدد طلب کرنا۔

العَوْن: مص۔ مدد کرنا۔ مددگار۔ خادم (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے) ج أعْوَان۔

العَانَة: گدھی۔ گورخر کا بڑا۔ بچڑو۔ ج عُوْن و عَانَات۔

العَوَان: بارش شدہ زمین جنگ جس میں بار بار لڑائی ہو۔ الحَرْبُ العَوَان: سخت جنگ

العَوَان: ادھیڑ عمر کا۔ ج عُوْن۔

العَوَانَة: کھجور کا لمبا درخت۔ ریت کا ایک کیڑا۔ ایک جانور جو سیہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔

المَعَانَة والمَعُوْنَة والمَعُوْن: مدد۔

المِعْوَان: بہتر مددگار۔ بہت مددگار۔ ج مَعَاوِيْن۔

العَاوِيَة: کھانے پینے اور لباس وغیرہ اشیاء کا سستا سٹور جس کو یوٹیلٹی سٹور بولا جاتا ہے۔

المُتَعَاوِنَة: بوڑھی عورت۔

عَاةَ يَعُوْةُ عُوْةً وعِيَةً الزَّرْعُ: کھیتی کا آفت رسیدہ ہونا..... الرَّجُلُ: آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ صفت عَائِة وعَاوٍ وعَاةٌ وأعْوَة۔

عُوْةُ الرَّجُلِ: آفت پہنچانا..... وأعَاةَ وأعْوَةَ إعَاقَةً وأعْوَاتًا ونَعْوَةً نَعْوًا) آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔

عُوْةُ القَوْمِ: کچھ دیر سونے کے لئے سفر میں ٹھہر جانا۔ عُوْةَ عَلَيْهِمْ: ٹھہرنا۔ اقامت کرنا۔

العَاهَة: آفت۔ أهْلُ العَاهَات: آفت رسیدہ لوگ۔

المَعْوِيَة والمَعْوَة والمَعْيَة مِنَ المَوَاشِي وَغَيْرِهَا: آفت رسیدہ۔

عَوِيَ يَعْوِي عَوَاءً وعُيًا وعُوَةً وعُوِيَّةً الكَلْبُ والذِّئْبُ وابن آوىٰ: بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا يَعْوِي ومَا يَنْبَحُ" یعنی کسی کو ضعیف سمجھا جاتا ہے۔ القَوْمُ إلَى الفِتْنَةِ: بلانا..... عَوَاءً يَعْوِيهِ عَيًّا: عَنِ الشَّيْءِ) باز رکھنا (..... وعَوِيَ) القَوْمُ وتَحَوَّفَ: کمان کو جھکانا..... الحَبْلُ أو الشَّعْرُ: بدی یا بال کو موڑنا..... عَنِ الرَّجُلِ: جواب دینا اور بات کرنے والے کی تکذیب کرنا۔

إعْتَوَى إعْوَاءَ الشَّيْءِ: موڑنا..... الكَلْبُ: کتے کو بھونکانا۔

عَاوِي. الكَلَّابَ مُعَاوَاةً: بھونک کر کتے کو اُکسانا۔

تَعَاوَى تَعَاوِيًا القَوْمُ عَلَى فُلَانٍ: کسی پر ہجوم کرنا۔

إنْعَوَى الإنْعِوَاءَ: مڑنا۔

إسْتَعْوَى إسْتِعْوَاءً القَوْمُ: فریاد کرنا۔ مختلف پر اُبھارنا..... ہ: بھونکوانا۔

العَوَّاء: بہت بھونکنے والا کتا۔

العَوْءَة: مص۔ آواز شور (..... العَوْءَة) چوتڑ۔

المُعَاوِيَة: کتیا۔ لومڑی کا بچہ۔

عَابَ يَعِيْبُ عَيْبَ الشَّيْءِ: عیب دار ہونا۔ صفت فاعل عَائِب: اور صفت مفعول مَعِيْب و مَعْيُوْب۔

marfat.com
Marfat.com

فُلانًا: عیب کی طرف منسوب کرنا۔ عَابَ الشَّیْءُ: عیب ناک ہونا۔ صفت عَائِب۔ عَیَّبَ وتَعَیَّبَ الرَّجُلُ: عیب کی نسبت کرنا ..... الشَّیْءَ: عیب دار بنانا۔ تَعَایَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔

العَیْب: مص۔ برائی۔ ج عُیُوب۔

العَیْبَة: ایک مرتبہ عیب جوئی۔ العَیَبَ: چمڑے کی زنبیل۔ کپڑوں کے محفوظ رکھنے کا صندوق۔ ج عِیَب وعِیَاب وعِیَبَات' والعَیْبَةُ مِنَ الرَّجُلِ: بھید کی جگہ۔

العَاب: عیب' برائی۔

العَیَّاب والعَیَّابَةُ والعَیْبَة: بڑا عیب جو۔

المَعَاب والمَعَابَة: عیب۔ برائی۔ ج مَعَایِب۔

المَعِیب والمَعْیُوب: عیب دار۔

المُعَیِّب: زنبیل بنانے والا۔

عَاثَ یَعِیثُ عَیْثًا وعُیُوْثًا وعَیَثَانًا الشَّیْءُ: فاسد کرنا ..... فِیْ مَالِهٖ: فضول خرچی کرنا اور خرچ کرنے میں جلدی کرنا۔ صفت مذکر عَیْثَان: صفت مؤنث عَیْثَی۔

عَیْث: اندھیرے میں ہاتھ سے ٹٹولنا اور کہا جاتا ہے عیث یفعل کذا: یعنی وہ ایسا کرنے لگا۔

تَعَیَّثَتِ الْاِبِل: سیرابی سے کم پینا۔

العَیُوْث والعَیَّاث: بہت زیادہ فساد کرنے والا (..... والعَائِث) شیر۔

العَیْثَة: ایک مرتبہ فساد انگیزی۔ نرم زمین۔

عَاجَ یَعِیجُ عَیْجًا بِالشَّیْءِ: پروا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَعِیجُ بِکَلَامِهٖ" یعنی میں اس کی گفتگو کی پروا نہیں کرتا۔ وَمَا عِجْتُ بِالشَّیْءِ: یعنی میں اس پر راضی نہیں۔ "وَشَرِبْتُ الدَّوَاءَ فَمَا عِجْتُ بِهٖ" یعنی میں نے دوا پی اور کوئی فائدہ نہیں اٹھایا (یہ کلمہ ہمیشہ منفی ہی مستعمل ہوتا ہے۔)

عَارَ یَعِیرُ عَیْرًا: حیرانی کے ساتھ آنا جانا ..... الفَرَسُ: گھوڑے کا ناک کی سیدھ پر بھاگنا کہ کوئی چیز اس کو پھیر نہ سکے۔ اسم العَیَّار ..... فُلَانًا: عیب لگانا۔ عَارَتِ القَصِیْدَة: قصیدہ کا مشہور ہونا۔

عَیَّرَ فُلَانًا: عار کی طرف نسبت کرنا۔ فعل کی برائی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَیَّرَهٗ کَذَا وَعَیَّرَهٗ بِکَذَا عَیْرَ المَاءِ" کائی والا ہونا۔

عَایَرَ ومُعَایَرَة وعِیَارًا المِکْیَالُ او المِیْزَانُ: اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ عَایَرَ فُلَانًا: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

اَعَارَ اِعَارَةَ الفَرَسِ: چرنے کے لئے چھوڑنا۔ موٹا کرنا۔

تَعَایَرَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔ ایک دوسرے کو شرم دلانا۔

العَار: عیب ہر وہ قول یا فعل جس سے انسان کو شرم آئے۔ ج اَعْیَار۔

العَیْر: مص۔ گدھا یا گورخر اور گورخر کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے۔ ج اَعْیَار وعِیَار وعُیُوْر وعُیُوْرَة وعِیَارَات مؤنث عَیْرَةٌ

العَیِّر: ہری بھری چیز۔ آنکھ کی پتلی یا پلک' کھونٹی۔ لکڑی جو ہودج کے آگے لگی ہوتی ہے۔ پہاڑ۔ سردار۔ بادشاہ۔ ڈھول۔ عَیْرُ القَدَمِ: قدم کے وسط میں ابھرا ہوا حصہ۔ عَیْرُ النَّصْلِ: تیر کے پھل کا درمیان کا حصہ۔ عَیْرُ الوَرَقَةِ: پتے کے درمیان کا خط۔

العِیر: قبیلہ حمیر کا قافلہ۔ پھر سارے قافلوں پر بولا جانے لگا۔ ج عِیَرَات وعُیُرَات.

العَائِر: فا۔ حیران۔ سرگردان۔ چکر لگانے والا سَهْمٌ عَائِر: جس تیر کا چلانے والے معلوم نہ ہو۔ شَاةٌ عَایِرَة: بکری جو دو گلوں کے درمیان پریشان ہو کہ کدھر جائے۔

العِیَار: جمع عَیْر. عِیَارُ الشَّیْءِ: ہر چیز کا اندازہ ج عِیَارَات عِیَارُ الدَّرَاهِمِ او الدَّنَانِیْرِ: دراہم اور دنانیر کا ٹھپہ۔

العَیَّار: بہت پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ فَرَسٌ عَیَّار: تیز رفتار گھوڑا۔

المِعْیَار: کسوٹی۔ ج مَعَایِیْر.

المُعَیَّر مِنَ الخَیْلِ: گھوڑا جو تجربہ کار راستہ سے ایک طرف ہو جائے۔

المَعَایِر: عیوب۔

المُسْتَعِیْر: جو گدھے کے مشابہ ہو۔ موٹا گھوڑا۔

اَعْیَسَ اِعْیَاسًا الزَّرْعُ: کھیتی کا مرجھانا۔ خشک ہونا۔

تَعَیَّسَتِ. الاِبِلُ: بھورے رنگ کا ہونا۔

العَیَس والعِیْسَة: بھورے رنگ کا اونٹ۔

العِیْس: بھورے رنگ کا اونٹ۔ واحد۔ مذکر اَعْیَس. واحد مؤنث عَیْسَاء. العِیْس: عمدہ قسم کے اونٹ۔ العَیْسَاء: مادہ ٹڈی۔

عِیْسٰی: عبرانی لفظ ہے نام ایک نبی (علیہ السلام) کا ہے نسبت کے لئے عیسوی اور عیسیٰ ہے۔

عَاشَ یَعِیْشُ عَیْشًا وعِیْشَةً ومَعَاشًا ومَعِیْشًا ومَعِیْشَةً وعَیْشُوْشَةً: زندہ رہنا۔

عَیَّشَهٗ واَعَاشَهٗ واِعَاشَةً: زندہ رکھنا۔

عَایَشَهٗ: ساتھ زندگی بسر کرنا۔

تَعَیَّش: اسباب زندگی کے لئے کوشش کرنا۔

تَعَایَشُوا. بِالْاُلْفَةِ والمَوَدَّةِ: محبت و پیار سے ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

العَائِش: فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ عَائِشٌ" اس کی حالت اچھی ہے۔

العَیْش: مص۔ زندگی۔ کھانا۔ روٹی (..... والعِیْشَة) زندگی کی حالت۔

العَیَّاش: روٹی بیچنے والا۔ کھانے بیچنے والا۔

عَائِش: کا مبالغہ۔

المَعَاش والمَعِیْشَة: کھانے پینے کی جس چیز سے زندگی بسر ہو سکے۔ زندگی کا ذریعہ۔

المَعَاش: زندگی کے گزران کے ڈھونڈنے کا وقت یا زمانہ ج مَعَایِش.

المُعَیَّش: فا۔ جس کے پاس کچھ گزر بسر کے قابل ہو۔

العِیْص: گنجان درخت۔ اچھے درختوں کے اگنے کی جگہ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ عِیْصٍ کَرِیْمٍ" یعنی شریف اصل سے ہے۔ ج عُیُوْص وعِیْصَان.

Marfat.com

المَيْف: درخت کے اگنے کی جگہ۔
عَاطَتْ تَعِيطُ عَيْطًا. العَنَقُ: گردن لمبی ہونا۔
عَيِطَ يَعْيَطُ عَيْطًا الرَّجُلُ: لمبی گردن کا ہونا۔ صفت مذکر اَعْيَطُ۔ اور صفت مؤنث عَيْطَاءُ ج عِيطٌ۔
عَيَّطَ تَعْيِيطًا: چیخنا۔ چلانا۔
تَعَيَّطَ: غصہ ناک ہونا..... القَوْمُ: چیخنا۔ شور مچانا۔ تَعَيُّطُ العُنُقِ: گردن لمبی ہونا۔ تَعَيُّطُ العُوْدِ: لکڑی میں سے پانی جیسا بہہ کر گوند بن جانا۔
العِيَاط: چیخ۔ شور۔
العَائِط: فا۔ چیخنے والا۔ ج عُوط وعِيَط وعُيُط و عُوَّط وعَيِّطَات۔ اور مبالغہ کے لئے کہا جاتا ہے عَائِطٌ عِيطٌ وعُوطٌ وعُوَّطٌ۔
هَضْبَةٌ عَيْطَاء: اونچا ٹیلہ۔
عَافَ يَعِيفُ وَيَعَافُ عَيْفًا وعِيَافًا وعَيَافًا۔ الطَّعَامَ وَغَيْرَهُ: کراہت کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
عَافَ يَعِيفُ عِيَافَةً. الطَّيْرَ: پرندہ اڑا کر شگون لینا۔
عَافَتْ تَعِيفُ عَيْفًا الطَّيْرُ: منڈلانا اور اسم عَيْفَةٌ۔
اَعَافَ إِعَافَةً. القَوْمُ: پانی ناپسند کرنے والے جانوروں کا مالک ہونا۔
إِعْيَاف. إِعْيَافًا: سفر کے لئے توشہ لینا..... الطَّعَامَ وَغَيْرَهُ: ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
العَائِف: فا۔ شگون لینے والا۔
العَيْفَة: ایک مرتبہ کراہت جانا۔ عَيْفَةُ الطَّائِرِ: منڈلانا۔ پرندہ کا چکر۔
العِيْفَة: کراہت کی نوعیت۔ عمدہ مال۔
العَيْفَان والعَيُوف: شگون لینے والا۔
نسور عَوَائِفُ: متوقعین پر منڈلانے والے گدھ۔
العَيَفَان: نفرت کرنے کا عادی۔

المُتَعَيِّف: شگون لینے والا۔ قال ثعلب المُتَعَيِّف: شگون لینے والا۔ قال ثعلب والا۔
عَاقَ يَعِيقُ عَيْقًا: معنی عَاقَ يَعُوقُ عَوْقًا۔
عَاكَ يَعِيكُ عَيْكًا: موٹھ مے کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
عَالَ يَعِيلُ عَيْلًا وعَيْلَةً وعَيَلَانًا. الشَّيْءُ: عاجز کرنا۔ محتاج کرنا..... عَالَ فِي مَشْيِهِ: ناز و انداز سے چلنا۔
عَالَ يَعِيلُ عَيْلًا وعَمْلًا وعُيُولًا وعَيَلَانًا فِي الأَرْضِ: جانا اور پھرنا۔
عَالَ يَعُولُ عَيْلًا وعَيْلَةً وعُيُولًا وعَيَلَانًا: محتاج ہونا۔ صفت عَائِل: مؤنث عَائِلَة اسم عَيْلَة. عَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا۔
عَيَّل: کثیر العیال ہونا..... عَيَالَة: معاش کی کفالت کرنا..... القَوْمَ: عیال بنا لینا۔ بیکار چھوڑ دینا..... فَرَسَهُ: مہمل کر دینا۔ بے کار چھوڑ دینا۔
اَعْيَلَ اَعْيَالاً: کثیر العیال ہونا۔ صفت مذکر مُعْيِل: صفت مؤنث مُعْيِلَة۔
تَعَيَّلَ فِي المَشْيِ: ناز و انداز سے چلنا۔
العَائِل: فا۔ محتاج ج عَالَة وعُيَّل وعِيَل وعَيْلَى۔
العَيْلان: نر بجو۔
عَيِّلُ الرَّجُلِ: گھر کے لوگ ج عَيَائِل۔
عَيْلَةُ الرَّجُلِ وعَائِلَتُهُ: گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَفْسَيْتُ اَخَاعَيْلَةٍ" یعنی فقیر محتاج ہو گیا۔
العَالَة: فاقہ۔
العَيَّال: ناز سے چلنے والا۔
العِيَالَة العَمَالَة. لِلْبَرْقُوْنِ وغَيْرِهِ: چارہ۔ رَجُلٌ مُعَيِّلٌ: صاحب عیال۔ اہل و عیال والا۔
عَامَ يَعَامُ ويَعِيمُ عَيْمًا وعَيْمَةً: دودھ کا خواہش مند ہونا۔
اَعَامَهُ إِعَامَةً. اللّٰهُ: بغیر دودھ کے چھوڑنا۔
اَعَامَ الرَّجُلُ: بغیر دودھ کے رہنا۔ القَوْمُ: دودھ کم ہونا۔
اِعْتَامَ اِعْتِيَامًا: حصہ مال چھانٹ لینا۔
العَيْمَة: دودھ کی بہت زیادہ خواہش۔
العِيْمَة: حصہ مال۔
العَيَّام: دن۔ کہا جاتا ہے "بِرْنَا العَيَّامَ كُلَّهُ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔
العَيْمَان: دودھ کا خواہش مند۔ مؤنث عَيْمَى ج عَيَامَى۔
عَانَ يَعِينُ عَيْنًا. الرَّجُلَ: نظر لگانا۔ صفت عَائِن. صفت مفعول مَعِيْن ومَعْيُوْن (عَيْنًا وعَيَانًا وعَيَنَانًا) المَاءُ او المَعْيْنَ: پانی یا آنسو جاری ہونا۔ عَانَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَضَرْتُ حَتَّى عَيْنَتْ" یعنی میں نے کنوئیں کا پانی کھینچ کر نکالا یہاں تک کہ پانی کے چشموں تک پہنچ گیا..... (عَيَانَةً) القَوْمَ: خبر لانا..... عَلَى القَوْمِ: جاسوس بننا۔
عَيَّنَ يُعَيِّنُ عَيْنًا وعَيِّنَةً: آنکھ کی بڑی چھوٹی پتلی والا ہونا۔
عَيَّنَ تَعْيِيْنًا. الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔ شوخ دار ہونا..... التَّاجِرُ: سامان کو ایک مدت کے وعدے پر بیچنا اور پھر پہلے ثمن سے کم میں دوبارہ خرید لینا..... العَيْنَ: عین کو لکھنا۔
اللُّؤْلُؤَ: پیدا کرنا۔
العَيْرَة: مشک میں پانی ڈالنا تا کہ مشک سوراخ بند ہو جائیں..... الحَرْبَ: بھڑکانا۔ لڑائی جاری کرا دینا..... الشَّيْءَ: خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا..... فُلَانًا: برائیوں کو دور دور رکھوا دینا..... عَلَى فُلَانٍ: جاسوسی کرنا..... السَّارِقَ: چوری میں سے چور کو معین کرنا..... الشَّيْءَ لِفُلَانٍ: کسی کے لئے مخصوص کر دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَيَّنَنِي لِشَيْءٍ قَطُّ" یعنی کبھی کسی چیز کے لئے مجھے معین نہیں کیا۔
اَعْيَنَ اِعَانَةً: دیکھو واہ و عین۔ کہا جاتا ہے "حَضَرْتُ حَتَّى اَعْيَنْتُ" یعنی میں یہاں تک کہ پانی کے چشموں تک پہنچ گیا۔
"وَمَا اَعْيَنَهُ" وہ کتنا بڑا ناظر ہے۔

marfat.com
Marfat.com

عَايَنَهُ عِيَانًا وَمُعَايَنَةً: خود دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔
تَعَيَّنَهُ: نظر بد لگنا۔ تَعَيَّنَ الرَّجُلَ: یقینی طور پر دیکھنا۔ تَعَيَّنَ الشَّيْءَ: دیکھنا..... الْجِلْدَ: کھال کا آبلہ دار ہونا..... الرَّجُلُ: کسی شے کے حاصل کرنے کے لئے توقف کرنا۔ تَعَيَّنَ عَلَيْهِ الشَّيْءُ: معین چیز پر لازم ہونا..... السِّقَاءُ: کہنگی کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے دائرے پڑ جانا۔
اِعْتَانَ الشَّيْءَ: عمدہ لے لینا۔ ادھار خریدنا..... الْقَوْمَ: خبر لانا..... لِفُلَانٍ مَنْزِلاً: تلاش کرنا۔
الْعَائِنُ: قا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ عَائِنٌ" یعنی کوئی نہیں "وَشَرِبَ مِنْ عَائِنٍ" یعنی بہتے ہوئے پانی سے پیا۔
الْعَائِنَةُ: مؤنث عائن: کہا جاتا ہے "لَقِيَتْهُ أَوَّلَ عَائِنَةٍ وَأَدْنَى عَائِنَةٍ" یعنی ہر چیز سے پہلے عائنۃ بنی فُلَانٍ: مال و محافظین مال۔
الْعَيْنُ: مص۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے۔ یا پلک وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کلمہ مؤنث ہے ج أَعْيُنٌ وعُيُونٌ وعِيُونٌ وأَعْيَانٌ و ج ج أَعْيُنَاتٌ اور تصغیر عُيَيْنَةٌ۔
الْعَيْنُ: اہل شہر۔ اہل مکان۔ بدنظری۔ کہا جاتا ہے "بِهِ عَيْنٌ" یعنی وہ بدنظر ہے۔ انسان اور اسی سے ہے "مَا بِالدَّارِ عَيْنٌ" یعنی کوئی نہیں۔ خالص۔ واضح۔ کہا جاتا ہے "ذَكَرَ الْحَقَّ بِعَيْنِهِ" یعنی حق کو خالص اور واضح طریقہ سے بیان کیا۔ نفیس۔ عزت۔ جھنڈا۔ عَيْنُ الإِبْرَةِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان۔ جاسوس۔ جماعت۔ ہر موجودہ چیز۔ کہا جاتا ہے "بَعَتْهُ عَيْنًا بِعَيْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ کھال کے چھوٹے چھوٹے حلقے۔ دینار۔ نقد موجود ذات شی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هُوَ عَيْنًا وَعَيْنًا" سود۔ سردار۔ شریف قوم۔ کمانڈر۔ فوج کا ہراول۔ آفتاب یا شعاع۔ مال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی کے گرنے کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ پانی کا چشمہ۔ ج أَعْيُنٌ وعُيُونٌ: ترازو کا جھکاؤ۔ گوشہ۔ نظر۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَيْنٌ عَلَى فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے اوپر نگہبان ہے۔ "هُوَ عَبْدُ عَيْنٍ او صَدِيقُ عَيْنٍ" وہ دکھاوے کا خادم یا دوست ہے لَقِيَتْهُ عَيْنَ عَيْنٍ: میں اس کو ایسی حالت میں ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا و "لِقِيَتْهُ أَوَّلَ عَيْنٍ" میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی "لَا تَطْلُبْ أَثَرَ بَعْدَ عَيْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کے لئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑ دے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑ جائے۔ "صَارَ خَبَرًا بَعْدَ عَيْنٍ" و "أَنْتَ عَلَى عَيْنِي" تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے "هَا هُوَ عَرْضُ عَيْنٍ" یعنی وہ قریب ہے "فَعَلَهُ عَلَى عَيْنٍ وعَلَى عَيْنَيْنِ و عَمْدِ عَيْنٍ وعَمْدِ عَيْنَيْنِ وعَمْدًا عَلَى عَيْنٍ" یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی۔ وَفَقَأَ عَيْنَهُ: یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا "وَنَعَمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے۔
الْعِيْنُ: نیل گائے۔
الْعَيَنُ: مص۔ اہل شہر۔ جماعت۔
الْعِيَانُ: مص۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ او رَاهُ عِيَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اس کو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں۔ الْعِيَانُ: بل کا پھل ج عُيُنٌ وأَعْيِنَةٌ۔
الْعِيْنَةُ: عمدہ مال۔ عِيْنَةُ الْخَيْلِ: عمدہ گھوڑے۔ الْعِيْنَةُ مِنَ النَّعْجَةِ: بکری کی آنکھ کا گرداگرد۔ عِيْنَةُ الْحَرْبِ: مادۂ جنگ۔ کہا جاتا ہے ثَوْبُ عِيْنَةٍ: خوش نما کپڑا۔ بَيْعُ الْعِيْنَةِ: کسی چیز کو اس کی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر اُدھار بیچنا۔
الْعِيَانِيُّ مِنَ الشُّهُوْدِ: یعنی گواہ۔
الْعَيْنِيَّةُ: عین کی طرف منسوب۔
الْعَيُوْنُ: بہت نظر لگانے والا۔ ج عِيْنٌ وعُيُنٌ.
الأَعْيَنُ: وہ شخص جس کی پتلی بڑی اور چوڑی [illegible] ج عُيْنٌ وعِيْنٌ وعُيُنٌ
بیل۔ الْعَيْنَاءُ: خوبصورت آنکھ والی۔ بہترین کلمہ۔ کہا جاتا ہے "أَرْضٌ عَيْنَاءُ" یعنی سرسبز زمین۔
الْمُعَايَنَةُ: مص۔ برادری۔
الْمَعَانُ: منزل۔ کہا جاتا ہے "هُمْ مِنْكَ بِمَعَانٍ" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔
الْعَيَّانُ والْمِعْيَانُ: بہت نظر لگانے والا۔
الْمَاءُ الْمَعِيْنُ والْمَعْيُوْنُ: جاری پانی۔ عَيْنٌ مَعْيُوْنَةٌ: بہت پانی والا چشمہ۔
الْمُعَيَّنُ فا "فِي الْهَنْدَسَةِ" شکل مسطح مساوی الاضلاع۔
الْمُعَيَّنُ: مفع۔ بیل۔ آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا۔ نِيَّةٌ مُعَيَّنَةٌ ومُعَيِّنَةٌ: یعنی نیت ظاہرہ۔
الْمُعْتَانُ: گھاس پانی تلاش کرنے والا۔
عَاهَ يَعِيْهُ عَيْهًا: آفت پہنچنا۔
الْعَائِهَةُ: شور۔ چیخ۔
الْعَاهَةُ: آفت۔
ارض مَعْيُوْهَةٌ: آفت رسیدہ زمین۔
عَيَّ يَعِيُّ وعَيِيَ يَعْيَى عَيًّا وعَيَاءً بِأَمْرِهِ وعَنْ أَمْرِهِ: عاجز ہونا۔ ناقابل ہونا..... الْأَمْرِ: جاہل ہونا۔
عَيِيَ يَعْيَى عَيًّا. فِي الْمَنْطِقِ: کلام میں رک جانا۔ عاجز ہونا۔ صفت عَيٌّ وعَيِيٌّ.
عَيًّا تَعْيِيَةً وعَايَا مُعَايَاةً - الرَّجُلُ: غیر مفہوم کلام کہنا۔ عَايَا صَاحِبَهُ: پیچیدہ گفتگو کرنا۔
أَعْيَا إِعْيَاءَ الْمَاشِي: چلنے والے کا تھکنا۔ أَعْيَاهُ: تھکانا۔ أَعْيَا الدَّاءُ الطَّبِيْبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا..... الْأَمْرُ عَلَيْهِ: عاجز بنا دینا۔
تَعَايَا الْأَمْرُ عَلَيْهِ وتَعَيَّا عَلَيْهِ وتَعَايَاهُ: عاجز کرنا۔
تَعَايَا وتَعَيَّا واسْتَعْيَا بِالْأَمْرِ: ناقابل ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔
الْعَيَاءُ: مص۔ عاجزی۔ دَاءٌ عَيَاءٌ: ناقابل علاج مرض۔
الْعَيِّ: تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز۔ ج أَعْيَاءٌ.
الْعَيِيُّ: تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز ج أَعْيِيَاءُ وأَعْيِيَةٌ.
الْعَيَّانُ: تھکا ہوا۔ عاجز۔
الْأُعْيُوَّةُ: پیچیدہ کلام۔
الْعَيِيُّ: تھکا ہوا۔ عاجز۔

marfat.com
Marfat.com

غ

غ: اَلْغَیْن: انیسواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ حرفِ حلق میں سے ہے۔

غَبَّ (ن) غَبًّا وغِبًّا: چند دن کے بعد ملاقات کرنا۔ غَبُّ: ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غِبُّ عَلَیْہِ الْحُمّٰی: بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غَبَّ عِنْدَہٗ: رات بسر کرنا ..... الرَّائی: رائے اختیار کرنے میں توقف کرنا۔

غَبًا وغِبًا وغُبُوْبًا وغُبُوْبَۃً. الطَّعَامُ: کھانے کا باسی ہونا۔ بدبودار ہونا۔ غَبَبُ الْاُمُوْرِ: کاموں کا انتہا کو پہنچنا۔

غَبَّتْ (ض) غَبًّا وغِبًا وغُبُوْبًا الْمَاشِیَۃُ: جانوروں کو ایک دن ناغہ دے کر پانی پینا۔ صفت غَابَّۃٌ: ج غَوَابٌّ وغَابَّات.

اَغَبُّ. الْمَاشِیَۃُ: جانوروں کو ایک دن ناغہ دے کر پانی پلانا..... اَلْقَوْمُ: ایک دن ناغہ دے کر ملاقات کرنا۔ اَغَبَّتْہُ الْحُمّٰی واَغَبَّتْ عَلَیْہِ: تیسرے دن بخار آنا۔ اَغَبُّ الطَّعَامُ: کھانے کا بدبودار ہونا..... عِنْدَہٗ: رات بسر کرنا۔

غَبْبٌ. الشَّیْءُ: فاسد ہونا..... فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا..... عَنْہُمْ: دفع کرنا اللَّنْبَ: بھیڑیے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا۔

اَلْغَابُ: باسی گوشت۔ نَجْمٌ غَابٌ: ثابت ستارہ۔

اَلْغِبُّ: ص۔ نتیجہ انجام۔ یعنی بعد۔ حسنی

اَلْغَبِّ: تیسرے دن کا بخار اور صفت موصوف کی صورت میں حُمّٰی غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے۔ مَاءٌ غِبٌّ: دور کا پانی ج اَغْبَاب.

اَلْغُبّ: لہر جو کنارے سے ٹکرائے۔ پت زمین۔ ج اَغْبَاب وغُبُوْب وغُبَان.

اَلْغُبَّۃ: زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سامان۔

اَلْغَبَب: مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے نیچے لٹکنے والا گوشت۔ ج اَغْبَاب.

اَلْغَبِیْب: باسی گوشت۔ چھوٹی ندی پہاڑی یا ریتلی۔

اَلْغَبِیَّۃ: صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو دوہا جائے۔ اور پھر اگلے دن ملا دیا جائے۔

اَلْغَبْغَبَۃ: چھوٹی شہادت۔

اَلْمُغِبُّ: شیر۔

اَلْمَغَبَّۃ: انجام۔

اَلْمُتَغَبِّب: انجام کا انتظار کرنے والا۔

غَبَّ (ن) غَبًّا. الْجُبْنُ بِالسَّمْنِ: پنیر کو گھی سے لت کرنا۔

اِغْبَبْ: ٹیلا لانگ کا ہونا۔ صفت "اَغْبَبْ"۔

اَلْغُبَّۃ: ٹیلا لانگ۔

غَبِجَ (س) غَبَجًا. الْمَاءُ: لگاتار گھونٹ گھونٹ پینا۔

اَلْغُبَجَۃ: گھونٹ۔

غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا: گزرنا۔ ٹھہرنا۔ گرد آلود ہونا۔

غَبِرَ (س) غَبَرًا. الْجُرْحُ: زخم کا خراب ہو کر مندمل ہونا اور پھر ٹوٹ جانا۔ صفت "غَبِرٌ" غبار لگنا۔

غَبَّرَ: غبار اڑانا..... الشَّیْءَ: غبار میں ٹھیرانا۔

اَلرَّجُلُ: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کہنا۔ یا قرأت وغیرہ میں آواز کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے "غَبَّرَ فِی وَجْہِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بُرا کہہ گیا۔

اَغْبَرَ: غبار اڑانا۔ گرد آلود ہونا۔ فِی الْاَمْرِ: متوجہ ہونا اور کوشش کرنا۔ اَغْبَرَتِ الْمَعْزَاءُ: زور سے برسنا۔

اِغْبَرَّ: گرد آلود ہونا..... اَلْیَوْمُ: بہت غبار والا ہونا۔

اَلْغِبْرُ: جیز کا بقیہ۔ ج اَغْبَار.

اَلْغُبَّر: چیز کا بقیہ۔ ج غُبَرات کہا جاتا ہے "غُبَّرُ الْمَرَضِ" یعنی مرض کا بقایا۔

اَلْغَبْرَۃ: خاکستری رنگ۔

وَالْغَبْرَۃ وَالْغُبَار: مٹی۔ خاک۔

اَلْغَبَر: بقا۔ ذَاھِیَۃُ الْغَبَرِ: مشکل نہ ہونے والی بڑی مصیبت۔ مٹی۔

اَلْغَبْرَۃ: گرد۔ غبار۔

اَلْغَبِر: گرد و غبار۔ ناسور۔ جُرْحٌ غَبِرٌ: خراب شدہ زخم۔

اَلْاَغْبَر: خاکستری رنگ والا۔ بھیڑیا۔ جانے والا۔ کہا جاتا ہے "لَا یَغْرُرْکَ غَرْغَرَۃُ اللَّئْبِ فَاِنَّہٗ اَغْبَرُ" دنیا کی عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لئے کہ وہ جانے والی ہے۔ بچا بھوکا۔ سخت بھوک کی صفت میں بولتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "اَلْجُوْعُ الْاَغْبَرُ وَالْعَوْذُ الْاَخْمَرُ".

اَلْغَبْرَاءُ: مؤنث اَغْبَر: مادہ بھیڑیا۔ زمین کو بھی کہا جاتا ہے "مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ عَلٰی فُلَانٍ" مثل فلاں پر زمین و آسمان

marfat.com
Marfat.com

نے سایہ ڈالا اور زمین نے اٹھایا۔ بَنُوْ غُبَرَاءَ وَبَنُوْ الْغُبَرَاءِ : فقراء۔ سَنَةٌ غُبَرَاءُ : خشک سال۔

الْغُبَيْرَاء : چینا کی شراب۔ ایک قسم کا پودہ۔

الْغُبْرَان : ایک غلاف میں دو کھجور۔

الْغَابِر : فا۔ گزرا ہوا۔ باقی۔ کہا جاتا ہے "وَهُوَ غَابِرُ بَنِي فُلَانٍ" وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے۔ ج غُبُر وغَابِرُوْنَ. غُبْرُ الشَّيْءِ : چیز کا بقیہ۔ غُبْرُ اللَّيْلِ : رات کا آخری حصہ۔ غُبْرُ النَّاسِ : رتبہ کے لحاظ سے آخری۔

الْمِغْبَار. مِنَ النَّخْلِ وَغَيْرِهَا : گرد آلود۔ درخت خرما وغیرہ۔

الْمُغَيِّرَة : وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے رہیں۔

غَبَسَ (ن) غَبْسًا وَاغْبَسَ وَاغْبَاسَّ. اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ صفت (أَغْبَس) ج غُبْس. أَغْبَسَ الشَّيْءُ : خاکستری رنگ کا ہونا۔

الْغُبْسَة والْغَبَس : خاکستری رنگ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔

غَبَشَ (س) غَبْشًا وَاغْبَشَّ. اللَّيْلُ : رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط ہونا۔

تَغْبِيْشٌ : دھوکا دینا۔ ظلم کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا۔

الْغَابِش : دھوکا باز۔ فریبی ظالم۔

الْغَبَش : رات کا بقیہ۔ آخری رات کی تاریکی ج أَغْبَاش.

الْغُبْشَة : رات کا بقیہ۔ لَيْلٌ (غَبَشٌ وَاغْبَشُ) تاریک رات۔ وَلَيْلَةٌ غَبْشَاء ج غُبْش.

غَبِصَ (س) غَبَصًا. الْعَيْنُ : ہمیشہ رونے کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا۔

الْغَبَص : آنکھ کی کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "بِيْ غَبَصٌ" اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے۔

غَبَطَ (ض) غَبْطًا. الْكَبْشُ : مینڈھے کا موٹا پا معلوم کرنے کے لئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔

غَبَطَهُ (ض) وغَبِطَ (ف) غَبْطًا وغِبْطَةً : کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لئے بھی تمنا کرنا۔ صفت (غَابِط) ج غُبَّط.

غَبَّطَهُ : رشک دلانا۔

أَغْبَطَ. السَّحَابُ : لگاتار بارش ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَغْبَطَ عَلَيْنَا الْمَطَرُ" النَّبَاتُ : زمین کو ڈھانپ لینا۔ أَغْبَطَتِ الْحُمَّى عَلَيْهِ : بخار کا لگاتار رہنا۔

اِغْتَبَطَ وَاغْتَبَطَ : خوشی اور اچھی حالت میں رہنا۔

الْغَبَط والْغِبَط : کئی ہوئی کھیتی کے مٹھے ج غُبُوْط.

الْغِبْطَة : حسن حال خوش رشک پادری کا لقب۔

الْغَبِيْط : کجاوہ۔ پست زمین جس کے دونوں طرف بلندی ہو۔ پانی کی لہر جو زمین کی بلندی کو کاٹ دے۔ ج غُبُط.

الْغَبُوْط مِنَ النُّوْقِ : اونٹنی جس کی چربی بغیر ہاتھ سے ٹٹولے ہوئے معلوم نہ ہو۔

سَمَاءٌ (غَبَطِيٌّ) لگاتار برسنے والا بادل۔

أَرْضٌ (مُغْبِطَةٌ) نباتات سے گھری ہوئی زمین۔

الْغَبَب : گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔

غَبَقَهُ (ن ض) غَبْقًا وغَبَقَهُ : شام کو پینے کی چیز پلانا۔ غَبَقَ الْغَنَمَ : بکری کو شام کو پلانا یا دوھنا۔

اِغْتَبَقَ : شام کو پینے کی چیز پینا..... الْخَمْرَ : شام کے وقت شراب پینا (تَغَبَّقَ)

الْغَبُوْق : شام کے وقت دوہنا۔ (الْغَبُوْق) شام کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے۔ وہ جو شام کو دوہا جائے (الْغَبُوْق والْغَبُوْقَة) اونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔ ج غَبَائِق تم کہتے ہو "لَقِيْتُهُ ذَا صَبُوْحٍ وَذَا غَبُوْقٍ" یعنی میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی۔

الْغَبَقَة : وہ رسی جو بیل چلاتے وقت بیل کے کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے ہیں۔

الْغَبَقَان : شام کے وقت پینے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَبَقَانُ امْرَأَةٍ غَبْقَى" ج غباقی.

غَبِنَ (ن) غَبْنًا. الثَّوْبَ : کپڑے کو تنگ یا چھوٹا کرنے کے لئے موڑ کر سینا..... الرَّجُلَ : کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ دیکھے نہ اسے علم ہو..... الطَّعَامَ : کھانے کو حاجت کے وقت کے لئے چھپانا۔

غَبَنَهُ (ن) غَبْنًا وغُبْنًا. فِي الْبَيْعِ او الشِّرَاءِ : دھوکا دینا..... فُلَانًا : قیمت وغیرہ میں نقصان پہنچانا۔ صفت (غَابِن) صفت مفعول (مَغْبُوْن)

غَبِيَ (س) غَبًا وغَبَنًا. الشَّيْءُ وفِيْهِ : بھولنا۔ غلطی کرنا۔ (غَبًا وغَبَانَةً رَأْيُهُ) کم سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا۔

تَغَابَنَ : بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا۔

اِغْتَبَنَ. الشَّيْءَ : بغل میں چھپانا۔

الْغَبْن والْغَبَن : مص۔ خرید و فروخت میں دھوکا..... والْغَبَانَة : کند ذہنی۔ بھول چوک۔

الْغَبَن : کپڑے کی کترن۔

الْغَابِن : فا۔ کام سے سستی کرنے والا۔ کام چور۔

الْغَبِيْن والْمَغْبُوْن : کم سمجھ۔

الْغَبْنُ وَالْغَبَنُ وَالْغَبَانَةُ : کمزور رائے۔ بھول جانا۔

الْغَبِيْنَة : دھوکا۔

الْمُغَابَنَة : خرید و فروخت میں نقصان۔

الْمَغْبِن : بغل۔ جسم کی لوٹ ج مَغَابِن.

غَبِيَ يَغْبَى غَبًا وغَبَاوَةً. الشَّيْءُ وعَنْهُ : نا سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا..... الشَّيْءُ عَلَيْهِ : مخفی رہنا..... عَنْهُ الْخَبَرُ : جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ مِنْهُ الشَّيْءُ : مخفی ہونا۔

تَغَابَى عَنْهُ تَغَابِيًا وتَغَابَاهُ : غفلت برتنا۔

تَغَبَّاهُ واسْتَغْبَاهُ : غبی جاننا۔ غبی سمجھنا۔

الْغَبَاء : زمین کی پوشیدگی..... مِنَ التُّرَابِ : بلند غبار۔

الْغَبْوَة والْغَبْوَة : غفلت۔

الْغَبَاوَة والْغَبِيَّ : جہالت۔ نا سمجھی۔ غفلت۔

marfat.com
Marfat.com

الغَثّی : کم سمجھ جاہل ج اَغْبیاء و اَغْبَاء۔
غَثی غَثیَۃً. الشَّیْ : چبھنا..... الشَّعَرُ : بال کو پھونا کرنا یا ترچھے اُلجھ کر نا۔
اَغْبی. الشَّجَاجُ : کم برسنا یا بُو چھار برسانا۔
الغَباء. مِنَ التُّراب : بلند غبار۔
الغَبَیَۃ : کم بارش یا بو چھار۔
مِنَ التُّراب : بلند غبار۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فی غَبیَۃٍ مِنَ الشَّمْسِ" یعنی آفتاب کے غائب ہونے کے وقت آیا۔
الاَغْبَی مِنَ الاَغْصَان : گنجان ٹہنی۔ مؤنث غَبْیاء ج غُبٌ شَجَرۃٌ غَبْیاء : گنجان درخت۔
المَغْبَاۃ : درندہ جانوروں کے شکار کا گڑھا۔ ج مَغَاب۔
غَثَّ (ن) غَثًّا الطَّعَامُ و الکَلَامُ : خراب ہونا..... الشَّیْ فِی المَاءِ : پانی میں ڈبونا
فُلَانًا : غمگین کرنا گلا گھونٹنا..... فُلَانًا بِالاَمْرِ : تھکانا اور غمگین کرنا..... ہُ بِالکَلَامِ : سرزنش کرنا۔ غَثَّ الضَّحِکَ : ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی روکنا..... المَاءَ : برتن کے منہ سے بغیر علیحدہ کئے ہوئے گھونٹ گھونٹ پانی پینا۔
غَثَثْ و اغْتَثَّ. الطَّعَامُ : کھانے کو خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
غَثِلَ (س) غَثَلاً. المَکَانُ : بہت درخت والا ہونا۔ صفت (غَثِل)
اَغْثَمَ. الزِّیَارَۃَ : زیادہ ملاقات کر کے ملول کرنا۔
الغَثَم : سخت کمری جس سے دم گھٹے۔
الغُثْمَۃ : گنگنو میں رکاوٹ۔
الاَغْثَمِی و الغَثَمِیُّ : جو اچھی طرح گنگنو نہ کر سکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَغْثَمِی وقَوْمٌ غُثْم واَغْثَام وامْرَاۃٌ غُثْمَاء"۔
غَثَّتْ (ض۔س) غَثَاثَۃً وغُثُوْثَۃً الشَّاۃ : بکری کا دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت (غَثَّۃ)
..... اللُّغْمُ لالاغر ہونا..... حَلِیْبُکَ اللَّبَنَ : ردی ہونا۔ فاسد ہونا۔
غَثَّ (ض) غَثًا وغَثِیثًا. عَلَیْہِ المَکَانُ : ناموافق ہونا..... الجُرْحُ : زخم سے پیپ وغیرہ بہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَغُثُّ عَلَیْہِ شَیْءٌ" یعنی کسی چیز کے متعلق نہیں کہتا کہ وہ ردی ہے تا کہ اس کو چھوڑ دے۔
اَغَثَّ : دبلا ہونا۔ فاسد ہونا۔ فِی الکَلَامِ : بے کار گفتگو کرنا..... اللَّحْمَ : دبلا گوشت خریدنا۔
اِغْتَثَّتِ. الغَیْمُ : موسم بہار کی گھاس پر پہنچنا۔
تَغَثَّثَ. الشَّیْ : کم سمجھنا۔
اِسْتَغَثَّ. الجُرْحَ : علاج کر کے پیپ وغیرہ نکالنا۔
الغَثُّ : دبلا۔ مِنَ الکَلَامِ : ردی کلام۔
غَثِیْثُ الجُرْحِ وغَثِیْثَۃُ : پیپ، خون وغیرہ۔ الغَثِیْثَۃ : بے فائدہ چیز۔ عقل کا فتور۔
غَفَرَ (ن) غَفْرًا. المَکَانُ بِالنَّبَاتِ : سبزی سے لہلہانا۔
اِغْفَرَّ. الضَّحِکُ : درخت سے گوند بہنا۔
اِغْفِرَارٌ. الثَّوْبُ : زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت (اَغْفَر)
الغَفَر : کپڑے کا رُواں والا ہونا۔
الغُفْر والغَفْرَۃ والغَفْرَاء والغِفَارَۃ : کمینے لوگ۔
الغَفْرَۃ : ارزانی و تروتازگی۔
الغُفْرَۃ : سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ۔
الاَغْفَر : سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ والا۔ مؤنث (غَفْرَاء) ج غُفْر : زیادہ اون کا کمبل۔ شیر، بھیڑیا، چیتر۔ جاہل۔
الغِفر والمِغْفَر والمَغْفُوْر : بعض درختوں کا گوند جو مَغَافِیْر۔
اَرْضٌ (مُغْفِرَۃٌ) : سبزہ سے لہلہانے والی زمین۔
غَفَمَ (ن) غَفْمًا لَہٗ : یکبارگی عمدہ مال دینا۔
الغَفِیْمَۃ : اونچا کادہ حصہ۔ جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں۔
الغُفْمَۃ : سیاہی مائل سفید رنگ۔
الاَغْظَم : سیاہی مائل سفید رنگ والا۔
المَغْظُوْم : مخلوط۔
الغَغِیْمَۃ : ایک جسم کا کھانا جس میں بڑی پڑتی ہے۔
غَفَا یَغْفُوْ غُفُوًّا وغُفُوًّا وغُفِیًّا. الوَادِی : زیادہ کوڑے کرکٹ والا ہونا۔
السَّیْلُ المَرْتَعَ : سیلاب کا چراگاہ کو بدمزہ بنا دینا۔
الغَفَاء والغُثَاء : جھاگ۔ کوڑا کرکٹ جو سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔
غَفِیَ یَغْفَی غَفًی. الوَادِی : زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا..... الکَلَامَ : مخلوط کرنا۔
غَفَثَ تَغْفِی غَفْیًا وغَفَیَانًا وتَغْفَاثَ النَّفْسُ : متلی آنا غَفَثَتِ السَّمَاءُ بِالسَّحَابِ : آسمان پر بادل چھا جانا۔
غَفِیَ یَغْفَی غَفًی. الکَلَامَ : مخلوط کرنا۔
غَفَّ (س) غَفًّا وغُفُوْفًا. النَّبْتُ : سبزہ لہلہانا۔
غَفِرَ (س) غَفْرًا. المَکَانُ : بہت درخت والا ہونا۔ صفت (غَفِر)
اَغْفَرَ. الثَّوْبُ : زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت (اَغْفَر)
غَفَّرَ (ض) غَفْرًا. الثَّوْبَ : کپڑے کا رُواں والا ہونا۔
الغُفْر والغَفْرَۃ والغَفْرَاء والغَفِیْرَۃ : کمینے لوگ۔
الغَفْرَۃ : ارزانی و تروتازگی۔
الغُفْرَۃ : سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ۔
الاَغْفَر : سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ والا۔ مؤنث (غَفْرَاء) ج غُفْر : زیادہ اون کا کمبل۔ شیر، بھیڑیا، چیتر۔ جاہل۔
الغِفر والمِغْفَر والمَغْفُوْر : بعض درختوں کا گوند جو مَغَافِیْر۔
اَرْضٌ (مُغْفِرَۃٌ) : سبزہ سے لہلہانے والی زمین۔
غَفَمَ (ن) غَفْمًا لَہٗ : یکبارگی عمدہ مال دینا۔
الغَفِیْمَۃ : اونچا کادہ حصہ۔ جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں۔
الغُفْمَۃ : سیاہی مائل سفید رنگ۔

marfat.com
Marfat.com

رکھنا۔ کیچڑ میں پھینکنا۔ اَغْدَرَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غَادَرَهٗ غِدَارًا وَمُغَادَرَةً: چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔
تَغَدَّرَ: پیچھے رہ جانا۔
اِغْتَدَرَ. الرَّجُلُ: چوٹی بنانا۔
اِسْتَغْدَرَ. المَکَانُ: تالابوں والا ہونا۔
الغَدَر: مص۔ پتھر والی جگہ۔ درخت والے پتھر۔ کیچڑ جو تالاب میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔
الغَدْر والغَدَرَة والغُدَارَة: جو چھوڑا جائے۔
الغَدِیر: نہر۔ تالاب۔ پانی جس کو سیلاب چھوڑ جائے۔ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدُر وغُدْر وغُدْرَان واَغْدِر.
الغُدَیْرَة: چوٹی ج غُدَائِر. الغَدِیرَة: سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدْرَان.
الغَادِر: فا۔ خیانت کرنے والا ج غَادِرُوْن وغَدَرَة وغُدَّار: مؤنث غَادِرَة ج غَادِرَات وغَوَادِر.
الغَدْرَاء: تاریکی۔ لَیْلَةٌ (غَدْرَاءُ وغَدِرَةٌ ومُغْدِرَة) تاریک رات۔
الغُدَر والغُدَرَة والغِدِّیر والغَدَّار والغَدُور: بہت غدر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَدُوْرٌ وامْرَاَةٌ غَدُوْرٌ. ج غُدُر اور مذکر کی گالی میں یا غُدُرُ: بمعنی یا غَادِرُ: اور جمع میں یا آلَ غُدُرٍ مستعمل ہے۔
یَا غَدَارِ. مبنی علی الکسرة: عورت کی گالی میں مستعمل ہے۔
غَدَفَ (ن) غَدْفًا وغَدَفَانًا. لَهٗ فِی العَطَاءِ: بہت دینا۔
اَغْدَفَ. اللَّیْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا ..... الشَّبَکَةَ عَلَی الصَّیْدِ: شکار پر جال ڈالنا ..... البَحْرُ: سمندر کا بہت لہروں والا ہونا ..... المَرْاَةُ قِنَاعَهَا عَلٰی وَجْهِهَا: عورت کا چہرہ پر نقاب ڈالنا۔
اِغْتَدَفَ. مِنْهُ: زیادہ لے لینا ..... الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ. اللَّیْلُ: رات کا آنا۔ تاریک ہونا۔ الغَادِف: ملاح۔
الغُدَاف: لمبا کالا بال۔ سیاہ باز و۔ بڑا کوا۔ بڑا گدھ۔ ج غِدِفَان.
الغَدَف: نعمت۔ ارزانی۔ تروتازگی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِیْ غَدَفٍ" وہ لوگ خوش حالی میں ہیں۔
المِغْدَف والغَادُوْف: چپو۔
الغِدَفِل: کامل لمبا۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ ج غَدَافِل.
غَدِقَ (س) غَدَقًا واَغْدَقَ واِغْدَوْدَقَ. المَطَرُ: بکثرت بارش ہونا ..... عَیْنُ المَاءِ: کثیر ہونا اور خوشگوار ہونا۔ صفت (غَدِقَة) اَغْدَقَ العَیْشُ: آسودہ ہونا۔ اَغْدَقَتِ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔
غَدَقَ (ض) غَدْقًا المَکَانُ: بارش سے تر ہونا اور سرسبز ہونا۔ صفت (غَدِق)
تَغَدَّنَ. الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔
اِغْدَوْدَنَ. النَّبْتُ: سبز ہونا اور زیادتی و شادابی کی وجہ سے سیاہی کی طرف مائل ہونا ..... الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا اور گرنا ..... الشَّعْرُ: لمبا ہونا اور لپٹا ہوا ہونا صفت (غَدْوَدَن)
الغَدَن: تیندو۔ اونگھ۔ ڈھیلا پن۔ سستی ..... والغُدْنَة: نرمی۔ نزاکت۔
الغِدَان: شاخ جس پر کپڑے لٹکائے جائیں۔
الغُدَانِی: نازک بدن جوان۔
غَدَا یَغْدُو غُدُوًّا وغُدُوَّةً اِغْتَدَی. عَلَیْهِ: سویرے آنا۔
غَدِیَ یَغْدَی غَدًا وتَغَدَّی: صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "هَلْ لَکَ اَنْ تَتَغَدَّی بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَتَعَشّٰی بِهٖ" یعنی کیا تیرے لئے یہ ممکن ہے کہ ہم کو ہلاک کرنے سے پہلے

اس کو ہلاک کرے۔
غَدَّی. الرَّجُلُ: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا۔
غَادَی مُغَادَاةً. الرَّجُلُ: صبح کے وقت آنا۔
الغَد: آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو۔ نسبت کے لئے (غَدِیٌّ وغَدَدِیٌّ)
الغُدْوَة: صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًی وغُدُوٌّ.
الغَدَاة: صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان۔ دن کا ابتدائی حصہ ج غَدَوَات کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ غَدَاتَیْن" یعنی وہ دو دن کا ہے۔
الغَدِیَّة: بمعنی غُدْوَةٌ وغَدَاةٌ ج غَدَایَا و غَدِیَّات.
الغُدَیَّة: غداة کی تصغیر۔
الغَدَاء: صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عَشَاء ہے ج اَغْدِیَة.
الغَادِی: فا۔ شیر۔
الغَادِیَة مؤنث غَادِی بادل جو صبح کے وقت اٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ وغَادِیَات.
الغَدَیَان: صبح کا کھانا کھانے والا۔ مؤنث غَدْیَا.
المَغْدَی والمَغْدَاة: صبح کو جانے کی جگہ۔
غَذَّ (ن ض) غَذًّا. الشَّیْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔
الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
اَغَذَّ اِغْذَاذًا. السَّیْرَ وفِی السَّیْرِ: چلنے میں جلدی کرنا ..... الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
الغَاذّ: فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ حس۔
الغَاذِیَة: زخم کا خون پیپ وغیرہ۔
غَذَمَ (ن) غَذْمًا. لَهٗ مِنَ المَالِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
وغَذِمَ (س) غَذْمًا وتَغَذَّمَ واغْتَذَمَ الشَّیْءَ: بہت حرص سے کھانا۔
اَغْذَمَ وتَغَذَّمَ والفَصِیْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّهٖ:

marfat.com
Marfat.com

اونٹنی کے بچہ کا سن سے دودھ پی لینا۔
الْغُلْغَلَةُ: مال کا ایک حصہ۔ ج غُلْغُل.....
والغُلْغُمَة: بہت دودھ۔ ج غَلْغَم.
بِئْرٌ غَلْغَمِيَّةٌ: وسیع کنواں۔
الغَلْغَم والمُغَلْغَم: بہت زیادہ کھانے والا۔
غَلْغَرَ غَلْغَرَةً: غضبناک ہونا۔
.....الشَّيْءُ: جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا۔ انگل سے بیجنا۔
تَغَلْغَرَ. فِي المَجْلِسِ: غصہ سے چلانا۔
الغَلْغَرَة: ہمس۔ شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور جمع کا غلو ہونا۔ ج غَلَاغِيْر.
غَذَا يَغْذُو غَذْوًا. الرَّجُلُ بِالطَّعَامِ: خوراک دینا..... الطَّعَامُ الصَّبِيَّ: بچہ کو فائدہ دینا اور کافی ہونا..... العِرْقُ: خون بہانا.....
الرَّجُلُ: جلدی کرنا..... الفَرَسُ: تیز گزرنا۔
غَذَّى تَغْذِيَةً. الرَّجُلَ: غذا دینا۔ پرورش کرنا۔ غَذَّى العِرْقَ: خون بہانا۔
تَغَذَّى تَغَذِّيًا وإغْتَذَى إغْتِذَاءً: خوراک کھانا۔
إسْتَغْذَى إسْتِغْذَاءً. الرَّجُلَ: سخت پچھاڑنا۔
الغِذَاء: خوراک۔ ج أغْذِيَة.
الغَاذِي: فا۔ غاذِي المَال: مال کا منتظم۔
ج غُذَاة وغَاذُوْن: مؤ۔ غَاذِيَة ج غَوَاذٍ.
الأغْذى: اسم تفضیل۔
الغَذِيُّ: ر۔ کم کا بچہ (بکری کے لئے خاص ہے) ج غِذَاء: جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے۔
الغَلُوْصُ: ر۔ کم کا بچہ۔
الغَلَوَان: بر۔ زبان۔ تیز رفتار گھوڑا۔
غَرَّهُ (ن) غَرًّا وغِرَّةً وغُرُوْرًا: دھوکا دینا۔ بے ہودہ اُمید دلانا۔ کہا جاتا ہے "مَاغَرَّكَ بِفُلَانٍ" یعنی تو نے اس پر دلیری کیونکر کی؟ اَغْرَّ المَاءُ: پانی گرانا۔
غُرًّا وغِرَارًا. الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا..... الرَّجُلُ: غرہ پر پرندہ کھانا دینا..... الزَّاعِي: اونٹ کو چرانا..... المَاءَ: پانی کا نایاب ہونا۔
غَرَّ (ن) غَرًّا وغِرَارًا وغَرِيرًا (س) غَرَارَةً: شریف ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔
غَرَّ (ض) غَرًّا وغَرَارَةً: تجربہ کے باوجود بچوں جیسا کام کرنا۔
غَرَّ (س) غَرَرًا وغُرَّةً وغَرَارَةً وغُرَارَةً الوَجْهُ: خوبصورت سفید رنگ والا ہونا۔ الشَّيْءُ: سفید ہونا۔
غَرْوَرَ تَغْرِيرًا وتَغْرُوْرًا. بِالشَّيْءِ: ہلاکت کے لئے پیش کرنا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کے لئے پر پھیلانا..... القِرْبَةُ: مشک بھرنا۔
غَرْغَرَ تَغْرِيْغَ الغُلَامِ: بچہ کا اگلے دانت نکلنا۔
غَارَّتْ غِرَارًا وغَارًا. النَّوْقُ: بازار کا ماند پڑ جانا۔ غَارَّتِ النَّجِيبَةُ: کم کرنا۔ غَارَّتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
غَرْغَرَ. الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشانی سفید ہونا۔
إغْتَرَّ وإسْتَغَرَّ. بِكَذَا: دھوکا کھانا۔
إغْتَرَّهُ وإسْتَغَرَّهُ: بے خبری میں آنا۔
وإغْتَرَّهُ: بے خبری کا طالب ہونا۔
الغَرُّ: ہمس۔ زمین میں شگاف۔ کپڑے یا کھال کی شکن۔ کہا جاتا ہے "طوبت الثوب علی غرہ" یعنی میں نے کپڑے کو اُس کی پہلی تہہ پر لپیٹا۔ چھوٹی ندی ج غُرُوْر.
الغِرُّ والغِرَار: تلوار کی دھار۔ الغِرار: نیند وغیرہ کی کمی۔ کساد بازاری۔ اونٹنی کے دودھ کی کمی ج أغِرَّة: کہا جاتا ہے "اَتَاهَا عَلَى غِرَارٍ" یعنی وہ ہمارے پاس جلدی آیا۔
الغِرَار: تیر بنانے کا عمدہ اور اسی سے ہے "هُمْ عَلَى غِرَارٍ وَاحِدٍ" یعنی وہ ایک جیسے ہیں۔ کہا جاتا ہے "وَلَدَتْ ثَلَاثَةً بَيْنَهُنَّ عَلَى غِرَارٍ" یعنی اس نے تین بچے پے در پے جنے جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں۔
لَبِثَ القَوْمُ غِرَارَ شَهْرٍ: قوم ایک مہینہ کی مدت ٹھہری رہی۔
الغَرَارَة: غفلت۔ نوعمری۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذَلِكَ عَلَى غَرَارَتِي" یعنی یہ میری نوعمری کے زمانہ میں تھا۔
السَّفُّوْدَة: ایک آبی پرندہ جو گہرے جوہڑ میں زندگی گزارتا ہے۔
الغُرَّة: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔
مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ۔ مِنَ القَوْمِ: شریف..... مِنَ الرَّجُلِ: چہرہ۔ روشنی یا صبح ظاہر ہونا کہا جاتا ہے "قَدْ بَدَتْ غُرَّةُ غُلَامٍ۔ باغی۔ ج غُرَر. الغُرَر: مہینہ کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی، دوسری، تیسری رات۔ عرب مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر، دوسری تین راتوں کو نُقَل اور اس کے بعد تَسْع، پھر عُشَر، پھر بِيْض، پھر دُرَع، پھر ظُلَم، پھر حَنَادِس، پھر وَادِئِيَّ، پھر مَحَاق کہتے ہیں۔
الغِرّ: ناتجربہ کار جوان۔ مؤ۔ غِرَّة۔ غِرٌّ وغِرَّة ج أغِرَّاء.
الغُرَّى: اپنے قبیلہ میں سردار عورت۔
الغِرَّة: ہمس۔ غفلت۔ ناتجربہ کاروں کی جماعت۔ ج غِرَز.
الغُرَّة: مہینے کا پہلا دن۔ ایک قسم کے رنگ کا آبی پرندہ۔
الغَرَر: ہلاکت کے درپے۔ کہا جاتا ہے "اَتَى غَرَرَ جَنَكَ" میں تم سے دھوکے میں ہوں۔
الغَرُوْر: دھوکا دینا اور یہ دنیا کی صفت میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَلدُّنْيَا الغَرُوْر" غرغرہ کی دوا کیں۔
الغُرُوْر: ہمس۔ بے ہودہ باتیں۔
الغَارّ: فا۔ غافل۔ کنواں کھودنے والا۔ مؤ۔ غَارَّة.
الغَرَار: بہت دھوکہ دینے والا۔
الغَرِيْر: اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے "اَذِبَ غَرِيْرَةً وَالْقَ هَرِيْرَةً" یعنی اسی کی اچھی عادت چالی رہی اور بری عادت گئی۔ اچھی زندگی۔ ج غُرَان: ضامن۔ دھوکا زدہ۔ ناتجربہ کار جوان۔ ج غَضِيْرَة وغُرَيْرَة۔ مؤ۔ غَرِيْرَة ج غَرِيْرَات وغِرَائِر۔

marfat.com
Marfat

الغُرَيْر: کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں ہے "اَمْكَرُ مِنْ غُرَيْرٍ" اور اس کا نام بَغْرٌ اور غُرْغُوْرٌ بھی ہے۔

الاَغَرّ: خوبصورت۔ ہر چیز کا سفید۔ فیاض۔ سردار شریف..... مِنَ الاَيَّام: سخت گرم دن۔

مِنَ الخَيْلِ: پیشانی پر سفیدی والا۔ مؤنث غَرَّاء ج غُرٌّ و غُرَّان.

الغِرَارَةُ: بورا۔ تھیلا۔ ج غَرَائِر.

الغُرَانُ: پانی کے بلبلے۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ الْمَاءُ بِغُرَانِهِ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا۔

الْمُغَارُ: کم دودھ والی اونٹنی۔ ج مَغَارٌ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُغَارُ الْكَفِّ" یعنی بخیل ہے۔

المَغْرُوْر: مفلع۔ فریب خوردہ۔

غَرَبَ (ن) غَرْبًا: جانا..... فُلَانٌ عَنَّا: جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا..... فِيْ سَفَرِهٖ: طویل سفر کرنا (..... غروبا) الرجل: دور ہونا..... النجم: ستارہ کا غائب ہونا۔ ڈوبنا۔

غَرُبَ (ن) غُرْبَةً وغُرُبًا وغَرَابَةً: پردیسی ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔

غَرُبَ (ک) غَرَابَةً. الكَلَامُ: مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا..... الشَّيْءُ: غیر مانوس ہونا۔

غَرِبَ (س) غَرَبًا: لوسے چہرہ کالا ہونا۔

غَرَّبَ: دور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم میں پہنچنا ..... ہ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مسافرت پر برانگیختہ کرنا۔ جلا وطن کرنا..... فِي الأَرْضِ: دور تک لے جانا۔

اَغْرَبَ: مغرب میں جانا۔ شہروں میں دور تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا۔ فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا..... فِي الضَّحِكِ وَنَحْوِهٖ: مبالغہ کرنا..... الحَوْضَ: حوض کو بھرنا..... الفَرَسُ فِيْ جَرْيِهٖ: گھوڑے کا بہت دوڑنا..... الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔ یہاں تک کہ مر جائے ..... ہ: علیحدہ کرنا اَغْرَبَ وأَغْرَبَ بِالْمَرِيْضِ: تکلیف زیادہ ہونا۔ اَغْرَبَ عَلَيْهِ وبِهٖ: برا سلوک کرنا۔

تَغَرَّبَ: وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔

اِغْتَرَبَ: وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب میں شادی کرنا۔

اِسْتَغْرَبَ. الشَّيْءَ: نادر پانا یا سمجھنا۔

..... اللَّمْعَ: آنسو بہانا۔

..... وَاسْتَغْرَبَ. فِي الضَّحِكِ: ہنسنے میں مبالغہ کرنا۔

الغَرْب: مص۔ پچھم۔ ہر چیز کا اوّل۔ دھار۔ نشاط۔ تیزی۔ کہا جاتا ہے "اِنِّي اَخَافُ عَلَيْكَ غَرْبَ الشَّبَابِ" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے۔ بڑا ڈول۔ آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے۔ آنسو۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ آنکھ کا پچھلا حصہ۔ دوری۔ آنکھ کی پھنسی۔ گوشۂ چشم کا ورم۔ تھوک کی کثرت۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "سَهْمٌ غَرْبٌ" اضافت سے اور "سَهْمٌ غَرْبٌ" وصف سے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ ج غُرُوْب.

الغُرْبَة: دوری۔

الغَرْبُ: مص۔ سونا' چاندی' پیالہ' شراب' پانی جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "سَهْمٌ غَرْبٌ وسَهْمٌ غَرْبٌ" وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ و "بِعَيْنِهٖ غَرْبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو۔

الغُرَاب: کوا۔ مختلف قسمیں ہیں۔ غراب اسود. ابقع. زاغ ج اَغْرُب وغُرُبٌ غِرْبَان واَغْرِبَة ج غَرَابِيْن کہا جاتا ہے "طَارَ غُرَابُهٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا اس کے بال سفید ہو گئے۔ وَاَرْضٌ لَا يَطِيْرُ غُرَابُهَا: یعنی سرسبز ہے۔ الغُرَاب: اولہ و برف۔ سر کا پچھلا حصہ۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی ابتداء اور دھار۔ جیسے غُرَابُ الفَاسِ اور کوے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اٹھنے اور چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "بَكَّرَتْ بُكُوْرَ الغُرَابِ" کوے کی مانند صبح سویرے اٹھا۔ "فُلَانٌ اَحْذَرُ مِنَ الغُرَابِ" فلاں کوے سے زیادہ چوکنا ہے۔ و "دُوْنَ هٰذَا شَيْبُ الغُرَابِ" اس سے کم کوے کی سیاہی ہے اَغْرِبَةُ العَرَب: عرب کے سیاہ لوگ۔ الغُرَاب: پرانی قسم کی ایک کشتی۔

الغُرْبَان: دونوں سرین کے نچلے حصے جو ران سے ملے ہوئے ہوں۔

الغَارِب: فا۔ کندھا۔ پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کا حصہ۔ ہر چیز کا اعلیٰ حصہ۔ ج غَوَارِب اور اسی سے ہے۔ غَوَارِبُ المَاءِ: بلند موجیں۔

الغَرِيْب: مسافر۔ وطن سے دور۔ اجنبی ج غُرَبَاء: عجیب و غیر مانوس مِنَ الكَلَامِ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ مؤنث غَرِيْبَةٌ ج غَرَائِب.

الغُرْب: بمعنی غریب۔

المُغْرَب: صبح۔ ہر سفید چیز یا جس کے کنارے سفید ہوں۔ عُنْقَاء (مُغْرِب ومُغْرِبَة) دیکھئے لفظ "عُنْقَاء".

المَغْرِب: پچھم۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ ممالک افریقیہ اور بزبان حال ممالک یورپ۔

مَغْرِبَانُ. الشَّمْسِ: آفتاب کے طلوع و غروب کی جگہ۔

المَغْرِبِيُّ: ممالک مغرب کی طرف منسوب۔ ج مَغَارِبَة.

الغِرْبِيْب: سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید مستعمل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ غِرْبِيْب".

غَرْبَلَ غَرْبَلَةَ الحِنْطَةِ: گیہوں چھاننا۔

..... البَلَدَ: ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا۔

..... فِي الأَرْضِ: جانا..... الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جدا جدا کرنا..... القَوْمَ: قوم کو قتل کرنا اور کچل دینا۔

marfat.com
Marfat.com

الغَرْزَال: پھلنی۔ دف۔ چقل خور
غَرَابِیل.
الْمُغَرْبَل: مغ۔ گھلیا۔ پھولا ہوا۔ مقتول۔
زوال پر یہ ملک۔
الغِرْبِیل: چھلنی۔ دُف۔ چقل خور۔
غَرِثَ (س) غَرَثًا: بھوکا ہونا۔
صفت (غَرْثَان) ج غَرْثٰی وغَرَاثٰی
وغِرَاث: مؤنث (غَرْثٰی) ج غِرَاث۔
غَرَّثَ. الْکَلْبَ: کتے کو بھوکا رکھنا۔
الغِرْث والغَارِث: بھوکا۔
غَرِدَ (س) غَرَدًا وغَرْدًا وغَرِیْدًا وتَغْرَادًا.
الطَّائِرُ: پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور
تکرار کرنا اَغْرَدَهُ الطَّائِر: گا کر خوش کرنا۔
اِسْتَغْرَدَهُ: گانے پر برانگیختہ کرنا۔
الأَغْرُوْد والأُغْرُوْدَة: پرندہ کی سریلی آواز
ج أَغَارِیْد.
الغِرْد والغَرِد والغَرِیْد: گانے والا۔
غَرَزَهُ (ض) غَرْزًا: بالابَرَة ونَحْوِهَا
سوئی وغیرہ چبھونا۔ غَرَزَ الأَبْرَة فِی الشَّیْءِ:
داخل کرنا۔
الرَّاکِبُ رِجْلَه فِی الْغَرْز: رکاب میں
پاؤں ڈالنا۔ غُرُوْدًا بِالأَرْضِ: زمین میں
لکڑی گاڑنا۔ غَرْزَتِ الْجَرَادَةُ: اڑادینے
کے لئے زمین میں دُم چبھونا۔ صفت (غَارِزٌ
وغَارِزَةٌ)
غَرَزَ. الإِبرَة فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا۔
غَرَزَتِ الْجَرَادَةُ: اڑادینے کے لئے زمین
میں دُم چبھونا۔
الغَنَم: بکری کو موٹی ہونے کے لئے دوھنے
سے پھیر دینا۔
اَغْرَزَ. الأَبْرَةَ: بمعنی غَرَزَ..... الْوَادِی:
نامی پودہ اگانا..... فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔
اِغْتَرَزَ السَّیْر: روانگی کے قریب ہونا..... فُلَانٌ
السَّیْر: روانگی کے قریب ہونا۔ سوار ہونا
..... الرَّاکِبُ رِجْلَه فِی الْغَرْز: سوار کا
رکاب میں پاؤں رکھنا۔
الغَرْز: مص۔ رکاب۔ زمین میں گاڑی
ہوئی لکڑی۔ ج غُرُوْز: کہا جاتا ہے "اِلْزَمِ
غُرْزَ فُلَانٍ" یعنی اس کے امور کی اطاعت
کرو۔ "اَنْدُبْ یَدَیْکَ بِغَرْزِهٖ" مطلب یہ
ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کردو۔
الغَرْز: ایک چھوٹی قسم کا پودہ۔
الغَرِیْزَة: طبیعت ج غَرَائِز.
الغَارِز: قا۔ اونٹنی جس کا دودھ کم ہوگیا ہو۔
عُیُوْن (غَوَارِز) نہ پینے والے چشمے۔
التَّغْرِیْز: کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے نکل کر
کے دوسری جگہ لگایا جائے۔ ج تَغَارِیْز.
المَغْرِز: گاڑنے کی جگہ۔ ج مَغَارِز.
غَرَسَ (س) غَرْسًا وغِرَاسَةً الشَّجَرَ:
درخت کا پودہ لگانا۔
اِنْغَرَسَ: پودہ لگنا۔
الغَرْس: مص۔ پودہ لگایا ہوا ج غُرُوْس
واَغْرَاس.
الغِرْس: پودہ۔ پانی جو رس سے نکلے۔ چھوٹا
کوا۔ ج اَغْرَاس.
الغَرِیْس: پودا لگایا ہوا۔ بھیڑ۔
الغَرِیْسَة: کھجور کا پودا جو امی اگا ہو۔ تھلی
جو بوئی جائے۔ انگور کی بیل جو امی بنھائی گئی
ہو۔ پودہ بنھانے سے چھلدار ہونے تک۔ ج
غَرَائِس وغِرَاس.
الغِرَاس: پودہ۔ پودہ لگانے کا وقت۔ کہا
جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الْغِرَاس" جس طرح کہا
جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الْحَصَاد".
المَغْرِس: پودہ لگانے کی جگہ ج مَغَارِس.
الغَرْض. مِنَ المسکوکات: ایک سکہ سے
جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے۔ ج
غُرُوْض.
غَرِضَ (س) غَرَضًا. إِلَیْهِ: مشتاق ہونا۔
صفت (غَرِض) ..... مِنْهُ: تنگ دل ہونا۔
ملول ہونا۔ خوف کرنا۔
غَرِضَ (ض) غَرَضًا. الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
کم بھرنا..... الشَّیْءَ: تازہ چھانٹنا۔ وقت سے
جلدی کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ
ہو جائے (..... غَرِیْضًا) لَهُ: تازہ دودھ
پلانا۔
غُرْض (ک) غَرَضًا: اللَّحْمَ: گوشت
تازہ ہونا۔ مضت (غَرِیْض) ج اَغَارِیض.
غَرَّضَ. جراح کرنا۔ تازہ گوشت کھانا۔
..... الشَّیْءَ: تازہ چھانٹنا..... لِفُلَانٍ بِصِفَاتِهٖ: شک
میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُحَسِّنُ لَا یُغَرِّضُ" یعنی فلاں آدمی سمندر کی مانند ہے
جو غالی نہیں کیا جا سکتا۔ غَرَّضَ فُلَانًا: ثنائنا
بنانا۔
اَغْرَضَ. فُلَانًا: تنگ دل کرنا..... الغَرَضَ:
ثنائنا پر ٹھیک مارنا..... الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
غَسَارِیض. الإِبِل: اونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر
لے جانا۔
تَغَرَّضَ والغَرَض. الغُصْنُ: شاخ کا مڑنا
اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔
اِغْتَرَضَ. الشَّیْءَ: کسی چیز کو اپنی غرض بنانا۔
اِغْتَرَضَ فُلَانٌ: جوان مرگ۔
الغَارِض: فا۔ تڑکے کے پانی پر جانے والا۔ لمبی
ناک۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ غَارِضًا" یعنی دن
کے ابتداء میں۔
الغَرَض. مص۔ وادی کی باغی شاخ ج
غُرْضَان وغِرْضَان واَغْرَاض..... کیاہ کا
تنگ ج اَغْرَاض وغُرُوْض.
الغَرْضَة: کیاہ کا تنگ ج غُرُض وغُرَض.
الغَرَض: مص۔ مطلب۔ حاجت۔
قصد۔ کہا جاتا ہے "رَمَیْتُ غَرَضَکَ" میں
نے تیرے قصد کو پہچانا یا نشانہ بنایا۔ جس پر گولی ماری
جائے۔ ج اَغْرَاض.
الغَرِیْض. طرب انگیز گیت۔ بہترین گویا۔
ہر سفید تازہ بارش کا پانی۔ پانی جس پر خنکی
آ جائے۔ تازہ گوشت۔
الأَغْرِیْض. شکوفہ۔ ہر سفید تر و تازہ ج
اَغَارِیض.
المَغْرِض: اونٹ کا تنگ۔ ج مَغَارِیض.
المَغْرُوْض: مقع بارش کا پانی۔
الغُرُضُوْف: نرم ہڈی جیسے کان ناک کی ج
غَرَاضِیْف. الغُرْضُوْفَان: دو نکلیاں جو کیاہ

marfat.com
Marfat.com

کے دائیں بائیں باندھی جاتی ہیں۔

غَرْغَرَ غَرْغَرَةً: غرغرہ کرنا۔ غرغرت الغِلْيُ: ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔

غَرْغَرَهُ: ذبح کرنا۔ غرغرہ بالرمح: حلق میں نیزہ مارنا..... الرَّجُلُ: آواز گلوگیر نکالنا۔ موت کے وقت خرخر کرنا..... اللَّحْمُ: گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔

تَغَرْغَرَ بِالْمَاءِ او الدَّوَاءِ: پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تَغَرْغَرَتِ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔

الغِرْغِر: ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی کہتے ہیں۔ واحد (غِرْغِرَة)

الغُرْغُور: بمعنی الغُوَيْر (دیکھئے الغُوَيْر)

الغُرْغُرَة: پوٹا۔ پیشانی کی سفیدی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ غُرْغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے۔

غَرَفَ (ض) غَرْفًا. الشَّيْءَ: کاٹنا قَصِيَّةَ: پیشانی کے بال کترنا۔

وِالْغَرْفُ. الْمَاءَ بِيَدِهِ: پانی کا چلو لینا۔

تَغْرُفَةٌ: کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا۔

اِنْغَرَفَ: الشَّيْءُ: کٹنا۔ مرنا اور ٹوٹنا..... الْعَظْمُ: ہڈی کا ٹوٹنا..... فُلَانٌ: مرنا۔

الغَرْف: مص (..... والغَرْف) پورہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔

السِّغْرِفَةُ: چلو لینے کی ہیئت۔ جوتی۔ ج غُرُف۔

الغُرْفَةُ: چلو۔ ج غِرَاف..... کوٹھری کے اندر کوٹھری' بالاخانہ' بالوں کا گچھا۔ ج غُرَف وغُرْفَات وغُرُفَات وغُرُفَات۔

الغَارِفَةُ مؤنث غَارِف: اسم فاعل..... مِنَ النُّوقِ: تیز دوڑنے والی اونٹنی۔ ج غَوَارِف۔

الغِرَاف: ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔

الغَرَّاف: بہت چلو لینے والا۔ نَهْرٌ غَرَّاف: بہت پانی کی نہر۔ غَيْثٌ غَرَّاف: بہت بارش۔

الغَرُوف. مِنَ الْاٰبَارِ: وہ کنویں جن سے پانی چلو سے لیا جائے۔

الغَرِيف. مِنَ الشَّجَرِ: گھنا درخت۔ بانس' نرکل وغیرہ کی جھاڑی۔

الغَرِيفَة: گھنا درخت۔ جوتی۔ تلوار کے تلے کے نچلے حصہ کا چمڑا۔

الغِرْفَف: تیز رفتار گھوڑا اور "فَارِسٌ غِرْفَف" بھی کہا جاتا ہے ج مَغَارِف۔

المِغْرَفَة: چمچہ۔ ڈوئی۔ ج مَغَارِف۔

غَرِقَ (س) غَرَقًا. فِي الْمَاءِ: ڈوبنا۔ صفت (غَرِق وغَارِق وغَرِيق) ج غَرْقَى

غَرِقَ فُلَانٌ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔ مستعمل ہونا۔

غَرَقَ (ن) غَرْقًا. مِنَ اللَّبَنِ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔

اَغْرَقَ. فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔

اَغْرَقَهُ وغَرَّقَهُ: ڈبو دینا۔ اَغْرَقَ وغَرَّقَ فِي الْقَوْسِ: کمان کو بہت زیادہ کھینچنا اَغْرَقَ وغَرَّقَ اللِّجَامَ بِالْفِضَّةِ: لگام کو چاندی سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْرَقَ اَعْمَالَهُ بِالْمَعَاصِي" یعنی اپنے اعمال صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا۔

غَارَقَهُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَارَقَتْنِي لَمِنِيَّةٌ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی۔

اِغْتَرَقَ. النَّفَسَ: بہت ہانپنا۔

لَبَعِيرٌ تَصْدِيرٌ: اونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا۔

الفَرَسُ الْخَيْلَ: گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَفْتَرِقُ الْعَيْنَ: یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا۔

اِسْتَغْرَقَ. الشَّيْءَ: کل لے لینا..... الغَايَةَ: مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا..... فِي النَّوْمِ: گہری نیند سونا..... فِي الضَّحِكِ: کھلکھلا کر ہنسنا۔

اِغْرَوْرَفَتْ. الْعَيْنُ: ڈبڈبا آنا۔

السَّغْرَفَة: دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرَف۔

غَرْقَأَتِ. الدَّجَاجَةُ بَيْضَتَهَا: مرغی کا کچا انڈا دینا..... الْبَيْضَةُ: کچا انڈا گرنا۔

الغَرْقِيُّ: انڈے کے سفیدی کی جھلی۔ انڈے کی سفیدی۔

غَرِلَ (س) غَرَلًا. الصَّبِيُّ: بچے کا غیر مختون ہونا۔ صفت (اَغْرَل) مؤنث غَرْلَاء ج غُرْل۔

الغَرِل: ڈھیلا ڈھالا آدمی۔ بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ۔

الاَغْرَل: ارزانی کا سال۔ خوش عیش زندگی۔

السَّغْرَلَة: چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں۔

غَرِمَ (س) غَرْمًا وغَرَامَةً ومَغْرَمًا. الدَّيْنَ ونَحْوَهُ: قرض وغیرہ ادا کرنا۔

فِي التِّجَارَةِ: تجارت میں نقصان اٹھانا۔

اَغْرَمَهُ وغَرَّمَهُ الدَّيْنَ: قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرِّمَ السَّحَابُ" یعنی بارش ہوئی۔

اُغْرِمَ. بِالشَّيْءِ: بہت خواہش مند ہونا۔

تَغَرَّمَ: تاوان برداشت کرنا۔

اِغْتَرَمَ: تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا۔

الغَرَامَة والغُرْم: تاوان۔ مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو۔ ضرر۔ مشقت۔

الغَرَام: اشتیاق۔ محبت جو دل کو مبتلائے عذاب کرنے والا ہو۔ ہلاکت۔ عذاب۔

الغَرِيم: قرض خواہ۔ قرض دار۔ مخالف۔ ج غُرَمَاء وغُرَّام۔

اَلْغَرَامَاطِيقُ او اَلْغَرَامَاطِيقُ: وہ علم جو بولنے اور لکھنے میں غلطی سے بچائے یعنی علم صرف' علم نحو اور علم عروض۔ اس لفظ کا اطلاق اس کتاب پر بھی ہوتا ہے جس میں یہ علم پایا جائے۔

المَغْرَم: تاوان۔ ج مَغَارِم۔

غَرِنَ (س) غَرَنًا. الْعَجِينُ: گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا۔

marfat.com
Marfat.com

الغُزّ۔ : کمزور۔

الغَزْبَلُ والغِزْبَلُ : تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے۔ بے وقوفی۔

الغِزْيِق والغِزْيَق والغُزْنُوق والغُرانق : ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے سفید خوبصورت جوان کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "غَلَبَ غُرانِقَ وصَيْهَ غُرانِق وغُرانِقَة" ج غَرانِق وغَرانِيق وغَرانِقة۔

غَرِيَ يَغْرُو غُرُوًا۔ الرَّجُلُ : تعجب کرنا..... الجِلْدَ : سریش سے جوڑنا..... الشَّحْمَ قَلْبَهُ : چربی کا دل پر چھا جانا۔

الغُزْنُوق : ایک افریقی پھول کا نام۔

غَرِيَ يَغْرَى غَرًى وغَرًا وغُرِيَ وغُرِّيَ وأُغْرِيَ۔ بِكَذا : بہت خواہش مند ہونا۔ بہت رغبت رکھنا۔ غَرِيَ الغَلِيلُ : تالاب کا پانی خشک ہونا ..... فُلانٌ : بہت زیادہ غصہناک ہونا (..... غَرًى) بِهِ : چمٹنا۔ لازم ہونا۔

غَرَى تَغْرِيَةً. الشَّيْءَ : سریش سے جوڑنا۔ أغْرَى. الرَّجُلُ بِكَذا : برا انگیخت کرنا۔ أغْرَى العَداوَةَ بَيْنَهُمْ : دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا۔

غارَى غِراءً ومُغارَاةً. فُلانًا : سخت جھگڑا کرنا..... بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ : ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا۔

الغِراء والغِراء : ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا مٹی۔ الغِراءُ : خوبصورتی۔

الغِراء والغَرْوى : خواہش مندی۔ کہا جاتا ہے "لا غَرْوَ ولا غَرْوَى مِنْ كَذا" یعنی اس سے تعجب نہیں۔

الغَرِيُّ : خوبصورت۔ عمدہ عمارت۔

المِغْراة : سریش پگھلانے کا آلہ۔

غَزَّ (ن) غَزًّا وغَزَّزَ. بِفُلانٍ : خاص کرنا..... الإبِلَ او الصَّبِيَّ : اونٹ یا بچہ پر نظر سے حفاظت کے لئے رسی ہونی اون لٹکانا۔

غَازَّهُ مُغازَّةً : سبقت کرنا۔ جھگڑنا۔

أغَزُّ. الشَّعْرِ : درشت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا۔ أغَزُّ البَقْرَةُ : گائے پر وضع حمل کا شکار ہونا۔

تَغازَّ. القَوْمُ الشَّيْءَ : آپس میں جھگڑا کرنا۔

الغُزُّ : جزا۔ ترکوں کی ایک قوم۔ واحد (غُزِّيٌّ)

غَزَرَ (ک) غَزْرًا وغَزارَةً وغُزُورًا. الماءُ وغيره : پانی وغیرہ کا کثیر ہونا۔ غَزَرَتِ النّاقَةُ : اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

تَغَزَّرَ الرَّجُلُ : زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا۔

غازَرَ واسْتَغْزَرَ : زیادہ لینے کے لئے تھوڑا دینا۔

الغَزْر : مصدر۔ کھجور کے پتوں کی بکری۔

.....والغَزارَة : کثرت۔

الغَزّارُ : باریک کانوں کا پرند جس سے تحریر کے لئے قلمیں بنائی جاتی ہیں۔

الغَزِيرُ : ہر چیز کا بہت۔ ج غُزّار۔

الغَزِيرَة : مؤنث غَزِير..... مِنَ الوُقِيِّ : بہت دودھ والی اونٹنی..... مِنَ العُيُونِ : بہت آنسوؤں والی آنکھ..... مِنَ الآبارِ والعُيُونِ : بہت پانی والے کنویں اور چشمے ج غُزُر۔

المِغْزار. مِنَ الإبِلِ : بہت دودھ والی اونٹنی۔

مَكانٌ (مَغْزُورٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ۔

غَزَلَ (ض) غَزْلًا واغْتَزَلَ. الصُّوفَ : اون کاتنا۔

غَزَلَ (س) غَزَلًا بِالنِّساءِ : عورتوں سے باتیں کرنا۔ عشق بازی کرنا۔ عورتوں کے حسن وجمال کی تعریف کرنا۔

غازَلَ. المَرْأةَ : عورت سے بات کرنا اور پھسلانا۔ کہا جاتا ہے "غازِلْ فُلانَ الأرْبَعِينَ مِنَ الغُلْمِ" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہو گیا ہو "هُوَ يُغازِلُ رُغْدًا مِنَ الغَيْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے۔

أغْزَلَتِ. الظَّبْيَةُ : ہرنی کا بچے والی ہونا..... المَرْأةُ : عورت کا کنکھا گھمانا۔

تَغَزَّلَ. فُلانٌ : بکثرت عشق بازی کرنا۔

تَغازَلَ القَوْمُ : بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا۔

الغَزَل : مص۔ کاتنا ہوا۔

الغَزِل : مص۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود۔

الغَزال : ہرن کا بچہ۔ ج غِزْلَة وغِزْلان. دُمّ الغَزال : نام ایک نباتات کا۔

الغَزالَة : غزال کا مؤنث۔ چڑھتے وقت کا سورج غَزالَةُ الضحى وغَزالَتُهُ : چاشت کی ابتداء۔

تَفَوَّدَ. الوَعْلُ فَوْقَ الجَبَلِ: پہاڑی بکری کا پہاڑ پر چڑھنا۔
اِسْتِفَادَةً: حاصل کرنا۔
الفُوَيْد: مص۔ کپٹی۔ کپٹی کے بال کہا جاتا ہے "بَدَا الشَّيْبُ بِفُوَيْدَيْهِ" یعنی اس کی دونوں کپٹیاں سفید ہو گئیں۔ الفُوَيْد: بڑا تھیلا۔ بوری۔ فوج۔ کنارہ۔ فود الخِبَاء او الوَادِي: خیمہ یا وادی کا کنارہ ج أَفْوَاد.
المِفْوَاد: تکلف کرنے والا۔

marfat.com
Marfat.com

الفَوْدَج: ہودج۔دُلہن کی پالکی۔
فَارَتْ تَفُوْرُ فَوْرًا وفَوَرَانًا وفُوْرًا. القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔اُبلنا۔فَارَ المَاءُ: پانی کا زمین سے نکلنا اور بہنا.....العِرْقُ: رگ کا مضطرب ہونا(..... فَوَّارًا وفَوَارَانًا المِسْكُ) خوشبو کا بھڑکنا۔
فَوَّرًا وافَارَ. القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔
.....فَارَ المِيزَانُ: ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے بنانا۔
الفَار: چوہا۔واحدفَارَةٌ. فَارَةُ الإبِل: کھال کے تر ہوجانے کے بعد کی بو۔
الفَوْر: مص۔جلدی۔کہا جاتا ہے"رَجَعَ مِنْ فَوْرِه" جلدی واپس ہوا۔فَوْرُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اوّل۔
الفُوْر: ہرنیاں۔واحدفَائِر: کہا جاتا ہے"لَا أَفْعَلُهُ مَالَاحَتِ الفُوْرُ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک ہرنیاں اپنی دُم ہلاتی رہیں گی یعنی کبھی نہیں کروں گا۔
الفَوْرَة مِنَ الحَرِّ او الغَضَبِ: گرمی یا غصہ کی تیزی۔فَوْرَةُ النَّهَارِ: دن کی ابتدا۔
فَوْرَةُ النَّاسِ: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔
فَوْرَةُ العِشَاءِ: عشاء کی نماز کے بعد کا وقت کہا جاتا ہے"أَخَذْتُ الشَّيْءَ بِفَوْرَتِهِ" میں نے چیز کو اس کی ابتداء ہی میں لے لیا۔
الفِيَارَان: ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے۔
الفَائِر: فا۔کہا جاتا ہے"فَارَ فَائِرُه" اس کا غصہ بھڑکا۔
الفُوَارَة: ہانڈی کا اُبال۔
الفَوَّار: اسم مبالغہ۔
الفَيُّور: بہت جلدی غضبناک ہونے والا۔
الفَوَّارَة: مؤنث فَوَّار: پانی کا چشمہ۔فوارہ۔
فَازَ يَفُوْزُ فَوْزًا. بِالأمْرِ: کامیاب ہونا..... مِنَ المَكْرُوْهِ: نجات پانا.....الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔مرنا۔
فَوَّزَ تَفْوِيْزًا الرَّجُلُ: گزرنا۔مرنا..... الطَّرِيْقُ: ظاہر ہونا.....الرَّامِي

بِسَاهِلِهِ: چرواہے کا اُونٹوں کے ساتھ چل طے کرنا۔
.....وتَفَوَّزَ: ایک مُلک سے دوسرے مُلک میں جانا۔
أَفَازَ فُلَانًا بِكَذَا: کامیاب کرانا۔
الفَازَة: دو کھمبوں والا خیمہ۔کہا جاتا ہے "ضَرَبَ الفَازَةَ بِالمَفَازَةِ" اس نے بیابان میں خیمہ لگایا۔
المَفَازَة: نجات۔کامیابی۔ہلاکت۔بیابان جس میں پانی نہ ہو ج مَفَازَات ومَفَاوِز.
فَوَّضَ تَفْوِيْضًا. إِلَيْهِ الأمْرَ: سپرد کردینا۔
أَلْفُوشِيَا: خوبصورت پھولوں کا پودا۔
.....المَرْأَةَ: بغیر مہر کے نکاح کردینا۔
فَاوَضَهُ مُفَاوَضَةً فِي الأمْرِ: برابر ہونا۔شریک ہونا۔اہم بات چیت کرنا۔
تَفَاوَضَ القَوْمُ فِي كَذَا: بعض کا بعض کے ساتھ شریک ہونا.....الشَّرِيْكَانِ فِي المَالِ: شریک ہونا اور برابر ہونا تَفَاوَضُوْا فِي الحَدِيْثِ: بات چیت میں مشغول ہونا کہا جاتا ہے قَوْمٌ فَوْضَى: ایسی قوم جس میں سب برابر ہوں اور ان کا کوئی رئیس نہ ہو "وأَمْرُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُمْ وفَوْضُوْضَى وفَوْضُوْضَاء" ان کا معاملہ مخلط ہے۔ہر ایک تصرف کا حق رکھتا ہے"أَمْوَالُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُمْ وفَوْضُوْضَى وفَوْضُوْضَاء" وہ سب مال میں برابر کے شریک ہیں کوئی فرق نہیں۔کہا جاتا ہے شِرْكَةُ مُفَاوَضَةٍ وشِرْكَةُ مُفَاوَضَةٍ: وہ شرکت جس میں شرکاء مال اور تصرف اور دین کے لحاظ سے برابر ہوں اور اس کے مقابلہ میں شرکت عنان ہے وَمُفَاوَضَةُ العُلَمَاء: علمی مسائل کا مذاکرہ۔
أَلْمُفَوَّضَةُ: وہ دائرہ جس کو ذمہ دار افسر لگائے۔منصب ذمہ دار افسر۔
أَلْفَوْضَوِيَّةُ: وہ غیر منظم سیاسی نظام حکومت جس میں عوام پر حکام کا غیر مؤثر یا معطل تصور

أَلْفَوْضَوِيُّ: غیر منظم حکومت کا ساتھ دینے والا۔لاقانونیت برتنے والا۔
فَوَّطَهُ: ازار پہنانا۔
الفُوْطَة: ازار جس کو خدام استعمال کرتے ہیں ج فُوَط: اور عوام کے نزدیک رومال کو کہتے ہیں۔
فَاظَ يَفُوْظُ فَوْظًا وفَوَاظًا: مرنا۔کہا جاتا ہے "حَانَ فَوْظُهُ" یعنی اس کی موت کا وقت آ گیا۔
الفَوْعَة. مِنَ الطِّيْبِ: خوشبو۔
مِنَ السُّمِّ: زہر کی تیزی.....مِنَ الشَّبَابِ: جوانی کی ابتداء۔
فَاعَ يَفُوْعُ فَوْعًا الطِّيْبُ: خوشبو بھڑکنا۔مہکنا۔
الفَوْعَة مِنَ الطِّيْبِ: خوشبو کی بھڑک۔
الفَائِفَةُ: تیز خوشبو جو ناک کو بھر دے۔
الفَوَغ: منہ کی موٹائی۔
الأفْوَغ: موٹے منہ والا کہا جاتا ہے فَمٌ أَفْوَغ: موٹا منہ "ورَجُلٌ أَفْوَغُ" موٹے منہ والا مرد۔
فَاقَ يَفُوْقُ فَوْقًا: انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی کے ناخنوں کو ملا کر سائل کو کچھ نہ دینے کا اشارہ کرنا۔
الفَوْف والفُوْف: گائے بیل کا مثانہ۔جوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔واحدفَوْفَةٌ وفُوْفَةٌ ج أَفْوَاف.
الفُوْف والفُوْفَة: دانہ کا چھلکا۔
ثَوْبٌ أَفْوَافٍ وثَوْبٌ مُفَوَّف: باریک کپڑا۔سفید دھاری دار کپڑا۔
فَاقَ يَفُوْقُ فَوْقًا وفَوَاقًا الشَّيْءُ: بلند ہونا۔.....أَصْحَابَهُ بِالفَضْلِ او العِلْمِ: بڑھ جانا۔سبقت لے جانا۔
فُوَاقًا تُكِّي آنا(..... فُوَاقًا وفُوْقًا) الرَّجُلُ: قریب المرگ ہونا یا مرنا(.....فَوْقًا) السَّهْمُ: سوفار تیر کو توڑنا الشَّيْءُ: توڑنا۔
فَاقَ يَفَاقُ وفَوِقَ يَفْوَقُ فَقًا وفَوَقًا وفُوَاقًا السَّهْمُ: سوفار میں کجی ہونا۔

marfat.com
Marfat.com

فَوَّقَهُ عَلٰى قَوْمِهٖ: فضیلت دینا۔ فَوَّقَ السَّهْمَ: سوفار لگانا..... اَلْفَصِيْلَ: مہلت دے دے کے دودھ پلانا۔
اَفَاقَ إِفَاقَةً مِنْ مرضه: صحت یاب ہونا۔
..... الْحَالِبُ: دودھ کے دوہنے کے بیچ میں آرام لینا۔ اَفَاقَتِ النَّاقَةُ: تھن میں دودھ جمع ہونا۔ صفت مُفِيْقٌ وَمُفِيْقَةٌ ج مَفَاوِيْق وفُيُق..... السَّكْرَان مِنْ سُكْرِهٖ: ہوش میں آنا۔ مِن النوم: بیدار ہونا..... اَلْمَجْنُوْنُ مِنْ جُنُوْنِهٖ: ہوشیار ہونا..... الزَّمَان: تنگی کے بعد فراخی آنا..... عَنْهُ النُّعَاسُ: نیند کا اُچٹ جانا مِنْ غَفْلَتِهٖ: چوکنا ہونا (..... وَاَفَوَقَ إِفَاقًا) السَّهْمَ: تانت پر سوفار رکھنا۔
تَفَوَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔
عَلٰى قَوْمِهٖ: بلند ہونا..... النَّاقَة: دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا .....
اَلْفَصِيْلُ: مہلت دے کر دودھ پینا..... مَالَهٗ: شہر بشہر کے خرچ کرنا۔
إِفَاقَ إِفَاقًا. السَّهْمُ: سوفار ٹوٹنا۔
..... اَلْجَمَلُ: اُونٹ کا لاغر ہونا اور ہلاک ہونا۔
إِفَاقَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ فقیر ہونا۔
إِسْتَفَاقَ الرَّجُلُ مِنْ نَوْمِهٖ او مَرَضِهٖ او غَفْلَتِهٖ: بمعنی افاق..... النَّاقَة: اُونٹنی کو دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا۔
الْفَاق: کھانے سے بھرا ہوا بڑا پیالہ۔ جنگل۔ کنکھا۔ لمبے قد کا مرد۔ لمبی گردن کا ایک دریائی جانور۔
الْفَاقَة: حاجت۔ فقر محتاجی۔
فَوْق: مص۔ اوپر۔ اور یہ ظرف مکان ہے اور کبھی زمانہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے جیسے اَقَمْتُ فَوْق شَهْرٍ اور کبھی زیادتی اور فضل پر دلالت کرتا ہے جیسے اَلْعَشَرَةُ فَوْق التِّسْعَةِ و "هٰذَا فَوْق ذَاكَ" اور کبھی بطور اسم کے استعمال ہوتا ہے۔ كَفَوْلِهٖ. وَإِذَا ذُكِرَتْ فَكُلُّ فَوْقٍ دُوْنُ.

اَلْفَوْقَانِي: اُوپر والا۔ اعلیٰ۔ نقیض تحتانی۔
اَلْفُوْق: سوفار۔ ج فُوَق وأَفْوَاق: زبان کا کنارہ۔ پہلا راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ارْتَدَّ عَلٰى فُوْقِهٖ" یعنی گیا اور لوٹا نہیں وَلَهٗ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُوْفُوْق: یعنی وہ ان میں سے اکثر حصے والا ہے۔
اَلْفَوَق: سوفار میں کجی۔
اَلْفُوْقَة: سوفار ج فُوَق وفُقًا.
اَلْفِيْقَة.
دودھ جو دو دفعہ دوہنے کے درمیان میں تھن میں جمع ہو جائے۔ اَلْفِيْقَة مِنَ اللَّيْلِ: رات کا اکثر حصہ۔ فِيْقَةُ الضُّحٰى: چاشت کی ابتداء جِيْق وفِيْق وفِيْقَات وأَفْوَاق وأَفَاوِيْق: تم کہتے ہو "أَرْضَعَنِي أَفَاوِيْقَ بِبِرِّهٖ" اس نے میرے ساتھ بہترین احسانات کئے الأَفَاوِيْق: پانی جو بادل میں جمع ہو جائے اور تھوڑا تھوڑا برسے۔
اَلْفَوَاق والفُوَاق: مص۔ دو دفعہ دوہنے کے درمیان کا وقت۔ دوہنے والے کے ہاتھ کے بند کرنے اور کھولنے کے درمیان کا وقت اور اسی سے ان کا قول ہے "أَمْهِلْنِي قَدْرَ فُوَاقِ حَالِبٍ" یعنی مجھے ذرا سی مہلت دو "وَلَهٗ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُوْفُوَاق" اس کے لئے فلاں چیز سے حصہ کامل ہے۔
اَلْفُوَاق: جانکنی کے وقت کی ہچکی ج اَلْفُوقَةُ وآفِقَةٌ و ج اَفْوِقَات. الفُوَاق: اسم ہے أَفَاق وإِسْتَفَاق الْعَلِيْلُ: سے جبکہ وہ لاغر ہو جائے۔
اَلْفَائِق: فا۔ برگزیدہ۔ عمدہ خالص ہر چیز کا ج فائقون وفوقة. الفائق: سر اور گردن کی جوڑ کی جگہ۔
اَلسَّهْمُ الأَفْوَق: وہ تیر جس کا سوفار ٹوٹ گیا ہو۔ شَاعِرٌ مُفِيْق: شاعر بلیغ۔
طَعَامٌ مُفَوَّق: کھانا جو تھوڑا تھوڑا لیا جائے۔
اَلْفُوْل: لوبیا۔
اَلْفَوَّال: لوبیا بیچنے والا۔ لوبیا کا کھیت۔

اَلْفُوْم: روٹی پکانا۔
اَلْفُوْم: لہسن۔ گیہوں۔ چنا۔ روٹی۔ بڑا لقمہ۔ کل وہ غلے جن کی روٹی پک سکے ج فومان.
اَلْفُوْمَة: فوم کا واحد۔ خوشہ چنکی جو دو اُنگلیوں کے درمیان لی جائے۔ ج فُوَم.
اَلْفَامِيُّ: سبزی فروش۔
اَلْفَوْفَل وَالْفُوْفَل: ہندوستان میں ایک انگوری کا پھل جس کو کمزوری دور کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی طاقت صندل کی طرح ہوتی ہے۔
اَلْفَاوَانِيَا: اس کا دوسرا نام عود الکلیب ہے۔ ایک دوائی کا نام۔
فَاهَ يَفُوْهُ فَوْهًا وتَفَوَّهَ بِكَذَا: بولنا۔ وتَفَوَّهَ الْمَكَانَ: دہانہ میں داخل ہونا۔
فَوِهَ (س) فَوَهًا: فراخ دہن ہونا۔
فَوَّهَهٗ: فراخ دہن بنانا۔
فَاوَهَ مُفَاوَهَةً وفَاهَى مُفَاهَاةً فُلَانًا: گفتگو کرنا۔ مفاخرت کرنا۔
تَفَاوَهَ الْقَوْمُ بِكَذَا: آپس میں گفتگو کرنا۔
إِسْتَفَاهَ إِسْتِفَاهًا وإِسْتِفَاهَةً: کمی کے بعد بہت کھانا پینا۔
الفُوه والفاه والفيه: منہ ج افواہ
فو: اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ایک ہے اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واو اور حالتِ نصبی میں الف اور حالتِ جری میں یا کے ساتھ آتا ہے۔ بشرطیکہ مفرد ہو اور یاء متکلم کے علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف اضافت ہو۔ تم کہو گے سَقَطَ لِفِيْهِ: یعنی وہ اپنے منہ کے بل گرا۔ و "كَلَّمْتُهٗ فَاهُ إِلٰى فِيَّ" یعنی میں نے اس سے رو در رو گفتگو کی فاہ حالیت کی بنا پر منصوب ہے اور ابتدائیت کی بنا پر اس کا مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے۔ اس صورت میں جملہ حال واقع ہوگا۔ جیسے كَلَّمْتُهٗ فُوْهُ إِلٰى فِيَّ.
اَلْفُوَيْه: فوہ کی تصغیر۔ چھوٹا منہ۔
اَلْفَوْم: منہ کی کشادگی۔ دانتوں کا ہونٹ سے

marfat.com
Marfat.com

نکلنا۔
الفُوْهُ والفُوْهَةُ: ایک درخت کی جڑیں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہیں اور لگائی کے کام میں آتی ہیں اور بعض امراض میں بطور دواء اس کا استعمال ہوتا ہے۔
الفَوْهَة: فاہ کا اسم مرۃ۔منہ۔
الفُوْهَة. مِنَ الوَادِی والطَرِیق وجَبَلِ النَارِ: وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ ج فُوْهَات.
الفَیْہ: بہت بولنے والا۔ بلیغ۔ بہت کھانے والا۔ مؤنث فِیْهَةٌ.
الفُوْهَة: اوّل شی.....مِنَ الطَرِیق و الوَادِی وجَبَلِ النَارِ: راستہ یا وادی یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج فُوْهَات وأفْوَاه فَوَائِه.
الفُوْهَتَه: گفتگو۔ چغلی۔ تم کہو گے "فُلَانٌ یَخَاف فُوْهَة النَاسِ" فلاں لوگوں کی گفتگو سے خائف ہے۔ إنَّهُ لَذُوْفُوْهَةٍ: وہ بڑا تیز زبان، زبان زور ہے "وإنَّ رَدَّ الفُوْهَة لَشَدِیْدٌ" نکلی ہوئی بات کو لوٹانا دشوار بات ہے۔
الأفْوَة: چوڑے منہ والا۔ مؤنث فَوْهَاء ج فُوْهٌ. طَعْنَةٌ فَوْهَاءُ: چوڑا زخم کرنے والی نیزہ کی ضرب۔
الأفْوَاه: مسالے۔ خوشبو کی ڈبیاں۔ قسمیں۔ ج أفَاوِیَه واحد فُوْه.
المُفَوَّه: بڑا بولنے والا۔ بلیغ۔ کہا جاتا ہے خطیب مُفَوَّه شراب مفوّه: خوشبو ملی ہوئی شراب (..... والمَفْوِّی) فوہ سے رنگا ہوا۔ دیکھئے الفُوْه.
الفُوْه: ایک قسم کی نباتات ہے جس سے وجع الجنب اور داء الثعلب: کا علاج کرتے ہیں
ارض (مفولة) زمین جس میں فوہ بہت ہو (دیکھئے الفُوْه)
فِیْ: حرف جر۔ معانی ذیل پر دلالت کرتا ہے
(۱) ظرفیت جیسے الخَمْرُ فِی الزِقِ
(۲) مصاحبت: جیسے جَاءَ فِی القَوْمِ قُمْتُ فِیْ شُرُوْقِ الشَمْسِ (۳) تعلیل جیسے قُتِلَ فِیْ ذَنْبِهٖ (۴) مقابلہ جیسے مَا عِلْمِیْ فِیْ بَحْرِهٖ الا قَطْرَةٌ استعلاء جیسے لاَصْلِبَنَّكُمْ فِیْ جُذُوْعِ النَخْلِ (۶) بمعنی با جیسے أنْتَ بَصِیْرٌ فِیْ عَمَلِكَ بمعنی إلی: جیسے رُدَّهُ فِیْ جَیْبِهٖ: بمعنی مِنْ: جیسے مَضَتْ عَلٰی ثَلَاثَةُ أشْهُرٍ فِیْ ثَلَاثِ سِنِیْنَ.
فَاءَ یَفِیْءُ فَیْئًا: لوٹنا.....الظِلُ: سایہ کا ہٹ جانا.....الغَنِیْمَة: غنیمت حاصل کرنا..... (..... فَیْئًا وفُیُوْءًا) الأمْر: لوٹ آنا۔
فَیَّأ تَفْیِئَةً الشَجَرِ: درخت کا سایہ دار ہونا۔
فَیَّأتِ الرِیَاحُ الغُصُوْنَ: ہوا کا ٹہنیوں کو ہلانا۔
أفَاءَ إفَاءَةً. الظِلُ: سایہ کا لوٹنا.....ه إلٰی كَذَا: لوٹانا۔ أفَاء اللّٰهُ عَلَیْهِ مَالَ القَوْمِ: مالِ غنیمت حاصل کرا دینا.....عَلَی القَوْمِ فَیْئًا: دوسری قوم سے مالِ غنیمت حاصل کر کے دینا۔
تَفَیَّأ تَفَیُّؤًا. الظِلُ: سایہ کا پلٹنا.....الشَجَرَةَ وفِیْ الشَجَرَةِ: درخت کا سایہ لینا۔ سایہ ڈھونڈنا.....الأخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔ کہا جاتا ہے تَفَیَّأ بِفَیْئِهٖ: سایہ میں پناہ لینا۔
إسْتَفَاءَ إسْتِفَاءَةً: لوٹنا.....المَالَ: مالِ غنیمت لینا.....الأخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔
الفَیْءُ: مص۔ سایہ۔ غنیمت۔ خراج ج أفْیَاء وفُیُوء. الفَیْءُ: پرندوں کی ایک ٹکڑی۔
الفَیْئَة: فاء کا اسم مرۃ۔ لوٹنا۔ وقت۔
الفِیْئَة: فاء کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "إنَّهُ حَسَنُ الفِیْئَةِ" وہ بہتر واپسی والا ہے۔ کہا جاتا ہے دَخَلَ عَلٰی (فِیْئَةِ) فُلَانٍ: یعنی فلاں کے نشانِ قدم پر داخل ہوا۔
المُفَاء. الفاء: کا اسم مفعول۔
المَفْیَاءَة والمَفْیُوْءَة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ ہو۔ سایہ دار جگہ۔
أفَاجَ. فِیْ عَدْوِهٖ: دوڑنے میں دیر کرنا..... القَوْمُ فِی الأرْضِ: ملک میں پھیل جانا۔

لوگوں کی عیادت۔ پست زمین۔ ج فُوْج.
الفَالِجَة: دو پہاڑوں کے درمیان وادی۔ ج فَوَالِج.
فَاحَ یَفِیْحُ فَیْحًا وفَیْحَانًا. الحَرُّ: گرمی کا تیز ہونا۔ فَاحَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا (..... فَیْحًا وفُیُوْحًا) الرِیْحُ: سرسبز ہونا .....الدَمُ: خون گرنا.....الشَجَّةُ: زخم کا بہت خون بہانا۔
فَاحَ یَفِیْحُ وفَاحَ یَفَاحُ فَیْحًا: کشادہ ہونا۔
فَاحَتِ الغَارَةُ: وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔
فَیَّحَ الشَیْءَ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا اور اسی سے ہے "لَوْ مَلَكْتُمُ الدُنْیَا یَفُحُّهَا فِیْ یَوْمٍ وَاحِدٍ" اگر تم دنیا کے مالک ہو جاؤ گے تو ایک ہی دن میں بکھیر دو گے۔
أفَاحَ. القِدْرَ: جوش دینا.....الدَمَ: خون بہانا۔
الفَیْح والفَیَح: کشادگی۔
فَیَاح: اسم ہے غارت کا کہا جاتا ہے "الغَارَةَ فَیَاحِ" یعنی اے غارت جلد اور منتشر ہو جا۔ اور غارت لوٹ ڈالنے والے گھوڑے کو کہتے ہیں۔
الفَیَّاح: اسم مبالغہ۔ فیاض یَفِیْضُ فَیَّاضٌ: بہت وسیع سمندر۔ دَجْلَةُ الفَیَّاضُ: دجلہ: فیاض۔ بڑا دریا نہر۔ مؤنث فَیَّاضَةٌ.
الأفْیَح: کشادہ۔ مؤنث فَیْحَاء. ج فِیْح.
الفَیْحَاء: وسیع مکان۔ بصرہ۔ دمشق اور طرابلس شام کا لقب۔
فَاخَ یَفِیْخُ فَیْخًا وفَیْخَانًا: یعنی فَاحَ یَفُوْحُ: وادی۔
فَادَ یَفِیْدُ فَیْدًا: مرنا.....المَالُ لَهٗ: مال کا ہونا اور بعضوں نے کہا ہے۔ جانا دینا۔ فَادَتْ لَهٗ فَائِدَة: حاصل ہونا (..... وفَیْد) الرَجُلَ: ناز سے چلنا۔ فَیْد: الونٹ کی آواز سے بدفالی لینا۔
أفَادَ فَائِدَةً. الرَجُلُ عِلْمًا أو مَالًا: فائدہ پہنچانا۔

marfat.com
Marfat.com

.....الرَّجُلُ: نازسے چلنا۔ .....الشَّخْصُ کرنا۔(.....وانْفَعَلَ) مِنْهُ ظُلْمًا وَ غَلَبَهُ: حاصل کرنا۔

تَفَائَضُوا. الْقَوْمُ بِالْمَالِ: ہرایک کا دوسرے کو فائدہ پہنچانا۔

تَفَيْهَقَ الرَّجُلُ: ناز سے چلنا۔

الْفَيْهَقُ: مص۔زعفران کی چی۔

اَلْفَائِدَةُ: ادھار مال دے کر یا قرض دے کر اپنے مال کے عوض فیصدی کے حساب سے قرض خواہ مقروض سے کچھ مال لے۔

اَلْفَائِدَةُ الْبَسِيْطَةُ: حاصل شدہ نفع جو اصل مال میں ملایا جائے۔اَلْفَائِدَةُ الْمُرَكَّبَةُ: سالانہ ششماہی یا سالہا مدت کے بعد حاصل ہونے والا نفع جو اصل مال ضم کر دیا جائے۔

اَلْفَائِدَةُ: زیادتی جو انسان کو حاصل ہو۔علم یا مال وغیرہ سے انسان جو حاصل کرے ج فوائد۔

اَلْفَيْدُ: نرالو(..... والْفَيَادَةُ) ناز سے چلنے والا۔کہا جاتا ہے"هُوَ يَمْشِيْ عَلَى الْاَرْضِ قَيْدَامَيْدَا: وہ زمین پر ناز سے اکڑتا ہوا چلتا ہے۔

اَلْفَيْرُوْزُ وَالْفَيْرُوْزُ وَالْفَيْرُوْزَجُ وَالْفَيْرُوْزَجُ ایک قسم کا قیمتی پتھر۔

فَاشَ يَفِيْشُ فَيْشًا: فخر کرنا۔تکبر کرنا۔صفت فَائِش.

فَيْشٌ. عَنِ الْاَمْرِ: بزدلی کرنا۔پیچھے ہٹنا۔

فَايَشَهُ فِيَاشًا وَمُفَايَشَةً: مفاخرت کرنا۔

فَايَشَ الرَّجُلُ: لڑائی میں ڈینگ مارنا اور فضول دھمکی دینا۔

تَفَيُّشٌ. الْاَمْرَ: لغو دعویٰ کرنا.....عَنْهُ: عاجزی سے پلٹ جانا۔

تَفَايُشٌ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

اَلْفَيَّاشُ: بہت فضیلت والا سردار۔فخر کرنے والا۔

اَلْفَائِشُ: (پانی پر تیرنے والا جِدُّ الْعَيْشِ)

اَلْفَيُوْشُ: فخر کرنے والا۔بزدل۔کمزور۔

فَاضَ يَفِيْضُ فَيْضًا. فِي الْاَرْضِ: جانا.....صِنَةٌ: بہت جانا اور کہا جاتا ہے"مَا بَرِحْتُ اَفِيْضُ" یعنی ہمیشہ کرتا رہوں گا۔فَيَضَانٌ: جدا ہونا۔

اَلْفِيَاضُ. الْكَلَامُ: ظاہر کرنا۔اَفَاضَتْ يَدُهُ: اُنگلیوں کا کسی چیز کے پکڑنے سے عاجز رہنا۔کہا جاتا ہے"مَالَكَ غَنَّهُ (فَيْضٌ) تمہارے لئے کوئی ہٹنے کی جگہ نہیں۔

فَاضَ يَفِيْضُ فَيْضًا وَفَيَضَانًا وَفُيُوْضًا وَفُيُوْضَةً وَفَيْضُوْضَةً. السَّيْلُ: کثرت سے ہونا اور وادی کے کنارہ سے بہنا۔

.....كُلُّ سَائِلٍ: جاری ہونا۔کہا جاتا ہے"فَاضَتْ عَيْنُهُ"یعنی آنسو بہ پڑے۔فَاضَ الْجُرْحُ: پھیل جانا.....الشَّيْءُ: بہت ہونا (..... فَيْضًا وَفُيُوْضًا) مرنا۔فَاضَتْ نَفْسُهُ: روح نکلنا(فَيْضًا) الْاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا .....صَدْرُهُ بِالسِّرِّ: بھید کو چھپا نہ سکنا۔

اَفَاضَ اِفَاضَةً. الدَّمْعَ: آنسو بہانا..... الْمَاءَ: پانی گرانا.....الْاِنَاءَ: برتن کو لبریز کر دینا۔

.....الْقَوْمَ مِنَ الْمَكَانِ: متفرق و منتشر ہو جانا۔

.....الْقَوْمُ فِي الْحَدِيْثِ: گفتگو میں مشغول ہونا۔

الْقَوْمُ عَلَى الرَّجُلِ: غالب ہونا..... بِالشَّيْءِ..... : پھینکنا' دفع کرنا اور کہا جاتا ہے"مَا اَفَاضَ بِكَلِمَةٍ"یعنی کچھ نہیں بولا۔

تَفَيْضَنَ. الْجَفْنُ: آنسو بہانا۔

اِسْتَفَاضَ. اِسْتِفَاضَةً. الْخَبَرُ: پھیلنا۔

اَلْمَكَانُ: کشادہ ہونا.....الْوَادِيْ شَجَرًا: وسیع ہونا اور درخت بہت ہونا..... الْقَوْمُ فِي الْحَدِيْثِ: مشغول ہونا..... الرَّجُلُ: پانی بہانے کو کہنا۔الْقِدَاحَ وَبِالْقِدَاحِ: تیر سے جوا کھیلنا۔

الْفَيْضُ: مص۔

فِيْ جَنَازَةِ فُلَانٍ" فلاں کے جنازہ میں گئے۔

اَلْفَيْضُ مِنَ الْخَيْلِ: بہت تیز رو گھوڑا۔ج فُيُوْضٌ وَاَفْيَاضٌ: کہا جاتا ہے"مَاءٌ فَيْضٌ"بہت پانی"وَاَفَاضَهُ غَيْضًا مِنْ فَيْضٍ" اس نے بہت میں سے تھوڑا دیا۔

رَجُلٌ فَيْضٌ: فیاض و سخی آدمی۔

اَلْفَيَّاضُ: بہت پانی والا۔رَجُلٌ فَيَّاضٌ: بہت جود و بخشش کرنے والا۔

حَدِيْثٌ (مُفَاضٌ وَمُسْتَفِيْضٌ وَمُسْتَفَاضٌ) فِيْهِ: پھیلی ہوئی بات۔

دِرْعٌ (مُفَاضَةٌ) کشادہ زرہ۔

فَاظَ يَفِيْظُ فَيْظًا وَفَيَظَانًا وَفُيُوْظًا وَفَيْظُوْظَةً: مرنا۔

اَفَاظَ اللّٰهُ: موت دینا۔کہا جاتا ہے ضَرَبْتُهُ حَتّٰى اَفَظْتُ نَفْسَهُ: میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔

اَلْفَيْظُ: مص۔موت۔کہا جاتا ہے"حَانَ فَيْظُهُ"اس کی موت آ گئی۔

اَلْفَيْفُ: جنگل جس میں پانی نہ ہو۔ہموار جگہ ج اَفْيَافٌ وَفُيُوْفٌ. اَلْفَيْفُ مِنَ الْاَرْضِ: مختلف ہواؤں والی زمین۔

اَلْفَيْفَى وَالْفَيْفَاءُ وَالْفَيْفَاةُ بمعنی الْفَيْفِ ج فَيَافٍ. اَلْفَيْفَاءُ: چکنا پتھر۔

فَاقَ يَفِيْقُ فَيْقًا: جان دینا۔مرنا۔

اَفَاقَ اِفَاقًا. الشَّاعِرُ: بمعنی اَفْلَقَ.

اَلْفَيْقُ: مرغی کی آواز۔

فَالَ يَفِيْلُ فَيْلَةً وَفُيُوْلَةً وَفَيْلُوْلَةً رَاْيَهُ: کمزور اور غلط ہونا۔صف فَائِلُ الرَّاْيِ وَفَالَهُ وَفِيْلَهُ وَفَيْلَهُ. وَفَالَ الرَّجُلُ: ہاتھی جیسا ہونا۔

فَيْلُ رَاْيِهِ: غلطی پکڑنا۔کمزور سمجھنا.....الرَّجُلُ فِيْ رَاْيِهِ: صواب کو نہ پہچاننا۔

تَفَيَّلَ. رَاْيُهُ: کمزور ہونا.....النَّبَاتُ: نباتات کا بڑھنا.....الشَّبَابُ: جوانی ڈھلنا۔

.....الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔

اَلْفَالُ: شگون۔فال کا مخفف۔

اَلْفِيْلُ: ہاتھی۔ج اَفْيَالٌ وَفِيْلَةٌ مؤنث فِيْلَةٌ. اَلْفِيْلُ: مردفرومایہ۔

marfat.com
Marfat.com

دَاءُ الْفِيْلِ ایک بیماری ہے جس میں پاؤں سوج جاتا ہے۔ فیل پا۔
الفَيَّال: مہاوت، ہاتھی بان۔ ج فَيَّالَة.
فَائِلُ الرَّای وفَالُهٗ وفِيْلُهٗ: کمزور رائے والا۔
فَيْلُ اللَّحْمِ: بہت گوشت والا۔ فَيِّلُ الرَّای: کمزور رائے والا۔
الفَيَالَة: رائے کی کمزوری۔
المَفْيُوْلَاء: ہاتھی کے بچے۔
الفِيْلَجَة: ریشم کے کیڑے کا کویا۔ ج فَيَالِج.
الفَيْلَق: بڑا لشکر۔ بڑا آدمی۔ ج فَيَالِق.
الفَيْلَم: بزدل۔ کشادہ منہ کا کنواں۔ کتھا۔ دسترخوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ تلچھٹ کی کثرت ج فَيَالِم (..... والفَيْلَمَانِيّ) بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
اَلْفِيْلِيْرِيَّة: جنگلی زیتون جیسا ایک درخت جس کے پتے انڈے کی شکل کے ہوتے ہیں اور اس کے پھل انگوری ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

فَلَانٌ يَفِنُّ فِيْهِ آنا۔
الفَيْهَة: وقت۔
الفَيْهَان: خوبصورت لمبے بالوں والا مؤنث فَيْهَانَة.
تَفَيْهَق فِی الْكَلَامِ: بہت پھیلا کر گفتگو کرنا۔
.....فِی مَشْيِهٖ: ناز سے چلنا..... عَلَيْهِ كَذَا: بڑا بننا۔
الفَيْهَق: ہر کشادہ جز۔ ج فَيَاهِق.
الفَيْهَك: بے وقوف عورت۔

marfat.com
Marfat.com

ق

ق: اَلْقَافُ: بنیادی حروف میں سے اکیسواں حرف ہے لہٰذا یہ حروف میں سے ہے یعنی حلق کے کوا سے نکلنے والا حرف۔

قَبَّ (ف) قَبًّا الطَّعَامَ: کھانا.....الْمَاءَ: پانی پینا۔

قَبِبَ (س) قَبًّا قَبَبًا. مِنَ الشَّرَابِ: زیادہ پینا۔

قَبَبَ يَقْبُبُ قَبًّا: کھانا پینا۔

اَلْقَوْبُ وَالْقَوْبِيُّ. مِنَ الْاٰنِيَةِ: بہت پانی کا برتن۔

اَلْقَرُوْبُ وَالْمِقَبُّ: بہت پینے والا۔

اَلْقَقَاءُ: کوے کی کائیں کائیں۔

اَلْقَنْصِيُّ: انڈے کی سفیدی۔ انڈے کا باریک چھلکا۔

قَبِيَ (ف) قَبًا. اَلرَّجُلُ: حق خصم کا اقرار کرنا۔ دشمن کا مطیع ہونا۔

قَبَّ (ن ض) قَبًّا. اَلنَّبَاتُ: نباتات کا خشک ہونا.....اَلشَّيْءَ: اطراف کو جمع کرنا۔

.....اَلْقُبَّةَ: گنبد بنانا۔

قَبَّ (ن ض) قَبًّا. يَدَاهُ: ہاتھ کاٹنا۔

قَبُبَ (ض) قُبُوْبًا. اَللَّحْمُ وَنَحْوُهُ: گوشت وغیرہ خشک ہونا.....اَلْقَوْمُ: جھگڑے میں آواز بلند کرنا۔

قَبَّ (ض) قَبًّا وَقَبِيْبًا. اَلْاَسَدُ اَوِ الْفَحْلُ: دانت پیسنا۔ قَبَّ طَيَّ الثَّوْبِ: کپڑے کی تہ کو لپیٹنا۔

قَبَّ وَقَبِبَ (س) قَبَبًا. اَلْخَصْرُ اَوِ الْبَطْنُ: کمر کا باریک یا پیٹ کا دبلا ہونا۔

قَبَّبَ. اَلرَّجُلُ: گنبد بنانا.....اَلْبَيْتَ: گھر کو گنبد دار بنانا.....اَلْعُمُرُ: بوڑھا ہونا۔

اَلشَّيْءَ: اطراف کو جمع کرنا۔

تَقَبَّبَ. اَلْقُبَّةَ: گنبد میں داخل ہونا۔

اِقْتَبَّ. يَدَهُ: ہاتھ کاٹنا۔

اَلْقَبُّ: مص۔ جوان گھوڑا۔ سردار قوم۔ چرخی کا سوراخ۔ قمیص کے گریبان میں لگانے کی دھجی۔ غلہ کا ایک پیمانہ۔

اَلْقَبُّ وَالْقِبُّ: سردار قوم۔ اَلْقِبُّ: دونوں سرینوں کے درمیان پیٹھ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔

اَلْقَبَّانُ: غلہ کا ایک پیمانہ۔

اَلْقَبَبُ: مص۔ کمر کا باریک ہونا۔ پیٹ کا پتلا ہونا۔

اَلْقُبَّةُ: گنبد۔ ج قِبَابٌ وَقُبَبٌ. قُبَّةُ الْاِسْلَامِ: بصرہ۔ قُبَّةُ الشَّهَادَةِ عِنْدَ الْيَهُوْدِ: ایک خیمہ تھا جس میں یہود تابوت عہد کو چھپاتے تھے اور اُس کو قبۃ الزمان بھی کہتے تھے اَلْقُبَّةُ الْخَضْرَاءُ اَوِ الزَّرْقَاءُ: گنبد آسمان۔

اَلْقِبَّةُ: اوجھ کا وہ حصہ جس میں پت پرت ہوتا ہے۔

اَلْقَابُّ: فا۔ آئندہ تیسرا سال کہا جاتا ہے اَلْيَكِ لَا تُنْجِحُ الْعَامَ الْحَاضِرَ وَلَا الْقَابِلَ وَلَا الْقَابَّ: تُو نہ تو امسال کامیاب ہوگا نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔

اَلْقَابَّةُ. قَابٌّ: کا مؤنث۔ بادل کی گرج۔ بارش کا قطرہ۔

اَلْقَبَّابُ: اسم مبالغہ۔ شیر۔

اَلْقُبَّاسُ مِنَ السُّنْدُسِ وَنَحْوِهِ: ریشم وغیرہ کا بہت باریک کپڑا۔

بَرَّاقُ۔

.....مِنَ الْاُنُوْفِ: موٹی ناک۔

اَلْاَقَبُّ. مِنَ الْخَيْلِ: باریک کمر۔ پتلے پیٹ والا گھوڑا۔ مؤنث قَبَّاءُ ج قُبٌّ.

اَلْقَبِيُّ: لگاتار روزے رکھنے کی وجہ سے دبلے پیٹ والا۔

اَلْقَبِيْبُ: خشک نباتات۔

اَلْاَقَبُّ وَالْمُقَبَّبُ وَالْمَقْبُوْبُ: دبلا۔

اَلْقَبَجُ: چکور۔ کبک کا معرب ہے۔ واحد (قَبَجَةٌ) مذکر و مؤنث پر اطلاق ہوتا ہے۔ بخلاف یعقوب کے کہ اس کا استعمال صرف مذکر ہی کے لئے ہوتا ہے۔

اَلْقَبَاجُوْرُ اَوِ الْاَبَاجُوْرُ: روشنی روکنے کے لئے کھڑکیوں پر گرل لگانا۔

قَبُحَ (ک) قَبْحًا وَقُبْحًا وَقَبَاحَةً وَقُبَاحًا وَقُبُوْحًا وَقُبُوْحَةً: بُرا ہونا۔ بدصورت ہونا۔

قَبَحَهُ (ف) قَبْحًا وَقُبُوْحًا وَقَبَّحَهُ. اَللّٰهُ عَنِ الْخَيْرِ: افعال خیر سے محروم کر دینا۔ صفت مفعولی مَقْبُوْحٌ: اور کہا جاتا ہے "قَبَحْتُ لَهُ وَجْهَهُ" یعنی میں نے اس کے لئے قُبْحَهُ اللّٰهُ: کہا قَبَحَ الْبَيْضَةَ: انڈا توڑنا۔ قَبَحَ عَلَيْهِ فِعْلَهُ: بُرائی ظاہر کرنا۔ قَبَحَ لَهُ وَجْهَهُ: کسی کے عمل کے خلاف ناراضی کا اظہار کرنا۔

قَابَحَهُ مُقَابَحَةً: آپس میں گالی گلوچ کرنا۔

اَقْبَحَ. اَلرَّجُلُ: بُرا فعل کرنا۔

اِسْتَقْبَحَ. اَلشَّيْءَ: بُرا سمجھنا۔

اَلْقُبْحُ: مص۔ قول، فعل یا صورت کی بُرائی۔

اَلْقَبِيْحُ: بُرا۔ ج قِبَاحٌ وَقُبْحٌ وَقَبَاحَى

marfat.com

Marfat.com

(.....والقَباح) ران اور پنڈلیوں کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ بازو کی ہڈی کا کنارہ جو کہنی سے ملتا ہے۔

القَبِيحَة: قبیح کا مؤنث۔ عمل قبیح۔ ج قَبائح وقَبائح.

قَبَرَ (ن ض) قَبْرًا ومَقْبَرًا. المَيِّتَ: میت کو دفن کرنا۔

اَقْبَرَهُ: قبر بنانا۔ دفن کرنا.....القَوْمَ: مقتول کو دفن کرنے کی اجازت دینا۔ دفن کرنے کے لئے دینا۔

القَبْر: مص۔ انسان کے دفن کرنے کی جگہ۔ ج قُبُوْر.

القُبَّرة والقُنْبَرة والقُنْبُرة والقُنْبَراء القُنْبُراء: ایک پرندہ ہے جس کو فارسی میں چکاوک اور اُردو میں چنڈول کہتے ہیں۔ ج قُبَّر وقُبُر وقَنابِر.

القُبَّار: شکاری کا چراغ۔ لوگوں کی جماعت جو شکار کو جال سے کھینچنے کے لئے جمع ہو۔

القَبُوْر: پست زمین۔

المَقْبَر والمَقْبَرة والمَقْبِرة والمَقْبُرة والمِقْبَرة: قبرستان۔ ج مَقابِر.

المَقْبَرِيّ والمَقْبُرِي: مقبرہ کی طرف نسبت۔

اَلْقُبَّرَةُ وَالْقُنْبَرَةُ وَالْقُنْبُرَةُ وَالْقُنْبَرَاءُ وَالْقُنْبُرَاءُ: ج قُبَّرٌ وَقُبُرٌ وقَنابِرُ: چکاوک۔ چنڈول۔ یعنی ہمیشہ بولنے والی چڑیا۔

القُبْرُس: عمدہ تانبا۔ قُبْرُوس ج قبارسة.

القَبْز: ایک قسم کا باجا۔

القِبْز: پستہ قد۔ بخیل۔

قَبَسَ (ض) قَبْسًا. مِنْهُ النَّارَ: شعلہ لینا۔ .....النَّارَ: آگ جلانا.....العِلْمَ: علم سیکھنا۔ استفادہ کرنا۔ قَبَسَهُ النَّارَ: کسی کے لئے آگ لانا۔

(.....وأَقْبَسَ) فُلانًا العِلْمَ: سکھلانا۔ وأَقْبَسَ فُلانًا: کسی کو آگ دینا۔

اِقْتَبَسَ. مِنْهُ النَّارَ او العِلْمَ: بمعنی قَبَسَ. .....مِنَ العِلْمِ: استفادہ کرنا۔ واقْتَبَسَهُ نارًا: کسی سے آگ لینا۔

القَابِس: فا۔ آگ طلب کرنے والا۔ ج أَقْباس.

القَبَس: اصل۔

القَبَس والمِقْباس: آگ کا شعلہ۔

القَبَسَة. قَبَسَ: کا اسم مرة۔ قَبَسَةُ العَجْلانَ: جلد بازی کے لئے مثال ہے۔ اس آگ لینے والے سے تشبیہ دی گئی ہے جو گھر میں داخل ہو اور صرف اتنی دیر ٹھہرے کہ آگ لے سکے۔

القَابُوس: خوبصورت چہرہ اور اچھے رنگ و روغن کا مرد۔

القَوابِس: اچھی بات سکھانے والے لوگ۔

المَقْبِس: لکڑی کا وہ حصہ جو جل رہا ہو۔ ج مَقابِس.

المُقْتَبِس: آگ کا شعلہ۔

المِقْباس والمِقْبَس: وہ چیز جس سے آگ کا شعلہ لیا جائے۔ المِقْباس: وہ عورت جو جلدی سے حاملہ ہو جائے۔

القُبْشُوْر: وہ عورت جس کو حیض نہ آتا ہو۔

قَبَصَ (ض) قَبْصًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا۔ صفت (قَبُوْص) الرَّجُلُ: سیراب ہونے سے پہلے روکنا۔ الغُلامُ: لڑکے کا جوان ہونا (وقَبَصَ) الشَّيْءَ: چٹکی سے لینا۔

قَبِصَ قَبَصًا: بڑے سر والا ہونا۔ درد جگر میں مبتلا ہونا۔ سبک ہونا۔ چست ہونا۔

(.....وتَقَبَّصَ) الجَرادُ عَلَى الشَّجَرِ: ٹڈیوں کا درخت پر اکٹھا ہونا۔

اِقْتَبَصَ. قَبْصَةً مِنْ كَذا: چٹکی سے لینا۔

القَبْص والقِبْص: بہت ریت کا ڈھیر۔

القِبْصُ: بہت سے آدمی۔

القَبْص والقَبَص: جگر کا درد جو باسی منہ مجور کے کھانے اور اس پر پانی پینے سے ہوتا ہے۔

القَبْصَة والقُبْصَة: چٹکی.....مِنَ الطَّعام: لپ بھر خوراک۔ ج قُبَص.

القَبْصَة بمعنی قَبَصَة.....القَبْصَة: مٹی کا ڈھیر۔ کرکی۔

القَبْز: چست۔

خَبْلٌ قَبِصٌ: مضبوط رسی۔ القَبِص: ہلکا پھلکا چست۔

القِبْصِي: تیز دوڑ۔

الأَقْبَص: بڑی کھوپڑی والا.....من الخَيْل: چست تیز رفتار گھوڑا۔ الأَقْبَص: وہ شخص جو چلنے میں قدم کے اگلے حصے سے غبار اُڑائے اور غبار ایڑی پر پڑے۔ مؤنث قَبْصاء ج قُبْص.

القَبْصاء: بڑی کھوپڑی۔

القَبِيص: مٹی کا ڈھیر۔

القَوابِص: جماعتیں۔ پارٹیاں۔ واحد قَابِصَة.

المِقْبَص: رسی جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں باندھ دی جاتی ہے تا کہ سارے گھوڑے ایک قطار میں ہو جائیں۔ ج مَقابِص.

حَبْلٌ مُتَقَبِّص: چھوٹی رسی۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا. بِيَدِهِ الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا۔ نیچے سے پکڑنا.....يَدَهُ عَنِ الشَّيْءِ: پکڑنے سے باز رہنا۔ قَبَضَهُ عَنِ الأَمْرِ: ہٹانا۔ دور کرنا۔ قَبَضَهُ اللّٰهُ: وفات دینا۔ قَبَضَ الشَّيْءَ: سمیٹنا .....الحادِي الإِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا..... الطَّائِرُ جَناحَه: پرندہ کا بازو سمیٹنا.....اللّٰهُ ونَحْوَهَا: قبض کرنا۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ يَقْبِضُنِي مَا قَبَضَكَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی۔ وفُلانٌ الخَيْرَ يَبْسُطُهُ والشَّرَّ يَقْبِضُهُ: فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے۔ "واللّٰهُ يَقْبِضُ ويَبْسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی کرتا ہے۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا واقْتَبَضَ مِنْهُ المَالَ: اپنے لئے لینا.....قَبْضَةً: مٹھی بھر لینا۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا وانْقَبَضَ. لِلْحَرْبِ: جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا.....القَوْمُ:

marfat.com
Marfat.com

دینا..... بَطْنُهٗ: پیٹ نکلا ہونا۔ قَبَضَ الشَّیْءَ: ملنا۔ منقبض ہونا۔ سکڑنا۔
قُبِضَ. الْمَرِیْضُ: قریب المرگ ہونا۔ مرنا۔
قَبَضَ. الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ سمیٹنا۔ سکیڑنا۔ کہا جاتا ہے "قَبَضَ وَجْهَهٗ فَتَقَبَّضَ" اس نے اپنا منہ بگاڑا پس وہ بگڑ گیا۔ "وَقَبَضَ مَابَیْنَ عَیْنَیْهِ" اس نے اپنی آنکھوں کے درمیان یعنی پیشانی پر شکن ڈال لیا۔ قَبَضَ الْمَالَ فُلَانًا: مال کسی کے قبضہ میں دینا۔ مال پر کسی کا قبضہ کرانا۔
قَابَضَهٗ مُقَابَضَةً: ہاتھ میں ہاتھ دینا۔
اَلْقَبْضُ. السَّیْفُ: تلوار کا قبضہ بنانا..... فُلَانًا الْمَتَاعَ: سامان پر قبضہ کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔
تَقَبَّضَ: جمع ہونا..... الْجِلْدُ فِی النَّارِ: کھال سکڑ جانا..... الرَّجُلُ عَنِ الْاَمْرِ: نفرت کرنا۔
اِلْوَدّ: کودنا..... عَلَی الْاَمْرِ: توقف کرنا۔
تَقَابَضَ. الْمُتَبَایِعَانِ: بائع اور مشتری کا بیعہ اور ثمن پر قبضہ کرنا۔
اَلْقَبْضُ: مص۔ تیز ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الْمَالُ فِیْ قَبْضِهٖ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔
اَلْقَبْضُ: قبضہ کیا ہوا مال۔ جلدی۔ تقسیم سے پہلے غنیمت کا مال۔
اَلْقَبْضُ: علم عروض کی اصطلاح میں پانچواں حرف ساکن کو حذف کرنا جیسے فَعُوْلُنْ سے فعول۔ حذف شدہ کو مَقْبُوْض بولتے ہیں۔
اَلْقَبْضَةُ. قَبْضٌ: کا اسم مرۃ۔ موت کہا جاتا ہے "صَارَ الْمَالُ فِیْ قَبْضَتِهٖ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔ قَبْضَةُ السَّیْفِ: تلوار کا قبضہ۔
اَلْقَبْضَةُ وَالْقُبْضَةُ: مقبوضہ شی مِنَ الشَّیْءِ: مٹھی بھر کر۔
اَلْقُبَضَةُ: خشم۔ چڑچڑا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُبَضَةٌ رُفَعَةٌ" قبضہ کرنے والا اور جلدی چھوڑ دینے والا مرد۔

اَلْقَبَاضُ وَالْقَبَاضَةُ: سکڑ جانا۔ جلدی۔
اَلْقَبَّاضُ وَالْقَبَّاضَةُ: بہت سخت قبضہ کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔
اَلْقَابِضُ: فا..... مِنَ الطَّعَامِ: زبان پکڑنے والی خوراک..... مِنَ الْاَدْوِیَةِ: قبض کرنے والی دوا۔ تیز ہانکنے والا۔ قَابِضُ الْاَرْوَاحِ: حضرت عزرائیل علیہ السلام۔
اَلْقَبِیْضُ: سکڑا ہوا۔ تیز۔ عقل مند۔ کاریگر جو اپنے کام پر متعجب رہے۔
اَلْقَبْضُ وَالْمُقْبَضُ وَالْمَقْبِضُ وَالْمِقْبَضَةُ وَالْمَقْبَضَةُ وَالْقَبْضَةُ: تلوار کا قبضہ جمع مَقَابِض.
قَبَطَ (ن) قَبْطًا. الشَّیْءَ: ہاتھ سے جمع کرنا۔ ملانا۔
قَبَطَ وَجْهَهٗ: ترش روئی کرنا۔ منہ بگاڑنا۔
اَلْقِبْطُ: مصر میں نصرانیوں کی ایک جماعت واحد قِبْطِیٌّ ج اَقْبَاط
اَلْقُبْطِیَّةُ وَالْقِبْطِیَّةُ: کتان کا کپڑا جو قبط کی طرف منسوب ہے۔ ج اَلْقَبَاطِیُّ وَالْقَبَاطِلِیُّ.
اَلْقُبَّاطُ وَالْقُبَّیْطُ وَالْقُبَّیْطَی وَالْقُبَّیْطَاءُ: ایک قسم کی مٹھائی۔ ریوڑی۔
قَبَعَ (ف) قُبُوْعًا. اَلْقُنْفُذُ: سہی کا اپنی کھال میں سر چھپانا..... اَلرَّجُلُ فِیْ قَمِیْصِهٖ: گریبان میں سر ڈالنا..... رَاْسَهٗ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا..... فِی الْاَرْضِ: جانا (..قَبْعًا) اَلْجَوَالِقَ: گون کے کنارے موڑنا۔ (..... قَبْعًا وَقُبُوْعًا) عَنْ اَصْحَابِهٖ: تخلف کرنا..... اَلنَّجْمُ: ستارے کا ظاہر ہو کر چھپ جانا..... اَلرَّجُلُ: عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا..... اَلْمَرْاَةُ: عورت کا چھپنا۔ (قَبْعًا وَقِبَاعًا وَقُبَاعًا) اَلْخِنْزِیْرُ: سور کا غرانا۔
اَلْقَبْلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا (..... وَالْقَبْعُ) اَلْمَرْاَةُ: مشک کے منہ کو منہ میں ڈال کر پینا۔
اَلْقُبْعُ: بگل۔
اَلْقُبُعُ وَالْقُبَاعُ

جانور۔
اَلْقُبَاعُ: بے وقوف مرد ایک بڑا پیمانہ۔
اَلْقُبَّعَةُ: ایک چھوٹا سا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "یَا اِبْنَ قُبَّعَةَ وَیَا اِبْنَ قَبْعَاءَ" یعنی اے بے وقوف۔
..... "اِمْرَاَةٌ قُبَّعَةٌ طَلَّعَةٌ" کبھی چھپنے والی کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔
اَلْقُبَّعَةُ: بچوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔
اَلْقَبَّاعُ: بزدل سور۔
اَلْقُبَّعَةُ: چھوٹا پرندہ جو چوہوں کی بل کے پاس ہوتا ہے جب خوفزدہ ہو تو بل میں داخل ہو جاتا ہے۔
اَلْقُبَاعِیُّ: بڑے سر کا مرد۔
اَلْقَبِیْعَةُ. مِنَ السَّیْفِ: تلوار کے قبضہ پر چاندی یا لوہے کی گرہ۔
اَلْقَبِیْعَةُ وَالْقُبَیْعَةُ: سور کی ناک کا سوراخ۔
اَلْقَوَابِعُ: گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہے ہوئے گھوڑے۔
اَلْقَبْقَرِیُّ وَالْقَبْقَرُ: بڑا۔ بڑا اونٹ ج قَبَاقِرُ.
اَلْقَبَنْطَى: بڑے قدم کا مرد۔ بڑے کھر کا اونٹ۔ مؤنث قَبَنْطَاةٌ.
قَبَبَ قَبَبًا. الْفَحْلُ: بڑبڑانا..... اَلرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔
اَلْقَبَبُ: پیٹ۔
اَلْقَبْقَبَةُ: مص۔ گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ نر جانور کے دانت کی آواز۔
اَلْقَبْقَبُ: دریائی سیپی۔
اَلْقَبْقَابُ: کھڑاؤں۔ ج قَبَاقِبُ.
اَلْقَبْقَابُ وَالْقَبَاقِبُ: بہت بولنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ جھوٹا۔ سخت آدمی
اَلْقَبَالِبُ: آئندہ تیسرا سال کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَا تُفْلِحُ الْعَامَ وَلَا الْقَابِلَ وَلَا الْقَبَالِبَ: یعنی نہ تو تم اس سال فلاح پاؤ گے نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔
قَبِلَ (س) قَبْلًا وَقُبُوْلًا. اَلشَّیْءَ: لینا۔ قبول کرنا..... اَلْكَلَامَ: تصدیق کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

قَبَلَتْ (ن) قَبْلاً وقُبُولاً. رِيْحُ القَبُوْل: پروائی ہوا چلنا۔
قَبَلَ (ن) قَبْلاً عَلَى الشَّیْءُ: مشغول ہونا اور لازم ہونا..... المَکَانَ: متوجہ ہونا کہا جاتا ہے "قَبَلَتِ المَاشِیَةُ الوَادِیَ" جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔
قَبَلَ (ف) قَبْلاً. اليَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔
قَبِلَتْ (س) قِبَالَةُ المَرْاَةُ: عورت کا دائی جنائی ہونا..... القَابِلَةُ الوَلَدَ: دایہ گری کرنا۔
قَبَلَ (س) وقَبِلَ (ن ض) قَبَالَةً بِهٖ: کفیل و ضامن ہونا۔
قَبَلَ (ن) قَبْلاً وقَبِلَ (س) قَبَلاً: آنکھوں میں کجی والا ہونا۔ بھینگی نظر والا ہونا۔
قُبِلَ القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا۔
قَبَّلَهٗ: بوسہ دینا۔ قَبَّلَ العَامِلَ العَمَلَ: ضامن لینا اور ضمان کو (القَبَالة) کہتے ہیں۔ قَبَّلَتْهُ الحُمّٰی: بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر دانے نکل آنا۔
قَابَلَهٗ: سامنے ہونا..... قَابَلَ الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ: مقابلہ کے لئے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرنا۔
اَقْبَلَ. اليَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔ اَقْبَلَتِ الاَرْضُ بِالنَّبَاتِ: زمین میں نباتات کا بڑھنا۔ بکثرت ہونا۔ اَقْبَلَ عَلَيْهِ: متوجہ ہونا .....اِلَيْهِ: آنا..... عَلَى الشَّیْءِ: شروع کرنا اور لازم ہونا..... القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا..... فُلَانًا الشَّیْءُ: آگے کرنا کہا جاتا ہے "اَقْبَلْتُ زَيْدًا مَرَّةً وَاَدْبَرْتُهٗ اُخْرٰى" یعنی چلنے میں زید کو کبھی آگے کبھی پیچھے کیا۔ "اِذْهَبْ فَاقْبِلْهُ الطَّرِيْقَ" اس کو لے جاؤ اور راستہ بتلاؤ اور سامنے کرلو۔
تَقَبَّلَهٗ: لینا۔ تَقَبَّلَ العَمَلَ: کام کو لازم کرنا۔ .....اللّٰهُ دُعَاءَهٗ: دعا قبول کرنا..... اَبَاهُ: باپ کے مشابہ ہونا۔ تَقَبَّلَتْهُ السَّعَادَةُ: نیک بختی ظاہر ہونا۔
تَقَابَلَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
اِقْتَبَلَ الكَلَامَ: فی البدیہہ کہنا..... الاَمْرَ: کام از سر نو کرنا..... الرَّجُلُ: بے وقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔
اِقْبَلْتُ واِقْبَلْتُ عَيْنَهٗ اِقْبَالاً واِقْبِيْلاً: نگاہ کا بھینگا ہونا۔
اِسْتَقْبَلَ. الشَّیْءُ: سامنے ہونا..... الرَّجُلَ: توجہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
قَبْلُ: پہلے۔ آگے اور یہ ظرف زمان ہے کبھی معرب ہوتا ہے۔ جیسے مَاتَ الخَلِيْفَةُ ومَاتَ الوَزِيْرُ قَبْلَهٗ ومِنْ قَبْلِهٖ: کبھی مضاف الیہ محذوف ہوتا ہے۔ اگر نیت میں ہو تو مبنی علی الضم جیسے مَاتَ الخَلِيْفَةُ ومَاتَ الوَزِيْرُ قَبْلُ ومِنْ قَبْلُ: اور اگر مضاف الیہ نہ لفظوں میں ہو نہ نیت میں تو معرب جیسے مَاتَ الخَلِيْفَةُ ومَاتَ الوَزِيْرُ قَبْلاً ومِنْ قَبْلٍ.
قُبَيْلُ: قبل کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ قُبَيْلَ العَصْرِ" یعنی فلاں عصر سے کچھ پہلے آیا۔
القُبُلُ والقُبْلُ: اگلا حصہ..... مِنَ الزَّمَانِ: ابتدائی زمانہ..... مِنَ الجَبَلِ: دامن کوہ ج اَقْبَال: کہا جاتا ہے اَقْبَلَ قُبُلَهٗ: یعنی اس نے اُس کا قصد کیا "رَاَيْتُهٗ (قُبُلاً وقَبَلاً وقُبَلاً وقِبَلاً وقَبِيْلاً وقَبِيْلًا) میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔
القَبَلُ: مص۔ سامنے کی مرتفع زمین۔ واضح راستہ۔ بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّا اللّٰهُ قَبَلَهٗ" اللہ باقی رکھے اس چیز کو جو اس سے پہلے نظر آئے۔ القَبَلُ: دایہ کی بچہ جنانے کی لطف تدبیر۔ ہر چیز جو پہلے نظر آئے۔ کلام کی برجستگی۔ ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے والقَبَلُ فِی العَيْنِ: آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا..... فِی الرِّجْلِ: [illegible]

طرف جھکنا۔
القِبَلُ: طاقت۔ قدرت جیسے "مَالِیْ بِهٖ قِبَلٌ" مجھے اس کی طاقت نہیں کہا جاتا ہے "لِیْ قِبَلَ فُلَانٍ دَيْنٌ" میرا فلاں کے پاس قرض ہے "واَتَانِیْ مِنْ قِبَلِهٖ" اس کے پاس سے میرے پاس آیا۔ اس کی طرف سے میرے پاس آیا۔
القِبْلَة. قَبَلَ: کا اسم نوع۔ جہت اور اسی سے ہے قِبْلَةُ المُصَلِّیْ: اس جہت کے لئے جدھر نماز پڑھتا ہے کعبہ۔ جس چیز کا سامنا کیا جائے کہا جاتا ہے "مَالَهٗ فِیْ هٰذَا الاَمْرِ قِبْلَةٌ ولَا دِبْرَةٌ" اس کے لئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کیا کرے۔ "واجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً" اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔
القُبْلَة: بوسہ۔ کفالت۔ ضمان۔ ج قُبَل.
القَبَلَة: ایک قسم کا مہرہ جس کو جادوگرنی استعمال کرتی ہے اور اسی سے جادو کرتی ہے۔ ج قَبَل.
القَبْلَة بسکون الباء اور القُبْلَة بضم القاف وسکون الباء بھی اسی معنی میں ہے۔
القِبَال. مِنَ النَّعْلِ: تسمہ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُنْقَطِعُ القِبَال: مرد بدرائے۔
القَبَالَة: مص۔ ضمانت۔ کفالت۔ کہا جاتا ہے جَلَسَ (قُبَالَتَهٗ) یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا۔
القَبُوْل: مص۔ اچھی ہیئت۔ بادصبا۔ دائی جنائی۔ عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا۔
القَبِيْل: ضامن۔ کفیل۔ شوہر۔ تین یا زائد کی جماعت۔ ج قُبُل وقُبَلَاء. القَبِيْل: خدا کی اطاعت (دَبِيْر: خدا کی نافرمانی) القَبِيْلُ مِنَ النِّسَاءِ: دائی جنائی۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْرِفُ قَبِيْلاً مِنْ دَبِيْرٍ" وہ آنے جانے والے کو پہچانتا نہیں "ومِنْ قَبِيْلِ ذٰلِكَ" اس کی جہت سے اور کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهٗ قَبِيْلًا" میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا۔
القَبِيْلَة: ایک باپ کے بیٹے۔ کنویں کے

marfat.com
Marfat.com

کا پیرو ہونا۔ ایک قراءت میں قَاتِلُ اللّٰہُ ہے۔ قَاتِلُ الرَّاسِ: سر کی ہڈی کے کونے جس میں بعض سے ملے ہوئے ہیں۔ قَاتِلُ الطَّیْرِ: پروں کی قسمیں۔ قَاتِلُ الثَّوْبِ: کپڑے کے کونے۔

الْاِسْتِقْبَال: مص بِمَنَ الزَّمَانِ: حال کے بعد آنے والا زمانہ۔

الْاَقْتَل: وہ شخص جس کی آنکھوں میں بھینگا پن ہو۔ "رَجُلٌ اَقْتَلُ" ناک کی جانب دیکھنے والا مرد۔ مؤ قَتْلَاء۔ ج قُتْل۔

الْقَابِل: ۱۔ آئندہ سال۔ آمادۂ قبول۔ حاضر۔ ج قَبَلَة۔

الْقَابِلِيَّة: قبول اور تاثر کی آمادگی کی حالت۔

الْقَابِلَة: قابل کا مؤنث۔ آنے والی رات۔ دائی جنائی۔ ج قَوَابِل وقَابِلَاتٌ۔ قَوَابِلُ الْاَمْرِ: اوائل امر۔

الْمُقَابَل: مص۔ الرَّجُلُ الْمُقَابَل: ماں باپ کی طرف سے شریف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقَابَلٌ مُقَابَلٌ" نجیب الطرفین مرد۔

الْمُقَبَّل: مفع۔ مقبول..... مِنَ الثِّیَاب: پیوند لگا ہوا کپڑا۔ الرَّجُلُ (مُقَبَّلُ) الشَّبَاب: مرد نوجوان جس میں بڑھاپے کے آثار ظاہر نہ ہوں۔

الْمُسْتَقْبَل۔ فا۔ (الْمُسْتَقْبِل والْمُسْتَقْبَل) مِنَ الزَّمَان: آئندہ زمانہ۔

قَبَنَ (ض) قَبْنًا۔ الرَّجُلُ: ملک میں جانا۔

قَبَّنَ۔ الشَّیْءَ: قبان سے تولنا (دیکھئے قَبَّان)

اَقْبَنَ: دشمن سے شکست کھانا۔ بے خوف تیز دوڑنا۔

الْقُبْنَة: ضروریات میں بھاگ دوڑ۔

الْقَبَّان: بھاری اشیاء کے تولنے کا ایک آلہ (دخیل)

الْقَبِین: اپنے کاموں میں بھاگ دوڑ کرنے والا۔ تیز رو۔

قَبَا یَقْبُو قَبْوًا۔ الْبِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا یا گنبد نما بنانا..... الزَّعْفَرَانَ: زعفران توڑنا اور جمع کرنا..... الشَّیْءَ: کسی چیز کو انگلیوں سے جمع کرنا۔ الشَّیْءَ: کسی چیز کو جمع کرنا۔ قَامَ الشَّیْءَ: کسی چیز کو کمان جیسا کرنا۔ الْحَرْفَ: ملانا۔

قَبَّی تَقْبِیَةً۔ الْمَتَاعَ: سامان مہیا کرنا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو قبا بنانا..... عَلٰی فُلَانٍ: ظلم کرنا۔

قَبَّنَ: الْقَبْنُ: گنبد جیسا ہونا..... الْقَبَاءَ: قبا پہننا..... الرَّجُلَ: پیچھے سے آنا۔

اِنْقَبَی۔ عَنْهُ: پوشیدہ ہونا۔

اِقْتَبَی۔ الْمَتَاعَ: سامان مہیا کرنا۔ آراستہ کرنا۔

الْقَبْوُ: بنی ہوئی عمارت۔ گنبد۔ قبہ۔ گول گنبدوار کمرہ۔

الْقَبْوَة: قبا کا اسم مرۃ۔ دونوں ہونٹوں کا ملانا۔

الْقَبَاء: ایک کپڑا ہے جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ ج اَقْبِیَة۔

الْقِبَاء: مقدار۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا قِبَاءُ قَوْسَیْنِ" وقِبَابُ قَوْسَیْنِ" یعنی دو کمان کے مقدار۔ کنایہ قریب سے۔

الْقِبْیَة: اونچا کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔ تا واو محذوف کے بدلہ میں ہے۔

الْمَقْبُوّ: مفع۔ جمع کیا ہوا۔ طا ہوا۔

الْمَقْبِیُّ: بہت چرنے والا۔

الْقَبِی: مقدار۔

الْقَبَایَة: بیابان۔

قَبَّ (ن) قَبًّا: جھوٹ بولنا..... الثَّوْبَ: کپڑے کو لمبائی میں کاٹنا..... الشَّیْءَ: کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ کم کرنا۔ مہیا کرنا۔

قَبَّ اِلٰی فُلَانٍ وقَبَّ اَثَرَ فُلَانٍ: ارادہ معلوم کرنے کے لئے کسی کے پیچھے پوشیدہ طور پر جانا۔

قَبَّ وقَبَّبَ۔ الاَحَادِیْثَ: سخن چینی کرنا۔

وقَبَّبَ الْاَقَادِیْمَ: ہانڈی میں ڈالنا اور پکانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَقُبُّ الْحَدِیْثَ" وہ باتوں میں تزویر اور تحسین کرتا ہے۔

تَقَبَّبَ۔ الْحَدِیْثَ: بات کے پیچھے پڑنا۔ کان لگانا۔

اِقْتَبَّ۔ الشَّیْءَ: کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑنا۔

الْقَبَّث: مص۔ جھوٹ۔ اسپغول یا اسپغول خشک۔ ایک قسم کا جنگلی دانہ ہے جس کو دیہاتی کوٹنے اور پکانے کے بعد کھاتے ہیں۔ واحد (قَبَّثَة)

الْقَبَّات: ایک قسم کی نباتات۔

الْقَبَّات والْقَبُّوت: چغل خور۔ اِمْرَاَة قَبَّاتَة وقَبُّوت: چغل خورن۔

الْقَبْقَبِی: چغل۔ رَجُلٌ قَبْقَبِی: چغل خور مرد۔ قول (مَقْبُوت ومُقَبَّث) جھوٹا قول۔

قَبَّهَ (ن) قَبًّا: بھنی ہوئی آنت کھلانا۔

اَقْتَبَ۔ الْبَعِیْرَ: اونٹ پر پالان باندھنا۔..... یَمِیْنًا: سخت قسم دینا..... الدَّیْنُ: گراں بار و بوجھل کر دینا۔

الْقَتَب: آنتیں (مذکر اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے) جو پیٹ کے اردگرد ہو۔ پالان۔ ج اَقْتَاب۔

الْقَتَبَة: آنتیں۔ ج اَقْتَاب۔

الْقَتَب: کجاوہ۔ آنتیں۔ ج اَقْتَاب کہا جاتا ہے "هُوَ قَتَبٌ یَعَضُّ بِالْغَارِبِ" یعنی وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے۔

الْقَتِب: تنگ خو۔ جلدی غضبناک ہونے والا۔

الْقَعُوْبَة: وہ اونٹ جس پر پالان ہو۔

رَجُلٌ (مُقَتَّبُ) الْكَاهِلِ: ٹیڑھے کندھے والا مرد۔

قَتَدَ۔ الْقَتَادَ: قتاد کے کانٹے دور کر کے اونٹوں کو چارہ دینا۔

قَتَدَ۔ الْقَتَادُ: قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا۔

الْقَتَاد: ایک درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کی مانند ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مِنْ دُوْنِ هٰذَا الْاَمْرِ خَرْطُ الْقَتَادِ" یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کانٹا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مراد اس کے چھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دور کرنا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

القَتَد والقِتَد : کباڑہ کی لکڑی۔ ج اَقْتَاد واَقْتُد وقُتُوْد.
قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا وقُتُوْرًا. عَلٰی عِیَالِہٖ : بال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ صفت (قَاتِر وقَتُوْر واَقْتَر) .....الشَیْ : بعض کو بعض سے ملانا۔
.....الدِرْعَ : زرہ میں میخوں کے سرے بنانا۔
.....الاَمْرِ : لازم ہونا (..... قَتْرًا وقَتَرًا وقُتُوْرًا) مَابَیْنَ الاَمْرَیْنِ : تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔
قَتِرَ الرَجُلُ : روزی کا تنگ ہونا۔
قَتَر (ن ض) قَتْرًا وقُتُوْرًا وقَتِرَ (س) قَتَرًا. البَخُوْرُ واللَحْمُ : بدبودار ہونا..... النَارُ : دھوئیں والی ہونا۔
قَتَّرَ. عَلٰی عِیَالِہٖ : نان ونفقہ میں تنگی کرنا۔ اللَحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا.....الصَیَّادُ لِلاَسَدِ : شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا.....ہ : خاک پر پچھاڑنا..... الشَیْ : ایک دوسرے کے قریب کرنا..... الرَجُلُ : پکی ہوئی چیز کی بُو تیز کرنا..... الوَحْشَ : اونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تاکہ شکاری کی بُو محسوس کر کے بھاگ نہ جائے.....مَابَیْنَ الاَمْرِین : اندازہ کرنا۔
اَقْتَرَ : مال کم ہونا.....عَلٰی عِیَالِہٖ : نان ونفقہ میں تنگی کرنا.....الشَیْ : لازم ہونا.....اللّٰہ رزقہ : روزی تنگ کرنا.....النَارَ : دھوئیں والی کرنا۔ اَقْتَرَتِ المَرْاَۃُ : عود کی دھونی دینا۔
تَقَتَّرَ : غضبناک ہو کر آمادۂ جنگ ہونا۔
.....لِلصَیْدِ : شکار کے لئے قترہ میں چھپنا۔ (دیکھئے قُتْرَۃ)..... فُلَانًا : فریب دینے کا ارادہ کرنا.....عَنْہُ : جدا ہونا.....الاَمْرَ : آمادہ ہونا.....لِلاَمْرِ کَذَا : نرمی برتنا۔
تَقَاتَرَ. القَوْمُ : ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اَقْتَرَ. الصَائِدُ : شکاری کا قترہ میں چھپنا (دیکھئے قُتْرَۃ)

القَتْر : مص۔ زندگی بسر کرنے کے قابل۔ اندازہ۔
القِتْر : تیر کا پھل۔ چھوٹا تیر۔ تیر کمانے جو نشانے پر پھینکا جائے۔
القَتَر : گردوغبار۔ اندازہ۔
القُتْر والقُتْر : گوشہ وجانب ج اَقْتَار : قطر میں ایک لغت ہے۔
القَتِر : متکبر۔ مغرور۔
القَتِرَۃ. قَتَر : کا اسم مرۃ۔ گردوغبار۔
القِتْرَۃ. قَتَر : کا اسم نوع۔ القِتْر : کا واحد۔
اَبُوْ قِتْرَۃَ : ابلیس کی کنیت۔ اِبْنُ قِتْرَۃَ : ایک خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں۔ ج بَنَاتُ قِتْرَۃ. قترۃ : ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے۔
القُتْرَۃ : شکاری کا مچان۔ زرہ کا حلقہ۔ تنگی عیش۔ روشن دان۔ قَتَرَۃُ البُسْتَان : باغ کی نالی۔ قَتَرَۃُ البَابِ : دروازہ میں بند کرنے کی جگہ ج قَتَر.
القُتَار : پختہ چیز کی بھاپ۔ بخور یا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بُو۔
القَتِیْر : زرہ کی میخوں کے سرے۔ زرہ۔ بڑھاپا یا بڑھاپے کی ابتداء۔
القَاتِر والقَتُوْر والاَقْتَر : بخیل۔ جو بال بچوں پر نان ونفقہ میں تنگی کرے۔ کہا جاتا ہے "سَرْجٌ" (قَاتِرٌ ومُقْتِر) آرام دہ زین جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے۔ "لَحْمٌ قَاتِر" یعنی وہ گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بُو ہو۔
الاَقْتَر : خاکستری رنگ والا۔
القَتِیْر : مص۔ قوت لایموت۔
قَتَعَ (ف) قُتُوْعًا : ذلیل ہونا۔
قَاتَعَہٗ مُقَاتَعَۃً : مقاتلہ کرنا۔
القِتْع : شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو۔
القَتَع : ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے۔ واحد (قَتَعَۃ) اور کہا گیا ہے کہ قَتَع

القَصَعَۃ : ذلیل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ (اَقْمَعُ مِنْ) قَصَعَۃٍ" یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے۔ مؤنث قَصْعَاءُ. ج قِصَع.
قَتَلَہٗ (ن) قَتْلًا وتَقْتَالًا : مارڈالنا۔ صفت (قَاتِل) ج قَاتِلُوْن وقَتَلَۃ وقُتَّال. کہا جاتا ہے "قَتَلَہٗ بِاَخِیْہِ" یعنی اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا۔ قَتَلَ الخَمْرَۃَ : شراب میں پانی ملانا. الجُوْعَ او البَرْدَ : بھوک یا سردی کی تیزی کو توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَہُ اللّٰہُ" یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام مدح وثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "قَتَلَ الشَیْءَ خُبْرًا" یعنی اس نے علم کے لحاظ سے احاطہ کر لیا "وقَتَلَ غُلَیْلَہٗ" یعنی اس نے اسے بجھایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہو گئی۔
قَتَّلَ. القَوْمَ : بہت لوگوں کو قتل کرنا۔
قَاتَلَہٗ قِتَالًا وقِیْتَالًا ومُقَاتَلَۃً : جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا.....ہُ اللّٰہُ : لعنت کرنا۔ اور موقع استحسان پر کہا جاتا ہے "قَاتَلَہُ اللّٰہُ مَا اَشْعَرَہٗ" مراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بددعا۔
اَقْتَلَہٗ : قتل کے لئے پیش کرنا۔
تَقَتَّلَ : چلنے میں لچکنا.....لِلاَمْرِ : مہلت دینا .....لِفُلَانٍ : جھکنا۔ فرمانبردار ہونا. تَقَاتَلَ واقْتَتَلَ القَوْمُ : باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔
اِسْتَقْتَلَ : قتل ہونے کے لئے سر جھکانا (جیسا اِسْتَسْمَاتَ) قتل کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنا۔ فِی الاَمْرِ : کوشش کرنا۔ جوکھوں میں ڈالنا۔
القَتْل : مص القَتْلُ العَمَد : قتل جو مقصود ہو۔ القَتْلُ الخَطَا : قتل جو غیر مقصود ہو۔
القِتْل : دشمن۔ دوست۔ ہمسر۔ نظیر۔ بہادر ج اَقْتَال اور کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَقِتْلُ شَرٍّ" وہ شر کا جاننے والا ہے۔
القِتْلَۃ : قتل کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے

marfat.com
Marfat.com

فَتَلَهُ "ف" اس کو بٹ کر رسی بنائی۔ اس کو مروڑ کر
قتل کیا۔
الفَتَال: قس۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ
ذَاتُ فَتَلٍ" مضبوط اونٹنی۔
الفَتُول: بہت قتل کرنے والا (مذکر و مؤنث)
ج فُتُل وفُتُل۔
الفَتِيل: مفتول (مذکر و مؤنث) ج فَتْلَى
وفُتَلَاءُ وفَتَالَى۔
المَفْتَل: جسم کا وہ عضو مثلاً کنپٹی کہ جس پر
ضرب کنپٹی سے آدمی نہ بچے۔ قتل کی جگہ۔
قتل ج مَقَاتِل۔
المُقَاتِلَة: لڑنے والی جماعت۔ تانیث
کے لئے جماعت کی تاویل کی وجہ سے ہے
واحد (مُقَاتِل)
المُقْتَل: میدانِ جنگ۔
المُقْتَل: تجربہ کار۔ باخبر۔ دل جس کو عشق
نے ہلاک کر دیا ہو۔
قَتَمَ (ن) قُتُومًا وقَتِمَ (س) قَتَمًا.
القُتْمَة: غبار کا جمع ہونا۔
قَتِم (ض) قَتَمَةً وقُتُومًا: سیاہی مائل ہونا
(..... قُتُومًا) وَجْهُهُ: چہرے کا متغیر ہونا۔
قَتَمَ. اليَوْمُ: بہت غبار والا دن۔
اِقْتَمَّ اِقْتِمَامًا. الشَّيْءُ: کالا ہونا۔ سیاہی مائل
ہونا۔
القَتَم: مٹی۔ غبار۔
القَتَام والقَتَمَة: کالا غبار۔ لڑائی کا غبار۔
تاریکی۔ سیاہی۔
القَاتِم: قاتم کہا جاتا ہے "أَسْوَدُ قَاتِم:
بہت کالا۔ ج قُوَاتِم.
الأَقْتَم: سیاہی مائل۔ بھورا۔
خَبَاضُ مُقْتِم: موت کا گڑھا۔
قَتَنَ (ن) قُتُونًا. السَّمَكُ: مچھلی کا خشک
ہونا۔ اس کی تری کا زائل ہونا۔
قَتُنَ (ک) قَتَانَةً وأَقْتَنَ: کم خوراک ہونا۔
دُبلا ہونا۔
القَتَان والقُتَان: گرد و غبار۔
القَاتِن: قاتم۔ سیاہی مائل۔ کہا جاتا ہے "أَسْوَدُ

القِتْر: بہت سیاہ۔
القَتُون: کم خوراک (مذکر و مؤنث) خوار و
ذلیل۔ دبلا پتلا۔ باریک تیز۔ چھری۔
القَتَن: ایک قسم کی چوڑی چھل۔
قَتَا يَقْتُو قَتْوًا وقَتًا وقَتَى وقَتِيَ مَقْتًى
المَلُوكَ: اچھی خدمت کرنا۔ منت (قلت)
القَتْوَة. التَّقَتُّل: خدمت لینا (اور یہ شاذ
ہے اس لئے کہ الفِعَال لازم ہے)
القَتْوَة: قتا کا اسم مرۃ۔ چقل۔
المَقْتِي: جو خوراک پر خدمت کرے اور اکثر
بادشاہ کے خدام کے لئے استعمال کیا جاتا
ہے۔ ج مَقْتُوُون ومَقَاتِيَة ومَقَاتِيَة.
المَقْتُوِيّ: بمعنی مَقْتِي.
قَتَّ (ن) قَتًّا. الشَّيْءَ: کھینچنا..... الإِبِلَ:
اونٹ کو پانی پلانا (..... والقَتُّ) الشَّجَرَ:
درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔ قَتٌّ.
(ن) قَتَّا وقِتَاتًا. المَالَ: بکثرت جمع کرنا۔
القُتَاث: سامان۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ
بِقُتَاثِهِم وقُتَاثِيهِم" قوم مع اپنے ساز و
سامان کے آ گئی۔
القُتَاث: چقل خور۔
القَتَقَة والقَتِيقَة والمَقَتَة: لوگوں کی
جماعت۔
اِقْتَأَ. المَكَانُ او القَوْمُ: بہت ککڑی والی
ہونا۔
القِثَّاء والقِثَّاء: ککڑی۔ واحد (قِثَّاءَة قِثَاءَة
الحِمَار) کریلا۔
المَقْثَأَة والمَقْثُوءَة: ککڑی کی جگہ۔ ج
مقاثی کہا جاتا ہے "أَرْضٌ مَقْثَأَة ومَقْثُوءَة"
ککڑی والی سرزمین۔
اِقْتَرَ. الشَّيْءَ: کمر کے لئے سامان بنانا۔
تَقَتَّرَ: بدل ہونا۔ ڈرنا۔ خوف زدہ ہونا۔
القَتْرَة: گھر کا سامان۔
القُتْرُد والقِتْرِد والقَتْرَد: گھر کا سامان۔
القَتْرَد والقُتْرَد القُتَار: گھر کے بہت
سامان والا۔ بہت بکریوں والا۔
القِتْرِد: انگور کی جڑ میں خشک کوڑا کرکٹ

لوگوں کی جماعت۔
القَتَارِد: بیل کے دامن۔
قَتَقَتْ قَتْقَتَةً. الوَقَد: کوئلے کو اکھیڑنے کے
لئے حرکت دینا..... السِّكْبَالَ: ناپ پورا
کرنا۔
قَثَمَ (ض) قَثْمًا. الشَّيْءَ: شیر کے پاخانہ
سے تھوڑا (..... والقَثَم) المَالَ: بہت لینا۔
اِقْتَثَمَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا..... الشَّيْءَ: جڑ سے
اکھیڑنا۔
قَثَمَ (ن) قَثْمًا. لَهُ مِنَ المَالِ: یکبارگی
دینا..... فِي مَشْيِهِ: سست چلنا۔
قَثِمَ (س) وقَثُمَ (ک) قَثَمَةً وقَثَمًا: شیر
کے پاخانہ سے تھوڑنا۔
قَثُمَ (س) قَثَمًا وقَثَامَةً: گرد آلود ہونا۔
القَثَم والقَثُوم: خیر یا شر کا جمع کرنے والا۔
القَثَم: بہت دینے والا (قَاثِم) سے معدول
ہے)
القَاثِم: قاثم۔ دینے والا۔
القُثْم: کنجوس لوگ۔
القُثَمَة: خاکستری رنگ۔
قَثَام: مٹی بر کسرہ۔ مادہ بجو۔ بہت مال غنیمت
قَثَا يَقْثُو قَثْوًا وقَثَى يَقْثِي قَثْيًا واقْتَثَى
المَالَ: جمع کرنا۔
القَثَا: ایسی چیزوں کا کھانا جس سے کھانے
میں آواز نکلے جیسے ککڑی وغیرہ۔
قَحَّ (ن) قُحُوحَةً وقَحَاحَةً: خالص ہونا۔
القُحّ: خالص کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيمٌ قُحٌّ
وعِرَابِيٌّ قُحٌّ" فلاں خالص کریم اور خالص
اعرابی ہے ج أَقْحَاح. القَحّ: سخت اور
بدخو۔ مؤنث قَحَّة: کہا جاتا ہے أَعْرَابِيَّةٌ
قَحَّةٌ.
القُحَاح: خالص۔
قَحَبَ (ن) قَحْبًا وقُحَابًا وقَحَبَ:
کھانسنا۔ قَحَبَتِ المَرْأَةُ: عورت کا بدکار
ہونا۔
القَحْبُ: سن رسیدہ کھانسی والا۔
القَحْبَة: قحب کا مؤنث۔ بدکار۔ زانیہ۔

marfat.com
Marfat.com

بڑھیا۔ ج فِحَاب.
فَحَتَ (ف) فَحْتًا. الشَّیْءَ: کل لینا۔
فَحَدَ (ف) فَحْدًا وَاَفْحَدَ. البَعِیْرُ: بڑے کوہان والا ہونا۔
اِسْتَفْحَدَتِ. النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
نَاقَةٌ فَحِدَةٌ وَمِفْحَادٌ: بڑے کوہان والی اونٹنی ج مَفَاحِیْد.
الفَحَدَة: کوہان یا کوہان کی جڑ۔ ج فِحَادٌ وَاَفْحُد.
القَحَّاد: وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔
المَفْحَدَة: کوہان کی جڑ۔
فَحِزَ (ف) فَحْزًا: کودنا۔ رنجیدہ ہونا۔ مضطرب ہونا(..... فَحُوْزًا) مُردہ کی طرح کرنا(..... فَحْزًا وَفُحُوْزًا وَفَحَزَ) بِهٖ: پچھاڑنا۔ فَحَزَهٗ فَحْزًا وَفَحَزَهٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا(فَحَزَ فَحْزًا وَفُحُوْزًا وَفُحَزَانًا) الرَّجُلَ: ہلاک کرنا۔
فَحْزٌ وَتَفَحُّزٌ. لَهُ الکَلَامَ: سخت کلامی کرنا۔
القَاحِزَات: سختیاں۔
القُحَازَة: پرندوں کے پھنسانے کا جال۔
التَّفْحِیْز: مص۔ دھمکی۔ وعید۔ برائی۔
جُوْعٌ مُفْحِزٌ: سخت بھوک۔
فَحَطَ (ف) فَحْطًا: سخت مارنا۔
فَحَطَ (ف) فَحْطًا وَفَحِطَ (س) فَحَطًا المَطَرُ: بارش رکنا۔
فَحَطَ (ف) وَفَحِطَ (س) فَحْطًا وَفَحَطًا وَفُحُوْطًا وَفُحِطَ وَاَفْحَطَ العَامُ: بارش رکنا اور خشک سالی ہونا۔ صفت فَاحِطٌ ج فَوَاحِط وَاَفْحَطَ اللّٰهُ الاَرْض: قحط ڈالنا۔ اَفْحَطَ النَّاسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔
فَحِطَ وَفُحِطَ وَاَفْحَطَ البَلَدُ: بارش رکنا۔ خشک سالی والا ہونا۔
فَحَّطَ النَّخْلَةَ: درخت خرما میں گابھا دینا۔
عَامٌ فَحِطٌ وَفَحِیْطٌ وَمَفْحُوْطٌ: خشک سال۔
سَنَةٌ فَحِیْطٌ: خشک سال۔

اَلمِفْحَطَةُ: آلہ فحط
المِفْحَط: نہ تھکنے والا گھوڑا۔
فَحَفَهٗ (ف) فَحْفًا: کھوپڑی کا ٹنا یا توڑنا۔
.....الشَّیْءُ: بہالے جانا.....مَا فِی الاِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا.....الحَبَّ: دانے کو بکھیرنا۔
.....الرِّمَانَةَ: انار چھیلنا۔ چھلکا اتارنا(..... فَحَافًا) کھانسنا۔
اِفْتَحَفَ. مَا فِی الاِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا.....السَّیْلُ کُلَّ شَیْءٍ: بہالے جانا۔
القِحْف: کھوپڑی۔ کھوپڑی کا جو حصہ ٹوٹ کر جدا ہو جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ ج اَقْحَاف وَقُحُوْف وَقِحَفَةٌ: کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِاَقْحَافِ رَاْسِهٖ" اس نے اس پر بڑے بڑے کام ڈال دیئے۔ اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کر دیا۔ "فُلَانٌ مَالَهٗ قِدٌّ وَلَا قِحْفٌ" فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں قد چمڑے کے پیالہ کو کہتے ہیں۔
القِحَاف: ڈگڈگا کے پینا۔
القُحَاف: بہالے جانے والا سیلاب۔
القُحَافَة: ہر وہ چیز جس کو لے کر تم چست ہو جاؤ۔
القَاحِف: قا۔ ج قُحُف.
عَجَاجَةٌ قَحُفَاءُ: آندھی جو سب چیز کو اڑا لے جائے۔
المِقْحَفَة: وہ لکڑی جس سے دانے کو بکھیرا جائے۔ ج مَقَاحِف.
قَحَلَ (ف) قُحُوْلًا وَقَحِلَ (س) قَحْلًا وَقَحَلًا وَقُحِلَ. الشَّیْءُ: خشک ہونا۔ صفت قَاحِلٌ وَقَحْلٌ وَقَحِلٌ وَاِنْقَحَلَ: اور اسی سے ہے قَحَلَ الشَّیْخُ: یعنی ہڈیوں پر کھال خشک ہو گئی اور بہت بوڑھا ہو گیا "کَیْفَ نَرُدُّ شَیْخَکُمْ قَدْ قَحَلَ" یعنی ہم تمہارے شیخ کو کیسے واپس کر سکتے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مر گیا اور اس کی کھال خشک ہو گئی۔
اَقْحَلَ الشَّیْخُ: [illegible]

اَلسَّمُوْمُ: دوزخ نے اس کی کھال کو خشک کر دیا۔
قَاحَلَهٗ مُقَاحَلَةً: لازم ہونا۔
تَقَحَّلَ. الشَّیْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے خشک کھال والا ہونا۔ تَقَحَّلَ فِیْ لِبْسِهٖ وَحَالِهٖ: برے لباس اور حال والا ہونا۔
القَاحِل: فا.....مِنَ الجُلُوْدِ: خشک کھال۔
القُحَان: بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال خشک ہو جاتی ہے۔
القُحُوْلَة: خشکی۔
المُتَقَحِّل. مِنَ الرِّجَالِ: خشک کھال والا۔ بدحال۔
قَحَمَ (ن) قَحْمًا وَقُحُوْمًا فِی الاَمْرِ: کسی معاملے میں بلا سوچے سمجھے گھس پڑنا..... اِلَیْهِ: قریب ہونا۔
قَحَمَ (ف) قَحْمًا. المَفَاوِزَ: بیابان طے کرنا۔
قَحَّمَهٗ وَاَقْحَمَهٗ. فِی الاَمْرِ: معاملہ میں بلا سوچے سمجھے داخل کرنا۔ "قَحَّمَ القَوْمُ رَاکِبَهٗ" گھوڑے کا سوار کو چرے کے بل گرانا۔ اَقْحَمَ فَرَسَهُ النَّهْرَ: گھوڑے کو نہر میں زبردستی داخل کرنا..... الکَلِمَةَ: کسی کلمہ کو دو متلازم کلمے مثلاً مضاف مضاف الیہ کے درمیان داخل کرنا جیسے جُلُ کا لفظ یَدَیْ رَجُلٍ مَنْ قَالَهَا کے درمیان اس قول لَعَنَ اللّٰهُ یَدَیْ رَجُلٍ مَنْ قَالَهَا کی ترکیب یوں ہے۔
قَطَعَ اللّٰهُ یَدَ مَنْ قَالَهَا وَرِجْلَهٗ.
اُقْحِمَ. القَوْمُ: قحط سالی کی وجہ سے علاقہ ملک کو چھوڑ کر کسی سرسبز و شاداب جگہ چلا جانا۔
تَقَحَّمَ. الفَرَسُ النَّهْرَ: گھوڑے کا نہر میں داخل ہونا۔ گھسنا..... الفَرَسُ رَاکِبَهٗ: گھوڑے کا سوار کو چرے کے بل گرانا۔ اَقْحَمَ الاَمْرَ: کسی معاملے میں اپنے کو [illegible] ساتھ ڈال دینا۔
اِقْحَمَ الاَمْرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو [illegible]

marfat.com
Marfat.com

کے ساتھ ڈالی جاتی ہے۔

.....فَحَتَ : خارش کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَحَصَتْهُ عَيْنِي" میری آنکھوں نے اس کو ذلیل سمجھا۔ الفَحْمُ المَنْزِلَ : ہجوم کرنا..... النَّجْمُ : ستارے کا غائب ہونا۔ غروب ہونا (.....والفحص) بے سوچے سمجھے گھس پڑنا۔

الفَحِيمُ : مص۔ بہت بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ دُبّا۔ مؤ۔ ش فحمة ج فِحام.

الفُحْمَة : دشوار کام۔ ہلاکت۔ تحا ج فُحَم.

.....الفُحْمَة : بے سوچے کام میں مشغول ہونا۔ بے سوچے سمجھے سفر کو چل پڑنا۔ فُحَمُ الطَّرِيقِ : راستہ کی دشواریاں۔ الفُحم مِنَ الخُصُومَاتِ : وہ جو انسان کو مکروہات پر برانگیختہ کریں۔ کہا جاتا ہے "لِلْخُصُومَةِ فُحَمٌ" ..... الفُحْمُ مِنَ الشَّهْرِ : مہینے کی آخری تین راتیں۔

الفَحامَةُ والفُحُومَةُ : بہت بڑھاپا۔

الفَحُوم : بہت بوڑھا۔

المِفْحَام. فاجم : کا اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو سخت مصیبتوں میں گھس پڑے۔ ج مَفَاجِم.

المَفَاجِم : ہلاکتیں اور مفرد فَحْمَة : یہ جمع خلاف قیاس ہے جیسے مَلَامِح جمع لمَحْة کی۔

المُفْحَم : مفع۔ کمزور وہ اعرابی جس کی پرورش جنگل میں ہوئی ہو۔

فَحَا يَفْحُو فَحْوًا. الدَّوَاءَ : دوا میں گل بابونہ ڈالنا..... والفحص) المَال : کل مال لے لینا۔

أَفْحَتَ. الأَرْض : گل بابونہ والی ہونا۔

المِفْحَاة : پھاوڑا۔

الفُحْوَان والأَفْحُوَان : گل بابونہ۔ واحد۔ فُحْوَانَة وأُفْحُوَانَة. ج أَفَاحِي وأَفَاحٍ : اور اس کی تصغیر أُفَيْحَان : ہے اور اس کا واحد أُفَيْحَانَة فُحْوَانَة : سے دانتوں کو تشبیہ دیا کرتے ہیں۔ أَفَاحِيُّ الأَمْرِ : کام کے اوائل۔

فَدَّ : معانی ذیل میں مستعمل ہیں۔

(۱) بمعنی حسب جیسے فَدَّ زَيْدٍ دِرْهَمٌ : اور کبھی معرب ہوتا ہے جیسے فَدْ زَيْدٍ دِرْهَمٌ : یعنی زید کے لئے ایک درہم کافی ہے اور فَدِئ دِرْهَمٌ : بکسر نون وقایہ کے جیسے حَسْبِيْ دِرْهَمٌ.

(۲) اسم فعل بمعنی کفنی یا یکفی : جیسے قَدْنِي دِرْهَمٌ بمعنی يَكْفِينِي دِرْهَمٌ : ان سب صورتوں میں فَدْ اسم ہے۔

(۳) مضارع کے ساتھ توقع کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ يُقْدِمُ الغَائِبُ اليَوْمَ : توقع ہے کہ غائب آج آجائے اور کبھی تقلیل کا جیسے قَدْ يَصْدُقُ الكَذُوبُ : جھوٹا آدمی کبھی سچ بولتا ہے۔

اور ماضی کے ساتھ تحقیق کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ أَفْلَحَ مَنِ اتَّقَى اللّٰهَ : جو اللہ سے ڈرا۔ اس نے یقیناً فلاح پائی۔ قرآن میں ہے قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا. قَدْ أَفْلَحَ المُؤْمِنُونَ.

اور حال سے قریب کرنے کے لئے جیسے قَدْ قَامَ فُلَانٌ : جبکہ قیام زمانہ قریب میں ہی ہو چکا ہو اور کبھی مضارع کے ساتھ تکثیر کا فائدہ دیتا ہے جیسے قَدْ أَشْهَدُ الغَارَةَ الشَّعْوَاءَ تَحْمِلُنِي : مراد یہ ہے کہ میں لوٹ میں بہت حاضر ہوا کرتا ہوں۔

قَدَّ (ن) قَدًّا وقَدَدًا. الشَّيْءَ : چمڑے کا کاٹنا۔ لمبائی میں پھاڑنا یا کاٹنا۔ تم کہتے ہو قَدَدْتُ الشَّيْءَ نِصْفَيْنِ اور کبھی مفعول ثانی پر با کی زیادتی کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے قَدَدْتُ الشَّيْءَ بِنِصْفَيْنِ. قَدَّ المُسَافِرُ الفَلَاةَ : بیابان طے کرنا۔ قَدَّ الكَلَامَ : بات کاٹنا۔ قَدَّ اللَّحْمَ : لوتھڑے کرنا اور خشک کرنا۔

قُدَّ : درد و شکم والا ہونا۔

تَقَدَّدَ : پھٹنا..... القَوْمُ : قوم کا متفرق ہونا ..... الشَّيْءُ : خشک ہونا..... الثَّوْبُ : کٹ جانا اور پرانا ہونا..... القَوْمُ : مختلف الرائے فرقے ہونا..... الثَّوْبُ عَلَيْهِ : کپڑا اس پر اندازہ اور طول کے مطابق ہونا۔

انْقَدَّ : پھٹنا۔

إِنْقَدَّ. الشَّيْءُ : بمعنی قَدَّ..... الشَّيْءُ : پھٹنا۔

.....الأَمْرُ : تدبیر کرنا۔ تمیز کرنا۔

اِسْتَقَدَّ. الأَمْرُ : برابر ہونا۔ ہمیشہ ہونا۔

القَدُّ : مص۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلَى قَدِّ ذَاكَ" یعنی اس کے مقدار ہے۔ قامت۔ چابک۔ بکری کے بچہ کی کھال۔ ج أَقُدّ وقُدُود وقِدَاد أَقِدَّة.

القِدّ : چمڑے کا برتن۔ تسمہ۔ کاٹی ہوئی چیز۔ چابک کہا جاتا ہے "مَالَهُ قِدٌّ ولَا قِحَفٌ" اس کے پاس نہ تو چمڑے کا برتن ہے اور نہ لکڑی کا۔ جو کنایہ ہے اس بات سے کہ اس کے پاس کچھ نہیں۔ ج أَقِدّ.

القُدّ : ایک سمندری مچھلی جس کی ایک قسم سے تیل نکالا جاتا ہے۔

القِدَّة : تسمہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ مختلف الرائے فرقے۔ ج قِدَد وأَقِدَّة. : قرآن مجید میں ہے كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا" یعنی ہم مختلف الرائے فرقے تھے۔

القَدَاد : جنگلی چوہا۔ سمی۔

القُدَاد : پیٹ کا درد۔

القَدِيد : کاٹا ہوا اور خشک کیا ہوا گوشت۔ پرانا کپڑا۔

القُدَيْد : چھوٹا ٹاٹ۔

القَدِيدِيُّون : فوج کے توابع۔ جیسے درزی' نائی وغیرہ۔

المَقَدّ : راستہ۔ ہموار جگہ۔

المِقَدّ والمِقَدَّة والمُقَدّ : کاٹنے کی چھری۔

المَقْدُود : ضعیف' کمزور۔

القَيْدُود : لمبی پیٹھ کی اونٹنی۔ ج قَيَادِيد.

قَدَحَ (ف) قَدْحًا. فِي عِرْضِهِ : طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "قَدَحَ فِي سَاقِ أَخِيهِ" اس نے اپنے بھائی کو دھوکا دیا "قَدَحَ الشَّيْءُ فِي صَدْرِي" اس چیز نے دل میں اثر کیا "قَدَحَ غُلَامٌ

marfat.com
Marfat.com

الخَابِيَةِ" مٹکے کی مہر کو توڑ دیا۔
.....الدُّوْدُ فِیْ الْاَسْنَانِ او الشَّجَرِ : دانت یا درخت میں کیڑا لگنا۔ قَدَحَتِ العَیْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔
.....الشَّیْءَ : چلو لینا.....الطَّبِیْبُ العَیْنَ : آنکھ کے اندرونی حصہ سے پانی نکالنا۔
فِی الْقِدْحِ : تیر کے پھل میں سوراخ کرنا۔
قَدَحَ واِقْتَدَحَ. بِالزَّنْدِ : چقماق سے آگ نکالنا۔ عرب کے امثال سے ہے "اَضِئْنِی لِی اَقْدَحْ لَکَ" یعنی تم میرے لئے ہو جاؤ میں تمہارے لئے ہو جاؤں گا۔ قَدَحَ واِقْتَدَحَ المَرَقَ: شوربا نکالنا.....القِدْرَ : چمچہ سے نکالنا.....واِقْتَدَحَ الاَمْرَ : معاملہ کی تدبیر کرنا۔
قَدَّحَ الفَرَسَ : گھوڑے کو دلا کرنا۔
قَدَّحَتِ العَیْنُ : آنکھ کا دھنسنا۔
قَادَحَہٗ وتَقَادَحَا : ایک دوسرے پر طعن و تشنیع کرنا۔
اِسْتَقْدَحَ. زِنَادَہٗ : چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا۔
القَدْح : مص۔ دانت یا لکڑی کا کیڑا۔
القِدْح : تیر بغیر پر اور نصل کے۔ جوئے کا تیر۔ ج قِدَاح واَقْدُح واَقْدَاح وقِدْحَان و ج اَقَادِیْح کہا جاتا ہے "صَدَقَھُمْ وسَمَ قِدْحِہٖ" یعنی ان سے سچ کہا۔
القَدَح : پینے کا برتن۔ چھوٹے اور بڑے دونوں کے لئے بولا جاتا ہے اور قدح خالی برتن کو کہتے ہیں اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں کہا جاتا ہے "لَا تَجْعَلُوْنِی کَقَدَحِ الرَّاکِبِ" یعنی مجھ کو آخری مت بناؤ۔ اس لئے کہ سوار سارے سامان کے رکھنے کے بعد پیالہ کو آخر میں لٹکاتا ہے اور القَدَحُ الفَرْدُ : کنایہ ہے لے پالک سے۔ ج اَقْدَاح. القَدَح: اسم ہے۔ اِقْتِدَاحُ النَّارِ سے۔
القِدْحَة. قَدح : کا اسم نوع۔
القُدْحَة. مِنَ المَرَق : چمچہ بھر۔

القِدَاحَة : پیالہ بنانے کا پیشہ۔
القَادِح : فا۔ دانت یا درخت کی سیاہی یا کیڑا۔ لکڑی میں شگاف۔
القَادِحَة : قادح کا مؤنث۔ درخت یا دانت کا کیڑا۔ ج قَوَادِح کہا جاتا ہے "حُمّٰی قَادِحَۃٌ" بہت تیز بخار۔
القَدَّاح : کاسہ گر۔ تروتازہ پودے کے اطراف۔ نباتات کے شگوفے کھلنے سے پہلے (..... والقَدَّاحَة) چقماق کا لوہا۔
اَلْقَدَّاحَۃُ: سگریٹ جلانے کیلئے لائٹر۔
القَدِیْح : شوربا یا وہ جو ہانڈی کی تلی میں رہ جائے اور مشکل سے چمچہ سے نکلے۔
الاَقْدَح والقَدُوْح : مکھی۔ رَکِیٌّ قَدُوْحٌ: وہ کنواں جس میں سے ہاتھ سے پانی لیا جا سکے۔
المِقْدَح والمِقْدَاحُ : چقماق۔ آگ نکالنے کا پتھر یا لوہا۔
المِقْدَح والمِقْدَحَة : چمچہ۔
اِقْدَحَرَّاقِدِ حُرَارًا. الرَّجُلُ : بدی یا گالی گلوچ یا لڑائی جھگڑے کے لئے تیار ہونا۔
قَدَرَ (ن ض) وقَدِرَ (س) قَدْرًا وقُدْرَۃً ومَقْدِرَۃً ومَقْدَرَۃً ومَقْدُرَۃً ومِقْدَارًا وقَدَارَۃً وقُدُوْرَۃً وقُدُوْرًا وقِدْرَانًا وقَدَارًا وقِدَارًا. عَلَی الشَّیْءِ : توانا ہونا' قوی ہونا۔
قَدَرَ (ض) قَدْرًا. الاَمْرِ : تدبیر کرنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق کرنا (.....قَدَارَۃً) الشَّیْءَ : تیار کرنا۔ وقت معین کرنا۔
قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا. الامر کَذَا : غور و فکر کرنا۔
قَدَر (ن ض) قَدْرًا وقَدَرًا. اللّٰہَ : تعظیم کرنا (..... وقَدَرَ) اللّٰہُ عَلَیْہِ الاَمْرَ وقَدَّرَ لَہٗ الاَمْرَ : فیصلہ کرنا۔ حکم لگانا۔ قَدَرَ الرِّزْقَ: تقسیم کرنا۔ قَدَرَ وقَدَّرَ عَلٰی عِیَالِہٖ : اہل و عیال پر نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ قَدَرَ عَلَی

الترجُّل : معاملہ کی درستی میں غور و فکر کرنا۔
وقَدَّرَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق بنانا۔
قَدُرَ (س) قَدَرًا: چھوٹی گردن والا ہونا۔
.....عَلَی الشَّیْءِ : قدرت رکھنا۔
قَدَّرَ واَقْدَرَ اللّٰہُ فُلَانًا عَلٰی کَذَا : قادر بنانا۔ واَقْدَرَ الاِنْسَانُ: ہانڈی میں پکانا۔
قَادَرَہٗ مُقَادَرَۃً : توانائی میں مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔ دوسرے کے کام کے مانند کام کرنا۔
بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ : ایک کا دوسرے سے مقدار معلوم کرنے کے لئے اندازہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُقَادِرُنِیْ" یعنی فلاں میرے ساتھ مساوات کا طالب ہے۔
تَقَدَّرَ. الثَّوْبُ عَلَیْہِ : کپڑے کا مقدار کے مطابق ہونا۔ لَہٗ کَذَا : آمادہ ہونا۔
تَقَادَرَ الرَّجُلَانِ : ہر ایک کا دوسرے کی مساوات کا طالب ہونا۔
اِنْقَدَرَ : اندازہ کے موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَدَرْتُ الثَّوْبَ فَانْقَدَرَ" یعنی میں نے کپڑے کا اندازہ کیا اور وہ اندازے کے موافق ہو گیا۔
اِقْتَدَرَ. عَلَیْہِ : قوی ہونا۔ قدرت پانا.....الرَّجُلُ : ہانڈی میں پکانا.....الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : اندازہ کرنا۔
اِسْتَقْدَرَ. اللّٰہَ خَیْرًا : خدا سے نیکی کا حصہ مانگنا۔
اَلْقَدْر : مص۔ چیز کی انتہا۔ بغیر کمی زیادتی کے برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا قَدْرُ ذَاکَ" یہ اس کے مماثل اور مساوی ہے۔ طاقت و قوت۔ عزت و وقار۔ توانگری۔
کندھے کا سرا۔ ج اَقْدَار.
﴿لَیْلَۃُ القَدْرِ﴾ : رمضان شریف کے آخری عشرہ میں کوئی طاق رات۔
القِدْر : ہانڈی (مؤنث) ج قُدُوْر اور اس کی تصغیر قُدَیْرَۃ وقُدَیْر.
القَدَر : مص۔ چیز کی انتہا۔ طاقت و قوت۔

marfat.com
Marfat.com

تقدیر الٰہی اور ارادہ کا تعلق اشیاء کے ساتھ ان کے اوقات میں۔ ج مقادیر۔
القادِر: فا۔ ہانڈی میں پکانے والا۔ ہانڈی کا پکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَنَا لَيْلَةٌ قَادِرَةٌ" ہمارے درمیان ایسی رات ہے جس میں چلنا آسان ہے۔
القَدَرِيَّة: ایک جماعت ہے جو تقدیر الٰہی کا انکار کرتی ہے اور کہتی ہے کہ بندے اپنے افعال اختیاریہ کے خود خالق ہیں اور جبریہ اس کے خلاف ہے۔
القُدْرَة: فعل یا ترک فعل کی طاقت۔
القَدَرَة: چھوٹی شیشی۔ دو درختوں کے درمیان کا تاصل۔
القَدَار والقِدَار: قدرت۔
القُدَار: میانہ قد مرد۔ چست و چالاک لڑکا۔ باورچی۔ ہانڈی میں پکانے والا۔ بڑا اژدہا۔
القَدُّور: پتھر جو پانی کے بہنے کی جگہ پر لگایا جائے۔
القَدَارَة والقُدُورَة: مصادر۔ اقتدار۔ قوت۔ توانگری۔
التَّقْدِيم: مص..... عند الذبح: گلہ کو حذف کرنا اور نیت میں باقی رکھنا..... عِنْدَ المتكلمين: ہر مخلوق کو اس کے اندازہ کے مطابق کرنا۔ تقدیر الٰہی۔ ج تَقَادِير.
القَدِير: قدرت والا اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ہانڈی میں پکا ہوا گوشت۔
الأَقْدَر: اسم تفضیل۔ پستہ قد اور کہا گیا ہے کہ چھوٹی گردن والا۔
القَدْرَاء: اقدر کا مؤنث۔ کان نہ بڑا نہ چھوٹا۔ بنو قَدْرَاء: اغنیاء۔
القِدّ: توانائی۔ اندازہ۔ پیمانہ ج مَقَادِيد.
المُقْتَدِر: فا۔ ہانڈی پکانے والا۔ کام کا ساتھی۔ ہر چیز کا وسط کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقْتَدِرُ الطُّوْلِ" مرد میانہ قامت۔

القَدَارَة: گھر مکان۔
المَقْدُور: طے۔ فیصل شدہ معاملہ کہا جاتا ہے "مَرَّ مَقْدُورٌ عَلَيْهِ" یعنی ایسا امر جس کے کرنے پر انسان قادر ہو۔
المَقْدَرَة المَقْدُرَة والقُدْرَة: قوت و توانگری..... المَقْدُرَة: قضاء وقدر۔ تقدیر الٰہی۔
قَدَسَ (ن) قُدْسًا وقُدُسًا: پاک ہونا۔ بابرکت ہونا۔
قَدَّسَ. اللّٰهُ فُلَانًا: پاک کرنا۔ بابرکت کرنا..... الرَّجُلُ اللّٰهَ: تنزیہ کرنا۔ قدوس ہونے کی صفت بیان کرنا..... الكاهِنُ عِنْدَ العَشَاءِ: عشاء ربانی ادا کرنا..... الرَّجُلُ: بیت المقدس میں آنا۔ قَدَّسَ لِلّٰهِ: پاکی بیان کرنا۔ اسی سے ہے "نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ ونُقَدِّسُ لَكَ".
تَقَدَّسَ: پاک ہونا۔ القَدَاسَة: پاکی۔
القُدْس والقُدُس: مصادر۔ القُدُس: بیت المقدس و روح القدس۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام۔ وخِيرَةُ القُدْس. جِنّت القُدُس: وہ پتھر جو پانی کی قلت و کثرت معلوم کرنے کیلئے کنوئیں میں ڈالا جائے۔
القُدْس والقُدُس: چھوٹا پیالہ۔
القَادِس: بڑی کشتی۔ پتھر جو اونٹ کے پانی پینے کی جگہ میں تقسیم کے لئے ڈالا جائے۔ ج قَوَادِيس..... بیت حرام۔ اندلس کا ایک جزیرہ۔
القَادُوس: چکی میں دانے ڈالنے کا برتن۔ عوام اسے کور کہتے ہیں۔ نہر سے پانی نکالنے کا برتن۔ ج قَوَادِيس.
القُدَاس: اونٹوں کے حوض کے پانی کا اندازہ کرنے کا پتھر۔ چاندی کا بنا ہوا موتی۔ بڑی شرافت۔ القَدِيس: موتی۔
القَدُوس: سخت اقدام کرنے والا۔ سخت حملہ کرنے والا۔
القُدُّوس والقُدُّوس: باری تعالیٰ کے اسماء میں سے ہے یعنی ہر نقص و عیب سے پاک۔
[illegible]

عند اللہ۔ مؤنث قَدِيسَة.
المَقْدِس: مکان مقدس۔ پاک جگہ۔ بیت المَقْدِس والبَيْتُ المُقَدَّس: یروشلم۔ نسبت کے لئے مَقْدِسِيّ ومُقَدَّسِيّ. أَرْض مُقَدَّسَة: مبارک زمین۔ الأَرْض المُقَدَّسَة: فلسطین۔
المُقَدَّس: فا۔ یہودی عالم۔ راہب۔
قَدَعَ (ف) قَدْعًا الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا۔
.....الأَمْرَ: کر گزرنا..... فَرَسَهُ بِاللِّجَامِ: گھوڑے کو لگام سے روکنا..... السَّفِينَةَ: کشتی کھینا..... الخَمْسِينَ مِنْ عُمْرِهِ: تجاوز کرنا..... مِنَ الشَّرَابِ: گھونٹ گھونٹ پینا..... الذُّبَابَ عَنْهُ بِكَذَا: کسی چیز سے مکھی کو دفع کرنا۔ قَدَعَهُ وأَقْدَعَهُ عَنْ كَذَا: روکنا۔ أَقْدَعَ الرَّجُلُ: گالی دینا۔
قَدِعَ (س) قَدَعًا: رکنا۔ باز رہنا۔ قَدِعَتْ عَيْنُهُ: زیادہ دیکھنے سے کمزور ہونا اور کہا جاتا ہے "قَدِعَتْ لِي خَمْسُونَ" میں تقریباً پچاس کی عمر کو پہنچ گیا۔
قَادَعَهُ بَصْرَهُ: کلیلیں کرنا۔
تَقَدَّعَ لَهُ بِالشَّرِّ: آمادۂ بدی ہونا۔
تَقَادَعَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا اور کھینچنا..... بِالرِّمَاحِ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔ تَقَادَعَ عَلَى الشَّيْءِ وفِيهِ: جوق جوق گرنا کہا جاتا ہے "تَقَادَعَ الذُّبَابُ فِي المَرَقِ" شوربے میں مکھیاں پے بہ پے گریں..... القَوْمُ: پے بہ پے مرنا۔
اِنْقَدَعَ: رکنا..... عَنِ الشَّيْءِ: شرم کرنا۔
القَدِع: بہت رونے والا۔ مَاءٌ قَدِعٌ: پانی جو کھاری ہونے کی وجہ سے پیا نہ جا سکے۔
اِمْرَأَةٌ قَدِعَةٌ وقَدُوعٌ: شرمیلی کم بولنے والی عورت۔
القَدَع: بزدلی۔ کثرت گریہ سے نگاہ کی کمزوری۔
القِدْعَة: چھوٹا سینہ بند۔ انگیا۔
القَدُوع: کسی چیز پر گرنے والا۔ ذلیل۔

marfat.com
Marfat.com

المُقَدَّع :جھری دار۔
المِقْدَعَة :مورچھل۔مکھی ہانکنے کی چوری لاٹھی جس سے ہانکا جائے۔
قَدَفَ (ن)قَذْفًا. المَاءَ :چلو لینا۔گرانا۔
القُدَاف :مٹی کا گھڑا۔بڑا پیالہ۔
اَلتَّقْدِيْفُ :بحریہ کے نزدیک تَقْذِيْفُ سے تحریف ہوا ہے۔یعنی کشتی کھیلنا۔کشتی کے مقابلہ میں جیت جانا۔المقذاف چپو :یہ لفظ مغذاف سے تحریف شدہ ہے۔
قَدَمَ (ن) قَدْمًا وقُدُوْمًا. القَوْمَ :قوم سے سابق ہونا۔
قَدِمَ (س) قُدُوْمًا ومَقْدَمًا وقَدَمَانًا المَدِيْنَةَ:شہر میں آنا.....مِنْ سَفَرِهٖ:سفر سے واپس ہونا.....اِلَى الاَمْرِ:قصد کرنا۔
قَدَمَ (ن) وقَدِمَ (س) قَدْمًا وقُدْمًا وقُدُوْمًا واَقْدَمَ عَلٰى قِرْنِهٖ :جرأت کرنا۔دلیری کرنا۔قَدِمَ واَقْدَمَ عَلَى الاَمْرِ :بہادری کرنا۔قَدِمَ واَقْدَمَ عَلَى العَيْبِ :عیب پر راضی ہونا۔اَقْدَمَ يَمِيْنًا :قسم کھانا۔
اَقْدَمَ فُلَانًا :آگے بڑھانا۔اَقْدَمَهُ البَلَد :شہر کے آنے پر برانگیختہ کرنا۔
قَدُمَ (ک) قِدَمًا وقَدَامَةً :پرانا ہونا۔حدث کا ضد ہے۔صفت قَدِيْم وقُدَام.
قَدَّمَ القَوْمَ :قوم سے سابق ہونا۔قَدَّمَهُ: آگے کرنا۔قَدَّمَ يَمِيْنًا :قسم کھانا.....بَيْنَ يَدَيْهِ: آگے بڑھنا.....اِلَيْهِ بِكَذَا :حکم دینا .....قَدَّمَ اِلَى الحَائِطِ :قریب کرنا۔
تَقَادَمَ :بمعنی قَدُم :پرانا ہونا۔
تَقَدَّمَ :آگے بڑھنا۔بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا۔مقدم ہونا.....القَوْمَ :قوم سے سابق ہونا.....اِلَيْهِ بِكَذَا :حکم دینا۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَقَدَّمُ بَيْنَ يَدَيْ اَبِيْهِ" فلاں اپنے باپ کے سامنے پیش قدمی کرتا ہے۔
اِقْتَدَمَ بمعنی تَقَدَّمَ: آگے بڑھنا۔
اِسْتَقْدَمَ :بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا .....الرَّجُلَ :آنے کو کہنا.....القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔

القَدَمُ :خاندانی شرافت۔سرخ کپڑا۔
القِدَم :پرانا زمانہ کہا جاتا ہے كَانَ كَذَا قِدَمًا :یعنی ایسا پرانے زمانہ میں تھا۔
القِدَم :حدوث کا ضد۔اوّلیت۔کہا جاتا ہے "لَهٗ قِدَمٌ فِيْ هٰذَا الاَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اوّلیت ہے۔
القَدَمُ :پاؤں (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی مستعمل ہے) ج اقدم وقُدام :اور تصغیر قُدَيْمَة.
القَدَم: آگے بڑھنا۔اوّلیت چاہے خیر میں ہو یا شر میں کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ فِيْ كَذَا قَدَمُ صِدْقٍ او قَدَمُ سُوْءٍ" یعنی فلاں کے لئے اس معاملہ میں اچھی اوّلیت یا بُری اوّلیت ہے۔و"لِفُلَانٍ عِنْدَ فُلَانٍ قَدَمٌ" یعنی فلاں کا فلاں پر احسان ہے۔و"وَضَعَ قَدَمَهٗ فِي العَمَلِ" یعنی شروع کر دیا۔"جَعَلَ دِمَاءَهُمْ تَحْتَ قَدَمَيْهِ" ان کے خون کو اپنے قدم کے نیچے کر دیا یعنی معاف کر دیا۔"واجْعَلْ ذٰلِكَ تَحْتَ قَدَمِكَ" اس کو اپنے قدم کے نیچے کر دو۔یعنی معاف کر دو۔
والقَدَمُ فِي القِيَاسِ :پاؤں کے انگوٹھے کے کنارے سے ایڑی کے کنارے تک۔
القَدِم :بہادر (مذکر و مؤنث مفرد جمع) کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَدَمٌ اِمْرَاَةٌ قَدَمٌ ورِجَالٌ قَدَمٌ ونِسَاءٌ قَدَمٌ :اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ قَدَمٍ" یعنی وہ بہادر ہے۔
القَدِيْم :بہت اقدام کرنے والا' سخت سنگستان۔
القُدْم والقُدُم :دلیر۔القُدُم :آگے گزرنے والا' کہا جاتا ہے "مَضٰى قُدُمًا" وہ سیدھا گیا اِدھر اُدھر نہیں مڑا' مذکر و مؤنث دونوں کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔
القُدْمَة :دلیری۔معاملہ میں اوّلیت۔
القُدْمِيَة :مغرورانہ چال۔
القَدُوْم :دلیر بہت پیش قدمی کرنے والا۔ ج قُدُم القَدُوْم: کلہاڑا مؤنث ہے ج قُدُم

القَدِيْمَة :مص قَدُمَ کا بدیہ۔ج قَدَائِم.
القَادِم :فا۔ج قُدُوْم وقُدَام وقَادِمُوْن.
قَادِمُ الاِنْسَانِ: انسان کا سر۔ج قَوَادِم'
قَادِمُ الرَّجُلِ :کچاوہ کا اگلا حصہ۔القَادِمُ القَادِمُ :آئندہ سال القَادِمُ مِنَ الاَطْبَاءِ والضُّرُوْعِ :اونٹنی اور گائے کے تھن کی اگلی باکھ۔
القَادِمَة :مؤنث قَادِم:لشکر۔القَادِمَة: بازو کے اگلے پر جو بڑے ہوتے ہیں۔ج قَوَادِم وقُدَامٰى اور چھوٹے پروں کو خوافی کہتے ہیں جو قوادم کے نیچے ہوتے ہیں۔وقَادِمَةُ الرَّجُلِ :کچاوہ کا اگلا حصہ۔ج قَوَادِم وقَادِمَةُ العَسْكَرِ:فوج کا اگلا دستہ۔
القَدِيْم والقُدَام :پرانا۔ج قُدَمَاء وقُدَامٰى وقُدَاتِم مؤنث قَدِيْمَة ج قَدِيْمَات وقَدَائِم القُدَامٰى :فوج کا اگلا دستہ۔
قُدَّام :آگے۔مؤنث ہے اور اس کی تصغیر قُدَيْدِيْمَة :اور کبھی مذکر مستعمل ہوتا ہے اس کی تصغیر قُدَيْدِيْم: آتی ہے۔کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ قُدَّام ذَاكَ او قُدَيْدِيْمَةُ ذَاكَ:یعنی میں نے اس سے اس کے پہلے یا کچھ پہلے ملاقات کی۔
القُدَّام والقَدَّام والقِدِّيْم :شرافت کی وجہ سے لوگوں میں آگے رہنے والا۔سردار۔بادشاہ۔القُدَّام: قصائی۔
القَدَمَةُ. مِنَ الغَنَمِ :چرنے میں جو بکری سب سے آگے ہو۔سخت سنگستان۔
القَيْدُوْم والقَيْدَام :اگلا حصہ۔
قَيْدُوْمُ الجَبَلِ :پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔
الاَقْدَم :اسم تفضیل۔شیر۔
المَقْدَم :آنے کا وقت۔
المُقْدِم والمُقَدَّم. مِنَ العَيْنِ :ناک سے ملا ہوا' آنکھ کا گوشہ.....مِنَ الوَجْهِ :چہرہ کا وہ حصہ جو سامنے ہو.....مِنَ الرَّجُلِ :کچاوہ کا اگلا حصہ۔ج مَقَادِيْم.

marfat.com
Marfat.com

الْمُقَدَّم: خاندان والوں کی اصطلاح میں خاندان کے اکابرین میں تیسرا درجہ۔ قال وجہ الامیر بالمقدمین فقدمهم الشیخ۔
اہل منطق کی اصطلاح میں۔ قضیۃ: شرطیہ کا اوّل جز جس پر دوسرا جز مرتب ہو جیسے اِنْ کَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً فَالنَّهَارُ مَوْجُوْدٌ: دوسرے جز کا نام التالی ہے۔
المُقَدِّمَة والمُقَدَّمَة مِنَ الجَيْشِ: فوج کا اگلا دستہ۔ ہراوّل..... مِنَ الكِتَابِ: دیباچہ والمُقَدَّمَةُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا شروع۔ پیشانی' پیشانی کے بال۔ موقوف علیہ چاہے عقلی ہو یا عادی یا وضعی۔
القَدُوْمُ والقَدُّوْمُ: لکڑی چھیلنے اور صاف کرنے کے لئے آلہ جس کو رندا کہتے ہیں۔
المِقْدام والمِقْدامَة: بہت پیش قدمی کرنے والا۔ تا مبالغہ کے لئے ہے ج مَقَادِيْم کہا جاتا ہے هُوَ يَمْشِيْ (القُدَّامِيَّةَ والمِقْدَمِيَّةَ والتِّقْدِمِيَّةَ) جبکہ میدان جنگ میں چلے اور دشمن پر حملہ کرنے میں پیش قدمی کرنے والا ہو یا جب کہ مکارم وفضائل میں سبقت کرے اور اس کی تقدیر یوں ہے کہ "مَشَى المِشْيَةَ المَنْسُوْبَةَ إِلَى قَوْلِ النَّاسِ يَقْدُمُ وتَقْدُم."
القُلْمُوْس والقِلْمَاس: پرانا۔ کہا جاتا ہے "عِزٌّ وحَسَبٌ قُلْمُوْسٌ وقِلْمَاسٌ" خاندانی عزت۔
القُلْمُوْس والقُلْمُوْسَة: بڑی چٹان۔
القُلْمُوْس والقُدامِس: سخت۔ القُلْمُوْس: ہراوّل۔ لشکر کا اگلا حصہ ج قَلَامِيْس جَيْشٌ قُلْمُوس: بڑا۔ القُلْمُوْسَة: بڑے ڈیل ڈول کی عورت۔
القَلْنُ: کافی کہا جاتا ہے "قَلْنُ زَيْدٍ دِرْهَمٌ" زید کے لئے ایک درہم کافی ہے۔
قَلَنَ يَقْلِنُ وقَلَنُوْا: قریب ہونا۔ سفر سے واپس ہونا..... بِهِ فَرَسُهُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

قَدْ يَكْدِرُ قَلْنُوْا وقَلِنِيَ يَقْلَنِيْ قَلَنًا وقَلَنَةً وقَلْنَوْقَ الطَّعَامُ: کھانے کا مزیدار خوشبودار ہونا۔ صفت قَلِنٌ وقَلِيْنٌ: تم کہتے ہو "قَلِنَتْ قَلَنَةَ القِدْرِ: ہانڈی کی خوشبو کو میں نے سونگھا۔
القَلَنُ والقَلَنَةُ: خیر اور امور دینیہ میں استقامت اختیار کرنا' بوڑھا ہونا اور موت کے قریب پہنچنا..... مِنَ السَّفَرِ: سفر سے واپس آنا۔
القِلْنُ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا۔
تَقَلَّنَ تَقْلِيْنًا. عَلَى دَابَّتِهِ: چوپایہ پر سوار ہو کر وسط راستہ میں چلنا..... تَقَلَّنَتِ الدَّابَّةُ بِهِ: چوپایہ پر سوار ہو کر وسط راستہ پر لے جانا۔
اِقْتَدَى بِفُلَانٍ فِيْ كَذَا: پیروی کرنا۔
القَلَنُ: مص۔ خوشبو۔
القِلْنُ: ج جس سے شاخیں نکلیں۔
القَلْوَى: استقامت۔ پائیداری۔
القِلَّة والقَلْوَة والقِلْوَة والقُلْوَة والقِلْيَة: پیشوا۔ اسوہ۔ جیسے "لِيْ بِكَ قُلْوَةٌ" میرے لئے تمہارے اندر اسوہ ہے کہا جاتا ہے "مَا أَقْلَى طَعَامَ فُلَانٍ" یعنی فلاں کا کھانا کس قدر مزیدار وخوشبودار ہے۔
قَلَى يَقْلِيْ قَلْيًا الطَّعَامُ بمعنی قَلَنَ يَقْلَنُ: مزیدار و خوشبودار ہونا اور کہا جاتا ہے "قَلَتْ قَالِيَةٌ" قحط زدہ قوم کا دیہات سے آنا (..... قَلَيَانًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
قَالَى مُقَالَاةً. الرَّجُلُ: مقابلہ کرنا۔
تَقَلَّى: ناز سے چلنا۔
القِلَة: ایک قسم کا سانپ ج قِلَات. القِلَة: پیشوا۔
القَلَى والقِلَى: مقدار۔ اندازہ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قَلَى رُمْحٍ" ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار ہے۔
السِّلْقِيَة. قَلَى: کا اہم نوع۔ روش۔

طریقہ۔ سیرۃ۔ کہا جاتا ہے "خُذْ فِيْ عِلْوَتِكَ وقِلْيَتِكَ" اپنی روش وطریقہ پر لو۔
القَالِيَة: دیہات سے آنے والی قحط زدہ قوم ج قَوَالٍ.
المُقَلَّى: فاشیر۔
القَلِيَّة: ہدیہ۔
قَلَّ (ن) قَلًّا. الرِّيْشَ: تیر کے پر کے اطراف کا کاٹنا اور ہموار کرنا..... الرَّجُلُ: گدی پر مارنا۔
.....الحَجَرَ وكُلَّ غَلِيْظٍ: پتھر اور ہر قسم کی سخت چیز پھینکنا (..... وقَلَّذَ) الشَّعْرَ: بال کاٹنا اور برابر کرنا۔ قَلَّوِ اقْلُدِ السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا۔
تَقَلَّذَ القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا۔
القُلَّة: تغیر کا پر۔ القُلَّة: گھوڑے اور انسان کا کان۔ ج قُلَذ وقِلَاذ: پھو۔ ج قِلَّان وقُلَز.
القُلَاذَة: پر کا تراشہ۔ سونے وغیرہ کا ریزہ ج قُلَاذَات کہا جاتا ہے "إِنَّ لِيْ قُلَاذَاتٍ وجُلَاذَاتٍ" قُلَاذَات: سونے کے ٹکڑے اور جُلَاذَات: چاندی کے کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَدَعُ شَاذَّةً ولَا قَاذَّةً" یعنی وہ دلا در جس کو دیکھتا ہے مار ڈالتا ہے۔
سَهْمٌ أَقَلُّ: پر دار تیر۔ بے پر کا تیر۔ ج قُلٌّ ج قِلَاذ: کہا جاتا ہے "مَالَهُ أَقَلُّ ولَا مَرِيْشٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
القُلَّان: بڑھاپے کی وجہ سے دونوں کنپٹی کی سفیدی۔ پرندہ کے بازوؤں کی سفیدی۔
القَمَذُ: گدی۔ سر کے بالوں کے نکلنے کی انتہائی جگہ پیچھے کی طرف یا آگے کی طرف۔ سر کے بالوں کے کاٹنے کی جگہ آگے یا پیچھے کی طرف۔
المِقَذُّ والمِقَذَّة: تراشنے کا آلہ۔
المُقَذَّذ والمَقْذُوْذ: بال تراش کر ہموار کیا ہوا۔ ہر چیز ہموار اور لطیف۔ آراستہ و پیراستہ۔

marfat.com
Marfat.com

الْمُقَذَّذَة والمَقْذُوْذَة : گول کان۔
تَقَذْقَذَ فِي الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا..... فِي الْبِئْرِ: کنوئیں میں گرنا اور مرنا..... الرَّجُلُ: خودرائے ہونا۔
قَاذَحَه مُقَاذَحَةً : گالی گلوچ کرنا۔
تَقَذَّحَ لِفُلَانٍ بِالشَّرِّ : شرارت کرنا۔
قَذَرَ (ن) وقَذُر (ک) وقَذِرَ (س) قَذَرًا وقَذَارَة : گندا ہونا۔ میلا ہونا۔ صفت قَذْرٌ وقَذِرٌ وقَذِرٌ وقَذَرٌ.
قَذَرَ (ن) قَذْرًا وقَذِرَ (س) قَذَرًا وقَذَرَ الشَّيْءُ: گندا کرنا۔ قَذِرَ الشَّيْءُ: مکروہ جاننا۔ پرہیز کرنا۔ گندا سمجھنا۔
أَقْذَرَهُ : گندا پانا..... أَقْذَرَ فُلَانًا: تنگ دل کرنا۔ بہت بولنا۔
تَقَذَّرَ الشَّيْءَ مِنْهُ : میل کچیل کی وجہ سے مکروہ سمجھنا۔
القَذَرُ : مص۔ میل کچیل اور کبھی پائخانہ کے لئے بولا جاتا ہے ج أَقْذَاء اور مَقَاذِر: خلافِ قیاس۔
القَاذُوْرَة : بدی۔ فاحشہ ج قَاذُوْرَات.
القَاذُوْرَة والقَذُوْر والقَاذُوْر وذُوْقَاذُوْرَة: جو بدخلقی کی وجہ سے لوگوں سے نہ ملے' جو کسی چیز کو بوجہ نفرت کے نہ کھائے۔ القَذُور مِنَ النِّسَاءِ : مردوں سے الگ تھلگ رہنے والی۔ شک وشبہ سے دور۔
رَجُلٌ قُذَرَة : ملامت سے دور مرد۔
رَجُلٌ مُقَذَّرٌ : مرد جس سے لوگ پرہیز کریں۔
المَقَاذِر : گندگیاں۔
المُقَذِّر : فواحش کا ارتکاب کرنے والا۔ ج مُقَذِّرُوْن.
القُذْرُوْف : عیب۔ ج قَذَارِيْف.
قَذَعَهُ (ف) قَذْعًا: گالی دینا۔ بے ہودہ بکنا۔
أَقْذَع فُلَانًا : گالی دینا..... لِفُلَانٍ : سخت سُست کہنا..... القَوْلَ: برا کہنا۔
الرَّجُلُ : فواحش کا ارتکاب کرنا۔
قَاذَعَهُ : گالی گلوچ کرنا۔
قَذَّعَ ثَوْبَه : کپڑے کو گندا کرنا۔ میلا کچیلا کرنا۔
تَقَذَّعَ لَهُ بِالشَّرِّ : تیاری کرنا..... الرَّجُلُ: ناپسند کرنا۔
القَذَع : گندا۔ بے حیائی وفحش۔
القَذِع : گندگی والا۔ بے حیا۔ فحش کا ارتکاب کرنے والا کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِالْمُقْذِعَاتِ او الْمُقَذِّعَاتِ" اس نے اس پر فواحش کی تہمت لگائی۔
القُذَعُمِل : موٹا اونٹ۔ القُذَعْمِيْل : بہت بوڑھا۔
القُذَعْمِلَة : پست قامت۔ خسیس عورت اور کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ قُذَعْمِلَة" اس کے پاس کچھ نہیں "وَمَا فِي السَّمَاءِ قُذَعْمِلَة" آسمان میں کچھ بھی بادل نہیں۔
قَذَفَ (ض) قَذْفًا : قے کرنا..... المَلَّاحُ: چپو سے کشتی چلانا۔ قَذَفَ بِقَوْلِهِ : بغیر سمجھے بوجھے بک دینا..... الحَجَرَ و بالحَجَر: پتھر پھینکنا۔ قَذَفَهُ بِكَذَا: تہمت لگانا کہا جاتا ہے "هُمْ بَيْنَ حَاذِفٍ وقَاذِفٍ" وہ لوگ ڈھیلا پھینکنے والے اور لاٹھی مارنے والے کے درمیان ہیں (..... واسْتَقْذَف) فُلَانًا بِالحَجَر : پتھر مارنا..... الرَّجُلُ: تہمت لگانا۔
قَاذَفَهُ : ایک دوسرے کو تہمت لگانا اور گالی دینا۔
تَقَاذَفَ المَاءُ : پانی کا تیز بہنا..... الفَرَسُ : گھوڑے کا تیز دوڑانا..... القَوْمُ : آپس میں گالی گلوچ کرنا۔ تَقَاذَفُوْا بِالحِجَارَةِ : ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔ تَقَاذَفَت بِهِ الأَمْوَاجُ: تھپیڑے مارنا اور کہا جاتا ہے "تَقَاذَفَتْ بِهِ الأَبْوَابُ" دروازوں نے دھکا دیا۔ یعنی کوئی شخص دروازے میں داخل ہونا چاہتا تھا کہ مالک مکان نے دروازہ بند کر دیا اور وہ شخص دوسرے دروازہ پر جانے کے لئے مجبور ہوا اور [illegible]
پیش آیا۔
اِنْقَذَفَ : پھینکا جانا۔
القُذُف والقُذَف والقُذْف : جانب۔ گوشہ۔
القُذْف والقَذَف : پسلی کی جگہ۔
القُذُف والقَذَف والقَذُوْف والقَذِيْف : دُور کہا جاتا ہے "فَلَاةٌ او بِئْرٌ قَذَف وقُذُف" دور کا بیابان۔ "بَلْدَةٌ قَذُوْف" دُور دراز کا شہر۔ "قَوْسٌ قَذُوْف" تیر کو دُور پھینکنے والی کمان۔
نَاقَةٌ قَاذِف وقِذَاف وقُذُوْف وقَذُوْف : تیز دوڑنے والی اونٹنی۔
القُذْفَة : جانب۔ گوشہ۔ کنارہ۔ پہاڑ کا گوشہ جو نکلا ہوا ہو ج قِذَاف وقُذَف وقُذُف وقُذْفَان.
القَاذِفَة : بمبار طیارہ۔ القِذْفَذ: چھوٹی توپ۔
أَقْذَاف القَصْرِ: محل کے کنگرے۔
القَذِيْفَة والقِذَاف : ہر وہ چیز جو پھینکی جائے ج قَذَائِف: اور اسی سے ہے قَذَائِف المَدَافِع : توپ کے گولے۔ القِذَاف: تیر روی۔
القَذَاف : تھوڑا پانی۔
القَذَّاف : اسم مبالغہ۔ سواری۔ ترازو۔ گوپھن۔ منجنیق۔ ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو دُور تک پھینکا جائے۔
المُقَذَّف : لعنت کیا ہوا۔ پُر گوشت کہا جاتا ہے "فَارِسٌ مُقَذَّف" جنگ آزمودہ شہ سوار۔
المِقْذَف : چپو۔ ج مَقَاذِف' المَقَاذِف ہلاکتیں۔
المِقْذَاف : چپو۔ ج مَقَاذِيْف.
فَرَسٌ مُتَقَاذِف : تیز رفتار گھوڑا۔ المُتَقَاذِف: تیز چال۔
قَذَلَهُ (ن) قَذْلًا: گدی پر مارنا۔ عصا وغیرہ پھینکنا۔ قَذَلَ فُلَانٌ: برگشتہ ہونا اور ظلم کرنا..... فِي الأَمْرِ: کوشش کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

القَذَال :گدی۔سر کا پچھلا حصہ۔ج قُذُل وقُذُلَة
قَذِمَ (ن) قَذَمًا. لُغَةٌ مِنَ القَمَالِ :مال یکبارگی دینا۔
قَذِمَ (س) قَذَمَ المَاءَ :پانی کا گھونٹ لینا۔
اِقْذَم :تیز دوڑنا۔
القُذْمَة :پانی کا گھونٹ۔
القُذُم والقَذَم :بہت دینے والا سردار۔
القِذَم والقُذَام مِنَ الآبَارِ :بہت پانی والا کنواں۔
بِئْرٌ قَذُوْمٌ :بہت پانی والا کنواں۔ج قُذُم.
القَذِيْمَة :مال کا ایک حصہ جو آدمی کسی کو دے۔ج قَذَائِم.
قَذِيَ يَقْذَى قَذًى وقَذًا وقَذْيًا :آنکھ میں تنکا پڑنا۔آنکھ کی صفت (قَذِيَة وقَذِيَّة ومَقْذِيَّة)..... الشَّرَابُ :پینے کی چیز میں تنکا پڑنا۔
قَذَى يَقْذِي قَذْيًا وقَذًى وقُذِيًا وقُذْيَانًا :آنکھ کا کچرہ نکالنا۔کہا جاتا ہے "قَذَتْ قَاذِيَةٌ:لوگوں کی جماعت آئی۔
اَقْذَى عَيْنَهُ:آنکھ میں خس وخاشاک ڈالنا۔
قَذَى عَيْنَهُ :آنکھ سے خس وخاشاک نکالنا۔
قَاذَى مُقَاذَاةً الرَّجُلَ :بدلہ دینا۔
اِقْذَاء الطَّائِرِ :سر کھجلاتے ہوئے آنکھ سے تنکا نکالنا۔
القَذَى :تنکا۔خس وخاشاک۔محاورہ ہے۔ "فُلَانٌ يُغْضِي عَلَى القَذَى" یعنی فلاں ظلم برداشت کرتا ہے اور شکایت نہیں کرتا۔ "صَارَ الأَمْرُ قَذًى فِيْ عَيْنِهِ" یعنی معاملہ نے اس کو تکلیف پہنچائی اور اس نے اس کے ازالہ کی کوشش کی اور امثالِ عرب میں سے ہے "يُبْصِرُ أَحَدُكُمُ القَذَى فِيْ عَيْنِ أَخِيْهِ وَيُعْمِيْ عَنِ الجِذْعِ فِيْ عَيْنِهِ : دوسرے کی آنکھ کا تنکا دیکھتا ہے اور اپنی آنکھ میں شہتیر نہیں دیکھتا۔یعنی دوسرے کے تو چھوٹے چھوٹے عیوب پر نظر رکھتا ہے مگر اپنے بڑے بڑے عیوب کو نظر انداز کرتا ہے۔
القَذَاة :تنکا۔خس وخاشاک۔
القَوَاذِي :جمع ہے قَاذِيَة: کی۔قَاذِيَة:لوگوں کی جماعت جو اول تمہارے پاس آئے۔
القِذَى :باریک خاک۔ج قُذِيٌّ وأَقْذَاء :کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَذِي العَيْنِ :وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا پڑ گیا ہو۔
الأَقْذَاء :معمولی درجہ کے لوگ۔
قَرَّ (س ن ض) قَرًّا. اليَوْمُ :دن کا ٹھنڈا ہونا۔
(قَرَّ (ن ض) قَرًّا) القِدْرَ :ہانڈی میں ٹھنڈا پانی ڈالنا..... عَلَيْهِ المَاءَ :ٹھنڈا پانی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "قَرَّ الكَلَامَ فِيْ أُذُنِهِ" کان سے منہ لگا کر بات کی۔
قَرِثَ (ن) قَرِثًا. الحَيَّةُ :سانپ کا پھنکارنا۔(.....قَرًّا وقَرِثًا) الدَّجَاجَةُ : مرغی کا کڑکڑاہٹ کا بند ہونا۔
قَرِثَ (س ض) قُرْثَةً وقَرَّةً وقُرُوْرَةً عَيْنُهُ : خوشی کی وجہ سے آنکھیں ٹھنڈی ہونا۔شخص کی صفت قَرِيْرٌ اور آنکھ کی صفت قَرِيْرَة.
قَرَّ (س ض) قَرَارًا وقُرُوْرًا وقَرًّا وتَقْرَارًا وتَقِرَّةً. فِي المَكَانِ او عَلَى الأَمْرِ :قرار پکڑنا۔ثابت رہنا۔ٹھہرنا۔
قُرَّ قَرًّا وقِرًّا :سردی زدہ ہونا۔
قَرَّرَهُ. بِالأَمْرِ :اقرار کرانا.....هُ عَلَى الحَقِّ :حق منوانا.....هُ فِي المَكَانِ او عَلَى العَمَلِ :ٹھہرانا۔باقی رکھنا کہا جاتا ہے قَرَّرْتُ عِنْدَهُ الخَبَرَ. حَتَّى اِسْتَقَرَّ :یعنی میں نے اس کے پاس خبر کو ثابت کیا۔
قَارَّ مُقَارَّةَ الرَّجُلُ :موافقت کرنا۔قَارَّ فِي الصَّلَاةِ :سکون اختیار کرنا۔حرکت وغیرہ نہ کرنا۔
اَقَرَّ اِقْرَارًا. فُلَانًا فِي المَكَانِ :ٹھہرانا.....العَامِلَ عَلَى العَمَلِ :کام پر باقی رکھنا.....بِالحَقِّ :مان لینا۔اقرار کرنا..... الكَلَامَ لَهُ :بیان کرنا۔.....الطَّائِرَ فِيْ عُشِّهِ :پرندہ کو گھونسلے میں باقی رکھنا.....اللّٰهُ عَيْنَهُ ولَعَيْنَهُ :آنکھیں ٹھنڈی کرنا یعنی خواہش کے مطابق دینا اور کامیاب کرنا۔
.....الرَّجُلُ :ٹھہرنا۔تابعدار ہونا۔ٹھنڈک میں داخل ہونا.....اللّٰهُ الرَّجُلَ :سردی پہنچانا۔سردی زدہ کو خلافِ قیاس مَقْرُوْر: کہتے ہیں اور مُقَرٌّ نہیں کہا جاتا.....القِدْرَ: ہانڈی سے چمٹی ہوئی چیز کو اُتارنا۔اَقَرَّتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا حمل ٹھہرنا۔صفت مُقِرٌّ.
تَقَرَّرَ :ثابت ہونا۔تَقَرَّرَ القُرَةَ :ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو لینا اور سالن بنانا۔
تَقَارَّ. فِي المَكَانِ :ٹھہرنا اور ثابت رہنا۔
اِقْتَرَّ. فُلَانًا فِي العَمَلِ و عَلَيْهِ :باقی رکھنا۔
القَرَارِيُّ :ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو سالن بنانا۔ٹھنڈے پانی سے نہانا۔
اِقْتَرَّتْ وتَقَرَّرَتِ الابِلُ :آسودہ ہونا۔بہت موٹا ہونا۔
اِسْتَقَرَّ. بِالمَكَانِ :ٹھہرنا۔ثابت رہنا۔
القَرُّ :مص۔مردوں کی سواری جو کجاوہ اور زین کے درمیان ہوتی ہے اور کہا گیا ہے کہ ہودج کو کہتے ہیں۔قَرُّ الثَّوْبِ :کپڑے کی تہ۔يَوْمُ القَرِّ :ماہ ذی الحجہ کی گیارہویں تاریخ کہ اس روز حاجی منیٰ میں ٹھہرتے ہیں۔يَوْمٌ قَرٌّ :ٹھنڈا دن لَيْلَةٌ قَرٌّ وقَرَّةٌ : ٹھنڈی رات۔القَرَّتَانِ: صبح شام۔
القُرُّ :ٹھنڈک۔کسی جگہ میں قرار۔ٹھہرنے کی جگہ اور اسی سے ہے "وَقَعْتَ بِقُرِّكَ" یعنی جس چیز کے تم خواہش مند اور امیدوار تھے اس کو تم نے پالیا۔مثلاً طالب قصاص سے جبکہ وہ قصاص لے لے تو کہا جاتا ہے۔
القُرُّ :ایک لمبا سا کیڑا جو پانی کی سطح پر چلتا رہتا ہے اور اس سے قُرْقُرٌ :کی آواز نکلتی ہے اسی وجہ سے اس کا یہ نام رکھا گیا ہے۔
القَرَّادِيُّ :درزی۔قصائی۔شہری جو کسی کا احسان نہ لے اور ہر پیشہ ور۔

marfat.com
Marfat.com

الـقَرَار والقَرَارَة :ٹھہرنے کی جگہ۔سکون و اطمینان حاصل ہونے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "صَارَ الاَمرُ اِلٰی قَرَارِہٖ" یعنی انتہا کو پہنچ گیا۔الـقَرَارِ :کسی مسئلہ میں جس پر رائے ٹھہرے۔اَهْلُ القَرَارِ :شہری لوگ کہ وہ اپنے مکانوں میں قیام کرتے ہیں۔بخلاف اہلِ بدو کے کہ وہ خانہ بدوش ہوتے ہیں دَارُ القَرَارِ :دارِآخرۃ۔القَرَارَة:پستہ قد گول گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

القِرَّة. قَرّ :کا اسم نوع۔ٹھنڈک۔عرب کے امثال میں سے ہے "حِرَّة عَلٰی قِرَّة" اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔

القُرَّة. او قُرَّةُ العَيْنِ :ایک قسم کی گھاس جو پانی کے بہنے کی جگہ میں ہوتی ہے اور یہ جر جیر کے علاوہ ہے اس لئے کہ جر جیر کڑوی اور یہ میٹھی ہوتی ہے۔کہا جاتا ہے "هُوَ قُرَّةُ عَيْنِي" وہ میری آنکھوں کے لئے ٹھنڈک ہے۔"اَبُوْ قُرَّةٍ" گرگٹ کی کنیت۔اسی لئے کہ سردی کا غلبہ اس پر بہت ہوتا ہے اور اسی وجہ سے یہ ہمیشہ آفتاب کے سامنے رہتا ہے۔

القَرَّة والقِرَّة والقُرَّة :مینڈک۔

القُرَّة والقَرَرَة والقُرَرَة والقَرَارَة :ہانڈی کی تلی میں جو لوگ جائے۔ہانڈی کی کھرچن۔

القُرَّى :سختی جو پرہیز کرنے کے باوجود واقع ہوئے۔

القَرَرَة والقِرَارَة والقَرَارَة والقُرَارَة والقُرُوْرَة :پانی جو پکا لینے کے بعد ہانڈی میں ڈالا جائے تاکہ جلنے نہ پائے۔

القَرُوْر :ٹھنڈا پانی۔

القَارُوْرَة :آنکھ کا ڈھیلا۔تر یا خشک کھجوروں کا برتن۔شراب کا برتن ج قَوَارِيْر۔

القَرَار والقَرَّة :ثبوت۔سکون۔

القَارّ :فا.....يَوْمٌ قَارٌّ :ٹھنڈا دن۔

القَارَّة :مونث۔قَارٌّ. عَيْنٌ قَارَّة :ٹھنڈی آنکھ۔کنایہ ہے سرور ہونے سے۔

اَلْقَارَةُ :براعظم جیسے براعظم ایشیاء۔

اَلاِسْتِقْرَاءُ :منطقیوں کے نزدیک ایک حکم سب پر لگانا ایک کلی کے اکثر افراد پر ہونے کی وجہ سے جیسے حیوان کھاتے وقت اپنا نیچے والا جبڑا حرکت دیتا ہے۔اس واسطے کہ انسان' مویشی اور درندے ایسے کرتے ہیں لہٰذا یہ حکم کلی (حیوان) کے سب افراد پر لگا دیا گیا۔

الاَقَرّ :اسم تفضیل۔کہا جاتا ہے "اَیُّ الاَیَّامِ اَقَرُّ" کون سا دن ٹھنڈا ہے۔

المَقَرّ :ٹھہرنے کی جگہ ج مَقَارّ. مَقَرُّ البِئْرِ :کوئیں کی تلی میں گڑھا جس میں پانی جمع ہوتا ہے۔

المَقَرَّة :پانی کا حوض۔گڑھا۔

المِقْرُوْر :ٹھنڈا۔سردی زدہ۔

قَرَأَ (ف۔ن) قَرْأً وقِرَاءَة وقُرْآنًا واِقْتَرَأَ الكِتَابَ :پڑھنا۔قَرَأَ (ف۔ن) قِرَاءَة. عَلَيْهِ السَّلَامَ :سلام پہنچانا اور یہ امر کی صورت میں "اِقْرَأْ عَلَيْهِ السَّلَامَ" کہا جاتا ہے اور اس کا تعدیہ بنفسہٖ غلط ہے اس لئے اِقْرَاهُ السَّلَامَ :نہیں کہنا چاہئے (..... قَرْأً وقُرْآنًا) الشَّيْءَ :جمع کرنا اکٹھا کرنا..... النَّاقَةُ :اونٹنی کا حاملہ ہونا.....الحَامِلُ :حاملہ کا جننا۔

قَارَاهُ قِرَاءً ومُقَارَأَةً :شریک درس ہونا۔

اَقْرَاهُ اِقْرَاءً. الرَّجُلَ :پڑھانا.....هُ السَّلَامَ :سلام پہنچانا۔اَقْرَأَ مِنَ السَّفَرِ :سفر سے واپس ہونا.....الاَمْرُ :قریب ہونا..... عَنْهُ :پھرنا۔

.....النَّجْمُ :ستارہ کا غروب ہونا..... الرَّجُلُ :عبادت کرنا.....الحَاجَةَ : ضرورت کو مؤخر کرنا۔اَقْرَأَتِ الرِّيَاحُ :ہوا کا وقت پر چلنا ..... زیادہ پیچھے ہٹنا ..... الحَاجَةُ :حاجت کا مؤخر ہونا۔

تَقَرَّأَ :عبادت کرنا' فقیہ ہونا' عالم ہونا۔

اِسْتَقْرَأَهُ الاَمْرَ :کہنا.....الاَمْرُ :معرفت احوال کے لئے تتبع وتلاش کرنا۔

القِرَاءَة :مص۔پڑھنے کی کیفیت ج قِرَاءَات.

القَرْء :وقت۔قافیہ۔ج اَقْرَاءٌ وقُرُوْءٌ واَقْرُءٌ اَقْرَاءُ الشِّعْرِ :شعر کے انواع اور بحریں اور شعر کے مقاصد۔

القِرْأَة :وبا۔

القُرْآن :کلام اللہ۔

القَارِئ :فا۔عبادت گزار ج قُرَّاء وقَارِئُوْن وقَرَأَة.

الاَقْرَأ :عمدہ طریقہ سے پڑھنے والا۔زیادہ پڑھنے والا۔

القَرَّاء :اچھا پڑھنے والا۔ج قَرَّاؤُوْن.

القُرَّاء :عبادت گزار ج قُرَّاؤُوْن وقَرَاوِيّ.

المَقْرُوْ والمَقْرِيّ والمَقْرُوْء :جو چیر پھاڑ دی جائے۔

المِقْرَأ :پڑھنے کے وقت جس پر کتاب رکھی جائے جیسے ڈسک۔رحل وغیرہ۔

المُتَقَرِّي :عبادت گزار۔

القَرْء والقُرْء :حیض۔طہر۔وقت حیض۔وقت طہر۔ج اَقْرَاء وقُرُوْء واَقْرُوْء یا قَرْء :بمعنی طہر کی جمع قُرُوْء اور قَرْء بمعنی حیض کی جمع اَقْرَاء.

قَرِبَ (س) وقَرُبَ (ک) قُرْبًا وقُرْبَانًا :قریب ہونا قَرِبَهٗ وقَرُبَ مِنْهُ :قریب ہونا۔

قَرِبَ (س) قَرَبًا :کوکھ کے درد والا ہونا۔

قَرَبَ (ن) قَرْبًا. السَّيْفَ :تلوار کو میان میں داخل کرنا۔میان بنانا۔صفت فاعلی قَارِب اور صفت مفعولی مَقْرُوْب.

اَقْرَبَ اِلنَّاءَ :برتن کا بھرنے کے قریب کرنا۔اَقْرَبَتِ الحَامِلُ :حاملہ کا بچے کے قریب ہونا۔

.....قِرَابًا :میان بنانا.....الرَّاعِي اِبِلَهٗ :گھاٹ پر پہنچنے کے لئے رات کو لے کے چلنا۔راعی کو قَارِب کہتے ہیں۔مَقْرُوْبَة

marfat.com
Marfat.com

کل کے بعد نوافل کو قرب کہتے ہیں
مُقْرِبَة: خیس۔
قَرَّبَهُ: قریب کرنا.....هُ الاَمِیْرُ: خاص لوگوں میں سے بنالینا۔قَرَّبَ الْقُرْبَانَ لِلّٰهِ: قربانی کرنا۔قَرَّبَ فُلَانًا حَیَّاکَ اللّٰهُ وقَرَّبَ دَارَکَ: کہنا.....الفَرَسُ: ولکی چلنا .....الرَّجُلُ: کوکھ کے درد والا ہونا۔
قَارَبَهُ مُقَارَبَةً: قریب ہونا۔خوش کلامی کرنا۔قَارَبَ فِی الاَمْرِ: غلو کو چھوڑ دینا اور میانہ روی اختیار کرنا۔
تَقَرَّبَ تَقَرُّبًا وتَقَرُّبًا اِلَی اللّٰهِ بالقربان: قربت ڈھونڈنا.....الرَّجُلُ: کوکھ پر ہاتھ رکھنا اور کہا جاتا ہے "تَقَرَّبْ یَا رَجُلُ" یعنی جلدی کر اور کہا گیا ہے کہ یہ امر شی کے ساتھ خاص ہے۔
تَقَارَبَا: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
تَقَرَّبَ الزَّرْعُ: کھیتی کا پکنے کے قریب ہونا۔
تَقَارَبَهُ: قریب ہونا۔
اِقْتَرَبَ الوَاعِدُ: قریب ہونا.....الشَّیْئَانِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
اِسْتَقْرَبَ الشَّیْءَ: قریب سمجھنا۔
القُرْب والقُرَاب: نزدیکی۔
القُرْب والقُرُب: کوکھ۔ج اَقْرَاب.
القَرَب: کنواں جس کا پانی قریب ہو ج قُرَاب (..... والقِرَابَة) گھاٹ پر پہنچنے کے لئے رات میں چلنا۔
القُرْبَة والقُرْبَة: نیک افعال۔جن سے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو۔ج قُرَب وقُرُبَات والقُرْبَة: جگہ اور مرتبہ کی نزدیکی۔
القِرْبَة: مشک ج قِرَب وقِرْبَات وقِرِبَات وقِرْبَات: اونٹ سے لَقِیْتُ مِنْهُ عرق القِرْبَة: یعنی مجھے اس سے بہت زیادہ تکلیف ہوئی۔
القِرَاب: میان ج قُرُب واَقْرِبَة.
قِرَابُ الشَّیْءِ وقُرَابُهُ: اندازے میں برابر۔
القُرَابَ والقُرَابَة: قریب کہا جاتا ہے "مَا هُوَ بِشِبْهِکَ وَلَا بِقُرَابَةٍ مِنْکَ" نہ تو وہ تمہارے مشابہ ہے اور نہ تم سے قریب ہے۔
القُرْبٰی والقُرْبَة والقَرَابَة: رشتہ داری اور کہا جاتا ہے "فِی الاِنَاءِ قُرْبَة" جب کہ بھرنے کے قریب ہو۔
القُرْبَان: ہر وہ چیز جس سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کیا جائے۔ چاہے ذبیحہ ہو یا کچھ اور بادشاہ کا خاص ہم نشین۔ ج قَرَابِیْن.
القَرْبَان مِنَ الاٰنِیَة: برتن جو بھرنے کے قریب ہو۔مؤ نث قَرْبٰی ج قِرَاب القَرْبَان: بادشاہ کا خاص ہم نشین۔
القَارِب: ڈونگی۔چھوٹی کشتی ج قَوَارِب.
القَارِب: رات کو پانی ڈھونڈنے والا۔
القَرِیْب: نزدیک۔رشتہ دار ج اَقْرِبَاء وقُرَابٰی مؤ نث قَرِیْبَة ج قَرَائِب. القَرِیْب: اشعار کی ایک بحر کا نام ہے جو عجمیوں کے استعمال میں ہے۔کہا جاتا ہے "جَاءُوْا قُرَابٰی" وہ سب قریب قریب آئے اور یہ قریب کی جمع خلاف قیاس ہے۔
الاَقْرَب: اسم تفضیل۔
اَقْرِبَاء الرَّجُلِ و اَقَارِبُهُ واَقْرَبُوْه: قریبی رشتہ دار۔
القَرْنَبٰی: لمبی ٹانگوں کا کیڑا جو کبریلا کے مشابہ ہوتا ہے۔
القَرْنَب: مص ایک قسم کی دوڑ۔
المُقْرَب: مع مِنَ الخَیْلِ: عمدہ گھوڑا جس کی خوبی کی وجہ سے تھان قریب بنایا جائے۔ مؤ نث مقربة.
المَقْرَب والمَقْرَبَة: مختصر راستہ۔
المَقْرَب: رات میں چلنا۔
المُقْرِب: فا.....مِنَ الحَوَامِلِ: جس کے جننے کا زمانہ قریب ہو۔ج مَقَارِب و مَقَارِیْب.
المَقْرَبَة والمَقْرِبَة والمَقْرُبَة: رشتہ داری۔
المُقَارَب: فا۔جید اور ردی کا درمیانہ۔ متوسط الحال۔
المُقَارَب: مفع مِنَ المُقَارَعَة: ستانا

سامان۔
المُقَارِب: فا۔ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن فعولن آٹھ مرتبہ ہے۔پستہ قد مرد۔
القَرْنَوْت والقَرْنَوْس: زین کا آگے پیچھے بلند حصہ۔ج قَرَانِیْس.
قَرَتَ (ن ض) قَرْتًا وقُرُوْتًا وقَرِتَ (س) قَرَتَا الدَّمُ: تہ بتہ خون خشک ہونا۔زخم میں خون کا بگڑ جانا۔مار کی وجہ سے بدھی پڑنا۔
قَرِتَت الظُّفْرُ: خون کا ناخن میں بگڑ جانا..... (الرَّجُلُ) غم یا غصہ کی وجہ سے چہرہ کا متغیر ہونا۔
قَرَثَ (ن) قُرُوْثًا الرَّجُلُ: خاموش ہونا۔
القَارِث والمُقْتِرت: جو چیز ملے اس کو کھانے والا۔دَمٌ قَارِثٌ: کھال اور گوشت کے درمیان خشک ہونے والا خون۔
القَارِث والقَرْثَات: عمدہ مشک۔
القَرَث: مص۔برف۔
قَرِثَ (س) قَرَثًا الرَّجُلُ: محنت کرنا اور کمانا۔
قَرَثَهُ (ض) قَرْثًا الاَمْرُ: دشوار ہونا۔مشکل ہونا۔سخت ہونا۔
القِرِثْ: مچھلی کی ایک قسم۔
القَرْث: چھوٹا کوزہ۔
قَرَحَهُ (ف) قَرْحًا وقَرَّحَهُ: زخمی کرنا۔
قَرَحَ وقَرَّحَ البِئْرَ: جہاں پانی نہ نکلتا ہو کنواں کھودنا۔قَرَحَهُ بِالحَقِّ: حق سے پیش آنا۔قَرَّحَ النَّبَاتُ: کونپل نکلنا..... الاَرْضُ: سبزہ نکلنا شروع ہونا۔
قَرَحَ (ف) قُرُوْحًا وقِرَاحًا وقَرِحَ (س) قَرَحًا الفَرَسُ: گھوڑے کا پانچ سال کا ہونا۔
قَرِحَت (ن) قُرُوْحًا وقِرَاحًا. النَّاقَةُ: اونٹنی کا حمل ظاہر ہونا۔صفت قَارِح.
قَرِحَ (س) قَرَحًا: پھوڑوں والا ہونا کہا جاتا ہے "قَرِحَ قَلْبُهُ مِنَ الحُزْنِ" اس کا دل غم سے زخمی ہو گیا "قَرِحَتْ مِنَّ الصَّبِی" لڑکے کے دانت نکلنے کے قریب ہوئے۔
قَارَحَهُ مُقَارَحَةً: روز رو ہونا۔

marfat.com
Marfat.com

اَقْرَحَ الفَرَسُ :گھوڑے کا پنج سالہ ہونا۔
اَقْرَحه اللّٰهُ : آبلے ڈالنا۔ پھوڑے نکالنا۔
تَقَرَّحَ لِلْاَمْرِ : تیاری کرنا.....الجَسَدُ : پھوڑے والا ہونا۔
اِقْتَرَحَ الخُطْبَةَ :فی البدیہ خطبہ دینا .....الاَمْرَ :بغیر کسی نمونہ کے ایجاد کرنا..... الشَّیْءَ :بغیر سننے کے اپنی طرف سے استنباط کرنا۔ چننا۔ اختیار کرنا.....البَعِیْرَ :جس اُونٹ پر کوئی سوار نہ ہوا ہو سوار ہونا ..... عَلَیْهِ کَذَا و بِکَذَا :سختی سے اور بغیر سمجھے بوجھے سوال کرنا.....عَلَیْهِ کَذَا :بنوانے کی خواہش کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَرَحَ عَلَیْهِ صَوْتَ کَذَا" اس سے اس نے فلاں آواز کی خواہش کی.....البِئْرَ :جہاں پانی نہ ہو کنواں کھودنا۔
القَرْح :مص۔زخم۔ پھوڑا۔سخت کھجلی جو اُونٹ کے بچوں کو ہلاک کر دے۔ ج قُرُوْح.
القُرْح :ہر چیز کا اوّل۔نئے کنوئیں کا پہلا پانی۔مہینے کی ابتداء کی تین راتیں۔
القَرَح :مص۔اُونٹ کو خارش اور انسان کو چیچک نہ ہونے کی حالت۔
القَرْحَة والقُرْحَة :پرانا پھوڑا جس میں پیپ جمع ہو۔قَرْحَةُ الشِّتَاءِ او الرَّبِیْعِ : جاڑے یا بہار کی ابتداء۔القُرْحَة فِیْ وَجْهِ الفَرَسِ :گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی۔کہا جاتا ہے "قُرْحَة اَصْحَابِه" وہ اپنے ساتھیوں میں ممتاز ہے۔
القَرِح :پھوڑوں والا۔
القَرَاح :خالص پانی۔بے پانی اور درخت کی زمین۔ج اَقْرِحَة.
القَرْحَان :شیر۔
القُرْحَان. مِنَ الاِبِلِ :اُونٹ جس کو کبھی خارش نہ ہوئی ہو.....مِنَ النَّاسِ :وہ شخص جس کو چیچک نہ ہوئی ہو۔
القُرْحَان والقُرَاحِی :جو جنگ میں کبھی شریک نہ ہوا ہو۔کہا جاتا ہے "اَنْتَ قُرْحَان وقُرَاحِیّ مِنَ الاَمْرِ" تم معاملہ سے علیحدہ ہو۔صفت مؤنث قُرَاحِیَّة القُرَاحِی :جو ہمیشہ بستی میں رہے اور جنگل کی طرف نہ جائے۔
القُرَاحِیَّان :دونوں کوکھ۔
القَارِح :فاسِنْ ذِی الحَافِر :جس کے پورے دانت نکل آئے ہوں۔ج قَوَارِح
قُرَّح ومُقَارِیْح :مؤنث۔قَارِح وقَارِحَة ج قَارِحَات وقَوَارِح.
القَارِح :شیر۔کمان جو تانت سے دُور ہو۔
قَارِحُ الفَرَس :وہ دانت جس کے نکلنے کے بعد اس کو قارح کہا جائے۔
القَرِیْح :زخمی۔ج قَرْحٰی وقَرَاحٰی : خالص پانی وغیرہ۔ پہلا بادل جو ظاہر ہو۔ قَرِیْحُ المَسَحَابَةِ :بارش بوقت نزول۔
القُرَیْحَة :ہر چیز کا اوّل۔کنوئیں کا پہلا پانی .....مِنَ الاِنْسَانِ :طبیعت۔قَرِیْحَةُ الشَّاعِرُ او الکَاتِبِ :ملکۂ راسخہ۔ج قرائح.
الاَقْرَح :اسم تفضیل۔صبح۔فَرَسٌ اَقْرَح :وہ گھوڑا جس کی پیشانی میں درہم کے برابر یا اس سے کم سفیدی ہو مؤنث۔قَرْحَاء ج قُرُوْح. رَوْضَةٌ قَرْحَاء :سبزہ زار۔سفید پھولوں والا باغ۔
المَقْرُوْح :مفع .....مِنَ الطُّرُق :واضح راستہ۔(..... والمُقَرَّح) پھوڑوں والا کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهٗ مُقَارَحَة" یعنی میں اس سے رو در رو ملا۔
القِرْحِیَاء :زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو۔
القِرْوَاح :لمبے پاؤں کی اونٹنی۔ج قَرَاوِیْح
القِرْوَاح :زمین مقابل آفتاب۔زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو۔
قَرِدَ (س) قَرَدًا. الاَدِیْمُ :ادھوڑی کا کرم خوردہ ہونا.....الکُحْلُ فِی العَیْنِ :سرمہ کا پراگندہ ہونا.....اَسْنَانُهٗ :چھوٹا ہونا اور مسوڑھے سے ملنا.....العُنْقُ :بدمزہ ہونا (..... وتَقَرَّدَ) الشَّعْرُ :بالوں کا گچھا گچھا یا لے ہونا۔ایک پر ایک جم کر نمدہ جیسا ہو جانا۔
قَرِد واَقْرَد وقَرْد :درماندگی سے خاموش رہنا۔زمین سے چمٹنا۔قَرْدَة :دھوکا دینا۔
قَرَّدَ البَعِیْر :اُونٹ سے چیچڑی نکالنا۔قَرْدَ واَقْرَدَ اِلَیْهِ :تابعدار ہونا اَقْرَدَ المُنْحَرِکُ : ساکن ہونا۔اَقْرَدَ البَعِیْرُ :چیچڑی والا ہونا۔ ایسی نرم چال چلنا جس سے سوار کو حرکت نہ ہو۔
قَرَدَ (ض) قَرْدًا. المَالَ :جمع کرنا۔کمائی کرنا.....فِی السِّقَاءِ :مشکیزہ میں دودھ یا گھی جمع کرنا۔
القَرْد :مص۔پستہ قد۔گردن۔
القُرْد والقُرَاد :چیچڑی واحد۔قُرْدَة وقُرَادَة ج قِرْدَان. القُرَاد :پستان کا سرا۔ کہا جاتا ہے "نَزَعْتُ قُرَادَ فُلَانٍ" یعنی میں نے اس کو فریب دیا۔
القِرْد :بندر۔لنگور ج اَقْرَاد واَقْرُد وقُرُوْد وقِرَدو قِرَدَة :مؤنث القِرْدَة. ج قِرَد.
القَرَد :مص۔اُون یا کتان کا روئی حصہ۔ پتی اُتاری ہوئی کھجور کی شاخ۔واحد قَرَدَة.
القَرَدُ :زبان کا ہلکا پن۔بادل کے متفرق چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔
اَلْقَرَدُ واحد (قَرَدَة) کھجور کی شاخ جس کے پتے صاف کر دیئے گئے ہوں۔
القَرِد. مِنَ الاِبِلِ :بہت چیچڑی والا اونٹ۔ گھنگھوڑ گھٹا۔رَجُلٌ قَرِدُ الفَمِ :ایسا شخص جس کے دانت پیدائشی چھوٹے ہوں۔ رَجُلٌ قَرُوْدٌ :ساکن مرد۔
القَرَّاد :بندر والا۔
اَلْقُرَیْدِسُ :مکڑی کے برابر اس جیسی مچھلی۔ (یونانی لفظ)
قَرْدَحَ قَرْدَحَةً :اقرار کر لینا۔تابعدار فرمانبردار ہونا اور با استعمال عوام اصلاح دینا اور درست کرنا۔
القِرْدَاحِی والقِرْدُحِیُّ :ہموار ہونا

marfat.com
Marfat.com

اور درست کرنے والا۔
اِفْرَنْدَحَ لَهُ :جھوٹے گناہ کرنا۔
الْفَرْدَحُ والْفُرْدُوحُ :انگور۔ بڑا بھدا۔
الْفَرْدَحَةُ والْفُرْدُوحَةُ :نوجوان کے گلے کا ٹیٹوا۔
الْمُفَرْنِدِحُ :قا۔آمادۂ شرارت۔
الْفَرْقَدُ :سخت اور بلند زمین ج فراقد: کہا جاتا ہے "جَاءَ الْحَدِيثُ عَلَى فَرْقَدِهِ" اس نے بات کو اپنے موقع پر کہا۔
الْفُرْقُودُ :سخت اور بلند زمین۔ج فَرَاقِيد
الْفُرْقُودُ: انسان کی پیٹھ کا وسط۔
الْفُرْقُوقَةُ :سخت اور بلند زمین۔
فُرْقُوقَةُ الشِّتَاءِ :جاڑے کی شدت۔
فَرْوَقَةُ الظَّهْرِ :پیٹھ کا اعلیٰ حصہ۔
الْفِرْدِيقَةُ :کلام کی سختی۔ پیٹھ کے درمیان کا خط۔مرد کا سر۔ پہاڑ کی چوٹی۔ج فَرَادِيق.
فَرْقَسَهُ فَرْقَسَةً :مضبوط باندھنا۔فَرْقَس جَرْوَ الْكَلْبِ :کتے کے پلے کو بلانا۔
الْفَرْقَسَةُ :حس۔سختی۔شدت۔
الْفَرْقَعَةُ :خواری۔ذلت۔
الْفِرْدِعَةُ :گردن۔کہا جاتا ہے "أَخَذَ بِفِرْدِعَتِهِ" اس نے اس کی گردن پکڑ لی۔
الْفُرْفُوعُ :چھوٹی جوں۔
الْفُرْفُوعَةُ :پہاڑ کی وڑاڑ کا گوشہ۔
الْفُرْفُوعُ :نادان عورت۔
فَرْزَهُ (ن) فَرْزًا :کھرچنا۔فَرَزَ التُّرَابَ وَنَحْوَهُ :انگلیوں سے لینا۔
الْفَرْزُ :حس۔ٹیلہ۔سخت زمین۔
الْفُرْزُ :تیل کی شیشی۔
الْفُرْزَةُ :ہر چیز کی ایک مٹھی۔
الْفَرِيشَةُ :دودھ سے بنایا گیا پنیر۔
الْفُرْزُحَةُ :پستہ قد عورت۔
فَرْزَلَتِ الْمَرْأَةُ فَرْزَلَةً :بالوں کا جوڑا بنانا۔
الْفُرْزُلُ :نالائق۔کمینہ۔
فَرْزَمَ الشَّاعِرُ وشِعْرَهُ :ردی شعر کہنا۔
الْفِرْزَامُ :گھٹیا شاعر۔
الْمُفَرْزَمُ :حقیر۔لئیم۔فرومایہ۔رَجُلٌ

مُفَرْزَمٌ :گلے ہوئے بدن کا پستہ قد مرد۔
الْفَرْزُومُ :موچی یا موزہ بنانے والوں کا قرمہ۔
فَرِسَ (س) فَرَسًا. الْمَاءُ :پانی کا ٹھنڈا و سرد ہونا..... الْبَرْدُ :تیز جاڑا ہونا..... الْمَفْرُورُ :سخت سردی کی وجہ سے کام نہ کر سکنا۔
فَرِسَ (س) فَرَسًا. الْبَرْدُ: تیز جاڑا ہونا۔ الرَّجُلُ :ٹھٹھرنا۔
الْفَرَسُ. الْعُودُ :لکڑی کی تری کا اس کے اندر رچ جانا۔فَرَسَ الْبَرْدُ أَصَابِعَهُ :سردی کا انگلیوں کو سن کر دینا۔
أَفْرَسَ وفَرَّسَ. الْبَرْدُ فُلَانًا :ٹھٹھرا دینا۔
أَفْرَسَ وفَرَّسَ الْمَاءُ :جما دینا۔
الْفَرْس والْفَرَس والْفِرِيس :سخت سردی۔
الْفَرَس والْفَرِيس :جما ہوا۔کہا جاتا ہے "أَصْبَحَ الْمَاءُ فَرِيسًا" پانی جم گیا۔
الْفِرْس :چھوٹے مچھر۔
الْفَارِس :فا۔سخت سردی۔شَيْءٌ فَارِسٌ وفَرِيسٌ :پرانی چیز۔
الْفُرَاس والْفُرَاسِيَة: مِنَ الْإِبِلِ وغَيْرِهَا : موٹا و مضبوط۔کہا جاتا ہے "لَهُمْ مُلْكٌ فُرَاسِيَةٌ وعِزٌّ فُرَاسِيَةٌ" ان کے لئے مضبوط مملکت اور پائیدار عزت ہے۔
الْفَرَاسِيَا :ایک درخت ہے جس کا پھل کالے انگور کی مانند ہوتا ہے۔صاد سے بھی لکھا جاتا ہے۔دخیل۔
فَرَشَهُ (ن ض) فَرْشًا :کاٹنا۔فَرَشَ الْجَيْشُ بِالرِّمَاحِ :نیزہ مارنا..... الشَّيْءَ : ادھر اُدھر سے اکٹھا کرنا اور ہلانا..... مِنَ الطَّعَامِ :تھوڑا سا کھانا پانا(..... وفَرَّشَ وتَفَرَّشَ) لِعِيَالِهِ :کمائی کرنا۔وفَرَّشَ بَيْنَهُمْ براہیختہ کرنا۔اُکسانا۔چغل خوری کرنا۔
فَرَّشَهُ :قریش کی طرف منسوب کرنا۔
أَفْرَشَ بِهِ :چغلی کھانا۔عیوب ظاہر کرنا۔
أَفْرَشَتْهُ الشَّجَّةُ :بغیر چورہ ہونے کے ہڈی ٹوٹنا۔

تَفَرَّشَ. الْمَالَ :جمع کرنا.....عَنِ السَّيِّئَاتِ :برائیوں سے پرہیز کرنا۔بچنا..... الشَّيْءَ: اوّل اوّل لینا..... الشَّيْءَ: چننا۔تَفَرُّش الْقَوْمُ: قوم کا جمع ہونا۔تَفَرَّشَتْ وتَفَارَشَتِ الرِّمَاحُ :لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گتھنا۔تَفَارَشَ الْقَوْمُ :ایک دوسرے کو نیزہ مارنا اور اس سے جھنکار پیدا ہونا۔
اِفْتَرَشَ. لِعِيَالِهِ :کمائی کرنا۔اِفْتَرَشَتِ الرِّمَاحُ :لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گتھنا۔
بِهِ :چغلی کھانا۔نقصان پہنچانے کے لئے کوشش کرنا۔
الْفَرْش :جو اِدھر اُدھر سے جمع کیا جائے۔ ج فُرُوش..... فَرْشُ الشَّيْءِ: چیر کی آواز۔
الْفِرْش :پیاسٹر۔ایک ترکی سکہ مساوی ۰۲/ (دخیل)
الْفِرْش والْفُرَيْش :ایک قسم کی مچھلی جس کو كَلْبُ الْبَحْرِ بھی کہتے ہیں جو پانی کے اندر جانوروں کو اپنے دانت سے تلوار کی طرح کاٹ دیتی ہے۔
فُرَيْش :عرب کا مشہور قبیلہ اور نسبت کے لئے فُرَشِيّ وقرشی.
رِمَاحٌ فَوَارِش :لڑائی میں گتھے ہوئے نیزے جبنّ فَرِيش: سخت خشک پنیر۔
الْمُفَرِّشَةِ مِنَ السِّنِينَ :سخت قحط کا سال۔
فَرَصَ (ن) فَرْصًا لُحْمَهُ :چٹکی لینا.....ه بِلِسَانِهِ :تکلیف دہ کلمات کہنا..... الثَّوْبَ بِالْمَاءِ :اُنگلیوں کے پوروں سے دھونا..... الْبَرْغُوثُ :پسو کا کاٹنا..... فَرَصَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔فَرَصَ وفَرَّصَ الشَّيْءَ : کاٹنا..... الْعَجِينَ: گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے بنانا۔
فَارَصَهُ ومُفَارَصَةً :ایک دوسرے کو چٹکی لینا۔
فَرِصَ (س) فَرَصًا: ہمیشہ غیبت کرنا اور تکلیف دہ کلمات بولنا۔
الْفُرْص :روٹی کی ٹکیا۔فُرْصُ الشَّمْسِ: آفتاب کا گردہ۔کہا جاتا ہے "غَابَ فُرْصُ

marfat.com
Marfat.com

الشَّمْسِ" آفتاب کی ٹکیہ غائب ہوگئی۔ ج اَقْرَاص وقِرْصَة وقِرَاص.
القُرْصَة: روٹی کی ٹکیہ۔ ج قُرَص.
القُرَيْص: کشتی کا لنگر۔
القُرَّاص: ایک رُوئیں دار گھاس جس کے چھونے سے جلن ہوتی ہے۔ واحد قُرَّاصَة.
القُرَّاص: بابونہ اور کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قُرَّاصٌ" یعنی بہت سرخ۔
لِجَامٌ قُرَّاص وقَرُوْص: وہ لگام جو جانور کو تکلیف دے۔
القَارِص: فا۔ مچھر کی مانند ایک جانور۔
القَارِصَة. قَارِص کا مؤنث۔ کَلِمَةٌ قَارِصَةٌ: تکلیف دہ کلمہ۔ ج قَوَارِص.
القُرُوْصَة: چرپراہٹ۔
المِقْرَاص: ٹیڑھے سر کی چھری۔
المُقَرَّص: مفع .....مِنَ الحُلِيِّ وغَيْرِهَا: ٹکیہ کے مانند گول زیور۔
اَلْقُرَّاصُ: ایک کانٹے دار سبزی جو کہ کھائی جاتی ہے۔
القُرْصَان: بحری ڈاکو (دخیل)
القَرَاصِيَا: بمعنی قراسیا.
قَرْصَبَهُ قَرْصَبَةً: کاٹنا۔
اَلْقَرَاصِيَا: گلاب کی اقسام سے ایک پودا جس کے پھل سیاہ ہوتے ہیں۔
قَرْصَعَ قَرْصَعَةً: سکڑنا۔ پوشیدہ ہونا۔ بخل کی وجہ سے تنہا کھانا۔ باریک لکھنا۔ اور سطروں کو قریب قریب کرنا.....فِي بَيْتِهِ: بیٹھنا اور سمٹنا.....زَيْدًا فِي ثِيَابِهِ: لپیٹنا۔
تَقَرْصَعَتِ المَرْأَةُ: بُری چال چلنا۔
اِقْرَنْصَعَ الرَّجُلُ: کپڑوں میں لپٹنا۔ سکڑنا اور چھپنا۔
القِرْصَعْنَة: ایک خاردار درخت جس کو شوکة ابراھیم: بھی کہتے ہیں اور اس کی چند قسمیں ہیں۔ ایک قسم سفید ہے جس میں پتے زیادہ اور کانٹے تیز ہوتے ہیں۔
القِرْصَعْنَة: ایک قسم کی ترکاری جس میں سرکہ اور زیتون کا تیل ملا کر کھاتے ہیں۔

قَرْصَمَهُ: کاٹنا۔ توڑنا۔
قَرَضَهُ (ض) قَرْضًا: بدلہ دینا۔ قرض دینا۔ قَرَضَ الشِّعْرَ: شعر کہنا.....الوَادِيَ: وادی کو طے کرنا.....هُ: مقابلہ کرنا.....قَرَضَ فِي مَشْيِهِ: چلنے میں دائیں بائیں ہونا۔
.....المَكَانَ: علیحدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَه" یعنی مرگیا (..... وقَرْضَ) الشَّيْءَ: کاٹنا قَرَضَ الفَارُ الثَّوْبَ: چوہے کا کپڑے کو کترنا۔
قَرَّضَ فُلَانًا: مدح کرنا۔ مذمت کرنا۔
قَرِضَ (س) قَرَضًا: مرنا۔
قَارَضَهُ قِرَاضًا ومُقَارَضَةً: بدلہ دینا۔ بُرائی کا بُرائی سے مقابلہ کرنا.....هُ فِي المَالِ: مضاربت کرنا۔
اَقْرَضَهُ: قرض دینا۔ اَقْرَضَ مِنْهُ: قرض لینا۔
تَقَارَضَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کو بُرائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔ تَقَارَضَا الشِّعْرَ: اپنے اپنے اشعار کا پڑھنا۔ تَقَارَضَا الثَّنَاءَ: ہر ایک کا دوسرے کی تعریف کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَارَضَ القِرْنَانِ النَّظَرَ" یعنی ہر ایک نے دوسرے کو کڑی نگاہ سے دیکھا۔
اِنْقَرَضَ: ختم ہونا۔ کٹنا.....القَوْمُ: سب کا ہلاک ہوجانا اور کسی کا باقی نہ رہنا۔
اِقْتَرَضَ. مِنْهُ: قرض لینا.....عِرْضَهُ: غیبت کرنا۔
اِسْتَقْرَضَ مِنْهُ: قرض مانگنا۔
القَرْض والقِرْض: اچھا یا بُرا عمل جو پیش کیا جائے جو مال تم کسی کو اس شرط پر دو کہ وہ وقت معینہ پر تم کو واپس کر دے۔ ج قُرُوْض.
القُرَاضَة: کاٹنے میں جو گرے جیسے سونے کے ذرات۔ کپڑے کی دھجی وغیرہ۔
قُرَاضَةُ المَالِ: ردی مال۔
القَرِيْض: شاعری۔
القَرِيْض: کاٹا ہوا۔ شعر جگال۔

القَرَّاضَة: لوگوں کی غیبت کرنے والا۔ کپڑا جو اُون کو چاٹ جاتا ہے۔
اِبْنُ مِقْرَض: نیولے کی مانند ایک جانور جو اس سے بڑا اور سفید زردی مائل ہوتا ہے اور چوہے خرگوش اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔
المِقْرَاض: قینچی۔ ایک پھل ہو جائے تو "قَرَضْتُهُ بِالمِقْرَاضِ" بولتے ہیں اور اگر دونوں پھل ہوں تو "قَرَضْتُهُ بِالمِقْرَاضِ" نہیں کہتے بلکہ قَرَضْتُهُ بِالمِقْرَاضَيْنِ: کہتے ہیں۔ ج مَقَارِيْض.
المَقْرَض: تھوڑی کھیتی۔ بڑے مٹکے۔ شراب کے برتن۔
قَرْضَبَ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا.....الرَّجُلُ: خشک چیز کھانا.....اللَّحْمَ فِي القِرْبَةِ: گوشت کو ہانڈی میں جمع کرنا..... فُلَانًا: دوڑنا.....اللَّحْمَ: کل کھا جانا۔ کہا جاتا ہے "قَرْضَبَ الذِّئْبُ الشَّاةَ" بھیڑیا سالم بکری کھا گیا۔
القِرْضِب: بھوسی جو چھلنی میں بچ رہے اور پھینک دی جائے۔
القِرْضَاب والقُرْضُوْب: تلوار کاٹنے والی۔ چھری۔ خشک چیز کو کھانے والا۔ فقیر۔ ج قَرَاضِبَة.
القُرَاضِب: جو کچھ ملے اس کو کھا جانے والا۔ ج قَرَاضِب.
قَرْضَمَ الشَّيْءَ: کاٹنا۔ لے کر چل دینا کہا جاتا ہے "هُوَ يَقْرَضِمُ كُلَّ شَيْءٍ" وہ ہر چیز لے کے چل دیتا ہے۔
قَرَّطَ (ن) قَرْطًا. الكُرَّاثَ ونَحْوَهُ: باریک باریک کاٹنا۔
قَرِطَ (س) قَرَطًا. التَّيْسُ: کانوں کے ہوتے کانوں والا ہونا۔ صفت اَقْرَط.
قَرَّطَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا.....الجَارِيَةَ: لڑکی کو بالی پہنانا۔
الفَرَسَ: گھوڑے کو لگام لگانا.....السِّرَاجَ: چراغ سے گل گرانا.....عَلَى

marfat.com
Marfat.com

تھوڑا دینا.....اِفْرَوْطَوْا: جلدی کرنا۔
تَفَرْطَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا ہالی پہننا۔
الْفِرْطُ: کپڑا کی ایک قسم۔
الْفُرْطُ: ہالی۔ ایرر نگ۔ کان کا زیور۔ ج
اَفْرَاط وفِرَاط وفُرُوط وفِرَطَة. الْقَرْطُ:
آگ کا شعلہ۔ تھن۔ ایک گھاس ہے جو
اسپست کے مشابہ ہے ثریا (بنا بر تفسیر)
والْقُرْطُ مِنَ الْعُوزِ او الْبَلَحِ عِنْدَ الْعَاشِيَةِ:
کھیل وغیرہ کی پھلیوں کا گچھا۔
الْقَرْطَة والْقِرْطَة: مینڈھے کے کان کا کٹ
کر لٹکتا ہوا حصہ۔
الْقِرْطَاس: چراغ۔ چراغ کا شعلہ (.....
والْقُرَاطَة) بنی کا گل۔
الْقِرَاط والْقِيرَاط: نصف دانق اور بقول
بعض دینار کا ۱/۲۴ اور بقول بعض دینار کے
دسویں حصہ کا آدھا۔ کسی چیز کا چوبیسواں
حصہ.....فِي الْمَسَاحَةِ: اُنگلی کی چوڑائی
کے برابر۔ (دخیل) الْقِيرَاط عِنْدَ الْيُونَان:
دانہ خرنوب۔ نصف دانق ج قَرَارِيط.
الْقَرَارِيط: دانہ تمر ہندی۔
الْقَرْزُوطِيّ: ایک مرہم جس کا ضماد کیا جاتا
ہے (دخیل)
قَرْطَبَهُ قَرْطَبَةً: گدی کے بل پچھاڑنا۔
قَرْطَبَ الْجَزُورَ: ہڈیوں کا کاٹنا.....
الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ تیز دوڑنا۔ بھاگنا۔
تَقَرْطَبَ: گدی کے بل گرنا۔
الْقُرَاطِب: بہت کاٹنے والا۔
الْقُرْطُبِيّ: تلوار۔
قَرْطَسَ: نشانہ لگانا۔
تَقَرْطَسَ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔
الْقِرْطَس والْقَرْطَس والْقِرْطَاس
والْقُرْطَاس والْقَرْطَاس: کاغذ۔
الْقِرْطَاس: نشانہ۔ ایک قسم کی مصری چادر۔
تحریر جو کچھ بھی ہو۔ سفید کشیدہ قامت لڑکی۔
جوان اونٹنی۔ ج قَرَاطِيس.
الْقِرْطِيط والْقِرْطِيطَة: تھوڑی چیز۔
الْقِرْطِيطَة: بلا دخی۔

الْقَرْطَلِيح: جوں جو اونٹ کے بدن میں پیدا
ہو جائے۔
الْقَرْطَف والْقَرْطَفَة: مخملی چادر۔
قَرْطَفَهُ قَرْطَفَةً: کرتا پہنانا۔
تَقَرْطَفَ: کرتا پہننا۔
كَفَخَهُ (ف) كَفْخًا: طمانچہ مارنا..... بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

الكَفْخَة: جمع شدہ سفید لکھن۔

رَجُلٌ مِكْفَخٌ وَعَمُوْدٌ مِكْفَخٌ: مضبوط۔

كَفَرَ (ن) كَفْرًا وَكُفْرًا. الشَيْءَ: چھپایا۔ کہا جاتا ہے "كَفَرَ دِرْعَهُ بِثَوْبِهِ" اس نے اپنی زرہ کو اپنے کپڑے سے چھپایا..... اللَيْلُ الشَيْءَ وَعَلَى الشَيْءِ: ڈھانکنا..... الجَهْلُ عَلَى عِلْمِ فُلَانٍ: علم پر جہل کا غالب آنا..... كَفْرًا وَكُفْرًا وَكُفُوْرًا وَكُفْرَانًا) ایمان کی ضد..... بِالْخَالِقِ: نفی کرنا..... كُفْرًا وَكُفُوْرًا وَكُفْرَانًا) نِعَمَ اللّٰهِ وَبِنِعَمِ اللّٰهِ: ناشکری کرنا..... بِكَذَا: بیزار ہونا۔

كَفَّرَ الشَيْءَ: چھپانا..... الرَجُلَ: کفر پر برانگیختہ کرنا۔ کفر کی طرف نسبت کرنا۔ کافر کہنا۔ كَفَّرَ لَهُ: تعظیماً کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنا اور سر جھکانا..... اللّٰهُ لَهُ الذَنْبَ: معاف کرنا۔ گناہ مٹانا..... عَنْ يَمِيْنِهِ او اِثْمِهِ: کفارہ ادا کرنا۔

تُكُفِّرَ لِلْمَلِكِ: تاج پہنایا جانا کہ جس کے دیکھنے سے تعظیم لازم ہو۔

كَافَرَ مُكَافَرَةً. فُلَانًا حَقَّهُ: انکار کرنا۔

اَكْفَرَ: طاعت اور ایمان کے بعد گناہ اور کفر اختیار کرنا..... الرَجُلَ: کافر کہنا۔ کفر کی طرف منسوب کرنا۔ کافر بنانا۔ کفر کرنے پر مجبور کرنا۔

اَكْفَرَ الرَجُلُ: دیہات میں رہنا۔

اِكْتَفَرَ: دیہات میں رہنا۔

الكُفْر: مص دور کی زمین۔ قبر۔ چھوٹی لاٹھی۔ مٹی۔ الكَفْر: دیہات۔ ج كُفُور (..... والكِفْر والكَفْرَة) رات کی تاریکی۔

الكُفْر والكُفْرَان: ضد ایمان۔ الكُفْران: ناشکری۔ الكُفْر: فارسیوں کا اپنے بادشاہ کی تعظیم کرنا۔

الكَفَر والكَفَرَىٰ والكُفْرَىٰ والكِفِرَّىٰ: کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ الكَفَر: پہاڑ کی گھاٹیاں واحد كَفَرَةٌ.

الكَفِر مِنَ الجِبَالِ: بڑا پہاڑ۔

الكَافِر: فا۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا ج كَافِرُوْنَ كَفَرَةٌ وَكُفَّارٌ

وَيُكَفِّرُ: (کفار اس کا فر کی جمع میں اکثر استعمال ہوتا ہے جو مومن ہے اور كَفَرَةٌ کا استعمال اس كَافِر: کی جمع میں ہے جو معنی ناشکر گزار ہے۔ الكَافِر: تاریک رات۔ سمندر۔ بڑی وادی۔ کالا بادل۔ تاریکی۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ بڑا دریا۔ زرہ۔ وہ شخص جس نے زرہ کو اپنے کپڑوں سے چھپا رکھا ہو۔ دور کی زمین۔ ہموار زمین۔ نباتات۔ کاشتکار۔ ہتھیار بند۔ چھپا ہوا مقیم الكَافِرُ مِنَ الخَيْلِ: کالا گھوڑا۔

الكَافِرَة: کافر کا مؤنث۔ ج كَافِرَات وَكَوَافِر. الكَوَافِر: شراب کے مٹکے۔

الكَفُوْر: کافر۔ ج كُفُر (اس کی جمع سالم نہیں آتی)

الكَافُوْر: ایک خوشبودار گھاس۔ کافور۔ کھجور کا شگوفہ۔ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ خوشہ۔ انگور نکلنے کی جگہ۔ ج كَوَافِيْر وَكَوَافِر.

الكَفَّار: اسم مبالغہ۔ رَجُلٌ كَفُوْر: اللہ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔

الكَفَّارَة: کفار کا مؤنث۔ گناہ کا کفارہ۔ صدقہ یا روزہ جو کفارہ میں ادا کیا جائے۔

المُكَفِّر والمُتَكَفِّر: ہتھیار بند۔ ہتھیار میں چھپا ہوا۔

المُكَفَّر: مفع۔ وہ احسان کرنے والا جس کی ناشکری کی گئی ہو۔ لوہے میں بندھا ہوا۔

طَائِرٌ مُكَفِّرٌ: پروں میں چھپا ہوا پرندہ.....

كَفِسَ (س) كَفَسًا المَصِيُّ: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت اَكْفَس: مؤنث كَفْسَاء ج كُفْس.

كَفِسَت وَانْكَفَسَتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ اِنْكَفَسَ الرَجُلُ: مرد کا دوہرا ہونا۔

الكِفَاس: بچے کے بدن پر باندھنے کا کپڑا۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے سے اوپر کا کپڑا۔ كَفْكَفَهُ عَنْ كَذَا: روکنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ كَفْكَفَ الضَبْعَ: اونٹنی کا بار پر نچھنا..... الرَجُلُ: قرض دار سے تنگی

marfat.com

Marfat.com

برتنا یا ذمہ دار سے تکلیف کا کام لینے والے کو دور کرنا۔
تَكَفَّفَ. عَنْهُ: باز رہنا۔ پھر جانا۔
كَفَلَ (ن) كَفْلاً وَ كَفَالَةً فُلاناً: نان ونفقہ کا ذمہ دار ہونا..... فِي صِيَامِهِ: لگاتار روزے رکھنا..... الشَّيْءَ إِلَيْهِ: ملانا۔
كَفَلَ (ن س) وَكَفِلَ (س) وَكَفُلَ (ک) كَفْلاً وَكُفُولاً الرَّجُلَ وَبِالرَّجُلِ وَالْمَالَ وَبِالْمَالِ: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَفَلَ عَنْهُ بِالْمَالِ لِغَرِيمِهِ" اس نے قرض خواہ کے لئے مال کی ذمہ داری کی۔
كَفَّلَهُ: نان ونفقہ وغیرہ کا ذمہ دار ہونا۔
كَفَّلَهُ وَاكْتَفَلَهُ إِيَّاهُ: ضامن بنانا۔ كَفَّلَ الْقَاضِي الْخَصْمَ: ضامن لینا۔ اكْتَفَلَ زَيْدٌ عَمْرًا: مال کا ضامن ہونا۔
كَافَلَهُ مُكَافَلَةً: معاہدہ کرنا۔
تَكَفَّلَ لَهُ بِكَذَا: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَكَفَّلَ بِالْمَالِ" یعنی اپنے ذمہ کرلیا (..... وَاكْتَفَلَ) الْبَعِيرُ: اُونٹ کے کوہان پر گول زین رکھ کر سوار کرنا۔ اِكْتَفَلَ بِفُلَانٍ: اپنے پیچھے سوار کرانا..... بِالشَّيْءِ: پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے اِكْتَفَلُوا بِالْجَبَلِ: یعنی پہاڑ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔
تَكَافَلَ الْقَوْمُ: بعض بعض کا ضامن ہونا۔
الْكِفْل: دوچند ثواب یا گناہ پیچھے سوار ہونے والا۔ حصہ۔ نظیر۔ ضمانت۔ بیل کی گردن پر ہل کی لکڑی کے نیچے کا چیتھڑا۔ اون جو پہلے اون کے گرنے کے بعد نکلے۔ وہ شخص جو گھوڑے پر بیٹھ نہ سکے۔ وہ شخص جو میدانِ جنگ میں آخر میں رہے اور بھاگنے میں مستعد رہے۔ وہ شخص جو اپنے جان و مال کو دوسرے کے ذمہ ڈال دے۔ چیتھڑے وغیرہ سے ایک گول سی چیز بناتے ہیں اور اس کو اُونٹ کے کوہان پر رکھتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آسانی رہے۔ وہ چیز جو سوار کی اس کے پیچھے سے حفاظت کرے۔ ج اَكْفَال.
الْكَفَل مِنَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کا چوتڑ یا سرین کا پچھلا حصہ۔ ج اَكْفَال.
الْكَافِل: فا۔ ضامن۔ یتیم کا متولی۔ بے درے روزے رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلَانٌ كَافِلاً" فلاں نے اس حالت میں رات گزاری کہ نہ تو دن کو کھانا کھایا اور نہ رات میں۔ ج كُفَّل.
الْكَفَالَةُ: ضمانت (اسم ہے كَفَلَهُ: سے) ج كَفَالَات.
الْكَفِيل: ضامن۔ ہم مثل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَفِيلٌ وَامْرَأَةٌ كَفِيلَةٌ وَقَوْمٌ كَفِيلٌ" ج كُفَلاء.
الْكُفُولَة: اسم ہے کفل کا اور کفل اس شخص کو کہتے ہیں جو گھوڑے پر نہ بیٹھ سکے۔
كَفَنَ (ض) كَفْنًا الْجَمْرَ بِالرَّمَادِ: چنگاری کو راکھ میں دبا دینا..... الصُّوفَ: اون کاتنا ..... الْخُبْزَةَ فِي الْمِلَّةِ: بھوبھل میں روٹی چھپانا۔ (..... وَكَفَّنَ) الْمَيِّتَ: کفن دینا۔
تَكَفَّنَ بِكَذَا: چھپنا۔
الْكَفَن: مص۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ كَفَنٌ" بے نمک کھانا۔
الْكَفَن: کفن۔ ج اَكْفَان.
الْكَفَنَة: ایک درخت کا نام ہے اور بقول بعض ایک گھاس ہے جو زمین پر بہت پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔
الْكُفْنَة: عمدہ زمین جو ہر چیز کو اُگائے۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ مُكَفْنُونَ" یعنی ایسے لوگ جن کے پاس نمک نہ ہو۔
الْكَافِة: فوج کا سردار۔
اِكْفَهَرَّ. اِكْفِهْرَارًا اللَّيْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا..... السَّحَابُ: بادل گھٹا ٹوپ ہونا..... الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا..... النَّجْمُ: ستارہ کا سخت تاریکی میں چمکنا۔
الْمُكْفَهِرّ: فا۔ ہر تہ بتہ چیز۔ سخت اور بلند پہاڑ۔ کم گوشت۔ سخت اور بے حیا چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُكْفَهِرُّ اللَّوْنِ" یعنی فلاں کا رنگ تیرگی کی طرف مائل ہے "وَفُلَانٌ مُكْفَهِرٌّ" یعنی فلاں منقبض و ترش رو ہے۔
خوشی کے آثار اس کے اندر نہیں۔
الْكُفْو وَالْكُفْء: مثل اور نظیر۔
كَفَى يَكْفِي كِفَايَةَ الشَّيْءِ: کافی ہونا۔ صفت كَافٍ. كَفَى الشَّيْءُ فُلَانًا: قناعت کرنا اور دوسرے سے مستغنی ہونا۔ وَكَفَى فُلَانًا مُؤْنَتَهُ: کارگزاری کر دینا اور کارگزاری سے مستغنی کر دینا۔ کہا جاتا "كَفَيْتُهُ شَرَّ عَدُوِّهِ" یعنی اس کو دشمن کے شر سے بچا دیا اور كَفَى کے فاعل پر با کی زیادتی ہوتی ہے۔ جیسے "كَفَى بِاللَّهِ شَهِيدًا" یعنی اللہ تعالیٰ کی شہادت غیر سے مستغنی کر دیتی ہے۔ لفظ اللہ محلاً مرفوع ہے اور شہیداً تمیز ہے۔
كَافَى كِفَاءً وَمُكَافَاةً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔ کافی ہونا۔
تَكَفَّى النَّبَاتُ: نباتات کا طویل ہونا۔
اِكْتَفَى بِكَذَا: قناعت کرنا۔ مستغنی کرنا۔
اِسْتَكْفَى الرَّجُلَ الشَّيْءَ: کافی چیز مانگنا۔ تم کہتے ہو "اِسْتَكْفَيْتُهُ الْأَمْرَ فَكَفَانِيهِ" میں نے اس سے کافی چیز کی درخواست کی اس نے مجھے کافی دی۔
الْكِفَايَة: مص۔ جو کافی ہو اور غیر سے مستغنی کر دے۔
الْكَفْي وَالْكِفَى وَالْكُفْي: جس سے کفایت ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَفْيُكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد اس مرد سے تمہارے لئے کافی ہے اس میں مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔ الْكِفْي: اندرون وادی۔ ج اَكْفَاء.
الْكُفْيَة: گزارہ۔ جو تمہاری زندگی گزارنے کے لائق ہو۔ ج كُفًى.
الْكَفِي وَالْكَافِي: جو تمہارے لئے کافی ہو اور تم کو غیر سے مستغنی کر دے۔ کہا جاتا ہے "هَذَا رَجُلٌ كَافِيكَ مِنْ رَجُلٍ وَرَجُلَانِ كَافِيَاكَ مِنْ رَجُلَيْنِ وَرِجَالٌ كَافُوكَ مِنْ رِجَالٍ" یہ مرد تمہارے لئے فلاں مرد سے کافی ہے اور اسی قیاس پر تثنیہ اور جمع۔

marfat.com
Marfat.com

كَفِيُّ الرَّجُلَ: مرد کا قائم مقام۔ الكِفَى: بارش۔
اَلْكَاكَاو: وسطی امریکہ کا ایک درخت جس کے پتے چوڑے پھول چھوڑے پھل بڑے اس کے بیج سے کاکا (نکالا) جاتا ہے۔
المكافَات: مص۔ احسان کا احسان سے یا اس سے زیادہ سے مقابلہ اور کہا جاتا ہے "رَجَوْتُ مُكَافَاتَكَ" میں نے تمہارے کافی ہونے کی اُمید کی۔
كَلَّ (ض) كَلًّا وكِلَّةً وكَلالاً وكُلُولاً وكَلالَةً وكُلُولَةً: تھکنا۔ صفت كَالٌّ: بے والد اور بے اولاد ہونا..... السَّيْفُ وغيرُهُ: تلوار وغیرہ کا کند ہونا۔ صفت كَلٌّ وكَلِيلٌ اللِّسَانُ او البَصَرُ: زبان یا نگاہ کا اچھی طرح سے کام نہ دینا۔
كَلَّلَ السَّيْفُ: تلوار کا کند ہونا..... عَنِ الأَمْرِ: بزدل ہو کر رکنا..... فِي الأَمْرِ: کوشش کرنا..... الرَّجُلُ: اپنے اہل وعیال کو ضائع کرنے کے لئے چھوڑ دینا..... السَّبُعُ: درندہ کا حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَلَّلَ تَكْلِيلَةَ السَّبُعِ" یعنی اس نے درندہ جیسا حملہ کیا..... عَلَيْهِ بِالسَّيْفِ: تلوار سے حملہ کرنا..... هُ: تاج پہنانا..... هُ بِالْحِجَارَةِ: پتھراؤ کرنا..... البَسَحَابُ السَّمَاءَ: بادل چاروں طرف سے گھر آنا۔
اَكَلَّ البُكَاءُ بَصَرَهُ: نگاہ کا مدہم کر دینا..... البَعِيرَ: اُونٹ کو تھکا دینا..... الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ والا ہونا۔
تَكَلَّلَ: تاج پہنانا..... الشَّيْءُ بِهِ: احاطہ کرنا۔ تَكَلَّلُوهُ: لوگوں نے اس کا احاطہ کر لیا (..... واكْتَلَّ السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا واكْتَلَّ الغَمَامُ بِالبَرْقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔ کوندنا۔
اِنْكَلَّ السَّيْفُ: تلوار کا کند ہونا..... البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا..... الرَّجُلُ: مسکرانا..... السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا۔

الكَلُّ: مص کمزور۔ وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔ یتیم۔ مرد گراں جان بے خیر۔ چھری یا تلوار کی پیٹھ۔ وکیل۔ بت۔ مصیبت۔ فقیر۔ عیال بوجھ اور كُلٌّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر و مؤنث کی جمع كُلُول: کہتے ہیں۔
كُلٌّ: ایک اسم ہے جو متعدد کے افراد کے استغراق کے لئے یا واحد کے اجزاء کے عموم کے لئے وضع کیا گیا ہے اور بغیر اضافت کے استعمال نہیں کیا جاتا عام اس سے کہ لفظاً ہو یا تقدیراً اور ما مصدریہ ظرفیہ کے داخل ہونے سے تکرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "كُلَّمَا أَتَاكَ زَيْدٌ أَكْرِمْهُ" یعنی زید جب بھی تمہارے پاس آئے تو تم اس کا اکرام کرو اور معرفہ و نکرہ کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے اور اس وصف کی انتہا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "هُوَ الْعَالِمُ كُلُّ الْعَالِمِ" وہ بڑا کامل عالم ہے اور معرفہ و نکرہ محدودہ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے جیسے "سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ" و "أَقَمْنَا حَوْلاً كَامِلاً كُلَّهُ" اور لفظ کل کا حکم افراد اور تذکیر کا ہے اور معنی باعتبار مضاف الیہ کے ہوں گے۔ اگر نکرہ کی طرف اضافت ہوگی تو معنی کی رعایت واجب ہوگی اور اس کے بعد ضمیر مفرد مذکر کی آئے گی جیسے "كُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ بِحِكْمَةٍ" اور مفرد مؤنث کی بھی جیسے "كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ" اور تثنی کی جیسے "وَكُلُّ رَفِيقَيْ كُلُّ رِحْلٍ وان هما" اور مجموع مذکر کی جیسے "وَكُلُّ النَّاسِ سَوْفَ تَدْخُلُ بَيْنَهُمْ" اور جمع مؤنث کی جیسے "وَكُلُّ مُصِيبَاتِ الزَّمَانِ وَجَدْتُهَا" اور اگر معرفہ کی طرف اضاف ہو تو لفظ کی بھی رعایت جائز ہے اور معنی کی بھی۔ جیسے كُلُّ الْقَوْمِ حَضَرَ یا كُلُّ الْقَوْمِ حَضَرُوا: اور مقطوع عن الاضافہ: کی صورت میں بھی لفظ و معنی دونوں کی رعایت جائز ہے۔ جیسے كُلٌّ حَضَرَ وكُلٌّ حَضَرُوا اور کہا گیا ہے کہ جب مضاف الیہ مقدر مفرد اور نکرہ ہو تو مفرد لانا واجب ہے اور اگر جمع معرف ہو تو جمع لانا واجب ہے اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے اور تقدیر پہلی مثال میں كُلُّ أَحَدٍ ہے اور دوسری میں كُلُّهُمْ اور اگر لفظ کل نفی کے بعد واقع ہو تو نفی بعض افراد کی ہوگی۔ جیسے "مَا جَاءَ كُلُّ الْقَوْمِ" پوری قوم نہیں آئی کچھ آئے کچھ نہیں آئے اور اگر لفظ کل پہلے ہو اور نفی بعد میں ہو تو نفی سارے افراد کی ہوگی جیسے كُلُّهُمْ لَمْ يَقُومُوا یعنی کوئی بھی نہیں کھڑا ہوا اور اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا مگر اس وقت جبکہ مضاف الیہ کے عوض میں ہو یا لفظ کل ہی کا ارادہ کیا گیا ہو جیسے الكُلُّ لِاحَاطَةِ الأَفْرَادِ.
كَلَّا: ہرگز نہیں۔ حرف ردع ہے۔ تنبیہ اور زجر کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
الكَلَّة: كَلٌّ: کا اسم مرۃ۔ کند چھری۔
الكَلْلَة: تاخیر۔ دیر۔ کل کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے كُلَّةَ امْرَأَةٌ: جیسے كُلُّ امْرِئٍ.
الكِلَّة: باریک پردہ۔ کھردرا پن۔ ہودج کے سرے پر سرخ اون۔ ج كِلَلٌ وكِلَّاتٌ (..... والكَلَل) حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِكَلَلٍ سُوءٍ" یعنی بری حالت میں رات گزاری۔
الكَلالَة: تھکن۔ جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔ وہ شخص جس کے لئے نسبی رشتہ دار نہ ہوں۔ کہتے ہیں "هُوَ ابْنُ عَمِّ الكَلالَةِ وابْنُ عَمِّ كَلالَةٍ" جبکہ قبیلہ کا تو ہو مگر قریبی نسبی رشتہ دار نہ ہو۔
الكُلِّيُّ: کل کی طرف منسوب۔ العِلْمُ الكُلِّيُّ: علم الٰہی۔
كُلِّيَّةُ الشَّيْءِ بتمامِهِ: کہا جاتا ہے "اتَّصَفَهُ بِكُلِّيَّتِهِ" یعنی بتمامہ لے لیا۔
اَلْكُلِّيَّةُ: ہائی تعلیمی مدرسہ جس میں مختلف علوم پڑھائے جائیں جس کو کالج کہتے ہیں۔
الكُلِّيَّاتُ فِي عُرْفِ المنطقيين: وہ مفہوم

marfat.com
Marfat.com

ہے جو بہت افراد پر صادق ہو اور اس کی پانچ قسمیں ہیں۔
(۱) جنس: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں مختلف ہوں۔ جیسے حیوان۔
(۲) نوع: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں متحد ہوں۔ جیسے انسان۔
(۳) فصل: وہ کلی جو ماعدا سے ممتاز کردے جیسے ناطق۔
(۴) خاصہ: وہ کلی عرضی جو ایک حقیقت کے ساتھ خاص ہو جیسے ضاحک.
(۵) عرض عام: وہ کلی عرضی جو ایک سے زائد حقیقت کے ساتھ ہو جیسے ماشی۔
اَلاِکْلِیْلُ: عیسائی مرد حضرات کے سر پر شادی کا تاج۔ کہا جاتا ہے تَکَلَّلَ الْکَاهِنُ الْعَرُوْسَیْنِ مُتَکَلِّلاً کاهن: (پادری) نے شادی والوں کو تاج پہنایا پس تاج والے ہوئے۔
اَلاِکْلِیْلُ الدَّائِرِی اَوِ الْحَلْقَةُ الدَّائِرِیَّةِ: وہ سطح جو متحد مرکز دو دائروں کو گھیرتی ہو۔
اَلاِکْلِیْلُ: تاج۔ جواہر سے مزین پٹکا۔ ج اَکِلَّةٌ وَاَکَالِیْلُ: ناخن کے اردگرد کا گوشت۔ اِکْلِیْلُ الْمَلِکِ: ناخنہ۔ وَاِکْلِیْلُ الْجَبَلِ: ایک قسم کی نباتات۔
اَلْکَلِیْلُ: تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَصَرٌ کَلِیْلٌ" کمزور نگاہ "سَیْفٌ کَلِیْلٌ" کند تلوار۔ ج کِلَال.
کَلَا (ف) کَلَاءً وَکِلَاءً وَکِلَاءَةً اللّٰهُ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ کَلَاهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے مارنا۔ کَلَا یَکْلُوْهُ فِی الشَّیْءِ: بار بار دیکھنا..... اَلنَّجْمُ مَتٰی یَطْلُعُ: ستارے کے طلوع ہونے کا انتظار کرنا (..... کَلَا وَکُلُوْءَةً) الدَّیْنُ: ادائیگی میں دیر ہونا۔ صفت کَالِیٌ وَکَالٌ..... عُمْرُهٗ: عمر کا ختم ہونا۔
کَلَا وَکَلِیَ (س) کَلَا الْمَکَانُ: سبزہ زار ہونا (..... وَاکْلَاتِ) النَّاقَةُ: اونٹنی کا سبزی کھانا۔

کَلَا تَکْلِیْئًا وَتَکْلِئَةً السَّفِیْنَةَ: کشتی کو کنارے سے قریب کرنا..... اَلرَّجُلَ: باز رکھنا..... فِی الْاَمْرِ: غور سے دیکھنا..... اِلٰی فُلَانٍ فِی الْاَمْرِ: آگے بڑھنا (..... تَکْلِیْئًا) پیمانہ لینا۔ (..... تَکْلِئَةً) ہوا سے پناہ کی جگہ میں آنا..... فِی الطَّعَامِ وَغَیْرِهٖ: بیع سلم کرنا۔
کَالَاهُ مُکَالَاةً وَکِلَاءً: انتظار کرنا۔
تَکَلُّاً وَاسْتِکْلَاءً. اَلْکُلَاءَةُ: پیمانہ لینا۔
اِسْتَکْلَا الْمَکَانُ: سبزہ زار ہونا۔
اِکْتَلَا کُلَاءَةً: پیمانہ لینا۔ اِکْتَلَاتْ عَیْنُهٗ: بے خوابی میں مبتلا ہونا اور نہ سونا۔ اِکْتَلَا مِنْ فُلَانٍ: بچنا۔
اَلْکَلَّاءُ: بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔
اَلْکَالِیْ وَالْکَالِی: پیمانہ۔ ادھار ج کَوَالِی وَکَوَالٍ.
مَکَانٌ کِلْیٌ وَمُکْلِیٌ: بہت سبزہ زار۔ مؤنث کَلِئَةٌ وَمُکْلِئَةٌ.
رَجُلٌ کَلُوْءُ الْعَیْنِ: مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ عَیْنٌ کَلُوْءٌ: بے نیند کی آنکھ۔
اَلْکُلَاءَةُ: پیمانہ۔ ادھار۔
اَلْاَکْلَا: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "بَلَغَ اللّٰهُ بِکَ اَکْلَا الْعُمُرِ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری انتہائی عمر کرے۔
اَرْضٌ مَکْلَاةٌ: بہت سبزہ زار زمین۔
اَلْمُکَلَّاءُ: بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔ ہر وہ جگہ جہاں ہوا سے پناہ لے سکیں۔
کَلَبَ (ن) کَلْبًا الْفَرَسَ: گھوڑے کو مہمیز مارنا..... اَلْمِزَادَةَ: توشہ دان میں تسمہ لگانا۔
کَلَبَ (ض) کَلْبًا الرَّجُلُ: کتوں کے بھونکنے کے لئے انہیں کی طرح آواز نکالنا۔
اَلْکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔
کَلِبَ (س) کَلَبًا: پیاسا ہونا..... اَلْکَلْبُ: دیوانہ ہونا..... اَلرَّجُلُ: پاگل کتے کے کاٹنے سے دیوانگی والا ہونا..... عَلَی الْاَمْرِ: حریص ہونا..... فِیْ کَذَا: امید رکھنا..... عَلَی الرَّجُلِ: اصرار کرنا..... اَلرَّجُلُ: بغیر آسودگی کے بہت کھانا۔ دیوانہ کتے کا کاٹنا۔ دیوانہ کتے کے کاٹنے سے چیخنا۔ غضبناک کرنا۔ فرمانبرداری کرنا۔..... اَلْکَلَبُ: کتے کالا گو ہونا..... اَلْقِدْحُ عَلَی الْاَمِیْرِ: خشک ہونا..... اَلشَّجَرُ: درخت کی سیرابی نہ ہونے کی وجہ سے پتوں کا خشک ہونا اور گزرنے والے کے کپڑوں سے الجھنا..... اَلشِّتَاءُ وَالزَّمَانُ: سخت ہونا۔
کُلِبَ کَلَبًا الرَّجُلُ: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانہ ہونا۔
کَلَّبَ الْکَلْبَ: کتے کو سدھانا۔
کَالَبَ کِلَابًا وَمُکَالَبَةً الرَّجُلُ: کھلم کھلا دشمنی کرنا اور لڑائی ڈالنا۔ کَالَبَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا کانٹے دار درخت چرنا۔
اَکْلَبَ الْقَوْمُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔
تَکَالَبَ الْقَوْمُ: کھلم کھلا آپس میں دشمنی کرنا..... عَلٰی کَذَا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَکَالَبَ النَّاسُ عَلَی الدُّنْیَا" یعنی لوگ دنیا کے بہت حریص ہو گئے۔
اِسْتَکْلَبَ الرَّجُلُ: کتوں کی طرح بھونکنا۔
اَلْکَلْبُ: کتے کالا گو ہونا۔ انسان کے کھانے کا عادی ہونا۔
اَلْکَلْبُ: ہر ایک کاٹنے والا درندہ۔ کتا ج کِلَابٌ. وَاَکْلُبٌ وَج اَکَالِبُ وَکِلَابَاتٌ
اَلْکَلْبُ: چکی کے دھرے کے سرے کا لوہا۔ کجاوہ کے کنارہ کی میخ۔ جس پر مسافر اپنے توشہ وغیرہ کو لٹکائے۔ دیوار میں ٹیک لگانے کی تھونی۔ ٹیلہ کا کنارہ۔ تلوار کے قبضہ کی میخ
مِنَ الْفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی عَلٰی کَلْبِ فَرَسِهٖ" وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ گیا اور کہا جاتا ہے "کُفَّ عَنْهُ کِلَابَهٗ" یعنی اس نے گالی دینی اور تکلیف پہنچانی چھوڑ دی اور فُلَانٌ بِوَادِی الْکَلْبِ: جبکہ گھر بار نہ ہو جہاں وہ ٹھکانا لے سکے۔ اَلْکَلْبُ: وادی کے پانی کی پہلی زیادتی۔ ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ کَلْبُ الْمَاءِ او

marfat.com
Marfat.com

كَلْبُ الْبَحْرِ: ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ الْكَلْبُ وَكَلْبُ الْجَبَّارِ وَالْكَلْبُ الْاَكْبَرِ وَالْكَلْبُ الْاَصْغَرِ وَكَلْبُ الرَّاعِي: ستاروں کے نام۔ كَفُّ الْكَلْبِ: ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لِسَانُ الْكَلْبِ: ایک نباتات۔

الْكَلَاب: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔

الْكَلَب. كَلِبَ: کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔ سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے "دَفَعْتُ عَنْكَ كَلَبَ فُلَانٍ" یعنی میں نے تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔

الْكَلَبَة: کتیا۔ کانٹا۔ اُمّ كَلَبَة: بخار۔

الْكُلْبَتَان: لوہا کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا زنبور۔ اور اس کو كَلَّابَة: بھی کہتے ہیں۔

الْكُلْبَة: سختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی، کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔ شراب فروش کی دکان۔

الْكُلَّاب وَالْكُلُّوب: مہمیز۔ آگ نکالنے کے لئے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج كَلَالِيب. كَلَالِيبُ الْبَازِي: باز کے پنجے۔ كَلَالِيبُ الشَّجَرِ: درخت کے کانٹے۔

الْكَلَّاب وَالْكَالِب: کتے والا۔ الْكَلَّاب: کتوں کو سدھانے والا۔ کچاوہ کے کنارہ پر کچھ لٹکانے کے لئے میخ۔ گوشت وغیرہ لٹکانے کے لئے لوہے کا کنڈا۔ ج كَلَالِيب.

الْكَالِب وَالْكَلِيب: کتوں کا جھنڈ۔

الْكَلِب ج كَلِبُون وَالْكَلِيب ج كَلْبَى کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عَامٌ كَلِبٌ: سخت اور قحط کا سال۔ دَهْرٌ كَلِبٌ: غم میں مبتلا کرنے والا دور۔ سَائِلٌ كَلِب: بہت اصرار سے مانگنے والا سائل اور کہا جاتا ہے "هُوَ كَلِبٌ عَلَى كَذَا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص ہے۔

الْكَلِبَة. كَلِب: کا مؤنث۔ خاردار درخت اَرْض كَلِبَة وَاَرْض كَلِبَة الشَّجَرِ: خشک زمین۔

الْمُكَلَّب: مفع بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ كِلَابٌ مُكَلَّبَة: سدھے ہوئے کتے۔

الْمُكَلِّب: کتوں کو سدھانے والا۔ شکار پکڑنے والے جانور۔

الْمُكَالِب: دلیر۔

اَرْض مَكْلَبَة: بہت کتوں والی زمین۔

كَلَتَ (ض) كَلْتًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ كَلَتَ بِهِ: پھینکنا۔ كَلَتَهُ فِي الْاِنَاءِ: برتن میں انڈیلنا۔ الْفَرَسَ: گھوڑے کو چلانا۔

اِنْكَلَتَ الْمَاءُ: ڈالا جانا..... الرَّجُلُ: منقبض ہونا۔

اِكْتَلَتَ الْمَاءَ: پینا۔

الْكُلْتَة: کھانے کا حصہ۔

الْكَلِيت وَالْكِلِّيت: لمبا پتھر جس سے بجو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔

كَلْتَبَ كَلْتَبَةً فِي اَمْرِهِ: مداہنت برتنا۔ سستی کرنا۔

الْكَلْتَب وَالْكُلْتُب: کاموں میں سستی کرنے والا۔

كَلْثَمَ كَلْثَمَةً لَحْمُ الْوَجْهِ: بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔

الْكَلَج: بہادر سخی۔

الْكُلَج: قوی لوگ۔

كَلَحَ (ف) كُلُوحًا وَكُلَاحًا وَجْهُهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت كَالِح: کہا جاتا ہے "كَلَحَ فِي وَجْهِ الصَّبِيِّ اَوِ الْمَجْنُونِ" یعنی بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں ڈال دیا۔ كَلَّحَ وَجْهَهُ: ترش رو بنانا۔ تیوری چڑھانا۔ اِكْتَلَحَ وَجْهُهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا..... وَجْهَهُ: تیوری چڑھانا۔

كَالَحَ فُلَانًا: قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی کرنا..... الْقَمَرُ: چاند کا ہالہ میں چھپنا۔ منزل سے آگے نہ بڑھنا۔

تَكَلَّحَ الْوَجْهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا..... الرَّجُلُ: مسکرانا۔

اِكْلَوَّحَ وَجْهُهُ: تیوری چڑھانے میں دانت نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ كُلَاحٌ" سخت اور تنگی کا سال۔

كُلَاح: مبنی بر کسرہ۔ قحط زدہ سال۔

الْكَلْحَة: منہ اور اس کا اردگرد۔

الْكَالِح: فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ وَشَاءٌ كَالِحٌ" سخت زمانہ اور سخت سردی۔

الْكَوْلَح: قبیح۔

كَلَدَ (ض) كَلْدًا وَكَلَّدَ الشَّيْءَ: تہ بتہ جمع کرنا۔

تَكَلَّدَ الرَّجُلُ: موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی ہونا۔

الْكَلَد: سخت زمینیں۔ واحد كَلَدَةٌ.

الْاَكْلِيد: کنجی۔ (دخیل)

كَابُورِي اَوْ خَرْبُزَة: ایک گرام پانی کو گرم کرنے کے لئے سو (۱۰۰) درجہ کی حرارت۔

اَلْكَلُور: کیمیت نمبر علامت ایٹمی نمبر۔

كَلُورِين: ۳۵٫۴۵۷۔ L-C-17

جسم بسیط زرد سبزی مائل گیس جس کی ہوا سانس روکنے والی ہوتی ہے۔ یہ زہریلا گیس ۱۹۱۵ء کی جنگوں میں پہلی دفعہ استعمال کی گئی۔

صفائی کرنے والے اور رنگوں کو مٹانے والے مراد میں داخل کی جاتی ہے۔

اَلْكَلُورُومِيتِين: ٹائیفائیڈ بخار کے علاج میں استعمال ہونے والی دوا کا نام۔

كَلَزَ (ض) كَلْزًا وَكَلَّزَ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

اِكْلَاَزَّ اِكْلِفْزَازًا. الْبَازِي: باز کا سمٹ کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا..... الرَّجُلُ: سکڑنا۔

الْكَلِز: مضبوط پٹھے والا مرد۔

كَلَّسَ الْبَيْتَ: گچ سے استرکاری کرنا۔ ..... الشَّيْءُ: گچ کی مانند بنانا۔ كَلَّسَ عَنْ قِرْنِهِ: بزدل ہونا اور بھاگنا..... عَلَيْهِ: حملہ

marfat.com
Marfat.com

كرنا.....مِنَ الْمَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
تَكَلَّسَ: چونا یا کچ ہونا۔ چونا یا کچ کی مانند ہونا۔
.....مِنَ الْمَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
الْكِلْس: چونا یا چونا رکھ ملا ہوا۔
الْكُلْسَة: بھورا رنگ۔
اَلْكَلْسِيُوم: كَيلشِيَم: كيمت نمبر ٢٠-C-A ١٠٠٨۔
ایک سفید بسیط مادہ جو ہڈیوں اور دانتوں کے جوڑنے میں کام آتا ہے اس کے مرکبات سے چونا اور چونا والے پتھر۔
الاَكْلَس: چونہ والا۔ چونا بیچنے والا۔ سَيْف كَلْس: شمشیر براں۔
اَلْكَلْسَمَةُ ج اَلْكَلْسَات: جوارین۔ اس کو اَلْقَلِشِين ج قَلَاشِيْن: بھی کہا جاتا ہے۔
اَلْكَلَاسِيْكِيَّةُ اَوِ الاَدَبِ الْكَلَاسِيْكِيّ: کلاسکی ادب کو پڑھانے کا وہ نظریہ جو کہ قدماء یونان نے اختیار کیا۔
الْمُتَكَلِّس: تیز دوڑنے والا۔
الاَتْكَلِيْس: ایک مچھلی جو سانپ کی مانند ہوتی ہے اور اس کو خَنْكَلِيْس بھی کہتے ہیں (دخیل)
كَلْسَمَ اِلَيْهِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔
الرَّجُلُ: تیز جانا۔ اداء حقوق میں کاہلی کی وجہ سے تاخیر کرنا۔
الْكَلْشَمَة: بڑھیا۔
كَلْصَمَ الرَّجُلُ: بھاگنا۔
كَلِعَتْ (س) كَلَعًا قَدَمُهُ: قدم کا میلا ہونا اور پھٹنا۔
كَلِعَ (س) و كَلَعَ (ف) كَلَعًا. الوَسْخُ عَلٰى رَاسِهٖ او فِيْ رَاسِهٖ: سر پر میل کا خشک ہونا۔ كَلِعَ رَاسُهُ: سر کا میلا ہونا۔ كَلِعَتْ قَوَائِمُ الدَّابَةِ: چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا (..... كَلَعًا و كُلَاعًا) البَعِيْرُ: پھٹے ہوئے کھر والا ہونا۔
اَكْلَعَهُ الوَسْخُ: میلا کچیلا ہونا۔ میل کچیل کا تہ بتہ جمنا۔

فَكَلَّعَ القَوْمُ: جمع ہونا اور باہم قسم کھانا۔
الكِلْع: مرد بدتوارہ۔ فرومایہ۔ ج كِلَعَة.
الكَلَع: بوائی۔ پیر کی پھٹن۔
اَلكَلِخ: بوائی والا۔ جس شخص یا چیز پر میل جم گیا ہو۔ مؤنث كَلِخَة کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْوَدُ كَلِخٌ" یعنی وہ کالا ہے اور اس کی سیاہی میل کی مانند ہے۔
الكَلْعَة: بکریوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ بہت سی بکریاں۔
الكُلْعَة: ایک مرض ہے جو اونٹ کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔
الكَوْلَع: میل کچیل۔
الكُلَاع: مص۔ سختی۔ شدائد میں صبر۔ مواقع جنگ۔
الكُلَاعِيّ: مرد دلیر۔
كَلِفَ (س) كَلَفًا الوَجْهُ: چہرہ کا جھائیں والا ہونا۔ صفت اَكْلَف: مؤنث كَلْفَاء. به: عاشق زار ہونا۔ صفت كَلِف..... الاَمْرَ: مشقت پر برانگیختہ کرنا۔ كَلَّفَه: دشوار کام کا حکم دینا۔
اَكْلَفَه بِكَذَا: عاشق زار بنانا۔ تَكَلَّفَ الاَمْرَ: دشوار کام برداشت کرنا۔ تکلف کرنا۔
اِكْلَافَّ اِكْلِفَافًا: جھائیں کے رنگ کا ہونا۔
الكَلَف: سیاہی زردی مائل۔ جھائیں۔
الكِلْف: عاشق زار۔
الكُلْفَة: جھائیں کا رنگ۔
الكُلْفَة: مشقت۔ رنج۔ سختی۔ کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج تمہیں لاحق ہو ج كُلَف.
التَكْلِفَة: مشقت۔ ج تكاليف.
الكَلُوْف: دشوار امر۔
الكَلَافَة: سخت محبت۔ اشتیاق۔
الكَلْفَاء. اَكْلَف: کا مؤنث۔ تیز سرخ شراب جو سیاہی مائل ہو۔ سرخی سیاہی مائل شراب کا مٹکا۔

والا۔ اُمور لایعنی میں پڑنے والا۔
الكَلَك: چھوٹی کشتیاں جو عراق کے دریاؤں میں چلائی جاتی تھیں۔ ج كَلَكَات.
الكَلْكَل ج كَلَاكِل و الكَلْكَال: سینہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا حصہ..... مِنَ الصَّدْرِ: بیٹھنے کی حالت میں سینہ کا جتنا حصہ زمین پر لگے۔ الكَلَاكِل: جماعتیں۔
الكُلْكُل و الكُلَاكِل: مضبوط۔ گٹھے بدن کا پستہ قد مرد۔ مؤنث كُلْكُلَة و كُلَاكِلَة.
كَلَمَهُ (ن ض) كَلْمًا: زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا يَكْلِمُ الْعِرْضَ و الدِّيْنَ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو دین اور آبرو میں عیب لگائے۔
كَلَّمَهُ تَكْلِيْمًا: زخمی کرنا (..... تَكْلِيْمًا و كِلَامًا) بات چیت کرنا۔
كَالَمَهُ مُكَالَمَةً: گفتگو کرنا۔
تَكَالَمَ الرَّجُلَانِ: جدائی کے بعد گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَا مُتَصَارِمَيْنِ فَاَصْبَحَا يَتَكَالَمَانِ" دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے۔ پھر گفتگو کرنے لگے۔ اس موقعہ پر يَتَكَالَمَانِ: ہی کہا جائے گا۔ يَتَكَلَّمَانِ: نہیں۔
تَكَلَّمَ تَكَلُّمًا وتِكِلَّامًا الرَّجُلُ كَلِمَةً وبِكَلِمَةٍ: بات کہنا۔
الكَلْم: مص۔ زخم۔ ج كُلُوْم و كِلَام.
الكَلِمَة۔ ج كَلِم و كَلِمَات والكِلْمَة ج كَلِم والكَلِمَةُ ج كَلِمَات: لفظ۔ مفرد یا مرکب جو انسان بولے۔ كَلِمَةُ التَّوْحِيْدِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ كَلِمَةُ التَّقْوٰى: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ: الْعَشْرُ الْكَلِمَات: اللہ تعالیٰ کے دس احکامات جو بنی اسرائیل پر نازل ہوئے تھے۔ الْكَلِمَةُ و كَلِمَةُ اللّٰهِ: سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا لقب اور کلمۃ کا اطلاق خطبہ اور قصیدہ پر بھی ہوتا ہے۔
كَلِمَةُ اللّٰهِ: (عیسائیوں کے نزدیک): اقنوم

marfat.com
Marfat.com

ثانی تین میں سے۔
الْكَلَامُ: قول۔ گفتگو۔ جملہ۔
عِلْمُ الْكَلَامِ: اسلامی نظریات کے مطابق وہ علم جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات' صفات پیدائش مخلوق اور آخرت کے متعلق بحث کی جائے۔
الْكُلَامُ: سخت زمین۔
الْكَلْمَانِيُّ وَالْكَلَمَانِيُّ وَالْكِلِمَانِيُّ وَالْكِلِمَّانِيُّ: فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا۔ بہت بولنے والا۔ انہی میں تا لگانے سے مؤنث کا صیغہ ہو جائے گا۔
رَجُلٌ تِكْلَامٌ وَتِكِلَّامٌ وَتِكُلَامَةٌ وَتِكِلَّامَةٌ: عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔
الْكَلِيمُ: مجروح۔ ج كَلْمٰى..... تمہارا ہم کلام ج كُلَمَاء. الْكَلِيمُ وَكَلِيمُ اللّٰهِ: حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔
رَجُلٌ كَلِيمٌ: بہت بولنے والا۔
الْمُتَكَلِّمُ: فا۔ علم کلام کا ماہر۔
الْمُتَكَلَّمُ: گفتگو کی جگہ۔ تم کہتے ہو مَا اَجِدُ مُتَكَلَّمًا: یعنی گفتگو کی جگہ میں نہیں پاتا ہوں۔
كَلِيَ يَكْلَى كَلْيًا. الرَّجُلَ: گردے پر مارنا۔ صفت مفعولی مَكْلِيّ.
كَلِيَ (س) كَلًى وَاكْتَلَى: گردے پر لگنا۔
وَاكْتِلَاءٌ: گردے پر مارنا۔
كُلِيَ: درد گردہ میں مبتلا ہونا۔
كَلًى تَكْلِيَةً: چھپنے کی جگہ میں آنا۔
اِكْلَوْلَى اِكْلِيلَاءً: شکست کھانا۔
اَلْكُلْيَةُ وَالْكُلْوَةُ: گردہ۔ مثنی كُلْيَتَانِ وَكَلْوَتَانِ ج كُلًى وَكُلَيَاتٌ. كُلَى الْوَادِي: وادی کے اطراف و جوانب۔ کہا جاتا ہے "غَنَمٌ حَمْرَاءُ الْكُلَى" دبلی پتلی بکریاں "لَقِيتُهُ بِشَحْمِ كُلَاهُ" میں نے اس سے آغاز جوانی اور ایام نشاط میں ملاقات کی۔ وَالْكُلْيَةُ مِنَ الْقَوْسِ: کمان کے قبضہ سے تین بالشت..... مِنَ السَّحَابِ: بادل کے نیچے کا حصہ

الطَّيْرُ: بازو کے چار پر۔
الْكَلِيُّ: درد گردہ والا۔
كِلَا وَكِلْتَا: یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معناً مثنی ہیں اور کلا سے مذکر کی اور کلتا سے مؤنث کی تاکید ہوتی ہے اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے جیسے "رَاَيْتُ كِلَا الرَّجُلَيْنِ وَكِلْتَا الْمَرْاَتَيْنِ" اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو مثنی جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے "جَاءَ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا وَرَاَيْتُ الرَّجُلَيْنِ كِلَيْهِمَا وَالْمَرْاَتَيْنِ كِلْتَيْهِمَا" اور جب ضمیر ان کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے "كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا" و "زَيْدٌ وَعَمْرٌو كِلَاهُمَا قَائِمٌ" اور یہی افصح ہے اور رعایت معنی بھی جائز ہے۔ جیسے "كِلَاهُمَا قَامَا" و زَيْدٌ وَعَمْرٌو كِلَاهُمَا قَائِمَانِ اور یہ کم ہے۔ اور "كِلَاهُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِهِ" جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنی كُلٌّ مِنْهُمَا کے ہیں۔
اِلْاِكْلِيرُس: گرجا کے خادم۔ واحد اِكْلِيرِيكِيٌّ. ج اِكْلِيرِيكِيُّونَ.
كَمْ: دو قسمیں ہیں۔ (۱) استفہامیہ اور اس کا ممیز منصوب ہوتا ہے جیسے كَمْ دِرْهَمًا لَكَ: یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں۔
(۲) خبریہ بمعنی کثیر اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے جیسے كَمْ عَبْدٍ او عَبِيدٍ مَلَكْتُ میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔
كَمَّ (ن) كَمًّا: چھپانا۔ پوشیدہ ہونا۔ الْبَعِيرَ: اونٹ کے منہ پر تھوتھنی چڑھانا..... النَّاسُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔
كَمُثَ وَكَمَثَ كَمْثًا وَكُمُوثًا النَّخْلَةُ: درخت خرما میں شگوفہ آنا۔ صفت مَكْمُومٌ.
كُمُّ وَاكْمَامُ الْقَمِيصِ: کرتے میں آستین

خرما کا شگوفہ دار ہونا۔
تَكَمَّمَ بِثِيَابِهِ: اوڑھنا۔ چھپنا۔ تَكْمِيمٌ: بند کرنا۔ لپیٹنا۔
تُكُمِّمَ الْقَوْمُ: مدہوش ہونا۔ ڈھانکا جانا۔
الْكَمُّ وَالْكَمِّيَّةُ: مقدار۔
الْكَمِّيُّ: کم کی طرف نسبت۔ مؤنث كَمِّيَّةٌ.
الْكُمُّ: آستین۔ ج اَكْمَامٌ وَكِمَامٌ.
الْكُمَّةُ: گول ٹوپی۔ ڈھکنا۔
الْكِمُّ: غلاف شگوفہ۔ ج اَكِمَّةٌ وَاَكْمَامٌ وَكِمَامٌ وَاَكَامِيمُ.
اَكِمَّةُ الْخَيْلِ: توبڑہ۔ واحد۔ كِمَامٌ.
الْكِمَامَةُ: پھول کا غلاف۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔
الْكِمَامَةُ وَالْكِمَامُ: تھوتھنی جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تا کہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔
الْمَكْمُومُ: مفع..... مِنَ النَّخْلِ: درخت خرما جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔
الْمِكَمَّةُ: تھوتھنی۔
كَمِيَ (س) كَمًا: پوشیدہ ہونا..... عَنِ الْاَخْبَارِ: ناواقف ہونا۔ بے خبر ہونا۔ كَمِيَتْ يَدُهُ مِنَ الْبَرْدِ او الْعَمَلِ: ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔
كَمَاهُ (ف) كَمْاً: سانپ کی چھتری کھلانا۔
اَكْمَا اِكْمَاءً ا. الْمَكَانُ: بہت سانپ کی چھتری والا ہونا..... الرَّجُلَ: سانپ کی چھتری کھلانا..... السِّنُّ فُلَانًا: بوڑھا کر دینا۔
تَكَمَّاهُ: ناپسند کرنا۔ برا جاننا۔ تَكَمَّاتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّاسُ يَتَكَمَّوْنَ" یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لئے نکلے۔
الْكَمْءُ: مص۔ سانپ کی چھتری اور اس کو شحم الارض بھی کہتے ہیں ج اَكْمُؤٌ وَكَمْاَةٌ.
الْكَمَّاءُ: سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کیلئے چننے والا۔

marfat.com
Marfat.com

الْمَكْمَاةُ وَالْمَكْمُوْءَةُ: سانپ کی مادہ کی جگہ۔
اَلْكُمَيَالَةُ: سند یا ورق جو لکھا جائے۔
اَلْكُمَيُّ: نقدی سکوں کا تبادلہ۔
كَمُتَ (ک) كَمْتًا وَكَمَاتَةً وَكُمْتَةً الْفَرَسُ: کمیت ہونا۔
كَمَتَ (ن) كَمْتًا. الْغَيْظَ: غصہ کو دبانا۔
كُمِّتَ الثَّوْبَ: کپڑے کو سیاہی مائل سرخ رنگنا۔
كَمِتَتْ تَكْمِيْتًا الْخَمَرُ وَالْفَرَسُ وَغَيْرُهُمَا: کمیت بنایا جانا۔
اَكْمَتُ وَاِكْمَتُّ وَاِكْمَاتَّ الْفَرَسُ: گھوڑے کا کمیت ہونا۔
الْكُمْتَةُ: کمیت رنگ۔
الْكُمَيْتُ مِنَ الْخَيْلِ (للمذکر والمؤنث) سرخ سیاہ رنگ والا اور یہ خلاف قیاس اَكْمَت کی تصغیر ہے۔ ج كُمْت.
الْكُمَيْتُ: شراب۔ کہا جاتا ہے خَيْلٌ كُمَاتٌ: قوم کمیت گھوڑے۔
الْكَمِيْتَةُ: جڑ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِكَمِيْتَتِهٖ" یعنی اس نے اس کو مع جڑ کے لے لیا۔
كَمْثَرَ: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا.....
اَلْقِرْبَةَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔ السِّقَاءَ: مشک بھرنا.....اَلْقَصِيْرُ: پستہ قد کا دوڑنا۔
الْكُمْثُرُ وَالْكُمَاثِرُ: موٹا۔ پستہ قد۔ سخت مضبوط
كَمْثَرَ الشَّيْءُ: جمع ہونا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الْكُمَاثِرُ: پستہ قد۔
الْكُمْثُرَى: الموٹ۔ واحد كُمْثُرَاةٌ: ناسپاتی۔
الْكَمَجُ: بن ران۔
اَلْكُمَاجُ: اس کا واحد۔ کماجۃ گول موٹی روٹی جو عام روٹی سے بڑی اور نسبتاً موٹی ہوتی ہے۔
كَمَحَ (ف) كَمْحًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَكْمَحَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
الْكَرْمُ: پتے نکالنے کے قریب ہونا اور خوشہ انگور نکلنے کی جگہ ظاہر ہونا۔
اُكْمِحَ الرَّجُلُ: بڑا بنایا جانا۔
الْمُكْمَح: بڑا بنایا ہوا۔
كَمِخَ (س) كَمَخًا بِاَنْفِهٖ: تکبر کرنا..... الْفَرَسَ بِاللِّجَامِ: گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَكْمَخَ الْكَرْمُ: پتے نکالنے کے وقت خوشہ انگور نکلنے کی جگہ کا ظاہر ہونا۔
الْكُمَاخ: غرور۔ بڑا بننا۔
الْكَامَخ: سالن اور بعضوں نے سرکہ کی چٹنی کے لئے خاص کیا ہے۔ ج كَوَامِخ (وَخِيل)
كَمِدَ (س) كَمَدًا: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا..... الرَّجُلُ: غم سے بیمار دل والا ہونا۔ صفت كَامِد وكَمِد وكَمِيْد. وكَمِدَ الثَّوْبُ: پرانے ہونے کی وجہ سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
كَمَدَ (ن) كَمْدًا وكُمُوْدًا الْقَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو کاٹنا۔ اور اسم الْكِمَاد: ہے۔
اَكْمَدَ الْهَمُّ فُلَانًا: غمگین کرنا۔ اداس کرنا۔ دل کو بیمار کرنا(..... وكَمَدَ) الْعُضْوَ: ٹکور کرنا۔ سینکنا۔ صفت مفعولی مَكْمُوْد.
الْكَمْد وَالْكَمَد وَالْكُمْدَة: رنگ کا بدلنا۔ صفائی کا جاتا رہنا۔ غم۔ سخت اندوہ۔
الْكِمَاد: ٹکور کرنا۔ سینکنا (..... وَالْكِمَادَة) ٹکور کرنے کی پٹی۔
اَكْمَدُ اللَّوْنِ: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
الْكَمَر: ہر وہ عمارت جس میں محراب جیسا ہو جیسے پل وغیرہ۔
كَمَزَ (ض) كَمْزًا الْعَجِيْنَ وَنَحْوَهُ: گندھے ہوئے آٹے کو ہاتھ سے گول بنانا۔
الْكُمْزَةُ: بھنے ہوئے گیہوں کا چورا [illegible]
ٹیلہ۔ ج كُمَز.
كَمَسَ (ن) كُمُوْسًا: تیوری چڑھانا۔
الْاَكْمَسُ: جو دیکھ نہ سکتا ہو۔
كَمَشَ (ن) كَمْشًا النَّاقَةَ: اونٹنی کے تھن باندھنا..... فُلَانًا بِالسَّيْفِ: تلوار سے اعضاء کو کاٹنا..... الزَّادُ: توشہ ختم ہونا۔
كَمِشَ (س) كَمَشًا: پھرتیلا اور پکے ارادہ والا ہونا۔
كَمُشَ (ک) كَمَاشَةً: دلیر ہونا۔ كَمُشَتِ الْمَرْأَةُ: چھوٹے پستان والی ہونا(..... وَاكْمَشَ) فِي السَّيْرِ وَغَيْرِهٖ: تیز چلنا۔
اَكْمَشَ بِالنَّاقَةِ: اونٹنی کے پورے تھن کو باندھ دینا۔
كَمْشَ الْحَادِي بِالسَّوْقِ: حدی پڑھنے والے کا کوشش سے ہانکنا..... فُلَانًا: جلدی کرانا..... ذَيْلَهُ: دامن سمیٹنا۔
اِنْكَمَشَ وَتَكَمَّشَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ تَكَمَّشَ الْجِلْدُ وَنَحْوُهُ: سکڑنا۔ اِنْكَمَشَ الثَّوْبُ بَعْدَ الْغَسْلِ: کپڑے کا دھونے کے بعد سکڑنا' سمٹنا۔
الْكَمْش وَالْكَمِش وَالْكَمِيْش مِنَ الرِّجَالِ: پھرتیلا۔ پکے ارادہ والا۔ عرب کے امثال سے ہے "كَمِيْشُ الْاِزَارِ" ازار سمیٹنے والا۔ یعنی پھرتیلا۔
الْكَمْش وَالْكَمُوْش وَالْكَمِشَة وَالْكَمِيْشَة مِنَ الْاِنَاث: چھوٹے تھن یا پستان والی۔
الْاَكْمَش: چھوٹے قدم والا جو دیکھ نہ سکتا ہو۔ مؤنث كَمْشَاء ج كُمْش.
كَمَعَ (ف) كَمْعًا فِي الْاِنَاءِ: برتن میں منہ لگا کر پینا..... قَوَائِمُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی ٹانگیں کاٹنا..... فِي الْمَاءِ: پانی میں اترنا۔
كَمَعَتِ الدَّابَّةُ: آہستہ چلنا۔
كَامَعَهُ: ملانا۔ ہم بستری کرنا۔
اِكْتَمَعَ الْاِنَاءَ: برتن میں منہ لگا کر پینا۔
الْكِمْع: اترنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ كِمْعِهٖ" یعنی فلاں اپنے گھر اور اپنی جگہ

marfat.com
Marfat.com

میں ہے۔ وادی کا گوشہ۔ قبا۔ پست زمین
(..... والجمیع) ہم خوابہ۔
الکَمَع :ران کی گرہ۔
المُکَامِع :فا۔اپنے قریب جس سے کوئی بات پوشیدہ نہ رہے۔
کَمْکَمَ کَمْکَمَةَ الشَّیْ :پوشیدہ کرنا۔
تَکَمْکَمَ :گول ٹوپی پہننا.....فِی ثِیَابِہٖ:چھپنا۔
الکَمْکَام :پستہ قد گٹھے بدن کا۔مؤنث کَمْکَامَةٌ.
کَمَلَ (ن) وکَمُلَ (ک) وکَمِلَ (س) کَمَالاً وکُمُوْلاً وتَکَمَّلَ وتَکَامَلَ واکْتَمَلَ :پورا ہونا۔کامل ہونا۔
کَمَّلَ واَکْمَلَ واسْتَکْمَلَ الشَّیْ :پورا کرنا۔کَمَّلَ واَکْمَلَ الشَّیْ :ٹوٹل کر دینا۔
الکَمَلُ :کامل۔پورا۔کہا جاتا ہے "اَعْطَیْتُہُ الْمَالَ کَمَلاً" میں نے اس کو پورا مال دیا اور یہ لفظ جمع اور واحد میں برابر ہے اور یہ نہ تو مصدر ہے اور نہ صفت اور یہ تمہارے قول اَعْطَیْتُہُ الْمَالَ کُلَّہٗ: جیسا ہے۔
الکَمَال :مص۔اسم مصدر۔کہا جاتا ہے "لَکَ کَمَالُ الشَّیْ" یعنی تمہارے لئے یہ چیز کل ہے۔
الکَمِیْل :کامل۔
اَلْکَامِیْلِیَا :ایک درخت جو کہ ہمیشہ سبز ہوتا ہے اسکے پتے چمکیلے پھول بڑے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔محض آرائش کے لئے اُگایا جاتا ہے
الکَامِل :فا۔جس کے اجزاء پورے ہوں جس کی صفات پوری ہوں۔ضد ناقص ج کَمَلَہ.
تَکْمِلَةُ الشَّیْ :جس سے کوئی چیز پوری کی جائے۔
المِکْمَل :خیر یا شر میں کامل مرد۔
کَمَنَ (ن) وکَمِنَ (س) کُمُوْنًا :چھپنا۔ سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل دینا۔
کَمَنَ (ن) کُمُوْنًا الشَّیْ :پوشیدہ کرنا۔چھپانا۔
کَمِنَ (س) وکَمِنَ کُمُوْنًا :آنکھ میں تاریکی یا پلکوں میں ورم والا ہونا۔کَمِنَتْ وکَمِنَتْ عَیْنُہٗ :تاریکی والی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔
اَکْمَنَ الشَّیْ :چھپانا۔
تَکَمَّنَ واکْتَمَنَ :چھپنا۔پوشیدہ ہونا۔
الکُمْنَة :آنکھ کی تاریکی یا پلکوں میں ورم۔ایک بیماری جس سے آنکھ کی پلکیں سرخ ہو جاتی ہیں۔
الکَمِیْن :بغیر سمجھے بوجھے کام میں دخل دینے والا۔ج کُمَنَاء :گھات اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ فِیْہِ کَمِیْنٌ" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں ایسا فساد ہے جو نا قبل سمجھ ہے۔
الکُمُوْن :زیرہ۔الکُمُوْنُ الحُلْو :انیسون واحد کُمُوْنَةٌ.
المَکْمَن :چھپنے کی جگہ۔ج مَکَامِن.
المُکْتَمِن :گھلگین۔
الکُمَنْجَة :دوتارہ۔سارنگی (دخیل)
کَمِہَ (س) کَمَہًا :اندھا ہونا۔رتوندی والا ہونا.....بَصَرُہٗ :تاریک ہونا اور بینائی کو ناپید کرنا.....النَّھَارُ :دن کا غبار والا ہونا .....الرَّجُلُ :رنگ بدلا ہوا ہونا۔عقل زائل ہونا۔سارے معانی میں صفت اَکْمَہ :مؤنث کَمْھَاء ج کُمْہٌ. الاَکْمَہ :اندھا۔مادرزاد اندھا۔
تَکَمَّہَ فِی الْاَرْضِ :حیران پھرنا صفت کَامِہَةٌ ومُتَکَمِّہَةٌ :کہا جاتا ہے ذَھَبَتْ اِبِلُہٗ کُمَّھًی یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اونٹ کہاں گئے۔
مُکَمَّہُ الْعَیْنَیْنِ :جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔
تَکَمْھَلَ الرَّجُلُ :کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لئے باندھنا.....عَلَیْنَا :حق روکنا.....الحَدِیْثَ :پوشیدہ کرنا۔معمہ جیسا کرنا.....
تَکَمْھَلَ الشَّیْ :جمع ہونا۔
اِکْمَھَلَّ الرَّجُلُ :سمٹ کر بیٹھنا۔سردی سے سکڑنا۔
کَمَّی یُکَمِّیْ کَمْیًا واَکْمَی. شَھَادَتَہٗ وغَیْرَھَا :چھپانا کَمَّی وکَمَّی نَفْسَہٗ :زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا۔اَکْمَی عَلَی الْاَمْرِ :پکا ارادہ کرنا۔اَکْمَی الْمَحَارِبُ :لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔
اَکْمَی الرَّجُلُ مَنْزِلَہٗ :مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔
تَکَمَّی الشَّیْ :چھپنا.....الشَّیْ :حفاظت کرنا اور چھپانا۔تَکَمَّتِ الْفِتْنَةُ النَّاسَ :گھیر لینا۔
تُکُمِّیَ الْجَیْشُ :لشکر کے دلاور یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا.....القَوْمُ :مدہوش ہونا۔گھیر لیا جانا۔
اِنْکَمَی :پوشیدہ ہونا۔
اِکْتَمَی اِکْتِمَاءً :چھپنا۔
الکَمِیُّ :بہادر۔دلاور۔ہتھیار بند۔زرہ پوش۔بھید کا محافظ۔ج کُمَاة واَکْمَاء.
المُتَکَمِّیُ :ہتھیار بند۔دلیر۔
کَنَّ (ن) کَنًّا وکُنُوْنًا وکَنَّ واَکَنَّ الشَّیْ :گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا .....العِلْمَ وغَیْرَہٗ فِیْ نَفْسِہٖ :دل میں چھپانا۔
اِکْتَنَّ الرَّجُلُ :چھپنا.....الشَّیْ :سفید ہونا۔.....المَرْاَةُ :عورت کا شرم وحیا سے منہ چھپانا۔.....الشَّیْ :چھپانا۔
تَکَنَّی تَکَنِّیًا :ہمیشہ گھر میں رہنا (اصل اس کی تَکَنَّنَ ہے)
اِسْتَکَنَّ :چھپنا۔گھر کی طرف لوٹنا۔
اَلْکِنُّ :ہر چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔منزل۔گھر۔ج اَکْنَان وکِنَّة.
الکُنَّة کِنٌّ :کا اسم مرہ۔بہو یا بھاوج۔ج کَنَائِن.
الکِنَّة :چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی سفیدی۔

marfat.com
Marfat.com

الكُنَّة :بہو۔اگلی۔کوٹھری کے اندر چھوٹی کوٹھری۔ج کُنَّات و کِنَان.
الكِنَان :چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی۔ ج کِنَّة.
الكِنَانة :ترکش۔تیردان۔ج كَنَائِن كَنَانات.
كَانُوْنُ الاوّل و كانُوْنُ الثّانِي :رومی مہینے مطابق دسمبر و جنوری۔
الكَانُوْن و الكَانُوْنَة :انگیٹھی۔ج كَوَانِين :وہ شخص جس کی صحبت سے پرہیز کیا جائے :وہ شخص جو بیٹھ کر خبر و واقعات کا پتہ لگائے تا کہ اُن کو دوسری جگہ نقل کرے۔
الكَنِين :چھپا ہوا۔
المُسْتَكِنَّة :کینہ۔
كَنَبَ (ن) كُنُوْبًا الرَّجُلُ :سخت ہونا۔ فقیری کے بعد مال دار ہونا۔
كَنَبَ (ض) كَنْبًا الشَّيْءَ فِيْ جِرَابِهٖ :جمع کرنا۔ذخیرہ کرنا۔
كَنِبَتْ (س) كَنَبًا اليَدُ :ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔
اَكْنَبَ الشَّيْءُ واليَدُ :سخت ہونا.....عَلَيْهِ لِسَانَهٗ :زبان رکنا عَلَيْهِ بَطْنُهٗ :سخت ہونا۔
الكَانِب :فاقہ شکم سیر۔
الكَنَب :مص۔کام کرنے سے ہاتھ کی سختی۔
الكِنَاب :خوشہ خرما۔
الكَنِيْب :خشک درخت۔
الكُنْبَة :ظالم خبیث۔
المِكْنَب و المُكْنِب :کھودنے والا جس کے ہاتھ غم کی وجہ سے سخت ہو گئے ہوں۔
حَافِرٌ مِكْنَبٌ و مُكْنِبٌ :سخت کھر۔
المُكَنَّبُ :مرد پستہ قد۔سخت بدن والا۔
كَنَّبَ و تَكَنَّبَ الرَّجُلُ :سکڑنا۔
رَجُلٌ كُنَّبٌ و كَنَابِبٌ :گٹھے بدن کا مرد مضبوط و قوی مرد۔
الكُنَابَة :گرنے والی ریت۔
وَجْهٌ كُنَابِدٌ :بدصورت چہرہ۔
رَجُلٌ كُنَابِدٌ :مرد بدصورت۔

الكُنْبَرَة :ناک کا موٹا سرا۔
تَكَنْبَشَ القَوْمُ :خلط ملط ہونا۔
الكُنْبُوْش و الكُنْبُوْش :عرق گیر۔منہ چھپانے کا برقع۔ج كَنَابِيْش (دخیل)
كَنَثَ (ن) كَنْثًا فِيْ خَلْقِهٖ :مضبوط ہونا۔ قوی ہونا۔
كَنِثَ (س) كَنَثًا السِّقَاءَ :مشک کا کھردرا اور سخت ہونا۔
اِكْتَنَثَ الرَّجُلُ :خضوع کرنا۔راضی ہونا۔
سِقَاءٌ كَنِيْثٌ :پانی روکنے والی مشک جس میں ٹپکے نہیں۔
اَلْكُوْنْت :عزت داروں کا لقب جس کا معنی ہے امیر یا عزت دار (لاطینی لفظ)
اَلْكُنْتَرَاتُوا :دو یا دو سے زیادہ آدمیوں کا باہمی معاہدہ کسی کام یا امر مخصوص شرائط کے ساتھ معاہدہ کو توڑنا۔
الكُنْتِيُّ :قوی مضبوط۔
كَنْثَاتٌ كَنْثَاةُ اللِّحْيَةِ :داڑھی طویل اور گھنی ہونا۔
رَجُلٌ كَنْثَا اللِّحْيَةِ و كَنْثَاؤُهَا :لمبی داڑھی والا مرد۔
كَنَدَ (ن) كُنُوْدًا النِّعْمَةَ :نعمت کی ناشکری کرنا۔
كَنَدَ (ن) كَنْدًا الشَّيْءَ :کاٹنا۔
الكِنْدَة :پہاڑ کا ایک ٹکڑا۔
الكُنُد :ناشکرا۔(مذکر و مؤنث)
الكَنُوْد :ناشکرا۔بخیل۔گنہگار۔خدا کو ملامت کرنے والا۔نعمتوں کو بھولنے والا اور مصائب کو شمار کرنے والا (مذکر و مؤنث) اَرْضٌ كَنُوْدٌ :کچھ نہ اُگانے والی زمین۔
الكَنَّاد :ناشکرا۔بہت کاٹنے والا۔
الكُنْدُر :ایک خاردار درخت کا گوند۔ مضبوط بناوٹ والا اور جمع کی صورت میں کہا جاتا ہے "فِتْيَان كَنَادِرَة" مضبوط بناوٹ کے جوان۔
الكُنْدَرَة :باز کے بیٹھنے کی جگہ۔سخت زمین۔
الكُنْدُرَة :جوتیوں کی ایک قسم۔
الكُنَار :بیر (دخیل)
الكُنَارِيُّ :ایک خوش الحان پرندہ ہے جس کے بازو کے اگلے پر لمبے ہوتے ہیں اور اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور جزائر خالدات میں پایا جاتا ہے۔
الكِنَارَة و الكُنَارَة :بربط یا ڈھول یا دف ج كَنَانِيْر و كِنَارَات. الكِنَارَة :کتان کے کپڑے کا ٹکڑا۔
كَنَزَ (ض) كَنْزًا المَالَ :جمع کرنا۔ذخیرہ کرنا۔زمین میں دفن کرنا.....الرُّمْحَ :نیزہ کو زمین میں گاڑنا.....الشَّيْءَ فِيْ وِعَاءٍ او اَرْضٍ :برتن یا زمین میں ہاتھ سے دبانا..... السِّقَاءَ :مشک بھرنا(..... كَنْزًا و كِنَازًا) التَّمْرَ :خرما کو سردی کے زمانہ کے لئے ذخیرہ کر کے رکھنا۔
اِكْتَنَزَ :بھرنا۔جمع ہونا.....اللَّحْمُ :جمع ہونا اور سخت ہونا.....الشَّيْءُ فِي الوِعَاءِ :برتن میں ہاتھ سے دبانا۔
تَكَنَّزَ لَحْمُهٗ :گوشت کا اکٹھا ہونا اور سخت ہونا۔گوشت کا گٹھا ہونا۔
الكَنْز :مص ہر ذخیرہ کی ہوئی قابلِ رغبت چیز۔زمین میں دفن کیا ہوا مال۔جس میں مال محفوظ رکھا جائے جیسے صندوق وغیرہ۔ج كُنُوْز اور کہا جاتا ہے "شَدَّ كَنْزَ القِرْبَةِ" یعنی بھر دیا۔
رَجُلٌ كَنِزُ اللَّحْمِ و كَنِيْزُهٗ و مَكْنُوْزُهٗ و مُكْتَنِزُهٗ :بہت اور سخت گوشت والا اور کہا جاتا ہے "كِتَابٌ مُكْتَنِزٌ بِالْفَوَائِدِ" فوائد سے بھری ہوئی کتاب۔
الكَنَاز :کھجور یا گیہوں ذخیرہ کرنے کا وقت۔
الكِنَاز :ٹھوس اور مضبوط گوشت والا۔کہا جاتا ہے "جَارِيَةٌ او نَاقَةٌ كِنَازٌ" بہت اور ٹھوس گوشت والی لونڈی یا اونٹنی۔ج كُنُزٌ و كُنَّزٌ

marfat.com
Marfat.com

کرنا۔
اَکْهَمَ بَصَرُهٗ : نگاہ کمزور ہونا۔
الکَهَام والکَهِیْم : ست۔عمر رسیدہ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو اور جمع کی صورت میں بھی "قَوْمٌ کَهَام" کہا جاتا ہے۔
کَهْمَسَ الرَجُلُ : چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا۔ چلنے میں غبار اُڑانا۔
الکَهْمَس : شیر۔ بھیڑیا۔ بدصورت پستہ قد مرد۔
الکَهْمَل : ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں۔
کَهَنَ (ف۔ن) کَهَانَةً وتَکَهَّنَ تَکَهُّنًا وتَکَهِیْنًا لِفُلَانٍ : غیب کی باتیں بتلانا۔
کَهُنَ (ک) کَهَانَةً : کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔
کَاهَنَ مُکَاهَنَةً : عطا کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ میل ملاپ کرنا۔
الکِهَانَة : کاہن کا پیشہ۔
الکَهُنُوْت : کاہن کا فریضہ۔ کاہن کی تنخواہ۔ کاہن کا درجہ۔
الکَاهِن : قا۔ غیب دانی کا مدعی ..... عِنْدَ الیَهُوْد وعَبَدَة الاَوْثَان : پروہت ..... عِنْدَ النَّصَارٰی : جو کہنوت کے درجہ پر ہو
کَهَنَةٌ وکُهَّانٌ الکَاهِن : دوسرے کے کام کا متکفل اور کوشش کرنے والا۔
کَهِیَ یَکْهَی کَهًی : چہرے پر جھائیں والا ہونا۔ گندہ ذہن ہونا۔ بزدل وکمزور ہونا۔
کَاهَی مُکَاهَاةً الرَجُلَ : باہم فخر کرنا۔
اَکْهَی : انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا ..... عَنِ الطَعَام : باز رہنا۔
اِکْتَهَاه اِکْتِهَاءً ا : تعظیم واجلال کرنا۔
اَلْاَکْهَی : چہرے میں جھائیں والا۔ گندہ ذہن۔ بزدل وکمزور۔ اَلْاَکْهَی : بے شگاف کا پتھر۔
الاَکْهَاء : شرفاء۔
کَاءَ یَکُوْءُ کَوْءً او کَاْوًا عَنْهُ : خوف کرنا۔ بزدل ہونا۔

اَکَاءَه اِکَاءً و اِکَاءَةً : کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا۔
الکَاءُ والکَاءَة والکَیُّ والکَیْنَة : کمزور دل والا۔ بزدل۔
کَابَ یَکُوْبُ کَوْبًا واکْتَابَ : بے دستہ کے کوزہ سے پینا۔
کَوَّبَ الشَیْءَ : بٹے سے کوٹنا۔
الکُوْب : بے دستہ کا کوزہ۔ ج اَکْوَاب.
الکَوْبَة : فوت شدہ پر حسرت وافسوس۔
الکُوْبَة : شطرنج۔ نرد۔ ڈگڈگی۔ بربط۔ دوا وغیرہ پیسنے کا بٹا۔
کَوَّثَ الزَرْعُ : چار پانچ پتوں والی ہونا۔
الکَوْث : جوتا۔
الکُوْثَة : فراخ سال۔
تَکَوْثَرَ الغُبَارُ : زیادہ اور تہ بتہ ہونا۔
الکَوْثَر : بہت اور تہ بتہ۔ بہت اور تہ بتہ غبار۔ بہت بڑا فیاض سردار۔ جنت کی ایک نہر۔
الکَوْثَلُ والکَوْثَلُ : جہاز کا پچھلا حصہ۔
کَاحَهٗ یَکُوْحُهٗ کَوْحًا وکَوَّحَهٗ وکَاوَحَهٗ مُکَاوَحَةً واکَاحَهٗ اِکَاحَةً : لڑائی میں غالب آنا۔ کَاحَ الشَیْءُ : پانی میں ڈبونا۔ مٹی میں دبانا۔ کَوَّحَهٗ : غالب بنانا۔ کَوَّحَ فُلَانًا : ذلیل کرنا۔ رد کرنا۔ کَوَّحَ الزِمَامَ البَعِیْرَ : مغلوب کرنا۔ کَاوَحَهٗ : گالی گلوچ کرنا۔ اَکَاحَهٗ : ہلاک کرنا۔
تَکَاوَحَ الرَجُلَانِ : باہم جنگ وجدال کرنا۔
الکَاحُ والکِیْح : دامن کوہ۔ ج کُیُوْح
واکْیَاح : کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰی کُوْحِهٖ" یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا۔
الکُوْخ والکَاخ : جھونپڑی اور اسی سے ہے کُوْخ الصَائِد : کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشت کار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کے لئے بنالیا کرتے ہیں۔ ج اَکْوَاخ وکُوْخَان وکِیْخَان وکِیَخَة

لَیْلَةٌ کَاخٍ : تاریک رات۔
الکَاخِیَة عِنْدَ اَرْبَابِ السِیَاسَةِ : والی کا معتمد۔ محافظ اسرار۔ یہ اصل میں کَخْخَدا : تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا۔ ج کَوَاخٍ (دخیل)
کَادَهٗ یَکُوْدُهٗ کَوْدًا : روکنا۔ کَادَ بِنَفْسِهٖ : جان دینا۔
کَادَ یَکَادُ کَوْدًا ومَکَادًا ومَکَادَةً : فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا۔ جیسے "کَادَ یَضْرِبُ" مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف ان بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے اَکَادُ اُخْفِیْهَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا اور "عَرَفَ مَا یَکَادُ مِنْهُ" یعنی جو ارادہ کیا جائے اور کاد کے عوض میں "کِیْدَ یَفْعَلُ کَذَا" بھی سنا گیا ہے اور کبھی "کَادَ" زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے "لَمْ یَکَدْ یَرَاهَا" معنی میں لَمْ یَکَدْ یَرَاهَا کے۔
کَوْدَ الشَیْءَ : جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا۔
اِکْوَاذٌ اِکْوِئْدَادًا : بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا۔
الکَوْدَة : مٹی وغیرہ کا تودہ۔
المَکَادَة : مص۔ کہا جاتا ہے "لَا مَهَمَّ لِیْ وَلَا مَکَادَةَ" نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس کے قریب ہوں۔
الکَوْدَن والکَوْدَنِیّ : غیر اصیل گھوڑا۔ ہاتھی۔ خچر ٹٹو۔ کَوْدَن کی جمع کَوَادِن۔
کَوْذَ الاِزَارُ : ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصہ تک آجانا۔
الکَاذَة : ران کے اوپر کا اُبھرا ہوا گوشت۔
الکَاذِیّ : کیوڑہ۔
کَارَ یَکُوْرُ کَوْرًا، العِمَامَةَ ونَحْوَهَا عَلٰی رَاْسِهٖ : سر پر پگڑی باندھنا ..... الاَرْضَ : زمین کھودنا۔

marfat.com
Marfat.com

.....فِي سَيْرِهِ : تیز چلنا.....العَمَّالُ الكَارَةَ : ٹوکری اُٹھانا(..... كَيْرًا) الفَرَسُ ذَنَبَه : گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا۔ كَوَّرَ العِمَامَةَ : سر پر پگڑی باندھنا.....ةً : پچھارنا۔ نیزہ مار کر گرا دینا.....المَتَاعَ : تہ بتہ رکھنا.....اللّٰهُ اللَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ : ایک کو دوسرے میں داخل کرنا۔ كُوِّرَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کی روشنی کو تہ کر دینا اور بقول بعض مضمحل کر دینا۔ اَكَارَ اِكَارَةً عَلَيْهِ : ضعیف و کمزور سمجھنا۔ ذلیل کرنا۔ تَكَوَّرَ : گرنا۔ پچھاڑا جانا۔ تیز گزر جانا۔ اِكْتَارَ اِكْتِيَارًا : عمامہ باندھنا.....الفَرَسُ : دوڑنے میں دم اٹھانا.....الشَّيْءُ : بعض کو بعض پر ٹپکنا.....الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ پچھاڑا جانا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "كَوَّرَهُ فَاكْتَارَ" یعنی اس نے پچھاڑا وہ گر گیا.....الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ : گالی دینے کے لئے آمادہ ہونا۔ اِسْتَكَارَ اِسْتِكَارَةً : تیز دوڑنا۔ اپنی پیٹھ پر گٹھری اٹھانا۔ الكَارُ : ایک قسم کا جہاز۔ غلہ سے بھرا ہوا جہاز ج كَارَات. الكَوْر : مص۔ عمامہ کا پیچ۔ بڑی جماعت۔ اُونٹوں یا گایوں کا گلہ۔ زیادتی۔ ج اَكْوَار. الكَوْر : طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ كَوْرٌ كَرِيْمٌ" اس کی طبیعت اچھی ہے۔ الكُوْر : مٹی کی انگیٹھی۔ ج اَكْوَار وَاَكْوُر وَكِيْرَان وَكُوْرَان. الكُوْر : بھڑوں کا چھتا۔ لوہار کی بھٹی۔ (.....والمَكُوْر) اُونٹ کا کجاوہ۔ کجاوہ مع سامان۔ الكَارَة مِنَ الثِّيَاب : دھوبی کے کپڑوں کی گٹھری۔ غلہ کی ایک مقدار معلوم۔ ج كَارَات. الكُوْرَة : ضلع۔ ج كُوَر. الكُوَارَة والكِوَارَة الكَوَّارَة : شہد کی مکھیوں کے لئے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندہ۔ شہد مع موم کے۔ الكِوَارَةُ : عمامہ۔ پگڑی۔ والكُوَارَة : تیز دوڑ۔ اَلْكُوْزَار : ایک زہریلا پودا جس کو استعمال کیا جائے تو انسانی پٹھے کمزور سے کمزور ہوتے جاتے ہیں خاص کر اس وقت خطرناک ہوتی ہے جب زخمی انسان کے خون میں سرایت کر جائے۔ المِكْوَر والمِكْوَرَة : عمامہ۔ المَكْوَرِيُّ والمِكْوَرِيُّ : فرومایہ۔ کمینہ۔ چوڑے بدن کا پستہ قد۔ كَازَ يَكُوْزُ كَوْزًا : کوزے سے پینا..... الشَّيْءَ : جمع کرنا۔ تَكَوَّزَ القَوْمُ : قوم کا اکٹھا ہونا۔ اِكْتَازَ : کوزے سے پینا.....المَاءَ : کوزے سے لینا۔ الكُوْز : کوزہ۔ ج اَكْوَاز وَكِيْزَان وَكِوَزَة (دخیل) مُكَوَّزُ الرَّاسِ : لمبے سر والا۔ اَلْكَازُ النَّفَطُ : پٹرول۔ كَاسَ يَكُوْسُ كَوْسًا البَعِيْرُ : ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا فِي السَّيْرِ : آہستہ چلنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَكُوْسُ فِي السَّيْرِ" فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے.....عَلَى رَاْسِهِ : سر کے بل اُلٹ پڑنا .....فِي البَيْعِ : قیمت گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَكُسْنِيْ يَا فُلَانُ فِي البَيْعِ" اے فلاں میرے لئے قیمت مت گھٹا.....الحَيَّةُ : گنڈلی مارنا۔ كَاسَهُ وَاَكَاسَهُ اِكَاسَةً : پچھاڑنا۔ كَوَّسَ الشَّيْءَ عَلَى رَاْسِهِ : سرنگوں کرنا۔ تَكَوَّسَ الرَّجُلُ : سرنگوں ہونا۔ تَكَاوَسَ لَحْمُهُ : گوشت کا تہ بتہ ہونا..... العُشْبُ : گھاس کا گنجان اور بہت ہونا۔ اِكْتَاسَهُ عَنْ حَاجَتِهِ : روکنا۔ الكَاس. كَاس : کا مخفف بمعنی پیالہ۔ الكُوْس : مص۔ دیکھا جائے [illegible] قریب ہونا۔ الكُوْس : ڈھول۔ ایک مثلث پیمانہ جس کو بڑھئی استعمال کرتے ہیں۔ ج كُوْسَات (دخیل) كُمْعَةٌ كَوْسَاء : خشک گھاس کا مٹھا۔ آپس میں ایک دوسرے پر لپٹا ہوا۔ ج كُوْس. رِمَالٌ كُوْسٌ : ریت تہ بتہ جما ہوا۔ الكُوْسِيُّ مِنَ الخَيْلِ : چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ مؤنث كُوْسِيَّةٌ. المَكَاس : سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ۔ المِكْوَس : چکی کے پتھر درست کرنے کی چھینی ج مَكَاوِس. كَوْسَجَ وتَكَوْسَجَ الرَّجُلُ : کوسج ہونا۔ الكَوْسَج : صرف ٹھوڑی پر داڑھی والا۔ کم دانتوں والا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا۔ ج كَوَاسِج. الكَوْسَج : ایک قسم کی مچھلی جس کی ناک آرہ کی طرح ہوتی ہے۔ كَاشَ يَكُوْشُ كَوْشًا عَنْهُ : بہت گھبرانا۔ الجَارِيَةَ : جماع کرنا۔ كَوِعَ (س) كَوَعًا : بڑے بند دست والا ہونا۔ مڑے ہوئے بند دست والا ہونا۔ صفت اَكْوَع مؤنث كَوْعَاء ج كُوْع. كَاعَ يَكُوْعُ كَوَعًا الكَلْبُ : گرمی کی وجہ سے بند دست پر چلنا۔ زخمی ہونے کی وجہ سے بند دست پر چلنا۔ كَوَّعَهُ بِالسَّيْفِ : تلوار مارنے سے بند دست کاٹ دینا۔ تَكَوَّعَتْ يَدُهُ : بند دست کا ٹیڑھا ہونا۔ الكَاعُ والكُوْعُ : انگوٹھے کی جانب بند دست کا کنارہ۔ ج اَكْوَاع. الكَوَع : مص۔ بند دست کی ہڈی میں ٹیڑھا پن۔ پیر کے انگوٹھے کا دوسری انگلیوں کی طرف بہت جھکاؤ۔ كَافَ يَكُوْفُ كَوْفًا الاَدِيْمَ : چمڑے کے کناروں کو ملا کر سینا۔ كَوَّفَ الاَدِيْمَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا..... الشَّيْءَ : علیحدہ کرنا..... الكَافُ : حرف کاف

marfat.com
Marfat.com

لکھنا۔الرَّجُلُ: کوفہ میں آنا۔
تَكَوَّفَ الْقَوْمُ تَكَوُّفًا وَكَوْفَانًا عَلٰى غَيْرِ الْقِيَاسِ: جمع ہونا.....الرَّجُلُ: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا۔
الْكُوْفَة: عراق کے ایک شہر کا نام۔ریت کا گول سرخ ٹیلہ۔
الْكُوْفِيّ: کوفہ کی جانب منسوب اور اسی سے ہے خط کوفی۔
الْكُوْفِيُّوْن: کوفہ کے نحوی حضرات۔
الْكُفُوفِيَة. كُوفِي کا مؤنث۔سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے الْكَفِيَّه کہتے ہیں۔
كُوْفَلَت الْمَرْأَةُ ابْنَهَا: عورت کا بچے کو گول کپڑا لپیٹنا۔اَلْكَافُوْلِيَّة: مربع شکل کا سفید کپڑا جو کہ بچوں کو لپیٹا جاتا ہے۔
الْكُوْفَان والْكَوْفَان والْكُوْفَان: گول تودہ ریت۔گول چیز۔عزت وشوکت و بلندی و مشقت۔ نرکل بانس۔لکڑی کا جھنڈا۔اور کہا جاتا ہے "ظَلُّوْا فِي كُوْفَانٍ مِنْ اَمْرِهِمْ" ان کا معاملہ گڑبڑ ہوگیا "وَهُمْ فِيْ كُوْفَانٍ مِنْ ذٰلِكَ" وہ لوگ اس سے عزت وشوکت میں ہیں۔یعنی لوگ گڑبڑی میں ہیں۔کہا جاتا ہے "اَلنَّاسُ فِيْ كَوْفَى مِنْ اَمْرِهِمْ".
اَلْكُوْكَة: ایک درخت جو دو یا تین میٹر سے زیادہ لمبا ہوتا ہے۔اس کے پتے انڈے کی شکل میں ہوتے ہیں اس کو کائین حاصل کیا جاتا ہے۔
اَلْكُوْكَائِيْن: ایک نشہ آور مادہ جو "کوکہ" سے نکالا جاتا ہے۔
كَوْكَبَ الْحَدِيْدُ: چمک اٹھنا۔چم چم کرنا۔
الْكَوْكَب: ستارہ۔تلوار۔پانی۔گرمی کی سختی۔لوہے کی چمک دمک۔لمبی نباتات۔سردار قوم۔شہسوار قوم۔میخ۔قید خانہ۔ہتھیار بند۔قریب البلوغ لڑکا۔باغ کی کلی۔فوج۔پہاڑ۔آنکھ کا پھولہ۔چیز کا بڑا حصہ۔شبنم جو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوئی ہو زمین کا خط کہ اس کا رنگ دوسرے خط مختلف ہو۔كَوْكَبُ الْبَقْرِ: گوئیں کا سوت۔ج كَوَاكِب کہا جاتا ہے "فَطَمَسُوْا فَصَارَتْ كُلُّ كَوْكَبٍ" یعنی متفرق ہوگئے "وَيَوْمٌ ذُوْ كَوَاكِب" سختیوں والا دن۔
اَلْكَوْكَبَة: ایک ستارہ۔ایک کلی۔جماعت۔
الْمُكَوْكَب: آنکھ کے پھولے والا۔
كَوْكَى كَوْكَوَةً. الرَّجُلُ: تیز چلنے میں جھومنا۔قد کا دوڑنا۔
الْكَوْكَاة والْكَوَاكِيَة: پست قد۔
الْمُكَوْكِي: بے برکت۔کیکڑا۔
تَكَوَّلَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا(..... وانْكَالَ اِنْكِيَالاً) الْقَوْمُ عَلَيْهِ: مار پیٹ گالی گلوچ کے لئے کسی پر ٹوٹ پڑنا۔
تَكَاوَلَ الرَّجُلُ: کوتاہی کرنا۔باز رہنا۔
الْكَوْلَان والْكُوْلَان: بردی نام کی ایک گھاس واحد كَوْلَانَة.
الأَكْوَل: پہاڑ کی مانند بلند زمین۔ج اَكَاوِل.
كَامَ (ن) كَوْمًا وكَوْمَةَ الْجَارِيَة: جماع کرنا.....الْفَرَسُ وَغَيْرُهُ: جفتی کرنا۔
كَوِمَتْ (س) كَوَمًا النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بڑی کوہان والی ہونا۔
كَوْمَ تَكْوِيْمًا التُّرَابَ: مٹی کو تودہ تودہ کرنا.....الْمَتَاعَ: سامان کا ڈھیر لگانا.....ثِيَابَهُ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ: کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔
لَهَطَهُ (ف) لَهْطًا: تھپڑ مارنا۔ لَهَطَ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔ لَهَطَ الثَّوْبَ: کپڑا سینا..... بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پچھاڑنا۔ لَهَطَتْ اُمُّهُ بِهِ: جننا۔
اَللَّاهِط: فا۔ اپنے گھر کے دروازے پر چھڑکاؤ کرنے والا اور صاف ستھرا رکھنے والا۔
لَهْطَةٌ مِنَ الْخَبَرِ: افواہ جس کی نہ تم تصدیق کرو نہ تکذیب۔
لَهِعَ (س) لَهَعًا وَلَهَاعَةً الرَّجُلُ: ہر ایک سے بے تکلف ہونا۔ صفت لَهِعٌ وَلَهِيْعٌ وَلَهِيْعٌ..... فِي الْكَلَامِ: خوب بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا۔
اَللَّهَاعَة: غفلت۔
اَللَّهِيْع: کارگزاری میں تیز۔
اَللَّهِيْعَة: غفلت۔ سستی' کاہلی' خرید و فروخت میں سستی کرنا یہاں تک کہ نقصان ہو جائے۔
لُهِفَ لَهْفًا: ظلم کیا جانا۔
لَهِفَ (س) لَهَفًا. عَلَى مَافَاتَ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت لَهِفٌ وَلَهِيْفٌ. لَهَفَ فُلَانٌ نَفْسَه او اُمَّهُ: وانفساہ وامّاہ والہفاہ کہنا اور کہا جاتا ہے "لَهَفَ اُمَّ اَبَوَيْهِ" یعنی اَبَوَيْهِ یہاں پر لفظ ام کو اب پر غلبہ کر دیا گیا ہے اس لئے کہ ماں کی مامتا مشہور ہے

marfat.com
Marfat.com

اور کہا جاتا ہے "لَهَفْتُ اِلَيْكَ فَلَهِفْتَ" یعنی میں نے تجھ سے فریاد رسی کی۔
اَلْهَفَ : حریص ہونا۔ نہایت خواہش مند ہونا۔
تَلَهَّفَ. عَلَيْهِ : غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔
اِلْتَهَفَتِ النَّارُ : آگ کا بھڑکنا۔ اِلْتَهَفَ فُلَانٌ : کسی مصیبت کے نازل ہونے پر غم سے بھڑک اٹھا۔
اَلْاَهِف : فا۔ مظلوم۔ مضطر۔ فریادی۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث لَاهِفَة وَلَاهِفَةٌ اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَاهِفُ الْقَلْبِ" وہ شکستہ دل ہے۔
اَللَّاهِفَة. لَاهِف کا مؤنث۔ ج لَاهِفَات وَلَوَاهِف.
اَللَّهْف : مص۔ یا لَهْفَ فُلَانٍ کلمہ ہے جس سے مافات پر افسوس کیا جاتا ہے یعنی فلاں پر کس قدر افسوس ہے اور کہا جاتا ہے "يَا لَهْفِي عَلَيْكَ و يا لَهْفَ وَيَالَهْفًا وَيَالَهْفَ اَرْضِي وَسَمَائِي عَلَيْكَ ويا لَهْفَاه" یعنی تیرے اوپر افسوس ہے۔
اَللَّهْفَان : افسوس کرنے والا۔ غمزدہ۔ مؤنث لَهْفَى ج لَهَافَى وَلُهْف.
اَللَّهْفَة. لَهْف : کا اسم مرۃ اور فوت شدہ کے افسوس کے لئے کہا جاتا ہے "يَا لَهْفَةً وَيَا لَهْفَتَاهُ وَيَا لَهْفَتَيَاهُ"
اَللَّهُوف : موٹا۔ لمبا۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث اَللَّهُوفَة.
اَللَّهِيف : مضطر۔ افسوس کرنے والا۔ رَجُلٌ لَهِيفُ الْقَلْبِ : سوختہ دل۔ ج لهاف.
اَلْمَلْهُوف : غمگین جس کا مال ضائع ہو گیا ہو یا کوئی قریب فوت ہو گیا ہو۔ فریاد کرنے والا مظلوم رَجُلٌ مَلْهُوفُ الْقَلْبِ : سوختہ دل مرد۔
لَهِقَ (ف) وَلَهِقَ (س) لَهَقًا وَلَهَقًا الشَّيْءُ : بہت مفید ہونا۔
تَلَهَّقَ الشَّيْءُ : بہت سفید ہونا..... الرَّجُلُ : زیادہ گفتگو کرنا۔

اَللَّهَاق : سفید یا سفید بیل۔ کہا جاتا ہے: "بَقَرٌ لُهَاقٌ او لِهَاقٌ" بہت سفید "وَبَقَرَةٌ لِهَاقٌ" بہت سفید گائے۔
اَللَّهِق وَاللَّهَق : سفید بیل۔ سفید۔ مؤنث لَهَقَةٌ وَلِهَقَةٌ. ج لَهَقَاتٌ وَلِهَاقٌ کہا جاتا ہے "اَبْيَضُ لُهَقٌ وَلَهَقٌ" بہت سفید۔
مُلَهَّقُ اللَّوْن : سفید رنگ والا۔
لَهْلَهَ لَهْلَهَةً. النَّسَّاجُ الثَّوْبَ : باریک بننا (هَلْهَلَ کا مقلوب ہے)
تَلَهْلَهَ الثَّوْبُ : باریک بنا ہوا ہونا.....
اَلْكَلَاءَ : تھوڑی سی گھاس کے درپے ہونا۔
اَللَّهْلَهَةُ مِنَ الثِّيَابِ او الكَلَامِ او الشِّعْرِ : ردی کپڑا یا گفتگو یا شعر۔
اَللُّهْلُه : بدصورت۔ بَلَدٌ لُهْلُهٌ : کشادہ مقام جہاں سراب بہت ہوں۔ ج لَهَالِهُ (..... وَالْهُلْهَة) کشادہ زمین۔
اَللَّهْلَهَة : کسی چیز سے رجوع کرنا۔ باریک بناوٹ۔
لَهِمَ (س) لَهْمًا وَلَهَمًا الشَّيْءَ : ایک ہی مرتبہ میں نگلنا..... المَاءَ : گھونٹ لینا۔
اَلْهَمَهُ الشَّيْءَ : نگلوانا۔ اَلْهَمَ اللّٰهُ فُلَانًا خَيْرًا : وحی کرنا۔ سکھلانا۔ توفیق دینا۔ دل میں ڈالنا۔
تَلَهَّمَ وَالْتَهَمَ الشَّيْءَ : ایک ہی دفعہ میں نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ (اَلْتَهَمَهُ ہی بولا جاتا ہے)
اُلْتُهِمَ لَوْنُه : رنگ متغیر ہونا۔
اِسْتَلْهَمَ اللّٰهَ خَيْرًا : اللہ سے خیر کے الہام کی دعا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَلْهِمُ اللّٰهَ الرَّشَادَ" اللہ سے رشد و ہدایت کے الہام کی دعا کرتا ہوں۔
اَللُّهَام : بڑا لشکر۔
اَللِّهِم : عمر رسیدہ۔ ج لُهُوم.
رَجُلٌ لَهِمٌ وَلُهَمٌ : کھاؤ۔ پیٹو۔
اَللُّهْمَة مِنَ السَّوِيق : ایک مرتبہ پھانکنے کی مقدار ستو۔
اَللَّهُوم : بہت بخشش والا۔ [illegible]

سمندر۔ کھاؤ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔ رَجُلٌ لَهِمٌ : مرد روشن رائے بخشش کرنے والا۔ کفایت کرنے والا۔ ج لَهِمُونَ (عورتوں کے وصف میں واقع نہیں ہوتا) رَجُلٌ لَهُوم : کھاؤ مرد۔
اَللُّهَيْم وَاُمُّ اللُّهَيْم : موت۔ بخار۔ مصیبت۔ اَللُّهَيْم : کشادہ دیگ۔
اَلْاِلْهَام : مص۔ اللہ کا انسان کے دل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔
اَلْمِلْهَم وَالْمُلْهَم مِنَ الرِّجَالِ : کھاؤ۔ پیٹو۔
لَهْمَسَ مَا عَلَى الْمَائِدَةِ : دسترخوان سے سب کچھ کھا لینا۔
اَللُّهْمُوم : بڑا لشکر۔ سخی آدمی۔ عمدہ گھوڑا۔ بے شمار۔ بہت برسنے والا بادل۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج لَهَامِيم وَلَهَامِيمُ النَّاسِ : سخی لوگ۔
اَللُّهَيْم : سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔
لَهَنَ الْقَوْمَ وَلِلْقَوْمِ : ناشتہ کھلانا۔ سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔
اَلْهَنَه : مسافر کو سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔
تَلَهَّنَ الرَّجُلُ : ناشتہ کھانا۔
اَللُّهْنَة : تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پر دے۔ ناشتہ۔ تحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے۔ ج لُهَن.
لَهَا يَلْهُو لَهْوًا. الرَّجُلُ : کھیلنا..... بِهِ : فریفتہ ہونا (..... لَهْوًا وَلُهُوًّا) اَلْمَرْأَةُ اِلَى حَدِيثِ الرَّجُلِ : مانوس ہونا۔ پسند کرنا (..... لُهِيًّا وَلِهْيَانًا) ..... عَنِ الشَّيْءِ : غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ بھولنا۔
لَهِيَ يَلْهَى لَهًا بِكَذَا : محبت کرنا..... عَنْهُ : تسلی پانا۔ غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْهَ لَهُ كَمَا يَلْهَى لَكَ" تم بھی اس کے ساتھ ویسا ہی کرو جیسا وہ تمہارے ساتھ کرتا ہے۔
لَهَّى يُلَهِّي تَلْهِيَةً عَنْ كَذَا : غافل کر دینا.....

marfat.com
Marfat.com

بکذا: مشغول کرنا۔
لاھاہ مُلاھاۃً : قریب ہونا۔ جھگڑا کرنا۔
لاھی الشَّیٔ : نزدیک ہونا..... الغُلامُ: دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔
اَلْھاہُ اِلْھاءً. اللَّعْبُ عَنْ کَذَا : غافل کرنا۔
فُلانٌ الشَّیٔ : عاجزی سے چھوڑ دینا..... الرَحی وفی الرَحی وللرَحی : چکی میں کول ڈالنا۔ اَلْھی الرَّجُلَ : بہتر اور کثیر عطیہ دینا۔
تَلَھّٰی تَلَھِّیًا بِکَذَا : کسی چیز پر توجہ یا اعراض سے دِل بہلانا..... بِالشَّیٔ : مشغول ہونا۔
تَلاھَی تَلاھِیًا بِالْمَلاھِی : کھیل کود میں مشغول ہونا..... القَوْمُ: باہم کھیلنا۔
اِلْتَھٰی الرَّجُلُ بِالشَّیٔ : کھیلنا..... عَنْہُ بِغَیْرِہٖ : مشغول ہونا۔
اِسْتَلْھٰی اِسْتِلْھَاءً. صَاحِبَہٗ : ساتھی کا انتظار کرنا۔ ٹھہرانا..... الشَّیٔ: زیادہ لینا۔ نگلنا۔
اللُّھَاء : مقدار۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ لُھَاءُ مِائَۃٍ" وہ لوگ سو (۱۰۰) کی مقدار ہیں۔
اللَّھْو : کھیل کود۔ وہ چیز جس سے انسان لذت حاصل کرے۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔ ڈھول فرزند۔
اللَّھَاۃ : حلق کا کوا ج لَھَوَات ولَھَیَات ولُھِی ولِھِی ولَھًا ولَھَاءً ولِھَاءً.
اللَّھُوَۃ. لَھًا کا اسم مرہ۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔
اللَّھُوَۃ واللُّھْوَۃ : پیتے ہوئے چکی میں ایک مرتبہ جتنی مقدار میں غلہ ڈالیں۔ عطیہ۔ بہتر وکثیر عطیہ۔ لپ بھر مال۔ ج لُھی.
اللُّھْبَۃ : عطیہ یا بہتر وکثیر عطیہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَھْوٌ عَنِ الْخَیْرِ" فلاں بھلائی سے بہت غافل ہے۔
اللَّھَوِی. لَھَاۃ کی طرف منسوب۔
والْحَرْفَانِ اللَّھَوِیَّان: ق وک۔
الاُلْھُوَّۃ والاُلْھِیَّۃ والتُّلْھِیَۃ : جس سے کھیل کود کیا جائے۔

اللَّھْلَھِی : کھیل کود۔ کھیل کود کا زمانہ۔ کھیل کود کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مَلْھَی الْقَوْمِ" یعنی یہ ان کی اقامت کی جگہ ہے۔ "وھٰذَا مَلْھَی الْاَثَانِی" یہ پایہ دیگ دان کی جگہ ہے۔
المِلْھَی : کھیل کود کا آلہ۔ ج مَلاہٍ. آلاتُ الْمَلاھِی : آلاتِ موسیقی۔
لَھْوَجَ : مادہ ل ہ ج میں گزر چکا۔
لَھْوَقَ لَھْوَقَۃً وتَلَھْوَقَ الرَّجُلُ : جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنا..... فِی الْعَمَلِ والْکَلامِ: ترک مبالغہ کرنا۔
رَجُلٌ لَھْوَقٌ : ڈینگ مارنے والا۔ جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنے والا۔
لَوْ : یہ حرف چھ طریقے سے مستعمل ہے۔
(۱) زمانہ ماضی میں شرط کے لئے جیسے "لَوْ جَاءَنِی لَاَکْرَمْتُہٗ" اگر وہ میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا۔ یہ تین باتوں کا فائدہ دیتا ہے۔ ایک شرط۔ دوسرے شرط کو ماضی کے ساتھ مقید کرنا۔ تیسرے امتناع اور اسی وجہ سے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ حرف امتناع لامتناع ہے یعنی شرط کے منتفی ہونے کی وجہ سے جزا منتفی ہوتی ہے مناطقہ نے اس کو ادوات اتصال قرار دیا ہے جیسے "لَوْ کَانَ زَیْدٌ حَجَرًا کَانَ جَمَادًا"۔
(۲) زمانہ مستقبل میں شرط کے لئے مگر یہ جازمہ نہیں جیسے "وَلَوْ تَلْقَی اَصْدَاءُ نَا بَعْدَ مَوْتِنَا" الخ۔ اور اس قسم میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ شرط جب مستقبل ہو تو لَوْ اِنْ کے معنی میں ہوتا ہے اور جب ماضی ہو تو حرف امتناع ہوتا ہے اور جب اس کے بعد فعل مضارع واقع ہو تو ماضی کے معنی میں ہو جاتا ہے جیسے لَوْ تَقُوْمُ اَقُوْمُ بمعنی لَوْ قُمْتَ قُمْتُ۔
(۳) یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ اَنْ کے مگر یہ نصب نہیں دیتا اور اکثر وَدَّ یَوَدُّ کے بعد واقع ہوتا ہے [illegible]

کرتے ہیں کہ تم ان کے پاس آؤ "یَوَدُّ اَحَدُھُمْ لَوْ یُعَمَّرُ" ان میں ایک عمر دیئے جانے کی تمنا کرتا ہے۔
(۴) یہ کہ تمنا کے لئے ہو۔ اس کا جواب منصوب اور فا کے ساتھ ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَاْتِیْنِیْ فَتُحَدِّثَنِیْ" تمنا ہے کہ تم میرے پاس آتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔
(۵) عرض کے لئے مانند اَلَا کے اس کا جواب بھی فاء سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا" اگر تم ہمارے پاس اترتے تو بھلائی کو پہنچتے۔
(۶) تقلیل کے لئے جیسے "تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ" صدقہ کرو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔
لاَبَ یَلُوْبُ لَوْبًا ولُوْبًا ولَوَبَانًا الرَّجُلُ او البَعِیْرُ : مرد یا اونٹ کا پیاسا ہونا۔ پانی کے اردگرد بغیر اس تک پہنچے ہوئے گھومنا۔ اسم اللَّوْبُ واللُّوْبُ واللُّوُوْبُ واللُّوَاب.
لَوَّبَہٗ تَلْوِیْبًا. ملاب (ایک قسم کی خوشبو) ملنا (دیکھئے مَلاَب)
اَلاَبَ اِلابَۃً الرَّجُلُ : پیاسے اونٹوں والا ہونا۔
اللاَّبُ : قا۔ ج لُؤُوْبٍ ولُوْب کہا جاتا ہے "اِبِلٌ لُوْبٌ او نَخْلٌ لُوْبٌ ولَوَاٍبٌ" پیاسے پانی سے دور۔
اللُّوَاب : مص لَعَاب.
اللُّوَبَاء واللُّوْبِیَاء واللُّوْبِیَا : لوبیا۔ لوبیا کی پھلی (دخیل)
اللُّوْبَۃ : جماعت جو دوسری جماعت کے ساتھ رہے مگر شریک مشورہ نہ کی جائے۔
سنگلاخ سوختہ ج لُوْب.
اللُّوْب : گوشت کا ٹکڑا جو دیگ میں پھرے۔ شہد کی مکھی۔
اللاَّبَہ : سنگلاخ سوختہ۔ ج لاَبَاتٌ ولاَبٌ.
اللاَّبَہ: کالے اونٹ جمع شدہ۔
المَلاَب : ایک قسم کی خوشبو جو زعفران کے

marfat.com
Marfat.com

مشابہ ہے۔
المُلَوَّب : مفع۔ پیچ دار لوہا۔
اللَّوْلَب : پیچ۔ پیچ دار کیل۔ ج لَوَالِب.
اللَّوْلَبِي : جو لَوْلَب : کی ہیئت پر ہو۔
المُلَوْلَب : سرمہ کی سلائی۔
لاَتَ يَلُوْتُ لَوْتًا الرَّجُلُ : بغیر پوچھے ہوئے خبر دینا..... الخَبَرَ : خبر کو چھپانا..... فُلانًا : حق گھٹانا۔
الاَتُ : زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔
لاَتَ : حرف نفی ہے لَيْسَ : کا عمل کرتا ہے مگر اس کے بعد دو معمول میں سے ایک ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً مرفوع محذوف ہوتا ہے جیسے "وَلاَتَ حِيْنَ مَنَاص" تقدیر عبارت کی یوں ہے "وَلاَتَ الْحِيْنُ حِيْنَ مَنَاص".
لاَتَ يَلُوْتُ لَوْتًا. العَمَامَةَ عَلٰى رَاسِهٖ : سر پر عمامہ لپیٹنا..... الضِّبَابُ بِالْجَبَل : کہرے کے پہاڑ کو ڈھانکنا..... بِفُلاَنٍ : پناہ لینا۔
لاَتَ بِهِ النَّاسُ : اردگرد جمع ہونا..... دَارَهٗ : ہمیشہ گھر میں رہنا..... الشَّيْءَ : منہ میں چبانا..... فِي الْاَمْرِ : دیر کرنا۔ عَنِ الْحَاجَةِ : سستی کرنا..... ثَوْبَهٗ بِالطِّيْنِ : کپڑے کو کیچڑ میں لتھیڑنا..... الشَّيْءَ : بھگا کر ملانا۔ لَاتَ فُلاَنٌ : گھومنا۔ کہا جاتا ہے "لاَتَ لَوْثًا مِنَ الْكَلاَمِ" بات کو اس نے چبا چبا کے کہا صاف نہیں بیان کیا۔ "وَمَا لاَتَ فُلاَنٌ اَنْ غَلَبَ فُلاَنًا" وہ غالب آنے سے نہیں رکا۔
لَوَّثَ يُلَوِّثُ لَوْثًا فِي الْاَمْرِ : تاخیر کرنا۔
لَوَّثَ تَلْوِيْثًا الشَّيْءَ : بھگونا..... المَاءَ : گدلا کرنا..... ثِيَابَهٗ بِالطِّيْنِ : کپڑوں کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔
..... التِّبْنَ بِالقِتِّ : بھوسہ کو چارے میں ملانا
..... فُلاَنًا عَنْ كَذَا : روکنا..... الاَمْرَ : مشتبہ کرنا۔
اَلاَثَ اِلاَثَةً مَالَهٗ بِفُلاَنٍ : ودیعت کرنا۔
اَلْوَثُ اِلْوَاثًا. الاَرْضُ : خشک گھاس میں تر اگانا۔

لَثَّ يَلُثُّ لَثًّا. الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : کپڑے کا کیچڑ میں لتھیڑنا..... زَيْدٌ بِعَمْرٍو : پناہ لینا اور نفع کی امید سے محبت میں رہنا۔
اِلْتَاثَ اِلْتِيَاثًا عَلَيْهِ الاَمْرُ : پیچیدہ ہونا۔
..... بِرِدَائِهٖ : لپٹنا..... فِي الْعَمَلِ : دیر کرنا
..... فِي كَلاَمِهٖ : حجت سے عاجز رہنا.....
بِالدَّمِ : خون سے لتھڑنا۔ آلودہ ہونا.....
البَعِيْرُ : اونٹ کا موٹا اور قوی ہونا..... فُلاَنًا عَنْ كَذَا : روکنا۔
اللاَّثُ : فا۔ شیر۔ نَبَاتٌ لاَثٌّ : آپس میں لپٹے ہوئے پودے۔
اللُّوَاثُ : پلیتھن۔
اللُّوَاثَةُ : پلیتھن۔ جماعت۔ وہ شخص جو ہر چیز میں آلودہ ہو جائے۔
اللُّوْثُ : مص۔ قوت۔ برائی۔ زخم۔ کینہ کے مطالبات۔ کمزور ثبوت۔
اللَّوْثُ : ڈھیل ڈھال۔
اللِّيْثُ : گنجان نباتات۔
اللَّوْثَةُ. لاَثَ : کا اسم مرۃ۔ بے وقوفی۔
اللُّوْثَةُ : ڈھیل ڈھال۔ تاخیر۔ بے وقوفی۔ زبان میں رکاوٹ۔ اثر جنون۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ لُوْثَةٌ" اس کے ساتھ جنون کا اثر ہے۔ گوشت و چربی کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْلُوْثَةٍ" سست و کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے نَبَاتٌ لَيِّثٌ : گنجان پودہ۔
اللَّوِيْثَةُ : جماعت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ الْمَجْلِسَ لَيَجْمَعُ لَوِيْثَةً مِنَ النَّاسِ" مجلس مختلف قسم کی جماعتوں کو جمع کر لیتی ہے۔
الاَلْوَثُ : ڈھیلا ڈھالا۔ قوی۔ سست۔ موٹی زبان والا۔ کمزور عقل والا۔ مؤنث لَوْثَاءُ. ج لوث.
المَلاَثُ والمِلْوَثُ : سردار شریف جس کی پناہ لی جائے۔ ج المَلاَوِثُ والمَلاَوِثَةُ والمَلاَوِيْثُ کہا جاتا ہے "هُمْ مَلاَوِثُ" یعنی وہ اشراف ہیں۔
وَاِنَّهٗ لَنِعْمَ المَلاَثِ لِلضِّيْفَانِ : وہ مہمانوں کے لئے بہت اچھا ہے

المَلاَثُ : مرکز۔ وہ جگہ جس پر کوئی چیز گھومے۔
المُلَيَّثُ : موٹاپے کی وجہ سے سست۔ دِيْمَةٌ لَوْثَاءُ : لگاتار بارش جو گھاس کو بکھیر دے۔
لاَحَ يَلُوْحُ لَوْحًا الشَّيْءُ : منہ میں پھرانا۔
لاَحَ يَلُوْحُ لَوْحًا الشَّيْءُ : ظاہر ہونا.....
البَرْقُ : بجلی کا چمکنا..... النَّجْمُ : ستارہ کا نکلنا
..... اِلَيْهِ : دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا..... الشَّيْءَ : دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "لاَحَهٗ بِبَصَرِهٖ لَوْحَةً" جبکہ دیکھے اور پھر پوشیدہ ہو جائے.....
العَطَشُ او السَّفَرُ فُلاَنًا : متغیر کرنا۔ رنگ بدل دینا..... لَوْحًا ولُوْحًا ولُوَاحًا ولُوُوْحًا ولَوَحَانًا) الرَّجُلُ : پیاسا ہونا۔
لَوَّحَ تَلْوِيْحًا : دور سے اشارہ کرنا۔ لَوَّحَ بِسَيْفِهٖ : تلوار چمکانا..... بِثَوْبِهٖ : کپڑا بلند کر کے ہلانا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّحَ لِلْكَلْبِ بِرَغِيْفٍ فَتَبِعَهٗ" اس نے کتے کو روٹی دکھائی وہ پیچھے ہو لیا..... السَّفَرُ والعَطَشُ فُلاَنًا : چہرہ متغیر کر دینا..... الشَّيْبُ فُلاَنًا : سفید بالوں والا کر دینا..... فُلاَنًا بِالعَصَا والسَّيْفِ والسَّوْطِ والنَّعْلِ : اٹھانا اور مارنا۔
الشَّيْءَ بِالنَّارِ : آگ سے گرم کرنا۔
اَلاَحَ اِلاَحَةً الشَّيْءُ : ظاہر ہونا..... البَرْقُ : بجلی کا چمکنا..... النَّجْمُ : ستارے کا روشن ہونا..... بِسَيْفِهٖ او ثَوْبِهٖ : تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرنا..... بِحَقِّهٖ : حق مار لینا..... فُلاَنًا : ہلاک کرنا..... مِنْهُ : خوف کرنا۔ پرہیز کرنا..... مِنَ القَوْلِ : شرمانا..... عَلَى الشَّيْءِ : اعتماد کرنا۔
تَلَوَّحَ : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔
اِلْتَاحَ اِلْتِيَاحًا : پیاسا ہونا۔
اِسْتَلاَحَ فِي الاَمْرِ اِسْتِلاَحًا : غور کرنا۔
اِسْتَلاَحَ : پیاسا ہونا۔
اللَّيَاحُ واللِّيَاحُ : صبح۔ جنگلی بیل۔ سفید اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "اَبْيَضُ لَيَاحٍ" خالص سفید۔

marfat.com
Marfat.com

اللاَئِحَة لائح : کا مؤنث۔ظاہر ہونے والی۔ج لَوَائِح کہا جاتا ہے "نَظَرْتُ اِلٰی لَوَائِحِہٖ وَاَلْوَاحِہٖ" میں نے اس کی ظاہری شکل وصورت کو دیکھا۔اللاَئِحَة: رجسٹر۔ جس میں حساب درج کیا جائے۔(مولدہ)

اللَّوح : تختی۔ہر چوڑی چیز لکڑی ہو یا ہڈی یا لوہا ج اَلْوَاح. لَوْحُ الْجَسَدِ : ہاتھ اور ٹانگ کی ہڈی کے علاوہ ہڈی۔یا ہر وہ ہڈی جو چوڑی ہو۔ج اَلْوَاح جج اَلَاوِیح.

اَلْوَاحُ السِلَاحِ : چمکدار ہتھیار۔

اللُّوح : پیاس۔فضاء آسمانی۔

اِبِلٌ لُوحٌی : پیاسے اونٹ۔

التَلْوِیحَات : کتاب کے حواشی ونوٹ۔

المُلْتَاح : دھوپ یا سفر کی وجہ سے متغیر رنگ والا۔

المِلْوَاح : لمبا۔دبلا۔جلد دبلی ہونے والی عورت۔ بڑی اور چوڑی چکلی ہڈی والا۔ اُلو جس کی ٹانگ کو باز کے شکار کرنے کے لئے باندھ دیا جائے۔

المِلْوَاح والمِلْوَح والمِلْیَاح : جلدی پیاسا ہونے والا۔ج مَلَاوِیح کہا جاتا ہے "اِبِلٌ مَلَاوِیح" جلدی پیاسے ہونے والے اونٹ۔

قِدْحٌ مُلَوَّح : آگ سے متغیر شدہ تیر۔

لَاحَهٗ یَلُوحُهٗ لَوْحًا : ملانا۔

اِلْتَاحَ اِلْتِیَاحًا : ملنا.....العَجِیْنُ : گندھے ہوئے آٹے میں خمیر اُٹھنا۔

اللِوَاحَة واللِیَاحَة : مکھن دودھ سے ملا ہوا۔

لَوِدَ یَلْوَدُ لَوَدًا : سرکش ہونا۔نافرمان ہونا۔

الاَلْوَد : سرکش۔نافرمان۔جو عدل کی طرف مائل نہ ہو۔موٹی گردن۔ج اَلْوَاد.

لَاذَ یَلُوذُ لَوْذًا ولَوَاذًا ولِوَاذًا ولُوَاذًا ولِیَاذًا بِالجَبَلِ : پہاڑ میں چھپنا۔پناہ گیر ہونا .....بِالْقَوْمِ: پناہ میں آنا.....الطَّرِیْقَ بِالدَّارِ : راستہ کا گھر سے متصل ہونا۔

لَاذَلِوَاذًا ومُلَاوَذَةً بِفُلَانٍ : آنا.....عَنْهُ : فریب دینا.....فُلَانًا: مخالفت کرنا۔القَوْمَ: مدارات کرنا.....القَوْمُ : ایک دوسرے کی پناہ لینا.....بِالْقَوْمِ: گرد گھومنا۔

اَلَاذَ اِلَاذَةً بِالْجَبَلِ وبِالْقَوْمِ : بمعنی لَاذَ.الطَّرِیْقَ بِالدَّارِ : احاطہ کرنا اور متصل ہونا۔اَلَاذَتِ الدَّارُ بِالطَّرِیْقِ: گھر کا راستہ سے متصل ہونا۔

اللَّوْذ : مص۔پہاڑ کا کنارہ۔کہا جاتا ہے اِعْتَصَمَ بِلَوْذِ الْجَبَلِ وبِالْوَاذِهٖ : اس نے پہاڑ کے کنارے پناہ لی۔وادی کا موڑ۔کہا جاتا ہے "نَزَلُوْا بِلَوْذِ الوَادِی" وہ لوگ وادی کے گوشہ میں اُترے۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَطُوْفُ فِی الْوَاذِ لِبلَادِ" فلاں مُلک کے اطراف میں پھرتا ہے۔"وَهُوَلَوْذُهٗ" وہ اس سے قریب ہے۔ج اَلْوَاذ.

لَوْذَانُ الشَّیْءِ: جانب۔

اللَّوْذَانِیَّة : فریب دہی۔

اللاَذَة : سرخ ریشمی کپڑا۔ج لاذ.

التَلْوَاذ : اسم ہے بمعنی مُلَاوَذَة کہا جاتا ہے "لَهُمْ تَلْوَاذ" یعنی بعض بعض کی پناہ لیتا ہے۔

لِوَاذُ الشَّیْءِ : قریب قریب۔کہا جاتا ہے "لِیْ مِنَ الدَّرَاهِمِ مَاةٌ او لِوَاذُهَا" میرے پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں۔

المَلَاذ : قلعہ۔جائے پناہ۔

المَلَاوِذ: ازیں۔واحد۔مِلْوَذ.

المِلْوَذَة: جائے پناہ۔

اللُّوْرُ : گاڑھا دودھ۔جو پوی اور پنیر کے درمیان ہو۔جس کو اہل شام قَرِیْشَة کہتے ہیں۔

لَوَّزَ یُلَوِّزُ لَوْزًا اِلَیْهِ : پناہ لینا.....مِنْهُ: رہائی پانا.....الشَّیْءَ : کھانا۔

لَوَّزَ تَلْوِیْزًا. الْعُمَرَ : چھوارے میں بادام بھرنا۔

اللَّوْز : بادام۔واحد لَوْزَة.

اللَّوْزَة: حلق میں کوے کے قریب کا گوشت

marfat.com

کے دو گڑھے۔کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَعَوِزٌ لَوِزٌ" یعنی وہ محتاج ہے۔لَوِز تالح ہے۔

اللَّوْزِیّ : بادام کی شکل کا۔

المَلَاز : جائے پناہ۔

اَرْضٌ مَلَازَة : بادام والی سرزمین۔

المُلَوَّز : بادام سے بھری ہوئی کھجور۔وَجْهٌ مُلَوَّزٌ حسین وملیح چہرہ۔

اللَّوْزِیْنَج : ایک قسم کا حلوا۔لوزینہ۔

لَاسَ یَلُوْسُ لَوْسًا. الْحَلَاوَاتِ وغَیْرَهَا : کھانے وغیرہ کے لئے مٹھائی وغیرہ ڈھونڈنا۔صفت لَائِس ولَوُوس ولَوَّاس واَلْوَس..... الشَّیْءَ : چکھنا.....الشَّیْءُ فِیْ فَمِهٖ : منہ میں پھرانا اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَایَلُوْسُ كَذَا" وہ اتنا نہیں دیتا۔

اللُّوَاسَة : لقمہ۔

اللُّوَس جمع لائِس کی (جیسے بَازِل وبُزُل) کھانا۔کہا جاتا ہے مَاذُقْتُ لَوْسًا او لَوَاسًا یعنی میں نے نہیں چکھا۔

لَاصَ یَلُوْصُ لَوْصًا : دروازے کی جھری سے دیکھنا.....عَنْهُ: الگ ہونا۔ہٹنا۔

لَوَّصَ تَلْوِیْصًا : خالص شہد کھانا۔

لَاوَصَ مُلَاوَصَةً : دروازے کی جھری سے دیکھنا.....اِلَیْهِ: اس طرح دیکھنا گویا کسی ارادہ سے فریب دے رہا ہے ..... فُلَانًا عَنْ كَذَا: فریب دینا.....الشَّجَرَةَ: درخت کو کلہاڑی سے کاٹنے کے ارادہ سے دائیں بائیں دیکھنا۔

اَلَاصَهٗ اِلَاصَةً عَلَی الشَّیْءِ : گھمانا۔پھیر دینا۔ارادہ کرنا۔کہا جاتا ہے "مَااَلَصْتُ اَنْ آخُذَ مِنْهُ شَیْئًا" میں نے اس سے کچھ لینے کا ارادہ نہیں کیا۔

اُلِیْصَ الرَّجُلُ : کپکپی زدہ ہونا۔

تَلَوَّصَ تَلَوُّصًا : لپٹنا۔لوٹ پوٹ ہونا۔

اللَّوْص : مص۔کان یا سینہ کا درد۔

اللَّوَاص : شہد خالص۔

اللَّوْصَة : پیٹھ کا درد۔

المُلَاوِص : چاپلوسی کرنے والا۔فریبی۔

Marfat.com

لاطَ يَلُوطُ لَوْطًا الْحَوْضَ : حوض کو مٹی سے لیپنا..... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : چپکانا..... الْإِنْسَانَ : مارنا۔ دھکارنا۔ کہا جاتا ہے "لَاطَ الشَّيْءُ بِقَلْبِي" چیز میرے دل میں جم گئی..... فُلَانًا بِعَيْنِهِ : نظر بد لگانا..... فُلَانًا بِسَهْمٍ : تیر مارنا..... فُلَانًا بِفُلَانٍ : لاحق کرنا۔ نسبت کرنا..... الشَّيْءَ : چھپانا (..... لَاطًا) فِي الْأَمْرِ : اصرار کرنا (..... لَوْطًا وَلِوَاطَةً وَلَاوَطَ وَتَلَوَّاطَ) اغلام کرنا۔

لَوَّطَهُ تَلْوِيطًا بِالطِّيبِ : خوشبو سے لت پت کرنا۔

إِلْتَاطَهُ إِلْيَاطًا وَاسْتَلَاطَهُ اِسْتِلَاطَةً : منہ بولا بیٹا بنانا۔

إِلْتَاطَ حَوْضًا : اپنے لئے حوض میں مٹی لگانا۔ کہا جاتا ہے "إِلْتَاطَ بِقَلْبِي" یعنی میرے دل میں جم گیا۔

اللِّيَاط : سود۔ پیاج۔

اللَّوْط : مص۔ چادر۔ پھریرا لال مرد۔ سود۔ چپکنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "إِنِّي لَأَجِدُ لَهُ فِي قَلْبِي لَوْطًا" میں اپنے دل میں اس کی پیوستہ محبت کو محسوس کرتا ہوں۔

الْأَلْوَط : اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ الْوَطُ بِقَلْبِي" وہ میرے دل کے ساتھ زیادہ چسپاں ہے۔

الْمُسْتَلَاط : منہ بولا بیٹا۔

لَاظَهُ يَلُوظُهُ لَوْظًا : بمعنی لَاظَهُ.

إِلْتَاظَتِ الْحَاجَةُ : دشوار ہونا۔

اَلْمِلْوَظُ : تحفی یا کوڑا۔

لَاعَهُ يَلُوعُهُ لَوْعًا. الْحُبُّ : بیمار کر دینا۔

لَاعَتِ الشَّمْسُ فُلَانًا : رنگ بدل دینا (..... لَوْعًا وَلُوُوعًا) الرَّجُلُ : بزدل یا لالچی اور بداخلاق ہونا۔

لَاعَ يَلُوعُ وَيَلَاعُ لَوْعَةً : گھبرانا۔ بیقرار ہونا۔ یا مریض ہونا۔ غم یا عشق سے دل جلنا۔

لَوَّعَهُ تَلْوِيعًا. الْحُبُّ : بیمار کر دینا۔ عوام کہتے ہیں "لَوَّعَ فُلَانًا" یعنی عذاب دیا۔

اَلْاَعَةُ اِلَاعَةُ الشَّمْسُ : رنگ بدل دینا۔

اَلْعَلْعُ : پستان کے سرے کا کالا اور متغیر ہونا۔

اِلْتَاعَ اِلْتِيَاعًا قَلْبُهُ : دل کا غم یا عشق سے جل اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ وَهَاعٌ وَلَاعٌ" یعنی بزدل اور خائف اور مؤنث کے لئے "هَائِعَةٌ لَائِعَةٌ"۔

اللَّاعُ : خائف یا بزدل۔ مریض۔ ج لَاعُونَ وَلَاعَةٌ وَلُوَّاعٌ.

اللَّاعَةُ اللَّاعُ : کا مؤنث۔ تیز خاطر۔ ج لَاعَاتٌ.

اللَّوْعَةُ. لَاعَ : کا اسم مرۃ۔ غم یا عشق و محبت کی جلن۔ کہا جاتا ہے "فِي قَلْبِهِ لَوْعَةٌ" اس کے دل میں سوزش ہے۔ پستان کے سرے کی سیاہی۔

لَاكَ يَلُوكُ لَوْكًا الطَّعَامَ : کھانا یا چبانا۔ لَاكَتِ الدَّابَّةُ الْكَلَأَ : چوپایہ کا سوکھی گھاس کھانا۔

اللَّوْك : مص..... مِنَ الْكَلَأِ أَوِ الطَّعَامِ : غیر مرغوب گھاس یا کھانا۔

اللُّوك : ایک قسم کا پودہ ہے جس کی جڑ میں جنگلی پیاز کی طرح نکلتا ہے۔ واحد لُوكَةٌ.

اللُّوفَى : ایک قسم کی نباتات ہے جو پرانے اسہال کے لئے مجرب ہے۔

اللِّيف : خشک گھاس۔ (اصل اس کی لَيْوِف: ہے)

اللُّوَافَة : پیلتھن۔

اللَّوَّاف : شطرنجی ساز۔ کہا جاتا ہے كَلَأٌ مَلُوقٌ : بارش سے تر گھاس۔

لَاقَهُ يَلُوقُهُ لَوْقًا : نرم کرنا۔ لَاقَ عَيْنَهُ : آنکھ پر مارنا..... اللَّوَاةَ : دوات میں روشنائی درست کرنا کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوقُ عِنْدَكَ" وہ تمہارے پاس نہیں ٹھہرتا ہے۔

لَوَّقَ تَلْوِيقًا. الطَّعَامَ : گھی یا مکھن سے تیار کرنا۔

اللُّوق : نرم کی ہوئی چیز۔

اللَّوَق : بے وقوفی

اللَّوْقَة. لَاقَ : کا اسم مرۃ۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ لَوْقَةَ" فلاں اسی وقت گیا۔ کہا جاتا ہے مَاذَاقَ لَوَاقًا : اس نے کچھ نہیں چکھا۔

اللُّوقَة وَالْأَلُوقَة : مکھن۔

اَلْأَلُوق : بے وقوف۔

اَلْمِلْوَق : دوا فروش کا چمچہ۔ (مولدۃ)

لَاكَ يَلُوكُ لَوْكًا اللُّقْمَةَ : لقمہ کو آہستہ چبانا اور منہ میں پھرانا..... الْفَرَسُ اللِّجَامَ : چبانا اور کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَلُوكُ أَعْرَاضَ النَّاسِ" وہ لوگوں کی عیب گیری کرتا ہے وَالِكِنِّي إِلَى فُلَانٍ : میرا پیغام فلاں کو پہنچا دو۔ (اصل اَلِكْنِي ہے)

اللَّوَاك : چبانے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَاذَاقَ لَوَاكًا"

اللَّوْلَاءَ : سختی و تکلیف۔ کہا جاتا ہے وَقَعَ فِي اللَّوْلَاءِ : وہ سختی میں پڑا۔

لَوْلَا : حرف تخصیص و تندیم ہے۔ تین طریقوں سے مستعمل ہے۔

(۱) دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا فعلیہ ہوتا ہے اور اوّل کے وجود سے انتفاء ثانی پر دلالت کرتا ہے جیسے "لَوْ لَا زَيْدٌ لَأَكْرَمْتُكَ" اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔ اور جب لَوْلَا کے بعد ضمیر واقع ہو تو ضمیر مرفوع ہونا چاہئے جیسے "لَوْ لَا أَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ"۔

اور لَوْلَايَ لَوْلَاكَ لَوْلَاهُ : بہت کم سنا گیا ہے۔

(۲) اور تخصیص اور عرض کے لئے اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہے چاہے حقیقتاً ہو یا تاویلاً جیسے "لَوْلَا تَسْتَغْفِرُونَ اللَّهَ" کیوں تم اللہ سے استغفار نہیں کرتے؟ اور "لَوْلَا أَخَّرْتَنِي إِلَى أَجَلٍ قَرِيبٍ"۔

(۳) توبیخ اور تندیم کے لئے۔ اس صورت [illegible] کے ساتھ خاص ہے جیسے "لَوْلَا

marfat.com
Marfat.com

جَاءُوا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ" اور اصل لَوْلاءَ: کی لَو: ہے جو لاَ: کے ساتھ مرکب ہے اور اس کے لئے جواب کا ہونا ضروری ہے اور اس کے جواب میں اکثر لام آتا ہے مگر جبکہ منفی بلَمْ ہو تو لام کا داخل ہونا ممتنع ہے۔

اللَّوْلب: دیکھو مادہ "لُوب"۔

لَوْلَى لَوْلاةً: پشت پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوْلاَ مُدْبِرًا"۔

لامَهُ يَلُوْمُهُ لَوْمًا وَمَلامًا وَمَلامَةً فِيْ كَذَا وَعَلَى كَذَا: ملامت کرنا۔ صفت فاعلی۔ لائِم و: صفت مفعولی مَلُوْمٌ وَمَلِيْمٌ.

لِيْمَ بِهِ: کاٹا جانا۔

لَوَّمَا تَلْوِيْمًا: ملامت کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ لَوَّمَ لامًا: حرف لام لکھنا۔

لاوَمَهُ مُلاوَمَةً وَلِوَامًا: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

اَلامَهُ اِلامَةً: ملامت کرنا۔ صفت فاعلی مُلِيْم: اور صفت مفعولی مُلامٌ اور اسم المَلامَة. ج مَلاوِم. اَلامَ الرَّجُلُ: مستحق ملامت فعل کرنا۔

تَلَوَّمَ تَلَوُّمًا فِي الْاَمْرِ: انتظار کرنا۔ دیر کرنا۔

تَلاوَمُوْا: بعض کا بعض کو ملامت کرنا۔

اِلْتَامَ اِلْتِيَامًا: ملامت قبول کرنا۔

اِسْتَلامَ اِسْتِلامًا: مستحق ملامت ہونا۔

.....اِلَى ضَيْفِهِ: اچھا سلوک نہ کرنا.....

اِلَيْهِمْ: ایسا فعل کرنا جس پر لوگ ملامت کریں۔

اللائِم: فا۔ ج لُوَّم ولُوَّام ولُيَّم.

اللائِمَةُ. لائِم: کا مؤنث۔ ملامت۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَقَّ اللائِمَة" مستحق ملامت ہے۔ ج لَوائِم.

اللأْم: خوف۔ وجود۔ نزدیکی۔ ہر چیز کا سخت۔ حرف لام۔ ج لاءَات.

اللَّوْم: مص۔ ملامت۔ خوف۔

اللُّوْم. لوم: کا تخفیف شدہ۔

اللَّوَّم: بہت ملامت۔

اللَّوْمَى واللَّوْمَاء: ملامت۔

اللاءَمَة: خوف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلاءَمَةٍ" قابل ملامت فعل کیا۔

اللُّوْمَة. لاءَم: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلُوْمَةٍ" ایسا کام کرنا جس پر ملامت کی جائے۔

اللُّوْمَة: جس کو لوگ ملامت کریں۔ انتظار۔ کہا جاتا ہے "لِيْ فِيْهِ لُوْمَةٌ" مجھے اس کا انتظار ہے۔

اللُّوَمَة: جو لوگوں کو بہت ملامت کرے۔

اللَّوَّام واللَّوَّامَة: بہت ملامت کرنے والا۔ "النَّفْسُ اللَّوَّامَة" وہ نفس جو کسی غلطی کے ارتکاب پر ملامت کرے۔

اللامِيُّ. لام: کی جانب منسوب۔

لامِيَّةُ الْعَجَمِ: طغرائی کا قصیدہ لامیہ۔ لامِيَّةُ الْعَرَبِ: شنفری کا قصیدہ لامیہ۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ اَلْوَمُ مِنْ فُلانٍ" تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے۔

اَلْمُتَلَوِّم: فا۔ برے فعل کی وجہ سے قابل ملامت حاجت پوری کرنے کا منتظر۔

لَوَّنَ تَلْوِيْنًا الشَّيْءَ: رنگین کرنا..... الْبُسْرُ: پختگی کا اثر ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّنَ الشَّيْبُ فِيْهِ" بالوں میں سفیدی ظاہر ہوئی۔ تَلَوَّنَ الشَّيْءُ: رنگین ہونا۔ مختلف رنگ کا ہونا .....الرَّجُلُ: متلون مزاج ہونا۔

اِلْوَنَّ اِلْوِنانًا: بمعنی تَلَوَّنَ.

اللَّوْن: جو ایک چیز کو دوسرے سے ممتاز کر دے۔ رنگ۔ ج اَلْوان.

اللَّوْن: قسم۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهُ لَوْنٌ مِنَ الثِّيَابِ" اس کے پاس کپڑے کی ایک قسم ہے۔ "وَتَنَاوَلَ كَذَا وَكَذَا لَوْنًا مِنَ الطَّعَامِ" اس نے فلاں فلاں قسم کے کھانے کھائے اور کہا جاتا ہے "اَتَى بِاَلْوَانٍ مِنَ الْحَدِيْثِ" اس نے مختلف قسم کی باتیں کیں۔

التَّلْوِيْن: مص۔ تفکہ اور تلذذ کے لئے مختلف قسم کے کھانے پیش کرنا۔ کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کو اختیار کرنا۔

نہ رہے۔

لاهَ يَلُوْهُ لَوْهًا وَلُوْهَانًا وَتَلُوْهَ السَّرابُ: چمکنا۔

اللاهَة: سانپ۔

لَوْهُ السَّرابِ وَلُوْهَتُهُ وَلُوْهَتُهُ: سراب کی چمک۔

لَوَاهُ (وَاوِيُّ الْعَيْنِ واللام) يَلْوِيْهِ لَيًّا وَلَيَّانًا وَلِيَّانًا دَيْنَهُ وَبِدَيْنِهِ: قرض میں ٹال مٹول کرنا..... فُلانًا بِحَقِّهِ: حق کا انکار کرنا۔

لَوِيَ يَلْوَى لَوًى الْقِدْحُ او الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا..... النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا..... الْمِعْدَةُ او الظَّهْرُ: معدہ کا درد والا ہونا۔ پیٹھ کا خمیدہ ہونا۔ صفت مذکر لَوٍ: صفت مؤنث لَوِيَةٌ. لَوِيَتْ لَوَى: اَلْحَيَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

لاوَتْ مُلاوَلَةً وَلِواءً. اَلْحَيَّةُ الْحَيَّةَ: سانپ کا سانپ پر لپٹنا۔

اَلْوَى الْوَاءَ الْقَوْمُ: ریت کے ٹیڑھے پہنچنا..... الرَّجُلُ: خشک کھجی والا ہونا۔ دوسرے کے لئے جو کھانا چھپا کر رکھا ہو اس کو کھانا۔ امیر کے جھنڈے کو سینا..... اَلْاَمِيْرُ لَهُ لِواءً: امیر کا کسی کیلئے جھنڈا نصب کرنا..... اَلْبَقْلُ: سبزی کا مرجھانا..... فُلانٌ: بہت تنا کرنا..... بِيَدِهِ او بِثَوْبِهِ: ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا..... بِهِ: لے جانا..... بِحَقِّ فُلانٍ: حق کا انکار کرنا..... بِمَا فِي الْاِنَاءِ: اپنے لئے خاص کرنا..... بِهِمُ الْمَطَرُ: ہلاک کرنا..... بِكَلامِهِ: کلام میں تبدیلی کرنا..... النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ فُلانًا اللِّوَاءَ: بلند کرنا اور نصب کرنا۔

تَلَوَّى تَلَوِّيًا الشَّيْءُ: مڑنا..... الْبَرْقُ فِي السَّحَابِ: بجلی کا بادل میں پراگندہ چمکنا۔ تَلاوَوْا تِلاوِيًا عَلَى فُلانٍ: جمع ہونا۔ وتَلاوِيًا: ایک دوسرے پر لپٹنا۔

اِلْتَوَى اِلْتِوَاءَ الْقِدْحُ او الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا..... عَلَيْهِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا..... الشَّيْءُ: مڑنا..... لَوِيَّةٌ: دوسرے کے

marfat.com
Marfat.com

لئے کھانا چھپا کر رکھنا۔
اِسْتَلْوٰی بِهِمُ النُّعُوْ: ہلاک کرنا۔
اللَّوُوْن واللاوُوْ. الَّذِیْنَ کی جمع۔
اللاَّوِی: اسم فاعل۔ ج لاوُوْن ولُوَاة۔
اللاوِیُّ: لاوی بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم علیہما السلام کی جانب منسوب۔
سِفْرُ اللاوِیِّیْن: موجودہ بائبل کی کتابوں میں سے ایک کتاب۔
اللِّوَاءُ: فوج کا ایک عہدہ جو جنرل کے مساوی ہوتا ہے۔ جماعت کا قائد۔ شہروں میں سے ایک حصہ کا نام۔ خاص گنتی شدہ لشکر۔ اسی لئے امیر اللواء: کا لفظ فوجی عہد کے لئے بولا جاتا ہے۔
اللِّوَاء: جھنڈا اور یہ رایت سے چھوٹا ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے لِوَاء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بڑے ہونے کی وجہ سے موڑ کے رکھا جاتا ہے اور ضرورت ہی کے وقت کھولا جاتا ہے۔ ج اَلْوِیَة واَلْوِیَات کہا جاتا ہے بَعَثُوْا بِاللِّوَاءِ واللِّوَاءِ.
اللَّوَی: مص۔ معدہ کا درد۔ پشت کی کجی۔
اللَّوَی: بمعنی اللاتی جمع الَّتِیْ.
اللُّوَی: باطل باتیں۔
اللِّوَی: زیت کا موڑ۔ یا ریت کی تنگ جگہ ج اَلْوَاء واَلْوِیَة.
الأَلْوَاء: وادی کے موڑ۔ مملکت کے اطراف۔
اللَّوَّاء: ایک پرندہ۔
اللَّیَّاء مؤنث اَلْوٰی: پانی سے دور جگہ۔
اللاَّوِیَاء: ایک قسم کی گھاس' داغ کرنے کا آلہ۔
اللَّوْثَة: بدصورتی۔
اللَّوْثَة واللِّیْثَة: عود جس کی دھونی دی جائے۔
اللِّیْثَة: قرابتیں۔
اللاَتُ: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔
اللَّوِیُّ: خشک گھاس۔ مرجھائی ہوئی گھاس۔
اللُّوَیُّ: ایک درخت کا نام۔
اللَّوِیَّة: دوسرے کے لئے چھپا کر رکھا ہوا کھانا ج لَوَائِا.
الأَلْوٰی: سخت جھگڑالو۔ سخت جنگجو تیز۔ گوشہ نشین۔ مؤنث لَوْیَا. الأَلْوٰی مِنَ الطَّرِیْقِ: دور کا غیر معروف راستہ۔ ٹیڑھا سینگ۔ خلقتاً مڑی ہوئی دم۔ ج لُیٌّ بِالضَّمِّ اور قیاس کے مطابق لِیٌّ کسرہ یاء کی مناسبت سے ہونا چاہئے۔ کہا جاتا ہے رَمَاهُ اللّٰهُ بِاَلْوٰی اَلْوٰی خدا اس کو بڑی مصیبت میں مبتلا کرے۔
لَوٰی (وَاوِیَّةُ الْعَیْن یائیہ اللام) یَلْوِیْ لَیًّا ولَوْیًا ولُوِیًّا الْحَبْلَ: رسی بٹنا۔ موڑنا..... الْغُلَامُ: لڑکے کا تین سال کا ہونا..... عَنِ الْاَمْرِ: سستی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَتِ اللَّیَالِیْ کَفَّهٗ عَلَی الْعَصَا" یعنی بوڑھا بنا دیا (..... لَیًّا ولَیَانًا) اَمْرَهٗ عَنِّیْ: پوشیدہ رکھنا..... سِرَّهٗ: چھپانا..... الْحُزْنُ قَلْبَهٗ: پھیر دینا..... عَلَیْهِ: مڑنا یا انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ لَایَلْوِیْ عَلٰی اَحَدٍ" وہ اس حال میں گزرا کہ نہ تو ٹھہرتا ہے نہ انتظار کرتا ہے۔ رَاسَهٗ او بِرَاسِهٖ: پھیرنا یا اعراض کرنا۔ لَوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: حرکت دینا..... فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: فضیلت دینا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَلْوِیْ ظَهْرَهٗ" جبکہ شدت بیان کرنی مقصود ہو۔
لَوَّی تَلْوِیَةً عَلَیْهِ الْاَمْرَ: دشوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّیٰ اَعْنَاقَ الرِّجَالِ" یعنی ان کے اوپر غالب آ گیا۔
اَلْوٰی اِلْوَاءً. بِرَاسِهٖ: پھیرنا۔ اَلْوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: دم ہلانا۔
تَلَوَّیٰ تَلَوِّیًا واِلْتَوٰی اِلْتِوَاء الْحَبْلُ: رسی کا بٹا جانا۔
تَلَوُّتِ الْحَیَّةُ: کنڈلی مارنا۔
اِلْتَوٰی. الْاَمْرُ: دشوار ہونا..... عَنِ الْاَمْرِ: سستی کرنا۔
اَلْمَلَاوِیْ: مڑے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے "سَلَکُوْا الْمَلَاوِیَ.
مُلْتَوٰی. الْوَادِیْ: وادی کا موڑ۔
اللَّیْلَة. لَوٰی: کا اسم مرۃ۔ ج لَوٰی.
اَلْیَاتُ اِلْیَاءً. النَّاقَةُ: اونٹنی کا سست چلنا۔
لَاتَهٗ یَلِیْتُهٗ لَیْتًا. عَنْ کَذَا: روکنا۔ پھیرنا۔
لَاتَ زَیْدًا حَقَّهٗ: حق کا گھٹانا۔
اَلَاتَهٗ اِلَاتَةً عَنْ کَذَا: روکنا۔ پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَاتَهٗ مِنْ عَمَلِهٖ شَیْئًا" اس نے اس کے عمل میں کچھ کم نہیں کیا۔
اللِّیْت: کنارۂ گردن۔ مُثَنّٰی لِیْتَانِ ج اَلْیَات.
لَاتَ: دیکھو۔ لَا اَت۔
لَیْتَ: حرف تمنی ہے۔ مستحیل پر اکثر آتا ہے جیسے لَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ: کاش جوانی لوٹتی اور ممکن پر کم جیسے لَیْتَ الْعَلِیْلُ یَصِحُّ: کاش بیمار تندرست ہوتا اور یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور لَیْتَ کے ساتھ مَا متصل ہوتا ہے۔ مگر پھر بھی اسماء ہی پر داخل ہوتا ہے اسی وجہ سے لیتما قام زَیْدٌ کہنا جائز نہیں اور اس وقت عمل وابطال عمل دونوں جائز ہیں عمل تو اختصاص بالاسماء کی وجہ سے اور ابطال عمل دوسرے حروف مشبہ بالفعل پر حمل کی وجہ سے اور جب لَیْتَ: کے ساتھ متکلم متصل ہو تو لَیْتَنِیْ ولَیْتِیْ دونوں کہا جاتا ہے۔ مگر لیتی نادر ہے۔
لَیْثٌ تَلْیِیْثًا ولِیْثٌ وتَلَیْثٌ تَلَیُّثًا الرَّجُلُ: شیر جیسا ہونا۔
لَایَثَهٗ مُلَایَثَةً: شیر جیسا معاملہ کرنا۔ شیر کی صفت میں فخر کرنا۔
اِسْتَلْیَثَ: شیر جیسا ہونا۔
اللَّاثُ: شیر۔
اللَّیْثُ: شیر۔ ایک قسم کی مکڑی۔ قوت و شدت۔ زبان آور بلیغ۔ ج لُیُوْث ومَلَایَثَة.
اللَّیْثَة: شیرنی۔ مضبوط اونٹنی۔ ج لَیْثَات.
الأَلْیَث: بہادر۔ مؤنث لَیْثَا. ج لِیْث اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْیَثُ اَصْحَابِهٖ" وہ اپنے ساتھیوں میں زیادہ قوی اور مضبوط ہے۔
اللُّیَث: مضبوط قوی۔

marfat.com
Marfat.com

المَلْيَثُ: موٹا۔ خوار و ذلیل۔
اللَّيَاد: تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَاتَرَكْتُ لَهُ لَيَادًا" میں نے اس کے لئے کچھ نہیں چھوڑا۔
لاذَ يَلِيذُ لَيْذًا. الرَّجُلُ: پناہ لینا۔
المَلِيذ: جائے پناہ۔
لَيِسَ يَلْيَسُ لَيَسًا الرَّجُلُ: دلیر و بہادر ہونا .....عَنْهُ: غافل ہونا۔
لَيْسَ: مختلف طریقے سے مستعمل ہے۔
(۱) نفی حال کے لئے اور قرینہ سے حال کے علاوہ کی بھی نفی کرتا ہے جیسے "لَيْسَ خَلْقَ اللّٰهُ مِثْلَهُ" اور یہ ایسا فعل ہے جس کی گردان نہیں آتی۔ اس کا وزن فعل ہے مگر عین کلمہ کو تخفیفاً ساکن کر دیا گیا ہے اور یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے جیسے "لَيْسَ زَيْدٌ قَائِمًا" اور اس کی خبر کا اس کے اوپر مقدم کرنا جائز نہیں اور کبھی اس کے ذریعے سے استثناء کیا جاتا ہے جیسے "جَاءَنِي الْقَوْمُ لَيْسَ زَيْدًا" اس صورت میں اسم ضمیر مستتر ہے اور جو اسم کے بعد میں واقع ہے وہ بنا بر خبریت کے منصوب ہے۔
(۲) یہ کہ خبر مع اِلّا کے ہو جیسے لَيْسَ الطِّيبُ اِلَّا الْمِسْكُ.
(۳) یہ کہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو یا مبتدا و خبر پر کہ دونوں مرفوع ہوں اور اس صورت میں اسم ضمیر شان ہوگی اور جو جملہ کے بعد میں واقع ہوگا وہ خبر ہوگا اور محلاً منصوب ہوگا۔ جیسے لَيْسَ يَقُومُ زَيْدٌ. لَيْسَ زَيْدٌ قَائِمٌ اور لَيْسَ کی خبر میں تاکید نفی کے لئے با داخل کرتے ہیں اس صورت میں خبر لفظاً مجرور اور محلاً منصوب ہوتی ہے۔ جیسے لَيْسَ اللّٰهُ بِظَالِمٍ.
تَلَيَّسَ الرَّجُلُ: صاحب قوت ہونا۔
تَلَايَسَ الرَّجُلُ تَلَايُسًا: نیک خو ہونا۔
عَنْهُ: چشم پوشی کرنا۔
الأَلْيَس: نڈر۔ بہادر۔ اونٹ کہ جو کچھ لاد دیا جائے اٹھا لے۔ خانہ نشین۔ شیر۔

خو۔ مؤنث لَيْسَاء ج لِيْس کہا جاتا ہے "قَوْمٌ لِيْسٌ وَلُوْسٌ" یعنی سخت قوم "وَابِلٌ لَيْسٌ عَلَى الْحَوْضِ" حوض سے نہ جدا ہونے والا اونٹ۔
المُلَايِس: سست۔ دیر کرنے والا۔
لاَصَ يَلِيصُ لَيْصًا: یکسو ہونا.....الشَّيْءُ: اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
اَلاَصَ الاَصَةَ الشَّيْءُ: اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔ فُلَانًا عَنْ كَذَا: پھسلانا۔
لاَطَ يَلِيطُ لَيْطًا: چمٹنا.....الشَّيْءُ بِقَلْبِهِ: محبوب ہونا۔ دل سے چپکنا.....فُلَانًا بِفُلَانٍ: لاحق کرنا اللّٰهُ فُلَانًا: لعنت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَلِيطُ بِهِ النَّعِيمُ" یعنی نعمت اس کے لائق نہیں۔
لَيَّطَ بِهِ تَلْيِيطًا: چپکانا۔
اَلاَطَهُ الاَطَةً: چپکانا۔
اللِّيَاط: گچ۔ پائخانہ۔ سود۔ رنگ۔
اللَّيْط: مص۔ رنگ۔
اللِّيْط: رنگ۔ کھال۔ عادت۔ ہر چیز کا چھلکا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ وَلِيطَ الشَّمْسِ لَمْ يُقْشَرْ" یعنی میں اس کے پاس دن کے ابتدائی حصہ میں قبل اس کے کہ آفتاب کی سرخی زائل ہو آیا۔
اللِّيْطَة: نرکل بانس وغیرہ کا چھلکا جو چمٹا رہتا ہے' کمان۔ نیزے کا ڈنڈا۔ ج لِيَط وَلِيَاط وَاَلْيَاط.
لاَعَ يَلِيعُ لَيَعَانًا: زچ ہونا۔ بزدل ہونا۔ گھبرانا..... لَوْعَةً وَلِيعَةً) الْجُوعُ فُلَانًا: بھوک کا سوزش میں مبتلا کرنا۔
اَلاَعَ: زچ ہونا۔ تنگ دل ہونا۔
رِيحٌ لِيَاعٌ: تیز یا گرم ہوا۔
اللَّيْعَة. لاَع: کا اسم مرۃ۔ لَيْعَةُ الْجُوعِ: بھوک کی سوزش۔
لاَغَهُ يَلِيغُهُ لَيْغًا. الشَّيْءُ: پھسلانا۔ لاَغَ الشَّيْءُ: لینے کے لئے پھسلانا۔
تَلَيَّغَ: بیوقوف ظاہر کرنا۔

بیوقوف مرد۔
اللَّيِّغ: کامل بیوقوفی۔ کہا جاتا ہے طَعَامٌ مَيِّغٌ لَيِّغٌ: خوشگوار کھانا۔
الأَلْيَغ: صاف گفتگو نہ کر سکنے والا۔ بیوقوف مؤنث لَيْغَاء ج لِيغ اور اسی سے مثل ہے "ذَرِّي بِمَا عِنْدَكِ يَالَيْغَاء" اے بیوقوف عورت جو کچھ تیرے دل میں ہے اس کو بیان کر۔
لاَفَ يَلِيفُ لَيْفًا. الطَّعَامَ: کھانا۔
لَيَّفَتْ تَلْيِيفًا. فَسِيلَةُ النَّخْلِ: بہت اور موٹی چھال والا ہونا۔ لَيَّفَ فُلَانٌ اللِّيف: لیف کو بنانا۔ المُلَيِّف فُلَانًا: کسی کی کھال کو کھجور کے ریشے سے ملنا۔
اللِّيف: کھجور کے درخت کی چھال۔ واحد لِيفَة.
اللِّيفَانِي: کھجور کی چھال کے مشابہ۔
لِحْيَةٌ لِيفَانِيَةٌ: گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی۔
المُلَيِّف: حمام میں کھجور کی چھال سے بدن کو ملنے والا ملازم۔
لاَقَ الدَّوَاةَ يَلِيقُهَا لَيْقًا وَلَيَقَةً: صوف ڈالنا۔ روشنائی درست کرنا۔ دوات کو مَلِيقَة کہتے ہیں۔ لاَقَتِ الدَّوَاةُ روشنائی کا صوف سے چمٹنا۔
لاَقَ يَلِيقُ لَيْقًا وَلِيَاقَةً وَلِيَاقًا وَلَيَقَانًا بِفُلَانٍ: پناہ لینا اور چمٹنا.....بِهِ الثَّوْبُ: بدن کے مناسب ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَقِيتُ بَعْدَكَ بِأَرْضٍ" میں تیرے بعد کسی زمین میں نہیں رہا۔ "وَهٰذَا أَمْرٌ لَا يَلِيقُ بِكَ وَلَا يَلِيقُكَ" یہ کام تمہارے مناسب نہیں اور کہا جاتا ہے "مَا يَلِيقُ أَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لئے یہ مناسب نہیں کہ تم ایسا کرو۔ "وَفُلَانٌ لَا يَلِيقُ بِبَلَدٍ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔
لَيَّقَ الطَّعَامَ: کھانے کو نرم کرنا.....الشَّيْءَ بِالسَّمَنِ: زیادہ گھی ڈالنا۔
اَلاَقَ الدَّوَاةَ اِلاقَةً: صوف ڈالنا۔ اور روشنائی درست کرنا.....فُلَانًا بِعَقِبِهِ: پیچھے

marfat.com
Marfat.com

ساتھ لگا لینا۔ کہا جاتا ہے "نَسَبَ الْبَصْرَةُ" یعنی میں بصرہ میں ٹھہرا "وَفُلَانٌ يَا يَلِيقُهُ بَلَدٌ" یعنی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔ "وَفُلَانٌ مَا تُلْبِقُ يَدُهُ شَيْئًا" یعنی فلاں کے ہاتھ میں کوئی چیز نہیں ٹھہرتی "وَهٰذَا سَيْفٌ لَا يَلِيقُ شَيْئًا" یعنی یہ ایسی تلوار ہے کہ ہر چیز کو کاٹ دیتی ہے۔

اِلْتَاقَ اِلْتِيَاقًا فُلَانٌ بِفُلَانٍ: دوستی کرنا۔

.....لَهُ: چمٹنا..... الرَّجُلُ: بے نیاز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِلْتَاقَ قَلْبِيْ بِفُلَانٍ" میرا دل فلاں کے ساتھ لگ گیا۔

اِسْتَلَاقَهُ بِهٖ: چپکانا۔

اللِّيَاق: چراگاہ۔ ثابت قدمی۔ مستقل مزاجی۔

اللِّيَاق: آگ کا شعلہ۔

اللِّيْق: ایک سیاہ چیز ہے جس کو سرمہ میں ملاتے ہیں۔

اللِّيَق: چھوٹے چھوٹے بادل کے ٹکڑے۔

اللِّيْقَة: اسم ہے لاق سے۔ دوات کا صوف دیوار میں لگانے کی مٹی۔ ج لِيَق.

لَيَّقَ الشَّيْءَ: تیل لگانا۔ اللَّيْقُوْنَة: خاص تیل۔

وَجْهٌ مُلْتَاقٌ: خوبصورت و دل پسند چہرہ اور اصل مُلْتَاقٌ بِهٖ ہے۔

لَاءَ لَهُ مُلَايَلَةً: رات کے لئے اُجرت پر لینا اور کہا جاتا ہے "عَامَلَهُ مُلَايَلَةً" لَيْل: سے جیسے "عَامَلَهُ مُيَاوَمَةً" یوم سے۔

أَلَالَ الْقَوْمُ إِلَالًا وَأَلْيَلُوْا إِلْيَالًا: رات میں داخل ہونا۔

لَيْلٌ لَائِلٌ: لمبی کالی رات۔ مہینے کی کالی رات۔

اللَّيْل: رات (مذکر و مؤنث) ج اللَّيَالِي یا کی زیادتی کے ساتھ خلاف قیاس اور لَيَائِل بھی کہا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ لَيْلٌ واحد معنی میں جمع کے ہے اور اس کا واحد لَيْلَة ہے جیسے تَمْرٌ وتَمْرَةٌ اور کہا گیا ہے کہ لَيْل مثل لَيْلَة ہے جیسے کہ عَشِيٌّ وعَشِيَّة مگر فرق یہ ہے کہ لَيْل نہار کے مقابل ہے اور لَيْلَة: یوم کے۔

اللَّيْلِيّ: لیل کی جانب منسوب۔ وہ شخص جو رات کو چلنا پسند کرے۔

لَيْلَى الْخَمْر: شراب کا اٹھنا۔ اُمُّ لَيْلَى: کالی شراب۔

لَيْلَةٌ لَيْلَاءُ ولَيْلَى: سخت کالی طویل رات جیسے لَيْلٌ لَائِلٌ.

اللَّيْلَة: رات یا لیل کا واحد۔ ج لَيْلَات.

لَيْلٌ أَلْيَل ومُلَيْلٌ: سخت کالی طویل رات مانند لَيْلٌ لَائِلٌ کے۔

اللِّيْم: صلح۔ شکل وصورت میں مشابہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِيْمُهٗ" وہ اس کے شکل و صورت میں مشابہ ہے۔

اللَّيْمُون: لیمو (دخیل)

لَانَ يَلِيْنُ لِيْنًا ولَيَانًا ولِيْنَةً: نرم ہونا۔ صفت لَيِّنٌ ولَيْنٌ اور اسم اللِّيَان بمعنی نرمی۔

لَيَّنَ الشَّيْءَ تَلْيِيْنًا وَالَانَهُ إِلَانَةً وَأَلَانَهُ إِلْيَانًا: نرم کرنا۔ کہا جاتا ہے أَلَانَ لِلْقَوْمِ جَنَاحَهُ: اس نے قوم سے نرم برتاؤ کیا۔

لَانَهُ مُلَايَنَةً ولِيَانًا: نرمی کرنا۔ نرم برتاؤ کرنا۔ خوشامد کرنا۔

تَلَيَّنَ الشَّيْءُ تَلَيُّنًا: نرم ہونا..... لِفُلَانٍ: چاپلوسی کرنا۔

اِسْتَلَانَ اِسْتِلَانَةً الشَّيْءَ: نرم سمجھنا۔ نرم پانا۔

اللَّيَان: مص۔ آسودہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "وَفِيْ لَيَانٍ مِنَ الْعَيْشِ" وہ آسودہ زندگی اور ناز و نعمت میں ہے۔

اللَّيِّن: نرم۔ ج لَيِّنُوْن اور اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے رَجُلٌ هَيِّنٌ لَيِّن.

اللِّيْن: مص۔ عجوہ کھجور کے علاوہ ہر ایک قسم کی کھجور کا درخت واحد لِيْنَة.

اللِّيْنَة. لَيِّن کا مؤنث۔ لان کا اسم مرۃ۔ تکیہ اور اس کو نرمی کی بنا پر لِيْنَة کہتے ہیں۔

اللِّيْنَة: مص۔ لان کا اسم نوع۔ کمزوری۔ ڈھیلا پن۔ اللَّيَانَة: نرمی۔

اللَّيِّن: نرم۔ ج لَيِّنُوْنَ. وأَلْيَنَاء.

الأَلْيَن: نرم۔ ج أَلْيَنِيْن: بہت نرم۔

اَلْمَلْيَنَة: نرمی۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهٗ لَذُوْ مَلْيَنَةٍ" وہ نرمی و مہربانی والا ہے۔

اَلْمُلَيِّن مِنَ الْأَدْوِيَة: قبض کشا دوا۔

اللَّيْنُوْفَر والنَّيْلُوْفَر: کنول کا پھول۔

لَاهُ يَلِيْهِ لَيْهًا: چھپنا۔ بلند ہونا۔

اللِّيْوَان: ایوان۔ محل جو کشادہ ہو اور تین اطراف سے گھرا ہوا ہو۔

اللِّيَاء. يَائِيَّةُ الْعَيْنِ واللَّامِ: ایک قسم کا سفید غلہ (..... واللَّيَاءُ) پانی سے دور جگہ۔

marfat.com
Marfat.com

م

م : اَلْمِیْمُ: بنیادی حروف میں سے چوبیسواں حرف ۔ یہ حروفِ شفوی سے ہے۔

م: حرف ہے جو جمع ذکور پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "ذٰلِکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَسْتَکْبِرُوْنَ فِی الْاَرْضِ" اور کبھی حرفِ قسم ہوتا ہے اور لفظ اللہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ جیسے "مَا لِلّٰہِ لَاَ فْعَلَنَّ" اور کبھی حرفِ جر کے بعد استفہام ہوتا ہے جیسے "بِمَ وعَلَامَ" کیوں؟ اور اصل میں یہ ما استفہامیہ ہے جس میں سے الف محذوف ہے اور میم کی حرکت فتحہ کی باقی رہ گئی۔

مَا: دو قسمیں ہیں۔ حرفیہ واسمیہ۔

حرفیہ کی چند قسمیں ہیں۔

(۱) نافیہ۔ جیسے "مَاھٰذَا بَشَرًا"۔

(۲) زائدہ۔ جیسے "فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللّٰہِ لِنْتَ لَھُمْ"۔

(۳) کافہ۔ جیسے "کَاَنَّمَا یُسَاقُوْنَ اِلَی الْمَوْتِ"۔

(۴) مصدریہ جیسے "وَضَاقَتْ عَلَیْھِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ"۔

(۵) مصدریہ ظرفیہ جیسے "وَاَوْصَانِی بِالصَّلٰوةِ وَالزَّکٰوةِ مَادُمْتُ حَیًّا"۔

اسمیہ کی قسمیں حسب ذیل ہیں۔

(۱) استفہامیہ اور اس سے غیر ذوی العقول کے متعلق سوال ہوتا ہے جیسے "مَا عِنْدَکَ" تمہارے پاس کیا ہے اور ذوی العقول کی صفات کے متعلق بھی سوال کیا جاتا ہے جیسے "مَازَیْدٌ" اس کے جواب میں مثلاً

اور جب اس پر حرفِ جار داخل ہو تو الف محذوف ہوتا ہے اور فتحہ میم پر باقی رہتا ہے جیسے بِمَ وعَلَامَ اور کبھی میم ساکن کیا جاتا ہے۔

(۲) موصولہ جیسے "مَا عِنْدَکُمْ یَنْفَدُ وَمَاعِنْدَاللّٰہِ بَاقٍ"۔

(۳) وہ جو جزا کے لئے منتخب ہو جیسے "مَا یَفْعَلْ اَفْعَلْ"۔

( ) وہ جو تعجب کے لئے ہو جیسے "مَا اَحْسَنَ زَیْدًا"۔

(۵) وہ جو فعل کے ساتھ مصدر کی تاویل میں ہو جائے جیسے "بَلَغَنِیْ مَا صَنَعْتَ"۔

(۶) وہ جو نکرہ ہو اور اس کے لئے صفت لازم ہے جیسے "مَرَرْتُ بِمَا مُعْجِبٍ لَکَ"۔

(۷) وہ جو ابہام کے لئے ہو جیسے "اَعْطِنِیْ کِتَابًا مَا" یعنی کوئی کتاب مجھے دو۔ "جَاءَ لِاَمْرٍ مَا" کسی کام کے لئے آیا۔ اس کا نام ابہامیہ ہے اور "غَسَلْتُہٗ غَسْلًا نِعِمَّا" کی تقدیر غَسَلْتُہٗ نِعْمَ الْغَسْلُ ہے۔

الْمَاھِیَةُ مِنَ الْاَمْرِ او الشَّیْءُ: حقیقت طبیعت قوام شی یا ہر وہ چیز جو ماہو کے جواب میں واقع ہو۔

الماء: دیکھئے موہ۔

مَوُجَ (ک) مُوْجَةً: بے وقوف ہونا۔

.....المَاءُ: پانی کا کڑوا کھاری ہونا۔

المَاجُ: بے وقوف۔ مضطرب۔ اضطراب۔ کڑوا کھاری پانی۔

بہتا ہوا ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔

اَمَادَ الرِّیُّ النَّبَاتَ: نباتات کو تر و تازہ کرنا۔

اِمْتَادَ الْخَیْرَ: بھلائی حاصل کرنا۔

المَاْد والیَمْؤُوْد: تر و تازہ و نرم و نازک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ او غُصْنٌ مَاْدٌ ویَمْؤُوْدٌ وجَارِیَةٌ مَاْدَةٌ ویَمْؤُوْدٌ ویَمْؤُوْدَةٌ" نرم و نازک (مرد یا شاخ یا لڑکی)

المَئِید: نازک۔ ناز پروردہ۔

مَارَ (ف) مَاْرًا السِّقَاءَ: وسیع کرنا..... بَیْنَ القَوْمِ: فساد کرا دینا۔ فساد پر اکسانا۔

مَئِرَ (س) مَارًا. الْجُرْحُ: زخم کا خراب ہونا اور سوجنا..... عَلٰی فُلَانٍ: دشمنی سوچنا۔

اِمْتَارَ عَلٰی فُلَانٍ: کینہ کرنا۔

مَاءَرَهٗ مِئَارًا و مُمَاءَرَةً: مفاخرت کرنا۔

ہٗ فِیْ فِعْلِہٖ: برابری کرنا۔ مَاءَ رَبَیْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا۔ فساد پر اکسانا۔

تَمَاءَرَ تَمَاؤُرًا: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

المَئِر مِنَ الْاُمُوْرِ: سخت و دشوار (والمِئر): فساد انگیز۔

المِئَرَة: عداوت۔ چغل خوری۔ ج مِئَر۔

اَمْرٌ مَئِیْرٌ: سخت۔

مَاسَ (ف) مَاْسًا عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ بَیْنَ القَوْمِ: فساد انگیزی کرنا..... الْمَشَاغ الْجِلْدَ: چرم ساز کا کھال کو ملنا دلنا..... ومَئِسَ) (س) مَاْسًا) الْجُرْحُ: زخم کا کشادہ ہونا۔

المَاْس: مص۔ وہ شخص جو کسی کی صحبت قبول نہ کرے۔

المَائِس والمَاْآس والمَؤُوْس والمِئَس: چغل خور۔ فساد انگیز۔

marfat.com
Marfat.com

مَاشَهٗ (ف) مَشًا هٗ بالعصا: مار مار کر ہلاک کرنا۔ ہٹانا۔ مَاشَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ: بیرا بہ کرنا۔ مطر کو مَیْشٌ کہتے ہیں۔

مَیَقَ (س) مَاقًا الصَّبِیُّ: سکی لینا۔ صفت مَیِّقٌ..... الرَّجُلُ: شدت غیظ سے رونے لگنا۔

اَمَاقَ: سکی لینا۔

اِمْتَاقَ: سکی لینا..... غَضَبُهٗ: سخت غضبناک ہونا..... اِلَیَّ بِالْبُکَاءِ: روانسا ہونا۔

اَلْمَاقُ والمُوْقُ والمُوْقُ ج آماق وأمْاق ومَواقٍ ومَاقٍ. والمُؤْقِیُ والمُوْقِیُ والمَاقِیُ: ج مَاقٍ: ناک کی طرف کا گوشۂ چشم۔ المُوْقُ والمُوْقُ مِنَ الْاَرْضِ: زمین کے پست کنارے۔ ج آمَان.

المَاقُ: زیادتی گریہ۔

المَاقَّةُ: شرم وعار سے کراہت۔ شدت غضب۔ حمیت۔

المَیِّقُ: جلدی رونے والا اور اسی سے مثل ہے "اَنَا تَیِّقٌ وَاَنْتَ مَیِّقٌ" دو مختلف مزاج لوگوں پر بولی جاتی ہے اس لئے کہ تَیِّق جلدی سے شرارت کرنے والے کو اور مَیِّق جلدی سے رونے والے کو کہتے ہیں۔

المَاقَهٗ: سسکی۔ گریہ وزاری کرنا۔

المَوَاقِی: ناک کی طرف کے آنکھ کے گوشے واحد۔ مَاقِی.

مَالَ ومَثِلَ (ف س) ومَوُلَ (ک) مُؤُوْلَةً ومَآلَةً: موٹا ہونا۔ صفت مَثِلٌ ومَالٌ کہا جاتا ہے "جَاءَهٗ اَمْرٌ مَا مَالَ لَهٗ مَالًا" اس پر ایسا معاملہ آ پڑا جس کے لئے وہ تیار نہیں تھا اور نہ اس کو اس کا علم تھا۔

المَالُ: جائے پناہ۔

المَالَةُ: باغ۔ چکی۔ ج مِیَال.

المُمْتَئِلُ: لمبا سیدھا مرد۔

المِمْأَلُ: کرنی۔ کھرچن کرنے کا آلہ ج مَمَائِلُ (دخیل) اس کے لئے فصیح عربی المِسْبَعَةُ ہے۔

مَمْأَاةٌ مَمْأَاةٌ. الشَّاةُ او الظَّبْیَةُ: بکری یا ہرن کا میانا۔

مَأَنَ (ف) مَأْنًا. الرَّجُلَ: ناف پر مارنا۔ چھ کنار ہنا۔ پرہیز کرنا..... القَوْمَ: نان ونفقہ برداشت کرنا (اور مَانَ یَمُوْنُ اجوف وادی سے بھی مستعمل ہے) "اَتَانِیْ هٰذَا الْاَمْرُ فَمَا مَأَنْتُ لَهٗ اَوْ مَا مَأَنْتُ مَانَهٗ" مجھے یہ معاملہ پیش آیا اور میں نے اس کی پروا نہیں کی اور نہ مجھے اس کا علم ہوا۔ "وَاِمْأَنُ مَأَنَكَ وَاِمْأَنُ شَأَنَكَ" یعنی جو تمہیں اچھا معلوم ہو کرو "وَاَنَا اَمْأَنُهٗ"

مَأَنَ تَمْئِیْنَةً. الشَّیْءَ: تیار کرنا..... فُلَانًا: خبردار کرنا۔ جتانا (..... وَمَاءَنَ) فِی الْاَمْرِ: غور کرنا' سوچنا۔

تَمَاءَنَ تَمَاؤُنًا الشَّیْءُ: پرانا ہونا۔ کہنہ ہونا۔

المَأْنَةُ: ناف۔ ناف کے اردگرد۔ ج مَأَنَاتٌ و مُؤُوْنٌ خلاف قیاس (جیسے بَدْرَةٌ وبُدُنٌ) (..... المَأْنُ) کمر۔ المَأْنُ: کدال۔

المُؤْنَةُ والمُوْنَةُ: خوراک۔ سختی وبوجھ ج مُؤُوْنٌ.

المَئِنَّةُ: علامت۔

المَمْأَنَةُ: سزاوار۔ لائق۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَمْأَنَةٌ لِكَذَا" یعنی وہ اس کے مناسب ہے۔

مَا اَیْمَؤُوْمُؤَاءَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

مَا اَیْمَؤُوْمَاءً. الْجِلْدَ: کھال کو پھیلانے کے لئے کھینچنا..... بَیْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا۔

تَمَأْیَ تَمَئِیًا الْجِلْدُ: کھال کھینچ کر چوڑی ہونا..... الشَّرُّ بَیْنَهُمْ: فساد پھیلنا۔

المَأْوَةُ: پست زمین ج مَأْوٌ.

مَأَی یَمْأَیُ مَأْیًا. الْجِلْدَ: کھال کو کھینچنا۔

المُمْأِیُ: اپنے کو شامل کر کے سو (۱۰۰) پورا کرنا۔ قوم کو مُمْئُوْنَ کہتے ہیں..... بَیْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا..... فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا..... الشَّجَرُ: درخت کا پتوں والا ہونا۔

اَمْأَی اِمْآءً. القَوْمُ: سو (۱۰۰) ہونا۔ صفت مُمْئُوْنٌ. القَوْمَ: اپنے آپ کو شامل کر کے سو (۱۰۰) پورا کرنا۔

تَمَأَّی تَمَئِّیًا. السِّقَاءُ: کشادہ ہونا۔ کھینچنا۔ الشَّرُّ بَیْنَ القَوْمِ: فساد پھیلنا۔

المِائَةُ: سو (۱۰۰) ج مِئَاتٌ ومِئُوْنٌ ومُئُوْنٌ ومِأُوْنٌ: اور نسبت کے لئے مِئَوِیٌّ: لفظ مِائَةٌ میں الف لکھا جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا۔ کہا جاتا ہے "شَارَطَهٗ مُئَاءَ اةٌ" یعنی اس نے سو (۱۰۰) کی شرط کی جیسے کہا جاتا ہے شَارَطَهٗ مُؤَالَفَةً یعنی ہزار کی شرط کی۔

مَتَهٗ (ن) مَتًّا: کھینچنا..... الْحَبْلَ: رسی کو بغیر چرخی کے کھینچنا..... اِلٰی فُلَانٍ بِقَرَابَةٍ: تعلق پیدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَتَّ بَیْنَنَا رَحِمٌ مَائَّةٌ" ہمارے درمیان قرابت قریبہ ہے.....

ةً: قرابت ڈھونڈنا۔

مَاتَّ فُلَانًا: قرابت یاد دلانا۔

المَائَّةُ ج مَوَائِثُ والمَمَاتُ: وسیلہ۔ قرابت۔ رشتہ داری۔

مَتَاهُ (ف) مَتْأً بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔

مَتَحَ (ف) مَتْحًا المَاءَ: پانی نکالنا..... الدَّلْوَ وبِهَا: ڈول کھینچنا۔ صفت مَاتِحٌ ومَتُوْحٌ فُلَانًا: مارنا پچھاڑنا..... الشَّیْءَ: اکھیڑنا..... الشَّجَرَةَ: کاٹنا..... الخَمْسِیْنَ: پچاس کے قریب ہونا۔

مَتَحَ ومَتَّحَ وامْتَحَ. الجَرَادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے زمین پر دم کو پٹکنا۔

اِمْتَتَحَ الشَّیْءَ: جڑ سے کھینچنا۔

تَمَتَّحَتِ الْاِبِلُ فِیْ سَیْرِهَا: اپنے ہاتھوں سے آرام لینا۔

المَتُوْحُ: پانی نکالنے والا ڈور۔ بِئْرٌ مَتُوْحٌ: قریب پانی والا کنواں۔

المَتَّاحُ: بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے یَوْمٌ مَتَّاحٌ وفَرَسٌ مَتَّاحٌ.

مَتَخَ (ن ض) مَتْخًا الشَّیْءَ: اکھیڑنا' کاٹنا..... الجَرَادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے زمین پر دم مارنا..... بِالذَّلْوِ: کھینچنا..... هٗ بِالسَّهْمِ: تیر مارنا..... فُلَانًا: مارنا اور دور کرنا

marfat.com
Marfat.com

.....الشَّيْءُ: بلند ہونا.....فِي الشَّيْءِ: گرنا
.....بِسِلْحِهٖ: بیٹ کرنا.....الشَّيْءَ: بلند کرنا
.....الْخَمْسِيْنَ: پچاس کے قریب ہونا
الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
اِمْتَاخَ الشَّيْءَ: کھینچنا۔
عُوْدٌ مَتِيْخٌ: نازک لمبی لکڑی۔
مَتَدَ (ن) مُتُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
مَتَرَ (ن) مَتْرًا الشَّيْءَ: کاٹنا.....الْحَبْلَ: رسّی کھینچنا.....بِسِلْحِهٖ: بیٹ کرنا.....
الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
تَمَاتَرَ: گرنا۔تَمَاتَرَ و الشَّيْءَ: کھینچنا۔
اِمْتَرَ اِمْتَارًا. الْحَبْلُ: رسّی کھینچنا (اس کی اصل اِمْتَرَ ہے پہلی تاء کو میم سے بدل دیا گیا ہے)
الْمِتْرُ: میٹر۔
اَلْمِتْيُوْرُو كِرَاف: موسمی حالات کی تبدیلی کا پتہ بتانے والا آلہ۔
مَتَزَ (ن) مَتْزًا بِسِلْحِهٖ: بیٹ کرنا۔
مَتَسَ (ض) مَتْسًا الشَّيْءَ: اکھیڑنے کے لئے جھکانا(.....(ن) مَتْسًا) بِالْحَبْسِ: پائخانہ کرنا۔
مَتِشَتْ (س) مَتَشًا عَيْنُهٗ: آنکھ کا دھوپ یا بھوک کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت امتش: مؤنث مَتْشَاء. ج مُتْش.
مَتَشَ (ض) مَتْشًا الشَّيْءَ: انگلیوں سے بکھیرنا۔جمع کرنا.....اَخْلَافَ النَّاقَةِ: آہستہ آہستہ دوہنا۔
اَلْمَتْش وَالْمَتَش: جوانوں کے ناخن کی سفیدی۔
مَتَعَ (ف) مَتْعًا وَمُتْعَةً بِالشَّيْءِ: لے جانا۔
مَتَعَ (ف) مُتُوْعًا الشَّيْءُ: لمبا ہونا..... النَّهَارُ: دن کا بلند ہونا.....النَّبِيْذُ: نبیذ کا سخت سرخ ہونا.....الرَّجُلُ: زیرک ہونا..... السَّرَابُ: دن کے ابتدائی حصہ میں بلند ہونا .....اَلْحَبْلُ: رسّی کا مضبوط ہونا(..... مَتْعًا وَمُتْعًا) بِفُلَانٍ: جھوٹ بولنا(..... مَتْعًا وَمُتْعَةً) بِالشَّيْءِ: لے جانا۔

مَتَعَ (ک) مَتَاعَةُ الرَّجُلُ: زیرک ہونا۔
مَتَّعَ الشَّيْءَ: لمبا کرنا.....هُ اللّٰهُ: طویل عمر دینا۔
.....هُ اللّٰهُ بِكَذَا: مدت تک نفع اٹھانے دینا۔
.....اَلْمَرْاَةَ الْمُطَلَّقَةَ: مطلقہ عورت کو متعہ دینا۔
اَمْتَعَهُ اللّٰهُ بِكَذَا: مدت تک نفع اٹھانے دینا۔اور کہا جاتا ہے "اَبْقَاكَ اللّٰهُ وَاَمْتَعَ بِكَ" یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے۔اَمْتَعَ بِمَالِهٖ: فائدہ اٹھانا.....عَنْ كَذَا: بے نیاز ہونا۔کہا جاتا ہے "اَمْتَعَنِي بِفِرَاقِهٖ: اس نے اپنے فراق وجدائی کا سامان مجھے دیا۔
تَمَتَّعَ وَاسْتَمْتَعَ بِكَذَا وَمِنْ كَذَا: مدت تک فائدہ اٹھانا.....بِمَالِهٖ: آسودگی کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔تَمَتَّعَ: حج تمتع کرنا۔
اَلْمَتْع وَالْمُتْع: نکر۔
اَلْمُتْعَة وَالْمِتْعَة اسم ہے تَمْتِيْع: کا۔تھوڑا توشہ۔تھوڑی خوراک۔شکار یا کھانا جس سے فائدہ اٹھایا جائے کہا جاتا ہے "اَبْغِنِي مُتْعَةً اَعِيْشُ بِهَا" میرے لئے تھوڑی سی خوراک تلاش کرو جس سے زندگی بسر کر سکوں اَلْمَتْعَة: مشکیزہ' ڈول' رسّی۔مُتْعَةُ الْمَرْاَةِ: قمیص' ازار' چادر جو مطلقہ عورت کو دیا جائے اور اس کو مُتْعَةُ الطَّلَاق بھی کہتے ہیں۔ج مُتَعٌ وَمِتَعٌ.
اَلْمَتَاع: چاندی وسونے کے علاوہ سامانِ زندگی۔ ہر وہ چیز جس کو انسان پہنے یا بچھائے۔ ہر وہ چیز جس سے تھوڑا سا فائدہ اٹھایا جائے پھر فنا ہو جائے کہا جاتا ہے "اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ" ج اَمْتِعَه ج اَمَاتِع وَاَمَاتِيْع.
اَلْمَاتِع: ظاہر چیز کا لمبا۔ ہر چیز کا عمدہ۔ نہایت عمدہ۔ بہت سرخ شراب وسرکہ۔جھکی ہوئی ترازو۔مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔رَجُلٌ مَاتِعٌ: افعالِ خیر میں کامل۔
مَتَكَ (ن) مَتْكًا الشَّيْءَ: کاٹنا

مَاتَكَهٗ مُمَاتَكَةً فِي الْمَتْعِ: لمبائی میں غالب ہونا۔
تَمَتَّكَ الشَّرَابَ: گھونٹ گھونٹ پینا۔
اَلْمَتْك وَالْمُتْك وَالْمُتْك: مکھی کی ناک۔لیموں۔سون۔مَتْكُ الذُّبَابِ: مکھی کی بیٹ۔
مَتَلَ (ن) مَتْلًا الشَّيْءَ: ہلانا۔زور سے ہلانا۔
مَتُنَ (ک) مَتَانَةً: مضبوط وقوی ہونا۔ صفت مَتِيْنٌ وَمَتِيْنٌ.
مَتَنَ (ن) مُتُوْنًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
اَلرَّجُلُ: قسم کھانا۔سفر کرنا.....بِفُلَانٍ: پورے دن ساتھ چلنا.....الشَّيْءَ: کھینچنا.....
اَلْكَبْشَ: مینڈھے کے پیٹ کو مع رگوں کے نکالنا.....هُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا۔
مَتَنَ (ن ض) مَتْنًا وَاَمْتَنَ: پیٹھ پر مارنا۔
مَتَّنَ الشَّيْءَ: مضبوط بنانا.....اَلدَّلْوَ: ڈول کو مضبوط باندھنا.....اَلْخِيْمَةَ: خیمہ کو مضبوط کسنا.....اَلطَّعَامَ: مصالحہ سے عمدہ بنانا.....
لِمَنْ سَابَقَهٗ: آگے بڑھنے والے سے یہ کہنا کہ فلاں مقام پر آگے بڑھ جاؤ اور میں تم سے آکر مل جاؤں گا۔
مَاتَنَ فُلَانًا: ٹالنا۔بہت دور کرنا.....فِي الشِّعْرِ: مقابلہ کرنا۔کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا مُمَاتَنَةٌ" ان کے درمیان ہر چیز میں مقابلہ ہے "مَاتَنَ الرَّجُلُ" جیسا معاملہ اس کے ساتھ کیا گیا ہے ویسا ہی کرنا۔
تَمَاتَنَ الشَّاعِرَانِ فِي الشِّعْرِ: باہم مقابلہ کرنا۔
اَلْمَتْن: پس پیٹھ (مذکر ومؤنث).....مَتْنُ الشَّيْءِ: چیز کا ظاہری حصہ.....مَتْنُ الْاَرْضِ: زمین کا بلند و ہموار حصہ.....اَلطَّرِيْقِ: راستہ کا وسط.....اَلْكِتَابِ: کتاب کی اصل عبارت شرح وحاشیہ کے علاوہ.....اَللُّغَةِ: لغت کے اصول وقواعد اور اس کے مفردات۔کہا جاتا ہے "مَاتَنَ الْعُوْدَ

marfat.com
Marfat.com

یعنی شاخ سے دونوں طرف کے پہلو ج مِتَان ومُتُون.
المَتْنَة: سخت وبلند زمین۔ مَتْنَةُ الظَّهْرِ: پیٹھ کا پہلو۔ ج مِتَان ومُتُون.
المَتِين: مضبوط۔ قوی۔ کہا جاتا ہے "عَقْلٌ مَتِينٌ" مضبوط رسی۔ "وَرَأْيٌ مَتِينٌ وَلِيٌّ رَأْيِهِ مَتَانَةٌ" سنجیدہ رائے۔ اس کی رائے میں سنجیدگی ہے اور متین اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے یعنی باری تعالیٰ قوی و غالب ہے اس کو افعال میں مشقت اور کلفت لاحق نہیں ہوتی۔ ج مِتَان.
المِتَان: دو ستونوں کے درمیان کا فاصلہ۔ ج مُتُن.
التَّمْتِين: مص (..... والتِّمْثَان): خیمہ کی رسیاں۔ ج تَمَاتِين.
المَاتِن: فا۔ متن کتاب کا لکھنے والا۔
مَتِين مُمَاتِن: سفر بعید۔ کہا جاتا ہے "سَارَ سَيْرًا مُمَاتِنًا" وہ تیز چلا۔
مَتِهَ (س) مَتَهًا: گمراہی میں مبتلا ہونا۔
مَتَهَ (ف) مَتْهًا الدَّلْوَ: ڈھول کھینچا۔
تَمَتَّهَ: حیران ہونا۔ بے وقوف ہونا۔ بغیر خوبی کے وصف کا طالب ہونا۔ تکبر کرنا۔ بعید ہونا۔ مبالغہ کرنا۔ گمراہی و بے ذہوذہ باتوں میں مشغول ہونا۔
تَمَاتَهَ عَنِ الشَّيْءِ: غفلت برتنا..... القَوْمُ: دور ہونا۔
مَتَا يَمْتُو مَتْوًا. الشَّيْءَ: کھینچنا۔ مَتَاهُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
اَمْتَى إِمْتَاءً: بری چال چلنا۔ زیادہ رزق والا ہونا۔ بڑی عمر والا ہونا۔
تَمَتَّى: لغت ہے تمطّی میں بمعنی انگڑائی لینا۔
مَتَى: اسم استفہام ہے زمانہ کے لئے۔ اسم شرط ہے جملہ شرطیہ کے دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے مَتَى أَضَعُ الْعِمَامَةَ تَعْرِفُونِي.
مَتَى يَمْتِي مَتْيًا. الشَّيْءَ: کھینچنا۔
مَتَّ (ن) مَتًّا. العَظْمَ: ہڈی سے گودا بہہ جانا..... الرِّقِّ والبِطِّيخ: پکنا..... الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ آنا کہا جاتا ہے "جَاءَ يَمُتُّ" جبکہ کوئی موٹا آدمی آئے اور اس کی کھال پر موٹاپے کی وجہ سے کچھ تیل کا سا اثر معلوم ہو۔ مَتَّ يَدَهُ: رومال سے ہاتھ پونچھنا..... شَارِبَهُ: مونچھ کی چکناہٹ کو ہاتھ سے پونچھنا۔ الجُرْحَ: زخم سے پیپ اور مادہ فاسد کو صاف کرنا..... الحَدِيثَ: بات پھیلانا۔ بَيْتٌ مَتِيتٌ: ترگھاس۔
مَتَجَ (ن) مَتْجًا الشَّيْءَ: ملانا..... فُلَانًا: کھلانا..... البِئْرَ: کنواں صاف کرنا..... بِالعَطِيَّةِ: بخشش کرنا۔
مَتَدَ (ن) مَتْدًا بَيْنَ الحِجَارَةِ: چھپ کر گھات میں بیٹھنا اور دیدبانی کرنا..... الرَّجُلَ: دیدبان مقرر کرنا۔
المَاتِد: فا۔ نگہبان۔ دیدبان۔
مَتَطَ (ن) مَتْطًا: ہاتھ سے زمین میں کسی چیز کو گاڑنا۔
مَتِعَتْ (ن س ف) مَتَعًا المَرْأَةُ: عورت کا بری چال چلنا۔
تَمَتَّعَ: بجو کا چلنا۔
المَتْعَاء: بدبودار بجو۔
مَثَلَ (ن) مُثُولًا فُلَانًا: مانند ہونا..... القَمَرُ: ظاہر ہونا۔ غائب ہونا..... الرَّجُلُ: زمین سے چمٹنا۔ اپنی جگہ سے ہٹنا..... التِّمْثَالَ: مجسمہ بنانا..... فُلَانًا بِفُلَانٍ: مشابہت دینا۔
مَثَلَ (ن ض) مَثْلًا ومُثْلَةً بِالرَّجُلِ: عذاب دینا..... بِالقَتِيلِ: مثلہ کرنا۔ ناک' کان وغیرہ کاٹنا۔
مَثَلَ (ک ن) مُثُولًا بَيْنَ يَدَيْ فُلَانٍ: کسی کے سامنے کھڑا ہونا۔
مَثُلَ (ک) مَثَالَةً: افضل ہونا۔
مَثَّلَ تَمْثِيلًا الشَّيْءَ لِفُلَانٍ: ہو بہو تصویر بنانا..... الحَدِيثَ وبِالحَدِيثِ: بیان کرنا۔
مَثَّلَ بِفُلَانٍ: عذاب دینا..... بِالقَتِيلِ: مثلہ کرنا..... المِثَالَ: نمونہ بنانا..... التَّمَاثِيلَ: مجسمے بنانا (..... تَمْثِيلًا وتِمْثَالًا) الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: مشابہت دینا۔
مَاثَلَهُ مُمَاثَلَةً: مشابہت دینا۔ مَاثَلَهُ بِفُلَانٍ: تشبیہ دینا۔
اَمْثَلَهُ فُلَانًا وبِهِ: مانند بنانا..... الحَاكِمُ فُلَانًا: قصاص میں قتل کرنا..... الحَاكِمُ فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ: قصاص لینا۔
تَمَثَّلَ الحَدِيثَ وبِالحَدِيثِ: بیان کرنا..... الشَّيْءَ: مثال کا تصور کرنا..... لَهُ الشَّيْءَ: تصور ہونا..... بِالشَّيْءِ: مثال دینا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا البَيْتُ مَثَلٌ يُتَمَثَّلُ بِهِ" یہ شعر مثال ہے جس کی مثال دی جاتی ہے..... مِنْهُ: بدلہ لینا..... بَيْنَ يَدَيْهِ: سامنے کھڑا ہونا۔ تَمَثَّلَ مِثَالًا: نمونہ بنانا..... بِهِ: مشابہ ہونا۔
اِمْتَثَلَ المَثَلَ وبِالمَثَلِ: بیان کرنا..... الأَمْرَ: فرمانبرداری کرنا..... الشَّيْءَ: نمونہ پر بنانا..... الطَّرِيقَةَ: پیروی کرنا..... مِنَ القَاتِلِ: قصاص لینا۔
تَمَاثَلَ الشَّيْئَانِ: باہم مشابہ ہونا..... العَلِيلُ مِنْ عِلَّتِهِ: بیمار کا اچھے ہونے کے قریب ہونا۔
المِثْل: شبہ۔ نظیر۔ مشابہ۔ ج امثال (مذکر و مؤنث واحد تثنیہ جمع سبھی کے لئے آتا ہے) کہا جاتا ہے "هُوَ وهِيَ وهُمَا وهُمْ وهُنَّ مِثْلُهُ" اور مهم اَمْثَالُهُمْ بھی بولا جاتا ہے۔ و "فُلَانٌ مُسْتَرَادٌ لِمِثْلِهِ" یعنی اس کے مانند طلب کیا جاتا ہے اور اس پر عمل کیا جاتا ہے اور ایسا ہی ہے "هُوَ مُسْتَرَادَةٌ لِمِثْلِهَا".
المَثَل: مشابہ۔ نظیر۔ (لغت ہے مثل میں) صفت۔ بات۔ کہاوت (کہاوت کے الفاظ میں کسی قسم کا تغیر نہیں ہوتا) عبرت۔ دلیل۔ ج اَمْثَال.
المُثْلَة: آفت۔ ناک' کان کاٹنا۔ المُثْلَة والمَثْلَة: سزا۔ عذاب۔ المَثْلَة: اُم ماضیہ کی عبرت ناک سزائیں۔ ج مَثَلَات.
المِثَال: مقدار۔ شبہ۔ قصاص۔ بستر۔ چیز۔

marfat.com
Marfat.com

ن امثلة ومُثل ومُثل.
المثالة: فضیلت۔ اچھی حالت۔
الامثولة: شعر جو مثال میں پیش کیا جائے ج امانیل وامثولات.
اَلْمَثَالِيَّةُ: ایک فلسفی مذہب جو چیزوں کی حقیقت کا انکار کرتے ہیں بقول ان کے یہ خیالی چیز ہے۔ اس کو اَلْمِثَالِيَّةُ بھی بولتے ہیں۔
اَلتَّمَثُّلُ وَالتَّمْثِيْلُ فِي الْغِذَاءِ: غذا کی اصل صورت تبدیل ہو کر دوسری غذائیت والی شکل بننا۔
التِّمْثَال: تصویر۔ مجسمہ۔ ج تَمَاثِيل.
المَثِيل: شبیہ۔ نظیر۔ عمدہ۔ ج مُثُل.
المَاثِل: فا۔ ج مَثَل جیسے خَادِم وخَدَم.....
مِنَ الرَّسُوْمِ: مٹا ہوا نشان۔ کہا جاتا ہے مِثْلُ مَاثِلٍ.
المَاثِلَة. مَاثِل: کامونث۔ چراغ دان۔ ڈیوٹ۔
الاَمْثَل: افضل۔ ج اَمَاثِل ومُثُل: مونث مُثْلَى. اَمَاثِلُ الْقَوْمِ: قوم کے برگزیدہ لوگ۔ الطَّرِيْقَةُ: الْمُثْلَى: اشبہ بالحق طریقہ اور کہا جاتا ہے اَلْمَرِيْضُ الْيَوْمَ اَمْثَلُ: مریض کی حالت آج اچھی ہے۔
مَثُمَ مَثْمَثَةً ومَثْمَاثًا زِقُّ السَّمْنِ ونَحْوِهِ: ٹپکنا اور اسم المَثْماث..... الفَتِيْلَةَ: بتی کو اچھی طرح سے تر کر دینا..... اَمْرَهُمْ: خلط ملط کرنا۔
الشَّيْءَ: ہلانا..... فُلَانًا: پانی میں غوطہ دینا۔
مَثَنَ (س) مَثْنًا: مثانہ میں پیشاب نہ رکنا۔ صفت اَمْثَنُ ومَثِنٌ۔ مونث مَثْنَاء مَثِنَةٌ.
مَثَنَ (ن ض) مَثْنًا الرَّجُلَ: مثانہ پر مارنا۔
مُثِنَ مَثْنًا: مثانہ کی بیماری والا ہونا۔ صفت مَمْثُوْنٌ ومَثِيْنٌ.
اَلْمَثَانَة: پیشاب جمع ہونے کی جھلی۔ بچہ دانی۔ ج مَثَانَات.
مَجَّ (ن) مَجًّا الشَّرَابَ او الشَّيْءَ وبِهِ مِنْ فَمِهِ: کلی کرنا۔ اور بطور استعارہ کے کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ تَمُجُّهُ الْاَسْمَاعُ": یعنی یہ ایسا کلام ہے جس کو کان سننا نہیں چاہتے۔
مَجَّ الْعِنَبُ: انگور کا پک کر میٹھا ہونا۔
اَمَجَّ الْعُوْدُ: لکڑی میں تری ہونا۔
الفَرَسُ: دوڑنے لگنا..... الرَّجُلُ: ملک میں پھرنا۔
اِنْمَجَّ: ٹپکنا۔
المَجّ: مص۔ ماش کے دانے۔
المَاجّ: فا۔ جس کے بڑھاپے کی وجہ سے رال ٹپک رہی ہو۔ ج مُجَّاج ومَاجُوْج.
المَجَاج: ٹہنی۔ شاخ۔
المُجَاج: تھوک۔ ماش کے دانے۔ مُجَاجُ النَّحْلِ: شہد۔ مُجَاجُ الْعِنَبِ: شراب۔ مُجَاجُ المزن: بارش۔ کہا جاتا ہے "خَبَزَ مُجَاجًا" اس نے چینا کی روٹی پکائی۔
المُجَاجَة: تھوک۔ مُجَاجَةُ الشَّيْءِ: نچوڑ۔
المَجَجُ: باچھوں کا ڈھیلا ہونا۔ انگوروں کی پختگی۔
المَجَّاج: بہت کلی کرنے والا۔ کاتب۔
المُجّ: پتھر پر شہد کے نقطے۔
المَجَّة. مج: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ فِي الْاِنَاءِ اِلَّا مَجَّةٌ" برتن میں صرف کلی کے لائق پانی باقی رہا۔
المَجُج: شہد کی مکھیاں۔ مست لوگ۔
مَجَجَ (ف) مَجْجًا ومَجَجًا (س) مَجَجًا وتَمَجَّجَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔
مَجَجَ الدَّلْوَ فِي الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں میں حرکت دینا۔
المَجَّاج: متکبر۔
مَجَدَ (ن) مَجْدًا: بزرگوار ہونا..... فُلَانًا: بزرگی میں غالب ہونا..... الرَّاعِي الْاِبِلَ: چارے سے سیر کرنا۔
مَجَدَتْ (ن) مَجْدًا ومُجُوْدًا الْاِبِلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا۔ صفت مَاجِدَة. ج مَوَاجِد ومُجَّد ومُجُد.
مَجُدَ (ک) مَجَادَةً: بزرگوار ہونا۔ صفت مَاجِد ومَجِيْد. ج اَمْجَاد.
مَجَّدَ وتَمَجَّدَ فُلَانًا: تعظیم کرنا۔ تعریف کرنا۔ بزرگی کی طرف نسبت کرنا.....
اَلْعَطَاءَ: بہت بخشش کرنا..... لِفُلَانٍ مِنْ كَذَا: زیادہ کرنا کہا جاتا ہے "اَمْجَدَهُ ذَمًّا وسَبًّا" اس نے اس کی بہت برائی کی بہت گالی دی "ونَزَلُوْا بِهِمْ فَاَمْجَدُوْهُمْ قِرًى" وہ لوگ ان کے مہمان ہوئے اور انہوں نے خوب خاطر تواضع کی۔ اَمْجَدَتِ الْاِبِلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا.....
فُلَانٌ وَلَدَهُ ولِوَلَدِهِ: بہترین ماؤں کا انتخاب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ قَوْمٌ اَمْجَدَهُمْ اَبُوْهُمْ" یہ لوگ وہ قوم ہیں جن کے باپ نے بہترین ماؤں کا انتخاب کیا۔
اَمْجَدَ ومَجَّدَ الرَّاعِي الْاِبِلَ: چارے سے سیر کرنا۔
مَاجَدَهُ مِجَادًا ومُمَاجَدَةً: بزرگی میں مقابلہ کرنا۔
تَمَجَّدَ: بڑا بننا۔
تَمَاجَدَ: باہم فخر کرنا۔ بزرگی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاجَدُوْا فِيْمَا بَيْنَهُمْ" انہوں نے باہم فخر کیا۔
اِسْتَمْجَدَ: بزرگی طلب کرنا۔ عمدہ صفات میں ممتاز ہونا۔
اَلْمَجْد: مص۔ عزت۔ بلندی۔ بلند زمین۔ ج اَمْجَاد.
اَلْمَاجِد: فا۔ بزرگی والا۔ اچھے اخلاق والا۔ شَيْءٌ مَاجِدٌ: بہت چیز۔ مونث مَاجِدَةٌ. ج مَوَاجِد.
الاَمْجَد: اسم تفضیل۔ ج اَمَاجِد.
اَلْمَجِيْدِيُّ: چاندی کا ایک سکہ۔ جو سلطان عبدالمجید کی طرف منسوب ہے۔
مَجَرَ (ن) مَجْرًا: پیاسا ہونا۔
مَجِرَ (س) مَجَرًا مِنَ الْمَاءِ ونَحْوِهِ: پیٹ بھرنا اور سیراب نہ ہونا۔
مُجِرَتْ واَمْجَرَتِ الشَّاةُ: پیٹ میں بچے کے بڑے ہونے کی وجہ سے لاغر اور ناقابل

marfat.com
Marfat.com

ہونا اور نہ کھڑا ہونا۔
مَاجَرَ مُجَارًا وَمُمَاجَرَةً وَمَجَرًا لازم۔ الْبَيْع: زیادہ لینا۔ سود لینا۔
الْمَجَر: مص۔ اُونٹ اور بکری کے پیٹ کا بچہ۔ پیٹ کے بچہ کا خریدا جانا۔ بڑا لشکر۔ جوا۔ زیادتی اور سود۔ ہر چیز کا بہت۔ عقل۔
الْمَجَر: مص ملک ہنگری۔ ملک ہنگری کے رہنے والے سونے کے سکہ کی ایک قسم
بکری کے پیٹ میں بچہ کی بڑائی۔
شَاةٌ مَجْرَةٌ: پیٹ میں بچہ کے بڑے ہونے کی وجہ سے لمبی بکری۔
الْأَمْجَر: دبلے جسم کے بڑے پیٹ والا۔
الْمِجَار: اُونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔
الْمُمْجِر مِنَ النِّسَاءِ: جڑواں بچے جننے والی عورت۔ ج مَمَاجِر۔
مَجَّسَهُ: مجوسی بنانا۔
تَمَجَّسَ: مجوسی ہونا۔
الْمَجُوس: آتش پرست یا آفتاب پرست واحد مَجُوسِی اور مجوسی کا اطلاق کبھی جادوگر اور فلسفی پر بھی ہوتا ہے۔
الْمَجُوسِيَّة الْمجوسِی: کا مؤنث۔ آتش پرستی یا آفتاب پرستی۔
الْمَاجُشُون: ایک قسم کی کشتی۔ رنگے ہوئے کپڑے۔
مَجَعَ (ن) مَجْعًا وَمَجْعَةً وَامْتَجَعَ وَتَمَجَّعَ: کھجوریں کھانا اور دودھ پینا۔
مَجَعَ (س) وَمَجُعَ (ک) مَجَاعَةً: مخول کرنا۔ بے شرم ہونا۔
مَاجَعَهُ مُمَاجَعَةً: باہم مخول کرنا۔
مَجَّعَ تَمْجِيعًا: کھجور دودھ ملا ہوا کھلانا۔
أَمْجَعَ الْفَصِيلَ: اُونٹ کے بچے کو برتن سے دودھ پلانا۔
تَمَاجَعَا: باہم مخول کرنا۔
الْمِجْع وَالْمَجِع وَالْمُجْعَة: جاہل۔ بے وقوف۔ الْمِجْع: مخول کرنے والا۔
الْمَجْعَة وَالْمِجْعَة وَالْمُجْعَة وَالْمَاجِعَة: مخول کرنے والی بے حیا عورت۔

الْمَجْعَة وَالْمِجْعَة: جاہل عورت۔
الْمَجَّاع وَالْمَجَّاعَة وَالْمُجَّاعَة: مخول کرنے والا۔ بے حیا۔
الْمَجِيع: کھجور دودھ ملا ہوا کھانا۔
الْمُجَاعَة: کھجور دودھ ملے ہوئے کھانے کا بقیہ۔
مَجَلَتْ (ن) مَجْلًا وَمُجُولًا وَمَجِلَتْ (س) مَجَلًا وَامْجَلَتْ يَدُهُ: کام کرنے سے آبلہ پڑنا۔ (عوام بَقْبَقَتْ يَدُهُ) کہتے ہیں۔ امْجَلَ الْعَمَلُ يَدَهُ: آبلہ ڈالنا۔ تَمَجَّلَ رَأْسُهُ قَيْحًا دَوْمًا: خون پیپ سے بھرنا۔
الْمَاجِل: فا۔ پہاڑ کے دامن اور وادی کا پانی۔
الْمَجْل: مص۔ آبلہ۔
الْمَجْلَة: آبلہ ج مِجَال وَمَجْل (عوام بَقْبُوقَة کہتے ہیں)
مَجْمَجَ الْكِتَابَ: بے نقطہ اور بے اعراب کے لکھنا..... فِي حَدِيثِهِ: صاف نہ بیان کرنا۔
الْمَجْمَاج: ڈھیلا ڈھالا۔ بہت اور موٹے گوشت والا۔
مَجَنَ (ن) مُجُونًا. الشَّيْءُ: موٹا اور سخت ہونا۔ (..... مُجُونًا وَمُجْنًا وَمَجَانَةً) مخول کرنا اور بے حیا ہونا۔ صفت مَاجِن ج مُجَّان.
تَمَاجَنَ: باہم مخول کرنا۔
تَمَجَّنَ: بتکلف مخول کرنا۔ مخول کرنے والے کا سا عمل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَجَّنَ فِي كَلَامِهِ" اس نے اپنی گفتگو میں مخول کیا۔
الْمَجَّان: بہت مخول کرنے والا۔ بہت کافی کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَجَّان" کافی اور بہت پانی۔
الْمَجَّان: مفت۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ أَوْ فَعَلَهُ مَجَّانًا" اس نے مفت لیا یا کیا "وَهٰذَا الشَّيْءُ لَكَ مَجَّانٌ" یہ چیز تمہارے لئے مفت ہے۔

يُوزَّعُ مَجَّانًا وَلَا يُبَاعُ: مفت تقسیم کیا جائے بیچا نہ جائے۔
طَرِيقٌ مُمَجَّنٌ: لمبا راستہ۔
الْمُمَاجِن: اُونٹنی جو باوجود بہت حفتی ہونے کے حاملہ نہ ہو۔
الْمَنْجَنُون: رہٹ۔ بڑے ڈول کی چرخی۔ زمانہ۔ ج مَنَاجِين.
مَحَّ (ف ن) مَحًّا وَمَحَحًا وَمُحُوحًا وَمُحُوحَةً وَامَّحَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا..... الْأَثَرُ: نشان کا مٹنا..... الدَّارُ: گھر کا بے نشان ہونا۔
الْمَحُّ وَالْمَائِح: پرانا کپڑا۔
الْمُحّ: خالص (..... وَالْمُحَّة): انڈے کی زردی۔
الْمُحَاح: بھوک۔
الْأَمَحّ: موٹا۔
الْمَحَّاح: بڑا جھوٹا۔ صرف باتوں سے خوش کرنے والا۔
مَحُتَ (ک) مَحَاتَةَ الْيَوْمُ: دن کا گرم ہونا۔
مَحَتَ (ف) مَحْتًا فُلَانًا: غضبناک کرنا۔
الْمَحْت: گرم دن۔ ہر چیز کا سخت۔ عقلمند۔ تیز خاطر۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِيٌّ مَحْتٌ بَحْتٌ" وہ خالص عربی ہے ج مُحَتَاء وَمُحُوت.
مَحَجَ (ف) مَحْجًا. الرَّجُلُ: تیز چلنا..... الْعُودَ وَاللَّحْمَ: لکڑی یا گوشت چھیلنا..... اللَّبَنَ: دودھ بلونا..... الْجِلْدَ: کھال کو نرم کرنے کے لئے ملنا..... الدَّلْوَ: کنوئیں میں ڈول کو ہلانا..... شَيْئًا عَنْ شَيْءٍ: پونچھنا..... الرِّيحُ الْأَرْضَ: غبار اڑا لے جانا..... الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَحِجَ (س) مَحَجًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔
مَاحَجَهُ مِحَاجًا وَمُمَاحَجَةً: ٹال مٹول کرنا۔
الْمَحَّاج: بڑا جھوٹا۔
الْمَحَارَة: ح ورکو دیکھو۔

marfat.com
Marfat.com

مَحَزَ (ف) مَحْزًا ومَحازًا الرَّجُلَ: سینہ پر مکا مارنا.....الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَحَسَ (ف) مَحْسًا الْجِلْدَ: نرم کرنے کے لئے کھال کو ملنا اور دباغت دینا۔
الْمِحَاس: ماہر دباغ۔
مَحَشَ (ف) مَحْشًا الْجِلْدَ: گوشت سے کھال جدا کرنا.....انطَعَامَ: بہت کھانا۔
السَّيْلُ مَا مَرَّ عَلَيْهِ: بہالے جانا.....الْجَارِيَةَ: جماع کرنا(..... مَحْشَةً) وَجْهَهُ بِالسَّيْفِ: چہرہ پر تلوار مار کر کھال چھیل دینا (..... وامْتَحَشَ) الْحَرُّ او النَّارُ الْجِلْدَ: کھال کو جلانا۔
اِمْتَحَشَ: جلنا.....فُلَانٌ غَضَبًا: غصہ سے بھڑک اٹھنا.....الْقَمَرُ: چاند کا غائب ہونا .....وَالنَّارُ: آگ کا جلانا۔
الْمِحَاش: گھر کا سامان۔
الْمِحَاش: مختلف قبائل کے لوگ جو عہد و پیمان کرنے کے لئے آگ کے گرد جمع ہوں۔
الْمُحَاش: جلا ہوا۔
سَنَةٌ مَحُوشٌ ومُمْحِشَةٌ: خشک سال جو ہر چیز کو جلا دے۔
مَحَصَ (ف) مَحْصًا الظَّبْيُ فِي عَدْوِهِ: ہرن کا تیز دوڑنا.....الْمَذْبُوحُ بِرِجْلِهِ: تڑپنا.....بِفُلَانٍ الْأَرْضَ: پٹک دینا..... فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: بھاگنا.....الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا.....اللّٰهُ مَابِكَ: زائل کرنا..... الشَّيْءَ: ہر عیب سے پاک صاف کر دینا..... الذَّهَبَ بِالنَّارِ: پگھلا کر کھوٹ سے جدا کرنا .....الْبِنَانَ: بھالے کو صیقل کرنا.....الْحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔
مَحَّصَ الشَّيْءَ: گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "مَحَّصَ اللّٰهُ عَنْ فُلَانٍ ذُنُوبَهُ" اللہ تعالیٰ فلاں کو گناہوں سے پاک صاف کر دے ..... الذَّهَبَ: گوشت کو چھچھے سے صاف کرنا۔ ومَحَّصَهُ عَنْهُ: دور کرنا۔ صاف کرنا۔ مَحَّصَ الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔

امْتَحَصَ مِنَ الْمَرَضِ: تندرست ہونا۔
امْتَحَصَتِ الشَّمْسُ: گہن سے نکلنا اور صاف ہونا۔ امْتَحَصَهُ عَنْهُ: دور ہونا۔
تَمَحَّصَ الظَّلَامُ: تاریکی چھٹ جانا۔
اِنْمَحَصَ الْوَرَمُ: ورم کا گھٹ جانا۔
اِنْمَحَصَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا روشن ہونا .....فُلَانٌ مِنْ يَدِهِ: نکل بھاگنا۔
اِمْتَحَصَ الظَّبْيُ فِي عَدْوِهِ: ہرن کا چھلانگیں مارنا۔
الْمَحِص مِنَ الْحِبَالِ او الْأَوْتَارِ: نرم رسی یا تانت۔
الْمَحْصُ والْمُمَحَّص والْمَحِيص والْمَمْحُوص مِنَ الْخَيْلِ: مضبوط وقوی گھوڑا۔ الْمَحِيص والْمُمَحَّص مِنَ الْأَسِنَّةِ: صیقل شدہ بھالے۔
الْمَحَّاص: اسم مبالغہ۔ بَرْقٌ مَحَّاصٌ: چمکنے والی بجلی۔
الأَمْحَص: جھوٹے سچے سب کا عذر سننے والا۔
مَحَضَ (ک) مُحُوضَةً نَسَبُ الرَّجُلِ و مَحُضَ الرَّجُلُ فِي نَسَبِهِ: خالص نسب ہونا۔
مَحِضَ (س) مَحْضًا وامْتَحَضَ: خالص دودھ پینا۔
مَحَضَ (ف) مَحْضًا فُلَانًا الْوُدَّ او النُّصْحَ: خالص دوستی یا خیر خواہی کرنا..... الرَّجُلَ: خالص دودھ پلانا۔
امْحَضَنِ فُلَانًا الْوُدَّ او الْحَدِيثَ: خالص دوستی کرنا۔ راست گفتاری کرنا۔ لَهُ النُّصْحَ: خالص خیر خواہی کرنا۔
مَاحَضَهُ الْوُدَّ: خالص دوستی کرنا۔
اِمْتَحَضَ الرَّجُلُ: خالص دودھ پینا۔
اِسْتَمْحَضَ: خالص دودھ مانگنا۔
الْمَحْض: محض۔ مِنَ اللَّبَنِ ونَحْوِهِ: خالص۔ ج مِحَاض کہا جاتا ہے "عَرَبِيٌّ مَحْضٌ" و "عَرَبِيٌّ مَحْضًا" یعنی خالص نسب عربی۔ مصدر ہونے کی وجہ سے واحد

تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے آتا ہے اور تانیث وتثنیہ وجمع بھی جائز ہے۔
الْمَحِض والْمَاحِض: خالص دودھ کا خواہش مند اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاحِضٌ" خالص دودھ پینے والا۔ جیسے لَبَنٌ سے لابِنٌ یعنی دودھ والا۔
الأَمْحُوضَة: خالص خیر خواہی۔
الْمَحْوض: خالص۔ مؤنث مَمْحُوضَةٌ کہا جاتا ہے فِضَّةٌ مَمْحُوضَةٌ: خالص چاندی۔
مَحَطَ (ف) مَحْطًا ومَحْطَ الْوَتَرَ: درست وہموار کرنے کے لئے تانت پر انگلی پھیرنا.....السَّهْمَ: تیر چلانا۔
اِمْتَحَطَ الْبَعِيرُ: اونٹ کا دوڑنا.....السَّيْفَ: تلوار سونتنا.....الرُّمْحَ: نیزہ کھینچنا۔
عَامٌ مَاحِطٌ: کم بارش کا سال۔
مَحَقَ (ف) مَحْقًا الشَّيْءَ: باطل کرنا۔ مٹانا۔ اللّٰهُ الشَّيْءَ: گھٹانا بے برکت کرنا۔ فُلَانًا: ہلاک کرنا.....الْحَرُّ الشَّيْءَ: جلانا۔ مُحِقَ الرَّجُلُ: موت کے قریب ہونا۔ مَحَقَ الشَّيْءُ: باطل کرنا۔ مٹانا۔ امْحَقَ الْمَالُ: ہلاک ہونا.....الرَّجُلُ: مال میں بے برکتی والا ہونا.....الْقَمَرُ: مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتوں میں ہونا۔
تَمَحَّقَ وانْمَحَقَ وامَّحَقَ وامْتَحَقَ: مٹنا۔ باطل ہونا۔ مٹنا۔ وامْتَحَقَ الْحَرُّ الشَّيْءَ: جلانا.....الْبَاكُ: شدت گرمی سے خشک ہونا اور جلنا.....الرَّجُلُ: موت کے قریب ہونا..... الشَّيْءُ: بے برکت ہونا۔ وانْمَحَقَ الْهِلَالُ: چاند آخری مہینہ میں دکھائی نہ دینا۔
الْمَحُق: مص۔ کھجور کے قریب قریب لگے ہوئے پودے۔
الْمَحَقَة: ہلاکت۔
الْمَحَاق والْمُحَاق والْمِحَاق: مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتیں۔

marfat.com
Marfat.com

سِنَانٌ مَسْحَلٌ: باریک و تیز بھالا۔
الْمَاسِحِ: فا۔ مَاسِحُ الصَّيْفِ: سخت گرم دن۔
مَاسِحٌ: سخت گرم دن۔
الْأَمْسَحُ: بے برکت۔
الْمَمْسَحَةُ: باعث بے برکتی۔
مَسَحَ (ن) مَسْحًا ومَسِحَ (س) مَسَحًا وامْسَحَ وتَمَسْحَكَ الرَّجُلُ: گفتگو میں جھگڑا کرنا۔ بھاؤ کرنے میں جھگڑنا۔ صفت مَسِحٌ ومَاسِحٌ ومَسْحَانٌ.
امْسَحَكَ الْخُصُومُ فُلَانًا: غضبناک کرنا۔
مَاسَحَكَ مُمَاسَحَةً فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔
تَمَاسَحَكَ الْخَصْمَانِ: باہم جھگڑا کرنا۔
اللَّمُمَسِّحِكَ: بداخلاق جھگڑالو۔
مَسِلَ (س) ومَسَلَ (ف) مَسَلًا ومَسْلًا ومَسَلَ (ک) مَسَالَةَ الْمَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مَاسِلٌ.
مَسَلَ (ف) ومَسَلَ (س) ومَسَلَ (ک) مَسْلًا ومَسَالًا بِهِ إِلَى الْأَمِيرِ: چغل خوری کرنا۔ صفت مَاسِلٌ ومَسُولٌ ومِسَالٌ. مَسَلَ بِصَاحِبِهِ: بہتان رکھنا۔
مَسَّلَ فُلَانًا: مضبوط کرنا..... الشَّيْءَ: لمبا کرنا۔
مَاسَلَهُ مِسَالًا ومُمَاسَلَةً: مکر کرنا۔ قوت معلوم کرنے کیلئے باہم زور آزمائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ہٹانا۔ جھگڑا کرنا۔
امْسَلَّ الْمَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْسِلٌ والْأَرْضُ مُمْسِلٌ ومُمْسِلَةٌ: قحط زدہ زمین..... الْمَطَرُ: بارش رکنا..... الْقَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْسِلُونَ..... اللَّهُ الْأَرْضَ: قحط زدہ کرنا۔
تَمَسَّلَ الشَّيْءَ وَلَهُ: حیلہ کرنا..... لِفُلَانٍ حَقَّهُ: حق حاصل کرنے کی تدبیر کرنا..... الدَّرَاهِمَ: پرکھنا۔
تَمَاسَلَ الْقَوْمُ: باہم کید ومکر کرنا۔ تَمَاسَلَتْ بِهِمُ الدَّارُ: دور ہونا۔

الْمَسْحَلُ: فریب۔ مکر۔ غبار۔ شدت۔ قحط۔ بارش کا نہ ہونا اور زمین کا خشک ہونا۔ سخت بھوک۔ ج مُسُولٌ وامْسَحَالٌ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَسْحَلٌ: غیر مفید مرد۔
الْمَاسِحِلُ: فا۔ جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ مَاسِحِلًا" میں نے اس کو متغیر اللون دیکھا۔ کہا جاتا ہے "أَرْضٌ مَاسِحِلٌ ومَسْحَلٌ ومَسْحَلَةٌ ومَسْحُولٌ ومَسْحُولَةٌ" قحط زدہ زمین اور جمع کے لئے أَرَضُونَ مَسْحَلٌ ومَسْحُولٌ.
الْمِسْحَالُ: بڑی چرخی۔ ایک قسم کا زیور۔
الْمِسْحَالُ: کید۔ مکر۔ جھگڑا۔ عذاب۔ شدت وقوت۔ ہلاک ہونا۔ ہلاک کرنا۔ حیلوں سے کسی مقصد کو طلب کرنا۔ تدبیر۔ دشمنی۔
الْمِسْحَالَةُ: بڑی چرخی۔ اُونٹ وغیرہ کی ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔ لکڑی جس پر کھڑے ہو کر کھنگل کریں۔ ج مَسَاحِيلُ اور مَسَاحِلُ کی جمع مَسَاحِلُ اور کہا جاتا ہے "لَامَسَاحَلَةَ" یعنی ضرور ولابدی۔
الْمِسْحَلُ: وہ شخص جو دھتکارا جائے یہاں تک کہ تھک جائے۔ اور کہا جاتا ہے "دَجَلٌ مَسْحَلٌ" یعنی حیلہ گر۔ مکار۔
الْمَسْحَلُ: مکار۔ دغاباز۔ شیطان۔
أَرْضٌ مُمْسِلٌ ومُمْسِلَةٌ: قحط زدہ زمین۔
الْمُتَمَاسِلُ: بہت لمبا تڑنگا مرد یا اونٹ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُتَمَاسِلٌ" بہت لمبا تڑنگا مرد۔ "وَرَأَيْتُهُ مُتَمَاسِلًا" یعنی میں نے اس کو دیکھا کہ اس کے بدن کا رنگ بدلا ہوا ہے۔ فَلَاةٌ مُتَمَاسِلَةٌ: دو کنارے والا میدان۔ فِتْنَةٌ مُتَمَاسِلَةٌ: ایسا فتنہ جو ختم ہونے میں نہ آئے۔
أَرْضٌ مِمْسَالٌ: قحط زدہ زمین۔
الْمَمْسَلَةُ: دودھ کا مشکیزہ۔
مَسَحَ (ف) مَسْحًا فُلَانًا: آزمانا..... عِشْرِينَ سَوْطًا: کوڑے مارنا..... الْفِضَّةَ: چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا۔ اسم الْمِسْحَةُ: ت الثَّوْبَ: کپڑے کو پہن کر پرانا کرنا..... فُلَانًا شَيْئًا: دینا..... الْبِئْرَ: کنوئیں کی صفائی کرنا..... النَّاقَةَ: اُونٹنی کو چلا

کر تھکانا..... الْجَارِيَةَ: جماع کرنا (..... وَمَسْحَ) الْأَدِيمَ: چمڑے کو نرم کرنا۔
امْتَسَحَ الشَّيْءَ: آزمائش کرنا..... الْقَوْلَ: غور کرنا۔ سوچنا..... الْفِضَّةَ: چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا۔
الْمَسْحُ: مص۔ ہر چیز کا نرم۔ تمام دن چلنے یا اور کسی کام سے تھکن۔ کہا جاتا ہے "كَانَ فِي مَسْحٍ" وہ مشقت میں تھا۔ الْمَسْحُ: عطیہ۔
الْمِسْحَةُ: آزمائش۔ ج مِسَحٌ.
مَحَا يَمْحُو ويَمْحِي مَحْوًا ومَحَى الشَّيْءَ: مٹانا۔ صفت مفعولی۔ مَمْحِيٌّ ومَمْحُوٌّ کہا جاتا ہے "مَحَتِ الرِّيحُ السَّحَابَ والصُّبْحُ اللَّيْلَ" ہوا نے بادل کو پراگندہ کر دیا اور صبح نے رات کو زائل کر دیا۔
مَحَا يَمْحُو ويَمْحِي مَحْوًا وامَّحَى وامْتَحَى الشَّيْءُ: مٹنا (امْتَحَى امْحَى میں ایک ضعیف لغت ہے)
تَمَحَّى تَمَحِّيًا مِنَ الْقَوْمِ: معافی کی درخواست کرنا۔
الْمَحْوُ: مص۔ چاند کا سیاہ داغ۔
الْمَحْوَةُ: محا کا اسم مرۃ۔ شرم وعار۔ بارش اس لئے کہ زمین کی خشکی کو دور کر دیتی ہے۔ کہا جاتا ہے "صَابَتِ الْأَرْضَ مَحْوَةٌ" زمین پر بارش ہوئی اور کہا جاتا ہے "هَبَّتْ مَحْوَةٌ" بغیر لام کے اور ضمہ کے ساتھ۔ یعنی بادِ شمالی چلی۔
الْمِمْحَاةُ: میل صاف کرنے کا چیتھڑا۔
مَحَاهُ يَمْحَاهُ ويَمْحِيهِ مَحْيًا مٹانا (لغت ہے محاواوی میں)
مَخَجَ (ف) مَخْجًا وتَمَخَّجَ وتَمَاخَجَ الدَّلْوَ او بِالدَّلْوِ: پھرنے کے لئے ڈول ہلانا۔ مَخَجَ الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
تَمَخَّجَ الْمَاءُ: حرکت دینا۔
مَخَّخَ وتَمَخَّخَ وامْتَخَّ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
امَخَّ الْعَظْمُ: گودے والی ہونا۔ امَخَّتِ

marfat.com
Marfat.com

الشَّـلـةُ :موٹی ہونا.....الْعُوْدُ:لکڑی کا تر ہونا.....الزُّرْعُ:پُرمغز ہونا۔
الـمَـخُّ :ہڈی کا گودا۔بھیجا۔آنکھ کی چربی۔ خالص۔ج مِـخَاخ ومِخَخَة :کہا جاتا ہے "لَا اَرٰی لِاَمْـرِکَ مُـخًّـا" میں تمہارے معاملہ میں کوئی خیر نہیں دیکھتا ہوں۔ والـمُـخَّـــة :گودے کا ٹکڑا۔کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ مُـخُّ الـقَوْمِ ومُخَّةُ القَوْمِ" یعنی یہ لوگ قوم کے افضل ہیں۔
الـمَخُّ :نرم۔
الـمُـخَاخَة :ہڈی کا گودا جو چوسنے سے منہ میں آئے۔
الـــمَـخِـيْـخ :گودے والی ہڈی۔شَـــاةٌ مَـخِـيْـخَة :گودے والی یعنی موٹی بکری۔ج مَخَائِخ. اِبِلٌ مَخَائِخ :عمدہ اونٹ۔کہا جاتا ہے "لَـهٗ لِسَـانٌ مُـمِخٌّ" یعنی زبان آور اور قادرالکلام ہے۔
مَـخَرَتْ (ف ن) مَـخْـرًا ومُـخُوْرًا السَّـفِيْـنَةُ :آواز کے ساتھ پانی کو چیرنا۔ مَـخَرَ الْاَرْضَ :زمین کو کھیتی کے لئے کھودنا۔ اچھی کھیتی کے لئے پانی دینا.....السَّـابِـحُ: ہاتھوں سے پانی کو پھاڑنا۔الـذِّئْبُ الشَّاةَ: بھیڑیئے کا بکری کا پیٹ پھاڑنا۔
مَخَرَ (ف) مَخْرَ الْبَيْت :عمدہ سامان لے لینا۔
اِمْـتَـخَـر وتَمَخَّر واسْتَمْخَرَ الرِّيْحَ :ہوا کی طرف پیٹھ کرنا۔اِمْتَـخَـرَ الـعَظْمَ :ہڈی سے گودا نکالنا.....الشَّیْءَ :اختیار کرنا۔
الـمَخْر :مص بَنَاتُ مَخْرٍ :پتلے سفید بادل۔
الـــمَـخْـرَة.مخر :کا اسم مرۃ۔منہ کی بدبو (.....والـمِـخْرة والمُخْرة) :پسند کی ہوئی چیز۔
الـمَـاخِـرَة.ماخر :کا مؤنث۔کشتی۔ج مَوَاخِر.
الـمَـاخُوْر :بدکاروں کی مجلس۔بدکاروں کا اڈا۔ بدکاری کے اڈے کا متولی۔ ج مَوَاخِر و مَوَاخِر.

مَخْرَق مَخْرَقَةً: جھوٹ گھڑنا۔
مِخْراق :گڑیا۔ج مَخَارِيْق.
تَمَخْسَ تَمَخْسًا :بہت ہلنا۔
مَخَضَ (ن ف ض) مَخْضًا اللَّبَنَ :دودھ بلونا۔مکھن نکالنا۔صفت مفعولی مَـخِـيْـضٌ ومَمْخُوْضٌ. الشَّیْءَ :بہت ہلانا.....الرَّائِیَ: خوب غور کرنا.....بِالدَّلْوِ :بھرنے کے لئے ڈول ہلانا.....الْبِئْرَ بِالدَّلْوِ :کنوئیں میں سے ڈول سے بہت پانی نکالنا۔
مَخِضَتْ (س) مِخَاضًا ومَخَاضًا ومُخِضَتْ ومَخَّضَتْ وتَمَخَّضَتْ الْحَامِلُ :دردزہ میں مبتلا ہونا۔صفت مَاخِض. ج مُخَّض و مَوَاخِض.
اَمْخَضَ اللَّبَنُ :دودھ کے بلوئے جانے کا وقت قریب ہونا.....الرَّجُلُ :قریب الولادۃ اونٹنیوں کا مالک ہونا۔
اِمْتَخَضَ وتَمَخَّضَ اللَّبَنُ :مکھن نکلا ہوا ہونا۔مکھن نکالنے کے برتن میں ہلنا..... الْوَلَدُ :بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔ تَمَخَّضَتِ السَّمَاءُ :برسنے کے قریب ہونا۔تَمَخَّضَ الدَّهْرُ بِالْفِتْنَةِ: فتنہ ظاہر کرنا اور کہا جاتا ہے "تَمَخَّضَتِ اللَّيْلَةُ عَنْ صَبَاحِ سُوْءٍ" رات ختم ہوگئی اور اس کے بعد بُری صبح آئی۔
اِسْتَمْخَضَ اللَّبَنُ :دیر میں جمنے والا ہونا۔ اِسْتَمْخَضَتِ الْحَامِلُ بِوَلَدِهَا: حاملہ کا درد زہ میں مبتلا ہونا۔
الـمَخَاض :دردزہ۔
الإِمْـخَـاض :دودھ جب تک مکھن نکالنے کے برتن میں رہے۔
الـمِـمْـخَـضُ والمِمْخَضَةُ :مشکیزہ۔مکھن نکالنے کا برتن۔ج مَمَاخِض.
مَخَطَ (ف ن) مَـخْـطًا الشَّیْءَ: کھینچ کر لمبا کرنا۔الْجَمَلُ بِهٖ :تیز دوڑنا.....الرَّجُلُ فِی الْاَرْضِ :تیز چلنا.....الْوَلَدُ :لڑکے کا باپ کے مشابہ ہونا۔

نکہانی کرنا.....السَّیْفَ :تلوار سونتنا.....
الـمَـخَاط :رینٹ صاف کرنا.....الظَّبْیُ: بچے کی رینٹ صاف کرنا.....لَهٗ بِيَدِهٖ :مارنا (.....مَـخْـطًا ومُخَاطًا) السَّهْمُ :تیر کا پار ہونا۔صفت مَاخِط.
مَـخْـط الْوَلَدَ :بچے کی ناک سے رینٹ صاف کرنا۔
اَمْخَطَ السَّهْمَ :تیر کو پار کرنا۔
اِمْتَخَطَ الشَّیْءَ :چھین لینا۔اُچک لینا..... السَّیْفَ :تلوار سونتنا۔
اِمْتَخَطَ وتَمَخَّطَ :رینٹ صاف کرنا۔و تَمَخَّطَ الرَّجُلُ :چلنے میں لڑکھڑانا۔
الـمَخْط :مص۔راکھ۔چھوٹا کپڑا۔
الـمِخَاط :رینٹ۔ج اَمْخِطَة. خِطَاطُ الشَّيْطَانِ :وہ چیز جو دوپہر کے وقت میں مکڑی کے جالے کی مانند اوپر سے نیچے لٹکی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس کو مُخَاطُ الشَّمْسِ ولُعَابُ الشَّمْسِ بھی کہتے ہیں۔
الْمُخَاطِیُّ رینٹ والا۔
الـمَخِيْط :فیاض سردار۔ج اَمْخَاط.
الـمَخْطَة.مَخَط :کا اسم مرۃ۔ایک مرتبہ میں جتنی رینٹ صاف کی جائے۔
اَلْمُخْل عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْن :لوہے وغیرہ کا آلہ جس سے بڑے بڑے پتھر اٹھائے جائیں یا توڑے جائیں۔ج اَمْخَال ومُخُوْل.
الـمَاخِل :بھاگنے والا۔
مَخْمَخَةٌ :گودا نکالنا۔
مَخَنَ (ن) مَـخْـنًا :رونا.....الْبِئْرَ :کنوئیں سے پانی نکالنا.....الْعُوْدَ :لکڑی چھیلنا..... الْجَارِيَةَ :جماع کرنا۔
مَخَنَ (ن) مَخْنًا ومُخُوْنًا :لمبا ہونا۔ مَخِنٌ ومَخِنٌ مؤنث مَخْنَةٌ ومَخِنَةٌ.
الـمِخَنُّ :لمبا مرد۔
الـمِخَنَّة.الـمِخَنُّ :کا مؤنث۔گھر کا سامان۔
مَخَى الرَّجُلَ عَنِ الْاَمْرِ :الگ کر دینا۔دور کر دینا۔
اَمْخَى اِمْخَاءً و اِمْخَى اِمْخَاءً وتَمَخَّى

marfat.com
Marfat.com

وامْتَخَى إِلَيْهِ: عذر خواہی کرنا..... جِلْدُهُ: چمڑا ہونا۔ وَمَخَى الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

مَدَّ (ن) مَدَّ الشَّيْءَ وَبِالشَّيْءِ: پھیلانا' کھینچنا..... اللّٰهُ عُمْرَهُ: عمر طویل کرنا..... مِنَ الدَّوَاةِ: قلم میں روشنائی لینا..... النَّهْرُ او الْبَحْرُ: دریا یا سمندر کا چڑھنا۔ پانی زیادہ کرنا (لازم ومتعدی) کہا جاتا ہے "قَلَّ مَاءُ رَكِيَّتِنَا فَمَدَدْنَاهَا بِرَكِيَّةٍ أُخْرَى" ہمارے کنوئیں کا پانی کم ہو گیا تو دوسرے کنوئیں نے اس کے پانی کو زیادہ کر دیا "وَهٰذَا الْوَادِي يَمُدُّ فِي وَادٍ كَذَا" یہ وادی دوسری وادی کے پانی کو زیادہ کرتی ہے "وَمَدَّ نَظَرَهُ إِلَيْهِ" اس نے اس کی طرف بلند نگاہ ڈالی۔ مَدَّ الْأَرْضَ: کھاد یا دوسری مٹی ڈالنا..... الْحَرْفَ: کھینچ کر پڑھنا..... الْإِبِلَ: پانی میں جَو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا..... السِّرَاجَ بِالسَّلِيطِ: چراغ میں تیل ڈالنا..... فِي السَّيْرِ: گزرنا۔ مَدَّ وَأَمَدَّ الرَّجُلَ: مہلت دینا۔ اعانت کرنا۔ فریاد رسی کرنا..... فِي غَيِّهِ: گمراہی میں زیادتی کرنا..... الْجُنْدَ: فوج کی مدد کرنا..... النَّهَارُ: دن کا چڑھنا۔ بلند ہونا..... الدَّوَاةَ: روشنائی ڈالنا۔ دوات میں روشنائی یا پانی زیادہ کرنا اور ایسا ہی "مَدَّ الْقَلَمَ" قلم میں روشنائی لگانا۔ أَمَدَّ فِي مَشْيِهِ: ناز وانداز سے چلنا۔ أَمَدَّهُ اللّٰهُ فِي الْخَيْرِ: زیادہ کرنا..... أَجَلَهُ: طویل کرنا اور مؤخر کرنا..... فُلَانًا بِمَالٍ: دینا..... الْكَاتِبَ: قلم میں ایک ڈوبا دینا..... الْبَعِيرَ: پانی میں جَو یا آٹا یا تل ملا کر چکانا..... وَأَمَدَّ الْجُرْحُ: زخم میں پیپ ہونا۔ مُدَّدَ الشَّيْءُ: پھیلانا۔ مَسَادَّةً وَمِدَادًا وَمُسَادَّةً: کھینچنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ مَسَادَّةُ الثَّوْبَ: ایک دوسرے کے کپڑے کو کھینچنا۔ تَمَادَّا الثَّوْبَ: باہم مل کر کھینچنا۔ تَمَدَّدَ وَامْتَدَّ: پھیلنا۔ انگڑائی لینا۔ تَمَدَّدُوْا الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ: کھینچنا۔ اِمْتَدَّ بِهِمُ السَّيْرُ: طویل ہونا..... فِي مِشْيَتِهِ: ناز وانداز سے چلنا..... إِلَى الشَّيْءِ: دیکھنا..... النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا۔

اِسْتَمَدَّ الْقَوْمُ الْأَمِيرَ عَلَى الْعَدُوِّ: مدد طلب کرنا..... مِنَ الدَّوَاةِ: روشنائی لینا۔

الْمَدُّ: مص۔ سیلاب۔ ج مُدُوْد. مُنتہی کہا جاتا ہے "بَيْنِي وَبَيْنَهُ قَدْرَ مَدِّ الْبَصَرِ" میرے اور اس کے درمیان منتہائے نظر کی مقدار فاصلہ ہے۔ دن کا بلند ہونا کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهُ مَدَّ النَّهَارِ وَمَدَّ الضُّحٰى" میں اس کے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا۔ مَدُّ الْبَحْرِ: دریا کا چڑھنا۔

الْمَدُّ وَالْمَدَّةُ: حرف کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت۔

الْمَدَّةُ: ایک پیمانہ جس کی مقدار اہلِ عراق کے نزدیک دو رطل اور اہلِ حجاز کے نزدیک ایک اور تہائی رطل ہے۔

الْمَدَّةُ: مد کا اسم مرۃ۔ قلم کا ایک مرتبہ دوات میں ڈالنا۔

الْمُدَّةُ: زمانہ کا حصہ قلیل ہو یا کثیر۔ غایت زمانی یا مکانی کہا جاتا ہے "لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ وَالْأَرْضِ مُدَّةٌ" قلم کا ایک ڈوبا۔ ج مُدَد.

الْمِدَّةُ: مد کا اسم نوع۔ پیپ۔

الْمَدَدُ: مدد۔ فریاد رسی کہا جاتا ہے "أَمْدَدْتُهُ بِمَدَدٍ" میں نے اس کو قوت پہنچائی' میں نے اس کی اعانت کی۔

الْمِدَّانُ وَالْإِمِدَّانُ: کھاری یا بہت سخت کھاری پانی۔ وہ زمین جہاں سے پانی رسے۔

الْمِدَادُ: مص۔ روشنائی۔ گوبر یا کھاد۔ چراغ میں جو تیل ڈالا جائے۔ مثال و طریقہ۔ تم کہتے ہو "هُمْ عَلٰى مِدَادٍ وَاحِدٍ" وہ ایک مثال پر ہیں و "سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ السَّمٰوَاتِ" یعنی آسمان کی تعداد کے مطابق۔

الْمَادَّةُ: الْمَادُّ کا مؤنث۔ جس کی ترکیب وقوام ہو۔ الْمَادَّةُ الْأُوْلٰى: وہ جس سے کسی چیز کا حصول بالقوہ ہو۔ ج مَوَادُّ. مَادَّاتُ مَوَادِّ اللُّغَةِ: الفاظ لغت۔ مَوَادُّ الْعِلْمِ: مباحث علم۔

الْمَادِّيُّ: منسوب إِلَى الْمَادَّةِ: دہریہ جو اس بات کا قائل ہو کہ صرف مادہ ہی کا وجود ہے۔

الْأُمْدَةُ: تانا۔

الْأُمْدُوْدُ: عادت۔

الْمَدِيْدُ: کھینچا ہوا۔ لمبا۔ کہا جاتا ہے "قَدٌّ مَدِيْدٌ" لمبا قد۔ "فُلَانٌ مَدِيْدُ الْقَامَةِ" فلاں لمبے قد کا ہے۔ مؤنث مَدِيْدَةٌ. مُدَّةٌ مَدِيْدَةٌ: طویل مدت۔ ج مُدَدٌ: چارہ۔ پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا ہوا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن۔

الْمُدَيْدَةُ: تھوڑی سی مدت (مدت کی تصغیر)

الْمَمَدُّ: مصدر میمی۔ چیز کے کھینچنے کی جگہ۔

الْمُمْتَدُّ: اوزان شعر میں ایک وزن جس کو بعض متاخرین نے استعمال کیا ہے۔ وزن اس کا فاعلن فاعلاتن چار مرتبہ ہے۔

الْمَمْدُوْدُ: مفع۔ مَالٌ مَمْدُوْدٌ: بہت مال۔ الْمَمْدُوْدُ فِي عِلْمِ الصَّرْفِ: ہر وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صحراء۔

مَدَحَهُ (ف) مَدْحًا وَمَدَّحَهُ: تعریف کرنا۔

مَادَحَهُ: تعریف کرنا۔

تَمَدَّحَ: غیر واقعی اوصاف پر فخر کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا..... الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔ إِلَى النَّاسِ: اپنی تعریف چاہنا۔ اِمْتَدَحَ فُلَانًا: تعریف کرنا (..... وامَّدَحَ): وسیع ہونا۔

تَمَادَحَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔

الْمِدْحَةُ اسم ہے مَدَح سے۔ تعریف ج مِدَح.

الْمَدِيْحُ ج مَدَائِحُ. والْأُمْدُوْحَةُ ج أَمَادِيْحُ: تعریف۔

marfat.com
Marfat.com

المَمَادِح: تعریفیں۔
مَدَخَ (ف) مَدْخًا: بڑا ہونا.....فُلانًا: پوری مدد کرنا۔
مَادَخَه: خیر یا شر میں مدد کرنا۔
تَمَدَّخَ: تکبر کرنا۔ تَمَدَّخَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا پُر گوشت اور چربی والا ہونا.....النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بل کھاتی ہوئی چلنا۔
تَمادَخَ وامْتَدَخَ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔ تَمادَخَ عَنْهُ: سستی و کاہلی کرنا۔
المَادِخ والمَدِيخ والمِدِيخ: معظم ومعزز۔
المَدُوخ والمُتَمادِخ: جلد باز۔
مَدَرَ (ن) مَدْرًا ومَدَّرَ الْمَكَانَ: مٹی سے لیپنا.....الْحَوْضَ: حوض کے پتھروں کی جھری کو مٹی سے بند کرنا.....مَدَّرَ: بیٹ کرنا۔
مَدِرَ (س) مَدَرًا: بڑے پیٹ والا ہونا۔
تَمَدَّرَ: لیپا جانا۔ آلودہ ہونا۔
اِمْتَدَرَ. المَدَر: ڈھیلا لینا۔
المَدَر: مص۔ مٹی کا ڈھیلا۔ بغیر ریت کا کیچڑ۔ شہر اور دیہات اس لئے کہ اکثر ان کی عمارتیں مٹی کی ہوتی ہیں۔
المَدَرَة: مٹی کا ایک ڈھیلا۔ مَدَرَةُ الرَّجُلِ: مرد کا گھر کہا جاتا ہے فُلانٌ سَيِّدُ مَدَرَتِهِ: فلاں اپنے شہر کا سردار ہے۔
المَدَرِيّ: شہر کا رہنے والا۔
الأَمْدَر: بڑے پیٹ والا۔ بہت پاخانہ کرنے والا جو روکنے سے عاجز ہو۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا جس کے دونوں پہلو خوب آلود ہو گئے ہوں۔ گرد آلود۔
المُمْدَرَاء: بڑے پیٹ والی۔ بجو۔ بَنُو مَدْرَاء: شہر والے۔
مَكَانٌ مَدِيرٌ ومَمْدُورٌ: لپی ہوئی جگہ۔
المِمْدَرَة والمِمْدَرَة: جہاں سے مٹی کے ڈھیلے لئے جائیں۔
اِبِلٌ مُمَدَّرَة: موٹے اونٹ۔
مَدَسَ (ن) مَدْسًا الْجِلْدَ ونَحْوَهُ: کھال وغیرہ کو ملنا۔

مَدِثَ (س) مَدَثًا عَيْنُهُ: بھوک وغیرہ سے چندھیانا.....يَدُهُ: ڈھیلے پٹھوں والا اور کم گوشت ہونا۔ صفت اَمْدَث مؤنث مَدْثاء ج مُدْث.
مَدَشَ (ن) مَدْشًا. مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا سا کھانا.....لِفُلانٍ مِنَ الْعَطَاءِ: کم کرنا۔
مَدْشٌ وامْدَش: دینا۔
رَجُلٌ مَدَّاشُ الْيَدِ: چور۔
المَدْش: مص۔ تھوڑا عطیہ۔
المَدَش: مص۔ گرمی یا بھوک کی وجہ سے چندھا پن۔ ہاتھ کے پٹھوں کا ڈھیلا پن اور گوشت کی کمی۔ پاؤں کی پھٹن۔ عورت کے پستان میں گوشت کی کمی۔ چہرہ کی سرخی اور سختی۔ بے وقوفی اور کہا جاتا ہے "مَابِهِ مَدَشٌ او مَابِهِ مَدَشَةٌ" اس کو کوئی مرض نہیں۔
المَدِش: بے وقوف۔
المَدْغَة: ناریل کا خول جس میں سے مغز نکال لیا گیا ہو۔
المَدْعِيّ: نسب میں متہم۔
المَيْدَع: سمندر کی چھوٹی مچھلیاں۔
مَدَقَ (ن) مَدْقًا الصَّخْرَةَ: چٹان توڑنا۔
المِدَقّ: ریشم۔
تَمَدَّلَ بِالْمِنْدِيلِ: سر پر رومال لپیٹنا یا عمامہ باندھنا۔
المَدَل: کمینہ۔ جما ہوا دودھ۔
المِدْل: مردکم گوشت لاغر بدن۔
المُدْلُوج: بازو بند۔ مَدْمَدَ: بھاگنا۔
مَدَنَ (ن) مُدُونًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا (غیر مستعمل فعل ہے).....المَدِينَة: شہر میں آنا۔
مَدَنَ. المَدَائِنَ: شہر آباد کرنا۔
تَمَدَّنَ: شائستہ ومہذب ہونا۔
تَمَدْيَنَ: ناز پروردہ ہونا۔
المَدِينَة: شہر۔ قصبہ۔ ج مُدُن ومُدْن ومَدَائِن.
المَدِينَة: مدینہ منورہ جس کا نام نبی کریم ﷺ کے ہجرت فرمانے کے بعد مدینۃ النبی ہو گیا۔

السَّلام: بغداد۔
المَدَائِن: بغداد کے قریب ایک شہر کا نام جس میں کسریٰ کا محل تھا۔ بڑے ہونے کی وجہ سے جمع کا لفظ اطلاق کیا گیا اور نسبت کے لئے مَدَائِنِيّ۔
المَدِين: شیر۔
المَدَان: ایک بت کا نام۔
مَدَهَهُ (ف) مَدْهًا: تعریف کرنا۔ صفت مادہ۔ ج مُدُه.
تَمَدْهَ الرَّجُلُ: تعریف کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا۔
مَادَى مُمَادَاةً فُلانًا: مہلت دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَا يُمَادِيهِ اَحَدٌ" فلاں کا غایت تک کوئی مقابلہ نہیں کرتا۔
اَمْدَى اِمْدَاءً فُلانًا: مہلت دینا۔ الرَّجُلُ: بڑی عمر والا ہونا۔ بہت دودھ پینا۔
تَمَادَى. فِي غَيِّهِ: دیر تک رہنا اور اصرار کرنا.....فِي الْاَمْرِ: انتہا کو پہنچنا.....بِنَا السَّفَرُ: سفر کا طویل ہونا۔
المَدَى والمُدْيَة والمِدْاء: غایت انتہا۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ مَدَى الْحَيَاةِ ومُدْيَتَهَا ومِدْاءَهَا" یعنی زندگی کی انتہا کو پہنچ گیا و"دَارِي مِدْاءَ دَارِهِ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "مُدْيَةُ الْقَوْسِ" کمان کا وسط۔
المُدْيَة والمَدْيَة والمِدْيَة: بڑی چھری۔ ج مُدًى ومِدًى ومُدْيَات ومَدْيَات.
المُدْيَ: شام ومصر کا ایک پیمانہ جس میں ۱۹ صاع آتے ہیں۔ ج امداء.
المَدِيّ: جوہڑ۔ حوض کا نکلا ہوا پانی جو گندہ ہو گیا ہو۔ ج اَمْدِيَة.
الأَمْدَى: اسم تفضیل کہا جاتا ہے "فُلانٌ اَمْدَى الْعَرَبِ" فلاں عربوں میں سے بہت زیادہ معزز ہے۔
مُذْ: دیکھو مُنْذُ.
مَذِجَ (س) مَذَجًا وتَمَذَّجَ الشَّيْءُ: سیخ ہونا اور پھولنا۔ تَمَذَّجَ الْاِنَاءُ: برتن کا بھرنا۔

marfat.com
Marfat.com

.....البِطِّيخُ: خربوزہ کا پکا ہونا۔
مَذَّجَ تَمْذِيجًا الشَّيْءَ: وسیع کرنا۔
مَذِحَ (س) مَذَحًا: رگڑ کھانے یا پسینہ آنے سے رانوں یا خصیوں یا سرینوں میں سوزش ہونا۔ صفت اَمْذَح.
تَمَذَّحَ الشَّيْءُ: چوسنا۔
الاَمْذَح: بدبودار۔
المَذَح: مص۔ جنگلی انار کے پھول کا شہد۔
تَمَذَّحَ الرَّجُلُ: چوسنا۔
المَذْخ: جنگلی انار کے پھول کا شہد۔
مَذِرَتْ (س) مَذَرًا. البَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔ صفت مَذِرَة عوام "مَوْذَرَت البَيْضَةُ" اور صفت "مُمَوْذِرَة" کہتے ہیں۔
مَذِرَت نَفْسُه او مِعْدَتُهُ: جی متلانا یا معدہ بگڑنا.....الرَّجُلُ: پانی کے خزانہ کی طرف بہت آتا جانا۔
مَذَّرَ الشَّيْءَ: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
اَمْذَرَتِ الدَّجَاجَةُ البَيْضَةَ: گندا کرنا۔
تَمَذَّرَ: پراگندہ ہونا۔ بکھرنا۔ تَمَذَّرَتِ البَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا.....المِعْدَةُ: بگڑنا.....النَّفْسُ: جی متلانا۔ تَمَذَّرَ اللَّبَنُ: دودھ کا مشکیزہ میں پھٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَ القَوْمُ شَذَرَ مَذَرَ" قوم ہر طرف کو بکھر گئی۔
المَذِر: گندا۔ بگڑا ہوا۔ اِمْرَأَةٌ مَذِرَةٌ: گندی عورت۔
الاَمْذَرُ: پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنے جانے والا۔
المِذَار مِنَ النِّسَاءِ: چغل خورن۔
مَذَرَق بِهِ: پھینکنا۔
مَذَعَ (ف) مَذْعًا ومَذْعَةً يَمِينًا: قسم کھانا۔ مَذَعَتِ المِيَاهُ: پہاڑ کی چوٹی پر بہنا
مَذَعَ لِفُلَانٍ: خبر کا کچھ حصہ بیان کرنا اور کچھ چھپانا(..... مَذْعًا) الضَّرْعَ: تھن کا آدھا دودھ دوہنا۔
تَمَذَّعَ الشَّرَابَ: آہستہ آہستہ پینا۔
المَذَّاع: جھوٹا۔ بے وفا۔ ایک جگہ قائم نہ رہنے والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔
مَذَقَ (ن) مَذْقًا اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا
.....فُلَانًا ولِفُلَانٍ: پانی ملا ہوا دودھ پلانا
.....الوُدَّ: خالص دوستی نہ کرنا۔
اِمْتَذَقَ واَمْذَقَ الشَّرَابُ او اللَّبَنُ: شراب یا دودھ کا پانی سے ملنا۔
لَبَنٌ مَذِقٌ ومَذِيقٌ ومَمْذُوقٌ: پانی ملا ہوا دودھ۔ رَجُلٌ مَذِقٌ: ملول و رنجیدہ مرد۔
المَذَّاق: غیر خالص دوستی کرنے والا۔
مَذَلَ (ن) مَذْلًا ومِذَالًا ومَذِلَ (ن) مَذَلًا بِسِرِّهِ: زچ ہو کر بھید کو ظاہر کر دینا (..... ومَذُلَت (ک) مَذَالَةً) نَفْسُهُ بِالشَّيْءِ: فیاضی کرنا۔ جواں مردی کرنا۔ صفت مَذِيل: کہا جاتا ہے "مَذِل بِمَالِهِ ومَذِلَ بِنَفْسِهِ" اس نے مال یا نفس کی سخاوت کی۔ مَذِلَتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا سن ہونا۔
اَمْذَلَهُ: تنگ دل کرنا۔ زچ کرنا۔ اَمْذَلَتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا سن ہونا۔
اِمْذَلَّ اِمْذِلَالًا: سست وڈھیلا ہونا۔
اِمْذَلَّتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا سن ہونا۔
المِذْل: مص۔ سستی وڈھیلا پن اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَذْلُ اليَدِ او النَّفْسِ" فلاں سخی و کریم ہے۔
المِذْل: چھوٹے جسم والا۔
المَذِل والمَذِيل: بے قرار۔ زچ ہونے والا۔ راز کو ظاہر کر دینے والا۔ مَذِيل کی جمع مَذْلَى.
المَذِل والمَازِل: وہ شخص جس کا دل کسی چیز سے بھر جائے اور وہ اس کو چھوڑ کر دوسری چیز کی اُمید لگائے کہا جاتا ہے "هُوَ مَذِلٌ بِمُهْجَتِهِ" وہ اپنی روح کی سخاوت کرنے والا۔
المُذْلَة: کھجور کی گٹھلی۔ چٹان کا گڑھا۔
المِمْذَل: جو بھید کے چھپانے سے زچ ہو جائے۔ بہت بے حس پاؤں والا۔
مَذْمَذَمَذَةُ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔
المَذْمَاذ: بہت چلانے والا۔ باتونی۔ مؤنث مَذْمَاذَة.
اَلمِذْمِيذُ: جھوٹ بولنے والا۔
مَذَى يَمْذِي مَذْيًا ومُذَّى الفَرَسَ: گھوڑے کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔
مَذَى يَمْذِي واَمْذَى الرَّجُلُ: ٹڈی نکلنا۔
اَمْذَى الفَرَسَ: گھوڑے کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِمْذِ بِعَنَانِ فَرَسِكَ" یعنی اپنے گھوڑے کی لگام کو چھوڑ دے۔
اَمْذَى الشَّرَابَ: زیادہ پانی ملانا۔
المَذْيُ: پانی جو حوض کی نالی سے نکلے۔ مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔
المَذِي: حوض میں پانی بہنے کی جگہ..... والمَذِي: مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔
المَاذِيَانَات: پانی بہنے کی جگہ۔ یا وہ پیداوار جو پانی بہنے کی جگہ ہو۔
المَاذِيُّ: شہد۔ لوہے کا ہر قسم کا ہتھیار۔
المَاذِيَّة: آسانی سے حلق سے نیچے اترنے والی شراب۔ نرم یا سفید زرہ۔
المَذْيَه والمَذِيَّة: آئینہ۔ ج مِذَاء ومَذِيَّات.
مَرَّ (ن) مَرًّا ومُرُورًا ومَمَرًّا: گزرنا۔ جانا
مَرَّهُ ومَرَّبِهِ ومَرَّعَلَيْهِ: گزرنا۔
مَرَّ (ن) مَرًّا. البَعِيرَ: اونٹ کے رسی باندھنا۔
مُرَّ يُمَرُّ مَرًّا ومِرَّةً. بِفُلَانٍ: صفرا کا غلبہ ہونا۔ صفت مَمْرُور.
مَرَّ (س ن) مَرَارَةً: کڑوا کرنا۔
مَرَّ الشَّيْءُ: کڑوا ہونا۔ زمین پر پھیلانا۔
اَمَرَّ فُلَانًا بِكَذَا: گزارنا..... الحَبْلَ: رسی بٹنا اور اسی سے ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ يُمِرُّ عَلَيْهِ" فلاں اس کے ساتھ لپٹا رہا تا کہ اسے پٹک دے "وفُلَانٌ ذُو نَقْضٍ و اِمْرَارٍ" یعنی فلاں صاحب حل وعقد ہے اَمَرَّ الشَّيْءُ: کڑوا ہونا .....الشَّيْءُ: کڑوا کرنا۔ اَمَرَّهُ عَلَى الجِسْرِ: اس نے اسے پل پر سے گزارا..... يَدَهُ

marfat.com
Marfat.com

عَلَى الشَّيْءِ: ہاتھ پھیرنا اور کہا جاتا ہے "مَا اَمَرَّ فُلَانٌ" و "مَا اَحْلٰى" یعنی فلاں نے نہ کڑوی بات کی نہ میٹھی۔ "وَمَا يُمِرُّ وَمَا يُحْلِي" یعنی نہ ضار ہے نہ نافع۔

مَارَّ مِرَارًا وَمُمَارَّةً عَلَى الْاَرْضِ: کھینچنا۔

اَلرَّجُلَ: پچھاڑنے کے لئے لپٹنا۔ ساتھ گزرنا۔

اِمْتَرَّبِهٖ وَعَلَيْهِ: گزرنا۔

تَمَارَّ الْقَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ گزرنا۔

تَمَارَّ مَا بَيْنَهُمْ: ایک دوسرے کے ساتھ بغض و دشمنی رکھنا کہا جاتا ہے "هُمَا يَتَمَارَّانِ" وہ دونوں کشتی لڑ رہے ہیں۔

اِسْتَمَرَّ: گزرنا۔ جانا۔ ایک حالت پر باقی رہنا۔ ہمیشگی کرنا..... بِهٖ عَلٰى كَذَا: باقی رکھنا۔ ثابت رکھنا..... اَلرَّجُلُ: درست معاملہ ہونا..... اَلشَّيْءُ: کڑوا پانا..... بِالشَّيْءِ: حملہ کرنے میں قوی ہونا۔

اَلْمَرُّ: مص۔ رسّی۔ پھاوڑی۔

اَلْمُرُّ: کڑوا۔ ایک قسم کی دوا جو ایک درخت سے نکل کر جم جاتی ہے جس کا مزا کڑوا ہوتا ہے اور بو اچھی ہوتی ہے۔ مُرُّ الصَّحَارٰى: اندرائن۔

اَلْمَرَّةُ: ایک بار۔ ج مَرٌّ وَمِرَارٌ وَمِرَرٌ وَمُرُوْرٌ وَمَرَّاتٌ.

اَلْمِرَّةُ: مص۔ وہ حالت کہ جس پر کوئی چیز ہمیشہ رہے۔ رسّی کی لڑی۔ جسم کی توانائی۔ ذہانت۔ ج مِرَرٌ ج اَمْرَارٌ: صفرا یا سودا۔ ج مِرَارٌ. اَلْمِرَّةُ: بٹنا۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ شَدِيْدُ الْمِرَّةِ" مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ ذو مرة: لقب حضرت جبرئیل علیہ السلام کا۔

اَلْمُرَّةُ. اَلْمُرُّ: کا مؤنث۔ کڑوی۔ ج مَرَائِرُ: بہت بخیل۔ ایک قسم کی سبزی۔ ج مُرٌّ وَاَمْرَارٌ. اَبُوْ مُرَّةٍ: کنیت ابلیس عَلَيْهِ اللَّعْنُ کہا جاتا ہے "لَقِيَ مِنْهُ الْمُرَّتَيْنِ" شر کو اور بڑے امر کو۔

اَلْمَرَارَةُ: پتا۔ ج مَرَائِرُ و مَرَارَاتٌ: تلخی۔

اَلْمُرَيْرَاءُ: ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے اور پھینک دیا جاتا ہے۔ نازک اندام لڑکی۔

اَلْمَارُوْرَةُ: نازک اندام لڑکی۔ ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے۔

اَلْمُرِّيُّ: سالن۔ چٹنی۔ ایک قسم کی دوا۔

اَلْمُرَّارُ: ایک درخت ہے جس کو عوام الْمُرَّيْر کہتے ہیں اونٹ جب اس کو کھاتا ہے تو اس کے ہونٹ سکڑ جاتے ہیں اور دانت نکل آتے ہیں۔

اَلْمَرِيْرُ وَالْمَرِيْرَةُ: پختہ ارادہ..... مِنَ الْجِبَالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ اَمْرٌ مَرِيْرٌ: مضبوط معاملہ رَجُلٌ مَرِيْرٌ: قوی پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَمَرَّ مَرِيْرٌ" یعنی ضعف کے بعد قوی ہو گیا۔

"وَاسْتَمَرَّتْ مَرِيْرَتُهٗ عَلٰى كَذَا" جبکہ کوئی شخص کسی چیز کا عادی ہو جائے۔ اَلْمَرِيْرَةُ: عزت نفس۔ رسّی کی لڑکی۔ ج مَرَائِرُ.

اَلْاَمَرُّ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَمَرُّ عَقْدًا مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں سے زیادہ عہد کا پابند ہے۔ مؤنث مُرّٰى. اَلْاَمَرُّ: گوبر جمع ہونے کی آنتیں (اور یہ اسم جمع ہے)

اَلْاَمَرَّانِ: فقر اور بڑھاپا یا انہیں کے مانند کہا جاتا ہے "لَقِيَ مِنْهُ الْاَمَرَّيْنِ" یعنی اس نے اس سے سختی اور تلخی دیکھی۔

اَلْمَمَرُّ: مص۔ گزرگاہ۔

اَلْمُمَرُّ: مفع۔ بہت مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔

قِرْبَةٌ مَمْرُوْرَةٌ: بھری ہوئی خشک۔

مَرَأَ وَمَرِئَ (س) وَمَرُؤَ (ک) مَرَاءَةً. اَلطَّعَامُ: خوشگوار ہونا اور "هَنَانِيْ وَمَرَأَنِي الطَّعَامَ" اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے اور اگر بغیر ہنانی کے کہنا ہو تو اَمْرَأَنِي باب افعال سے کہا جائے گا۔

مَرَأَ (ف) مَرْءًا. اَلرَّجُلُ: کھانا۔ (..... وَامْرَأَ) اَلطَّعَامُ فُلَانًا: نافع و مفید ہونا۔

مَرِئَ (س) مَرْءًا: بول چال یا ہیئت میں عورت کی مانند ہونا۔

مَرُؤَ (ک) مُرُوْءَةً: صاحب مروت ہونا۔

(مَرَاءَةٌ) اَلْمَكَانُ: اچھی ہوا کا ہونا۔

مَرَّأَهٗ: کسی کا هَنِيْئًا مَرِيْئًا کہنا۔

تَمَرَّأَ: تکلف مروت کرنا۔ صاحب مروت ہونا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَمَرَّأُ بِنَا" فلاں ہمارے عیب یا نقصان کے ذریعے نخوت چاہتا ہے۔

اِسْتَمْرَأَ الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا۔ خوشگوار پانا۔

اَلْمَرْءُ مثلثة الميم: مرد۔ ج رِجَالٌ (من غير لفظه) اور مَرْؤُوْنَ بھی سنا گیا ہے اور نسبت کے لئے مَرْئِيٌّ مؤنث مَرْأَةٌ وَمَرَةٌ.

اُمْرُؤٌ: مرد۔ ہمزہ وصل کے ساتھ اور را کی حرکت آخر کی حرکت کے مطابق ہوتی ہے۔ تم کہو گے جَاءَ اُمْرُؤٌ وَرَاَيْتُ اُمْرَأً وَمَرَرْتُ بِاُمْرِئٍ: اور ہر حالت میں ضمہ و فتحہ بھی جائز ہے۔ مؤنث اِمْرَأَةٌ ج نِسَاءٌ وَنِسْوَةٌ (من غير لفظها) اور جب تصغیر بنائیں گے تو ہمزہ وصل ساقط ہو جائے گا۔ کہا جائے گا مُرَيْءٌ وَمُرَيْئَةٌ اور اُمْرِئٌ: پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا اور اِمْرَأٌ قد داخل ہوتا ہے۔

اَلْمَرْأَةُ. مُرْأَةٌ: کا اسم مرة۔ مَرِئَ الطَّعَامَ: کا اسم۔

اَلْمُرُوْءَةُ: نخوت۔ کامل مردانگی۔ مصباح میں ہے کہ مُرُوْءَةٌ: ان آداب نفسانیہ کو کہتے ہیں جو انسان کو اخلاق حسنہ اور آداب جمیلہ پر برانگیختہ کریں۔ اور کبھی ہمزہ کو واؤ سے بدل کر ادغام کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں مُرُوَّةٌ.

اَلْمَرِيُّ: زخرہ۔ ج مُرُوٌّ وَاَمْرِئَةٌ: صاحب مروت کہا جاتا ہے "طَعَامٌ مَرِيٌّ" خوشگوار کھانا۔ وَكَلَا مَرِيٌّ: بدہضمی نہ کرنے والی گھاس۔ و "هَنِيْئًا مَرِيْئًا" کھانے پینے والے کے لئے دعا ہے۔ یعنی رچتا پچتا کھاؤ۔

اَلْمَرِيْئَةُ. مَرِيٌّ: کا مؤنث۔ اَرْضٌ مَرِيْئَةٌ: اچھی ہوا والی زمین۔

مَرَثَ (ض) مَرْثًا. اَلشَّيْءَ: زمین کو کھودنا۔

marfat.com

Marfat.com

کرنا۔
المَرْث: مص ن (.....والمَرُوْث): جنگل جس میں سبزی نہ ہو اور کہا جاتا ہے اَرْضٌ مَرْثٌ: زمین سبزی سے خالی۔ ج اَمْرَاث ومُرُوْث واَمَارِیْث رَجُلٌ مَرْثٌ: مرد جس کی ابروؤں پر بال نہ ہوں۔ مَرْثُ الْجَسَد: وہ شخص جس کے جسم پر بال نہ ہوں۔ غُلَامٌ مَرْثُ الْغَدَارِ: لڑکا جس کی مسیں نہ بھیگی ہوں۔
اَرْضٌ مَمْرُوْثَة: زمین سبزی سے خالی۔
المُمْرُوْثَة. المَرْث: کا اسم۔ زمین کا سوکھا پن۔
مَرَثَ (ن ض) مَرْثًا الشَّیْءَ: نرم کرنا..... الصَّبِیُّ اِصْبَعَه: بچے کا انگلی چبانا..... ثَدْیَ اُمِّہٖ: چوسنا..... الرَّجُلُ الرَّجُلَ: مارنا..... اَلْمَرْءَ فِی الْمَاءِ: دوا بھگونا۔ مَرَثَ التَّمْرَ بِیَدِہٖ فِی الْمَاءِ: بھگونا اور ریزہ ریزہ ہونے کے لئے ہلانا۔
مَرِثَ (س) مَرَثًا عَلَی الْخِصَامِ: صابر و بردبار ہونا۔ صفت مَرِثٌ ومِمْرَثٌ. ج مَمَارِث.
مَرْثُ الثَّرِیْدَ: ثرید کو ریزہ ریزہ کرنا۔
مَرِجَ (س) مَرَجًا الْاَمْرُ والْعَهْدُ والْاَمَانَةُ والدِّیْن: خراب ہونا۔ فاسد ہونا..... الْخَاتَمُ فِی الْاِصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا۔
مَرَجَ (ن) مَرْجًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو چراگاہ میں چرنے کے لئے چھوڑنا۔ مَرَجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا چراگاہ میں چرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَجَ لِسَانَه فِیْ اَعْرَاضِ النَّاسِ" اس نے لوگوں کی مذمت اور غیبت میں زبان چلائی۔ مَرَجَ الْکِذْبَ: جھوٹ میں ملوث ہونا..... السُّلْطَانُ رَعِیَّتَہٗ: فساد کرنے دینا۔ مَرَجَ الْاَمْرَ: ضائع کرنا۔ مضبوط نہ کرنا..... الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔
اَمْرَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو آزادی سے چرنے دینا..... الشَّیْءَ: ملانا..... الْعَهْدَ: پورا نہ کرنا۔ اَمْرَجَتِ النَّاقَةُ: جنین کو خون بستہ ہو جانے کے بعد گرا دینا۔
المَرْج: مص۔ چراگاہ۔ ج مُرُوْج.
المَمَارِج: فا۔ بہت بھڑکنے والا شعلہ۔ بے وجہ لڑائی کا انگارہ۔
المَرَّاج: باتوں میں زیادتی کرنے والا اور جھوٹ بولنے والا۔
المَرْجَان: چھوٹے موتی۔ واحد مَرْجَانَة: مونگا۔
المَرِیْج: سفید چھوٹی ہڈی جو سینگوں کے درمیان ہوتی ہے۔ ج اَمْرِجَة. اَمْرٌ مَرِیْجٌ: گڑبڑ و بے ترتیب معاملہ۔ سَهْمٌ مَرِیْجٌ: ہلتا ہوا تیر۔ غُصْنٌ مَرِیْجٌ: شاخوں میں گھسی ہوئی شاخ۔
المِمْرَاج: وہ شخص جس کے امور مستحکم نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ مِمْرَاجٌ" وہ اونٹنی جس کو جنین گرا دینے کی عادت ہو گئی ہو۔
مَرِحَ (س) مَرَحًا ومَرَحَانًا الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشہ نکلنا..... السَّحَابُ: بادل کا برسانا۔ مَرِحَتْ عَیْنُہٗ: آنکھ کا خراب ہونا اور پانی بہنا..... الْعَیْنُ بِمَائِهَا وقَذَاهَا: آنکھ کا پانی بہانا۔ مَرِحَ الرَّجُلُ: بہت زیادہ خوش ہونا۔ اِترانا۔ ناز سے چلنا۔ صفت مَرِحٌ. ج مَرْحٰی ومَرَاحٰی.
ومِرِّیْح ج مِرِّیْحُوْن کہا جاتا ہے "لَا تَمْرَحْ بِعِرْضِکَ" اپنی آبرو کے درپے نہ ہو۔
مَرَّحَ الْجِلْدَ: کھال پر تیل ملنا..... المزادَةَ الْجَدِیْدَةَ: پانی بھر دینا تاکہ درز بند ہو جائے۔ الْبُرَّ: گیہوں صاف کرنا..... المُهْرَ: بچھیرے کو سدھانا..... الرَّجُلُ: بڑی جنگ میں شامل ہونا۔
اَمْرَحَ: اِترانے میں برانگیختہ کرنا۔ اَمْرَحَ الْکَلَا الفَرَسَ: نشاط میں ڈالنا۔
المِمْرَاح: نشاط و شادمانی۔ اتراہٹ۔ خرام ناز۔
مَرْحٰی: کلمہ تعجب ہے جو تیرانداز کے لئے کہا جاتا ہے جب کہ تیر نشانہ پر لگے اور اسی کے مانند ہے "مَرْحَبًا".
المَرْحَی: بڑی لڑائی (مادہ رح ی سے)
المِمْرَحَة. مَرح: کا اسم نوع۔ خشک انگور کا ڈھیر۔
المَمْرُوْح: شراب۔ چست و چالاک گھوڑا۔
قَوْسٌ مَرُوْحٌ: اچھے طریقہ سے تیر پھینکنے والی کمان۔
المِمْرَح والمِمْرَاح: چست۔ خوش و خرم۔
المِمْرَح والمِمْرَاح: بہت آنسوؤں والی آنکھ۔ بہت جلد اُگانے والی زمین۔
المُمَرَّح: مفع۔ کَرْمٌ مُمَرَّح: ٹٹی پر پھیلی ہوئی انگور کی بیل۔
المِمْرَاحَة: بہت خوش و خرم کہا جاتا ہے "هُوَ لِلْعَابَةِ مِمْرَاحَة" وہ بہت کھلاڑی اور بہت خوش و خرم ہے۔
مَرْحَبَ فُلَانًا وبِهٖ: مرحبا کہنا۔ خوش آمدید کہنا..... اللّٰهُ فُلَانًا: وسعت و گنجائش میں رکھنا..... هٗ: وسعت کی طرف بلانا۔
مَرَخَ (ف) مَرْخًا: مذاق کرنا..... جَسَدَهٗ بِالدُّهْنِ: جسم پر تیل ملنا۔
مَرِخَ (س) مَرَخًا. العُرْفُجُ: طویل شاخ اور اچھے پتوں والا ہونا۔ صفت مَرِخٌ.
مَرَّخَه: تیل ملنا۔ مَرَّخ واَمْرَخ. العَجِیْنَ: خمیر کو پانی ملا کر ڈھیلا کرنا۔
تَمَرَّخَ بِالدُّهْنِ: اپنے آپ کو تیل ملنا۔
المَرْخ: مص۔ ایک قسم کا درخت جو جلدی آگ پکڑ لیتا ہے۔
المِرْوَخ: مالش کرنے کی چیز۔
المَارِخ: فا۔ مَاءٌ مَارِخٌ: بہتا ہوا پانی۔ رَجُلٌ مَارِخٌ: پانی بہانے والا مرد۔
المِمْرَخ والمِمْرِیْخ: بہت تیل لگانے والا بے وقوف..... مِنَ الشَّجَرِ: نرم و پتلا۔
المِمْرِیْخ: سبعہ سیارہ سے ایک ستارہ کا نام جس کو ہندی میں منگل اور فارسی میں جلاد فلک کہتے ہیں۔
المُمْرُخَة: پکی کھجور۔ ج مُمْرُخ.
المُمْرُخ: دم پونچھ۔
المَمْرِیْخ: سینگ کے اوپر چھوٹا سینگ۔ ج

marfat.com
Marfat.com

اَمْرَخَة.
ثَوْرٌ اَمْرَخ: سپید سرخ داغ والا بیل۔
اَلْمَرْخَاء: چست تیز چلنے والی اونٹنی۔
مَرَدَ (ن) مُرُوْدًا ومَرْدَ (ک) مَرَادَةً ومُرُوْدَةً: سرکشی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔ ہمسروں سے سبقت لے جانا۔ مَرَدَ عَلَى النِّفَاقِ ونَحْوِهٖ: نفاق وغیرہ پر مداومت کرنا۔
مَرَدَ (ن) مَرْدًا الشَّيْءَ: نرم کرنا اور صاف کرنا۔ کاٹنا..... فُلَانًا: ہتک عزت کرنا..... الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا..... الصَّبِيَّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: ہاتھوں سے ملنا..... المَلَّاحُ السَّفِيْنَةَ: کشتی کو چپو سے چلانا..... الشَّيْءَ فِي الْمَاءِ: پانی میں ملنا..... الْغُصْنَ: ٹہنی کی چھال چھڑانا۔
مَرِدَ (س) مَرَدًا ومُرُوْدَةً. الْغُلَامُ: لڑکے کے دیر تک بے داڑھی کے رہنا..... الرَّجُلُ: دودھ میں بھگی ہوئی کھجور کھانے کی مداومت کرنا۔
مَرَّدَ تَمْرِيْدًا وتَمْرَادًا الْغُصْنَ: ٹہنی سے پتے جھاڑ دینا..... الْبِنَاءَ: عمارت کو ہموار و چکنا کرنا۔ لمبی کرنا..... لِلْحَمَّامِ تَمْرَادًا: کا بک میں چھوٹے چھوٹے خانے بنانا۔
تَمَرَّدَ: مدت تک بے داڑھی کے رہنا۔ نافرمانی کرنا..... عَلَى النَّاسِ: سرکشی کرنا..... الرَّجُلُ: ہمسروں سے بڑھ جانا۔ تکبر کرنا۔ سرکشوں کے پاس آنا۔
المَرَاد والمَرَّاد: گردن۔ ج مَرَادِيْد.
المَرْد: پیلو کا تازہ پھل۔
المُرْدِيّ: کشتی چلانے کا چپو۔ ج مَرَادِيّ.
المَارِد: قا۔ سرکش۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "بِنَاءٌ مَارِدٌ" بلند عمارت (اور یہ مجاز ہے) ج مَرَدَةٌ ومَارِدُوْنَ ومُرَّاد.
اَلْمِرِّيْد: سخت سرکش۔ بڑا شریر۔ ج مُرَدَاء
المَرِيْد: دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور۔
اَلْاَمْرَدُ: بے داڑھی کا جوان۔ فَرَسٌ اَمْرَدُ: گھوڑا جس کے کھر کے اردگرد بال ہوں۔ مؤنث مَرْدَاءُ ج مرد کہا جاتا ہے "مُرْدٌ عَلٰى جُرْدٍ" کم بال والے گھوڑوں پر بے داڑھی مونچھ کے جوان۔
اَلْمَرْدَاء: بے پتوں کا درخت۔ بنجر ریگستان۔ بنجر زمین۔ ج مَرَادٍ.
اَلْمِرْدَاد: کبوتروں کی کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے۔ ج مَرَادِيْد.
المِرِّيْد: سخت سرکش۔
اَلْمَرْدَقُوْش: دونا مردا۔ زعفران۔ رَجُلٌ مَرْدَقُوْشٌ: نرم کان والا مرد۔
مَرَدَ (ن) مَرْدًا. الْخُبْزَ: روٹی کو نرم کرنے کے لئے ملنا۔
مَرَزَهٗ (ن) مَرْزًا: کاٹنا۔ آہستہ آہستہ چٹکی لینا جس میں تکلیف نہ ہو اور جب تکلیف ہو تو اسے قرص کہتے ہیں..... الرَّجُلَ: عیب لگانا۔ ہاتھ سے مارنا..... الشَّيْءَ: ٹکڑا کرنا..... الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: بچے کا دودھ پیتے ہوئے پستان پر ہاتھ مارنا۔
مَارَزَهٗ مُمَارَزَةً: مشق کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔
اِمْتَرَزَ. عِرْضَهٗ: عیب لگانا..... شَرِيْكَهٗ: شریک کے مال کو اپنے مال سے جدا کرنا..... مِنْ مَالِهٖ مَرْزَةً: کچھ لے لینا۔
المُرْزَةِ والمِرْزَة: حصہ۔ ٹکڑا۔
المَرْزَتَان: لوسے اوپر ابھرا حصہ۔
المُرْزَة: ایک شکاری پرندہ جس کو عُقَيْب بھی کہتے ہیں۔
عِرْضٌ مَرِيْزٌ: آبرو جس کی بے عزتی ہوئی ہو۔
المَرْزُبَان عِنْدَ الفُرْسِ: رئیس۔ سردار۔ چودھری ج مَرَازِبَة. والمَرْزَبَةُ عِنْدَهُمْ: سرداری۔
المَرْزَبُخُوْش: دونا مردا۔
مَرَسَ (ن) مَرْسًا الدَّوَاءَ: پانی میں بھگونا اور ملنا..... الصَّبِيُّ اِصْبَعَهٗ: بچے کا انگلی کو منہ میں ڈال کے چوسنا..... يَدَهٗ بِالْمِنْدِيْلِ: ہاتھ پونچھنا..... حَبْلَ الْبَكَرَةِ: چرخی

سے اُتر کر ایک جانب ہو جانا۔
مَرِسَتْ (س) مَرَسًا الْبَكَرَةُ: رسّی کا چرخی اور اِدھر اُدھر کی لکڑی کے درمیان پھنس جانا۔ کہا جاتا ہے "مَرِسَتْ حِبَالُهٗ" یعنی اس کے امور گڑبڑ ہو گئے۔ مَرِسَ الرَّجُلُ: کاموں میں بہت مشغولیت والا ہونا۔
مَارَسَ مِرَاسًا ومُمَارَسَةَ الْاَمْرِ: مشق کرنا۔ محنت کرنا۔ ہمیشگی کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔ خود کو کسی کام میں لگانا۔
اَمْرَسَ. حَبْلَ الْبَكَرَةِ: چرخی پر رسّی کو دوبارہ چڑھانا۔
تَمَرَّسَ وامْتَرَسَ بِالشَّيْءِ: رگڑنا۔ تَمَرَّسَ بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا..... بِالرَّجُلِ: برائی کے درپے ہونا..... بِالدِّيْنِ: دین سے کھیلنا..... بِالشَّيْءِ: مارنا..... بِالنَّوَائِبِ والخُصُوْمَاتِ: حوادث اور جھگڑوں کا عادی ہونا۔ اِمْتَرَسَ الْخَطِيْئَةَ والاِثْمَ فِي الْخُصُوْمَةِ: خصومت میں اپنی بات پر اڑے رہنا۔
تَمَارَسَ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: باہم جنگ و پیکار کرنا۔
اَلْمَرْس: مص۔ لگاتار چال۔
اَلْمَرِس: کاموں میں زیادہ مشغولیت رکھنے والا۔ جنگ آزمودہ۔ رسّی جو چرخی سے علیحدہ ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰى مَرِسٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی اخلاق کے ہیں۔ ج اَمْرَاس.
اَلْمَرَسَة: رسّی۔ ج مَرَس و ج مَرَاسٍ.
اَمْرَاس المَرْكَب: سواری کی رسیاں۔
اَلْمِرَاس والمَرَاسَة: طاقت۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَهْلُ الْمِرَاسِ" وہ نرم مزاج ہے۔ اور اس کے مقابلہ میں صَعْبُ الْمِرَاسِ کہا جاتا ہے۔
اَلْمَرَّاس: مضبوط۔ طاقت ور۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ مَرَّاسَةٌ" سخت اور تھکا دینے والی رات۔
اَلْمَرْوَس: چرخی جس سے رسّی ایک طرف کو

marfat.com
Marfat.com

کر گئی ہو۔
المَرِیْس: پانی میں جھگوئی ہوئی کھجوریں وغیرہ۔
المَارِسْتَان والمَارِسْتَان: شفاخانہ ج مَارِسْتَانَات (وخیل)
مَرَشَ (ن) مَرْشًا وَجْهَهٗ: چہرہ نوچنا۔ کھرچنا۔ منہ سے کاٹنا۔ چٹکی لینا.....ہٗ: کلام سے ایذا پہنچانا۔ مَرَشَ المَاءُ: پانی بہنا۔ اِمْتَرَشَ الشَّیْءَ: کھینچنا۔ اُچک لینا.....لِعِیَالِهٖ: کمائی کرنا.....الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
المَرْشُ: مص۔ بارش سے صاف شدہ زمین۔ وہ زمین جو تھوڑی سی بارش میں بہہ نکلے۔ ج مُرُوْش وامْرَاش. المَرْش: پہاڑ کا پست حصہ۔
الْاَمْرَش: بہت شریر۔ مؤنث مَرْشَاء ج مُرْش. المَرْشَاء: ہر پاگل کٹ کھنا جانور۔ مختلف قسم کی گھاسوں والی زمین۔
المَرَّاش: بہت کماؤ۔
التَّمْرِیْش: تھوڑی بارش۔
مَرَضَ (ن) مَرْضًا الثَّدَیَ ونَحْوَهٗ: پستان کو انگلیوں سے دبانا۔
مَرِضَ (ن) مَرَضًا الرَّجُلُ: سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَمَرَّضَ القِشْرُ عَنِ الشَّعِیْرِ ونَحْوِهٖ: جو وغیرہ سے چھلکا اُتر جانا۔
اَلْمَمْطُوْلُ: مفع۔ لمبا کیا ہوا۔ پھیلایا ہوا۔ ٹالا ہوا۔

تَمَطْمَطَ: گفتگو یا لکھنے میں سستی کرنا۔

تَمَطْمَطَ الْمَاءُ: گاڑھا ہونا۔

مَطَا يَمْطُوْ مَطْوًا: چلنے میں جلدی کرنا۔ بِالْقَوْمِ: دیر تک چلانا۔

مَطِيَ يَمْطَى مَطًا: پھیلنا اور لمبا ہونا۔

اَمْطَى الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا۔ سواری بنانا۔ اَمْطَاهُ الدَّابَّةَ: سوار کرانا۔

اِمْتَطَى. الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔

تَمَطَّى: پھیلنا اور لمبا ہونا..... الرَّجُلُ: چلنے میں ہاتھوں کو پھیلانا اور انگڑائی لینا۔

اَلْمَطَا: مص۔ پٹھ۔ تثنیہ مَطَوَانِ ج اَمْطَاءٌ.

اَلْمِطْوُ وَالْمَطْوُ: شاخ جس کو چیر کر گٹھا باندھا جائے۔ ج مِطَاءٌ وَاَمْطَاءٌ وَمَطِيٌّ

اَلْمِطْوُ: ساتھی۔ نظیر۔ کھجور کا گچھا۔ چینا کی بالی ج مِطَاءٌ.

اَلْمُطَوَاءُ: بروزن غُلَوَاءُ: انگڑائی۔ لمبائی۔

اَلْمَطُوْءَةُ. مطا: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ مَطُوْءَةٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

اَلْمَطِيَّةُ: سواری۔ مذکر مؤنث دونوں کے لئے ہے بعیر اور ناقة: دونوں کو مَطِيَّةٌ کہتے ہیں۔ ج مَطَايَا وَمَطِيٌّ.

اَلْاُمْطِيُّ: سیدھے لمبے قد والا۔ ایک قسم گوند کی جو کھایا جاتا ہے۔

مَظَّهٗ (ن) مَظًّا: ملامت کرنا۔

marfat.com

Marfat.com

مَاظَه مِظَاظًا ومُمَاظَةً: جھگڑا کرنا۔گالی دینا۔مَاظَّ الْخَصْمَ: چمٹے رہنا۔
اَمَظَّهُ: گالی دینا۔
تَمَاظُّوا: باہم جھگڑنا۔باہم گالی گلوچ کرنا۔
السَّمَظُّ: مص۔جنگلی انار کا درخت۔ایک قسم کے گوند کا سرخ رنگ کا عصارہ۔
المَظَاظَة: سختی و بدمزاجی۔
مَظَعَ (ف) مَظْعًا ومَظَّعَ الْوَتَرَ: تانت کو خشک اور چمکیلا کرنا۔
تَمَظَّعَ الْمَاكُولَ: سب کا سب چاٹ جانا۔
.....الظِّلَّ: سایہ ڈھونڈتے پھرنا.....فِي الرَّعْيِ: چرانے کے وقت سے دیر کرنا۔
المُظْعَة: گھاس کا بقیہ۔
المَظْعَة: باقی ماندہ گفتگو۔
مَعَ ومَعْ: اسم ہے جو مضاف ہو کر مستعمل ہے اور ظرف ہے اور اس وقت اس کے تین معانی ہوتے ہیں۔
(۱) اجتماع اور مصاحبت جیسے "اللّٰهُ مَعَكُمْ" اور اَفْعَلُ هٰذَا مَعَ هٰذَا۔
(۲) وقت اجتماع۔جیسے جِئْتُكَ مَعَ الْعَصْرِ۔
(۳) بمعنی عند جیسے جِئْتُ مِنْ مَعَ الْقَوْمِ اور بلا مضاف ہوئے بھی مستعمل ہے اس وقت اس پر تنوین آتی ہے اور حال واقع ہوتا ہے اور یہی تثنیہ اور جمع کے لئے بھی آتا ہے۔جیسے "جَاءَ زَيْدٌ وعَمْرٌو مَعًا وجِئْنَا مَعًا" اور نسبت کے لئے مَعِي اور اسی سے واو معیت ہے۔
مَعَّ (ن) مَعًّا الشَّحْمِ: چربی کا پگھلنا۔
مَعَتَ (ف) مَعْتًا الشَّيْءَ: ملنا دلنا۔
مَعَجَ (ف) مَعْجًا الفَرَسُ: نرمی کے ساتھ تیز رفتار ہونا۔صفت مَعُوج. مَعَجَ الْبَحْرُ: سمندر کا موج مارنا.....السَّيْلُ: سیلاب کا تیز بہنا.....بِالْقَلَمِ فِي الدَّوَاةِ: قلم کو روشنائی لگنے کے لئے دوات میں ہلانا.....الفَصِيلُ ضَرْعَ اُمِّهِ: اُونٹ کے بچہ کا دودھ اتارنے کے لئے تھن پر سر مارنا اور کہا جاتا "الرِّيحُ تَمْعَجُ فِي النَّبَاتِ" ہوا پودوں کو اِدھر اُدھر کر رہی ہے.....الْجَارِيَةَ: جماع کرنا.....السَّرْجَلَ: جنگ کرنا۔تلوار مارنا۔
مُعَجَتِ النَّبَاتُ: لہلہانا۔
تَمَعُّجُ السَّيْلِ او الْحَيَّةِ: سیلاب یا سانپ کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔
المَعْج: مع۔اضطراب۔مقاتلہ۔نرمی سے ہوا کا چلنا۔
المَعْجَة.مَعَج: کا اسم مرۃ۔جوانی کا آغاز۔کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ فِي مَعْجَةِ شَبَابِهِ" اس نے یہ اپنی جوانی کے شروع میں کیا۔
المَعَّاج: اسم مبالغہ۔حِمَارٌ مَعَّاجٌ: دوڑنے میں اِدھر اُدھر ہونے والا گدھا۔
رِيحٌ مَعُوجٌ: تیز چلنے والی ہوا۔
فَرَسٌ مِعْمَعٌ: نرمی کے ساتھ تیز رفتار گھوڑا۔
مَعَدَ (ف) مَعْدًا الشَّيْءَ: چھین لینا۔اچک لینا۔لے لینا.....الرُّمْحَ: مرکز سے کھینچنا.....فِي الْاَرْضِ: دور تک جانا.....الشَّيْءُ: تباہ ہونا.....لَحْمَهُ: گوشت کو اگلے دانتوں سے کھانا.....السَّيْفُ: تلوار سونتنا.....الرَّجُلَ: معدہ پر مارنا(.....مَعْدًا ومُعُودًا) بِالشَّيْءِ لے جانا.....الدَّلْوَ وبِهَا: ڈول کھینچنا اور کنوئیں سے نکالنا۔
مُعِدَ: درد معدہ والا ہونا۔صفت مَمْعُود.
اِمْتَعَدَ الشَّيْءَ: چھین لینا۔اچک لینا۔لے جانا۔
المَعْد: مص۔موٹا۔نرم سبزی۔تر و تازہ پھل۔تیز رفتار اونٹ۔کہا جاتا ہے "مَالَهُ تُعْدٌ ولَا مَعْدٌ" اس کے پاس نہ قلیل ہے نہ کثیر۔
المَعَدَّ: پیٹ۔پہلو۔
المَعِدَة والمِعْدَة آنتوں میں پہنچنے سے پہلے کھانا ہضم ہونے کی جگہ۔ج مَعِدٌ ومِعَدٌ.

تَمَعْدَدَ الْغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا.....
المَعْرُوضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا.....
المَهْزُولُ: موٹا ہونے لگنا۔
مَعِرَ (س) مَعَرًا الرِّيشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا.....الناصِيَةُ: پیشانی کے سب بال گر جانا.....الظُّفُرُ: ناخن کا چوٹ وغیرہ لگنے سے گر جانا۔
مَعَّرَ: مفلس ہونا.....وَجْهَهُ: چہرہ کا غصہ سے بدلنا۔
اَمْعَرَ الرِّيشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا.....الرَّجُلُ: محتاج ہو جانا۔اَمْعَرَتِ الْاَرْضُ: کم نباتات والی ہونا.....الرَّجُلَ: مال چھین کر فقیر بنا دینا۔
القَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔بے سبزی والی زمین میں پڑنا.....الْمَوَاشِيُ الْاَرْضَ: چر کر صاف کر دینا۔
تَمَعْمَدَ وَجْهُهُ: چہرے کا رنگ بدل جانا.....
رَاسُهُ: سر کے بال گر جانا۔
المَعَارَّة: بدخلقی۔غصہ کی وجہ سے ترش رو۔
المَعِر: کم بال یا کم پروں والا۔چوٹ لگنے سے گرنے والا۔ناخن۔بے برکت بخیل مرد۔کم گوشت والا۔اَرْضٌ مَعِرَةٌ: کم نباتات والی زمین۔
الاَمْعَر: کم بال۔الا۔کم نباتات والی جگہ۔چمڑے کا موزہ۔جس کے بال گر گئے ہوں۔مؤنث مَعْرَاءُ ج مُعْر. نَاصِيَةٌ مَعْرَاءُ: بے بال کی پیشانی۔
المَمْعُور: مفع۔غصہ کی وجہ سے ترش روئی۔
مَعِزَ (س) مَعَزًا الشَّيْءُ: سخت ہونا۔صفت مَعِزٌ ومَاعِزٌ..... الرَّجُلُ: اپنے کام میں کوشش کرنا.....واَمْعَزَ الرَّجُلُ: بہت بکریوں والا ہونا۔
مَعَزَ (ف) مَعْزًا. الرَّاعِي المعزىٰ عَنِ الضَّانِ: بکریوں کو بھیڑوں سے جدا کرنا۔
تَمَعَّزَ وَجْهُهُ: چہرہ کا سکڑنا.....البَعِيرُ: تیز دوڑنا۔
اِسْتَمْعَزَ: کام میں کوشش کرنا۔کہا جاتا ہے مَا

marfat.com
Marfat.com

اَمْعَزُ مِنْ رَجُلٍ: یعنی کس قدر قوی اور سخت ہے۔ "وَمَا اَمْعَزَ رَایَہ" وہ کس قدر مضبوط رائے والا ہے۔
المَعْز والمَعَز: بکری۔ یہ اسم جنس ہے۔ واحد مَاعِزٌ ج اَمْعُز ومَعِیْز. المَعَز: زمین کی سختی۔
الاَمْعُوْز ج اَمَاعِز واَمَاعِیْز والمَعِیْز والمِعْزَیٰ والمَعَانِ: بکری۔ الاَمعوز تیس سے چالیس تک ہرنوں کی جماعت۔
المَعَاعِز: فا۔ معز کا واحد (جیسے صاحب وصحب) بمعنی بکرا بکری۔ اور کبھی بکری کو مَاعِزَة کہتے ہیں) جمع مَوَاعِز. المَاعِز والمَعِز والمُسْتَمْعِز اپنے کام میں کوشش کرنے والا۔ والمَاعِز: بکری۔ بکری کی کھال' مرد تیز طبیعت چالاک دوسروں کو منع کرنے والا۔
المِعْزَاة: بکری۔
الاَمْعَز: بہت کنکر پتھر والی سخت جگہ مؤنث مَعْزَاء ج مُعْز ومَعْزَاوَات واماعِز.
المَعَّاز: بکری والا۔ بکریوں کا چرواہا۔
المَعْزِیّ: بخیل جو مال جمع کرے اور سائل کو منع کرے۔
رَجُلٌ مُمَعَّزٌ: خلقتاً سخت کھال والا مرد۔
مَعَسَ (ف) مَعْسًا الشَّیْءَ: سخت ملنا..... الرَّجُلَ: بے عزتی کرنا۔ نیزہ مارنا۔
المَعْس: دودھ۔ حرکت۔
المَعَّاس والمُتَمَعِّس: لڑائی میں پیش قدمی کرنے والا۔
مَعِصَ (س) مَعَصًا الرَّجُلُ: موچ والا ہونا یا بہت چلنے سے پٹھوں میں درد والا ہونا۔ صفت مَعِص ومَعِیْص.
تَمَعَّصَ بَطْنُہٗ: پیٹ کا دردمند ہونا..... الرَّجُلُ: شرمندہ ہونا۔
مَعِضَ (س) مَعَضًا وامْتَعَضَ مِنَ الاَمْرِ: غضبناک ہونا اور کام کا دشوار ہونا۔ صفت مَعِض ومَاعِض.
مَعَّضَہٗ واَمْعَضَہٗ: غضبناک کرنا۔ دردمند کرنا۔ اَمْعَضَ الشَّیْءُ: جلانا۔
مَعَطَ (ف) مَعْطًا الشَّیْءَ: کھینچنا..... الرِّیْشَ: پر اکھیڑنا..... بِحَقِّ فُلَانٍ: ٹالنا (..... وامْتَعَطَ) السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔ مَعَطَ الجَارِیَةَ: جماع کرنا..... الجَسَدُ: جسم کا بے بال ہونا۔
مَعِطَ (س) مَعَطًا وتَمَعَّطَ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا گرے ہوئے بال والا ہونا۔ صفت مَعِطٌ واَمْعَط.
تَمَعَّطَ واَمْعَطَ وانْمَعَطَ وامْتَعَطَ الشَّعْرُ: بیماری کی وجہ سے بال گر جانا۔ اِمْعَطَ وامْتَعَطَ النَّهَارُ: دن کا دراز ہونا۔ اِمْتَعَطَ رُمْحَہٗ: نیزہ کھینچنا۔
المَعِط والاَمْعَط: جسم پر بے بال والا۔ مؤنث مَعْطَاء ج مُعْط. ولِصٌّ اَمْعَطُ: بھیڑیے کے مشابہ چور۔ رَمْلٌ اَمْعَطُ: بغیر نباتات کے ریگستان اَرْضٌ مَعْطَاءُ: بغیر نباتات والی زمین۔
مَعَقَہٗ (ف) مَعْقًا: ڈگڈگا کے پینا۔ مَعَقَ السَّیْلُ الاَرْضَ: سیلاب کا زمین کو بہالے جانا۔
مُعِقَ مَعْقًا. الرَّجُلُ: فاسد معدہ والا ہونا۔
مَعُقَ (ک) مَعْقًا ومَعَاقَةً النَّهْرُ: گہرا ہونا۔ صفت مَعِیْقٌ مؤنث مَعِیْقَةٌ.
اَمْعَقَ البِئْرَ: کنواں گہرا کھودنا۔
تَمَعَّقَ: گہرا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَمَعَّقَ الرَّجُلُ عَلَیْنَا" یعنی اس نے ہم سے بدخلقی کی۔
المَعْق والمَعَق والمُعْق: گہرائی۔ ج اَمْعَاق واَمَاعِق واَمَاعِیْق. المَعْق: بدخلقی۔ بے نباتات والی زمین۔
مَعَكَ (ف) مَعْكًا الشَّیْءَ: ملنا..... الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔ بے عزتی کرنا..... فُلَانًا فِی الخُصُوْمَةِ: غالب آنا۔ مَعَكَہٗ دِیْنَہٗ وبِدَیْنِہٖ: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
مَعُكَ (ک) مَعَاكَةً: بے وقوف ہونا۔
مَعَّكَہٗ: زمین میں لوٹانا۔
تَمَعَّكَ: زمین میں لوٹنا۔
مَاعَكَہٗ مُمَاعَكَةً بِدَیْنِہٖ: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
المِعْكَك: بے وقوف۔ سخت جھگڑالو (..... والمِمْعَك) قرض کو ٹالنے والا۔
اَلْمَعْكُوْنَةُ: مشہور کھانے کا نام۔
اِبِلٌ مَعْكَى: بہت اونٹ۔
المَعْكُوْكَاء: گرد وغبار۔ شور وغوغا۔ بدی۔
مَعَلَ (ف) مَعْلاً الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اُچک لینا..... الخَشَبَةَ: لکڑی چیرنا..... اَمْرَہٗ: کام کو ساتھیوں سے پہلے کر لینا..... الرَّجُلُ: تیز چلنا..... الحِمَارَ: گدھے کو خصی کرنا۔ مَعَلَہٗ واَمْعَلَہٗ عَنِ الشَّیْءِ: جلدی سے ہٹا دینا۔
اِمْتَعَلَ الرَّجُلُ: پے در پے نیزہ مارنا۔
المَعِل مِنَ النَّاسِ: پھرتیلا' جلد باز۔
المَعْل: مص۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ مِنْہُ مَعْلٌ" تیرے لئے ضروری ہے۔
المَعَالَة: بدی۔
حِمَارٌ مَمْعُوْل: خصی کیا ہوا گدھا۔
مَعْمَعَ: جلدی کام کرنا..... الشَّیْءُ المُحْتَرِق: جلتی ہوئی چیز سے آواز نکلنا..... القَوْمُ: سخت جنگ کرنا۔ سخت گرمی میں چلنا..... الرَّجُلُ: گفتگو میں لفظ مع اکثر بولنا..... السَّمَاءُ المَطَرَ عَلَی الاَرْضِ: سخت بارش گرانا اور زمین کو صاف کر دینا۔
المَعْمَع: تیز خاطر عورت اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْمَعْمَعٍ" وہ اُمور پر صبر کرنے والا ہے۔
المَعْمَعَة: مص۔ بانس وغیرہ جلنے کی آواز۔ لڑائی میں بہادروں کا شور۔ گرمی کی شدت ج مَعَامِع المَعَامِع: لڑائیاں اور فتنے۔
المَعْمَعِیّ: جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو اور ہر ایک سے کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔
المَعْمَعَان والمَعْمَعَانِی مِنَ الاَیَّامِ: سخت گرم۔ المَعْمَعَان: سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِیْ مَعْمَعَانِ الصَّیْفِ" یعنی

marfat.com
Marfat.com

وہ سخت گرمی میں آیا۔ وَفِیْ مَعْمَعَانِ الشِّتَاءِ: یعنی وہ سخت جاڑے میں آیا۔
مَعَنَ (ن) مَعْنًا النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا..... بِالْحَقِّ: حق کا انکار کرنا۔ حق کا اقرار کرنا۔ (ضد)
مَعِن (ف) مَعْنًا ومَعُنَ (ک) مُعُوْنًا الْمَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ صفت مَعِیْن. مَعَنَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا دور تک دوڑنا..... الْمَطَرُ الْاَرْضَ: پے در پے بارش ہو کر سیراب کر دینا۔
مَعِنَ (س) مَعَنًا الْمَكَانُ او النَّبْتُ: پانی سے سیراب ہونا۔
اَمْعَنَ فِی الطَّلَبِ: ڈھونڈنے میں بہت مبالغہ کرنا..... فِی الْاَمْرِ: معاملے کی گہرائی میں پہنچنا۔
الضَّبُّ فِیْ جُحْرِہٖ: گوہ کا سوراخ کے انتہائی حصے میں غالب ہونا..... الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں دور دور تک پہنچنا..... النَّظَرَ فِی الْاَمْرِ: نہایت غور کے ساتھ سوچنا..... الْوَادِیْ: زیادہ بہتے ہوئے پانی والی ہونا..... مَالُہٗ: بہت ہونا' کم ہونا..... بِالْحَقِّ: حق کا انکار کے بعد اقرار کرنا۔ انکار کرنا..... الْمَاءُ: پانی کا آہستہ آہستہ بہنا..... فُلَانٌ الْمَاءَ: پانی بہانا۔ اَمْعَنَتِ الْاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔
تَمَعْنَنَ: ذلیل وحقیر ہونا۔
الْمَعْنُ: مص۔ ہر نفع اٹھانے کی چیز۔ بہت کم۔ آسان۔ لمبا۔ کوتاہ۔ ادھوڑی۔ سرخ کھال جو ٹوکری وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔ ذلت۔ کھلے میدان کا پانی۔
الْمَعَنَّةُ. مَعَن: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ سَعْنَةٌ ولا مَعْنَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
الْمَعْنِیُّ: بہت مال والا۔ کم مال والا۔
الْمَعَانُ: منزل۔
الْمَاعُوْنُ: بارش۔ پانی۔ ہر وہ خانگی سامان جس سے خود نفع اٹھایا جائے اور دوسروں کو عاریت پر دیا جائے (جیسے ہانڈی' چمچہ' ڈول' رسی وغیرہ وغیرہ) بھلائی۔ فرمانبرداری۔ زکوٰۃ..... عِنْدَ الْعَامَّةِ: کاغذ کا دستہ یا رِم۔
الْمَعِیْن: بہتا ہوا پانی اور کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَعِیْنٌ" جاری پانی "سِقَاءٌ مَعِیْنٌ" بہتے ہوئے پانی والا مشکیزہ۔ ج مُعُنَات ومُعُن.
الْمُعُنَات والْمُعُنَان: پانی بہنے کی جگہ' وادی میں پانی کے نالے۔
كَلَا مَمْعُوْن: گھاس جس میں پانی جاری ہو
رَوْضٌ مَمْعُوْن: جاری پانی سے سیراب کیا ہوا باغ۔
تَمَعْنَی یَتَمَعْنَی: معنی سمجھنا۔ معنی بیان کرنا۔
مَعَا یَمْعُوْ مُعَاءَ الْبَعُوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَمْعَی النَّخْلُ: پکنے کے بعد کچھ خشک کھجوروں والا ہونا..... الْبُسْرُ: گدر کھجور کا خوش مزہ ہونا۔
تَمَعَّی الشِّقَاءُ: مشکیزہ کا تن جانا.....
الشَّرُّ بَیْنَ النَّاسِ: برائی کا پھیلنا۔
الْمَعْوُ: تر کھجور جو کچھ خشک ہونے لگے۔ اونٹ کے نچلے ہونٹ کی پھٹن۔
الْمَعْیُ والْمِعًی ج اَمْعَاء. والْمِعَاءُ ج اَمْعِیَة آنت مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
مَغَثَ (ف) مَغْثًا الدَّوَاءَ فِی الْمَاءِ: دوا کو پانی میں نرم کرنا..... الرَّجُلَ: غیر تکلیف دہ مارنا۔ پچھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَغَثَتْهُمُ الْحُمّٰی" ان کو بخار آ گیا۔ مَغَثَهٗ فِی الْمَاءِ: پانی میں ڈبونا۔ مَغَثَ الشَّیْءَ: گڈمڈ کرنا..... عِرْضَ فُلَانٍ: عیب لگانا۔
مُغِثَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔
مَاغَثَهٗ مِغَاثًا ومُمَاغَثَةً: جھگڑا کرنا۔
الْمَغْث: مص۔ انگلیوں سے مل کر نرم کرنا۔ برائی۔ مقاتلہ ج مِغَاث.
الْمِغْث: سخت قسم کا پہلوان۔
الْمَغْثُ: گھاس جس کا پانی نہ نچوڑا ہو۔ شریر مرد۔
الْمُغَاث: چوڑے پتوں اور سفید پھولوں کا ایک درخت۔
الْمَمْغُوْث: بخار زدہ۔ بارش سے بچھی ہوئی گھاس۔
مَغَجَ (ن) مَغْجًا الرَّجُلُ: دوڑنا۔ چلنا۔
مَغَدَ (ف) مَغْدًا الشَّیْءَ: چوسنا۔
الْفَصِیْلُ اُمَّهٗ: اونٹ کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا..... النَّبَاتُ: نباتات لمبی ہونا..... الرَّجُلُ فِیْ عَیْشِهٖ: آسودہ زندگی گزارنا..... شَعْرَهٗ: بال اکھیڑنا..... الْعَیْشُ الْبَدَنَ: موٹا تازہ کر دینا..... فُلَانٌ: کامل جوان ہونا..... الْجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
مَغَدَ (ف) ومَغِدَ (س) مَغَدًا الْبَدَنُ: بدن کا موٹا ہونا۔
اَمْغَد: دیر تک پینا..... الصَّبِیَّ: بچے کو دودھ پلانا۔
الْمَغْد: مص۔ عَیْشٌ مَغْدٌ: آسودہ زندگی۔
الْمَغْدُ: ببول کا گوند' بیری کا گوند..... بروج الضم (ایک دوا کا نام) اور بقول بعض بیگن۔ ایک پھل جو ککڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے باریک' نازک اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ بڑا ڈول۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہ۔ ہر موٹی لمبی چیز۔ موٹا اونٹ۔
مَغَرَ (ف) مَغْرًا فِی الْبِلَادِ: تیز جانا..... بِهٖ بَعِیْرُهٗ: لے کے تیز دوڑنا۔
مَغَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرو سے رنگنا۔
اَمْغَرَهٗ بِالسَّهْمِ: آر پار کر دینا۔ اَمْغَرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا مرض کی وجہ سے سرخ دودھ والی ہونا۔ صفت مُمْغِر.
الْمَغْرَة والْمَغْرَة: گیرو۔
الْمَغْر والْمُغْرَة: غیر خالص سرخی کا رنگ۔
الْمَغَارَة: دیکھئے مادہ غور۔
الْاَمْغَرُ: غیر خالص سرخ رنگ والا۔ وہ شخص جس کے چہرہ میں خالص سفیدی میں سرخی

marfat.com
Marfat.com

جلتی ہوئی۔
لَبَنٌ مَغِيْرٌ: سرخ دودھ خون ملا ہوا۔
الْمَمْغَرَة: وہ زمین جہاں سے گیرو نکلے۔
مَغَسَ (ف) مَغْسًا بِيَدِهٖ: چھونا..... بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا..... اَلْمَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
مُغِسَ: آنتوں میں درد والا ہونا۔
مَغِصَ (س) مَغَصًا وَمُغِصَ مَغْصًا: آنتوں میں درد اور مڑوڑ ہونا۔ صفت مَمْغُوْص.
اَمْغَصَهٗ: مڑوڑ اور اینٹھن والا کرنا۔
تَمَغَّصَ بَطْنُهٗ: مڑوڑ اور اینٹھن لاحق ہونا۔ دردناک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَغَّصَ بَطْنِيْ" یعنی درد میں مبتلا کیا۔ "تَمَغَّصَنِي الشَّيْءُ وَتَمَغَّصْتُ مِنْهُ" اس نے مجھے تکلیف دی۔
اَلْمَغَصُ: مص۔ آنتوں میں مڑوڑ اور اینٹھن۔
اَلْمَغَصُ: عمدہ اونٹ ج اَمْغَاص واحد مَغَصَةٌ.
مَغَطَ (ف) مَغْطًا وَمَغَطَ الشَّيْءَ: لمبا ہونے کے لئے کھینچنا۔
تَمَغَّطَ وَامْتَغَطَ الشَّيْءُ: کھنچنا اور طویل ہونا۔
تَمَغَّطَ الْبَعِيْرُ: دوڑنے میں اگلے پیروں کو پھیلانا..... اَلْفَرَسُ: بہت زیادہ دوڑنا۔
اِمْتَغَطَ: کھنچنا اور طویل ہونا..... اَلسَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
اَلْمُمْتَغِطُ: انتہائی لمبا۔
مَغِلَ (ف) مَغَلًا وَمَغَالَةً بِالرَّجُلِ: چغل خوری کرنا۔
مَغِلَتْ (س) مَغَلًا عَيْنُهٗ: خراب ہونا۔
اَلْحَامِلُ بِوَلَدِهَا: زمانۂ حمل میں دودھ پلانا۔
مَغَلَتْ (ف) وَمَغِلَتْ (س) مَغَلًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کے پیٹ میں مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے درد ہونا۔ صفت مَغِلَةٌ وَمَمْغُوْلَةٌ: اور اسم المَغْلَة.
اَمْغَلَ الْقَوْمُ: مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے پیٹ میں درد ہونے والے جانور کا مالک ہونا..... اَلْحَامِلُ وَلَدَهَا: زمانۂ حمل کا دودھ پلانا..... بِهٖ عِنْدَ السُّلْطَانِ: چغل خوری کرنا۔
اَلْمَغْلُ وَالْمُغْلُ: زمانۂ حمل میں عورت کا دودھ
اَلْمُغْلُ: آنکھ کا کیچڑ۔ ج اَمْغَال.
اَلْمُغْلُ: ایک قوم کا نام۔ ج مُغُوْل.
اَلْمَغْلَة: مَغِلَ کا اسم مرۃ۔ فساد۔ سال میں دو مرتبہ بچے جننے والی بھیڑ یا بکری۔ ج مِغَال.
اَلْمَغَالَة: مص خیانت۔ فریب۔
مَغْمَغَ اللَّحْمَ: گوشت کو نرم نرم چبانا۔
اَلْكَلَامَ: مبہم کہنا..... اَلشَّيْءَ: گڈمڈ کرنا..... فِيْ عَمَلِهٖ: ناقص وردی طریقے سے کرنا..... اَلْاَمْرُ: خلط ملط ہونا..... اَلْكَلْبُ فِي الْاِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔
اَلْمَغْطِيْس وَالْمَغَاطِيْس: چمک پتھر۔
مَغَا يَمْغُوْ مَغْوًا اَلسِّنَوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَلْمُغَاء وَالْمُغْوُ: بلی کی آواز۔
مَغَى يَمْغِي مَغْيًا: غیر مفہوم گفتگو کرنا۔
تَمَغَّى الْاَدِيْمُ: چمڑے کا ڈھیلا پڑنا۔
اَلْمَغْيُ مص ..... فِي الْاَدِيْمِ: چمڑے کا ڈھیلا پن۔
فِي الْاِنْسَانِ: ذرا قایا واقعی طور پر وہ کچھ کہنا جو اس کے اندر نہ ہو۔
مَفَجَ (ف) مَفْجًا الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔
رَجُلٌ مَفَاجَةٌ: بے وقوف مرد۔
مَقَّ (ن) مَقًّا الشَّيْءَ: چیز کو کھولنا..... اَللّٰهُ عَيْنَهٗ: اکھیڑنا۔
مَقَّقَ الطَّائِرُ فَرْخَهٗ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا۔
عَلٰى عِيَالِهٖ: فقیری یا بخل سے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔
تَمَقَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا پینا..... مَا فِي الْعَظْمِ: ہڈی سے سارا گودا نکال لینا..... وَامْتَقَّ) الْفَصِيْلُ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
اَلْمَقُّ: پتلے پن کے ساتھ بہت لمبائی۔ ہر دو چیزوں کے درمیان دوری۔
اَلْمَقَقَةُ: دودھ پینے والے بچے۔ جاہل لوگ۔ تھوڑی تھوڑی شراب پینے والے۔
الْاَمَقُّ: پتلے پن کے ساتھ بہت لمبا۔ مؤنث مَقَّاء ج مُق. بَلَدٌ اَمَقُّ وسیع شہر۔ فَخِذٌ مَقَّاء: گوشت سے خالی ران۔ ج مُقٌّ.
مَقَتَ (ن) مَقْتًا وَمَاقَتَ الرَّجُلُ: بہت بغض رکھنا۔
مُقِتَ (ک) مَقَاتَةً فُلَانٌ اِلَى: ناپسند ہونا۔
مَقَّتَهٗ: بہت بغض رکھنا۔ مَقَّتَهٗ اِلَى قُبْحِ فِعْلِهٖ: مبغوض کر دینا۔
تَمَقَّتَ اِلَيَّ: ناپسند ہونا۔
تَمَاقَتُوْا: بعض کا بعض کے ساتھ بغض رکھنا۔
اَلْمَقْت: مص زَوَاجُ الْمَقْتِ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنا۔
اَلْمَقْتِيُّ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنے والا۔
اَلْمَقِيْت وَالْمَمْقُوْت: ناپسند۔
مَقَرَ (ن) اَلسَّكْمَةَ مَقْرًا عُنُقَهٗ: لاٹھی مار کر گردن توڑ دینا..... اَلْمَالِحَةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔
مَقِرَ (س) مَقَرًا الشَّيْءُ: کڑوا یا کھٹا ہونا۔ صفت مَقِر.
اَمْقَرَ السَّمَكَةَ الْمَالِحَةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا..... اَلشَّيْءُ: کڑوا ہونا..... اَللَّبَنُ: دودھ کا بے مزہ ہونا۔
اِمْتَقَرَّ الرَّكِيَّةَ: پانی ختم ہونے کے بعد کنوئیں کو پھر کھودنا۔
اِمْقَرَّ اِمْقِرَّارًا. الرَّجُلُ: ابھری ہوئی رگ والا ہونا۔
اَلْمَقْر وَالْمَقِر: ایلوا یا اس کے مشابہ کڑوی چیز۔
اَلْمَمْقُوْر: سرکہ میں بھگوئی ہوئی نمکین مچھلی۔
اَلْمُمْقِر: کم پانی والا کنواں۔
مَقَسَ (ن) مَقْسًا اَلْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
اَلشَّيْءَ فِي الْمَاءِ: پانی میں ڈبونا..... الْمَاءَ:

marfat.com
Marfat.com

پانی کا جاری ہونا..... فُلانٌ فِی الْاَرْضِ : جانا۔
مَقِسَ (س) مَقَسًا وتَمَقَّسَتْ نَفْسُهُ : جی متلانا۔
مَاقَسَهُ مُمَاقَسَةً: باہم ڈبونا۔غواصی میں مقابلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "هُوَ يُمَاقِسُ حُوتًا" وہ مچھلی سے غوطہ زنی میں مقابلہ کرتا ہے۔اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ اپنے سے زیادہ قوی سے جھگڑا کرے۔
مَقَطَهُ (ن ض) مَقْطًا: غصہ میں ڈالنا مَقَطَهُ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔مَقَطَ الشَّيْءَ: باندھنا۔مضبوط بٹی ہوئی رسّی سے باندھنا .....عُنُقَهُ: توڑ دینا.....الْكُرَةَ: زمین پر مارنا پھر اٹھانا.....هُ بِالْاَيْمَانِ: قسم دلانا..... الْحَبْلَ: رسی بٹنا.....الشَّيْءَ: گھونٹ لگانا۔ مَقَطَ بِالْقِرْنِ ومَقَطَهُ ومَقَّطَهُ: پچھاڑنا..... مَقَطَ بِالْاِبِلِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا۔
الْمَاقِطُ: فا۔کنکری ڈال کر شگون لینے والا۔ ڈول کی رسّی۔
الْمِقَاطُ: مضبوط بٹی ہوئی چھوٹی رسّی۔ج مُقُط.
الْمَقِطُ: چھ مہینے میں پیدا ہونے والا بچہ۔
الْمُقْطُ: پرندہ پھنسانے کا دھاگہ۔ج اَمْقَاط.
مَقَعَ (ف) مَقْعًا الشَّرَابَ: ڈگڈگا کے پینا۔
.....هُ بِشَرٍّ: تہمت لگانا.....الْفَصِيلُ اُمَّهُ: اونٹ کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
اِمْتَقَعَ الْفَصِيلُ مَافِي ضَرْعِ اُمِّهِ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
اُمْتُقِعَ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدلنا۔
الْمَقْع: مص۔ٹھہرا ہوا پانی۔ج اَمْقُع.
مَقَلَهُ (ن) مَقْلًا دیکھنا۔کہا جاتا ہے "مَقَلَتْهُ عَيْنِي" میری آنکھ نے اس کو دیکھا "وَمَا مَقَلَتْ عَيْنَايَ مِثْلَهُ" میری آنکھوں نے اس کی مانند نہیں دیکھا۔

.....هُ: پانی میں ڈبونا۔مَقَلَ فِي الْاِنَاءِ: غوطہ لگانا۔
.....الْمَقْلَةَ: برتن میں کنکری رکھنا اور پھر اس پر پانی ڈالنا اور جب پانی اس سے اوپر آ جائے تو تقسیم کرنا تا کہ اس طرح سب کو برابر برابر پانی مل جائے۔
مَاقَلَهُ: ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
تَمَاقَلَا: باہم غوطہ زنی کرنا۔
اِمْتَقَلَ: بار بار غوطہ لگانا۔
الْمَقْل: مص۔کنوئیں کی تہ کنوئیں کی تہ کی مٹی یا کنکری۔سمندر میں غوطہ لگانے کی جگہ۔
الْمُقْل: گوگل کا پھل۔گوگل۔
الْمَقْلَة.مقل: کا اسم مرۃ۔کنوئیں کی تہ۔ کنکری جس کو سفر کی حالت میں پانی کی کمی کی وجہ سے برتن میں رکھتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اور جب پانی اس سے اوپر آ جاتا تھا تو پلاتے تھے تا کہ اس طرح پانی سب کو برابر پہنچ جائے۔
الْمُقْلَة: آنکھ کا ڈھیلا۔آنکھ۔ج مُقَل.
مَقْمَقَ الشَّيْءُ: نرم اور آسان ہونا..... الشَّيْءَ: ذلیل کرنا.....الْوَلَدُ اُمَّهُ: زور سے چوسنا۔
الْمُقَامِق: حلق کے انتہائی حصے سے بولنے والا۔
مَقِهَ (س) مَقَهًا: سرخ پلکوں والا ہونا۔ صفت اَمْقَهُ.
الْمَقَهُ: سفیدی مائل نیلگونی اور یہ مذموم ہے۔
الْاَمْقَهُ: دور۔بنجر زمین۔سرخ پلکوں والا۔ خود سر آدمی جو یہ نہ جانتا ہو کہ کدھر جا رہا ہے۔مؤنث مَقْهَاءُ ج مُقْهٌ.
مَقَا يَمْقُو مَقْوًا ومَقَى يَمْقِي مَقْيًا السَّيْفَ: تلوار پر صیقل کرنا۔مَقَا الْفَصِيلُ اُمَّهُ: زور سے دودھ پینا۔مَقَا الطَّسْتَ: دھونا۔
مَكَّ (ن) مَكًّا وتَمَكَّكَ وامْتَكَّ

الشَّيْءَ: ہلاک کرنا۔برباد کرنا.....غَرِيمَهُ قرض دار سے وصولی میں اصرار کرنا۔
اِمْتَكَّ وتَمَكَّكَ الْفَصِيلُ مَافِي ضَرْعِ اُمِّهِ: سب کچھ چوس لینا۔
مَكَّكَ عَلَى غَرِيمِهِ: قرض دار سے اصرار کرنا۔
الْمُكَاك والْمُكَاكَة: ہڈی کا گودا۔
الْمَكُّوك: پینے کا پیالہ ڈیڑھ صاع کا پیمانہ۔کپڑا بننے کی نال۔ج مَكَاكِيك.
مَكَثَ (ن) مَكْثًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
اِسْتَمْكَثَ: پھنسی کا پیپ سے بھرنا۔
مَكَثَ (ن) مَكْثًا ومَكَثًا ومُكُوثًا ومُكْثَانًا ومِكْيَثَى ومِكْيَثَاء بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔صفت مَاكِث اور اسم الْمُكْث والْمِكْث.
مَكُثَ (ک) مَكَاثَةً: ٹھہرنا۔
اَمْكَثَهُ: ٹھہرانا۔
تَمَكَّثَ: انتظار کرنا اور ٹھہرنا.....بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا.....فِي الْاَمْرِ: جلد بازی نہ کرنا۔
الْمَكِيث: ٹھہرنے والا۔رنجیدہ۔ج مُكَثَاء ومَكِيثُون.
مَكَدَ (ن) مَكْدًا ومُكُودًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔صفت مَاكِد. مَاءٌ مَاكِدٌ: ختم نہ ہونے والا پانی نَاقَةٌ مَاكِدَةٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔اور ایسا ہی نَاقَةٌ مَكْدَاء ومَكُودٌ. ج مُكْدٌ ومَكَائِد.
الْمِكْد: کنگھا۔
مَكَرَ (ن) مَكْرًا. الرَّجُلُ وبِهِ: دھوکہ دینا۔ اللّٰهُ فُلَانًا: مکر کی سزا دینا۔مَكَرَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا..... هُ: رنگنا..... الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔
مَكِرَ (س) مَكَرًا: سرخ ہونا۔
مَاكَرَهُ: فریب دینا۔
مَكَّرَ: گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکنا۔
اَمْكَرَهُ: دھوکا دینا.....هُ اللّٰهُ: مکر کی سزا دینا۔

marfat.com
Marfat.com

تَمَاكَرُوْا: بعض کا بعض سے حیلہ کرنا۔
اِمْتَكَرَ و اِسْتَكَرَ: گیرو سے رنگا ہوا ہونا۔
اَلْمَكْر: مص۔ دھوکا۔ فریب۔ دھوکہ فریب کی سزا۔ گیرو۔
اَلْمَكْرَة: مکر کا اسم مرۃ۔ لڑائی میں حیلہ و تدبیر۔ بے پھولوں کا ایک قسم کا پودہ۔ کھیت کی سیرابی۔ خوبصورت موٹی پنڈلی۔ ج مَكْر ومُكُوْر.
اَلْمَاكِر: فریب کرنے والا۔ ج مَكَرَةٌ ومَاكِرُوْن.
اَلْمِكَّار والمِكِّيْر: بہت دھوکہ فریب کرنے والا۔
مَكَسَ (ض) مَكْسًا: ٹیکس جمع کرنا..... فِی الْبَيْعِ: قیمت گھٹانا..... هٗ: ظلم کرنا۔
اَلْمَكْرُوْمُكُوْب: (یونانی لفظ) اس کی عربی اَلْمِجْهَرُ: دوربین۔
مُكِسَ الرَّجُلُ: خرید و فروخت وغیرہ میں نقصان پہنچنا۔
مَاكَسَهٗ مِكَاسًا ومُمَاكَسَةً: قیمت کم کرانا۔ مخالفت کرنا۔
تَمَاكَسَ الرَّجُلَانِ فِی الْبَيْعِ: خرید و فروخت میں باہم جھگڑنا۔
اَلْمَكْس: مص۔ محصول۔ ٹیکس۔ چنگی۔ ج مُكُوْس.
اَلْمَاكِس والمَكَّاس: ٹیکس وصول کرنے والا۔ صاحب مکس بھی کہا جاتا ہے۔
مَكْمَكَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑھکنا..... المُخَّ: سارا گودا چوس لینا۔
مَكُنَ (ک) مَكَانَةً عِنْدَ الْاَمِيْرِ: صاحب مرتبہ ہونا۔
مَكَثَ (س) مَكْثًا الْجِرَادَةُ ونَحْوُهَا: ٹڈی کا انڈا دینا یا انڈے والی ہونا۔ صفت مَكُوْن. ج مِكَانٌ.
مَكَّنَهٗ واَمْكَنَهٗ مِنَ الشَّیْءِ: قدرت دینا۔ قادر بنانا۔
اَمْكَنَ الْاَمْرُ فُلَانًا ولِفُلَانٍ: آسان ہونا۔ ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُمْكِنُهُ النُّهُوْض" فلاں اٹھنے پر قادر نہیں۔
واَمْكَنَنِی الْاَمْرُ: یعنی معاملہ میرے قبضہ میں آ گیا۔ اَمْكَنَتِ الْجِرَادَة: ٹڈی کا انڈا دینا۔
تَمَكَّنَ عِنْدَ الْاَمِيْرِ: بلند و صاحب مرتبہ ہونا۔ اَلْمَكَانُ وبِهٖ: مضبوط اور جمے ہوئے قدم والا ہونا۔ (..... واِسْتَمْكَنَ) مِنَ الْاَمْرِ: قادر ہونا یا فتح مند ہونا۔
اَلْمَكْن والمَكِن: ٹڈی وغیرہ کے انڈے۔ واحد مَكْنَةٌ ومَكِنَةٌ ج مَكْنَات ومَكِنَات.
اَلْمُكْنَة: قوت۔ طاقت۔
اَلْمَكِنَة: قدرت۔ پرندوں کا گھونسلا۔ ج مَكِنَات.
اَلْمَكَان: موضع۔ جگہ (یہ ظرف ہے کون سے) ج اَمْكِنَة واَمْكُن. و ج اَمَاكِنُ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الْعِلْمِ بِمَكَانٍ" اس کے لئے علم کا ایک خاص مرتبہ حاصل ہے "وهٰذَا مَكَانُ هٰذَا" یہ اس کے بدلے میں ہے۔
اَلْمَكَانَة: مص۔ مرتبہ۔ رفعت شان۔ سنجیدگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰی مَكَانَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔ ج مَكَانَات.
اَلْمَكِيْن: صاحب مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكِيْنٌ عِنْدَ الْاَمِيْرِ" اس کو امیر کے نزدیک مرتبہ حاصل ہے "وَهُوَ اَمْكَن مِنْ غَيْرِهٖ" بہ نسبت غیر کے زیادہ صاحب مرتبہ ہے۔ ج مُكَنَاءُ.
اَلْمَكِيْنَة: آہستگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰی مَكِيْنَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔
اَلْمُتَمَكِّن فِیْ عِلْمِ النَّحْوِ: اصطلاح نحو میں وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھتا ہو۔
والْمُتَمَكِّنُ الْاَمْكَنُ: اسم منصرف جس کے آخر میں تینوں حرکات مع تنوین کے ظاہر ہوں۔
وَالْمُتَمَكِّنُ غَيْرُ الْاَمْكَنِ: اسم غیر منصرف جس کے آخر میں کسرہ اور تنوین نہ آئے۔
غَيْرُ الْمُتَمَكِّنِ: وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو جیسے كَيْفَ واَيْنَ.
مَكَا يَمْكُوْ مُكَاءً ومَكْوًا: منہ سے سیٹی بجانا۔
مَكِيَتْ تَمْكَى مَكًا يَدُهٗ: ہاتھ میں زیادہ کام کرنے کی وجہ سے چھالے ہونا۔
تَمَكَّى تَمَكِّيَا الفَرَسُ: گھوڑے کا پسینہ سے شرابور ہونا۔
اَلْمَكَى والمَكْو: خرگوش وغیرہ کا بھٹ۔ ج اَمْكَاء.
اَلْمُكَّاء: سفید رنگ کا خوش آواز پرندہ۔ ج مَكَاكِيُّ.
اَلْمَكْوَةُ: دیر۔
مَلَّ (ن) مَلًّا الثَّوْبَ: کپڑے پر لنگر کرنا۔ کچا کرنا..... الشَّیْءَ فِی الْجَمْرِ: انگاروں میں رکھنا۔ صفت فاعل مَلَّال صفت مفعول مَمْلُوْلٌ ومَلِيْلٌ.
..... السَّهْمَ بِالنَّارِ: تیر کو آگ سے سیدھا کرنا۔
..... اَللَّحْمَ اوِ الْخُبْزَ: گوشت یا روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا فِی الْمَشْیِ: تیز دوڑنا
..... عَلَيْهِ السَّفَرُ: سفر طویل ہونا۔
مَلَّ (س ن) مَلًّا: ملال لاحق ہونا۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا..... الشَّیْءَ: الٹ پلٹ کرنا۔ اَلْمَحْمُوْمُ: بخار زدہ کا تلملانا۔
مَلَّ (س) مَلَلًا ومَلَالًا ومَلَّةً ومَلَالَةً الشَّیْءُ ومِنَ الشَّیْءِ: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔
مَلَّلَ تَمْلِيْلًا الشَّیْءَ: اُلٹ پلٹ کرنا۔
اَمَلَّ عَلَيْهِ السَّفَرَ: طویل ہونا۔ اَمَلَّهُ الْاَمْرُ وَاَمَلَّ عَلَيْهِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ ملال میں ڈالنا۔ اَمَلَّهُ الشَّیْءُ: بھوبھل میں ڈالنا۔
اَمْلَلْتُ اِمْلَالًا واَمْلَيْتُ اِمْلَاءً الْكِتَابَ عَلَى الْكَاتِبِ: املا کرانا۔
تَمَلَّلَ: مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا..... فِی

marfat.com
Marfat.com

الْمَشْي : تیز دوڑنا..... مِلَّةَ كَذَا : مذہب اختیار کرنا..... الْخُبْزَةَ: روٹی کو بھوبھل میں پکانا۔

اِنْمَلَّ: کھینچا جانا۔نکل آنا۔

اِسْتَمل الشَّیْءَ: زچ ہونا۔

الْمَلُّ: مص۔رَجُلٌ مَلٌّ: اکتایا ہوا مرد۔

الْمَلَّة: اسم مرۃ۔چنگاری' بھوبھل' بخار کا پسینہ۔تنگ دلی۔وخُبْزَةُ الْمَلَّةِ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَلَّةٌ" بہت جلدی ملول ہونے والا۔

الْمِلَّة: مذہب۔شریعت۔خون بہا۔ج مِلَل.

الْمُلَّة: کچی سلائی۔ج مُلَل.

الْمُلَّى: بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی۔

الْمَلَل والْمَلال: تنگ دل۔

الْمُلال: مرض یا غم کی وجہ سے اضطراب۔ پیٹھ کا درد۔کمان کی پیٹھ۔ہڈی کے اندر کی گرمی۔ بخار کا پسینہ۔تلوار کے قبضہ کی لکڑی۔

الْمَمْلُول والْمَلُولَة والْمَلَّالة والْمَالُولَة: تنگ دل۔ مذکر ومؤنث تا مبالغہ کے لئے ہے۔

الْمَلِيل والْمَمْلُول: بھوبھل میں بھنا ہوا۔

الشَّيْءُ الْمَمْلُول: باعث ملال۔الْمَلِيل: کریلنی۔رَجُلٌ مَلِيلٌ: آفتاب سے جھلسا ہوا مرد۔

اَلْمَلُولُ: واحد مَلُولَةٌ: بلوط درخت کی ایک قسم جو کہ رنگنے کے کام آتا ہے۔

الْمَلِيل والْمُمِلّ مِنَ الطُّرُقِ: بہت چلتا ہوا راستہ۔

.....الْمَلِيلَة: اندرونی بخار۔پیاس کی تیزی۔

مَلَاهُ (ف) مَلا ومَلَاةً ومِلَاةً: بھرنا۔

.....الإِنَاءَ مَاءً وبِالْمَاءِ ومِنَ الْمَاءِ: برتن کو لبالب کرنا۔صفت مفعولی مَمْلُوءٌ اور کہا جاتا ہے مَلَاهُ عَلَى الْأَمْرِ: اس کی اس نے مدد کی "وَنَظَرْتُ إِلَيْهِ فَمَلَأَتْ مِنْهُ عَيْنِي

نے اس کو دیکھا مجھے اس کا دیکھنا بھلا معلوم ہوا ومَلَا عَلَيْهِ الْأَرْضَ: اس نے اس پر زمین تنگ کردی۔

مَلْوٌ (ک) مَلَاءً ومَلَاءَةً: توانگر ہونا۔

مَلُوَّ (ک) ومُلِيَّ مَلَاءَةً: زکام والا ہونا۔

مَلِئَ (س) مَلا وتَمَلا: پر ہونا۔صفت مَلْآن.

مَلَاهُ تَمْلِئَةً: خوب بھرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) مَلا فِي قَوْسِهِ: کمان کو خوب زور سے کھینچنا۔

اَمْلَاهُ: باعث زکام ہونا۔صفت مَلْآن. اَمْلَا فِي الْقَوْسِ: خوب زور سے کھینچنا۔

تَمَلا. پُر ہونا۔تَمَلاتِ الْهَدْأَةُ: عورت کا چادر اوڑھنا۔

مَالَاهُ مُمَالاةً ومَلاءً عَلَى الْأَمْرِ: موافقت کرنا۔مدد کرنا۔

تَمَالَا الْقَوْمُ عَلَى الْأَمْرِ: اکٹھا ہوکر باہم مدد کرنا۔

اِسْتَمْلَا فِي دَيْنِهِ: قابلِ اعتماد غنیاء کو قرض دینا۔

الْمِلُ: برتن بھرنے کی مقدار۔ج اَمْلاء اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ يَنَامُ مِلَ جَفْنِهِ" وہ بے غم سوتا ہے و"فُلَانٌ مِلَ كِسَائِهِ" فلاں موٹا ہے۔

الْمَلا: قوم کی جماعت۔اشرافِ قوم جن سے دلوں میں ہیبت طاری ہو۔الْمَلا الأَعْلَى: ملائکہ مقربین۔الْمَلا: مشورہ۔کہا جاتا ہے "مَا كَانَ هٰذَا الْأَمْرُ عَنْ مَلَاءٍ مِنَّا" یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں تھا۔گمان۔ لالچ۔ج اَمْلاء اور کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ مَلَا بَنِي فُلَانٍ" یعنی ان کے عادات و اخلاق کس قدر اچھے ہیں۔

الْمَالِي: فا۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَالِيٌّ" مرد جلیل جس کے سامنے آنکھیں نہ ٹھہر سکیں۔

وشَابٌّ مَالِئُ الْعَيْنِ: آنکھوں کو بھر دینے والا جوان۔

ة: تہ بند۔دھری چادر۔ج مُلاءٌ.

الْمِلَاءَة: مص۔بھرنے کی ہیئت۔بدھسی۔

الْمَلَّان: بھرا ہوا۔زکام والا۔مؤنث مَلَّانَة وجمع مِلَاءٌ.

الْمَلِيُّ والْمَلِيَّ: توانگر۔ج مِلاءٌ واَمْلِئَا ومُلَاء کہا جاتا ہے "هُوَ اَمْلا الْقَوْمِ" یعنی وہ قوم میں سے زیادہ غنی اور قادر ہے و"فُلَانٌ اَمْلا لِعَيْنِي مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے لحاظ سے حسن میں زیادہ کامل ہے۔

مَلَتَهُ (ض) مَلْتًا: حرکت دینا۔زور سے ہلانا۔

مَلَتَهُ (ن) مَلْتًا: بغیر نیت وفا کے محض زبانی وعدہ سے دل خوش کر دینا۔آہستہ مارنا۔

مَلَتَهُ بِالشَّرِّ: آلودہ کرنا۔مَلَتِ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔

مَالَتَهُ مِلاتًا ومُمَالَتَةً: کھیل کود کرنا۔مدافعت برتنا۔

مَلْتُ اللَّيْلِ ومَلَتُهُ: رات کی ابتدائی تاریکی۔

الْمَلْتَةُ: مغرب کے وقت کی ابتدائی تاریکی۔

الْمِلْث: وہ شخص جو جماع کرنے سے حیرنہ ہو۔

مَلَجَ (ن) ومَلِجَ (س) مَلْجًا الصَّبِيُّ اُمَّهُ: بچے کا ہونٹوں میں لے کر دودھ چوسنا۔

اَمْلَجَهُ: دودھ پلانا۔

اِمْتَلَجَ. مَا فِي الثَّدْيِ: چوسنا۔

الْمُلْج: گوگل کے پھل کی گٹھلی۔ج اَمْلاج.

الْمُلِج: دودھ پینے والے میمنے۔چھوٹے چھوٹے بکری کے بچے۔

الْمَلِيج: دودھ پیتا بچہ۔مرد بزرگ۔

الْأَمْلَج: چٹیل میدان۔آملہ۔

الأَمْلُوج: ایک جنگلی درخت جس کے پتے سرو اور جھاؤ کی طرح ہوتے ہیں۔نازک ٹہنی اور بقول بعض جڑ جو نرم ہونے کے لئے مٹی میں دبادی جائے۔ج اَمالِيج.

marfat.com
Marfat.com

المَلْج: کرنی۔ گل کاری کرنے کا آلہ۔ ج مَوالِج (دخیل)

ملح (ف ض) مَلْحًا الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا..... الرَّجُلَ: غیبت کرنا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا بہت پھڑ پھڑانا..... اَلْمَائِدَة: نونی کھلانا اور کہا جاتا ہے "مَلَحَ اللّٰهُ فِيهِ" یعنی اللہ اس کی زندگی میں برکت دے۔

مَلَحَ (ف) ومَلَّحَ (ک) مُلُوحَةً ومَلاحَةً ومُلُوحًا الْمَاءُ: پانی کا کھاری ہونا۔ صفت مَلِيح اور نادر طور پر مالح بھی مستعمل ہے۔

مَلُحَ (ک) مَلاحَةً ومُلُوحَةً: خوبصورت ہونا۔ حسن ملیح والا ہونا۔ صفت مَلِيح ومُلاح ومُلَّح.

مَلِحَ (س) مَلَحًا: نیلگوں رنگ کا ہونا۔

ملح الشی: نمکین کرنا..... الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا..... السَّمَكَ ونَحْوَهُ: مچھلی وغیرہ میں نمک لگانا..... الدَّابَّةُ: چوپائے کے جبڑے میں نمک ملنا۔ المَاشِيَةَ: جانور کو نونی کھلانا۔ المُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔

اَمْلَحَ الْمَاءُ: پانی کا خوشگوار ہونے کے بعد کھاری ہونا..... الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا..... الْإِبِلُ: کھاری پانی پر جانا..... الرَّجُلُ: کھاری پانی پر پہنچنا..... الرَّاعِيُ الْإِبِلَ: کھاری پانی پلانا..... الشَّيْءُ: نیلگوں رنگ کا ہونا۔

اَلْمُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَا اَمْلَحَهُ وما اُمَيْلَحَه" یعنی کس قدر خوبصورت ہے۔

مَالَحَهُ مِلاحًا ومُمَالَحَةً: ساتھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَحْفَظُ حُرْمَةَ الْمُمالَحَةِ" وہ ساتھ کھانے کا پاس کرتا ہے۔ مَالَحَ فُلانًا: ایک بچے کا دوسرے بچے کے ساتھ دودھ پینا۔

تَمَلَّخَ الْبَعِيرُ: اونٹ کا موٹا ہونا..... الرَّجُلُ: نمک توشہ میں لینا۔ نمک کی تجارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَتَظَرَّفُ ويَتَمَلَّحُ" فلاں خوش طبع اور دلچسپ باتیں کہتا ہے۔

اِمْلَخَّ الْكَبْشُ: مینڈھے کا سفید وسیاہ رنگ کا ہونا۔

اِمْلاخُّ النَّخْلُ: سرخ اور زرد پکی کھجور کا ہونا۔ اِسْتَمْلَحَ الشَّيْءَ: ملیح سمجھنا۔

اَلْمَلْح: عمدہ عمدہ باتیں۔

اَلْمِلْح: نمک (مذکر ومؤنث تانیث غالب ہے) تصغیر مُلَيْحَة ج مِلاح. اَلْمِلْح: چربی' موٹاپا۔ خوبصورتی۔ رضاعت۔ علم علماء. مَاءٌ مِلْحٌ: کھاری پانی اور کبھی مَاءٌ مَالِح بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَلِحَ ومِلْحَة ومِلاح ومِلْاح کہا جاتا ہے "فُلانٌ مِلْحَةٌ عَلَى رُكْبَتَيْهِ" وہ بے وفا ہے یا وہ بہت جھگڑا کرنے والا ہے۔

اَلْمَلْح والمِلْحَة: حرمت۔ معاہدہ۔ کہا جاتا ہے بَيْنَهُمَا مِلْحٌ اور مِلْحَةٌ ان دونوں کے درمیان معاہدہ ہے۔ والمِلْحَة: کھاری۔ کہا جاتا ہے "بِئْرٌ مِلْحَةٌ" کھاری کنواں۔

اَلْمَلَح: سپیدی سیاہی ملی ہوئی۔ سخت نیلگونی۔ گھوڑے کی ایڑی کی سوجن۔

اَلْمَلْحَة: اسم مرة۔ موج دریا۔

اَلْمُلْحَة: سخت نیلگونی۔ ہیبت۔ خوف۔ برکت۔

اَلْمُلْحَة: مزیدار بات۔ ج مُلَح.

اَلْمُلْحَة: کلمہ ملیحہ۔

اَلْمِلاح: کشتی چلانے والی ہوا۔ تیزہ کا بھالا۔ پوشش۔ توبرہ۔

اَلْمُلاح: خوبصورت۔ ج مُلاحُون.

اَلْمَلاحَة: خوبصورت ہونا۔

اَلْمِلاحَة: جہاز رانی۔

اَلْمَمْلَحَة والمَلْاحَة: نمک پیدا ہونے کی جگہ۔ اَلْمَلَّاحَة: نمک بکنے کی جگہ۔

اَلْمُلُوحَة مِنَ الْكَلامِ: عمدہ مستحسن کلام ج امالیح

اَلْمَلَّاح: نمک والا۔ نمک بیچنے والا۔ جہاز راں۔

اَلْمَلَّاحَة: جہاز رانی۔

اَلْمُلَّاحَة: مچھلی۔ سفید وسیاہ رنگ والا۔

اَلْمُلَّح: اسم تفضیل۔ سفید وسیاہ رنگ والا۔ ج مُلْح. اَلْمُلَّح: شبنم جو رات کو سبزیوں پر پڑتی ہے۔

اَلْمَلْحَاء: تانیث اَمْلَح: سفید وسیاہ رنگ والی۔ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔ بڑا لشکر ج مَلْحاوات.

اَلْمُلاحِي والمُلَّاحِي: سفید لمبا انگور۔ ایک قسم کا انجیر۔

اَلْمِمْلَحَة: نمک دان۔ ج مَمالِح.

اَلْمُتَمَلِّح: نمک والا یا سوداگر نمک۔

مَلَخَ (ف) مَلْخًا الشَّيْءَ: ہاتھ یا دانت سے کھینچنا..... الطَّعَامُ: کھانے کا خراب وبدمزہ ہونا۔ اَلْفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا..... اَلرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بھاگنا..... فِي الْبَاطِلِ: لغو باطل میں بہت مشغول ہونا..... اَلْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَلَخَ (ک) مَلاخَةً الطَّعَامُ: کھانے کا خراب وبدمزہ ہونا۔

مَالَحَهُ مِلاخًا ومُمالَخَةً: باہم کھیل کود کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

تَمَلَّخَ الشَّيْءُ: خراب وفاسد ہونا..... الشَّيْءَ: کھینچنا۔

اِمْتَلَخَ الشَّيْءَ: اکھیڑنا۔ کھینچنا..... يَدَهُ مِنَ الْقَابِضِ عَلَيْهِ: کھینچ لینا..... السَّيْفَ: تلوار کو جلدی سے سونتنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ بِسُرْمُحٍ مَرْكُوزٍ فَامْتَلَخَهُ" اس کا گزر ایک گڑے ہوئے نیزہ پر ہوا اور اس نے اسے اکھیڑ لیا۔

اَلْمَلَّاخ: بہت چاپلوسی کرنے والا۔ عند

راں۔

اَلْمُلَّاح: ایک ترش نباتات۔ واحد مُلَّاحَة

رَجُلٌ مُلَّاح: خوبصورت خوش طبع مرد۔ ج مُلَّاحُون.

اَلْمُلَّاحِيَّة: جہاز راں کا پیشہ۔

اَلْمُلُوحَة: مص۔ نمکینی۔

اَلْمَلِيح: خوبصورت۔ مؤنث مَلِيحَة ج مِلاح واَمْلاح..... مِنَ الْمَاءِ: کھاری پانی۔ سَمَكٌ مَلِيحٌ: نمک لگی ہوئی مچھلی۔

اَلْاَمْلَح: اسم تفضیل۔ سفید وسیاہ رنگ والا۔ ج مُلْح. اَلْاَمْلَح: شبنم جو رات کو سبزیوں پر پڑتی ہے۔

اَلْمَلْحَاء: تانیث اَمْلَح: سفید وسیاہ رنگ والی۔ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔ بڑا لشکر ج مَلْحاوات.

اَلْمُلاحِي والمُلَّاحِي: سفید لمبا انگور۔ ایک قسم کا انجیر۔

اَلْمِمْلَحَة: نمک دان۔ ج مَمالِح.

اَلْمُتَمَلِّح: نمک والا یا سوداگر نمک۔

مَلَخَ (ف) مَلْخًا الشَّيْءَ: ہاتھ یا دانت سے کھینچنا..... الطَّعَامُ: کھانے کا خراب وبدمزہ ہونا۔ اَلْفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا..... اَلرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بھاگنا..... فِي الْبَاطِلِ: لغو باطل میں بہت مشغول ہونا..... اَلْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَلَخَ (ک) مَلاخَةً الطَّعَامُ: کھانے کا خراب وبدمزہ ہونا۔

مَالَحَهُ مِلاخًا ومُمالَخَةً: باہم کھیل کود کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

تَمَلَّخَ الشَّيْءُ: خراب وفاسد ہونا..... الشَّيْءَ: کھینچنا۔

اِمْتَلَخَ الشَّيْءَ: اکھیڑنا۔ کھینچنا..... يَدَهُ مِنَ الْقَابِضِ عَلَيْهِ: کھینچ لینا..... السَّيْفَ: تلوار کو جلدی سے سونتنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ بِسُرْمُحٍ مَرْكُوزٍ فَامْتَلَخَهُ" اس کا گزر ایک گڑے ہوئے نیزہ پر ہوا اور اس نے اسے اکھیڑ لیا۔

اَلْمَلَّاخ: بہت چاپلوسی کرنے والا۔ عند

marfat.com

Marfat.com

مَلَّاغ: بہت بھاگنے والا غلام۔
المُلُوخِيَّة: ایک قسم کی سبزی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔
المَلِيخ: بگڑا ہوا کھانا۔ بے مزہ۔ کمزور۔
مُمْتَلَخ العَقل: محروم العقل۔
مَلَدَ (ن) مَلْدَ الشَّيْءَ: کھینچنا۔
مَلِدَ (س) مَلَدًا العُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا اور نرم ہونا۔
مَلَّدَ الأَدِيمَ: چمڑے کو نرم کرنا..... الرِّيحُ الغُصْنَ: ٹہنی کو نرم و نازک کرنا۔
المَلَد: جوانی۔ نزاکت۔ ج أَمْلَاد.
المَلَدَان: ٹہنی کی نزاکت۔
المَلْد والأَمْلَد والأَمْلُد والأَمْلُود والإِمْلِيد والأَمْلَدان والأَمْلُدانِيّ: نرم و نازک ٹہنی یا آدمی۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ أَمْلُودٌ وشُبَّانٌ أَمَالِيد" المَلْد: بھوت۔
المَلْدَاء: تانیث أَمْلَد. ج مُلْد: کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ مَلْدَاءُ وأَمْلُود وأَمْلُودَةٌ وأَمْلُدَانِيَّةٌ: یعنی نازک بدن عورت۔
مَلَذَ (ن) مَلْذًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا..... فُلَانًا: نیزہ مارنا..... الفَرَسُ: گھوڑے کا بازوؤں کو پھیلا کر تیز دوڑنا (..... مَلْذًا ومَلَاذَةً) الرَّجُلَ: محض باتوں ہی سے خوش کرنا اور کہنے کے مطابق عمل نہ کرنا۔
مَلِذَ (س) مَلَذًا الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا..... الرَّجُلُ: خالص دوستی نہ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
الأَمْلَذ والمَلْذان والمَلْذَانِيّ والمَلَاذَانِيّ والمَلَّاذ والمِلْوَذ: خالص دوستی نہ کرنے والا۔
مَلَزَ (ن) مَلْزًا: پیچھے رہنا..... بِالشَّيْءِ: لے جانا۔
مَلَّزَهُ مِنْهُ: چھڑانا۔ مَلَّزَ الشَّيْءُ عَنِّي: جاتا رہنا۔
أَمْلَزَهُ تَمَلَّزَهُ وامْتَلَزَهُ: نکال لینا۔ اُچک لینا۔ لے جانا۔ وتَمَلَّزَ مِنْهُ: چھٹکارا پانا۔
انْمَلَزَ وامْلَزَّ مِنْهُ: بچ کر نکل جانا وامْلَزَّ عَنْهُ: پیچھے رہنا۔
المَلِز مِنَ الرِّجَال: مضبوط پٹھوں والا۔
المِلَّاز: بہت اچکنے والا۔ بھیڑیا۔
مَلَسَ (ن) مَلْسًا الشَّيْءَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
الإِبِلَ: زور سے ہانکنا..... الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا..... الرَّجُلَ بِلِسَانِهِ: مداہنت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
مَلِسَ (س) ومَلُسَ (ک) مُلُوسَةً ومَلَاسَةً: نرم اور چمکدار ہونا۔ صفت أَمْلَس.
مَلَّسَ الشَّيْءَ: نرم و چمکدار کرنا..... الأَرْضَ: زمین کو ہموار کرنا..... هُ مِنَ الأَمْرِ: چھڑانا۔
أَمْلَسَ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔
أَمْلَسَتِ الشَّاةُ: گرے ہوئے اُون والی ہونا۔
تَمَلَّسَ: چکنا ہونا..... مِنَ بَيْنِ القَوْمِ: خارج ہونا..... مِنَ الشَّرَابِ: نشہ سے ہوش میں آنا (..... وانْمَلَسَ وامْلَسَّ) مِنَ الأَمْرِ: بچ نکلنا' رہائی پانا۔
امْتَلَسَ الشَّيْءَ: اچک لینا۔ امْتُلِسَ بَصَرُهُ: اس کی نگاہ جاتی رہی۔
امْلَأَسَّ: چکنا ہونا..... مِنَ الأَمْرِ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا۔
المَلْس: ہموار جگہ۔ ج مُلُوس وأَمْلَاس و ج ج أَمَالِيس. مَلْسُ الظَّلَامِ: سخت تاریکی اور یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت ہے۔
المَلْسَى: بہت تیز رفتار اونٹنی اور کہا جاتا ہے بَايَعَهُ المَلْسَى اس نے اس سے بلا شرط بیع کی۔
الأَمْلَس: نرم چکنا۔ مؤنث مَلْسَاء.
المَلْسَاء: آسانی سے حلق سے اُترنے والی شراب۔ سَنَةٌ مَلْسَاء: خشک سال۔ ج أَمَالِس وأَمَالِيس. الأَلِفُ المَلْسَاء: الف لین۔ جیسے کتاب کا الف۔
المَلِيس: نرم اور چکنا۔
المُلَيْسَاء: وہ یہ مغرب اور عشاء کا درمیان۔
إِلَامْلِيس والإِمْلِيسَة: خشک جنگل۔ ج أَمَالِيس اور أَمَالِس شاذ ہے۔
المِلَّاتَه والمِمْلَسَة: ہیکا۔ سراون۔ پٹیلا۔
مَلَشَ (ن) مَلْشًا الشَّيْءَ: ہاتھ سے ٹٹول کر کسی چیز کو ڈھونڈنا۔
المَالُوش عِنْدَ العَامَّةِ: ایک کیڑا ہے جو نباتات کی جڑوں کو کھا جاتا ہے۔ ج مَوَالِيش.
مَلِصَ (س) مَلَصًا الشَّيْءُ مِنْ يَدِهِ: چکنے ہونے کی وجہ سے ہاتھ سے پھسل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَلِصَتِ السَّمَكَةُ مِنْ يَدِي" مچھلی میرے ہاتھ سے نکل گئی..... الرَّجُلُ: بھاگ نکلنا۔
مَلَصَ (ن) مَلْصًا بِلُجِهِ: پاخانہ کرنا۔
أَمْلَصَتِ الحَامِل: حاملہ کا بچہ گرا دینا۔ صفت مُمْلِص ج مَمَالِص. أَمْلَصَ الشَّيْءَ: پھسلانا۔
تَمَلَّصَ وانْمَلَصَ وامْلَصَّ مِنْهُ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا..... الشَّيْءُ: مِنْ يَدِي: پھسل جانا۔
المَلْص: ننگا۔
المَلَص: مص۔ پھسلن۔
المَلِص. مِنَ الجِبَالِ ونَحْوِهَا: پہاڑ وغیرہ کی وہ چکنی جگہ جہاں سے ہاتھ پھسل جائے اور پکڑنا دشوار ہو۔ مَسَكَةٌ تَلِصَةٌ: پھسلنے والی مچھلی۔
المَلِيص: بمعنی مَلِص: اسقاط شدہ بچہ۔
الأَمْلَص: نرم و تر۔ رَجُلٌ أَمْلَصُ الرَّأْسِ: سر پر بغیر بالوں کا مرد۔
المِمْلَاص: وہ عورت جس کو اسقاط کی عادت ہو گئی ہو۔
المُمْلَص: ساقط شدہ بچہ۔
مَلَطَ (ن) مَلْطًا الحَائِطَ: مٹی سے لیپنا..... الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔
مَلَطَتِ الحَامِلُ جَنِينَهَا: حاملہ کا تمام بچہ گرا دینا۔ أَمْلَطَ رِيشُ السَّهْمِ: تیر

marfat.com
Marfat.com

کے پرکا گر جانا..... الرَّجُلُ محتاج ہونا۔
مَلَطَ (ن) ومَلَطَ (ک) مُلُوطًا الغُلامُ: غیر معروف النسب ہونا۔
مَلِط (س) مَلَطًا ومُلُطَةً: بے بال کے جسم والا ہونا۔
مَلَّطَ الحَائِطَ: دیوار کو مٹی سے لیپنا.....
الشَّاعِرُ: ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔
مَالَطَهُ مُمَالَطَةً: باہم ملنا۔ ایک شاعر کا مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔
تَمَلَّطَ الشَّيْءُ: چمک دار ہونا..... السَّهْمُ: تیر کا بے پر ہونا۔
اِمْتَلَطَ الشَّيْءَ: چھین لینا۔ اُچک لینا۔
المِلْط: شریر و بدکار جس پر بھروسہ نہ کیا جا سکے غیر معروف النسب ج اَمْلاط ومُلُوط.
المِلاط: لیپنے کی مٹی۔ ج مُلُط.
الاَمْلَط ج مُلْط والمَلِيط: بے بال کے جسم والا۔ سَهْمٌ اَمْلَط ومَلِيط: بے پر کا تیر۔ المَلِيط: بے بال کا ساقط شدہ بچہ۔
المِمْلاط مِنَ النُّوق: بچہ گرانے کی عادی اونٹنی۔
مَلَعَ (ف) مَلْعًا وامْتَلَعَ الشَّاةَ: بکری کی کھال اتارنا۔ مَلَعَ الفَصِيلُ اُمَّهُ: دودھ پینا۔ اِمْتَلَعَ الشَّيْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔
مَلَعَتْ وامْلَعَتْ وامْتَلَعَتْ وانْمَلَعَتْ النَّاقَةُ: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔
المَلْع: مص اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيْهِ مَلْعٌ وَاحِدٌ" وہ سب اس کی دشمنی پر جمع ہیں۔
المَلِيع ج مُلْع والمَيْلَع: تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی المَيْلَع: لمبا۔ اِدھر اُدھر حرکت کرنے والا۔
جَمَلٌ مُلُوعٌ: تیز رفتار اونٹ۔ مؤنث مَلُوع عُقَابٌ مَلُوعٌ: تیزی سے جھپٹنے والا عقاب۔
المَلاع والمَلِيع: بے گھاس کا بیابان۔
مَالَغَهُ مُمَالَغَةً بِالكَلامِ: ناشائستہ گفتگو سے مزاح کرنا۔

تَمَلَّغَ فِي كَلامِهِ: بے وقوف بننا۔
تَمَالَغَ بِهِ: تمسخر کرنا۔
المِلْغ ج اَمْلاغ والمَالِغ ج مُلَّاغ والاَمْلَغ: مؤنث مَلْفاء ج مُلْغ: فحش کلامی کرنے والا۔ بدکار۔ بے وقوف۔
المُلُوغَة: بے وقوفی۔ فحش کلامی۔
مَلِقَهُ (س) مَلَقًا ومَلِقَ لَهُ ومَالَقَهُ: چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ مَلِقَ الخَاتِمُ مِنَ الإِصْبَعِ: ڈھیلی ہونا۔
مَلَقَ (ن) مَلْقًا الشَّيْءَ: مٹانا۔ نرم کرنا..... الثَّوْبَ: کپڑا دھونا..... هُ بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔ مَلَقَ الوَلَدُ اُمَّهُ: دودھ پینا..... الرَّجُلُ: تیز چلنا..... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَلَّقَ الاَرْضَ او الحَائِطَ: زمین یا دیوار کو کرنی سے گلکاری کرنا..... هُ بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔
مُلِقَ: محتاج ہو جانا..... الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ ..... الدَّهْرُ مَالَهُ: ضائع کر دینا۔
تَمَلَّقَ تِمْلُقًا وتَمِلاقًا. الرَّجُلَ ولِلرَّجُلِ: چاپلوسی کرنا۔ تَمَلَّقَتِ المَرْأَةُ الفِحْلَ بِفِيهَا: چبانا۔
اِنْمَلَقَ وامْلَقَ: نرم و چمکدار ہونا..... مِنْهُ: بچ نکلنا۔ اِنْمَلَقَ الخِضَابُ: خضاب کا چھوٹ جانا۔
اِمْتَلَقَ الشَّيْءَ: نکالنا۔
اِسْتَمْلَقَ الوَلَدُ اُمَّهُ: دودھ پینا۔
المَلَق: مص۔ دوستی۔ بڑی مہربانی۔ دعا۔ ہموار زمین۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا الفَرَسِ مَلَقٌ" اس گھوڑے میں تیز رفتاری ہے۔
المَلِق والمَلَّاق: بہت چاپلوسی کرنے والا۔
المَلِق: کمزور۔ فَرَسٌ مَلِقٌ: گھوڑا جس کی رفتار پر اعتماد نہ کیا جائے۔ مؤنث مَلِقَةٌ.
المَلِيق: تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ او فَرَسٌ مَلِيقٌ" تیز رفتار مرد یا گھوڑا۔
المَلَقَة: چکنا پتھر۔
المَالَق والمِمْلَق والمِمْلَقَة: بہت المَالِق.

کرنی۔ (دخیل)
المِمْلاق: بہت محتاج۔ بہت چاپلوسی و خوشامد کرنے والا۔
مَلَكَ (ض) مَلْكًا ومِلْكًا ومُلْكًا ومَلَكَةً ومَمْلَكَةً ومَمْلِكَةً ومُمْلَكَةً الشَّيْءَ: مالک ہونا..... عَلَى القَوْمِ: غالب ہونا..... عَلَى فُلَانٍ اَمْرَهُ: کسی کے کام پر حاوی ہونا..... نَفْسَهُ: قابو رکھنا..... المَرْأَةَ: نکاح کرنا (..... مُلْكًا) العَجِينَ: اچھی طرح سے گوندھنا۔
مَلَّكَ الشَّيْءَ: مالک بنانا۔ مَلَّكَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَيْهِمْ: بادشاہ بنانا..... هُ اِمْرَأَةً: نکاح کرانا۔ مَلَّكَ فُلَانًا اَمْرَهُ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا۔ مُلِّكَتِ المَرْأَةُ اَمْرَهَا: طلاق کا اختیار دے دینا۔
مَلْكَ العَجِينَ: اچھی طرح گوندھنا۔
اَمْلَكَهُ الشَّيْءَ: مالک بنانا۔ اَمْلَكَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَيْهِمْ: بادشاہ بنانا..... فُلَانًا اَمْرَهُ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا..... هُ المَرْأَةَ: نکاح کرانا۔
تَمَلَّكَ وامْتَلَكَ الشَّيْءَ: مالک ہونا۔
تَمَلَّكَ عَلَى القَوْمِ: بادشاہ بننا۔
تَمَالَكَ عَنْ كَذَا: اپنے نفس پر قابو رکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَمَالَكَ اَنْ فَعَلَ او عَنْ اَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ" یعنی فلاں فعل کے کرنے سے وہ اپنے آپ کو نہیں روک سکا۔
المَلِكُ: بادشاہ۔ ج مُلُوك واَمْلاك.
المُلْك: ملکیت۔ ج اَمْلاك ومُلُوك قدرت کا ہلی مٹر کا دانہ۔ تھوڑا پانی۔
مُلْكُ الدَّابَّةِ: چار پائے کی ٹانگیں اور گردنیں۔ واحد مِلاك کہا جاتا ہے "مَالَهُ مُلْكٌ ومَالَهُ مِلْكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْكُ يَمِينِي" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور وہ میرے قبضہ اور تصرف میں ہے "وَلَيْسَ لَهُ مُلْكٌ" اس کے پاس پانی نہیں "وَاَعْطَانِي مِنْ مُلْكِهِ" اس نے مجھ کو اس

marfat.com
Marfat.com

تن سے دیا جس پر وہ قادر ہے۔ وطال ملکہ: اس کی غلامی طویل ہے "ومُلْکُ الطَّرِیق" راستہ کا وسط یا کنارہ۔ سارے معانی میں میم کو تینوں حرکتیں ہیں۔

الملک: فرشتہ۔ انسان جس کا مالک ہو۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ مَلَکٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو۔

الملاک. مَالک: کا مخفف۔ بمعنی فرشتہ ج ملائکة ومَلائِک. الملاک: اقتدار۔ ومَلاکُ الأمرُ: سہارا۔ سرمایہ۔ بقا۔ کہا جاتا ہے القَلْبُ مَلاکُ الجَسَدِ: دل جسم کے لئے سرمایۂ بقا ہے۔

الملاک: مٹی۔ مِلاکُ الأمرِ: سہارا۔ سرمایۂ بقا۔

الملِک: اللہ تعالیٰ۔ بادشاہ۔ صاحبِ قوت واقتدار۔ ج مُلُوک واَملاک.

الملَکِیّ. مَلِک: کی طرف نسبت۔ مؤنث مَلَکِیَّة.

المَلْکة والمُلْکة: ملکیت۔

المَلَکة: ملکیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَلَکة یَمِینِی" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور اس پر قادر ہوں۔ المَلَکة: وہ صفت جو نفس کے اندر راسخ ہو جائے اور جب تک راسخ نہ ہو اسے حال کہتے ہیں۔

المَالِک: فا۔ بادشاہ۔ ج مُلَّک ومُلاَّک. ابو مالک: بھوک یا بڑھاپا۔ مَالِکُ الحَزین: بگلا۔

المَلاَکة والمِلاَکة والمُلُوکة: ملکیت۔

المَلَکُوت: بادشاہی۔ عزت وقدرت۔ المَلَکُوتُ السَّمَاوِی: آسمان میں قدسیوں کی جگہ۔

المَمْلَکة والمَمْلُکة: شاہی شان و شوکت۔ بادشاہی۔ ج مَمَالِک.

المَلِیک: بادشاہ۔ ج مُلَکاء. مَلِیکُ النَّحلِ: شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ ج مُلُوک.

المُلَیْکة: صحیفہ۔

الأمْلُوک: اسم جمع ہے بمعنی مُلُوک۔ رگستانی جانور ہے جو گرگٹ کے مشابہ ہوتا ہے۔

المَمْلُوک: مفع۔ غلام۔ ج مَمَالِیک اور اسی سے ہے مَمَالِیک مِصر: جو چرکسی غلاموں کی ایک جماعت تھی جو مصر پر غالب آ گئی تھی اور مالک بن بیٹھی تھی۔

مَلْمَل: تیز دوڑنا۔ مَلْمَلَهُ المَرضُ: مضطرب کرنا۔

تَمَلْمَل: غم یا مرض کی وجہ سے بستر پر کروٹیں بدلنا..... الجَالِسُ: کبھی ایک پہلو پر ٹیک لگانا کبھی دوسرے پر۔

المَلْمَلة: مص ہاتھی کی سونڈ۔

المُلْمُول: سرمہ کی سلائی۔ ناک کا سوراخ مُلْمُولُ البَعِیرِ والقَعْلَبِ: اونٹ اور لومڑی کا ذکر۔

المَلْمَلی: تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے نَاقَة مَلْمَلی: تیز رفتار اونٹنی۔

المَلَنْخُولیا: مالیخولیا۔

مَلاَ یَمْلُو مَلْوَا البَعِیرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔ دوڑنا۔

مَلاَّهُ اللّٰهُ عُمْرَهُ: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا۔ مَلاَّهُ اللّٰهُ حَبِیبَهُ: اللہ تعالیٰ اس کو دیر تک حبیب سے نفع اٹھانے دے۔ مُلِّیَ وتَمَلّٰی عُمْرَهُ: عمر طویل ہونا اور فائدہ اٹھانا۔ مُلِیَّ وتَمَلّٰی حَبِیبَهُ: اس نے اپنے حبیب سے دیر تک نفع اٹھایا۔

أمْلٰی إمْلاَءً. اللّٰهُ فُلاَنًا عمره: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا..... البَعِیرُ و لِلْبَعِیرِ: بندھن کو ڈھیلا کرنا..... اللّٰهُ الظَّالِمَ وَلَهُ: مہلت دینا..... عَلَیْهِ الکِتَابَ: بول کر لکھوانا۔

.....لَهُ فِی غَیِّهِ: گمراہی میں زمانہ دراز تک چھوڑنا۔

.....عَلَیْهِ الزَّمَنُ: لمبا ہونا۔

إسْتَمْلَیْتُهُ الکِتَابَ: املا کرنے کی درخواست کرنا۔

.....جنگل میں [illegible]۔

زمانہ دراز۔ ج أمْلاَء.

المَلْوَان: رات دن۔ واحد ملا.

المَلاَوَة والمَلْوَة. بتثلیث المیم: زمانہ دراز۔

المَلِیُّ: زندگی کی مدت۔

الإمْلاَء: مص۔ مہلت دینا۔ تاخیر کرنا۔ جو املا کیا جائے۔ ج أمَالٍ وأمَالِیّ.

المَلاَة: سنگریزہ ناک۔ بیابان۔ ج مَلاً.

المَلِیُّ: زمانہ طویل۔ کہا جاتا ہے "إنْتَظَرْتُهُ مَلِیًّا" زمانہ دراز تک میں نے اس کا انتظار کیا۔ "و مَرَّ مَلِیٌّ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا تہائی حصہ گزر گیا اور بقول رات کا ایک حصہ گزر گیا جس کی کوئی حد معین ہیں۔

الأمَالِی: املا کئے ہوئے اقوال وغیرہ اور یہ أمْلَی الکِتَابَ: کے مصدر الإمْلاَء کی جمع ہے۔

المَلْیُون فِی العَدَدِ: دس لاکھ۔ ج مَلاَیِین.

مِم: مرکب ہے من وما استفہامیہ سے۔

المَامُوس والمَامُوسَة: آگ۔ آتش دان۔ المَامُوسَة: بدزبان بے وقوف عورت۔

مِنْ: حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) ابتداء غایت زمانی جیسے مَرَضَ مِنْ یَوْمِ الجُمُعَةِ۔

(۲) ابتداء غایت مکانی جیسے سَارَ مِنْ بَیْرُوتَ۔

(۳) تبعیض۔ جیسے مِنْهُمْ مَنْ أحْسَنَ ومِنْهُمْ مَنْ أسَاءَ۔

(۴) تعلیل۔ جیسے مِمَّا خَطِیئَاتِهِمْ أُغْرِقُوا۔

(۵) بدل۔ جیسے أتَرْضَوْنَ بِالحَیٰوةِ الدُّنْیَا مِنَ الآخِرَةِ:۔

(۶) مرادف با جیسے یَنْظُرُونَ مِنْ طَرْفٍ خَفِیٍّ.

(۷) معنی فصل کا فائدہ بھی دیتا ہے جیسے

marfat.com

Marfat.com

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ۔
(٨) زائدہ بھی ہوتا ہے اور زائد ہونے کے لئے تین چیزیں شرط ہیں۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی یا استفہام ہو۔ دوسرے یہ کہ مجرور نکرہ ہو۔ تیسرے یہ کہ مجرور فاعل یا مفعول بہ مبتدا ہو جیسے "مَا جَاءَنِي مِنْ رَجُلٍ" "وَبَلْ ضَرَبْتَ مِنْ اَحَدٍ" و "مَافِي الدَّارِ مِنْ اَحَدٍ" ان کے علاوہ اور بھی معانی ہیں جو قرینہ سے مفہوم ہوتے ہیں۔
مَنْ: اسم شرط جازم ہے جیسے مَنْ يَعْمَلْ خَيْرًا يُجْزَبِهِ: اسم استفہام۔ جیسے مَنْ اَتَى اسم موصول اکثر استعمال ذوی العقول کے لئے ہوتا ہے۔ جیسے يَسْجُدُ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ: نکرہ موصوفہ جیسے مَرَرْتُ بِمَنْ مُعْجَبٍ لَكَ۔
مَنَّ (ن) مَنًّا وَمَنَّنِي عَلَيْهِ بِكَذَا: بھلائی کرنا۔
مَنَّ (ن) مَنًّا وَمِنَّةً وَامْتَنَّ وَامْتِنَانًا. عَلَيْهِ بِمَا صَنَعَ: احسان جتانا۔ وَامْتَنَّ عَلَيْهِ بِكَذَا: بھلائی کرنا۔ وَامْتَنَّ فُلَانًا: فلاں کے انتہائی چیز پر پہنچنا۔
مَنَّ (ن) مَنًّا وَاَمَنَّ وَتَمَنَّنَ الرَّجُلَ: کمزور کرنا۔ قوت زائل کرنا۔ مَنَّ الْحَبْلَ: کاٹنا۔ مَنَّ الشَّيْءُ: کم ہونا..... النَّاقَةَ: سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔ تَمَنَّنَ فُلَانٌ فُلَانًا وَتَمَنَّنَ عَلَيْهِ: احسان جتا کر تکلیف پہنچانا۔
مَنَّنَ تَمْنِينًا النَّاقَةَ وَبِهَا: اونٹنی کو سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔
مَانَّهُ مُمَانَّةً: کسی کی حاجت روائی کے لئے آنا جانا۔
اِمْتَمَنَّهُ: طالب احسان ہونا۔
اَلْمَنُّ: مص۔ احسان۔ انعام۔ ایک قسم کی شبنم ہے جو پتھروں اور درختوں پر شہد کے مانند جم کر خشک ہو جاتی ہے۔ وَمَنُّ بَنِي اِسْرَائِيلَ: وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا تاکہ اس سے وہ اپنی غذا حاصل کریں۔ اَلْمَنُّ: دو رطل کا پیمانہ یا میزان۔ ج اَمْنَان.
اَلْمَنَّةُ: قوت۔ ضعف۔ ج مُنَن.
اَلْمِنَّةُ: مص۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيَّ مِنَّةٌ اَوْ مِنَنٌ" اس کا میرے اوپر احسان یا احسانات ہیں۔ اَلْمِنَّةُ اسم ہے مَنَّ عَلَيْهِ سے اور اسی سے ہے اَلْمِنَّةُ تَهْدِمُ الصَّنِيعَةَ: احسان کا جتانا احسان کو ضائع کر دیتا ہے۔ ج مِنَن.
اَلْمِنَّةُ: مکڑی۔ مادہ سیہی۔
اَلْمَنُوْنُ: موت (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَتْ بِهِمُ الْمَنُوْنُ" موت نے ان کو تباہ و برباد کیا۔ زمانہ۔ رَيْبُ الْمَنُوْنِ: حوادث زمانہ۔
اَلْمَنُوْنُ وَالْمَنُوْنَةُ: بہت احسان جتانے والا۔ تاء مبالغہ کے لئے ہے۔ مؤنث مَنُوْن.
اَلْمَنُوْنَةُ: مکڑی۔
اَلْمَنَّانُ: بہت احسان کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ بہت احسان جتانے والا۔ مؤنث مَنَّانَةٌ.
اَلْمَنِينُ: کمزور۔ قوی۔ غبار یا ہلکا پراگندہ غبار۔ ج مُنُن وَاَمِنَّة.
اَلْمَمْنُوْنُ: مقطع۔ کٹا ہوا۔ کمزور۔ قوی۔ ہر چیز کا بہترین حصہ جو کسی کے پاس ہو۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ مَمْنُوْنَهُ".
مَنَاَ (ف) مَنَاَ الْجِلْدَ: کھال کو دباغت دینا..... فُلَانًا: فعل کی موافقت کرنا۔
اَلْمَنِيئَةُ: کھال جس کو پہلی بار دباغت دی جائے۔ دباغت دینے کی جگہ۔
اَلْمَنْاَةُ: کالی زمین۔
اَلْمَنْجَنِيقُ وَالْمَنْجَلِيقُ: جنگ میں قلعہ کی دیوار پر پتھر وغیرہ پھینکنے کی مشین۔ ج مَجَانِق وَمَجَانِيق وَمَنْجَنِيقَات.
مَنَحَهُ (ف ض) مَنْحًا الشَّيْءَ: دینا۔ عطا کرنا..... النَّاقَةَ وَكُلَّ ذَاتِ لَبَنٍ: اونٹنی یا دودھ والے جانور کو فائدہ اٹھانے کے لئے دینا۔ صفت مفعولی اَلْمِنْحَة وَالْمَنِيحَة. ج مِنَح وَمَنَائِح.
مَانَحَهُ مَنَاحًا وَمُمَانَحَةً: لگاتار عطیہ دینا۔
مَانَحَتِ الْعَيْنُ: لگاتار آنسو بہانا..... اَلنَّاقَةُ: اونٹنی کا جاڑے کے زمانہ میں جبکہ اور اونٹنیوں کا دودھ دینا ختم ہو گیا ہو دودھ دینا۔
اَمْنَحَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔ صفت مُمْنِح.
اِمْتَنَحَ الرَّجُلُ: عطیہ لینا اور کہا جاتا ہے "اُمْتُنِحَ مَالًا" یعنی وہ مال کا رزق دیا گیا۔
اِمْتَنَحَ الْمَنِيحَ: عاریت پر لینا۔
تَمَنَّحَ الْمَالَ: دوسرے کو کھلانا۔
اِسْتَمْنَحَهُ: عطیہ طلب کرنا۔
اَلْمِنْحَة: عطیہ۔ ج مِنَح.
اَلْمَنَّاح: بہت دینے والا۔
اَلْمَنُوْح: جاڑے کے زمانہ میں اونٹنیوں کے دودھ ختم ہو جانے کے بعد دودھ والی اونٹنی۔
اَلْمَنِيح: جوئے کے محروم تیروں میں سے ایک تیر۔
نَسَكَ (ن) نَسْكًا ونُسْكًا ونُسُوكًا ونُسُكَةً ومَنَسَكًا الرَّجُلُ: زاہد و عابد ہونا..... لِلّٰهِ: نفلی عبادت کرنا۔ خدا کے نام پر ذبح کرنا..... (نَسَكَ) الثَّوبَ: کپڑے کو دھو کر پاک کرنا۔
النَّسِيكَة: ذبیحہ۔ چاندی سونے وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج نَسائِك.
النّاسِك: فا۔ عابد زاہد۔ ج نُسّاك.
عُشْبٌ ناسِكٌ: بہت سبز گھاس۔ اَرْضٌ ناسِكَةٌ: تازہ بارش والی سرسبز زمین۔
المَنْسَك: مانوس جگہ (..... والمَنْسِك) قربانی کی رسم۔ قربانی کی جگہ۔ قربانی ج مَناسِك ومَناسِكُ الحَجِّ: افعال و ارکان حج۔
المَنْسُوك: مفع۔ ثَوْبٌ مَنْسُوكٌ: پانی سے دھو کر پاک کیا ہوا کپڑا۔ فَرَسٌ مَنْسُوكَةٌ: چھوٹے چھوٹے نرم بالوں والا گھوڑا۔ اَرْضٌ مَنْسُوكَةٌ: کھاد ڈالی ہوئی زمین۔
نَسَلَ (ن) نَسْلاً الشَّعْرَ او الرِّيشَ: جھاڑنا اور گرانا..... الوَلَدَ وبِالوَلَدِ: جننا..... الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔
نَسَلَ (ن) نُسُولاً الرِّيشُ او الصُّوفُ: پر یا اون کا جھڑنا اور گرنا۔
نَسَلَ (ض ن) نَسْلاً ونَسَلاً ونَسَلانًا فِي مَشْيِهِ: تیز چلنا۔
اَنْسَلَ الصُّوفَ او الرِّيشَ: اون یا پر گرانا۔ الصُّوفُ: اون کرنا..... الوالِدُ الوَلَدَ: پیدا کرنا..... فِي عَمَلِهِ ونَحْوِهِ: آگے بڑھ جانا..... النَّسْأَةُ: جانور کے بال گرنے کا زمانہ قریب ہونا۔
تَناسَلَ القَوْمُ: بعض کا بعض سے پیدا ہونا..... بَنُو فُلانٍ: بہت اولاد والے ہونا۔
النَّسْل: مثل۔ خلق۔ اولاد۔ ذریت۔ ج أنْسال.
النَّسَل: مص۔ دودھ جو تھن سے خود نکلے۔ سبز انجیر کا دودھ۔
النُّسالُ: گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ واحد نُسالَةٌ.
النَّسِيل: گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ موم سے جدا شدہ شہد۔
النَّسِيلَة. نَسِيل: کا واحد۔ اولاد۔ خلق۔ موم سے جدا شدہ شہد۔
النَّسُولَة مِنَ المَواشِي: موٹی جو نسل بڑھانے کے لئے محفوظ کیا جائے۔ بہت نسل والا۔
النّاسِل: فا۔ تیز رفتار۔ ج نَسْل.
النَّسُول والنَّسّال: تیز دوڑنے والا۔
نَسَمَ (ض) نَسْمًا الطَّيرُ الأرْضَ بِطَرَفِهِ: اُونٹ کا ٹھوکر مار کر زمین میں نشان ڈالنا۔
نَسَمَتْ (ض) نَسْمًا ونَسِيمًا ونَسْمانًا الرِّيحُ: ہوا کا آہستہ چلنا..... فَسْمًا ونَسِيمَ
(س) نَسَمًا الشَّيءُ: متغیر ہونا..... الطَّيرُ: سوراخ دار کمر والا ہونا۔
نَسَمَ (ک) نَسامَةً الطَّعامُ: کا رسیلا ہونا۔
نَسَمَ فِي الأمْرِ: غور کرنا..... النَّسَمَةُ: زندہ کرنا۔ آزاد کرنا..... الأسِيرَ: قیدی کو رہا کرنا۔
نَاسَمَهُ مُناسَمَةً ونِسامًا: چپکے چپکے بات کرنا۔
تَنَسَّمَ الرَّجُلُ: سانس لینا۔ تَنَسَّمَتِ الرِّيحُ: ہوا کا آہستہ چلنا..... الجَمَرُ: چنگاری کا بھڑکنا۔ تَنَسَّمَ المَكانُ بِالطِّيبِ: خوشبو سے مہک اٹھنا۔ فُلانٌ العِلْمَ: آہستہ آہستہ دریافت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَسَّمْتُ مِنْهُ عِلْمًا" میں نے اس سے

marfat.com
Marfat.com

علم حاصل کیا..... النَّزْعُ: دُھونکنا۔ محسوس کرنا۔..... الْوَلَدُ: بچہ کے جسم کا تیار ہونا اور روح پڑ جانا۔

النَّاسِم: ف۔ قریب الموت مریض۔

النَّسَم: مص۔ زندگی کا سانس۔ آہستہ چلنے والی ہوا۔ ج اَنْسام. النَّسَم: ناک۔ نسمہ۔ بمعنی روح کی جمع۔ مٹا ہوا راستہ۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔

النَّسَمَة: حمام وغیرہ کے راستے۔

النَّسَمَة: زندگی کا سانس۔ ہر جان دار انسان ہو یا حیوان۔ لونڈی۔ غلام۔ ج نَسَمٌ وَنَسَمَاتٌ النَّسَمَةُ: سانس کا چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهُ نَسَمَةٌ" یعنی اس کا سانس چڑھ گیا۔

النَّسِيم: مص۔ روح۔ پسینہ۔ نرم ہوا۔ ج نُسُم اور بھاری بھرکم آدمی کے لئے کہا جاتا ہے "هُوَ ثَقِيلُ الظِّلِّ بَارِدُ النَّسِيمِ".

النَّيْسَم: نرم ہوا۔ مٹا ہوا راستہ۔

الاَنَاسِم: لوگ (یہ نَسَم کی جمع الجمع ہے) کہا جاتا ہے "مَا فِي الْاَنَاسِمِ مِثْلُهُ" یعنی لوگوں میں اس کے مانند کوئی نہیں۔

المَنْسِم. لِلْاِبِلِ: اُونٹ کے کھر کا کنارہ۔ ج مَنَاسِم. المَنْسِم: علامت۔ راستہ۔ مذہب۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "اِلٰى اَيْنَ مَنْسِمُكَ" تمہاری توجہ کس طرف ہے۔

نَسْنَسَ الطَّائِرُ: پرندہ کا تیز اڑنا۔ نَسْنَسَتِ الرِّيحُ: ہوا کا چلنا۔ نَسْنَسَ الْبَعِيرَ: اُونٹ کو ڈانٹنا اور ہانکنا..... الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

النَّسْنَاس: شکل انسانی پر ایک خیالی جانور ..... عِنْدَ الْعَامَّة: بندروں کی ایک قسم۔ لنگور۔ نَسْنَاسُ الْاِنْسَانِ وَغَيْرِهِ: مشقت اور صبر۔

النِّسْنَاس: سخت بھوک۔

نَسَا يَنْسُو نَسْوَةَ الرَّجُلُ: کام چھوڑ دینا۔ اَنْسَاهُ اِنْسَاءُ الشَّيْءِ: چھوڑنے کا حکم دینا۔

النَّسَا: ایک رگ جو سرین سے ٹخنے تک ہوتی ہے۔ مثنی نَسَوَان ونَسَيَان ج

النِّسَاء.

النَّسْوَة: مص۔ دودھ کا ایک گھونٹ۔

النَّسْوَة والنُّسْوَة والنِّسَاء والنِّسْوَان و النِّسْوُن والنِّسْيَن: عورتیں (یہ سب الفاظ مَرْاَةٌ کی جمع ہیں) اور نِسْوَة اور نُسْوَة کی طرف نسبت کے لئے نِسْوِيٌّ ونُسْوِيٌّ اور تصغیر نُسَيَّة اور نُسَيَّات بھی کہا جاتا ہے۔

المَنْسُوءُ: عرق النساء کی بیماری میں مبتلا۔

نَسِيَ يَنْسَى نَسًا: مبتلائے عرق النساء ہونا۔ صفت مذکر نَسٍ وَاَنْسَى: صفت مؤنث نَسِيَّةٌ ونَسْيَاء.

نَسَى يَنْسِي نَسْيًا الرَّجُلَ: نسا نامی رگ پر مارنا۔

نَسِيَ يَنْسَى نَسْيًا ونِسْيَانًا ونِسَايَةً ونَسْوَةً الشَّيْءُ: بھولنا۔

نَسَّى واَنْسَى الرَّجُلَ الشَّيْءَ: فراموش کرانا۔

تَنَاسَى: اپنے آپ کو بھولا ہوا ظاہر کرنا۔

النَّسْيُ والنِّسْيُ: بھولی ہوئی چیز۔ معمولی چیزیں جن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے والے چھوڑ جائیں۔

النَّسْيَان والنَّسَّاء: بہت بھولنے والا۔

النَّسِيُّ: بہت بھولنے والا۔ اپنی قوم میں شمار نہ ہونے والا۔

الاَنْسَى: پنڈلی کے نچلے حصہ کی ایک رگ۔

المَنْسِيُّ: مفع۔ بھولی ہوئی چیز۔ جلاء عرق النساء۔

المِنْسَاة: لاٹھی (اس کی اصل مِنْسَأَة: ہمزہ کے ساتھ ہے)

نَشَّ (ن) نَشًّا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ہانکنا..... المِسْكَ ونَحْوَهُ: مشک باریک کرنا۔ کوٹنا۔ الشَّيْءَ: ملانا۔

نَشَّ (ض) نَشًّا ونَشِيشًا الْمَاءُ فِي الْكُوزِ الْجَدِيدِ: سکورے میں پانی کا آواز کرنا..... اللَّحْمُ: ہانڈی میں یا سیخ پر آواز کرنا..... الْغَدِيرُ: تالاب کا پانی اترنے لگنا.....

نَشْبَ اللُّقْمَة: گلے کے ٹکڑے سے پانی چکنا۔

النَّشّ: مص۔ ہر چیز کا نصف۔

النَّشَّاش: اسم مبالغہ۔

وَاَرْضٌ نَشَّاشَةٌ: نمناک زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

النَّشِيش: مص۔ پانی کے جوش کی آواز۔

اَرْضٌ نَشِيشَةٌ: شور زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

النِّشَّة: مورچل۔ چوری۔

نَشَأَ (ف) ونَشْوٌ (ک) نَشْأً او نُشُوءً او نَشْئَةً ونَشَاءً ونَشَاءَةً الشَّيْءُ: نو پید ہونا۔ زندہ ہونا..... الطِّفْلُ: جوانی کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے نَشَأْتُ فِي بَنِي فُلَانٍ: میری پرورش بنی فلاں میں ہوئی اور میں جوانی کو پہنچا اور اسم النشء. نَشَاَتِ السَّحَابَةُ: گھٹا اٹھنا۔

اَنْشَاَهُ اِنْشَاءً ا: پرورش کرنا۔ اَنْشَاَ اللّٰهُ السَّحَابَةَ: گھٹا اٹھنا..... الشَّيْءَ: نو پید کرنا ..... اَللّٰهُ الشَّيْءَ: پیدا کرنا..... اللّٰهُ الْخَلْقَ: شروع کرنا۔ اَنْشَاَ الْحَدِيثَ او الْكَلَامَ: وضع کرنا۔ ابتدا کرنا اور اسی سے ہے "عِلْمُ الْاِنْشَاءِ ..... "زَيْدٌ" عمدہ شعر بنانا یا بہترین خطبہ دینا..... فُلَانٌ دَارًا: تعمیر شروع کرنا۔ اَنْشَاَ فُلَانٌ يَضْرِبُ: مارنے لگنا (اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے) مِنَ الْمَكَانِ: نکلنا۔ کہا جاتا ہے مِنْ اَيْنَ اَنْشَاْتَ: یعنی تم کہاں سے نکلے۔

نَشَّاهُ تَنْشِئَةً: پرورش کرنا۔ نَشَّاَ اللّٰهُ السَّحَابَةَ: گھٹا چڑھانا۔

تَنَشَّأَ نَشْأً. اِلٰى حَاجَتِهِ: اپنی حاجت کے لئے جانا۔

اِسْتَنْشَاَ اِسْتِنْشَاءً الْاَخْبَارَ: خبروں کی حقیقت دریافت کرنا..... الْعَلَمَ فِي الْمَفَازَةِ: بلند کرنا..... فُلَانًا قَصِيدَةً او خُطْبَةً: قصیدہ یا خطبہ کی فرمائش کرنا۔

النَّشْء: مص۔ نسل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَشْ

marfat.com
Marfat.com

سُوْءٍ او مِنْ نَشْ سُوْءٍ" وہ بری نسل سے ہے۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ نَاشِی: اسم فاعل کی جمع۔ چڑھا ہوا بادل یا بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔ ج نَشَأٌ.
النَشِیُ: بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔
النَشْأَة والنَشِیْئَة: نباتات کی نازک کونپلیں۔ النَشِیْئَة بمعنی النَاشِئَة.
النَاشِی: فا۔ جوانی کے قریب پہنچا ہوا لڑکا یا لڑکی۔ ج نَشْءٌ ونَشَأٌ ونَاشِئَةٌ (خلاف قیاس) ہر وہ چیز جو رات کو ظاہر ہو۔ ج نَوَاشِی.
النَاشِئَة. نَاشِی: کا مؤنث۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ رات کے ابتدائی اوقات۔ سونے کے بعد اُٹھنا۔ نوجوان لڑکی۔ ج نَوَاشِی.
المَنْشَأُ: پیدا ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَوْلِدِیْ ومَنْشَایَ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ".
المُنْشَأُ والمُسْتَنْشَأُ: بلند جھنڈا۔ بلند نشان راہ۔
نَشِبَ (س) نَشَبًا ونُشُوْبًا ونُشْبَةً الشَّیْءُ فِی الشَّیْءِ: چمٹنا..... العَظْمُ فِیْ حَلْقِهٖ: حلق میں ہڈی چبھنا۔ کہا جاتا ہے "نَشِبَ فُلَانٌ مَنْشَبَ سُوْءٍ" فلاں ایسی چیز میں پھنس گیا جس سے رہائی ممکن نہیں "وَمَا نَشِبْتُ اَفْعَلُ کَذَا" یعنی میں ہمیشہ ایسا کرتا رہا "وَلَمْ یَنْشَبْ اَنْ مَاتَ" یعنی وہ فوراً مر گیا (.....نُشُوْبًا) الحَرْبُ بَیْنَ القَوْمِ: گھمسان کی جنگ ہونا..... الاَمْرُ فُلَانًا: لازم ہونا..... فِیْهِ: خریدنا۔
نَشَّبَهٗ واَنْشَبَهٗ فِیْ کَذَا: چمٹانا۔ چسپاں کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنْشَبَ البَازِی مَخَالِبَهٗ فِی الاُحْبُوْلَةِ" باز نے چنگل شکار میں گھسا دیا۔
اَنْشَبَ الصَّائِدُ: شکاری نے شکار کو جال میں پھنسا لیا۔
الرِّیْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور کنکری وغیرہ اڑانا۔
نَاشَبَهُ مُنَاشَبَةَ الحَرْبِ: کھلم کھلا جنگ کرنا۔
تَنَشَّبَ فِیْهِ: چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَشَّبَ فِیْ قَلْبِهٖ حُبُّ فُلَانٍ" اس کے دل میں فلاں کی محبت پیوست ہو گئی۔
اِنْتَشَبَ فِیْهِ: چمٹنا..... الحَطَبَ: لکڑی جمع کرنا۔
تَنَاشَبُوْا: بعض کا بعض کے ساتھ چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاشَبُوْا حَوْلَ الرَّسُوْلِ" لوگوں نے رسول کے اردگرد بھیڑ لگائی۔
النَشَب: مص (..... والنَشَبَة) جائیداد غیر منقولہ۔ مال دمویشی۔ النَشَب: ایک درخت کا نام جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔
النُشْبَة: مص۔ (..... والنَشَبَة) کام میں پھنس کر رہائی نہ پانے والا مرد۔
نُشْبَة: بھیڑیا کا علم جنس۔
النُشَّاب: تیر۔ واحد نُشَّابَةٌ. ج نَشَاشِیْب.
النَاشِب: فا۔ تیروں والا۔ تیر انداز۔
النَاشِبَة. نَاشِب کا مؤنث۔ تیر انداز لوگ۔
النَشِب: چمٹنے والا۔
النَشَّاب: بہت چمٹنے والا۔ تیر ساز و انداز۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَشَّابٌ" تیر انداز مرد۔
قَوْمٌ نَشَّابَةٌ: تیر انداز لوگ۔
المَنْشَب: چمٹنے کی جگہ۔
المَنْشَبَة: مال مویشی۔ کہا جاتا ہے بُرْدٌ مُنَشَّبٌ: تیر کی مانند نقش ونگار والی چادر۔
نَشَجَ (ض) نَشْجًا ونَشِیْجًا البَاکِی: روتے روتے ہچکی لگنا۔ نَشَجَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا کھدکھدانا نَشَجَ الضِفْدَعُ: مینڈک کا ٹراتے وقت آواز دہرانا..... المُطْرِب: گویے کا دو طرز کے سروں کے درمیان فصل کرنا اور کھینچنا۔
النَشْج: پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَنْشَاج.
النَشِیْج: مص۔ آواز۔
عَبْرَةٌ نَشْجٌ: آنسو کہ جس کے ساتھ آواز بھی ہو۔
نَشَحَ (ف) نَشْحًا ونُشُوْحًا الرَّجُلُ: پرانی سے کم پینا۔ سیر ہو کر پینا۔
النَشْح: مست لوگ۔ واحد نَشُوْحٌ.
النَشَّاحِ مِنَ الاٰنِیَةِ: بھر کر چھلکنے والا برتن۔
نَشَدَ (ن ض) نَشْدًا ونَشْدَانًا ونِشْدَةً الضَّالَّةَ: گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا..... فُلَانًا: پکارنا..... اللّٰهَ وبِاللّٰهِ: قسم دینا..... نَشْدَ الرَّجُلَ: کسی سے اَنْشَدَکَ اللّٰهَ: کہنا اور کہا جاتا ہے "نَشَدْتُکَ اللّٰهَ اِلَّا فَعَلْتَ" اس سے مقصد یہ ہے کہ میں نے تم سے کوئی چیز طلب نہیں کی سوائے اس کے کہ تم یہ کر دو "نَشَدَهٗ عَهْدَهٗ او وَعْدَهٗ" اس نے اس کو وعدہ یاد دلایا۔
اَنْشَدَ الضَّالَّةَ: گم شدہ کے متعلق پوچھ گچھ کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا۔ اَنْشَدَهُ الشِّعْرَ: شعر پڑھنا۔ اَنْشَدَ بِالقَوْمِ: ہجو کرنا..... زَیْدًا ولِزَیْدٍ: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "نَشَدْتُهٗ فَاَنْشَدَنِیْ او اَنْشَدَلِیْ" میں نے اس سے پوچھا اس نے جواب دیا۔
نَاشَدَهٗ مُنَاشَدَةً ونِشَادًا: قسم کھلانا۔ نَاشَدَهُ الاَمْرَ وفِی الاَمْرِ: متوجہ کرنا۔
تَنَشَّدَ. الاَخْبَارَ: اطلاع دینا۔
تَنَاشَدُوْا. الاَشْعَارَ: ایک دوسرے کے سامنے شعر پڑھنا۔
اِسْتَنْشَدَهٗ. الشِّعْرَ: شعر پڑھنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے نَشَدَکَ ونَشَدَکَ اللّٰهَ اِلَّا فَعَلْتَ: یعنی میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں اور اللہ کی قسم دے کر تم سے کہتا ہوں کہ تم یہ کر دو۔
النَاشِد: فا۔ طلب کرنے والا۔ تلاش کرنے والا۔ النَاشِدُوْن: گم شدہ کو تلاش کرنے والے مالک تک پہنچانے والا۔
النِشْدَة: مص۔ آواز۔
النَشِیْد: آواز کی بلندی (..... والنَشِیْدَة ج نَشَائِد والاُنْشُوْدَة. ج اَنَاشِیْد: شعر جس کو ایک دوسرے کے سامنے پڑھیں۔ نَشِیْدُ الاَنْشَادِ: بائبل کی ایک کتاب۔
النَشَّاد: گم شدہ کو تلاش کرنے والا۔
النُشَادِر والنُوْشَادِر: نوسادر (دوا)
نَشَرَ (ض ن) نَشْرًا الثَّوْبَ: پھیلانا.....

marfat.com
Marfat.com

الْخَبَرَ: نشر کرنا..... الشَّيْءَ: پھیلانا.....
الْحَشَبَ: چیرنا..... عَنِ الْمَوْتَى: مُنتشر ہونا۔ نَشَرَتِ الرِّيحُ: بادل والے دن میں ہوا کا چلنا۔
نَشَرَ (ن) نُشُورًا. الشَّجَرُ: پتے نکالنا۔
نَشَرَتْ أَوْرَاقُ الشَّجَرَةِ: پتوں کا بڑھنا اور پھیلنا..... الْأَرْضُ: ابر بہاری کے بعد سرسبز ہونا۔
نَشَرَ (ن) نَشْرًا وَنُشُورًا اللّٰهُ الْمَوْتَى: زندہ کرنا۔ نَشَرَ وَنُشِرَ الْمَوْتَى: زندہ ہونا۔ خف۔ نَاشِرُونَ.
نَشِيرٌ (س) نَشْرًا الْمَوَاشِي: رات میں چرنے کے لئے پھیلنا۔ خارش والے ہونا۔
نَشَرَ الثَّوْبَ وَنَحْوَهُ: کپڑا پھیلانا..... عَنِ الْمَرِيضِ او الْمَجْنُونِ: بیمار یا دیوانہ پر منتر پھونکنا۔
أَنْشَرَ اللّٰهُ الْمَيِّتَ: مُردہ کو زندہ کرنا..... الْأَرْضَ: زمین کو پانی ڈال کر قابلِ زراعت بنانا..... الرَّجُلُ: ندی نکالنا۔
تَنَشَّرَ الشَّيْءُ: پھیلنا۔
اِنْتَشَرَ الشَّيْءُ: پھیلنا..... النَّهَارُ: دن چڑھنا..... الْخَبَرُ: خبر کا فاش ہونا..... الْإِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا..... الرَّجُلُ: سفر شروع کرنا۔
تَنَاشَرُوا. الثِّيَابَ: کپڑوں کو باہم مل کے پھیلانا۔
اِسْتَنْشَرَ الْخَبَرَ: خبر پھیلانے کو کہنا۔
اَلنَّشْرُ: مص۔ عمدہ خوشبو یا بو۔ کہا جاتا ہے "لَهُ نَشْرٌ طَيِّبٌ" اس کی اچھی خوشبو ہے۔ اگنے کی ابتدا۔ خارش۔
اَلنَّشْرُ وَالنَّشْرُ: بغیر سردار کے منتشر لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا نَشْرًا او نَشَرًا" لوگ متفرق ہو کر آئے۔ اَلنَّشَرُ: پھیلا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اِضْمُمْ نَشَرِي" اے اللہ میرے متفرق اُمور کو جمع کر دے۔
اَلنَّشْرُ وَالنُّشُورُ: مص يَوْمُ النَّشْرِ وَيَوْمُ النُّشُورِ: قیامت کا دن۔

اَلنَّشْرَةُ. نَشْرٌ: کا اسم مرۃ۔ بادِسم اشتہار۔ (مولد) ج نَشَرَاتٌ.
اَلنَّشِيرُ: ازار۔ تہہ بند۔ کاٹ کر جمع کی ہوئی کھیتی۔
اَلنَّاشِيرُ: بچوں کے سر مشق (جمع ہے اس کا واحد نہیں)
اَلْمِنْشَارُ: آرہ۔ ج مَنَاشِيرُ. اَلْمِنْشَارُ: پنجہ دار لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسے سے علیحدہ کرتے ہیں۔ ایک سمندری مچھلی جس کو اَبُو مِنْشَارٍ بھی کہتے ہیں۔
اَلْمَنْشُورُ: مفع۔ کھلا ہوا شاہی فرمان۔
اَلْمَنْشَرُ: مصدر میمی۔ کپڑا وغیرہ پھیلانے کی جگہ۔
اَلْمَنْشُورَةُ. اَلْمَنْشُورُ کا مؤنث۔ کنی و شریف عورت۔
اَلنِّشْوَارُ: جانوروں کا اصطبل۔
نَشَزَ (ض ن) نَشْزًا فِيَّ او عَنْ مَكَانِهِ: بلند ہونا..... الرَّجُلُ: بیٹھے ہوئے سے اٹھنا۔ اونچی جگہ میں جھانکنا..... اَلْقَوْمُ فِي مَجْلِسِهِمْ: ساتھیوں کے لئے سمٹنا۔ اٹھ کھڑا ہونا۔ نَشَزَتْ نَفْسُهُ: گھبراہٹ سے دل دھڑکنا۔
نَشَزَتْ (ن ض) نُشُوزًا الْمَرْأَةُ بِزَوْجِهَا وَمِنْهُ وَعَلَيْهِ: بیوی کا نافرمان ہونا۔ نفرت کرنا۔ بغض رکھنا۔ صفت نَاشِزٌ وَنَاشِزَةٌ ج نَوَاشِزُ. نَشَزَ بَعْلُهَا عَلَيْهَا وَمِنْهَا: شوہر کا ظلم کرنا۔ سختی کرنا۔ تکلیف دینا..... بِالْقَوْمِ فِي الْخُصُومَةِ: قوم کے ساتھ جھگڑا کرنے کے لئے اٹھ کھڑا ہونا۔

نَشَزَ (ض) نَشْزًا بِقَرْنِهِ: سینگ سے اٹھا کر پھینک دینا۔
اَلنَّشْزُ الشَّيْءَ: جگہ سے نمایاں کر دینا۔ بلند کرنا۔
اَللَّهُ عِظَامَ الْمَيِّتِ: مردوں کی ہڈیوں کو اٹھا کر ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا۔
اَلنَّشْزُ: مص..... ج نُشُوزٌ وَالنَّشَزُ ج نِشَازٌ وَأَنْشَازٌ: بلند جگہ..... مِنَ الرِّجَالِ: قوی۔ مضبوط۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹا۔
اَلنَّشَازُ: بلند جگہ۔
اَلنَّاشِزُ: فا۔ جگہ سے اُبھرا ہوا۔ نمایاں۔ عِرْقٌ نَاشِزٌ: مرض وغیرہ کی وجہ سے ابھری ہوئی اور دھڑکنے والی رگ۔
اَلنَّشِيزَةُ وَالْمَنْشُوزَةُ مِنَ الدَّوَابِّ: سواری جس کی پیٹھ پر زین یا سوار ٹھہر نہ سکے۔
نَشَصَ (ض ن) نُشُوصًا السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا..... اَلنَّفْسُ: دھڑکنا..... اَلصُّوفُ الشَّعْرُ: اون یا بال کا نکلنا اور کھال سے چمٹا ہوا ہونا۔ نَشَصَتِ السِّنُّ: لمبا ہونا۔ نَشَصَ الشَّيْءَ: نکالنا..... فُلَانًا: نیزہ مارنا..... عَنْ بَلَدِهِ: شہر و مسکن سے علیحدہ ہونا۔ نَشَصَتِ الْمَرْأَةُ عَنْ زَوْجِهَا: عورت کا نافرمان ہونا۔ بغض رکھنا صفت نَاشِصٌ.
اَنْشَصَهُ عَنْ بَلَدِهِ او بَيْتِهِ: شہر سے یا گھر سے نکال دینا۔
نَشَّصَهُ: بلند کرنا۔
تَنَشَّصَ لِكَذَا: اٹھنا اور تیاری کرنا۔
اِنْتَشَصَ الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔
اِسْتَنْشَصَتِ الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اٹھانا۔
اَلنَّشَاصُ وَالنَّشَاصُ: بلند تہ بتہ بادل۔ لشکر۔ ج نُشُصٌ وَنَشَائِصُ.
اَلنَّشُوصُ وَالنَّشِيصُ: کھڑا کیا ہوا نیزہ۔ بلند کوہان والی اونٹنی۔
نَشِطَ (س) نَشَاطًا: ہشاش بشاش ہونا

marfat.com
Marfat.com

.....فِیْ عَمَلِہٖ او اِلٰی عَمَلِہٖ: پھرتیلا و چست ہونا۔ صفت نَاشِطٌ وَنَشِیْطٌ.
نَشِطَتِ الدَّابَّۃُ: موٹا ہونا۔
نَشَطَ (ض) نَشْطًا مِنَ الْمَکَانِ: نکلنا۔ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ: عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَشَطَ بِھِمُ الطَّرِیْقُ" راستہ ان لوگوں کو دائیں بائیں لے گیا۔
نَشَطَ (ن) نَشْطًا الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا.....الْعُقْدَۃَ: گرہ کو مضبوط کرنا.....الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ: بغیر چرخی کے ڈول نکالنا.....زَیْدًا: نیزہ مارنا۔ نَشَطَتْہُ الْحَیَّۃُ: سانپ کا ڈسنا۔
نَشَّطَ الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا.....ہٗ اِلَی الْعَمَلِ: چست بنانا۔ جرأت دلانا۔
اَنْشَطَہٗ: چست بنانا۔ اِنْشَطَ الرَّجُلُ: چست لوگوں یا جانوروں والا ہونا۔
اَنْشَطَتِ الْحَیَّۃُ: سانپ کا ڈسنا۔ اَنْشَطَ الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا.....الْعُقْدَۃَ او الْعِقَالَ: گرہ کھولنا.....الْبَعِیْرَ مِنْ عِقَالِہٖ: اونٹ کو رہا کرنا۔ چھوڑنا.....الْکَلَا الدَّابَّۃَ: موٹا کرنا۔
تَنَشَّطَ: ہشاش بشاش ہونا.....لِلْعَمَلِ: تیار ہونا اور چست ہو کر متوجہ ہونا۔ "تَنَشَّطَتِ النَّاقَۃُ فِیْ سَیْرِھَا" تیز دوڑنا۔ تَنَشَّطَ الْمَفَازَۃَ: بیابان کو عبور کرنا۔
اِنْتَشَطَ الْحَبْلَ: رسّی کو کھلنے کے لئے کھینچنا.....الْحَبْلُ: رسّی کا کھلنا.....النَّشِیْطَۃُ: بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگے ہوئے اونٹوں کو ہانکنا.....النَّشَکَۃُ: مچھلی کے سفنے اتارنا.....الشَّیْءُ: چھیننا' مضبوط کرنا.....فُلَانًا اِلٰی کَذَا: کھینچنا یا بلند کرنا۔ اِنْتَشَطَتِ الْحَیَّۃُ: فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا۔
اِسْتَنْشَطَ الْجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔
النَّشْطُ: مص۔ جلدی اور تیزی کے ساتھ ڈنگ مارنا۔
النَّاشِطُ: فا۔ چست۔ پھرتیلا۔ جنگلی بیل جو ایک جگہ سے دوسری جگہ پھرے۔

نَاشِطٌ: بڑی سڑک سے دائیں نکلا ہوا راستہ۔
النَّاشِطَۃُ. النَّاشِطُ کا مؤنث ج نَاشِطَاتٌ وَنَوَاشِطُ. والنَّوَاشِطُ مِنَ الْمَسَائِلِ: بڑے مسئلے سے نکلے ہوئے مسائل واحد اس کا نَاشِطٌ: ہے۔
النَّشِیْطُ: چست پھرتیلا۔ چست اہل وعیال والا یا چست جانوروں والا۔ ج نِشَاطٌ وَنَشَاطَی.
النَّشُوْطُ: ایک قسم کی مچھلی۔ بِئْرٌ نَشُوْطٌ: گہرا کنواں۔
بِئْرٌ اَنْشَاطٌ وَاِنْشَاطٌ: کم گہرا کنواں جس سے ڈول ایک ہی دفعہ کے کھینچنے میں نکل آئے۔
النَّشِیْطَۃُ: النَّشِیْطُ: کا مؤنث۔ مالِ غنیمت جو غازیوں کو راستہ میں ہاتھ لگ جائے۔ اونٹ جو بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگ جائیں اور ہانکے جائیں۔
الاَنْشُوْطَۃُ: گرہ جس کا کھولنا آسان ہو۔ کہا جاتا ہے "مَا عِقَالُکَ بِالْاَنْشُوْطَۃِ" یعنی تمہاری دوستی کمزور نہیں ہے۔ ج اَنَاشِیْطُ.
الْمِنْشَطُ: بہت چست۔
الْمَنْشَطُ: خوش دلی۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلُوْا ذٰلِکَ عَلَی الْمَنْشَطِ وَالْمَکْرَہِ" اس کو خوش دلی اور ناراضی کے باوجود کرو۔
نَشَطَ (ن) نُشُوْطًا النَّبَاتُ: نباتات کا نمودار ہونا۔
نَشَعَ (ف) نَشْعًا الرَّجُلُ: سسکی لینا۔ الشَّیْءُ: سختی سے کھینچنا.....الطِّیْبَ: خوشبو سونگھنا.....فُلَانًا الدَّوَاءَ: دوا منہ میں ٹپکانا.....ہٗ الْکَلَامَ: تلقین کرنا۔ سوجھانا۔
نَشَعَ (ف) نُشُوْعًا: قریب الموت ہو کر صحت پانا۔
نُشِعَ نَشْعًا بِکَذَا: مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ صفت مَنْشُوْعٌ بِہٖ.
اِنْشَعَہُ الدَّوَاءَ: منہ میں دوا ٹپکانا.....ہٗ الْکَلَامَ: تلقین کرنا۔ سوجھانا۔ اِنْتَشَعَ:

ناک میں دوا ٹپکانا۔ اِنْتَشَعَ: چھینکنا۔
النَّشُوْعُ: ناک میں ڈالنے کی دوا۔ دوا جو مریض کے منہ میں ٹپکائی جائے۔ ہر وہ چیز جو سانس کو پھلا دے۔
النَّاشِعُ: ابھرا ہوا۔
النَّشَعُ: خراب مرے کا پانی۔
النُّشَاعَۃُ: ہاتھ سے نکال کر پھینکی ہوئی چیز۔
الْمِنْشَعُ والْمِنْشَعَۃُ: منہ یا ناک میں ٹپکانے کی دوا کا برتن۔
نَشَغَ (ف) نَشْغًا الْمَاءَ: پانی بہانا.....ہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا.....ہٗ الْکَلَامَ: تلقین کرنا۔ سمجھانا.....الصَّبِیَّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا.....الْمَاءُ: اوک سے پانی پینا.....الرَّجُلُ: سسکی لینا یہاں تک کہ بے ہوشی طاری ہو جائے۔
نُشِغَ الصَّبِیُّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکائی جانا.....بِالشَّیْءِ: مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ صفت مَنْشُوْغٌ بِہٖ.
اَنْشَغَ عَنْہُ: علیحدہ ہونا.....ہٗ الْکَلَامَ: تلقین کرنا۔ سمجھانا۔
تَنَشَّغَ: سسکی لینا یہاں تک کہ بے ہوشی طاری ہو جائے(..... وَنَاشَغَ وَانْتَشَغَ الْکَلَامَ: سیکھنا اور حاصل کرنا۔
النَّاشِغُ فَاجٌ نُشَّغٌ مؤ نَشَّاغَۃٌ. ج نَوَاشِغُ وَنَاشِغَاتٌ. النَّوَاشِغُ: دو رگیں جو ہنسلی کی نالیاں۔
النَّشْغَۃُ: لمبی لمبی سانسوں میں سے ایک سانس۔ موت کے وقت کی بہت اکھڑی ہوئی سانس۔ ج نَشَغَاتٌ.
النَّشُوْغُ: ناک میں ڈالنے کی دوا۔ بچہ یا مریض کے منہ میں ٹپکانے کی دوا۔
الْمِنْشَعُ والْمِنْشَغَۃُ: منہ یا ناک میں دوا ٹپکانے کا برتن۔
نَشِفَ (س) ونَشَفَ (ن) نَشْفًا الْعَرَقُ او الْحَوْضُ الْمَاءَ: کپڑے کا پسینہ یا حوض کا پانی کو جذب کر لینا.....الْمَاءُ فِی الْاَرْضِ: جذب ہونا۔ نَشَفَتِ الْبِئْرُ: کنویں

marfat.com
Marfat.com

کا پانی خشک ہونا۔
نَشَفَ (ض) نَشْفًا المَاءَ: پانی کو کپڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔
نَشَّفَ المَاءَ: پانی کو کپڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔ نَشَّفَتِ النَّاقَةُ: زمانہ ولادت کے قرب کی وجہ سے کبھی تھن کا بھرا ہونا اور کبھی خشک ہونا۔ صفت مُنَشِّف: جھاگ والے دودھ والی ہونا۔
اَنْشَفَهُ: جھاگ والا دودھ پلانا۔
تَنَشَّفَ الثَّوْبُ العَرَقَ: کپڑے کا پسینہ کو جذب کرنا..... الرَّجُلُ: کپڑے وغیرہ سے جسم پونچھنا۔
اِنْتَشَفَ: جھاگ والا دودھ پینا..... الوَسَخَ و نَحْوَهُ: میل وغیرہ صاف کرنا۔
النَّشَف: پانی کا جذب ہونا۔
النِّشْفَة والنُّشْفَة: تھوڑی چیز جو برتن میں باقی رہ جائے۔ النُّشْفَة: وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے اور کھائی جائے۔
النَّشْفَة: بکسر النون و النَّشْفَة: جھانواں۔ ج نَشْفٌ و نِشْفٌ و نُشُفٌ و نِشَافٌ۔
النُّشْفَة والنَّشَافَة: پانی پونچھنے کا کپڑا۔ جھاڑن۔
النُّشْفَة والنُّشَافَة: دودھ دوہتے وقت کے جھاگ۔ النُّشَافَة: جذب شدہ پانی۔ وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے۔
اَرْضٌ نَشِفَة: پانی جذب کرنے والی زمین۔
المِنْشَفَة: رومال۔ تولیہ (مولدہ) ج مَنَاشِف.
النَّشَّاف: وہ شخص جو روٹی کو دیگ کے سرے پر سے تر کر کے تنہا کھائے۔
نَشِقَ (س) نَشَقًا و نَشَقًا الرِّيحَ: بو سونگھنا۔ ..... فِي الحِبَالَةِ: پھندے میں پھنسنا۔
اَنْشَقَهُ المِسْكَ و نَحْوَهُ: مشک وغیرہ سونگھانا..... الظَّبْيَ فِي الحِبَالَةِ: ہرن کو جال میں پھنسانا اور کہا جاتا ہے "اَنْشَقَهُ الحِبَالَةَ" اس کو جال نے پھنسا لیا..... هُ
النَّشُوق: نسوار سونگھانا۔
اَنْشَقَ و اِسْتَنْشَقَ المَاءَ فِي اَنْفِهِ: ناک میں پانی ڈالنا۔ تَنَشَّقَ و اِسْتَنْشَقَ الرِّيحَ او النُّشُوق: بو یا نسوار سونگھنا۔
النُّشْقَة: بکری وغیرہ کی گردن کا پٹھہ۔ ج نُشَق.
النَّشِق: وہ شخص جو کسی کام میں پھنس جائے اور رہائی نہ پا سکے۔
النَّشْق والنَّشَق: سونگھنا۔ کہا جاتا ہے "رَائِحَةٌ مَكْرُوهَةُ النَّشَق".
النَّشُوق: نسوار۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ ہر دوا جو سونگھی جائے۔
المَنْشَق: ناک۔ ج مَنَاشِق.
المَنْشَقَة: وہ ڈبیہ وغیرہ جس میں نسوار رکھیں۔
نَشَلَ (ن) نُشُولاً الرَّجُلُ: دبلا ہونا۔ نَشَلَتِ الفَخِذُ: کم گوشت والی ہونا۔ صفت نَاشِلَة.
نَشَلَ (ض ن) نَشْلاً الشَّيْءَ: جلدی سے اچک لینا۔ چھین لینا..... الخَاتَمَ: انگوٹھی اُتارنا نَشَلَتِ الحَيَّةُ الرَّجُلَ: سانپ کا ڈسنا..... اللَّحْمَ: گوشت بغیر مسالہ کے پکانا۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالنا۔
اِنْتَشَلَ و اِنْتَشَلَ اللَّحْمَ مِنَ القِدْرِ: گوشت کو ہانڈی سے نکالنا..... مَا عَلَى العَظْمِ بِفِيهِ: دانت سے چھڑا کر کھانا۔
النَّشْل: مص۔ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔
النَّشَّال: اکثر بغیر مسالہ کے گوشت پکانے والا۔ روٹی کو دیگ کے سرے سے تر کر کے تنہا کھانے والا۔ گرہ کٹ۔ جیب کترا۔
النَّشِيل: کنوئیں کا پہلا پانی۔ تازہ دودھ۔ پتلی تلوار۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالا ہوا گوشت۔ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔
المَنْشَلَة: انگلی کا وہ حصہ جو انگوٹھی کے نیچے رہے۔
المِنْشَل و المِنْشَال: کنڈی دار سیخ جس سے گوشت نکالیں۔ ج مَنَاشِل.
نَشِمَ (س) نَشَمًا الثَّوْرُ: بیل کا سیاہ و سفید داغوں والا ہونا۔ صفت نَشِيم.
نَشِمَ اللَّحْمُ: گوشت کا بگڑ جانا۔ بودار ہو جانا..... الأَرْضُ: زمین سے پانی کا رسنا..... فِي فُلَانٍ: بدگوئی کرنا..... فِي الشَّرِّ: برائی میں مشغول ہونا..... اللّٰهُ ذِكْرَ فُلَانٍ: بلند کرنا۔ شہرت دینا (..... وتَنَشَّمَ) فِي الأَمْرِ: شروع کرنا۔ تَنَشَّمَ مِنْهُ عِلْمًا: حاصل کرنا۔ استفادہ کرنا۔
النَّشَم: مص۔ ایک درخت کا نام جس سے کمان بناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "يَدِي نَشِمَةٌ مِنَ الجُبْنِ و نَحْوِهِ" یعنی میرا ہاتھ بدبودار ہے۔
المَنْشَم و المَنْشِم: ایک قسم کی خوشبو جس کا کوٹنا دشوار ہے۔ مَنْشِم: ایک عطر فروش عورت کا نام کہ جب اس سے عطر لے کر لگاتے تھے تو لڑائی بہت زیادہ تیز ہو جایا کرتی تھی۔ اسی وجہ سے یہ مثل مشہور ہے "اَشْأَمُ مِنْ عِطْرِ مَنْشِمٍ" المَنْشِم: حَبُّ بَلْسَان.
نَشْنَشَ نَشْنَشَةَ الجِلْدَ: کھال اُتارنا۔
الشَّيْءَ: زور سے ہٹانا..... الثَّوْرَ: بیل کو ہانکنا' دھتکارنا..... الثَّوْبَ: کپڑے اُتارنا..... الوِعَاءَ: برتن کو جھاڑنا۔ بکھیرنا..... السَّلَبَ: لینا۔ نَشْنَشَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا اُبال میں آواز نکالنا۔ نَشْنَشَ الرَّجُلُ: کام میں جلدی کرنا..... اللَّحْمَ: گوشت کو جلدی کھانا..... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
تَنَشْنَشَ مطاوع نَشْنَشَ..... الشَّجَرَ: درخت سے چھال اتارنا۔
النَّشْنَشَة: مص۔ زرہ۔ کاغذ۔ نئے کپڑے وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔
النَّشْنَاش و النَّشْنَش و النَّشْنَشِيّ: عمل یا حرکات میں ہلکا پھلکا۔ اَرْضٌ نَشْنَاشَةٌ: زمین شور۔

marfat.com
Marfat.com

نَشِيَ يَنْشَى نَشْوَةً ونِشْوَةً ونُشْوَةً وتَنَشّٰى وانْتَشٰى واسْتَنْشَى الرِّيحَ: سونگھنا
نَشِيَ بالشَّيْءِ: بار بار کرنا۔
نَشِيَ يَنْشٰى نَشْوًا ونَشْوَةً ونِشْوَةً ونُشْوَةً ونَشًى وتَنَشّٰى وانْتَشٰى: مست ہونا۔ نشہ والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَشِيَ مِنَ الشَّرَابِ" وہ شراب سے مست ہوا۔
نَشِيَ واسْتَنْشَى الْخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔
النَّشَا: عمدہ خوشبو۔ بو۔ ج اَنْشَاء (..... والنَّشَاء) نشاستہ۔
النَّشَاة: خشک درخت۔ ج نَشَاً.
النَّشْوة: اسم مرة۔ مستی یا ابتدائے مستی۔ بو۔
النِّشْوة: تازہ خبر۔
النِّشْيَة: بو۔ ج نَشَايا.
النَّشْوَان: مست۔ مؤنث۔ نَشْوى. ج نَشَاوى.
النَّشْيَان: پہلے پہل خبر کو معلوم کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَشْيَانٌ لِلْاَخْبَارِ او بِالْاَخْبَارِ".
نَصَّ (ن) نَصَّا الشَّيْءَ: بلند کرنا۔ نمایاں کرنا۔ حرکت دینا..... الْحَدِيثَ: حدیث کی سند بیان کرنا..... الرَّجُلَ: پوری طرح سے دریافت کرنا..... النَّاقَةَ: اونٹنی کو تیز دوڑانا..... الْمَتَاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا..... الْعَرُوسَ: دلہن کو حجلہ عروسی میں بٹھانا..... فُلَانٌ عُنُقَهُ: گردن اٹھانا..... الشَّيْءُ: ظاہر ہونا۔
نَصَّ (ض) نَصِيصًا الشِّوَاءُ عَلَى النَّارِ: بھوننے کے وقت آواز نکلنا۔ نَصَّتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔
نَصَّصَ وخَاصَّ مُنَاصَّةً غَرِيمَهُ: قرض دار سے جھگڑا کرنا اور اصرار سے طلب کرنا۔
نَصَّصَ الْمَتَاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا۔ نَصَّصَ فُلَانٌ: تصریح کرنے میں مبالغہ کرنا۔
اِنْتَصَّ الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ سیدھا ہونا۔ اِنْتَصَّ الرُّمْحُ: کھڑا ہونا۔ سکڑنا۔ اِنْتَصَّتِ الْعَرُوسُ: دلہن کا حجلہ عروسی میں بیٹھنا۔

نَاصَّ الْقَوْمَ: ہجوم کرنا۔
النَّصُّ: مص۔ مصرح کلام۔ ج نُصُوص.
والنَّصُّ. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: انجام۔ انتہا۔
النَّصُّ مِنَ الْكَلَامِ: ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔
النُّصَّة: اسم مرة۔ مادہ چڑیا۔
النُّصَّة: ماتھے پر لٹکے ہوئے بال۔ ج نُصَص ونِصَاص.
النَّصِيص: مص۔ نَصِيصُ الْقَوْمِ: لوگوں کی تعداد۔
الْمِنَصَّة: حجلہ عروسی۔ دلہن کے لئے آراستہ کیا ہوا کمرہ۔
الْمِنَصَّة: دلہن کے بٹھانے کی کرسی۔ پیوند لگے ہوئے کپڑے۔ پاؤں سے روندے ہوئے فرش۔ ج مِنَاصّ اور کہا جاتا ہے "وُضِعَ فُلَانٌ عَلَى الْمِنَصَّةِ" یعنی فلاں کی بے عزتی کی گئی۔
النَّصَّاص: ناک کو حرکت دینے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَصَّاصُ الْاَنْفِ".
الْمَنْصُوص: مفع۔ تصریح شدہ۔ معین۔
نَصَاهُ (ف) نَصْوًا: پیشانی کے بال پکڑنا۔
الرَّجُلَ: ڈانٹنا۔ دفع کرنا۔
نَصَبَهُ (ض ن) نَصْبًا الْمَرَضُ او الْهَمُّ: تھکانا۔ تکلیف دینا۔ نَصَبَ الشَّيْءَ: بلند کرنا۔ کھڑا کرنا۔ گاڑنا..... الشَّجَرَةَ: پودہ لگانا..... لَهُ الْحَرْبَ: کسی سے لڑائی کی بنیاد رکھنا..... لَهُ الشَّرَّ: برائی ظاہر کرنا۔ لَهُ رَأْيًا: رائے دینا..... لِفُلَانٍ: دشمنی کرنا..... الْكَلِمَةَ: کلمہ کو زبر دینا یا زبر کے ساتھ پڑھنا..... الْاَمِيرُ فُلَانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
نَصِبَ (س) نَصَبًا: تھکنا..... فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔
نَصَّبَ الشَّيْءَ: رکھنا۔ بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَّبَتِ الْخَيْلُ آذَانَهَا" گھوڑوں نے اپنے کان کھڑے کئے..... الْاَمِيرُ فُلَانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
اَنْصَبَهُ: تھکانا۔ مقرر کرنا.....

النَّصَب: تکلیف دہ۔ تعب۔ نصب۔
نَصَبَ: بیان کرنا..... النِّصَابَ: چھری کا دستہ لگانا۔
نَاصَبَهُ مُنَاصَبَةً: دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا..... الْحَرْبَ او الْعَدَاوَةَ: لڑائی کا اعلان کرنا۔ دشمنی ظاہر کرنا۔
اِنْتَصَبَ: کھڑا ہونا۔ بلند ہونا..... الْحَرْفُ: حرف پر زبر ہونا..... الطَّاهِي: پکانے والے کا ہانڈی پر چڑھانا۔
تَنَصَّبَ: کھڑا ہونا..... الْغُبَارُ ونَحْوُهُ: بلند ہونا۔
تَنَاصَبُوا. الشَّيْءَ: باہم تقسیم کرنا۔
النَّصْب: مص۔ کھڑا کیا ہوا جھنڈا۔ بت۔ مرض۔ نتیجہ..... عِنْدَ النُّحَاةِ: ایک حرکت اعرابی کا نام اور اسی کے مقابلہ میں ہر حرکت کو فتحہ کہتے ہیں۔ نَصْبُ الْمَحَارِبِ: ایک قسم کا راگ جو حدی کے مشابہ ہے۔
النِّصْب: حصہ (نصیب میں لیکن اچھا)
النُّصُب والنُّصْب: کھڑی کی ہوئی چیز جسکی جاتا ہے "هٰذَا نُصُبُ عَيْنِي" یعنی میری نگاہ کے سامنے ہے۔ بت۔ ج اَنْصَاب.
مرض۔ بلا و مصیبت۔ النُّصُب: ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے۔ نِصَاب: کی جمع۔
الْاَنْصَاب: پتھر جو کعبہ کے ارد گرد کھڑے کئے گئے تھے اور وہاں جانور غیر اللہ کے نام کا ذبح کرتے تھے۔
النَّصَب: مص۔ کھڑی کی ہوئی علامت سڑک۔ اَنْصَاب.
النَّصِب: بیمار۔ مبتلاء درد۔
النَّصْبَة. نَصَب: کا اسم مرة۔ نصب کی علامت گاڑنے کے لئے پودہ۔
النِّصْبَة: گاڑنے کی نوعیت۔
النُّصْبَة: ستون وغیرہ جو راستہ بتانے کے لئے کھڑا کیا جائے۔ ج نُصَب.
اَلنِّصَاب: پارلیمنٹ میں بل پاس کروانے کے لئے کورم۔ (مقررہ تعداد)

marfat.com
Marfat.com

النِّصْف: اصل۔ مرجع۔ سورج کے غروب ہونے کی جگہ۔ ہر چیز کی ابتدا۔ کمائی کا دسته۔ مال کی وہ مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ ج نُصُب.

النَّصِيب: حصہ۔ حوض۔ نصب کیا ہوا پتھر وغیرہ ج اَنْصِبَة وانْصِباء. نُصُب.

النَّصِيَّة: حوض کے اردگرد کا پتھر۔ ج نَصَائِب.

النَّاصِب: فا۔ تیز رفتار۔ هم نَاصِبٌ: تھکا دینے والا غم..... عِنْدَ النُّحَاة: نصب دینے والا عامل ج نَوَاصِب.

النَّصَّاب: ہر کام میں خود گھسنے والا۔

الاَنَاصِيب والتَّنَاصِيب: راستہ پر کھڑے کیے ہوئے نشانات۔

الاَنْصَب: سیدھے سینگوں والا۔ مؤنث نَصْبَاء. وَنَاقَةٌ نَصْبَاء: ابھرے ہوئے سینہ والی اونٹنی۔

المَنْصِب: اصل۔ مرجع۔ حسب وشرافت اور اسی سے ہے مَنْصِب: بمعنی عہدۂ حکومت ج مَنَاصِب کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ مَنْصِب" یعنی فلاں کے لئے علو مرتبہ ہے۔

المِنْصَب: دیگدان آہنی۔ ج مَنَاصِب.

المَنْصَبَة: رنج وکلفت۔ کہا جاتا ہے "عَيْش ذُوْمَنْصَبَةٍ" رنج وکلفت والی زندگی۔

المُنَضَّب: مفع۔ اَسْنَانٌ مُنَضَّبَةٌ: خوبصورت وترتیب وار دانت۔

المَنْصُوب: مفع۔ وہ کلمات جن پر نصب ہو۔

المَنْصُوبَة. المَنْصُوب: کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "سَوَّىٰ لَهُ مَنْصُوبَةً" اس نے اس کے لئے حیلہ سوچا۔

نَصَتَ (ض) نَصْتًا وانْتَصَتَ لَهُ: بات سننے کیلئے خاموش رہنا۔ **اَنْصَتَهُ**: خاموش کرنا۔

تَنَصَّتَ: خاموش رہنے اور سننے کی کوشش کرنا۔

اِسْتَنْصَتَ: خاموش کھڑا ہونا.....هُ: خاموش رہنے کی درخواست کرنا۔

نَصَحَ (ف) نَصْحًا ونُصُوحًا الشَّيْءُ: خالص ہونا۔ صاف ہونا..... **تَوْبَتَهُ**: پختہ توبہ کرنا..... **اَلْعَمَلَ**: خالص طریقہ سے کرنا..... **اَلْعَسَلَ**: شہد صاف کرنا..... **اَلثَّوْبَ**: کپڑا سینا..... **اَلْغَيْثُ اَلْبَلَدَ**: اچھی طرح سے سیراب کر کے سبزہ زار کر دینا۔

نَاصَحَهُ مُنَاصَحَةً: ایک دوسرے کو نصیحت کرنا..... **نَصَحَهُ بِالتَّوْبَةِ**: خالص توبہ کرنا۔

اَنْصَحَ الرَّاعِيُ الاِبِلَ: سیراب کرنا۔

تَنَصَّحَ: بہت نصیحت کرنا۔ نصیحت کرنے والوں کے مشابہ ہونا..... **اَلثَّوْبَ**: کپڑا سینا۔

اِنْتَصَحَ: نصیحت قبول کرنا..... **فُلَانًا**: خیر خواہ سمجھنا۔

اِسْتَنْصَحَهُ: خیر خواہ سمجھنا۔

النِّصَاح: دھاگہ۔ سلک۔ ج نُصُح ونِصَاحَةٌ.

النِّصَاحَات: چمڑے اس لئے کہ بعض کو بعض سے ملا کر سیتے ہیں۔ پھندے۔ واحد نِصَاحَة.

النَّاصِح: خالص شہد وغیرہ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَاصِحُ الْجَيْبِ" یعنی صاف دل مرد۔

النَّاصِح والنَّصَّاح والنَّاصِحِيُّ: درزی۔

النَّصِيح: خیر خواہ۔ نصیحت کرنے والا۔ ج نُصَحَاء.

النَّصُوح: نصیحت کرنے والا (مذکر و مؤنث) تَوْبَةٌ نَصُوحٌ: خالص توبہ۔

النَّصِيحَة: اسم مصدر۔ اخلاص۔ خیر وصلاح کی طرف بلانا اور شر وفساد سے روکنا۔ ج نَصَائِح.

غُيُوثٌ نَوَاصِحُ: لگاتار بارشیں۔

اَلْمِنْصَحُ والمِنْصَحَةُ: سوئی۔

المُنْتَصَح: مفع۔ ثَوْبٌ مُنْتَصَحٌ: پیوند لگا ہوا یا سلا ہوا کپڑا اور کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي ثَوْبِهِ مُنْتَصَحًا" اس کے کپڑے میں سینے کی جگہ ہے۔

نَصَرَهُ (ن) نَصْرًا: مدد کرنا.....هُ مِنْ وعَلَى عَدُوِّهِ: دشمن سے نجات دلانا۔ کسی کے برخلاف مدد دینا۔ **نَصَرَ الْغَيْثُ الْاَرْضَ**: عالمگیر بارش ہونا۔

فُلَانًا: دینا۔

نُصِرَتِ الْاَرْضُ: بارش ہونا۔

نَصَّرَهُ: نصرانی بنانا۔

نَاصَرَهُ مُنَاصَرَةً: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَنَصَّرَ: نصرانی ہونا۔ **تَنَصَّرَلَهُ**: مدد کی کوشش کرنا۔

تَنَاصَرَ الْقَوْمُ: باہم مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاصَرَتِ الْاَخْبَارُ" یعنی خبروں نے ایک دوسرے کی تصدیق کی۔

اِنْتَصَرَ: مدد کرنے میں غالب ہونا۔ کامیاب ہونا۔ ظالم سے بچنا..... **مِنْ عَدُوِّهِ**: دشمن سے بدلہ لینا..... **عَلَى خَصْمِهِ**: غالب ہونا۔

اِسْتَنْصَرَهُ: مدد طلب کرنا۔ **اِسْتَنْصَرَبِهِ**: فریاد کرنا..... **فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ**: کسی کے برخلاف مدد کرنے کی درخواست کرنا۔

النَّصْر: مص۔ مددگار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصْرٌ وقَوْمٌ نَصْرٌ" بمعنی رَجُلٌ نَاصِرٌ وقَوْمٌ نَاصِرُوْنَ جمع نَاصِرٌ کی جیسے رَكْبٌ: جمع رَاكِبٌ کی۔ النَّصْر بارش۔

النَّصْرَة: نصر کا اسم مرۃ۔ کامل بارش۔

النُّصْرَة: مدد اور بہترین اعانت۔ کامل بارش۔

النَّصْرَانِيُّ: شہر ناصرہ کی طرف منسوب۔ وہ

marfat.com
Marfat.com

لوگ جو حضرت عیسیٰ علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبع ہیں۔ج نَصَارٰی: مؤنث نَصْرَانِیَّة.
النَّصْرَانِیَّة: نصاری کا دین۔
النَّصْرَان: نصرانی۔مؤنث نَصْرَانَة.
النَّاصِر: فا۔ج نَاصِرُوْنَ ونُصَّار ونَصْر وأَنْصَار والأَنْصَار عَلَى الْإِطْلَاقِ: نبی کرم ﷺ کے مددگار جو باشندگانِ مدینہ طیبہ تھے۔اور نسبت کے لئے أَنْصَارِیٌّ کہا جاتا ہے۔النَّاصِر: وادی کی طرف بہنے کی نالی۔ج نَوَاصِر کہا جاتا ہے "مَدَّتِ الْوَادِی النَّوَاصِرُ" وادی کو نالیوں نے بڑھا دیا۔
النَّاصِرَة النَّاصر کا مؤنث۔وناصِرہ: ایک شہر کا نام جو حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے پیدائش تھی اور نسبت کے لئے نَاصِرِیٌّ.
النَّصُوْر والنَّصر: مددگار۔
النَّصِیر: مددگار۔ج نُصَرَاء وأَنْصَار.
النَّصِیرَة. النَّصِیر: کا مؤنث۔عطیہ۔ج نَصَائِر.
النُّصَیْرِیَّة: غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں رہتے ہیں اور اپنے اعتقادات کو لوگوں سے چھپاتے ہیں۔ واحد نُصَیْرِیٌّ.
النَّاصُوْر: ناسور۔ج نَوَاصِیر.
النَّصَّار: بہت مدد کرنے والا۔
الأَنْصَر: غیر مختون۔
المَنْصُوْر: مفع۔أَرْض مَنْصُوْرَة: بارش شدہ زمین۔
نَصَعَ (ف) نُصُوْعًا ونَصَاعَةَ الشَّیْءُ: خالص ہونا(..... نُصُوْعًا) الْأَمْرُ: واضح ہونا۔ظاہر ہونا۔کہا جاتا ہے "نَصَعَ الْحَقُّ" یعنی حق ظاہر ہو گیا.....اللَّوْنُ: بہت سفید ہونا .....الشَّارِبُ: پیاسے کا پیاس بجھانا..... الأُمُّ بِہٖ: جننا۔کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰہُ أُمًّا نَصَعَتْ بِہٖ" اللہ اس ماں کا برا کرے جس نے اس کو جنا ہے(..... وانْتَصَعَ) بِالْحَقِّ: حق کا اقرار کر کے ادا کرنا۔انْتَصَعَ لِلشَّرِّ: برائی کے درپے ہونا۔
النَّصْع والنِّصْع والنُّصْع: بہت سفید یا چمڑا یا کپڑا۔
النِّصَع: چمڑے کا فرش جس پر مجرم کو قتل کیا جاتا تھا۔
النَّاصِع والنَّصِیْع: خالص۔صاف۔کہا جاتا ہے "أَصْفَرُ نَاصِعٌ أَبْیَضُ نَاصِعٌ حَقٌّ نَاصِعٌ" خالص حق۔حَسَبٌ نَاصِعٌ: خالص حسب۔کہا جاتا ہے أَحْمَرُ نَصَّاع: یعنی خالص سرخ۔حُمْرَةٌ نَصَّاعَةٌ: خالص سرخی۔
المَنَاصِع: قضاء حاجت کے مقامات۔واحد مَنْصَع.
نَصَفَهٗ (ن ض) نَصْفًا: آدھے تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَفْتُ عُمُرِیْ" میں اپنی آدھی عمر کو پہنچا۔"وَنَصَفْتُ الْکِتَابَ" میں آدھی کتاب تک پہنچا۔نَصَفَ النَّهَارُ وَغَیْرُهٗ: دن کا آدھے تک پہنچنا(..... نَصْفًا ونَصَافًا ونِصَافًا ونَصَافَةً ونِصَافَةً) الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔
نَصَفَ (ن) نَصْفًا ونَصَافَةً ونِصَافَةً الشَّیْءُ: آدھا لینا.....القَوْمَ: آدھا وصول کرنا۔
.....الشَّیْءَ بَیْنَ الرَّجُلَیْنِ: آدھا آدھا تقسیم کرنا۔
.....القِدْحَ: پیالے سے آدھا پینا(نَصَفَ (ن) نُصُوْفًا) النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔
نَصَّفَ الشَّیْءَ: آدھا آدھا کرنا۔آدھا لینا۔
النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا.....رَأْسُ فُلَانٍ: سر کا آدھا سفید آدھا سیاہ ہونا.....الرَّجُلُ: ادھیڑ عمر والا ہونا.....النَّخْلُ: اونچی اڑھانا.....النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔
أَنْصَفَ الشَّیْءُ: آدھے تک پہنچنا.....الشَّیْءَ: آدھا لینا.....الرَّجُلُ: انصاف ور ہونا.....

المُنَاصَفَة: آدھے دن چلنا.....المُنْصَفَة: انصاف سے فیصلہ کرنا.....عَنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا.....فُلَانًا: خدمت کرنا.....
المَاءُ الْإِنَاءَ: آدھے تک بھرنا اور کہا جاتا ہے "أَنْصَفْتُ الْمَاءُ الْإِنَاءَ" آدھے تک برتن کو پانی سے بھر دیا۔
نَاصَفَهٗ مُنَاصَفَةً: آدھا آدھا لینا۔نَاصَفَهٗ الْمَالَ: آدھا مال دینا۔
تَنَصَّفَ الْأَمِیْرَ: انصاف کرنے کی درخواست کرنا۔الثَّوْبُ فُلَانًا: تمام بال سفید ہونا.....الرَّجُلَ: خدمت کرنا.....
فُلَانًا فُلَانًا: خدمت کرانا۔بھلائی طلب کرنا۔مطیع ہونا.....الشَّیْءَ: آدھا لینا اور کہا جاتا ہے "تَنَصَّفْنَاکَ بَیْنَنَا" یعنی ہم نے تم کو اپنے درمیان کر لیا۔
اِنْتَصَفَ النَّهَارُ وَغَیْرُهٗ: دن کا آدھے تک پہنچنا.....سَهْمُهٗ فِی الصَّیْدِ: تیر کا شکار کے جسم میں آدھا داخل ہونا.....الشَّیْءَ: آدھا لینا۔
تَنَصَّفَ وانْتَصَفَ مِنْ فُلَانٍ: انصاف چاہنا۔حق لینا۔بدلہ لینا۔تَنَصَّفَتِ وانْتَصَفَتِ الْجَارِیَةُ: اوڑھنی اوڑھنا۔
تَنَاصَفَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے انصاف کرنا۔
اِسْتَنْصَفَ: انصاف کرنا.....مِنْ فُلَانٍ: اپنا حق وصول کرنا۔
النِّصْف: بیکیہ اللون: کسی چیز کا آدھا حاج أَنْصَاف.
النَّصَف: درمیانی عمر والا۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصَفٌ" ج نَصَفُوْن وأَنْصَاف وامْرَأَةٌ نَصَفٌ ج نُصَفٌ ونُصَفٌ وأَنْصَاف اور کہا جاتا ہے "إِنَّ فُلَانَةَ لِعَلَى نَصَفِهَا" یعنی فلاں عورت آدھی جوانی پر ہے (..... والنَّصَفَة) انصاف وعدل۔
النِّصْف وقَدْ تُثَلَّث النُّوْن: انصاف۔رَجُلٌ نِصْفٌ: درمیانی عمر یا قد والا اور اسی طرح کہا جاتا ہے "امْرَأَةٌ نِصْفٌ ودِخَالٌ او

marfat.com
Marfat.com

نِسَاءٌ نِصَفٌ" واحد کی کا لفظ لڑکوں واحد جمع سب میں مستعمل ہے۔
النَّصِيف: آدھا۔ ہر وہ چیز جو سر کو چھپائے جیسے اوڑھنی اور عمامہ وغیرہ.....مِنَ الْبُرْدِ: دو رنگوں والی چادر۔
النَّاصِف: قا۔خادم ج نَصَفٌ ونَصَفَةٌ ونُصَّاف.
النَّاصِفَة: النَّاصِف: کا مؤنث۔نَاصِفَةُ الْمَاءِ: نالی۔ج نَوَاصِف.
النِّصْفَان مِنَ الْآنِيَة ونَحْوِهَا: نصف تک بھرا ہوا برتن۔مؤنث نِصْفَى.
الانْتِصَف: بہت انصاف کرنے والا اور یہ اَنْصَفُ: اسم تفضیل خلاف قیاس ہے۔
المَنْصَف والمَنْصِف مِنَ الطَّرِيقِ: راستے کا آدھا۔
المِنْصَف والمُنْصِف: خادم۔مؤنث۔ مُنْصَفَةٌ ج مَنَاصِف.
المُنْصَف: مطبخ۔شراب جس کو پکا کر آدھا کر دیا گیا ہو۔
مُنْتَصَفُ الشَّيْءِ ومَنْصَفُهُ: ہر چیز کا درمیان۔
المُتَنَاصِفُ مِنَ الرِّجَالِ: سڈول بدن کا مرد۔مَكَانٌ مُتَنَاصِفٌ: برابر برابر اجزاء والی جگہ۔
نَصَلَ (ن) نَصْلاً السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا.....السَّهْمُ: پیکان لگنا۔
نَصَلَ (ن) نَصْلاً ونُصُولاً مِنْ كَذَا: نکلنا۔کہا جاتا ہے "نَصَلَ السَّهْمُ مِنْ نَصْلِهِ" تیر پیکان سے نکل گیا۔"ونَصَلَتِ الْخَيْلُ مِنَ الْغُبَارِ" گھوڑے غبار سے نکل گئے "ونَصَلَ الطَّرِيقُ مِنْ مَوْضِعِ كَذَا" راستہ فلاں جگہ سے نکل گیا۔نَصَلَتِ اللِّحْيَةُ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا.....اللِّمَّةُ او لُحْمَةُ: ڈنگ کا اثر اتر جانا۔ونَصَلَ بِحَقِّي صَاغِرًا: نکالنا.....مِنْ بَيْنِ الْجِمَالِ: ظاہر ہونا.....النَّاقَةُ: اونٹوں سے آگے بڑھ جانا۔

نَصَلَ وانْتَصَلَ السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا وانْتَصَلَ السَّهْمَ: پیکان جدا کرنا۔انْتَصَلَ الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ: نکالنا۔
تَنَصَّلَ الشَّيْءَ: نکالنا۔پسند کرنا.....الرَّجُلَ: کسی کی ساری چیزیں لے لینا۔تَنَصَّلَ إِلَى فُلَانٍ مِنَ الْجِنَايَةِ: کسی کے پاس اپنے آپ کو بری کرنا.....مِنْ كَذَا: نکلنا.....اللِّحْيَةِ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا.....
تَحَمَّدَ فُلَانٌ: رنج وغم زائل ہونا۔
اِنْتَصَلَ السَّهْمُ: پیکان نکلنا۔
تَنَاصَلَ: نکلنا۔
اِسْتَنْصَلَهُ: نکالنا۔اِسْتَنْصَلَتِ الرِّيحُ الْيُبْسَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
النَّصْل: مص۔پیکان۔چاقو کا پھل اور بسا اوقات تلوار کو بھی نَصْل کہتے ہیں۔ج نِصَال و أَنْصُل ونُصُوْل ونَصْلُ الرَّاسِ: سر کا بالائی حصہ۔اور کہا جاتا ہے "مِعْوَلٌ نَصْلٌ" کدال جس کا دستہ نکلا ہوا ہو۔
النَّصْلَان: پیکان اور بھالا۔
النَّصْلَة: ایک پیکان۔
النَّصِيل: کلہاڑا۔سر کا بالائی حصہ۔تالو۔ ٹھڈی کے نیچے گردن اور سر کا جوڑ۔بھوسہ اور مٹی سے صاف۔گیہوں۔وادی کی ایک شاخ۔نَصِيلُ الْحَجَرِ: پتھر کی سطح۔ج نُصُل النَّصِيل والمِنْصَل والمِنْصَال: لمبا پتھر جس سے کوٹنے کا کام لیا جائے۔
المُنْصُل والمُنْصَل: تلوار۔ج مَنَاصِل.
مُنْصِلُ الأَسِنَّةِ ومُنْصِلُ الآلِ: نام ماہِ رجب کا۔
النَّصَمَة: تصویر جس کی تعظیم کی جائے۔
نَصَنَصَ الْبَعِيرُ: اٹھنے کے لئے دونوں زانو زمین میں لگانا.....الشَّيْءُ: لانا.....فِي مَشْيِهِ: چلنے میں جھومنا۔
حَيَّةٌ نَصْنَاص: بہت حرکت کرنے والا سانپ۔
نَصَا يَنْصُو نَصْوًا وانْتَصَى الرَّجُلَ: پیشانی کے بال پکڑنا۔نَصَتِ الْمَاشِطَةُ الْمَرْأَةَ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔نَصَا فُلَانٌ الثَّوْبَ: اُتارنا۔دُور کرنا۔
نَاصَى نِصَاءً ومُنَاصَاةً الرَّجُلَ: ایک دوسرے کے پیشانی کے بال پکڑنا۔نَاصَى الشَّيْءُ الشَّيْءَ: متصل ہونا۔
تَنَصَّى الرَّجُلُ الْقَوْمَ: قوم کی بہترین عورت سے شادی کرنا۔تَنَصَّتِ الْمَرْأَةُ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔تَنَصَّى الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: متصل ہونا۔
تَنَاصَى الْقَوْمُ: جھگڑے میں ایک دوسرے کے پیشانی کے بالوں کو پکڑنا.....الأَغْصَانُ ونَحْوُهَا: ٹہنیوں کا ہوا چلنے کے وقت قریب ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے سے اُلجھنا۔
النَّصْو: مص۔پیٹ کا درد۔
النَّاصِيَة: پیشانی یا پیشانی کے بال جبکہ لمبے ہوں۔ج نَوَاصٍ ونَاصِيَات اور کہا جاتا ہے "أَذَلَّ فُلَانٌ نَاصِيَةَ فُلَانٍ" یعنی فلاں نے فلاں کی اہانت کی۔نَوَاصِي النَّاسِ: قوم کے بڑے بڑے لوگ۔عمائد.
المُنْتَصَى: دو وادیوں کے ملنے کی جگہ۔دو وادیوں کے بالائی حصہ کے ملنے کی جگہ۔
اِنْتَصَى اِنْتِصَاءَ المَكَانُ (پائی) بہت نصی والی ہونا (دیکھئے لفظ نَصِيٌّ)
اِنْتَصَى اِنْتِصَاءَ الشَّعْرُ: بال کا طویل ہونا۔
.....الْجَبَلُ او الأَرْضُ: پہاڑ یا زمین کا بلند ہونا.....الشَّيْءُ: چننا۔
النَّصِيُّ: ایک عمدہ قسم کا چارہ۔واحد نَصِيَّةٌ ج أَنْصَاء ج أَنَاصٍ. النَّصِيُّ: گردن کی ہڈی ج أَنْصِيَة.
النَّصِيَّة: بمعنی نَصِيٌّ..... مِنَ الْقَوْمِ او الإِبِلِ وَغَيْرِهَا: برگزیدہ وعمدہ۔کہا جاتا ہے "هٰذِهِ نَصِيَّتِي" یہ میرا عمدہ مال ہے۔النَّصِيَّة: بقیہ۔ج نَصِيٌّ وج أَنْصَاء وأَنَاصٍ.
نَضَّ (ض) نَضًّا ونَضِيضًا الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا یا رسنا۔نَضَّ مَالُهُ: سامان کے بعد نقدی ہونا.....الشَّيْءُ: ظاہر کرنا.....الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندوں کا بازو کو ملانا.....

marfat.com
Marfat.com

العُوْدُ: لکڑی سے جلنے میں دوسرے سرے پر پانی نکلنا.....القِرْبَةُ مِنْ شِدَّةِ المَلا: مشک کا زیادہ بھر جانے سے پھٹنا۔
نَضَّ (ض) نَضِيْضًا الأَمْرُ: ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَانَضَّ بِيَدِيْ مِنْهُ شَيْءٌ" یعنی مجھ کو اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ "وَخُذْ مَا نَضَّ لَكَ مِنْ دَيْنٍ او ثَمَنٍ" قرض یا قیمت سے جو کچھ آسانی سے جلدی وصول ہو لے لو۔
نَضَّضَ الرَّجُلُ: بہت درہم و دینار والا ہونا.....الشَّيْءَ: ہلانا۔
اَنَضَّ وتَنَضَّضَ الحَاجَةَ: پورا کرنا۔
تَنَضَّضَ واسْتَنَضَّ حَقَّهُ مِنْ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا۔ تَنَضَّضَ فُلَانًا: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ اِسْتَنَضَّ المَعْرُوْفَ او الخَبَرَ: تھوڑا تھوڑا کر کے فائدہ حاصل کرنا۔
النَّضُّ: مص۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْلَصَهُ مِنْهُ نَضًّا" اس نے اس سے نقد حاصل کیا۔ اَمرِ مکروہ۔ کہا جاتا ہے "اَتَى بِاَمْرٍ نَضٍّ" اس نے امر مکروہ کیا۔ رَجُلٌ نِضُّ اللَّحْمِ: کم گوشت والا آدمی۔
النَّاضُّ: فا۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ نَاضٌّ" یعنی امر ممکن "وَمَاءٌ نَاضٌّ" دیر تک باقی رہنے والا پانی۔
النِّضَاضُ: تھوڑا تھوڑا فائدہ حاصل کرنا۔
النُّضَاضَةُ مِنَ المَاءِ وَغَيْرِهِ: بقیہ۔ تھوڑی سی چیز۔ نُضَاضَةُ الرَّجُلِ: مرد کا آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُضَاضَةُ اَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کا آخری لڑکا ہے۔
النَّضُوْضُ: اسم مبالغہ مؤنث نَضَّاضَةٌ.
بِئْرٌ نَضُوْضٌ: کنواں جس سے پانی تھوڑا تھوڑا نکلے۔
النَّضِيْضُ: مص۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ ج نِضَاضٌ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَضِيْضُ اللَّحْمِ کم گوشت والا مرد۔ "وَجَاءَ القَوْمُ بِاَقْصَى نَضِيْضِهِمْ" قوم اپنی انتہائی جماعت تک کو لائی۔

النَّضِيْضَةُ: تھوڑی بارش۔ ج اَنِضَّةٌ ونَضَائِضُ اور کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِاَنْضَى نَضِيْضَتِهِمْ" لوگ آخری جماعت تک لائے "وَابِلٌ نَضِيْضَةٌ ونَضَائِضُ" پیاسے اونٹ جو سیراب نہ ہوں۔
النَّضَائِضُ: گرم پتھر پر گوشت بھوننے کی آواز۔ واحد نَضِيْضَةٌ.
نَضَبَ (ن) نَضْبًا المَاءُ: جاری ہونا۔ بہنا۔ نَضَبَ عُمْرُهُ: ختم ہونا۔
نَضَبَ (ن ض) نُضُوْبًا المَاءُ: پانی کا زمین میں اترنا۔ خشک ہونا.....عَنِ الشَّيْءِ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے نَضَبَ عَنْهُ البَحْرُ: یعنی پانی خشک ہو گیا.....الخَيْرُ: کم ہونا..... عَيْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ نَضَبَتِ المَفَازَةُ: بیابان کا دور ہونا۔
نَضَبَ القَوْمُ: دور ہونا.....فُلَانٌ: مرنا اور کہا جاتا ہے "نَضَبَ مَاءُ وَجْهِهِ" یعنی وہ بے شرم ہوا.....فُلَانٌ الثَّوْبَ: کپڑا اتارنا۔
نَضْبُ المَاءُ: پانی کا زمین میں جذب ہونا۔
نَضَبَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
اَنْضَبَ القَوْسَ: کمان سے آواز نکلنے کے لئے تانت کو کھینچنا۔
النَّاضِبُ: فا۔ غَدِيْرٌ نَاضِبٌ: خشک شدہ تالاب۔ مَكَانٌ نَاضِبٌ: دور کی جگہ ج نُضُّب.
التَّنْضُبُ: ایک خاردار درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور دیکھنے میں خشک معلوم ہوتی ہے اگرچہ تر ہی کیوں نہ ہو اور اس درخت پر گرگٹ بہت رہتے ہیں۔ ج تَنَاضِب.
نَضِجَ (س) نَضْجًا الثَّمَرُ او اللَّحْمُ: پھل یا گوشت کا پکنا۔ صفت نَاضِجٌ ونَضِيْجٌ (..... ونضجت) النَّاقَةُ بِوَلَدِهَا: اونٹنی کا وقت ولادت گزار دینا اور بچہ نہ دینا۔
اَنْضَجَ الثَّمَرَ او اللَّحْمَ: پھل یا گوشت پکانا۔
اِسْتَنْضَجَ الكِرْبَاءَ اَجَمَ الشَّاةِ: بکری کے پائے پکانا۔
النُّضْجُ والنَّضِيْجُ: پکی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَضِيْجُ الرَّأْيِ" یعنی وہ مضبوط رائے والا ہے وَقَدْرٌ مُنْضَجٌ: مضبوط معاملہ۔
المِنْضَاجُ: گوشت بھوننے کی سیخ۔
نَضَحَ (ف ض) نَضْحًا البَيْتُ بِالمَاءِ: پانی چھڑکنا.....عَلَيْهِ المَاءَ: پانی چھڑکنا.....الجِلْدَ: کھال تر کرنا.....عَطَشَهُ: پیاس بجھانا۔ آسودگی سے کم پینا.....البَعِيْرُ المَاءَ: کھیت میں ڈالنے کے لئے نہر یا کنوئیں سے لانا.....فُلَانًا بِالنَّبْلِ: تیراندازی کرنا۔
نَضَحَ عَنْ نَفْسِهِ: مدافعت کرنا۔ نَضَحَ الزَّرْعُ: کھیتی کا دانہ دار ہونا.....الشَّجَرُ: پتے نکلنے کے لئے پھٹنا.....النَّاضِحَ: پانی لانے والی اونٹنی سے پانی لا کر سیراب کرنا۔
نَضَحَ (ف) نَضْحًا وتَنْضَاحًا الإِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا.....الفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔
نَضَحَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا.....الشَّيْءَ: برسانا۔
اَنْضَحَ الزَّرْعُ او الشَّجَرُ: بمعنی نضح.....عِرْضَ فُلَانٍ: آلودہ کرنا۔ خراب کرنا۔
نَاضَحَ مُنَاضَحَةً. عَنْ كَذَا: مدافعت کرنا۔
اِنْتَضَحَ المَاءُ عَلَيْهِ: پانی چھڑکا جانا (..... واسْتَنْضَحَ المُتَوَاضِئُ) وضو کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا۔
تَنَضَّحَتِ وانْتَضَحَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا۔
اِنْتَضَحَ مِنْ كَذَا: بیزار ہونا۔
النَّضْحُ: مص۔ پانی وغیرہ کا چھڑکاؤ۔ پانی جس سے کھیت سیراب کیا جائے۔ النَّضْحُ: ہر وہ چیز جو پانی کی طرح رقیق ہو۔ ج نُضُوْح وأَنْضِحَة.
النَّضَحُ: حوض۔ ج نُضُوْح وأَنْضَاح.
النَّضِيْحُ: حوض۔ پسینہ۔ ج نُضُح.
النَّاضِحُ: فا۔ اونٹ جس پر پانی سیراب کرنے کے لئے لایا جائے۔ مؤنث نَاضِحَةٌ. ج نَوَاضِح: بارش۔ پانی چھڑک کر سیراب کی ہوئی جگہ۔

marfat.com
Marfat.com

النَّضَّاح: نام ہے جو رول کو پیراب کرنے والا۔ پیراب کرنے والے اونٹوں کو ہانکنے والا۔ مؤنث نَضَّاحَةٌ قَوْسٌ نَضَّاحَةٌ بِالنَّبْلِ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

النضوح: ایک قسم کی خوشبو۔ قِرْبَةٌ نَضُوحٌ: مشک جس سے پانی رستا ہو۔ قَوْسٌ نَضُوحٌ وَنَضِيحَةٌ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

التَّنَضُّح: پسینہ۔

المِنْضَحَة والمَنْضَحَة: پانی چھڑکنے کا آلہ۔ ہزارہ۔

نَضَحَهُ (ف) نَضْحًا: چھڑکنا۔ تر کرنا اور کہا جاتا ہے "نَضَحَ النَّبْلُ وَبِالنَّبْلِ فِي الْعَدُوِّ" اس نے دشمنوں میں تیر کی بوچھاڑ کی۔

نَضَخَ (ف) نَضْخًا وَنَضَخَانًا المَاءُ: پانی کا چشمہ سے اُبلنا۔

تَنَاضَحَهُ مُنَاضَحَةً وَنِضَاحًا: ایک دوسرے پر چھڑکنا۔

اِنْضَخْ وَانْضَاخْ عَلَيْهِ المَاءُ: پانی کا گرنا۔

اِنْتَضَخَ المَاءُ: پانی چھڑکا جانا۔

النَّضْخ: مص۔ خوشبو کا نشان جو کپڑے میں باقی رہ جائے۔

النَّضْخَة: بوچھار۔

النَّضَّاخ: موسلا دھار بارش۔ عَيْنٌ نَضَّاخَةٌ: اُبلنے والا پانی۔

المِنْضَحَة: پانی چھڑکنے کا آلہ ج مَنَاضِح: عوام اسے مَرْشَّة یا رَشَّاشَة: کہتے ہیں۔

نَضَدَ (ض) نَضْدًا وَنَضَّدَ المَتَاعَ: سامان ترتیب سے رکھنا یا ڈھیر لگانا۔ صفت مفعولی مَنْضُود ونَضِيد ومُنَضَّد اور کہا جاتا ہے رَأَى مُنَضَّدٌ: یعنی مضبوط رائے۔

تَنَضَّدَتِ الأَسْنَانُ ونَحْوُهَا: دانتوں کا ترتیب سے ہونا۔

اِنْتَضَدَ القَوْمُ بِمَكَانٍ كَذَا: جمع ہونا۔ اور ٹھہرنا۔

النَّضَد: ترتیب سے رکھا ہوا ڈھیر لگایا ہوا سامان جانہ۔ تخت۔ تہ بتہ بادل۔ عزت و شرافت۔ کہا جاتا ہے "لِبَنِي فُلَانٍ نَضَدٌ" فلاں کے بیٹوں کے لئے شرافت ہے۔ شریف ج أَنْضَادٌ. أَنْضَادُ القَوْمِ: لوگوں کی جماعت اور ان کی تعداد۔ أَنْضَادُ الرَّجُلِ: مرد کے شریف چچا اور ماموں۔ أَنْضَادُ الجِبَالِ او السَّحَابِ: تہ بتہ پہاڑ یا بادل (..... والنَّضُود) موٹی اونٹنی۔ ج أَنْضَاد ونُضُد.

النَّضِيدَة: بھری ہوئی چیز۔ تکیہ۔ ج نَضَائِد.

المِنْضَدَة: گھر کے سامان وغیرہ رکھنے کا ٹیبل۔

نَضَرَ (ن) ونَضِرَ (س) ونَضُرَ (ک) نَضْرًا و نَضْرَةً ونَضَارًا و نُضُورًا و نَضَارَةً الوَجْهُ او اللَّوْنُ او الشَّجَرُ وغَيْرُهَا: شگفتہ ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔ سرسبز و شاداب ہونا۔ صفت نَاضِرٌ ونَضِرٌ ونَضِيرٌ.

نَضَّرَهُ (ن) نَضْرًا ونَضْرَهُ اللَّهُ: تر و تازہ بنانا۔

اِنْضَرَّ: تر و تازہ ہونا..... الشَّجَرُ: درخت کا سرسبز ہونا۔ اَنْضَرَهُ اللَّهُ: تر و تازہ بنانا۔

اِسْتَنْضَرَ الشَّيْءَ: تر و تازہ پانا یا سمجھنا۔

النَّضْر ج أَنْضَار وأَنْضُر و النُّضَار والنَّضِيرُ والأَنْضَر: چاندی۔ سونا۔ عموماً سونے کے لئے مستعمل ہے۔ النُّضَار: ہر چیز کا خالص۔ سونے کا خالص جوہر۔

النُّضَار والنِّضَار: جھاؤ کا درخت اور بقول بعض سیدھی ٹہنیوں والا لمبا جھاؤ کا درخت برتن بنانے کے لئے بہترین لکڑی۔ کہا جاتا ہے "قَدَحٌ نُضَارٌ" یعنی عمدہ لکڑی کا بنا ہوا پیالہ۔

النَّاضِر: خوبصورت۔ نرم و نازک۔ کیچڑ۔ النَّاضِرُ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ: گہرا رنگ۔ کہا جاتا ہے أَحْمَرُ نَاضِرٌ و أَخْضَرُ نَاضِرٌ.

النَّضْرَة: نرمی و نازکی۔ خوبصورتی و رونق۔ دولت مندی۔ پگھلایا ہوا سونا۔ کہا جاتا ہے "تُعْرَفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةُ النَّعِيمِ" یعنی ان کے چہروں میں نعمت کی رونق معلوم ہوتی ہے۔

النَّضَارِيَّة: بچے کھانے والے کڑے جن کے رنگ چمکیلے ہوتے ہیں۔

نِضْرُ الرَّجُلِ: مرد کی بیوی۔

نَضَفَ (ض ن) نَضْفًا ونَضِفَ (س) نَضَفًا وانْتَضَفَ الفَصِيلُ مَا فِي ضَرْعِ أُمِّهِ: اُونٹ کے بچے کا تمام دودھ پی جانا۔

نَضَفَهُ (ن) نَضْفًا: خدمت کرنا۔ نَضَفَ الحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔

اَنْضَفَ الجَمَلُ: اُونٹ کا دلکی چلنا.....

النَّرْجَلُ: ہمیشہ جنگلی پودینہ کھانا.....

الجَمَلُ: اُونٹ کو دلکی چلانا۔

النَّضَف: مص۔ جنگلی پودینہ۔

النَّضَفَان: دلکی چال۔

النَّضِف والنَّضِيف: ناپاک۔

النَّاضِف: قا(..... والمِنْضَف) بہت گوز کرنے والا۔ ج مَنَاضِف.

نَضَلَهُ (ن) نَضْلًا: تیر اندازی میں سبقت کرنا۔ تیر اندازی ہی میں غالب ہونا۔

نَضِلَ (س) نَضَلًا البَعِيرُ: اُونٹ کا دبلا ہونا۔ تھکنا۔

نَاضَلَهُ نِضَالًا ونِيضَالًا ومُنَاضَلَةً: تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ نَاضَلَ عَنْهُ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا۔

اَنْضَلَهُ: لاغر کرنا۔ تھکانا۔

تَنَضَّلَهُ: نکالنا۔

اِنْتَضَلَهُ: نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَضَلَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ" اس نے تیر کو ترکش سے نکالا۔ اِنْتَضَلَ رَجُلًا مِنَ القَوْمِ او سَهْمًا مِنَ الكِنَانَةِ: انتخاب کرنا۔ چننا۔ اِنْتَضَلَتِ الإِبِلُ فِي السَّيْرِ: چلنے میں اگلی ٹانگوں کو آگے پھینکنا۔

اِنْتَضَلَ وتَنَاضَلَ القَوْمُ: تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ باہم فخر کرنا۔

النَّاضِل: فا تیر اندازی میں غالب۔ ج

marfat.com
Marfat.com

نُضَال.
النِّضْل: مصیبت۔ بلاوسختی۔
تَضَنَّضَ الرَّجُلُ: بہت روپے پیسے والا ہونا
.....لِسَانَهُ: حرکت دینا.....هُ: جتلاء رنج کرنا۔
النَّضْنَاض والنَّضْنَاضَة مِنَ الْحَيَّاتِ: زبان ہلانے والا سانپ۔ ایک جگہ میں نہ رہنے والا سانپ۔ فی الفور ہلاک کرنے والا سانپ۔
نَضَا يَنْضُوْ نَضْوًا. السَّيْفُ مِنْ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا.....الثَّوْبَ عَنْهُ: کپڑا اتارنا.....الرَّجُلُ مِنْ ثَوْبِهٖ: ننگا کرنا.....الْبِلَادَ: طے کرنا۔ نَضَا الْجُرْحُ: زخم کی سوجن اترنا.....الْمَاءُ: پانی کا جذب ہونا.....السَّيْفُ: تلوار کا پار ہونا(..... نَضْوًا ونُضِيًّا) الْفَرَسُ الْخَيْلَ: آگے بڑھ جانا (..... نَضْوًا ونُضُوًا) الْخِضَابُ: رنگ اتر جانا۔
اَنْضٰى اِنْضَاءُ الْبَعِيْرَ: اُونٹ کو دبلا کرنا۔
الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا.....فُلَانًا: دبلا جانور دینا۔
نَضّٰى تَنْضِيَةً. ثَوْبَهٗ عَنْهُ: کسی کا کپڑا اتارنا۔
تَنْضِي الْبَعِيْرَ: اُونٹ کو دبلا کرنا۔
اِنْتَضٰى اِنْتِضَاءُ السَّيْفَ: تلوار کو میان سے سونتنا.....الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔
النِّضْو: دبلا جانور مؤنث نِضْوَةٌ: بوسیدہ کپڑا۔ کثرت تیراندازی کی وجہ سے خراب شدہ تیر۔ باریک تیر۔ لگام کا لوہا۔ ج اَنْضَاء.
النُّضَاوَه مِنَ الْخِضَابِ: چھڑایا ہوا خضاب۔ کہا جاتا ہے "اَعْطِنِيْ نُضَاوَةَ حِنَّائِكَ" عضو سے حنا کے چھڑائے ہوئے کو مجھے دو۔
النَّضِي: دبلا جانور۔ بُخُور پیکان اور پر کے تیر.....مِنَ السِّهَامِ: پر اور پیکان کے درمیان کا حصہ ج اَنْضِيَة.
نَضَى يَنْضِيْ نَضْيًا السَّيْفَ: تلوار سونتنا

الثَّوْبَ: کپڑا اتارنا(..... وانْتَضٰى) الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔ پرانا کرنا۔
نَطَّ(ن) نَطًّا الشَّيْءَ: باندھنا۔ کھینچنا۔
نَطَّ(ض) نَطًّا: بکواس کرنا.....فِي الْاَرْضِ جانا(..... نَطِيْطًا) بھاگنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔
النَّطَّاط: بک بک کرنے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ کودنے والا۔ لغو دعوی کرنے والا۔
النَّطِيْط: مص۔ مَكَانٌ نَطِيْطٌ: دُور کی جگہ۔
اَرْضٌ نَطِيْطَةٌ: دُور والی زمین۔
عَقَبَةٌ نَطَّاءُ: دُور کی گھاٹی۔
الاَنَطُ: دُور کا سفر۔ ج نُطُط.
نَطَبَهٗ(ن) نَطْبًا وانْتَبَهٗ: انگلی سے کان پر مارنا۔
نَاطَبَهٗ مُنَاطَبَةً: برا بھلا کہنا۔ اکسانا۔ جھگڑا کرنا۔
اَنْطَبَ اُذُنَهٗ: انگلی سے کان پر مارنا۔
النَّاطِبَة: چھننے کا سوراخ۔ ج نَوَاطِب.
النِّطَاب: سر۔ گردن کی رگ۔
المِنْطَب والمِنْطَبَة: چھننا۔
المَنْطَبَة: بے وقوف۔
نَطَحَهٗ(ف ض) نَطْحًا الثَّوْرُ ونَحْوُهٗ: بیل کا سینگوں سے مارنا۔ نَطَحَ فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
نَاطَحَهٗ نِطَاحًا ومُنَاطَحَةً: سینگوں سے مارنا۔
اِنْتَطَحَ وتَنَاطَحَ الْكَبْشَانِ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔ تَنَاطَحَتِ الْاَمْوَاجُ او السُّيُوْلُ: موج یا سیلاب کا آپس میں ٹکرانا۔
النَّاطِح: فا۔ پرند یا وحشی جانور جو سامنے سے آئے اور یہ "قَعِيْد" کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ نَاطِحٌ وَلَا قَاعِطٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ نَاطِح سے مراد بھیڑ

منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔
النَّطْح: مص۔ منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔
النَّوَاطِح: سختیاں۔
النَّطْحَة. نَطَحَ: کا اسم مرۃ۔ لڑائی۔
النَّطِيْح: سینگ مارا ہوا۔ سینگ مارنے سے مرا ہوا۔ منحوس۔ گھوڑا جس کی پیشانی میں دو دائرے ہوں۔ مؤنث نَطِيْحَةٌ. ج نَطْحٰى ونَطَائِح.
النَّطَّاح: بہت سینگ مارنے والا۔ سینگ مارنے کا عادی۔
نَطَرَ(ن) نَطْرًا ونِطَارَةً. الْكَرْمَ او الزَّرْعَ: انگور یا کھیت کی نگہبانی کرنا۔ باغبانی کرنا۔
النِّطَارَة: مص۔ باغبانی کا پیشہ۔
النَّاطِر والنَّاطُوْر: باغبان۔ انگور یا کھیت کا نگہبان۔ ج نُطَّار ونَطَرَةٌ وفَوَاطِرُ ونُطَرَاء.
النُّطَّار: اُچکا (جو کھیت میں پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا جاتا ہے)
نَطْرُوْنَ: بورہ ارمنی۔
اَلنَّاطُوْرُ: الماس کا زیور جو عورتیں پیشانی پر سجاتی ہیں۔
نَطِسَ(س) نَطَسًا: عالم ہونا۔ ماہر ہونا۔
تَنَطَّسَ: کھنگالنا اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنا۔ امور میں غور وفکر کرنا اور خوب تحقیقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَطَّسَ الْاَخْبَارَ وعَنِ الْاَخْبَارِ" یعنی اس نے تحقیقات کی۔
النَّطْس والنَّطِس والنَّطُس: عالم کھنگالنے اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنے والا۔
النَّطِيْس والنِّطَاسِيّ والنَّطَاسِيّ: عالم۔ ماہر طبیب۔
النُّطُس: ماہر اطباء۔
النُّطَسَة: بہت احتیاط کرنے والا۔
النَّاطِس: جاسوس۔
نُطِعَ نَطَعًا واسْتُطِعَ ونُطِعَ نُوْطَةً: رگ

marfat.com
Marfat.com

متغیر ہونا۔
تَنَطَّعَ فِی الْکَلَامِ: غلو کرنا۔تالو سے بولنا۔ .....فِیْ شَهْوَاتِهٖ: مبالغہ کرنا.....فِیْ عَمَلِهٖ: ماہر ہونا.....الرَّجُلُ: چمڑے کے دسترخوان پر کھانا رکھنا۔خوب سیر ہو کے کھانا۔
النَّطْع والنِّطْع والنَّطع والنِّطع: چمڑے کا فرش جو مجرم کو قتل کرنے کے لئے بچھایا جائے ج اَنْطَاع ونُطُوْع.
النِّطْع والنِّطَع: تالو کا اگلا حصہ جس میں شکن جیسا ہوتا ہے۔ج نُطُوْع اور اسی سے حرف نطعیہ ت د ط ہیں۔
النُّطُع: گفتگو میں بتکلف فصاحت ظاہر کرنے والا۔
النَّاطِع: خالص رنگ۔کہا جاتا ہے بیاض ناطع.
نِطَاعُ الْقَوْمِ: قوم کی زمین۔قوم کا علاقہ۔کہا جاتا ہے "وَطِئْنَا نِطَاعَ بَنِیْ فُلَانٍ" ہم نے بنی فلاں کے علاقے کو طے کیا۔
النَّطَّاع: کلام میں بہت غلو کرنے والا۔جلد ساز۔ہوشیاری سے کھانے کو دسترخوان پر چننے والا۔ج نَطَّاعُوْن.
النُّطَاعَة: لقمہ جس کا نصف حصہ کھایا جائے اور نصف دسترخوان پر چھوڑ دیا جائے۔
نَطَفَ (ن ض) نَطْفًا وتَنْطَافًا ونَطَفَانًا ونِطَافَةً. الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا پانی بہنا..... الْقِرْبَةُ: مشک کا ٹپکنا.....الْمَاءَ: پانی بہانا۔
نَطَفَهٗ ونَطَّفَهٗ وانْطَفَهٗ: بدکاری کی تہمت لگانا۔عیب لگانا۔نَطَفَ الْمَرْأَةَ: عورت کے کان میں بالی پہنانا۔
نَطِفَ (س) ونَطِفَ نَطَفًا ونَطَافَةً ونُطُوْفَةً: عیب دار ہونا۔عیب و بدکاری کا الزام لگایا جانا۔نَطِفَ الشَّیْءُ: فاسد ہونا۔خراب ہونا۔نَطِفَ الرَّجُلُ: بدہضمی والا ہونا۔
تَنَطَّفَ الرَّجُلُ: عیب دار ہونا.....مِنْ کَذَا: پرہیز کرنا۔نفرت کرنا۔تَنَطَّفَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔

النَّطَف: مص۔عیب۔برائی۔فساد۔
النُّطْفَة: صاف پانی۔تھوڑا یا زیادہ۔سمندر۔ مرد یا عورت کا نطفہ۔ج نِطَاف ونَطَف (..... والنُّطَافَة) تھوڑا پانی جو ڈول یا مشک میں باقی رہ جائے۔النُّطَافَة: ہر وہ چیز جو کسی چیز سے ٹپکے۔
النُّطْفَتَان: دو سمندر (بحر روم و بحر چین یا بحر مشرق و بحر مغرب)
النُّطْفَة والنَّطْفَة: بالی۔آبدار موتی ج نُطَف.
النَّطِف: پلید۔شکی آدمی۔
النَّطُوْف: بارش والی۔کہا جاتا ہے "لَیْلَةٌ نَطُوْفٌ" صبح تک بارش والی رات۔
النَّاطِف: ریوڑی۔گڑ۔
النَّاطِفِیُّ: ریوڑی بیچنے والا۔
نَطَقَ (ض) نَطْقًا ومَنْطِقًا ونُطُوْقًا: بولنا .....الْکِتَابُ: واضح بیان کرنا۔
نَطَّقَهٗ: گفتگو کرانا۔کسی کو پٹکا باندھنا۔کسی کی کمر میں پٹکا باندھنا۔نَطَّقَ الْمَاءُ الْاَکَمَةَ وَغَیْرَهَا: پانی کا ٹیلے کے وسط تک پہنچنا۔
نَاطَقَهٗ: گفتگو کرانا۔
اَنْطَقَهٗ: گفتگو کرانا۔
تَنَاطَقَا الرَّجُلَانِ: باہم گفتگو کرنا۔
تَنَطَّقَ وانْتَطَقَ وتَمَنْطَقَ: کمر میں پٹکا باندھنا .....الْمَرْئَةُ: عورت کا کمر میں پٹکا باندھنا .....الْاَرْضُ بِالْجِبَالِ: پہاڑوں سے گھبرا ہوا ہونا انْتَطَقَ بِقَوْمِهٖ: طاقتور و قوی ہونا۔
الرَّجُلُ: گفتگو کرنا۔علم منطق حاصل کرنا..... فَرَسَهٗ: بغیر سوار ہوئے کھینچنا۔
اِسْتَنْطَقَهٗ: گفتگو کرنا۔بولنے کو کہنا۔
النُّطْق: مص۔اس کا استعمال نطق خارجی یا ظاہری یعنی گفتگو پر بھی ہوتا ہے اور نطق داخلی یا باطنی یعنی فہم و ادراک کلیات پر بھی۔
النُّطْقَة.نطق: کا اسم مرۃ۔کہا جاتا ہے "نَطَقَ نُطْقَةً وَاحِدَةً" وہ ایک ہی بول بالا۔
النَّطِق: بولنے والا۔
النِّطَاق: کمربند۔کہا جاتا ہے "صَقَرَ ذَاتَ النِّطَاقِ الْمَعْز: کمر میں سفیدی والی بکری۔

فُلَانٌ حُبُکَ النِّطَاقِ" یعنی فلاں شخص جانے کے لئے یا کام کرنے کے لئے مستعد ہوا۔النِّطَاق: کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو عورتیں کمر پر باندھتی ہیں اور اس کا بالائی حصہ نچلے حصہ پر اور نچلا حصہ زمین تک لٹکتا رہتا ہے۔ج نُطُق.
نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ: جوزا کے درمیان کے تین ستارے جن کو عرب نظم بھی کہتے تھے اور یہ انتظام والتیام کے لئے ضرب المثل ہے۔
النِّطَافَة: پرچہ۔پرزہ۔اس وجہ سے کہ وہ لٹکے ہوئے کو بتلاتا ہے۔
النَّاطِق: فا۔عرب کا قول "اَلْاِنْسَانُ حَیَوَانٌ نَاطِقٌ" یعنی انسان عاقل ہے۔کِتَابٌ نَاطِقٌ: واضح کتاب۔
النَّاطِقَة.النَّاطِقُ: کا مؤنث۔کمر۔النَّفْس النَّاطِقَة: نفس انسانی۔
المَنْطِق: مص۔گفتگو اور کبھی انسان کے علاوہ کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔کہا جاتا ہے سَمِعْتُ مَنْطِقَ الطَّیْرِ: علم المنطق: ایک علم عملی کا نام جس کو میزان بھی کہتے ہیں اور یہ وہ علم ہے جو ذہن کو خطاء فی الفکر سے بچائے۔
المَنْطِقِی: علم منطق جاننے والا۔
المِنْطَق والمِنْطَقَة: پٹکا جو کمر پر باندھا جائے۔ج مَنَاطِق اور مِنْطَقَة سے فعل کا اشتقاق کیا ہے۔کہتے ہیں تَمَنْطَقَ: بمعنی پٹکا باندھنا جیسے مِدْرَعَة سے تَمَدْرَعَ اور مِنْدِیْل سے تَمَنْدَلَ.
تَمَنْطَقَ: علم منطق حاصل کرنا اور اسی سے بعض کا قول ہے "مَنْ تَمَنْطَقَ فَقَدْ تَزَنْدَقَ" جس نے علم منطق سیکھا وہ زندیق ہو گیا۔مِنْطَقَةُ الْجَوْزَاءِ: تین ستاروں کے نام اور مِنْطَقَة الْعَوَّاءِ: ایک دوسرے ستارے کا نام ہے۔
المِنْطِیق والنِّطِیق: بلغ۔
المُنَطَّق: مفع پٹکا باندھنے کی جگہ۔المُنَطَّقَة

marfat.com
Marfat.com

اَلْمَنْطَقُ: (علم حساب)۔
المُنْطَقِ: عالی مرتبہ۔گرامی قدر اور کہا جاتا ہے "جَاءَ مِنْطَقاً جِصَانَهٗ" یعنی وہ بغیر سوار ہوئے گھوڑے کو تل بنا کر آیا۔
المَنْطُوق عِنْدَ الْاُصُوْلِيين: مفہوم مخالف کے خلاف۔
نَطَلَ (ن) نَطْلاً الْخَمْرَ: نچوڑنا(..... ونَطَّلَ) رَاسَ الْعَلِيْلِ بِالنَّطُوْلِ: تریڑا کرنا۔آہستہ آہستہ دوا میں جوش دیا ہوا نیم گرم پانی گرانا۔
اِنْتَطَلَ مِنَ الزِّقِ: مشک سے تھوڑا پانی گرانا یا لینا۔
النَّطْل: مص۔انگور کا چھلکا۔تھوڑا دودھ۔ (..... والنِطْل) بھگوئے ہوئے خشک انگور خود بخود شراب نکلنے کے بعد جو نچوڑا جائے۔النِطْل: شراب کا بقیہ۔
النُطْلَة والنَّاطِل: شراب یا پانی یا دودھ وغیرہ کا گھونٹ۔النَّاطِل: فضلہ جو پیمانہ میں باقی رہ جائے۔کہا جاتا ہے "مَا ظَفِرْتُ مِنْهُ بِنَاطِلٍ" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔
النَّاطِل والنَّاطَل والنَّيْطَل والنَّأْطِل: شراب، دودھ وغیرہ ناپنے کا کوزہ۔النَّيْطَل والنَّطْلاء: مصیبت۔والنَّيْطل: ہلاکت۔موت۔ڈول۔ج نَيَاطِل.
الانْطِلَة: مصیبتیں۔
النَّطُوْل: پانی جس میں دوا جوش دیں اور عضو ماؤف کو اس سے دھاریں۔
المَنَاطِل: شراب کشی کے آلات۔
نَطْنَطَ الشَّيْءُ: کھینچنا.....الرَّجُلُ: لمبے سفر والا ہونا(..... وانْتَطْنَطَ) دور ہونا۔
البَطْنَط والنُطْنُط والنُطْنَاط: لمبے قد والا۔ ج نَطَانِط ونَطَانِيْط.....
نَطَا يَنْطُوْ نَطْوًا. الحَبْلَ: رسی کھینچنا..... الغَزْلَ: کاتے ہوئے سوت کا باٹا کرنا..... المَنْزِلُ: دور ہونا.....عَنْ فُلَانٍ: چھپ ہو جانا۔

نَاطَى مُنَاطَاةَ الرَّجُلُ: باہم نزاع کرنا۔
اَنْطَى: دینا۔
تَنَاطَى القَوْمُ: ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔تَنَاطَوا الكَلَامَ: آپس میں گفتگو کرنا۔
النَطْو: دوری۔
النَطِي: دور۔کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ نَطِيٌّ" دور کا راستہ(..... والمَنْطُوْ) مِنَ الغَزْلِ: کاتے ہوئے سوت کا باٹا کیا ہوا۔
النَطَاة: کچی کھجور کا غلاف یا ڈنٹھل ج اَنْطَاء.
نَظَرَ (ن) ونَظِرَ (س) نَظَرًا و مَنْظَرًا ومَنْظَرَةً و تَنْظَارًا ونَظَرَانًا. هٗ وإِلَيْهِ: دیکھنا۔غور سے دیکھنا۔(نَظَرَ (ن) نَظَرًا) فِي الْاَمْرِ: سوچنا۔فکر کرنا۔اندازہ کرنا..... الشَّيْءُ: انتظار کرنا.....بَيْنَ النَّاسِ: حکم کرنا اور فیصلہ کرنا.....لِلْقَوْمِ: رحم کرنا اور مدد دینا .....فُلَانًا: متوجہ ہونا۔دیر کرنا.....فُلَانًا الدَّيْنَ: مہلت دینا۔(اَنْظَرَ میں ایک لغت ہے) .....الشَّيْءُ: مہلت سے بچنا..... فُلَانٌ: کاہن ہونا اور کہا جاتا ہے "اَنْظِرْ لِيْ فُلَانًا" میرے لئے فلاں کو طلب کرو۔ وَدَارِيْ تَنْظُرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وَنَظَرَ الدَّهْرُ اِلٰى بَنِيْ فُلَانٍ" زمانے نے بنی فلاں کو ہلاک کر دیا۔
نَاظَرَهٗ مُنَاظَرَةً: مشابہ ہونا۔بحث کرنا۔نَاظَرَ الجَيْشُ الاَلْفَيْنِ: قریب پہنچنا.....فُلَانًا بِفُلَانٍ او الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: مشابہ بنانا اور کہا جاتا ہے "دَارِيْ تُنَاظِرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔
اَنْظَرَهُ الدَّيْنَ: ادائیگی قرض کے لئے مہلت دینا۔اَنْظَرَ فُلَانًا لِفُلَانٍ: مشابہ بنانا..... الرَّجُلَ: سوچنے کا موقعہ دینا۔مہلت سے بچنا۔
تَنْظِرَةٌ: آنکھ سے بغور دیکھنا۔دیر کرنا۔ مہلت دینا۔تَنَظَّرَ فُلَانٌ: انتظار کی ہوئی چیز کی امید رکھنا۔

النَّظَرُ: اٹھانا۔بحث کرنا۔تَنَاظَرَ الدَّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔تَنَاظَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو دیکھنا۔
اِنْتَظَرَهٗ: انتظار کرنا۔امید رکھنا۔توقع رکھنا۔دیر لگانا۔
اِسْتَنْظَرَهٗ: انتظار کرنا۔مہلت طلب کرنا۔
النَّظَر: مص۔نگاہ دانائی۔عِلْمُ النَّظَرِ والاِسْتِدْلَالِ: علم کلام اور کہا جاتا ہے "فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ نَظَرٌ" عدم ظہور کی وجہ سے یہ امر محل غور ہے "وبَيْنَنَا نَظَرٌ" ہمارے درمیان اتنی قربت ہے کہ نگاہ پہنچ سکے۔"ونَظَرٌ اِلٰى كَذَا وبِالنَّظَرِ اِلٰى كَذَا" یعنی فلاں کے لحاظ سے۔النُّظَر: ہمسائے۔
النِظْر: مشابہ۔مانند۔
النَّظْرَة.نَظَر: کا اسم مرۃ۔ایک نگاہ۔ ہیئت۔بری ہیئت وعیب۔رحمت۔مہربانی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَهٗ بِعَيْنِ النَّظْرَةِ" اس نے اس کو مہربانی کی نگاہ سے دیکھا۔
النَظِرَة: مہلت۔معاملہ میں تاخیر۔
النَظَرِي: نظر کی جانب منسوب۔
استدلالی علوم کی تقسیم میں نظری کا اطلاق اس علم پر ہوتا ہے جو عمل سے تعلق نہ رکھتا ہو اور اس کے مقابل کو عملی کہتے ہیں۔
النَظَرِيَّةُ فِي الْهَنْدَسَةِ: وہ قضیہ جو ثبوت کے لئے دلیل کا محتاج ہو۔ ج نَظَرِيَّات.
النِظَار والنِظَارَة: خواستہ ہائے۔
النَّاظِر: فا۔آنکھ کی پتلی۔والنَّاظِر عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ: کسی ادارہ کا ناظم۔جیسے نَاظِر خَارِجِيَّه وقَاضٍ مالیہ. ج نُظَّار. النَّاظِر: پیشانی سے ناک کے نتھنوں تک کی ہڈی۔وہ امین آدمی جس کو بادشاہ کسی مقام کے لوگوں کے معاملات کی تحقیقات کے لئے بھیجے اور کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِيْدُ النَّاظِرِ" یعنی وہ تہمت سے بری ہے اس لئے کہ آنکھ اٹھا کر بات کرتا ہے۔النَّاظِرَان: ناک کے دونوں پہلوؤں کی دو رگیں۔

marfat.com
Marfat.com

نَظَارِ: اسم فعل۔ بروزن کَذَابِ وَنَوَالِ: بمعنی انتظر.
النَّاظِر والنَّاظُوْر: انگور یا کھیتی کا محافظ۔
النَّاظُوْرَة: سردار قوم۔
النَّاظِرَة. النَّاظِر: کا مؤنث۔ آنکھ ج نَوَاظِر
النَّوَاظِر: سرکی رگیں جو آنکھ سے ملی ہوئی ہیں۔
النَّظَّار: تیر دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَظَّارٌ" چالاک تیز خاطر بلند اطراف گھوڑا۔
النَّظَّارَة: ناظرین۔ موقعہ جنگ کے تماشائی
النَّظَّارَة عِنْدَ الْمولدین: دوربین۔
النَّظُوْر والنَّظُوْرَة والنَّظِيْرَة والنَّاظُوْرَة: قوم کا سردار (مذکر و مؤنث واحد جمع)
النَّظُوْر: مہمات سے غفلت نہ برتنے والا۔
النَّظِيْر: مثل و مانند اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِيْرُ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے مطابق ہے۔ ج نُظَرَاء مؤنث نَظِيْرَة ج نَظَائِر.
نَظَائِرُ الْقَوْمِ: قوم کے شرفا و افاضل۔
النَّظِيْرَةُ. الْقَوْمُ او الْجَيْشِ ونُظُوْرَتُهُمْ: دیدبان۔
المَنْظَر: دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ مَنْظَرِي و مُسْتَمَعِي" فلاں ایسی جگہ میں ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتیں سن سکتا ہوں۔ "وَكُنْتُ عَنْ هٰذَا الْمَقَامِ بِمَنْظَرٍ" یعنی میں اس مقام سے علیحدہ تھا ج مَنَاظِر
الْمَنَاظِر: بلند زمینیں۔ عِلْمُ الْمَنَاظِرِ: وہ علم جس سے اشیاء کی مقدار باعتبار قرب و بعد کے پہچان سکیں۔
المَنْظَرَة: مص۔ دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ دیکھنے بھالنے کی جگہ۔ المَنْظَرة: قوم جو کسی چیز کی طرف دیکھنے والی ہو۔
المَنْظَرِي والمَنْظَرَانِي: خوش نما۔
المُنَاظِر: فاعل۔
المِنْظَار: آئینہ۔ ج مَنَاظِيْرُ.
المَنْظُوْر: مفع وہ شخص جس کی خیر کی امید رکھی جائے۔ نظر بدلگا ہوا۔

المَنْظُوْرَة. المَنْظُوْر: کا مؤنث۔ مصیبت
اِمْرَأَةٌ مَنْظُوْرَةٌ: عیب دار عورت۔
نَظُفَ (ک) نَظَافَةً الشَّيْءُ: صاف ستھرا ہونا۔ بارونق و حسین ہونا۔ صفت مذکر نَظِيْفٌ صفت مؤنث نَظِيْفَةٌ ج نُظَفَاء: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِيْفُ الشَّرَاوِيْلِ" فلاں پاک دامن ہے ونَظِيْفُ الْأَخْلَاقِ: مہذب۔
نَظَّفَ الشَّيْءَ: صاف کرنا۔ پاک کرنا۔
تَنَظَّفَ الشَّيْءُ: صاف ستھرا ہونا۔ الرَّجُلُ: بتکلف صاف ستھرا بننا۔ برائیوں سے دور ہونا۔
اِنْتَظَفَ الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
اِسْتَنْظَفَ: صاف ستھرا طلب کرنا..... الوَالِيْ الْخَرَاجَ: پورا وصول کر لینا..... فُلَانٌ الشَّيْءَ: سب لے لینا..... الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اُونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
نَظَمَ (ض) نَظْمًا ونِظَامًا اللُّؤْلُؤَ ونَحْوَهُ: موتی پرونا۔ آراستہ کرنا۔ موزوں کرنا..... الشَّيْءَ إِلَى الشَّيْءِ: ترتیب دینا۔ کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا..... الْأَمْرَ: برپا کرنا۔ قائم کرنا۔
نَظَّمَ اللُّؤْلُؤَ والشِّعْرَ: بمعنی نظم (پرونا۔ موزوں کرنا)
نَظَّمَتْ وانْظَمَتِ السَّمَكَةُ او الدَّجَاجَةُ: مچھلی یا مرغی کا انڈے والی ہونا۔
تَنَظَّمَ وانْتَظَمَ وتَنَاظَمَ اللُّؤْلُؤُ ونَحْوُهُ: موتی کا پرو دیا جانا۔ ترتیب وار ہونا۔ تَنَظَّمَ وانْتَظَمَ الْأَمْرُ: درست ہونا۔ وانْتَظَمَ الصَّيْدُ: شکار کو چھید کر پار کر دینا۔ تَنَاظَمَتِ الصُّخُوْرُ: پتھر کی چٹانوں کا ایک ساتھ ملا ہوا ہونا۔
النَّظْم: مص۔ ٹڈی دل یا ٹڈیوں کی ایک قطار۔ ترتیب دیا ہوا موزوں کلام اور اس کے مقابل کو نثر کہتے ہیں۔ النَّظْمُ بعض

ستاروں پر اطلاق ہوتا ہے جیسے ثریا۔ نِظَاق الْجَوْزَاءِ و الدَّبَرَان.
نِظَامُ كُوْبِرْنِيْك: کوبرنیک البولونی (۱۴۷۳-۱۵۴۷) کا نظریہ فلکیات جس کے تحت وہ دعویٰ کرتا ہے کہ زمین اپنے اردگرد گھومتی ہے نیز وہ اور دیگر سیارات سورج کے اردگرد گھومتے ہیں۔ اس سے قبل اس کے برخلاف بطلیموس نے نظریہ فلکیات پیش کیا تھا کہ سورج ستارے اور سیارے زمین کے اردگرد گھومتے ہیں۔
النِّظَام: مص۔ موتیوں کی لڑی کا دھاگا۔ ج نُظُم وأَنْظِمَة وأَنَاظِيْم. النِّظَام: طریقہ و عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلٰى نِظَامٍ وَاحِدٍ" وہ ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔ نِظَامُ الْأَمْرِ: سرمایہ۔ معاملہ۔ النِّظَامُ مِنَ الرَّمْلِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔ النِّظَامُ مِنَ الْجَرَادِ و النَّخْلِ ونَحْوِهَا: ایک قطار ٹڈیوں یا درخت خرما کی۔
النِّظَامَانِ والْإِنْظَامَانِ والْأُنْظُوْمَتَانِ مِنَ السَّمَكَةِ او الضَّبَّةِ: دُم سے کان تک کی دو دھاریاں۔ ج أَنَاظِيْم.
الانْظَام: مچھلی یا گوہ کے انڈوں کی قطار۔ لڑی کا دھاگا..... مِنَ الرَّمْلِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔
النَّظَّام: بہت پرونے والا۔
النَّظِيْم: موزوں شعر وغیرہ۔ پہاڑی راستہ جس میں چشمے قریب قریب ہوں۔
المَنْظُوْم: مفع۔ شعر اور یہ منثور کے خلاف ہے۔
المَنْظِم: ترتیب دینے کی جگہ۔ ج مَنَاظِم.
النَّع: کمزور مرد۔
النَّعَاع: ملائم و نازک گھاس۔ واحد نُعَاعَةٌ.
نَعَبَ (ف ض) نَعْبًا ونُعَابًا ونَعِيْبًا ونَعْبَةً وتَنْعَابًا الْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ جدائی کا خوف دلانا..... الْمُؤَذِّنُ: گردن لمبی کر کے اذان دینا۔
نَعَبَتْ (ف) نَعْبًا الْإِبِلُ: اُونٹ کا چلنے میں

marfat.com
Marfat.com

گردن لمبی کرنا۔
النَّعْب: مص۔ رِيحٌ نَعْبٌ: تیز ہوا۔
نَاقَةٌ نَاعِبَةٌ: ج نَوَاعِب ونُعُوْبٌ. ج نُعُب ونَعَّابَة: تیز رفتار اُونٹنی۔
النَّعَّاب: اسم مبالغہ۔ کوے کا بچہ۔
المِنْعَب والمُنْعِب: تیز رفتار اُونٹنی۔ تیز رفتار گھوڑا جو چلنے میں گردن بلند کرے۔ چلانے والا۔ بے وقوف۔
نَعَتَهٗ (ف) نَعْتًا: تعریف کرنا۔ بیان کرنا (اور اکثر اس کا استعمال صفات حسنہ کیلئے ہوتا ہے) نَعَتَ الْكَلِمَةَ: کلمہ کے لئے صفت لانا۔
نَعِتَ (س) نَعَتًا: تکلف عمدہ صفات دکھانا۔
نَعُتَ (ک) نَعَاتَةً الرَّجُلُ: خلقتہ عمدہ صفات والا ہونا..... الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز رفتار ہونا۔
اَنْعَتَ الرَّجُلُ: خوب صورت چہرہ والا ہونا۔ عمدہ خصلتوں والا ہونا۔
اِنْتَعَتَهٗ: تعریف کرنا۔ اِنْتَعَتِ الْمَرْأَةُ..... بالْجَمَالِ: متصف ہونا۔
تَنَعَّتَ الشَّيْءَ: تعریف کرنا۔ بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَتَهُ الشَّيْءَ: بیان کرنے کو کہنا۔
النَّعْت: مص۔ تعریف ج نُعُوْت.
النَّعْت والنَّعْتَة والنَّعِيْت والنَّعِيْتَة والمُنْتَعِت مِنَ الْخَيْلِ: گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا اصیل گھوڑا جس کی سب تعریف کریں اور کہا جاتا ہے "شَيْءٌ نَعْتٌ" عمدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُعْتَةٌ" یعنی وہ بلندی مرتبہ یا حسن جمال میں انتہا پر ہے۔
نَعَتَ (ف) نَعْتًا وانْتَعَتَ الشَّيْءَ: لینا۔
اَنْعَتَ فِيْ مَالِهٖ: فضول خرچی کرنا..... الرَّجُلُ: سفر کے لئے سامان لینا..... القَوْمُ: کام میں جد و جہد کرنا۔
نَعْثَلَ الشَّيْءَ: جمع کرنا..... الفَرَسُ فِيْ جَرْيِهٖ: تیزی دوڑ کی وجہ سے گھوڑے کا بیٹھ بیٹھ جانا۔

النَّعْل: بے وقوف بڈھا۔ زنجی۔
النَّعْلَة: بے وقوفی۔ بڈھے کی چال۔
نَعِجَ (س) ونعج (ن) نَعَجًا ونعوجا اللَّوْنُ: خالص سفید رنگ ہونا۔ نَعَجَتِ النَّاقَةُ فِيْ سَيْرِهَا: اُونٹنی کا تیز دوڑنا۔ (نَعِجَ (س) نَعَجًا) الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا موٹا ہونا..... الرَّجُلُ: بھیڑ کا گوشت کھا کر بدہضمی ہونا۔ صفت نَعِجٌ.
اَنْعَجَ الْقَوْمُ: موٹے اُونٹوں والا ہونا۔
النَّعْجَة: بھیڑ۔ ج نِعَاجٌ و نَعَجَاتٌ. ونِعَاجُ الرَّمْلِ: گائے۔
النَّاعِجَةُ مِنَ النِّسَاءِ او النُّوْق: سفید عورت یا اُونٹنی۔ نَاقَةٌ نَاعِجَةٌ: تیز رفتار اُونٹنی کہ جس پر بیٹھ کر جنگلی بھیڑوں کا شکار کریں۔ اَرْضٌ نَاعِجَةٌ: ہموار نرم زمین۔ ج نَوَاعِج.
النَّعَج: مص۔ خالص سپیدی۔
نَعَرَ (ف ض) نَعِيْرًا و نَعَارًا الرَّجُلُ: خراٹے لینا..... الْعِرْقُ بِالدَّمِ: جوش کے ساتھ خون نکلنا یا نکلنے میں آواز ہونا اور کہا جاتا ہے "نَعَرَ فُلَانٌ فِيْ فَفَا الْإِفْلَاسِ" یعنی مستغنی ہوا۔
نَعَرَ (ف) نَعْرًا فِي الْبِلَادِ: جانا..... القَوْمُ: جوش و خروش ظاہر کرنا اور اکٹھا ہونا..... اِلٰى فُلَانٍ: آنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ نَعَرْتَ اِلَيْنَا" تم کہاں سے ہمارے پاس آئے۔ نَعَرَ فِي الْاَمْرِ: اٹھنا اور کوشش کرنا..... الرَّجُلُ: مخالفت کرنا اور انکار کرنا۔
نَعِرَ (س) نَعَرًا الْحِمَارُ او الفَرَسُ: ناک میں مکھی داخل ہونے کی وجہ سے مضطرب ہونا۔ صفت نَعِرٌ.
نَعَّرَ السَّهْمَ: سیدھائی معلوم کرنے کے لئے ناخن پر گھمانا۔
اَنْعَرَ الْاَرَاكُ: درخت پیلو کا پھل دار ہونا۔
النَّعْرَة. نعر: کا اسم مرۃ۔ خراٹا۔ ج نَعَرَات. نَعْرَةُ النَّجْمِ: ہوا کا جھونکا۔ ثریا کے طلوع کے وقت سخت گرمی۔

کام۔
النُّعْرَة والنُّعَرَة: ناک کا اندرونی بالائی حصہ۔ النُّعَرَة: ہوا جو ناک میں داخل ہو کر حرکت پیدا کرے۔ پیلو کا پھل (ایک قسم کی بڑی نیلی مکھی جو گھوڑوں اور گدھوں کی ناک میں داخل ہو کر تکلیف پہنچاتی ہے۔ ج نُعَرٌ ونُعَرَاتٌ.
النَّاعِر: فا۔ کہا جاتا ہے "كُلَّمَا نَعَرَ بِهِمْ نَاعِرٌ اِتَّبَعُوْهُ" جب بھی کوئی چیخنے والا چیختا ہے اس کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ وہ ہڑبونگ کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔
النَّعِر: وہ شخص جو ایک جگہ پر قائم نہ رہے مؤنث نَعِرَةٌ.
النَّعِيْر: مص۔ لڑائی وغیرہ کی چیخ و پکار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَعِيْرُ الْهَمِّ" فلاں بلند ہمت ہے۔
النَّعَّار: نافرمان۔ فتنہ انگیز۔ چیخنے والا۔ شور مچانے والا۔ مؤنث نَعَّارَةٌ. اِمْرَاَةٌ نَعْرَاءُ: شور مچانے والی۔ بدزبان عورت۔ النَّعَّار: ایک قسم کا پرندہ۔
النَّعَّار والنُّعُوْر والنَّاعُوْر: رگ یا زخم جس سے خون جوش سے نکلے۔ النَّاعُوْر: چکی کا پہلو۔ النُّعُوْر مِنَ الرِّيَاحِ: گرمی میں ناگہاں ٹھنڈی ہوا یا سردی میں گرم ہوا۔ نِيَّةٌ نَعُوْرٌ: دور کی نیت۔
النَّعَّارَة عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْنَ: دبنے والا مٹی کا آب خورہ۔ عوام عین کی تخفیف سے بولتے ہیں۔
النَّاعُوْر والنَّاعُوْرَة: رہٹ۔ ج نَوَاعِيْر.
نَعَسَ (ف ن) نَعْسًا الرَّجُلُ: اونگھنا صفت مذکر نَاعِسٌ ج نُعَّس: صفت مؤنث نَاعِسَةٌ ج نَاعِسَات ونَوَاعِس. نَعَسَ جِسْمُهٗ او رَايُهٗ: جسم یا رائے کا نرم و کمزور ہونا۔ نَعَسَتِ السُّوْق: بازار کا ماند پڑنا۔
اَنْعَسَهٗ: سلانا..... فُلَانٌ: سست ہونا۔ سست ہونا۔
تَنَاعَسَ: بتکلف سونا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا

marfat.com
Marfat.com

ظاہر کرنا.....البَرْق: بجلی کا تڑپنا۔
تَنَاعَسَتِ السُّوْق: بازار کا مندا پڑنا۔
النُّعَاس: حواس کی سستی۔اونگھ۔ابتدائی نیند۔
النُّعْسَان: اونگھنے والا۔مؤنث نَعْسَی (اس کا استعمال عموماً اشعار میں مستحسن ہے)
اِمْرَأَةٌ نَعْسَانَةٌ وَنَعُوْسٌ: اونگھنے والی عورت۔نَاقَةٌ نَعُوْسٌ: دودھارا اونٹنی۔
نَعَشَهُ (ف) نَعَشَهُ اللّٰهُ: بلند کرنا۔اٹھانا۔ہلاکت سے بچانا۔فقیری کے بعد دولت والا بنانا.....الرَّبِيْعُ النَّاسَ: خوش حال کرنا.....
الْمَيِّتَ: بھلائی سے یاد کرنا.....طَرْفَهُ: نگاہ اٹھا کر دیکھنا.....الشَّجَرَةَ: جھکے ہوئے درخت کو اٹھانا۔
نُعِشَ: تابوت پر اٹھایا جانا۔صفت مَنْعُوْش..... فُلَانٌ: پھسلنے کے بعد اٹھایا جانا۔
نَعَّشَهُ، اَنْعَشَهُ اللّٰهُ: بلند کرنا اور اٹھانا۔
نَعَّشَ فُلَانٌ فُلَانًا: نَعَّشَكَ اللّٰهُ مِنْ عَثْرَتِكَ: کہنا۔
اِنْتَعَشَ: سستی کے بعد چست ہونا۔سر اٹھانا.....مِنْ سَقْطَتِهٖ: گرنے کے بعد اٹھنا۔
اِسْتَنْعَشَ: سستی کے بعد چست ہونا۔
اَلنَّعْش: مص۔بقا۔محاقہ کے مانند چار پائی جس پر بادشاہ کو بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے تھے۔تابوت۔مُردہ کا تخت۔بَنَاتُ نَعْشِ الْكُبْرٰى: سات ستارے جو قطب شمالی کی جہت میں ہیں اور انہیں کے قریب سات اور ستارے ہیں جن کو بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرٰى: کہتے ہیں۔
نَعَصَ (ف) نَعْصًا الشَّيْءُ: حرکت دینا.....
الْجَرَادُ الْاَرْضَ: چٹ کر جانا۔
نَعِصَ (س) نَعَصًا: جھکنا۔
اِنْتَعَصَ: ہلنا.....الرَّجُلُ: گرنے کے بعد اٹھنا۔غضبناک ہونا۔
النَّاعِصَة: مددگار۔اعوان وانصار۔
اَنْعَطُ الْاٰكِلُ: آدھا لقمہ کھانا آدھا ڈال دینا۔

النُّعُط: کھانے اور داد و دہش میں بدتمیز لوگ۔واحد نَاعِطٌ۔
نَاعَفَهُ مُنَاعَفَةً: باہم دو راستوں میں مقابلہ کرنا کہ ہر ایک آگے بڑھ جانا چاہتا ہو۔
الطَّرِيْقَ: راستہ میں مقابلہ کرنا۔
اَنْعَفَ: بلند جگہ پر بیٹھنا۔
اِنْتَعَفَ: بلند جگہ پر چڑھنا.....لِفُلَانٍ: درپے ہونا.....الشَّيْءَ: غیر کے لئے چھوڑ دینا۔
الرَّاكِبُ: ظاہر ہونا۔
اَلنَّعْف: پہاڑ سے نیچے اور وادی سے بلند ہموار جگہ.....مِنَ الرَّمْلَةِ: ریت کا اگلا و پتلا حصہ۔ج نِعَاف۔
اَلنَّعْفَة: پشت پاؤں پر جوتے کا تسمہ۔
اَلنَّعَفَة: گیسو۔شملہ۔گوشت میں فاسد گرہ۔کچا وہ کے تسمے جو اِدھر اُدھر حرکت کریں۔
اُذُنٌ نَاعِفَةٌ وَنُعُوْفٌ وَمُنْتَعِفَةٌ: لٹکتا ہوا کان۔
اَلْمَنَاعِف مِنَ الْجِبَالِ: پہاڑوں کی چوٹیاں۔
اَلْمُنْتَعَف: نرم اور سخت زمین کے درمیان کی حد۔
نَعَقَ (ف ض) نَعْقًا وَنَعِيْقًا وَنُعَاقًا وَنَعْقَانًا
اَلْغُرَابُ: کوّے کا کاؤں کاؤں کرنا۔
اَلْمُؤَذِّنُ: مؤذن کا بلند آواز سے اذان دینا۔اَلرَّاعِي بِغَنَمِهٖ: چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا اور ڈانٹنا۔
اَلنَّعَّاق: بہت کائیں کائیں کرنے والا۔
اَلنَّاعِقَان: جوزاء کے دو ستارے۔
نَعَلَ (ف) نَعْلاً الْقَوْمَ: جوتے دینا۔(نَعَلَ وَ نَعَّلَ وَانْتَعَلَ) الدَّابَّةَ: نعل لگانا۔
نَعِلَ (س) نَعَلاً: جوتہ پہننا۔
تَنَعَّلَ وَانْتَعَلَ: جوتہ پہننا.....اَلثَّوْبَ: روندنا۔اور کہا جاتا ہے "اِنْتَعَلَ الْاَرْضَ" اس نے پیدل سفر کیا۔
اَلنَّعْل: مص۔جوتہ۔ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے (مؤنث) تصغیر نُعَيْلَة نَعْلُ

الدَّابَّةِ: گھوڑے کا نعل ج نِعَال وَاَنْعُل. اَلنَّعْل: میان کے نچلے حصہ میں چاندی یا لوہے کا بنا ہوا۔سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ج نِعَال کہا جاتا ہے "اِخْضَرَّتْ نِعَالُ الْقَوْمِ" یعنی قوم کی زمین سرسبز ہو گئی۔
اَلنَّعْلَة: ہر وہ جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے اور یہ نَعْل سے خاص ہے۔
اَلنَّاعِل: فا۔بہت جوتے والا۔گورخر۔رَجُلٌ نَاعِلٌ: جوتا پہنا ہوا مرد۔حَافِرٌ نَاعِلٌ: سخت کھر۔
اَلنَّعَّال: نعل بند۔
اَلْمَنْعَل وَالْمَنْعَلَة: سخت زمین۔کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَنْعَلٌ وَ اَرْضٌ مَنْعَلَةٌ"۔
اَلْمُنْعَل: جوتے والا۔فَرَسٌ مُنْعَلٌ: مضبوط نعل لگا ہوا گھوڑا۔کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِالْمُنْعَلَاتِ" اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں۔
نَعِمَ (ف ن) وَنَعِمَ (س) نَعْمَةً وَمَنْعَمًا الرَّجُلُ: خوش حال ہونا.....عَيْشُهُ: آسودہ و کشادہ ہونا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يَنْعَمُهُمْ" یہ ایسی منزل ہے جو ان کے موافق ہے "وَنَعِمْتُ بِهٰذَا عَيْنًا" یعنی میں اس سے خوش ہوا "وَنَعَمَكَ اللّٰهُ عَيْنًا وَنَعِمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا" یعنی تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے اور تم سے تمہاری محبوب کی آنکھ ٹھنڈی کرے۔
نَعِمَ (س) نَعَمًا الْعُوْدُ: لکڑی کا سرسبز و تروتازہ ہونا۔
نَعُمَ (ک) نُعُوْمَةً: نرم و نازک ہونا۔ملائم ہونا صفت نَاعِم۔
نِعْمَ افعال مدح میں سے ہے اور غیر منصرف ہے۔تم کہتے ہو "نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ وَنِعْمَ رَجُلاً زَيْدٌ اور تثنی اور جمع کا استعمال نادر ہے۔کہا جاتا ہے نِعْمَا نِعْمُوْا وَنِعْمَتَا وَنِعْمَن اور کبھی اس کے آخر میں مالاحق ہوتا ہے اس وقت صلہ سے مستغنی ہوتا ہے جب کہ

marfat.com
Marfat.com

کوئی قرینہ ہو۔ مثلاً تم کہو گے "دَقَّقْتُهُ وَقَا نِعِمًّا" (کسر عین سے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے) معنی میں نِعْمَ مَا دَقَّقْتُهُ کے اور عرب کا قول "اِنْ فَعَلْتَ فَبِهَا وَنِعِمَتْ" تاء ساکنہ سے جس کی تقدیر نَعِمَتِ الْفِعْلَةُ ہے۔

نَعَّمَ الشَّيْءَ: نرم و نازک بنانا..... الرَّجُلُ: آسودہ حال کر دینا۔ کسی کو نعم کہنا..... القَوْمُ: لوگوں کے پاس پاؤں آنا۔

اَنْعَمَ الشَّيْءَ: نرم و نازک بنانا..... فُلَانًا: آسودہ حال بنانا۔ کہا جاتا ہے "اَنْعَمَ اللّٰهُ صَبَاحَكَ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری صبح اچھی کرے اور یہ امر کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "اَنْعِمْ صَبَاحًا" اور کثرتِ استعمال کی وجہ سے ہمزہ اور نون حذف کر دیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً اَنْعَمَ اللّٰهُ النِّعْمَةَ عَلَيْهِ وَاَنْعَمَهُ بِالنِّعْمَةِ" نعمت پہنچانا۔ انعم اللہ بک عینا: تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کرنا یا تمہاری وجہ سے دوسرے کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا اَنْعَمَ الرَّجُلُ: زیادہ کرنا۔ نعمت کو پہنچنا القَوْمُ: لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔ اَنْعَمَ صَدِيْقَهُ: ننگے پاؤں ہو کر رخصت کرنا۔ اَنْعَمَ فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا..... اَنْعَمَ النَّظَرَ فِي الْمَسْاَلَةِ: غور کرنا۔ اَنْعَمَ لَهُ کسی سے نَعَمْ: کہنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يُنْعِمُ" یہ ایسی منزل ہے جو بہت برکت والی اور موافق ہے۔

نَاعَمَ مُنَاعَمَةُ الرَّجُلُ: آسودہ حال ہونا۔ الرَّجُلُ: آسودہ حال بنانا..... اَلْحَبْلَ وَغَيْرَهُ: رسی کو مضبوط کرنا۔

تَنَعَّمَ الرَّجُلُ: ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔ ننگے پاؤں چلنا..... قَدَمَيْهِ: مشغول کرنا..... فُلَانًا بِالْمَكَانِ: ڈھونڈنا..... الدَّابَّةُ: خوب اچھی طرح ہانکنا اور کہا جاتا ہے "اَتَيْتُ اَرْضَهُمْ فَتَنَعَّمَتْنِي" یعنی میں ان کی زمین میں پہنچا اور وہ میرے لئے موافق ہوئی۔

تَنَاعَمَ: خوش عیش ہونا۔

نَعَمْ: کلمۂ ایجاب ہے اور اس میں چار لغت اور ہیں۔

نَعِمْ وَنِعِمْ وَنِعَامْ وَنَعَمْ اور یہ چار معانی میں آتا ہے۔

(۱) خبر کے بعد واقع ہو تو حرف تصدیق ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ ہو تو اس کے معنی قَامَ کے ہوں گے۔

(۲) امر اور نہی کے بعد واقع ہو تو حرف وَعْد: ہوگا جیسے "اِضْرِبْ زَيْدًا" کا جواب میں "نَعَمْ اَعِدُكَ بِضَرْبِهِ" کے معنی میں ہو گا۔

(۳) اور استفہام کے بعد واقع ہو تو حرف اعلام ہوگا جیسے اَقَامَ زَيْدٌ: کے جواب میں نَعَمْ اُعْلِمُكَ بِقِيَامِهِ کے معنی میں ہوگا۔

(۴) اور جب صدر کلام میں واقع ہو تو فائدہ تاکید کا ہوتا ہے جیسے نَعَمْ اِنَّ رَبِّيْ قَادِرٌ.

النُّعْم: خوش حالی۔ تن آسانی۔ ج اَنْعُمٌ تم کہتے ہو "هٰذَا يَوْمُ نُعْمٍ" یعنی یہ عیش و طرب کا دن ہے۔

النَّعَم: اونٹ۔ چوپایہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے ج اَنْعَام: ج اَنَاعِيْم.

النِّعْمَة: اسم مرۃ۔ آسودگی۔ نَعْمَةُ الْعَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔

النِّعْمَة: احسان۔ رزق وغیرہ کا انعام جو تمہارے اوپر ہو۔ خوشی۔ خوشگوار حالت۔ ج نِعَم وَاَنْعُم وَنِعْمات وَنِعَمات وَنِعَمات کہا جاتا ہے فُلَانٌ وَاسِعُ النِّعْمَةِ: فلاں بہت مالدار ہے۔

النَّعْمَاء ج اَنْعُم وَالنُّعْمٰى: بابرکت ہاتھ۔

وَالنُّعْمٰى: آرام۔ خوش عیشی' مال۔ کہا جاتا ہے "سَاَلْتُهُ نَعَمَ عَيْنٍ وَنُعْمَ عَيْنٍ وَنَعْمَةَ عَيْنٍ وَنُعْمَةَ عَيْنٍ وَنُعْمٰى عَيْنٍ وَنِعِمِّ عَيْنٍ وَنَعَامَ عَيْنٍ وَنِعَامَ عَيْنٍ وَنُعَامَى عَيْنٍ" یعنی عنقریب تمہارے اکرام کے لئے میں ایسا کروں گا اور کہا جاتا ہے "نُعَامَاكَ اَنْ لَا" یعنی ایسا کرو۔

النُّعْمَة: خوشی۔ نُعْمَةُ الْعَيْنِ آنکھ کی ٹھنڈک۔

النَّعَامَة: شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج نَعَام وَنَعَامَات وَنَعَائِم اور مذکر کو ظلیم اور شتر مرغ کے گلہ کو بَنَاتُ الْهَيْسَقِ کہتے ہیں۔ شتر مرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ بھاگنے اور عبادت میں اس کی مثال دی جاتی ہے۔ النَّعَامَة: نفس' تاریکی۔ خوشی۔ اکرام۔ جہالت۔ واضح راستہ۔ کنوئیں میں اٹھا ہوا پتھر۔ راستہ کا نشان۔ پہاڑ پر سائبان کی مانند بنی ہوئی عمارت۔ دماغ کھلی۔ لوگوں کی جماعت۔ اِبْنُ النَّعَامَة: پنڈلی کی ہڈی۔ قدم یا تلوا اور کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا یا کوچ کر گیا۔ "وَجَاءَ كَالنَّعَامَةِ" یعنی محروم لوٹا "وَرَكِبَ جَنَاحَيِ النَّعَامَةِ" یعنی اس نے اپنے معاملہ میں کوشش کی "وَشَالَتْ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا "وَشَالَتْ نَعَامَةُ الْقَوْمِ" یعنی متفرق ہو گئے اور انہوں نے اپنے منازل کو خالی کر دیا "وَاِنَّهُ لَخَفِيْفُ النَّعَامَةِ" یعنی ضعیف العقل ہے "وَاَصَمُّ مِنْ نَعَامَةٍ" وہ شتر مرغ سے زیادہ بہرا ہے اس لئے کہ شتر مرغ جب بھاگتا ہے تو کسی جانب نہیں مڑتا۔

النَّعَام: اسم جمع ہے مفرد اس کا النَّعَامَة ہے۔ بیابان۔ النَّعَامُ الصَّادِرُ: چار ستاروں کے نام النَّعَامُ الْوَارِدُ: دوسرے چار ستاروں کے نام اور یہ سب منازل قمر میں سے ہیں۔

النَّعَائِم: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ جس کی صورت شتر مرغ جیسی ہے اور یہ آٹھ ستارے ہیں۔

النُّعُوْمَة: مص۔ نرمی و نازکی۔ ملائمت۔

النُّعْمَان: حیرہ کے ہر بادشاہ کا لقب' خون

شَقَائِقُ النُّعْمَانِ: گل لالہ۔ واحد شَقِيْقَةُ النُّعْمَانِ.

اَلْاَنْعَام: مص۔ انعام۔ ج انعامات۔

marfat.com

Marfat.com

الْاِنْعَامَة: انعام۔ عطیہ۔
النَّاعِمُ: فا..... مِنَ الثِّيَابِ: ملائم کپڑا..... مِنَ الْعَيْشِ: آسودہ زندگی..... مِنَ النَّبَاتِ: سیدھا ہموار۔
النَّاعِمَة. النَّاعِم: کا مؤنث۔ آسودہ زندگی والی۔ باغ۔
النَّعِيم: آسودہ حالی۔ آرام۔ مال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَعِيمُ الْبَالِ" یعنی سکون قلب والا مرد۔ نَعِيمُ اللّٰهِ: اللہ کا فضل۔
الْمِنْعَم: جھاڑو۔
الْمِنْعَام: بڑا فیاض۔
كَلَامٌ مُنَعَّمٌ: نرم کلام۔
الْمُنَاعِم والْمُتَاعِم مِنَ النَّبَاتِ: سیدھی ہموار نباتات۔
الْمُنَعَّم والْمُنَاعَم والْمُتَنَعِّم والْمُتَاعِم: خوش حال۔ مالدار۔
نَعِمَ لِسَانُ فُلَانٍ: زبان میں ہکلا پن ہونا۔
تَنَعَّمَ الشَّيْءُ: مضطرب ہونا۔ جھکنا..... عَنْهُ: دور ہونا۔
النَّعْنَع والنَّعْنَاع: پودینہ۔ واحد نَعْنَعَة ونَعْنَاعَة.
النُّعْنُعَة: پوٹا۔
نَعَا يَنْعُوْ نُعَاءَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
النَّعْو: ناک کے نیچے کا دائرہ۔ اونٹ کے اوپر والے ہونٹ کی پھٹن۔ کھر کے پچھلے حصے کی کشادگی۔ تازہ کھجور۔
نَعَى يَنْعَى نَعْيًا ونَعِيًّا ونُعْيَانًا لَنَا وإِلَيْنَا فُلَانًا: موت کی اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "نَعَاهُ بِمَوْتِ فُلَانٍ" اس نے اس کو فلاں کی موت کی اطلاع دی..... نَعَى الْقَوْمَ: میت کے دفن کے لئے بلانا۔ نَعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا..... عَلَى الْقَوْمِ شَهَوَاتِهِمْ: عیب گیری کرنا کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْعَى عَلَى فُلَانٍ ذُنُوْبَهُ" یعنی وہ فلاں کے گناہوں کو ظاہر کرتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى فُلَانًا" فلاں فلاں سے قصاص طلب کرتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى عَلَى نَفْسِهِ بِالْفَوَاحِشِ" یعنی فلاں اپنے آپ کے متعلق ارتکاب فواحش کی شہرت دیتا ہے۔
اَنْعَى عَلَيْهِ شَيْئًا قَبِيْحًا: کسی کے متعلق بری بات طعنہ کے طور پر کہنا۔ اَنْعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا۔
تَنَاعَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔ متفرق و منتشر ہونا۔ اِسْتَنْعَى ذِكْرُ فُلَانٍ: پھیلنا..... حُبُّ الْخَمْرِ بِهِ: مدت تک رہنا..... الرَّاعِي الْغَنَمَ: چرواہے کا آگے ہو کر اپنے پیچھے بکریوں کو بلانا۔
النَّعْيَة. نَعْي: کا اسم مرۃ۔ ج نَعَيَات.
النَّاعِي: فا۔ خبر مرگ لانے والا۔ طعن تشنیع کرنے والا۔ ج نَاعُوْنَ ونُعَاه ونُعْيَان.
النَّعِيّ: مص۔ خبر مرگ لانے والا۔ جس کی وفات کی خبر دی جائے۔
نَعَاءِ مبنی علی الکسر: اسم فعل بمعنی اِنْعَ کہا جاتا ہے
نَعَاءِ فُلَانًا: یعنی فلاں کی موت کا پیغام پہنچاؤ۔
الْمَنْعَى والْمَنْعَاة: خبر مرگ۔ ج مَنَاعٍ.
نَغَبَ (ف ن) نَغْبًا الرِّيْقَ: تھوک نگلنا۔
نَغَبَ (ن) نَغْبًا الرَّجُلُ فِي الشُّرْبِ: گھونٹ گھونٹ پینا۔
نَغَبَ (ف) نَغْبًا الطَّائِرُ: پرندہ کا پانی پینا۔
النَّغْبَة والنُّغْبَة: گھونٹ ج نُغَب. النُّغْبَة: برا کام۔
النُّغْبُن: بے وقوف۔
النُّغْبَقَة والنُّغْبُوْقَة: جانور کے پیٹ کی آواز۔
النُّغْبُوْق: ایک قسم کا پرندہ۔
النُّغْبُوْل: ایک قسم کا پرندہ۔ ایک نباتات۔
نَغَثَ (ف) نَغْثًا الشَّعَرَ: بال کھینچنا۔
النَّغْث: دائمی سخت مصیبت۔
نَغَرَتْ (ف ض) ونَغِرَتْ (س) نَغِيْرًا. ونَغَرَانًا الْقِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔
نَغَرَ ونَغِرَ نَغْرًا ونَغَرَانًا الرَّجُلُ عَلَى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَغَرَ عَلَيْهِ جَوْفُهُ" اس کا جوف اس پر بھڑک اٹھا۔
صفت مذکر نَغِر: صفت مؤنث نَغِرَةٌ.....
النَّاقَةَ: اونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
نَغِرَ (س) نَغَرًا مِنَ الْمَاءِ: بہت پانی پینا..... الرَّجُلُ: کینہ رکھنا۔
نَغَّرَ الصَّبِيَّ: بچے کو گدگدانا۔ بِالنَّاقَةِ: اونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
تَنَغَّرَ الرَّجُلُ: غضب کی وجہ سے جوف کا بھڑک اٹھنا..... عَنِ فُلَانٍ: دگرگوں ہونا یا غضبناک ہونا۔
اَنْغَرَتِ الْبَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔
تَنَاغَرَ الرَّجُلُ: ناواقف بننا۔
النَّغَر: مص۔ کھاری پانی کا چشمہ۔
النُّغَر: بلبل۔ چڑیا کے بچے۔ ج نِغْرَان.
النَّغَّار: بہت غضبناک۔ جُرْحٌ نَغَّارٌ: بہت خون بہانے والا زخم۔
الْمِنْغِر: بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آئے۔
الْمِنْغَار: بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آنے کی عادت ہو۔
نَغَزَ (ف) نَغْزًا الصَّبِيَّ: بچے کو گدگدانا۔
بَيْنَ الْقَوْمِ: ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا۔
النَّغَّاز: فتنہ انگیز۔ تباہی لانے والا۔
نَغَشَ (ف) نَغْشًا ونَغَشَانًا: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْغَشُ إِلَى فُلَانٍ" وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔ "وسُقِيَ فُلَانٌ فَنَغَّشَ" یعنی طاری ہونے کے بعد حرکت کی۔
تَنَغَّشَ وانْتَغَشَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَغَشَ وتَنَغَّشَ الْمَكَانُ بِأَهْلِهِ والرَّأْسُ بِالْقُمَّلِ" جگہ اپنے لوگوں اور سر جوں سے بھر گیا۔
النَّغْشَة. نغش: کا اسم مرۃ۔

marfat.com
Marfat.com

النَّغَاش والنَّغَاشِيُّ : بہت پستہ قد۔ النُّغَاش: رذیل لوگ۔ عیار لوگ۔
نَغِصَ (س) نَغَصًا الْبَعِيْرُ : سیراب نہ ہونا ..... الرَّجُلُ: مراد پوری نہ ہونا۔
نَغَصَهٗ (ف) نَغْصًا: پانی کا حصہ روک دینا یا پوری طرح سے پینے نہ دینا۔
نَغَّصَ وَاَنْغَصَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْعَيْشَ وَنَغَّصَ عَيْشَهٗ: زندگی مکدر کر دینا۔ وَنَغَّصَ فُلَانًا: زندگی مکدر کر دینا۔ اَنْغَصَ فُلَانًا رَعِيَّهٗ کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا۔
نُغِصَ تَنْغِيْصًا: خوشگواری کامل نہ ہونا۔
تَنَغَّصَ الْعَيْشُ: مکدر ہونا۔
تَنَاغَصَتِ الْاِبِلُ: ہجوم کرنا۔
النُّغْصَة: مراد پوری کرنے سے مانع ج نُغَص.
نَغَضَ (ن ض) نَغْضًا وَنُغُوْضًا وَنَغَضَانًا: کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا۔
نَغَضُوْا اِلَى الْعَدُوِّ: مقابلے کے لئے اٹھنا ..... الشَّيْءَ وَبِالشَّيْءِ: ہلانا۔ نَغَضَ نَغَضَا الشَّيْءُ: بہت ہونا ..... السَّحَابُ: گھٹا ٹوپ بادل چڑھنا۔
نَغَّضَ الشَّيْءَ: ہلانا۔
اَنْغَضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ رَاْسَهٗ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا۔
تَنَغَّضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔
النَّغِض: مص۔ سر ہلانے والا۔ چلنے میں کانپنے والا۔
النَّاغِض: فا۔ ج نُغَّض. النَّاغِضُ مِنَ الْاِنْسَانِ: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے۔ غَيْمٌ نَاغِضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے پیچھے چلنے والا بادل (..... والنُّغْض) مِنَ الْكَتِفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔
النَّغَاض مِنَ السَّحَابِ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل۔ رَجُلٌ نَغَاضُ الْبَطْنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو۔

النَّغُوْض: بڑے کوہان والی اونٹنی۔
نَغِفَ (س) نَغَفًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔
النَّغَف: مص۔ اونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے۔ واحد نَغَفَةٌ. النَّغَف: خشک رینٹ جو ناک سے نکلے۔
نَغَقَ (ف ض) نُغَاقًا وَنَغِيْقًا الْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔
النَّغَّاق: بہت کاؤں کاؤں کرنے والا۔
نَغِلَ (س) نَغَلًا الْجِلْدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا ..... الْجُرْحُ: فاسد ہونا۔ زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا۔ نَغِلَتْ نِيَّتُهٗ: نیت بری ہونا۔ نَغِلَ قَلْبُهٗ عَلَيَّ: کینہ رکھنا ..... بَيْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ چغل خوری کرنا ..... وَجْهُ الْاَرْضِ: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا۔
نَغَلَ (ک) نُغُولَةَ الْمَوْلُوْدُ: نسبت بگڑنا۔ النِّغْلَة اسم مصدر ہے۔
اَنْغَلَ الْجِلْدَ: دباغت میں خراب کرنا۔ اسم النُّغْلَة.
النَّغْل: گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور۔
النَّغَل: مص۔ لوگوں کے درمیان فساد انگیزی۔ چغل خوری۔
النَّغْلَة: چغل خوری۔
النَّغَل والنَّغِل مؤنث نَغْلَةٌ وَنَغِلَةٌ والنَّغِيْلُ: بگڑا ہوا۔ حرامی بچہ۔
النَّغِيْلَة: ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
نَغَمَ (ض ن) وَنَغُمَ (س) نَغْمًا وَنَغَمَ وَتَنَغَّمَ الرَّجُلُ: گانے میں سر نکالنا۔ نَغَمَ فِي الشَّرَابِ: تھوڑا سا پینا اور کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَمَهٗ مُنَاغَمَةً: بہت آہستہ گفتگو کرنا۔
النَّغْم والنَّغَم: گانے میں سر۔ ج اَنْغَام ج اَنَاغِيْم اسی سے اَنَاغِيْمُ الْمَوْسِيْقِيِّ ہے۔

آہستہ گفتگو۔
النَّغَّام: بہت سر نکالنے والا۔
النَّغْمَة والنَّغَمَة. نغم کا واحد۔ پڑھنے میں اچھی آواز۔ ج نَغَمَات.
النُّغَمَة: گھونٹ۔ ج نُغَم.
رَجُلٌ نَغُوْمٌ: اچھی آواز والا مرد۔
نَغَا يَنْغُوْ نَغْوًا وَنَغَى يَنْغِيْ نَغْيًا وَاَنْغَى اِلَيْهِ: قابل سمجھ بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَكَثَ فُلَانٌ فَمَا نَغَى بِحَرْفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَى الصَّبِيَّ: بچے سے دل پسند بات کرنا۔
الْمَرْاَةُ: عشق بازی کرنا ..... الرَّجُلُ: مقابلہ کرنا۔ غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ قریب ہونا ..... الْمَوْجُ السَّحَابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْجَبَلُ يُنَاغِي السَّمَاءَ" یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے۔
تَنَاغَى الْقَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
النَّاغِيَة: کلمہ۔
النَّغْوَة والنَّغْيَة: سریلی آواز۔ اچھی گفتگو
النَّغْيَةُ: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَغْيَةً مِنْ كَذَا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے۔
نَفَّ (ن) نَفًّا الْاَرْضَ: بونا۔
نَفَّ (س) نَفًّا السَّوِيْقَ: ستو پھانکنا۔
النَّفِيُّ: جس پر ستو پھانکا جائے۔ ج اَنْفَاءٌ.
النَّفِيَّة والنُّفْيَة والنُّفَى: کھجور کے پتوں سے بنا ہوا گراں دسترخوان۔
النَّفِيف: اونٹ کے پالان کا تنگ۔
النُّفَا: نباتات کے متفرق قطعات۔ چھوٹے باغ یا اکٹھے بعض درخت جو بڑی بڑی گھاس سے بلند ہو گئے ہوں۔ واحد نُفَاقَةٌ.
نَفَتَتْ (ض) نَفْتًا وَنَفْتَانًا وَنَفِيْتًا وَنَافَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا بہت زور سے ابلنا۔ صفت نَفُوت. نَفَتَ وَنَافَتِ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے پھولنا۔ وَنَفَتَ الدَّقِيْقُ نَفْتًا:

marfat.com
Marfat.com

آٹے کا پانی ڈالنے سے پھولنا۔
النُّفَيْخَة: آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا جائے۔
اَلنُّفْتَالِيْن: (کیمیا) کاربن اور ہیڈروجن سے مرکب ایک سفید بلوری مادہ جس کی ہوا طاقت ور ہوتی ہے رنگ دار چیزوں کے بنانے اور کیڑوں کی مدافعت کے لئے استعمال ہوتی ہے۔
نَفَثَ (ن ض) نَفْثًا ونَفَثَانًا الْبُصَاق مِنْ فِيْهِ: منہ سے تھوک پھینکنا..... الْجُرْحُ الدَّمَ: زخم کا خون بہانا..... الرَّجُلُ: تھوکنا۔ نَفَثَتِ الْحَيَّةُ السَّمَّ: سانپ کا زہر نکالنا۔ نَفَثَ الْمَصْدُوْرُ: دردسینہ والے کا تھوک کھنکھار وغیرہ پھینکنا۔
الْقَلَمُ: لکھنا..... فُلَانًا: کسی پر جادو کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَثَ اللّٰهُ الشَّيْءَ فِيْ قَلْبِهٖ" اللہ نے اس کے دل میں ڈالا۔ ونَفَثَ فِيْ رَوْعِيْ او قَلْبِيْ كَذَا: مجھے فلاں چیز کا الہام ہوا۔ "وفُلَانٌ يَنْفُثُ عَلٰى غَضَبًا" فلاں مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے۔
نَافَثَهٗ مُنَافَثَةً: چپکے چپکے بات کرنا۔
النَّفْث: مص۔ بُغْم۔ نَفْثُ الشَّيْطَانِ: غزل کے اشعار۔
النَّفْثَة. نَفَث: کا اسم مرۃ۔ ج نَفَثَات کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ نَفَثَاتَ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے اشعار کس قدر اچھے ہیں۔
النُّفَاثَة: تھوک وغیرہ جو دردسینہ والا پھینکے۔
النَّافِث والنَّفَّاث: جادوگر۔ مؤنث نَافِثَةٌ ونَفَّاثَةٌ.
دَمٌ نَفِيْثٌ: زخم سے بہا ہوا خون۔
الْمَنْفُوْث: مقع۔ رَجُلٌ مَنْفُوْثٌ: جادو کیا ہوا مرد۔
نَفَجَ (ن) نَفْجًا ونَفَجَانًا ونُفُوْجًا الْاَرْنَبُ او الْيَرْبُوْعُ: خرگوش یا جنگلی چوہے کا دوڑ کر نکل بھاگنا۔ نَفَجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا..... الطَّرِيْقُ بِالْقَوْمِ: راستہ میں قوم کا اچانک ظاہر ہونا۔

نَفَجَ نَفْجًا الْاِنْسَانُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا..... الْفُرُّوْجَةُ: مرغی کے بچے کا انڈے سے نکلنا..... الْاَرْنَبُ وَغَيْرُهَا: خرگوش کو بھڑ کر نکالنا..... الشَّيْءُ: بلند کرنا..... السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔
اَنْفَجَ الْاَرْنَبَ: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا..... الْحَالِبُ: دوھنے کے وقت برتن کو تھن سے جدا کرنا۔
تَنَفَّجَ وانْتَفَجَ: بلند ہونا..... الرَّجُلُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ تَنَفَّجَتِ الرِّيْحُ عَلَى الْقَوْمِ: غفلت کی حالت میں تیز ہوا کا چلنا۔ اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبُ: خرگوش کا دوڑنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَفَجَتْ مِنْهُ الْاَرْنَبُ" "اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبُ وَغَيْرُهَا" خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔ اِسْتَنْفَجَ الشَّيْءَ: نکالنا۔ ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا الَّذِيْ اِسْتَنْفَجَ غَضَبَكَ" یعنی کس چیز نے تمہیں غصہ دلایا۔
النَّافِج: فا۔ صَوْتٌ نَافِجٌ: سخت و بلند آواز۔ النَّافِجَة. النَّافِج: کامؤنث۔ بہت بارش والا۔ بادل۔ ہوا جو پہلے زور سے چلے۔ آخری پسلی۔ بیٹی۔ اس وجہ سے کہ وہ اپنے مہر سے باپ کے مال کو بڑھاتی ہے۔ مشک کا ناف۔ مشک رکھنے کا برتن۔ ج نَوَافِج.
النَّفَّاج: غیر واقعی صفات پر فخر و غرور کرنے والا۔ ڈینگ مارنے والا۔
النِّفَاجَة: چوبغلا۔
النَّفِيْجَة: کمان۔ ج نَفَائِج.
النَّفِيْج: اجنبی شخص جو کسی قوم میں شامل ہو اور نہ مصلح ہو نہ مفسد۔ ج نُفُج.
النُّفُج: بوجھل اور سست لوگ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نُفُجُ الْحَقِيْبَةِ" وہ موٹے سرین والا ہے "وامْرَاَةٌ نَفْجُ الْحَقِيْبَةِ" موٹے سرین والی عورت۔
الْاَنْفَجَانِي: قول میں افراط کرنے والا۔
الْمَنَافِج: چھوٹے تکیہ کے مانند ایک چیز جس سے عورتیں اپنے سرین کو بڑا ظاہر کرتی ہیں۔

يَعِيْرٌ مُنْفَجٌ: کوہ باہر نکالا ہوا اونٹ۔
الْمَنْفُوْج: کشادہ پہلوؤں والا اونٹ۔
نَفَحَ (ف) نَفْحًا ونَفَحَانًا ونُفُوْحًا ونُفَاحًا الطِّيْبُ: خوشبو پھیلنا۔ نفحت الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا۔ ابتدائی ہوا کا چلنا۔ نَفَحَ الْعِرْقُ: رگ سے خون نکلنا۔ نَفَحَتِ الدَّابَّةُ الرَّجُلَ: کھر کے کنارے سے مارنا۔ نَفَحَ فُلَانًا بِالسَّيْفِ: آہستہ تلوار سے مارنا۔ نَفَحَهٗ بِكَذَا: دینا۔ نَفَحَ لِمَتَّهٗ: کنگھا کرنا..... الشَّيْءُ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
نَافَحَهٗ مُنَافَحَةً: جھگڑا کرنا۔ نَافَحَ عَنْ فُلَانٍ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔
اِنْتَفَحَ بِفُلَانٍ: سامنے آنا۔ اِنْتَفَحَ اِلٰى مَوْضِعِ كَذَا: واپس آنا۔
النَّفْح: مص۔ النَّفْحُ مِنَ الرِّيَاحِ: سردی میں ہوا کا چلنا اور گرمی میں ہوا کے چلنے کو اللَّفْح: کہتے ہیں۔
النَّفْحَة. نفح: کا اسم مرۃ۔ نَفْحَةُ الدَّمِ: خون کا فوارہ۔ نَفْحَةُ الرِّيْحِ: ہوا کا جھونکا۔ نَفْحَةُ الطِّيْبِ: خوشبو کی بھڑک..... مِنَ الْاَلْبَانِ: خالص دودھ۔ النَّفْحَةُ: عطیہ۔ ج نَفْحَات: کہا جاتا ہے۔ نِيَّةٌ نَفِيْحٌ: بلند ارادہ۔
النَّفُوْح مِنَ النُّوْقِ: اونٹنی جس کے تھن سے بغیر دوھے ہوئے دودھ نکلے..... مِنَ الْقِسِيِّ: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔ رِيْحٌ نَفُوْحٌ: تیز چلنے والی ہوا۔
النَّفَّاح: بہت دادودہش والا۔ طَعْنَةٌ نَفَّاحَةٌ: زور سے خون بہانے والا نیزہ۔
النَّفِيْحَة: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔
النَّفِيْحُ والمِنْفَح: دخل در معقولات کرنے والا مرد۔
الْاِنْفَحَةُ والْاِنْفِحَةُ والْاِنْفَحَة والمِنْفَحَة: بکری کا بچہ جو ابھی صرف دودھ ہی پیتا ہو اس کے پیٹ میں سے ایک چیز نکالتے ہیں اور کپڑے میں لت پت کر لیتے

marfat.com
Marfat.com

ہیں پھر وہ پنیر کا مانند گاڑھا ہو جاتا ہے اور عوام اس کو مَعْجَنَة کہتے ہیں۔

نَفَخَ (ن) نَفْخًا ونَفَّخَ بِفَمِهٖ: منہ سے پھونک مارنا۔ کہا جاتا ہے نَفَخَ فِی النَّارِ ونَفَخَ النَّارُ. نَفَخَ الضُّحٰی: بلند ہونا۔ نَفَخَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا اچانک آنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَفَخَ بِشِدْقِهٖ" یعنی اس نے تکبر کیا۔ و"نَفَخَ الشَّیْطَانُ فِیْ اَنْفِهٖ" شیطان نے اس کی ناک میں پھونک دیا۔ یعنی اس نے اپنے متعلق ایسی بڑھ چڑھ کر باتیں کہیں جو حقیقتاً اس کے اندر نہیں تھیں۔ نَفْخَةُ الطَّعَامِ: سیر کرنا۔

تَنَفَّخَ: پھولنا۔

اِنْتَفَخَ: پھولنا۔ اِنْتَفَخَ الشَّیْءُ: بلند ہونا..... النَّهَارُ: دن چڑھنا..... الرَّجُلُ: بڑا بننا۔ تکبر کرنا۔

النَّفْخ: فخر۔ تکبر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْنَفْخ.

النَّفَخ: جانوروں کے ٹخنوں کا ورم جو چلنے سے کم ہو جائے۔

النَّفْخ: جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ نُفْخٌ وجَارِیَةٌ نُفْخٌ."

النَّفْخَة. نفخ: کا اسم مرۃ۔ کھانے وغیرہ سے پیٹ کا پھولنا۔ نَفْخَةُ الشَّبَابِ: کامل جوانی۔ نَفْخَةُ الرَّبِیْعِ: موسم بہار کی تروتازگی۔

النُّفَاخ: ورم جو بیماری کی وجہ سے پیدا ہو۔

النُّفَّاخَة: پانی کا بلبلہ۔ مچھلی کے پیٹ میں ایک پھولی ہوئی چیز۔ ج نُفَّاخَات.

النَّافِخ: فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَافِخُ ضَرْمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

النَّافُوْخ: یافوخ کی تحریف ہے بمعنی چندیا۔

النَّفِیْخ: مص۔ جو شخص آگ پھونکنے پر مقرر ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَنْفَخَانُ وانْفِخَانٌ وانْفُخَانِیٌّ وانْفِخَانِیٌّ" موٹاپے کی وجہ سے پر گوشت مرد اور مؤنث تا کے ساتھ جمع کی صورت میں۔

المِنْفَاخ والمِنْفَخ: پھونکنی۔ لوہار کی دھونکنی۔ ج مَنَافِیْخ ومَنَافِخ. مَنَافِخ الشَّیْطَانِ: شیطان کے وساوس۔

المَنْفُوْخ: مفع۔ بڑے پیٹ والا۔ موٹا۔ بزدل۔

نَفِدَ (س) نَفَدًا ونَفَادًا. الشَّیْءُ: نیست و نابود ہونا۔ ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفِدَ زَادُ القَوْمِ" قوم کا توشہ ختم ہو گیا۔

نَفَدَ (ن) نَفْدًا القَوْمِ: لوگوں سے آگے بڑھ جانا۔

اَنْفَدَ القَوْمُ: بے مال و بے توشہ ہونا۔

اَنْفَدَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔ اَنْفَدَ الشَّیْءُ: نیست و نابود کرنا..... القَوْمُ: لوگوں کے درمیان گھس کر درمیان میں چلنا۔

نَافَدَهٗ مُنَافَدَةً: باہم حاکم کے پاس جانا۔ جھگڑا کرنا۔ ایک دوسرے کی حجت کو نابود کرنے کی کوشش کرنا۔

اِنْتَفَدَ واسْتَنْفَدَ الشَّیْءَ: نیست و نابود کرنا۔ اِسْتَنْفَدَ وُسْعَهٗ: پوری طاقت لگانا۔ اِنْتَفَدَ الحَقَّ: پورا حق لینا..... اللَّبَنَ: دودھ دوھنا اور کہا جاتا ہے "اِنْتَفَدَ مِنْ عَدُوِّهٖ" یعنی اس نے اپنے دشمن سے پورا بدلہ لے لیا۔

تَنَافَدَ الخَصْمَانِ اِلَی القَاضِیْ: فیصلہ کے لئے جانا۔ تَنَافَدَ القَوْمُ: جھگڑا کرنا۔

المُنَافِدفَاخْصُمْ مُنَافِدًا: جھگڑے میں پوری طاقت صرف کرنے والا۔

المُنْتَفِد: فا۔ اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ مُنْتَفِدًا" وہ گوشہ نشین ہوا۔

المُنْتَفَد: مفع۔ کہا جاتا ہے "فِیْ هٰذَا الشَّیْءِ مُنْتَفَدٌ عَنْ غَیْرِهٖ" اس چیز میں بہ نسبت غیر کے وسعت ہے "وَفُلَانٌ مُنْتَفَدُ فُلَانٍ" یعنی جب ایک کے پاس سے سارا مال خرچ ہو جاتا ہے تو دوسرا اپنے مال سے اس کی مدد کرتا ہے۔

نَفَذَ (ن) نَفْذًا ونُفُوْذًا ونَفَاذًا الشَّیْءُ: چھید کر پار ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفَذَ السَّهْمُ الرَّمِیَّةَ وفِیْهَا ومِنْهَا" تیر شکار سے چھید کر پار ہو گیا..... فُلَانٌ القَوْمَ: آگے گزر جانا (نصر) نَفْذًا ونَفَاذًا. الاَمْرُ او القَوْلُ: جاری ہونا۔ نافذ ہونا۔ پورا ہونا۔ نَفَذَ المَنْزِلُ اِلَی الطَّرِیْقِ: متصل ہونا۔ نَفَذَ الطَّرِیْقُ: شاہراہ عام ہونا۔ صفت نَافِذٌ. نَفَذَ الکِتَابُ اِلٰی فُلَانٍ: پہنچنا۔ نَفَذَ الرَّجُلُ فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا۔ ماہر ہونا۔ نَفَذَ لِوَجْهِهٖ: اپنی حالت پر گزرنا۔

نَافَذَهٗ: فیصلہ کے لئے جانا۔

نَفَّذَ وانْفَذَ السَّهْمَ الرَّمِیَّةَ: تیر سے شکار کو چھید کر پار کرنا..... اِلَی الکِتَابَ اِلٰی فُلَانٍ: بھیجنا..... الحَاکِمُ الاَمْرَ: جاری کرنا۔ نافذ کرنا..... الرَّجُلُ القَوْمَ: وسط میں چلنا۔ آگے گزر جانا وانْفَذَ عَهْدَهٗ: عمل میں لانا۔

تَنَافَذَ القَوْمُ اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کے لئے حاکم کے پاس جانا۔

النَّفْذ: جاری کرنا۔ کہا جاتا ہے اَمَرَ بِنَفْذِ الکِتَابِ: اس نے کتاب کے لکھے ہوئے کے مطابق اجرا کا حکم دیا۔ چھن۔ نکلنے کی جگہ۔ رہائی کی جگہ۔ ج اَنْفَاذ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ طَعْنَةٌ لَهَا نَفْذٌ" یہ ضرب نیزہ اس کی ہے کہ آر پار ہے۔

النَّافِذ: فا۔ ہر کام کو کر گزرنے والا۔ طریق نَافِذٌ: عام راستہ۔ اَمْرٌ نَافِذٌ: ایسا حکم جس کی فرمانبرداری کی جائے۔ النَّوَافِذ: بے النَّوَافِذ: کا واحد ہے۔ نوافذ: جسم انسانی کے ہر سوراخ کو کہتے ہیں جیسے ناک منہ وغیرہ۔

النَّافِذَة. النَّافِذ: کا مؤنث۔ روشن دان۔ سوراخ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ طَعْنَةٌ نَافِذَةٌ" یہ ضرب نیزہ آر پار ہے۔ ج نَوَافِذ.

النَّفَّاذ والنَّفُوْذ: ہر کام کو کر گزرنے والا۔

النُّفْذَة: مہرہ۔ ج نُفَذ.

النَّفِیْذ: نافذ۔ اَمْرٌ نَفِیْذٌ: مانا ہوا حکم۔

المَنْفَذ: گزرگاہ۔ ج مَنَافِذ.

المَنْفِذ: کسی چیز کے جاری ہونے کی جگہ۔ ج

marfat.com

Marfat.com

مَنَافِذُ الْاِنْسَانِ: جسم انسانی کے سوراخ جیسے منہ ناک وغیرہ۔
المُنْتَفِذ: گنجائش۔ کشادگی۔
نَفَرَت (ض ن) نُفُوْرًا وَنِفَارًا وَنَفْرًا الدَّابَّةُ مِنْ كَذَا: چوپائے کا بدکنا۔ ڈر کر دور ہونا۔ صفت نَافِرٌ وَنَفُوْرٌ.
نَفَرَ (ض) نَفْرًا. مِنْ كَذَا: نفرت کرنا۔ ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَرْتُ مِنْ صُحْبَةِ فُلَانٍ" مجھے فلاں کی صحبت ناپسند آئی..... عَنْ كَذَا: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا..... القَوْمُ: متفرق ہونا۔ نَفَرَ إِلَى الشَّيْءِ: دوڑنا (..... نُفُوْرًا) الْعَيْنُ وَغَيْرُهَا: آنکھ کا سوجنا (..... نَفْرًا) فُلَانًا: غالب آنا (..... نَفْرًا وَنُفُوْرًا) الْحَاجُّ مِنْ مِنًى: مکہ کی طرف کوچ کرنا (..... نَفْرًا وَنُفُوْرًا وَنِفَارًا وَنَفَرَانًا) الظَّبْيُ وَغَيْرُهُ: ہرن کا بھاگنا اور دور ہونا (نِفَارًا وَنُفُوْرًا وَنَفِيْرًا) القَوْمُ لِلْقِتَالِ او الْاَمْرِ: چل پڑنا۔
نَفَّرَهُ: بھگانا۔ نَفَّرَهُ عَلَى فُلَانٍ: کسی پر غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔ نَفَّرَهُ الشَّيْءُ وَعَلَى الشَّيْءِ وَبِالشَّيْءِ: غالب ہونا۔ نَفَّرَ عَنْ فُلَانٍ: برا لقب دینا۔
اَنْفَرَهُ: بھگانا۔ اَنْفَرَ الْقَوْمُ: بھاگے ہوئے اونٹوں والا ہونا..... القَوْمُ فُلَانًا: مدد دینا..... الْحَاكِمُ فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ: غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔
نَافَرَهُ نِفَارًا وَمُنَافَرَةً: فیصلے کے لئے جانا۔ حسب و نسب میں فخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَافَرْتُهُ إِلَى الْقَاضِي فَنَفَّرَنِي عَلَيْهِ" میں اس کو قاضی کے پاس فیصلہ کے لئے لے گیا اُس نے میرے غلبہ کا فیصلہ کیا۔
تَنَفَّرَ: کوچ کرنا۔
تَنَافَرَ الرَّجُلَانِ: باہم فیصلہ کے لئے جانا۔ باہم فخر کرنا..... القَوْمُ لِلْاَمْرِ: چل پڑنا۔
اِسْتَنْفَرَهُ: بھگانا۔ اِسْتَنْفَرَ القَوْمَ: قوم سے مدد طلب کرنا۔ جنگ کے لئے کوچ کرنے کی درخواست کرنا..... الظَّبْيُ: ہرن کا بھاگنا۔

اِسْتَعْفَرَ فُلَانٌ بِثَوْبِي: کپڑے لے جا کر گم کر دینا۔
النَّفَرُ: مص۔ النَّافِر: کی جمع۔
النَّفْر وَالنَّفْرَة: بھاگنے والوں کا گروہ۔ جنگجو لوگوں کی جماعت۔ معاملہ میں آگے رہنے والوں کی جماعت۔ تین سے دس تک کی جماعت النَّفْرَة: نَفَر: کا اسم مرۃ۔ نَفْرَةُ الرَّجُلِ: خاندان کہا جاتا ہے عِفْرٌ نِفْرٌ وَعِفْرٌ نِفْرٌ: تابع مہمل کے طور پر بمعنے خبیث و سرکش اور ایسا ہی عِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ وَعِفْرِيتٌ نِفْرِيتٌ وَعِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ.
النَّفَر: سارے لوگ۔ تین سے دس تک مردوں کی جماعت۔ ج اِنْفَار کہا جاتا ہے "ثَلَاثَةُ نَفَرٍ او ثَلَاثَةُ اَنْفَارٍ" یعنی تین شخص۔
نَفَرُ الرَّجُلِ: مرد کا قبیلہ۔
يَوْمُ النَّفْرِ او النَّفَرِ وَالنَّفِيْرِ او النَّفُوْرِ: حاجیوں کا منیٰ سے مکہ معظمہ کی طرف واپس ہونے کا دن اور وہ ذی الحجہ کی بارہویں تاریخ ہے۔
النُّفْرَة: حکم۔ فیصلہ (..... والنُّفْرَة) نظر بد سے حفاظت کے لئے تعویذ وغیرہ۔
اَلنِّفَار: مص۔ اڑیل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّابَّةِ نِفَارٌ" چوپایہ میں اڑیل ہونے کی عادت ہے۔
النُّفَارَة: حکم۔ فیصلہ۔ مغلوب سے جو غالب لے۔
النَّافِر: قاب غالب۔ ج نَفَرٌ وَنُفَّرٌ.
النَّافِرَه. النَّافِر: کا مؤنث۔ نَافِرَةُ الرَّجُلِ وَنُفُوْرَتُهُ: مرد کا خاندان۔
النَّفُوْر وَالنَّفُوْر وَالْمُسْتَنْفِر: بھاگنے والا۔ بہت تیز بھاگنے والا۔
النَّفِيْر: مص۔ دس مردوں سے کم کی جماعت۔ کوچ کرنے والوں کی جماعت یا جنگجو لوگوں کا گروہ۔ النَّفِيْر: بگل (دخیل) ج اَنْفَار. وَالنَّفِيْرُ الْعَام: دشمن سے مقابلہ کے لئے عوام کا اٹھ کھڑا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا هُوَ بِنَفِيْرِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا فخر کرنے میں مساوی نہیں۔
اَلنَّافُوْرُ: عیسائیوں کے نزدیک: قربان مقدس کا راز۔ مخصوص عبادتیں۔
النَّفَارِيْر: چڑا۔ چڑے۔ واحد نُفْرُوْر.
الْمُسْتَنْفَر: مفع۔ ڈرایا ہوا۔
الْمَنْفُوْر: مفع۔ مغلوب۔
نَفْرَجَ نَفْرَجَةً: بہت بات کہنا۔
النِّفْرِج وَالنِّفْرَجَة وَالنِّفْرَاج وَالنِّفْرَاجَة وَالنِّفْرِجَاء: بزدل۔ ڈرپوک۔
النِّفْرِيْج: بہت کہنے والا۔
نفز (ض) نَفْزًا وَنُفُوْزًا وَنَفَزَانًا الظَّبْيُ: ہرن کا کودنا۔ اُچھلنا۔ چھلانگ مارنا..... الرَّجُلُ: مرنا۔
نَفَّزَهُ: کودانا۔ نَفَّزَتِ الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا: عورت کا بچے کو اُچھالنا۔ نَفَّزَ وَانْفَزَ السَّهْمَ: تیر کی درستی کو دیکھنے کے لئے ناخن پر گھمانا۔
تَنَافَزُوْا: باہم اچھلنا کودنا۔
النَّفِيْز وَالنَّفِيْزَة: مکھن جو مشکی میں اِدھر اُدھر لگا ہوا رہ جائے۔
النَّيْفُوْز مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن چھلانگ مارنے والا۔
نَوَافِز الدَّابَّةِ: جانوروں کی ٹانگیں۔
النُّفَّاز: ایک قسم کا کھیل جس میں باہم کودتے ہیں۔
نَفِسَ (س) نَفَسًا وَنَفَاسِيَةً بِالشَّيْءِ: بخل کرنا..... عَلَى فُلَانٍ بِخَيْرٍ: حسد کرنا (..... نَفَاسَةً) الشَّيْءَ: عَلَى فُلَانٍ: نااہل سمجھنا۔
نَفَسَهُ (ن) نَفْسًا بِنَفْسٍ (ای بعین) نظر بد لگانا۔
نَفِسَت (س) وَنُفِسَتْ وَنَفَسًا وَنَفَاسَةً وَنِفَاسًا. الْمَرْأَةُ غُلَامًا: زچہ ہونا۔ بچہ جننا۔
نَفِسَ فُلَانٌ: پیدا ہونا۔ صفت مَنْفُوْسٌ کہا جاتا ہے "وَرِثَ فُلَانٌ هٰذَا قَبْلَ اَنْ يُنْفَسَ" فلاں اس کا پیدا ہونے سے پہلے وارث ہوا۔
نَفُسَ (ک) نَفَاسَةً وَنِفَاسًا وَنُفُوْسًا

marfat.com
Marfat.com

ونَفَسًا: نفیس ومرغوب ہونا۔
نَفَّسَ تَنْفِيْسًا عَنْهُ الْكُرْبَةِ: غم دور کرنا۔غم سے رہائی دینا۔کہا جاتا ہے "نَفَّسَ فُلَانًا" اس نے فلاں کو مہلت دی یا اس کے غم کو زائل کیا نَفَسَهُ فِي الْاَمْرِ: ترغیب دینا۔
تَنَافَسَ تَنَافُسًا وَمُنَافَسَةً فُلَانًا فِي الْاَمْرِ: باہم فخر کرنا۔باہم مقابلہ کرنا..... فِي الشَّيْءِ: مبالغہ کرنا۔گراں قیمت کرنا۔کرم میں مقابلے کی رغبت کرنا۔
اِنْفَسَ الشَّيْءُ: نفیس ہونا..... الشَّيْءُ فُلَانًا: پسند آنا..... فُلَانًا فِي الشَّيْءِ: رغبت دلانا۔
الوَغِيرُ: گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت (..... والوَغِيرَة) گرم پتھروں سے گرم کیا ہوا

دودھ۔
الوِغْر: وقت معین۔ وعدہ۔
وَغَضَ يَوْغِضُ فِي الإِنَاءِ: برتن میں بھرنا۔
وَغَفَ يَغِفُ وَغْفًا ووُغُوفًا البَصَرُ: نگاہ کمزور ہونا..... السَّرْجَلُ: جلدی چلنا اور دوڑنا۔
اَوْغَفَ إِيغَافًا الرَّجُلُ: چلنا اور دوڑنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا۔ بقدر کفایت کھانا کھانا۔
الكَلْبُ: کتے کا ہانپنا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا جلدی جلدی پر پھڑپھڑانا۔
الوَغِيق: چلنے میں جانور کے پیٹ کی آواز۔
وَغَلَ يَغِلُ وُغُولًا فِي الشَّيْءِ: داخل ہو کر چھپنا جانا اور دور جانا (..... وَغْلًا ووُغُولًا وَغَلانًا) عَلَى القَوْمِ: بغیر بلائے ہوئے شراب کی مجلس میں آ کر پینا۔
اَوْغَلَ إِيغَالًا فُلَانًا فِي كَذَا: داخل کرنا..... فِي السَّيْرِ: تیز چلنا..... فِي العِلْمِ ونَحْوِهِ: پوری طرح جدوجہد کرنا القَوْمُ: دشمن کے ملک میں دور تک گھستے ہوئے چلا جانا (..... وتوغل) فِي البِلَادِ: جانا اور دور تک جانا۔
الوَغْل: مص۔ ست فرومایہ کوتاہی کرنے والا بغیر بلائے ہوئے کھانے پینے میں آنے والا۔ جائے پناہ۔ ایک قسم کا دانہ جو کبوتر کھاتے ہیں۔ گنجان درخت ج اَوْغَال (..... والوَغِل) جھوٹا نسب کا دعویٰ کرنے والا۔ بدخوراک۔
الوَغَّال: وصف بیان کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔ گراں فروش۔
المُوغِل: جلدی داخل ہونے والا۔
وَغَمَهُ يَغِمُهُ وَغْمًا: مغلوب کرنا۔ وَغَمَ بِالخَبَرِ: خبر کو بغیر تحقیق کے بیان کرنا۔ وَغَمَ إِلَى الشَّيْءِ: خیال جانا۔
وَغِمَ يَوْغَمُ وَغَمًا عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔
اَوْغَمَهُ: کینہ ور بنانا۔
تَوَغَّمَهُ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا (..... وتَوَاغَمَ) الأَبْطَالُ فِي الحَرْبِ: سخت جنگ کرنا اور

بقول بعض آڑی ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الوَغْم: مص۔ دل میں بیٹھا ہوا کینہ۔ لڑائی و مقاتلہ۔ نفس۔ بے وقوف۔ کھانے میں سے جو گر جائے ج اَوْغَام. رَجُلٌ وَغْمٌ: کینہ ور۔
تَوَغَّنَ تَوَغُّنًا: جنگ میں پیش قدمی کرنا۔
عَلَى المَعَاصِي: اصرار کرنا۔
الوَغْنَة: کشادہ مٹکا۔
الوَغْي والوَغَى: شور و آواز۔ لڑائی۔
وَفَدَ يَفِدُ وَفْدًا ووُفُودًا ووِفَادَةً وإِفَادَةً إِلَى او عَلَى الأَمِيرِ: قاصد بن کر آنا۔ صفت وَافِد. ج وَفْدٌ ووُفُودٌ ووُفَّادٌ ووُفَّدٌ واَوْفَادٌ.
اَوْفَدَا إِيفَادًا: بلند ہونا..... عَلَيْهِ: اوپر سے جھانکنا۔ تَوَفَّدَتِ الإِبِلُ او الطَّيْرُ: ایک دوسرے سے آگے نکل جانا۔
تَوَافَدَ القَوْمُ عَلَيْهِ: اکٹھے وارد ہونا۔
اِسْتَوْفَدَ فِي قِعْدَتِهِ: غیر مطمئن بیٹھنا۔ (لغت ہے اِسْتَوْفَزَ میں) .....هُ: وفد بھیجنا۔
الوَفْد: مص. وافد کی جمع۔ وہ لوگ جو اکٹھے کسی شہر میں جائیں۔ وہ لوگ جو کسی مشترکہ غرض کے لیے بادشاہ یا حاکم کے پاس جائیں۔ الوَفْد: ریت کے ٹیلہ کی چوٹی ج وفود و اوفاد.
الوَافِد: فا..... مِنَ الإِبِلِ ونَحْوِهَا: سب سے آگے رہنے والا۔ رخسارے کا وہ حصہ جو کھانا چباتے وقت اُبھر جاتا ہے۔
الوَفَّاد: بہت وفد والا۔
وَفَرَ يَفِرُ وَفْرًا وَفِرَةً لَهُ المَالَ: زیادہ کرنا۔ پورا کرنا..... عِرْضَ فُلَانٍ: حفاظت کرنا اور گالی نہ دینا۔ کہا جاتا ہے "وَفَرْتُهُ عِرْضَهُ" جب کہ تم تعریف کرو اور عیب جوئی نہ کرو..... عَطَاءَكَ: رضامندی کے ساتھ واپس کر دینا یا کم سمجھ کر واپس کرنا..... الثَّوْبَ: کپڑے کو کشادہ قطع کرنا (..... وَفْرًا ووُفُورًا وَفِرَةً وَفُرَ يَوْفُرُ وفَارَةً) المَالُ او المَتَاعُ: مال یا سامان بکثرت ہونا۔

marfat.com
Marfat.com

وَفَّرَ تَوْفِيْرًا الشَّيْءَ: زیادہ کرنا.....لِفُلَانٍ عِرْضَهُ: حفاظت کرنا۔گالی نہ دینا..... الْمَالَ: کمی نہ کرنا.....حِصَّةً مِنَ الْمَالِ: باقی رکھنا۔عَلَيْهِ حَقَّهُ: پورا حق دینا.....الثَّوْبَ: کپڑا کشادہ قطع کرنا.....لِفُلَانٍ طَعَامَهُ: پوری خوراک دینا.....اللّٰهُ حَظَّهُ مِنْ كَذَا: کامل کرنا۔

اَوْفَرَ فُلَانٌ الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔بڑھانا۔پورا کرنا۔

تَوَفَّرَ عَلٰى كَذَا: ہمت صرف کرنا.....عَلٰى صَاحِبِهٖ: حرمت وعزت کا پاس ولحاظ کرنا۔

تَوَافَرَ وَاتَّفَرَ الشَّيْءُ: زیادہ ہونا۔

اِسْتَوْفَرَ الشَّيْءَ: پورا کرنا.....الْحَقَّ: پورا حق لینا۔

اَلْوَفْر: مص۔توانگری.....مِنَ الْمَالِ او الْمَتَاعِ: بہتات۔کثرت۔یا صرفِ مال و متاع ہی کے لئے نہیں بلکہ ہر چیز کے لئے عام ہے۔ج وُفُوْر.

اَلْوَفْرَة: اسم مرۃ۔کثرت۔بہتات۔کانوں تک لٹکے ہوئے بال ج وِفَار.

اَلْوَافِر: فا۔علم عروض کی ایک بحر۔

اَلْوَافِرَة.وافر: کا مؤنث۔دنبہ کی بڑی چکی۔

اَلْاَوْفَر: کامل۔تام۔مکمل۔

اَلْوَفْرَاء: بھرا ہوا۔مَزَادَةٌ وَفْرَاء: پوری کھال والا توشہ دان۔اُذُنٌ وَفْرَاء: بڑا کان۔اَرْضٌ وَفْرَاء: بہت گھاس ونباتات والی زمین۔

قَوْمٌ مُتَوَافِرُوْنَ: بہت لوگ۔

اَلْمُوَفَّر: مفع۔اَلْمُوَفَّر الشَّعْر: بہت اور لمبے بالوں والا۔اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ عَلٰى اَحْسَنِ مُوَفَّر" میں نے اس کو اچھی حالت میں چھوڑا۔

اَلْمَوْفُوْر: مفع۔مکمل چیز۔

اَوْفَزَهُ اِيْفَازًا: جلدی کرانا۔

وَافَزَهُ: جلدی کرنا۔

تَوَفَّزَ لِلْاَمْرِ: آمادہ ہونا۔اور کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانًا مُوَفَّق" فلاں نیک آدمی ہے۔

وَفَلَ يَفِلُ وَفْلًا الشَّيْءُ: چھیلنا۔

وَفَّلَ تَوْفِيْلًا الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔بڑھانا۔چھیلنا۔

"اَخَذَ يَتَوَفَّزُ عَلٰى فِرَاشِهٖ" وہ بچھونے پر لوٹنے پوٹنے لگا۔

اِسْتَوْفَزَ اِسْتِيْفَازًا فِيْ قُعُوْدِهٖ: غیر مطمئن بیٹھنا اور اٹھنے کے لئے تیار ہونا۔

اَلْوَفْز والْوَفَز: جلدی ج اَوْفَاز ووِفَاز.

مَكَانٌ وَفَزٌ: بلند جگہ۔کہا جاتا ہے "نَحْنُ عَلٰى وَفَزٍ او وِفَاز او اَوْفَازٍ" ہم جلدی میں ہیں یا سفر کے لئے تیار ہیں۔

اَوْفَضَ اِيْفَاضًا: تیز چلنا اور دوڑنا.....هُ: دھتکارنا.....اَلْاِبِلَ: اُونٹوں کو جدا جدا کرنا.....لِلرَّجُلِ: بیٹھنے کے لئے فرش بچھانا۔

اِسْتَوْفَضَ اِسْتِيْفَاضًا: تیز چلنا اور دوڑنا۔

.....اَلْاِبِلُ: اُونٹوں کا متفرق ہونا.....جلدی کرانا۔دھتکارنا۔جلاوطن کرنا۔

اَلْوَفْض والْوَفَض: مص۔جلدی ج اَوْفَاض.

اَلْوِفَاض: چمڑی کے نیچے رکھنے کا چمڑا۔وہ جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے ج وُفُض.

اَلْوَفْضَة: اسم مرۃ۔ترکش کے مانند چمڑے کا ایک برتن جس کا نچلا حصہ ہموار ہوتا ہے' چمڑا ہے کا تھیلا۔اوپر کے ہونٹ پر مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ج وِفَاض.

اَلْاَوْفَاض: لوگوں کی مختلف جماعتیں۔

نَاقَةٌ او نَعَامَةٌ مِيْفَاض: تیز رفتار اُونٹنی یا شتر مرغ۔

اَلْوَفْع: بلند عمارت یا بلند جگہ۔ج اَوْفَاع.

غُلَامٌ وَفَعٌ ج وِفْعَانٌ ووَفَعَةٌ ووَافِعَةٌ: نوجوان لڑکا۔

اَلْوَفِيْعَة: قلم صاف کرنے کا چیتھڑا۔اَلْوَفْعَة: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔

اَلْوَفِيْعَة والْوَفْعَة والْوِفَاع: شیشی کی ڈاٹ۔

وَفِقَ يَفِقُ وَفْقًا الْاَمْرُ: موافق پانا.....اَلْاَمْرُ: موافق ہونا۔

وَفَّقَ الْاَمْرَ: موافق کرنا.....هُ اللّٰهُ: درست کرنا.....هُ اللّٰهُ لِلْخَيْرِ: الہام کرنا.....بَيْنَ الْقَوْمِ: اصلاح کرنا۔وُفِّقْتُ لَهٗ: اس نے مجھے بالمراد اس سے ملاقات کی۔

وَافَقَهُ وِفَاقًا ومُوَافَقَةً: پانا.....هُ فِيْ او عَلَى الشَّيْءِ: موافق ہونا.....بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: دو چیزوں کو جوڑنا۔

اَوْفَقَ الْقَوْمُ لَهٗ: قریب ہونا اور سب کا متفق ہونا اور کہا جاتا ہے "اَوْفِقْ لِزَيْدٍ لِقَاءَنَا" زید سے ہم لوگوں کی ملاقات اچانک ہو گئی۔

اَوْفَقَ السَّهْمَ وبِالسَّهْمِ: تیر چلانے کے لئے فوق کو تانت پر رکھنا (دیکھئے لفظ فَوْق) یہ اَفْوَق کا مقلوب ہے اور اصل کا استعمال بہت نادر ہے۔

تَوَفَّقَ: کوشش کامیاب ہونا۔توفیق پانا۔

تَوَافَقَ الْقَوْمُ فِي الْاَمْرِ: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِتَّفَقَ الرَّجُلَانِ عَلَى الشَّيْءِ وَفِيْهِ: اتفاق کرنا۔قریب ہونا۔متحد ہونا۔اِتَّفَقَ مَعَهٗ: موافقت کرنا۔

اَلْاَمْرُ: واقع ہونا۔

اِسْتَوْفَقَ اِسْتِيْفَاقًا اللّٰهَ: اللہ سے توفیق مانگنا۔

اَلْوَفْق: مص۔دو چیزوں کی مطابقت۔قدر کفایت۔کہا جاتا ہے "كَسْبُهٗ وَفْقَ عِيَالِهٖ" اس کی کمائی اس کے اہل وعیال کے لئے کافی ہے کچھ بچتا نہیں۔"وَجَاءَ الْقَوْمُ وَفْقًا" قوم اتفاق کر کے آئی "وَاَتَيْتُهٗ وَفْقَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ" میں اس کے پاس طلوع آفتاب کے وقت آیا۔

اَلتَّوْفِيْق: مص۔تَوْفِيْقُ الْهِلَالِ وتَوَفُّقُهٗ وتَيَفُّقُهٗ وتَيَفُّقُهٗ وتَوَفُّقُهٗ ومِيْفَاقُهٗ: نئے چاند کے نکلنے کا وقت۔

اَلْوَفِيْق: ہمراہی۔ساتھی۔

اَلْمُوَفِّق: مص۔کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانًا مُوَفَّق" فلاں نیک آدمی ہے۔

وَفَلَ يَفِلُ وَفْلًا الشَّيْءُ: چھیلنا۔

وَفَّلَ تَوْفِيْلًا الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔بڑھانا۔چھیلنا۔

marfat.com

Marfat.com

الوَفْل: مص۔ تھوڑی چیز۔
تَوَفَّنَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔
الوَفْنَة: کمی۔
وَفَهَ یَفِهُ وَفْهًا النَّصْرَانِیُّ: خادم گرجا ہونا۔
الوَافِه: گرجا کا ناظم ونگراں۔ سرپنچ۔
الوِفَاهَة: گرجا کے ناظم کی تنخواہ۔
الوَفْهِیَّة: گرجا کے ناظم کا رتبہ۔
وَفٰی یَفِی وَفَاءً بِالْوَعْدِ او العَهْدِ: پورا کرنا۔ محافظت کرنا..... الشَّیْءُ: طویل ہونا اور اسی سے ہے "مَاتَ فُلَانٌ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" فلاں مرگیا اور تیری عمر دراز ہو..... وَفْیُ الجَنَاحِ: بازو کے پروں کا پورا ہونا (..... وُفِیًّا) الشَّیْءُ: کامل ہونا اور بہت ہونا..... الدِّرْهَم المِثْقَال: برابر ہونا۔ ہم وزن ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّیْءُ لَا یَفِی بِذَاکَ" یہ چیز اس کے برابر نہیں ہے۔
وَفّٰی تَوْفِیَةً. الرَّجُلُ حَقَّهٗ: پورا حق دینا۔
اَوْفٰی اِیْفَاءً بِالْوَعْدِ: پورا کرنا..... النَّذْرَ: نذر پوری کرنا..... الکَیْلَ: پورا ناپنا..... فُلَانًا حَقَّهٗ: پورا حق دینا..... المَکَانَ: آنا ..... عَلَی المَکَانِ: اوپر سے جھانکنا..... عَلَی المِائَةِ: سو سے زائد ہونا..... عَلَی الشَّیْءِ وفِی الشَّیْءِ: اوپر سے جھانکنا۔
وَافٰی مُوَافَاةً فُلَانًا حَقَّهٗ: پورا حق دینا..... الرَّجُلَ: آنا۔ اچانک آنا۔ وَافَاهُ الحَمَامُ او الکِتَابُ: موت کا آنا یا خط کا آنا۔
تَوَافَی تَوَافِیًا القَوْمُ: ساری قوم کا آنا۔
تَوَفّٰی تَوَفِّیًا: پورا ہونا..... حَقَّهٗ: پورا حق لینا۔ کہا جاتا ہے "تَوَفَّیْتُ مِنْ فُلَانٍ مَالِیْ عَلَیْهِ" جو کچھ میرا حق فلاں پر تھا اس کو میں نے پورا لے لیا..... المُدَّةَ: مدت کو پہنچنا..... الشَّیْءَ: کامل بنانا..... عَدَدَ القَوْمِ: پورا شمار کرنا۔ تَوَفَّاهُ اللّٰهُ: موت دینا۔ تُوُفِّیَ فُلَانٌ: فلاں مرگیا۔ اللہ کو مُتَوَفِّی اور بندے کو مُتَوَفّٰی کہیں گے۔
اِسْتَوْفٰی اِسْتِیْفَاءً حَقَّهٗ: کامل و پورا حق لینا۔

الوَفَاء: مص۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ عَنْ وَفَاءٍ" وہ مرگیا اور حقوق واجبہ کے پورا کرنے کے لائق مال چھوڑ گیا "وَمَاتَ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" وہ مرگیا اور تیری عمر دراز ہو۔
الوَفِی والمِیْفٰی والمِیْفَاة: زمین کا بلند حصہ۔ المِیْفٰی: تنور کا ڈھکنا۔ اینٹوں کے پکانے کا آوا۔
الوَفَاة: موت۔ ج وَفَیَات.
الوَفِیّ: پورا۔ کامل۔ بہت وفا کرنے والا۔ حق دینے والا۔ حق لینے والا۔ ج اَوْفِیَاء.
الوَافِی: فا۔ مؤنث وَافِیَةٌ ایک درہم اور چار دانق..... عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: وہ شعر جس کے اجزاء پورے ہوں۔
المِیْفَاء: وفا کرنے والا۔
وَقَبَ یَقِبُ وَقْبًا الرَّجُلُ: متوجہ ہونا۔ آنا۔ گڑھے میں داخل ہونا۔
وَقَبَتْ وَقْبًا وقُوْبًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا..... الظَّلَامُ: تاریکی پھیلنا.....
الوَقَمَرُ: چاند کا گہن میں آنا..... الرَّجُلُ: دھنسی ہوئی آنکھوں والا ہونا..... عَیْنَاهُ: آنکھوں کا دھنس جانا۔
اَوْقَبَ اِیْقَابًا: بھوکا ہونا..... الشَّیْءَ: پتھر کے گڑھے میں داخل کرنا..... النَّخْلُ: درخت خرما کے گچھوں کا بدبودار ہونا۔
الوَقْب: مص۔ پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہوجائے۔ روشن دان۔ جسم کا ہر گڑھا۔ جیسے آنکھ کا ج وُقُوْب ووِقَاب. الوَقْبُ: بے وقوف۔ کمینہ ج اَوْقَاب. الاَوْقَاب: گھر کا سامان۔
الوَقْبَان: بے وقوف۔ ج وَقْبٰی.
الوَقْبَة: پتھر کی چٹان یا جسم میں گڑھا۔ بڑا روشن دان جس میں سایہ ہو۔ ثرید وغیرہ سے جو ٹپکے۔
رَکِیَّةٌ وَقْبَاء: گہرے پانی کا کنواں۔
الوَقِبَة: اوجھ کا وہ حصہ جو پرت پرت ہوتا ہے۔
الوَقِبِیُّ: بے وقوفوں کی صحبت کا جویاں۔

المِیْقَب: کوڑی۔
المِیْقَاب: بہت شراب پینے والا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُمْ یَسِیْرُوْنَ سَیْرَ المِیْقَابِ" وہ لوگ دن رات لگاتار سفر کرتے ہیں۔
وَقَّتَ یُقِتُ وَقْتًا الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔
وَقَّتَ الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔ کام کی مدت بیان کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَّتَ الاَمْرَ لِیَوْمِ کَذَا" اس نے کام فلاں دن کے لئے مقرر کیا۔
الوَقْت: مص۔ زمانہ کی مقدار ج اَوْقَات
اَوْقَاتُ السَّنَة: سال کی فصلیں۔ وَقْتٌ مَوْقُوْتٌ ومُوَقَّتٌ: مقرر کردہ وقت۔
المَوْقِت: تعیین۔ تعیین کا زمانہ۔ تعیین کی جگہ۔
المِیْقَات: وقت۔ وعدہ جس کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ اور کبھی اس مقام کے لئے بھی استعارہ کیا جاتا ہے جس میں اجتماع کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ ج مَوَاقِیْت.
المُوَقِّت: اوقات اور چاند کا اندازہ رکھنے والا۔
وَقَحَ یَقِحُ قِحَةً وقَحَةً ووَقِحَ یَوْقَحُ وَقَحًا وَقُحَ یَوْقُحُ وَقَاحَةً ووُقُوْحَةً: بے حیا ہونا۔ بے شرم ہونا۔ قبیح افعال پر جری ہونا۔ صفت وَقِحٌ..... حَافِرُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کے کھر کا سخت ہونا۔
وَقَّحَ الحَوْضَ: حوض کو مٹی اور پتھر سے درست کرنا..... حَافِرَ الدَّابَّةِ: پگھلی ہوئی چربی لگا کر چوپایہ کے کھر کو سخت کرنا۔
اَوْقَحَ واسْتَوْقَحَ الحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا۔
تَوَاقَحَ: بے حیائی ظاہر کرنا۔
الوَقَاح (مذکر ومؤنث) بے شرم ج وُقُح ووُقْح. حَافِرٌ وَقَاحٌ: سخت کھر۔
رَجُلٌ وَقِیْحُ الوَجْهِ: بے شرم مرد۔
المُوَقِّح: مفع۔ مبتلائے مصائب۔ بَعِیْرٌ مُوَقَّحٌ: کام کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔
وَقَدَ یَقِدُ وَقْدًا ووَقَدًا ووُقُوْدًا ووَقَدَانًا وقِدَةً واتَّقَدَ: روشن ہونا..... النَّارُ: آگ

marfat.com
Marfat.com

جلنا۔ بھڑکنا۔ مشتعل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَدَتْ بِکَ زَنَادِیْ" تیری وجہ سے میری چقماق نے آگ دی۔ یعنی تیری وجہ سے میری کامیابی ہوئی۔ وَقَد واَوْقَد وتَوَقَّد واسْتَوْقَد النَّارَ: آگ بھڑکانا۔ مشتعل کرنا۔ تَوَقَّدَتِ النَّارُ واسْتَوْقَدَتْ: آگ بھڑکنا۔ تَوَقَّدَ الْکَوْکَبُ: ستاروں کا روشن ہونا۔ چمکنا۔ کہا جاتا ہے اَبْعَدَ اللّٰهُ دَارَهٗ واَوْقَدَ نَارًا اَثَرَهٗ: اللہ اس کے گھر کو دور کردے اور آگ میں اس کے اثر کو جلا دے یعنی اس کو واپس نہ کرے۔

الوَقُد والوَقَد: مص۔ آگ۔

الوَقْدَة.وَقَد: کا اسم مرۃ۔ سخت گرمی کا زمانہ کہ دس دن یا نصف مہینہ ہے۔

القِدَة: مص۔ جس کی تم پیروی کرو۔ اس معنی کے لحاظ سے اس کی اصل قَدْو ہے تا واؤ کے بدلہ میں ہے۔

الوقَاد والوَقِید والوَقُود: ایندھن جس سے آگ سلگائی جائے۔

الوَقَّاد: اسم مبالغہ۔ کَوْکَبٌ وَقَّادٌ: بہت روشن ستارہ۔ رَجُلٌ وَقَّادٌ: تیز طبع روشن خاطر مرد۔

المَوْقِد ج مَوَاقِد والمُسْتَوْقِد: چولھا۔ زَنْدٌ مِیْقَادٌ: جلدی روشن ہونے والا چقماق۔

المتوَقِّد: فا۔ روشن۔ تیز طبع۔

وَقَذَهٗ یَقِذُهٗ وَقْذًا: پچھاڑنا۔ مہلک ضرب لگانا۔ صفت مفعولی وَقِیْذٌ ومَوْقُوْذٌ.....هُ النُّعَاسُ: غلبۂ نیند کی وجہ سے متوالا ہونا (..... واَوْقَذَ) فُلَانًا: بیمار چھوڑنا۔

الوَقِیذ: مہلک بیماری میں مبتلا۔ بوجھل سست۔ وَقِیْذُ الْجَوَانِح: غمگین دل والا۔ مؤنث وَقِیْذَةٌ ج وَقَائِذ. الوَقَائِذ: بچھے ہوئے پتھر۔

المَوْقِذ: بدن کے اطراف۔ جیسے ٹخنہ۔ گھٹنا۔ کندھا۔ ج مَوَاقِذ.

وَقَرَ یَقِرُ وِقْرَ الْعَظْمَ: ہڈی کا پھاڑنا۔ وَقِرَ الْعَظْمُ: ہڈی کا پھٹنا۔ صفت مفعولی مَوْقُوْر

وَقِرَ (..... قِرَةً ووَقَارَةً وَقَرًا ووَقُرَ یَوْقُر وَقَارَةً ووَقَارًا) الرَّجُلُ: سنجیدہ وصاحب وقار ہونا۔ ثابت رہنا۔ وَقَرَ یَقِرُ وَقْرًا ووُقُوْرَةً فِیْ بَیْتِهٖ: وقار کے ساتھ بیٹھنا۔ وَقَرَتْ تَقِرُ وَقِرَتْ تَوْقَرُ وَقْرًا ووُقِرَتْ اُذُنُهٗ: بوجھل ہونا یا بہرا ہونا۔ صفت مَوْقُوْرَةٌ. وَقَّرَ الشَّیْخَ: تعظیم کرنا..... فُلَانًا: زخمی کرنا .....الدَّابَّةَ: آرام دینا..... لِلشَّیْءِ: شان بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَقَّرَتْنِی الْاَسْفَارُ" سفر نے مجھ کو مشاق بنا دیا۔

اَوْقَرَ اِیْقَارًا او قِرَةً (شاذ) الدَّابَّةَ: چوپایہ پر بھاری بوجھ لادنا۔ اَوْقَرَتِ النَّخْلَةُ و اُوْقِرَتْ: سست پھل دار ہونا۔ صفت مُوْقِرٌ ومُوْقِرَةٌ ومُوْقَرَةُ الدَّیْنُ فُلَانًا: قرض کا گرانبار کرنا۔

تَوَقَّرَ واتَّقَرَ: باوقار ہونا۔ بردبار ہونا۔

اِسْتَوْقَرَتْ اِسْتِیْقَارًا الْاِبِلُ: اُونٹ کا موٹا ہونا۔ بھاری بوجھ اٹھانا۔ اِسْتَوْقَرَ وَقِرَهٗ طَعَامًا: بوجھ بھر کھانا لینا۔

الوَقْر: مص۔ پنڈلی کا شگاف۔ پتھر یا ہڈی وغیرہ میں گڑھا یا شگاف۔ ج وُقُوْر کہا جاتا ہے "فِیْ صَدْرِهٖ وَقْرٌ" اس کے دل میں کینہ ہے۔

الوِقْر: بھاری بوجھ۔ پانی سے بوجھل بادل ج اَوْقَار.

الوَقْرَة: اسم مرۃ۔ پتھر یا ہڈی کا گڑھا یا شگاف۔ وَقْرَةُ الدَّهْرِ: زمانہ کی سختی ج وَقَرَات الوَقَرات: نشانیاں۔

القِرَة: مص۔ بوجھ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اہل و عیال۔ بہت بوڑھا۔ بیماری کا وقت۔ ج قِرَات.

الوَقَرِیّ: بکری بھیڑوں کا چرواہا۔ یا ان کا جمع کرنے والا۔ گدھوں کا مالک۔

الوَقَار: سنجیدگی۔ بردباری۔ عظمت (..... والوَقُر) مِنَ الرِّجَالِ: سنجیدہ وصاحب وقار مرد۔

الوَقُر: بھاری بوجھ۔ پانی سے بوجھل بادل ج اَوْقَار.

الوَقْرَة: اسم مرۃ۔ پتھر یا ہڈی کا گڑھا یا شگاف۔ وَقْرَةُ الدَّهْرِ: زمانہ کی سختی ج وَقَرات الوَقَرات: نشانیاں۔

القِرَة: مص۔ بوجھ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اہل و عیال۔ بہت بوڑھا۔ بیماری کا وقت۔ ج قِرَات.

الوَقَرِیّ: بکری بھیڑوں کا چرواہا۔ یا ان کا جمع کرنے والا۔ گدھوں کا مالک۔

الوَقَار: سنجیدگی۔ بردباری۔ عظمت (..... والوَقُر) مِنَ الرِّجَالِ: سنجیدہ وصاحب وقار مرد۔

الوَقِر: پھٹی ہوئی ہڈی۔ بھیڑوں کا ریوڑ۔ لوگوں کی جماعت۔ ذلیل بے عزت (..... والوَقِرَة) پتھر کی چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اُذُنٌ وَقِیْرَةٌ: بہرا کان یا بوجھل کان۔

المُوَقَّر: مفع۔ تجربہ کار۔ عقل مند جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنا دیا ہو۔

المُوَقِّر: پہاڑ کے پہلو میں نرم جگہ۔

الوَقِیر مِنَ النَّخْلِ: بہت پھل دار درج مَوَاقِیر.

وَقَسَ یَقِسُ وَقْسًا الْجَرْبُ فِیْ بَدَنِهٖ: کھجلی پھیلنا..... الْفَاحِشَةَ: بری بات کا ذکر کرنا .....هُ بِالْمَکْرُوْهِ: تہمت لگانا..... الْجِلْدَ: کھال چھیلنا۔ وَقَّسَ الْاِبِلَ: کھجلی لگانا۔

الاَوْقَاس: مختلف لوگوں کی جماعت۔

وَقَشَ یَقِشُ وَقْشًا الرَّمْمُ: نشان کا مٹنا..... مِنْ فُلَانٍ: عطیہ پانا (..... واَوْقَشَ لَهٗ بِشَیْءٍ) کچھ تھوڑا سا دینا۔

تَوَقَّشَ: ہلنا۔

الوَقْش والوَقْشَة والوَقْشَة: آولز۔ حرکت۔ الوَقْش: عیب۔

الوَقْش والوَقَش: آگ سلگانے کے لئے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔

الاَوْقَاش: مختلف قسم کے لوگوں کا گروہ۔

وَقَصَ یَقِصُ وَقْصًا عُنُقَهٗ: گردن توڑ دینا وَقَصَتِ الْعُنُقُ: گردن کا ٹوٹ جانا..... بِهِ الدَّابَّةِ: گرا کر گردن توڑنا۔ وَقَصَ الشَّیْءُ: عیب لگانا۔ گھٹانا..... رَاْسَهٗ: نیچے سے دبانا۔ وُقِصَ الرَّجُلُ: ٹوٹی ہوئی گردن والا ہونا۔ صفت مَوْقُوْص.

وَقِصَ یَوْقَص وَقَصًا: پیدائشی چھوٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَوْقَص مؤنث وَقْصَاء ج وُقْص اور کبھی گردن کی صفت میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُنُقٌ اَوْقَص وقَص وعُنُقٌ وَقْصَاء".

وَقَصَ عُنُقَهٗ: گردن توڑ دینا..... عَلَى الْخَبَرِ:

marfat.com
Marfat.com

چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ڈالنا۔
اَوْقَصَهٗ. اَوْقص: مارنا (دیکھئے اَوْقص)
تَوَقَّصَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا چلنے میں زور سے قدم ڈالنا۔
تَوَاقُص: کوتاہ گردن کی مشابہت کرنا۔
الْوَقْص: مص۔عیب.....فِي الْعَرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں حرف ثانی متحرک کا گرادینا جو زحاف کی ایک قسم ہے۔
الْوَقَص: مص۔آگ سلگانے کی چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ج اَوْقَاص کہا جاتا ہے "اَتَانَا اَوْقَاصٌ مِنْ بَنِيْ فُلَانٍ" ہمارے پاس بنو فلاں کے قبائل کے کچھ لوگ آئے۔
الْوَقَّاص: پرندوں کے شکار کا جال۔ج وَقَاصِيْص: کہا جاتا ہے "خُذْ اَوْقَصَ الطَّرِيْقَيْنِ" دو راستوں میں سے قریب کا راستہ اختیار کرو۔
الْوَقِيْصَة: گردن کی جڑ کی ہڈی کا سرا۔ج وَقَائِص.
الْمَوْقُوْص: مفع.....فِي الْعَرُوْضِ: اصطلاح شعراء میں وہ وزن جس میں حرف ثانی متحرک گرادیا گیا ہو۔
وَقَطَهٗ يَقِطُهٗ وَقْطًا: پچھاڑنا۔مار کر کے ست کردینا۔وُقِطَ فِيْ رَاْسِهٖ: بوجھ محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَكَلْتُ طَعَامًا وَقَطِنِيْ" میں نے کھانا کھایا اور اس نے مجھے ست بنا دیا اور سلا دیا۔
وَقْطُ الصَّخْرِ: چٹان کا گڑھے والا ہونا۔
اِسْتَوْقَطَ اِسْتِيْقَاطًا الْمَكَانُ: لوگوں یا جانوروں کے روندنے کی وجہ سے گڑھے والی ہونا۔
الْوَقْط والْوَقِيْطَة: گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج اَوْقَاط.
الْوَقِيْط: گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج وِقَاط ووِقطان واِقاط.....: ماریا مرض یا شکم سیری کی وجہ سے ست۔ بے خوابی کی وجہ سے کسل مند ج وَقْطى وقَاطى سونث وقيط (مذکر کی مانند)

وَقَطَهٗ يَقِطُهٗ وَقْطًا: مہلک ضرب مارنا۔وَقَطَ عَلَى الْاَمْرِ: تنگی کرنا۔
الْوَقِيْط: وہ شخص جو اٹھنے پر قادر نہ ہو۔
وَقَعَ يَقِعُ وُقُوْعًا الشَّيْءُ مِنْ يَدِهٖ: گرنا۔
الْحَقُّ: ثابت ہونا.....الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ: واجب ہونا.....الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا.....
الدَّوَابُّ: جانوروں کا بیٹھنا.....وَبِيْعٌ بِالْاَرْضِ: موسم خریف میں پہلی بار بارش ہونا اور اس کے لئے سَقَطَ کا لفظ نہیں بولا جاتا.....الطَّيْرُ عَلٰى شَجَرٍ او اَرْضٍ: پرندہ کا درخت یا زمین پر اُترنا۔صفت وُقُوْع ووُقَّع.....فِي الشَّرَكِ: جال میں پھنسنا.....فِيْ اَرْضِ فُلَاةٍ: داخل ہونا.....الرَّجُلُ فِيْ عَمَلِهٖ: کام میں نرمی اختیار کرنا.....فِي الْعَمَلِ: شروع کرنا.....الْكَلَامُ فِيْ نَفْسِهٖ: اثر کرنا.....الْاَمْرُ: حاصل ہونا۔کہا جاتا ہے "وَقَعَ لَهٗ وَاقِعٌ" اس کو ایک حادثہ پیش آیا (..... وُقُوْعًا وَقِيْعَةً) فِيْ فُلَانٍ: گالی دینا۔عیب نکالنا۔غیبت کرنا۔(..... وَقْعًا) اِلٰى كَذَا: جلدی جانا.....مِنْ كَذَا وعَنْ كَذَا: باز رہنا۔الگ ہونا.....النَّصْلَ بِالْمِيْقَعَةِ: تیز کرنا۔صفت مفعول وَقِيْعٌ.....الْبَعِيْرُ: دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ لگانا (..... وَقْعًا ووَقْعَةً) بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقابلہ میں مبالغہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَقَعَ عِنْدَ فُلَانٍ مَوْقِعًا حَسَنًا" اس نے فلاں کے نزدیک حصہ اور مرتبہ پایا "ووَقَعَ الْاَمْرُ مِنْهُ مَوْقِعًا حَسَنًا او بَيِّنًا" اس سے کام اچھے یا برے موقع میں واقع ہوا۔ "وَفُلَانٌ لَيِّفٌ وَلَا يَقَعُ" فلاں کام کے قریب ہوتا ہے اور عمل نہیں کرتا "وَهٰذِهٖ نَعْلٌ لَا تَقَعُ عَلٰى رِجْلِيْ" یہ جوتا میرے پیر کے مناسب نہیں۔
وُقِعَ فِيْ يَدِهٖ: نادم وپشیمان ہونا۔مانند سُقِطَ فِيْ يَدِهٖ کے)
وَقِعَ يَوْقَعُ وَقْعًا: ننگے پیر ہونا۔سخت زمین یا پتھروں کی وجہ سے قدم کا دردمند ہونا۔صفت

وَقَعَ.
وَقَعَ الْوَبَرُ ظَهْرَ الْبَعِيْرِ: نشان ڈالنا.....
الْمَطَرُ الْاَرْضَ: کہیں کہیں اگانا.....الْعَهْدَ او الْفَرْمَانَ: شاہی مہر لگانا.....الْكِتَابَ او الصَّكَّ: خط یا چیک پر دستخط کرنا.....
الْكَاتِبُ فِي الْكِتَابِ: ازوائد کو حذف کر دینا.....الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا.....وَقَعَ ظِنَّهٗ عَلَى الشَّيْءِ: اندازہ کرنا.....عَلٰى فُلَانٍ: گمان کرنا.....الصَّيْقَلُ عَلَى السَّيْفِ: تیز کرنے کے لئے متوجہ ہونا.....الْحِجَارَةُ حَافِرَةَ: کھر کے سرے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا.....الْقَوْمُ: آخر رات میں آرام کے لئے اتر پڑنا۔
وَاقَعَهٗ وِقَاعًا ومُوَاقَعَةً: جنگ کرنا۔وَاقَعَ الْاُمُوْرَ: امور کے قریب ہونا اور ان کو سرانجام دینا۔
اَوْقَعَهٗ اِيْقَاعًا: واقع کرنا۔اَوْقَعَ بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقابلہ میں مبالغہ کرنا.....بِهِ الشَّرَّ: بدی میں پھنسا دینا.....الدَّهْرُ بِهٖ: زمانہ کا سختیاں ڈالنا.....الرَّوْضَةُ: پانی روک لینا.....الْمُغَنِّي: سُر ٹھیک کرنا۔
تَوَقَّعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید لگانا۔
تَوَاقَعَ الْاَعْدَاءُ: دشمنوں کا باہم جنگ کرنا۔ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِسْتَوْقَعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید رکھنا۔خوف کھانا.....السَّيْفُ: تلوار کا تیز کرنے کے قابل ہونا۔
الْوَقْعُ: مص۔کسی چیز کی ضرب کی آواز۔تم کہتے ہو "سَمِعْتُ وَقْعَ حَافِرِ الدَّابَّةِ ووَقْعَ الْمَطَرِ" میں نے چوپایہ کے کھر کی اور بارش کی آواز سنی۔ پہاڑ کی بلند جگہ۔ بارش کی امید دلانے والے بادل۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقْعَةٌ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ وَقْعٌ عِنْدَ الْاَمِيْرِ" امیر کے نزدیک فلاں کی قدر و منزلت ہے۔
الْوَقَع: مص۔چھوٹی کنکریاں واحد وَقَعَةٌ.
الْوَقِع: بارش کی امید دلانے والا بادل۔

marfat.com
Marfat.com

کفایت کرنے والے کے معنی ہوتے ہیں۔
الْمَوْكُوْل : مفع۔کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاَمْرُ مَوْكُوْلٌ اِلٰى رَاْيِكَ" یعنی یہ کام تمہارے سپرد ہے۔
وَكَمَ يَكِمُ وَكْمًا فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهٖ : بہت سختی سے باز رکھنا..... اَلْاَمْرُ فُلَانًا : غمگین کرنا۔ وُكِمَتِ الْاَرْضُ : روندی ہوئی اور چری ہوئی گھاس والی ہونا۔
وَكِمَ يَكِمُ كِمَةَ الرَّجُلُ مِنَ الشَّيْءِ : اداس اور غمگین ہونا۔
الْوَكْمَة : اسم مرة۔ پیشہ جس میں درندے زیادہ ہوں۔
الْمَوْكُوْم : بہت غمگین۔
وَكَنَ يَكِنُ وَكْنًا وُكُوْنًا الطَّائِرُ بَيْضَهٗ او عَلٰى بَيْضِهٖ : پرندہ کا انڈے سینا۔ صفت مذکر وَاكِن ج وُكُوْن صفت مؤنث وَاكِنَة. ج وُكُوْن وَوَاكِنَاتٌ..... الطَّائِرُ : گھونسلے میں داخل ہونا(..... وَكَنًا) الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ بیٹھنا۔
تَوَكَّنَ الرَّجُلُ : مجلس میں اچھی طرح تکیہ لگانا۔ کسی جگہ پر قرار پکڑنا۔
الْوَاكِن : بیٹھنے والا۔ مؤنث وَاكِنَةٌ..... مِنَ الطَّيْرِ : درخت یا لکڑی یا دیوار میں وہ جگہ جہاں پرندہ بیٹھے۔
الْوَكْن ج اَوْكُنٌ وَوُكْنٌ وَوُكُوْنٌ والْوَكْنَة والوِكْنَة والوُكْنَة والوُكْنَة ج وُكْنَات ووُكُنَات ووُكْنَات ووُكَنٌ والْمَوْكِن والْمَوْكِنَة : گھونسلہ۔ الْمَوْكِن : وہ جگہ جہاں انڈے ہوں۔
وَكْوَكَ الْحَمَامُ : کوکو کرنا..... فُلَانٌ مِنَ الْمَحْرَبِ : لڑائی سے بھاگنا (.....وتَوَكْوَكَ) الرَّجُلُ : لڑھکتے ہوئے چلنا۔
الْوَكْوَك : بزدل۔ چلنے میں لڑھکنے والا۔
وَكَى يَكِيْ وَكْيًا الْقِرْبَةَ : مشک کو بندھن سے باندھنا۔
وَاكِي مُوَاكَاةً ووِكَاءً : دعا کے وقت

دونوں ہاتھوں کو اٹھانا۔
اَوْكَى اِيْكَاءً الْقِرْبَةَ وعَلٰى مَا فِي الْقِرْبَةِ : مشک کو بندھن سے باندھنا..... الرَّجُلُ : بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَاَلْنَاهُ فَاَوْكٰى عَلَيْنَا" ہم نے اس سے مانگا اور اس نے بخل کیا۔
تیز دوڑنا(..... وَوَكٰى) الْفَرَسُ الْمَيْدَانَ جَرْيًا : گھوڑے کا میدان میں چاروں طرف دوڑنا۔
اِسْتَوْكَى الْوِعَاءِ : برتن کا بھر جانا..... الْبَطْنُ : قبض ہونا۔
الوِكَاء : مشک وغیرہ کا بندھن۔ برتن وغیرہ جس کے سرے کو باندھ دیا گیا ہو۔ ج اوكية.
الْمُوْكٰى : مفع۔ بندھے ہوئے سرے کی مشک۔
وَلَبَ يَلِبُ وُلُوْبًا : داخل ہونا اور جلدی کرنا .....اِلَيْكَ الشَّيْءُ : پہنچنا۔
الوَالِب : کسی چیز میں داخل ہونے والا۔
الوَالِبَة : کھیت کی روئیدگی..... مِنَ الْقَوْمِ او الْمَوَاشِي : اولاد و نسل۔
وَلَتَ يَلِتُ وَلْتًا واَوْلَتَ فُلَانًا حَقَّهٗ : گھٹانا۔ کم کرنا۔
وَلَتَ يَلِتُ وَلْتًا فُلَانًا بِالْعَصَاءِ : لاٹھی سے مارنا..... لَهٗ عَهْدًا : کمزور وعدہ کرنا..... فُلَانٌ : غلام سے کہنا کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے وَلَتَنَا السَّمَاءُ : تھوڑی بارش سے تر کر دینا۔
الوَلْث : مص۔ تھوڑی بارش۔ کمزور وعدہ۔ برتن میں نبیذ کا بقیہ۔ آشوب چشم کا اثر۔
وَلَجَ يَلِجُ وُلُوْجًا وَلِجَةَ الْبَيْتَ ووَلَجَ الشَّيْءُ فِيْ غَيْرِهٖ : گھر میں داخل ہونا۔
وُلِجَ الرَّجُلُ : پیٹ کی بیماری والا ہونا۔
وُلِجَ الْمَالَ : لوگوں کے سوال سے بچنے کے لئے اپنی زندگی میں اولاد میں سے کسی کو مال دے دینا۔
اَوْلَجَهٗ اِيْلَاجًا واَتْلَجَهٗ اِتْلَاجًا : داخل کرنا۔
[illegible]

داخل ہونا۔
الوَلْج : ریگستانی راستہ۔
الوُلُوْج : اطراف۔ کوچے۔ گلیاں۔ شہد نکالنے کے چھتے۔ اور یہ وِلَاج کی جمع ہے۔
الوَلْجَة : داخل ہونے کی جگہ۔ وادی کا موڑ۔ غار جس میں راستہ چلنے والے بارش وغیرہ سے پناہ لیں ج اَوْلَاج ووَلْج ووَلَجَات.
الوُلْجَة والوُلُوْج : بہت داخل ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "وَلُوْجٌ خَرُوْجٌ" بہت داخل ہونے والا اور خارج ہونے والا۔
الوَالِجَة : پیٹ کا درد۔ دانت کا درد۔ سانپ اور درندے۔
الوَلِيْجَة : آدمی کا باطن۔ بھیدی راز دار معتمد علیہ جو غیر قوم سے ہو۔ قوم میں داخل ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَلِيْجَتُهُمْ" یعنی وہ ان کی قوم میں داخل ہے حالانکہ ان میں سے نہیں۔
الوَلَّاج : بہت داخل ہونے والا۔
الوِلَاج : دروازہ۔ وادی۔ پست زمین ج وُلُج ووُلُوْج.
التَّلَج : عقاب کا چوزہ۔ اصل اس کی الوُلج ہے۔
التُّوْلَج : وحشی جانوروں کا بھٹ۔ اس کی اصل انووَلج ہے۔
المَوْلَج : داخل ہونے کی جگہ ج مَوَالِج.
وَلَحَ يَلِحُ وَلْحًا الدَّابَّةَ : چوپایہ پر طاقت سے زیادہ لادنا۔
الوَلِيْحَة : بوری۔ ج وَلَائِح ووَلِيْح.
وَلَحَهٗ يَلِحُهٗ وَلْحًا : تھپڑ مارنا۔
اَوْلَحَ الْعُشْبُ : گھاس لمبی اور بڑی ہونا۔
اِلْتَلَحَ الْاَمْرُ : خلط ملط ہونا۔
اَسْتَوْلَحَتْ اِسْتِيْلَاحًا الْاَرْضَ : زمین کا تر ہونا۔
الوَلِيْح : کتان کا کپڑا۔
الوَلِيْحَة : گاڑھا جما ہوا دودھ۔ کیچڑ۔
اَرْضٌ وَلِحَةٌ ووَلِيْحَةٌ ومُوْتَلِحَةٌ : بھیگی

marfat.com
Marfat.com

گھاس والی زمین۔
الوَلَخ مِنَ الْعُشْب: گھی ہوئی گھاس۔
وَلَدَتْ تَلِدُ لِدَةً وِلادًا وِلادَةً وِلادَةً وَمَوْلِدًا الْأُنْثٰى: جننا۔ صفت وَالِد ووَالِدة..... الْأَرْضُ النَّبَاتَ: اُگانا۔
وَلَّدَ الْوَلَدَ: پرورش کرنا..... الشَّيْءُ مِنَ الشَّيْءِ: پیدا کرنا۔ نکالنا..... الْكَلَامَ او الْحَدِيْثَ: بنا پانا..... الْقَابِلَةُ الْمَرْأَةَ: جنوانا۔ اور کہا جاتا ہے "وَلَّدَ الرَّجُلُ غَنَمَهُ" آدمی نے اپنی بکریوں کے بچے نکلوائے۔ جیسے بولا جاتا ہے نَتَّجَ إِبِلَهُ.
اَوْلَدَتْ إِيْلَادًا الْمَرْأَةُ: جننے کا وقت قریب ہونا..... الشَّاةُ: جننا۔ صفت مُوْلِدٌ ج موالد ومَوَالِيد.
تَوَلَّدَ الشَّيْءُ مِنْ غَيْرِهِ: پیدا ہونا۔
تَوَالَدَ وَاتَّلَدَ الْقَوْمُ: بہت ہونا۔
اِسْتَوْلَدَ الْمَرْأَةَ: حاملہ کرنا..... فُلَانٌ: ..... بچہ طلب کرنا۔
الوَلَد والوُلْد والوِلْد والوَلْد: بچہ۔ مذکر مؤنث تثنیہ جمع سب پر اطلاق ہوتا ہے اور یہ لفظ مذکر ہے اور کبھی اَوْلَادٌ و وِلْدَة والِدَة ووُلْدٌ: کے اوزان پر جمع لاتے ہیں۔
الوَالِد: باپ ج وَالِدُوْن. الوَالِدَانِ: ماں باپ۔ شَاةٌ وَالِدٌ: حاملہ بکری ج وُلَّد.
الوَالِدَة: ماں۔ ج وَالِدَات.
اللِّدَة: مص۔ ہم عمر۔ ہم سر (اس کی اصل وِلْد ہے) تم کہتے ہو "فُلَانٌ لِدَتِيْ" فلاں میرا ہم عمر ہے تثنیہ لِدَانِ ج لِدَات ولِدُوْن اور اس کی تصغیر وُلَيْدَات ووُلَيْدُوْن. اللِّدَة: جننے کا وقت۔
الوَلَّادَة: بہت جننے والی۔
الوَلُوْد مِنَ الشَّاةِ: جننے والی بکری۔ بہت جننے والی ج وُلُد.
الوُلُوْدِيَّة والوَلُوْدِيَّة: بچنا۔ سخت دلی۔
الوَلِيْد: پیدا شدہ۔ بچہ۔ غلام ج وِلْدَة ووِلْدَان: مؤنث وَلِيْدَة ج وَلَائِد. اُمُّ الْوَلِيْد: مرغی کی کنیت۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ فِيْ وَلِيْدَتِهِ" اس نے اپنے بچپنے میں ایسا کیا۔
الْمَوْلِد: مص۔ پیدائش کی جگہ یا وقت۔ ج مَوَالِد.
الْمِيْلَاد: پیدائش کا وقت وعِيْدُ الْمِيْلَادِ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کا دن۔ کرسمس ڈے۔
الْمُوَلَّد: مفع۔ نیا پیدا شدہ اور اسی سے ہے "الْمُوَلَّدُوْنَ مِنَ الشُّعَرَاءِ او الادَبَاءِ" ان کے نئے ہونے کی وجہ سے یہ نام رکھا گیا۔
رَجُلٌ مُوَلَّدٌ وَكَلَامٌ مُوَلَّدٌ: غیر خالص عربی مرد یا کلام۔
الْمُوَلِّدَة: دائی جنائی۔
الْمُوَلَّدَة: نئی پیدا شدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنَا بِبَيِّنَةٍ مُوَلَّدَةٍ" وہ ہمارے پاس ایسا بینہ لایا جو محقق نہیں۔
الْمَوْلُوْد: مفع۔ چھوٹا بچہ ج موالید.
وَلَذَ يَلِذُ وَلْذًا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ تیز حرکت کرنا۔
الوَلَّاذ: دروغ گو خود رائے۔
وَلَسَتْ تَلِسُ وَلْسًا ووَلَسَانًا. الْإِبِلُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔ صفت وَلُوْس (..... وَلْسًا) الرَّجُلَ: دھوکا دینا۔ خیانت کرنا۔ الْحَدِيْثَ: کنایہ سے بات کرنا۔
وَالَسَهُ مُوَالَسَةً: فریب دینا۔ مداہنت کرنا (..... وأَوْلَسَ) بِالْحَدِيْثِ: کنایہ سے بات کرنا۔
تَوَالَسَ الْقَوْمُ عَلَيْهِ: کسی کے خلاف دھوکا اور خیانت میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
الوَلَّاس: بھیڑیا۔
وَلَعَ يَلِعُ وَلَعًا بِحَقِّهِ: حق مار لینا (..... وَلَعَانًا وَلُعَانًا) دوڑنے میں ہلکا پھلکا ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِيْ مَا وَلَعَهُ" مجھے نہیں معلوم اس کو کس چیز نے روکا۔
وَلِعَ يَوْلَعُ ويَلَعُ وَلَعًا ووُلُوْعًا وأُوْلِعَ إِيْلَاعًا وتَوَلَّعَ بِهِ: بہت محبت کرنا۔ شیفتہ ہونا۔ بہت کرویدہ ہونا۔ وُلِعَ بِهِ: بھڑکایا جانا۔
وَلَّعَ الثَّوْرُ: بیل کے چتکبرے رنگ کا لمبا ہونا..... جَسَدَهُ: سفید داغ والا بنانا..... فُلَانًا: بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے "اِتَّلَعَ فُلَانًا وَالِعَةً" یعنی اس کا حال مجھ سے مخفی ہے مجھے نہیں معلوم کہ وہ مر گیا یا زندہ ہے۔
اِبْتَلَعَ فُلَانٌ قَلْبِيْ: دل نکال لینا۔
الوَلْع: مص۔ جھوٹ۔
الوَالِع: فا۔ جھوٹا ج وَلَعَةٌ مؤنث وَالِعَةٌ کہا جاتا ہے "وَلَعٌ وَالِعٌ" بڑا جھوٹ۔
الوَلِع والوَلُوْع واللَّاعَة: بہت محبت اور تعلق والا۔
الوُلَعَة: لایعنی باتوں کا گرویدہ۔
الوَلِيْع: کھجور کا شگوفہ نا شگفتہ واحد وَلِيْعَةٌ.
الْمُوَلَّع: مفع۔ برص کی بیماری والا۔ الْمُوَلَّع مِنَ الدَّوَابِّ: وہ چوپایہ جس کے بدن پر سیاہ سفید کے علاوہ اور مختلف رنگ ہوں۔
الْمُوْتَلَعُ الْقَلْبِ والْمُتَلِّعُ الْقَلْبِ: آشفتہ دل۔
وَلَغَ يَلِغُ ووَلِغَ يَلِغُ ويَوْلَغُ ويَالَغُ وَلَغًا ووُلُوْغًا ووَلَغَانًا الْكَلْبُ الْإِنَاءَ وَفِي الْإِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔ اطراف زبان سے پینا۔
اَوْلَغَ إِيْلَاغًا الْكَلْبَ: کتے کو پلانا۔
الوَلْغَة: اسم مرة۔ چھوٹی ڈولچی۔
الْمِيْلَغ والْمِيْلَغَة: برتن جس میں کتا منہ ڈال دے یا جس میں پانی پلایا جائے۔ ج مَيَالِغ.
الْمُسْتَوْلِغ مِنَ النَّاسِ: ننگ و عار کی پروا نہ کرنے والا۔
وَلَفَ يَلِفُ وَلْفًا ووِلَافًا والَافًا ووَلِيْفًا الْبَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا (..... وَلِيْفًا) الْقَوْمُ: اکٹھے آنا۔
وَالَفَهُ وِلَافًا ومُوَالَفَةً: محبت کرنا۔ اپنی کسی کی طرف نسبت کرنا اور متصل ہونا۔
تَوَالَفَ مُوَالَفَةً ووِلَافًا (نادر) الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے سے اُلف و محبت کرنا۔
الوِلْف: ساتھی۔ دوست۔

marfat.com
Marfat.com

الوَلِيف والوَلُوف: لگاتار چمکنے والی بجلی۔
الولاف والوَلِيف: مص۔ایک قسم کی دوڑ جس میں ٹانگیں یکبارگی زمین پر پڑتی ہیں۔
وَلَقَ يَلِقُ وَلْقًا فِي السَّيْرِ: جلدی چلنا.....ہٗ بِالرُّمْحِ: ہلکا نیزہ مارنا.....ہٗ بِالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا.....الحَدِيْثُ: پھیلانا۔گھڑنا.....عَيْنَه: آنکھ پر مار کر چھوڑ دینا.....فِيْ كَذِبِهٖ او سَيْرِهٖ: لگاتار جھوٹ بولنا یا ہمیشہ چلنا۔
اُوْلِقَ اِيْلَاقًا واُلِقَ اَلَقًا: پاگل ہونا۔صفت مَالُوق ومُأْوَلَق.
الوَلَقى: اونٹنی کی ایک تیز دوڑ۔کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ وَلَقى" تیز رفتار اونٹنی۔
الوَلِيقَة: ایک قسم کا کھانا جو آٹا' دودھ اور گھی سے تیار ہوتا ہے۔
الاَوْلَق: پاگل پن۔
اَوْلَمَ اِيْلَامًا: ولیمہ کرنا.....فُلَانٌ: خلقت میں یا اخلاق وعقل میں کامل ہونا۔
اَلْوَلْم والوَلَم: بند۔زین یا کجاوہ کا تنگ۔
الوَلْمَة: تمامی۔کسی چیز کا اجتماع۔
الوَلِيمَة: شادی کی خوشی کا کھانا۔ج وَلَائِم.
تَوَلَّنَ الرَّجُلُ: مصائب کی وجہ سے چیخ پڑنا۔
وَلَهُ يَلِهُ ويَوْلَهُ وَلَهًا وتَوَلَّهَ واتَّلَهَ: بہت زیادہ غمگین ہونا یہاں تک کہ عقل زائل ہونے کے قریب ہو جائے شدتِ غم کی وجہ سے متحیر ہونا۔صفت مذکر وَالِهٌ وآلِهٌ وَلْهَان: وصفت مؤنث وَالِهَةٌ والِهَةٌ ووَلْهَى وَلَهَ الصَّبِيُّ اِلَى اُمِّهٖ: بچے کا گھبرا کر ماں کے پاس جانا.....الاُمُّ اِلَى وَلَدِهَا: مشتاق ہونا۔
مِنْهُ: خوف کرنا۔
وَلَّهَ الرَّجُلَ: شدت غم میں ڈالنا.....المَرْأَةُ: عورت اور اس کے بچے میں جدائی کر دینا (..... واَوْلَهَ) الحُزْنُ او الوَجْدُ فُلَانًا: سرگشتہ وحیران بنا دینا۔
اِتَّلَهَ النَّبِيْذُ فُلَانًا: مدہوش کر دینا۔عقل زائل کر دینا۔
اِسْتَوْلَهَ اِسْتِيْلَاهًا: بدحواس ہونا۔

مَاءٌ مُوْلَهٌ ومُوْلِهٌ: بیابان کی طرف چھوڑا ہوا پانی۔المُوْلَهَة: مکڑی۔
المِيْلَهَة: حیرانی وپریشانی میں ڈالنے والا بیابان۔
المِيْلَاهَ: تیز ہوا۔اِمْرَأَةٌ مِيْلَاه: بچے کی موت کی وجہ سے بہت جزع فزع کرنے والی عورت۔ج مَوَالِيْه.
وَلْوَلَتْ وَلْوَلَةً ووَلْوَالًا المَرْأَةُ: واویلا کرنا۔چیخنا۔وَلْوَلَتِ القَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا۔
الوَلْوَال: شدتِ غم۔نرالو۔
وَلِيَ ووَلِيَ يَلِي وَلْيًا فُلَانًا: قریب ہونا۔متصل ہونا (باب ضرب سے قلیل الاستعمال ہے) بغیر فصل کے پیچھے پیچھے چلنا۔کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ مِمَّا يَلِيْهِ".
وَلِيَ يَلِي وَلَايَةً ووَلَايَةً الشَّيْءُ وعَلَى الشَّيْءِ: والی ہونا۔متصرف ہونا.....الرَّجُلُ عَلَيْهِ: مدد کرنا.....البَلَدَ: قابض ومتصرف ہونا(..... وَلَايَةً) الرَّجُلَ محبت کرنا۔
وَلِيَ المَكَانُ: موسم بہار کی بارش سے سیراب ہونا۔
وَلَّى تَوْلِيَةً فُلَانًا الاَمْرَ: والی مقرر کرنا۔
وَلَّاهُ كَذَا: کسی کے پیچھے کرنا۔وَلَّاهُ ظَهْرَهٗ: اپنے پیٹھ کے پیچھے کرنا۔وَلَّى الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ: اعراض کرنا۔دور ہونا۔وَلَّى هَارِبًا: پیٹھ دے کر بھاگنا۔وَلَّى الرُّطْبُ: خشک ہونے لگنا۔عَنْ زَيْدٍ بِوُدِّهٖ: دوستی کا بدل جانا۔
اَوْلَى اِيْلَاءً فُلَانًا الاَمْرَ: والی مقرر کرنا۔
.....ہٗ مَعْرُوْفًا: کسی پر احسان کرنا۔اور اسی سے ہے جو تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَوْلَاهُ لِلْمَعْرُوْفِ" وہ کتنا فیاض ہے (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ ثلاثی مزید سے یہ صیغہ نہیں آتا) اَوْلَاهُ عَلَى اليَتِيْمِ: وصیت کرنا۔
وَالَى وِلَاءً ومُوَالَاةً الرَّجُلَ: دوستی کرنا۔مدد کرنا.....الشَّيْءُ: لگاتار کرنا.....الغَنَمَ:

تَوَلَّى تَوَلِّيًا الاَمْرَ: ذمہ داری لینا۔کسی کے کام کے لئے مستعد ہونا.....فُلَانًا: ولی مقرر کرنا.....عَنْهُ: اعراض کرنا اور چھوڑ دینا
تَوَلَّى هَارِبًا: پیٹھ دے کر بھاگنا.....الشَّيْءُ: کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا.....الرُّطَبُ: خشک ہونے لگنا.....عَلَى بِوُدِّهٖ: دوستی کا بدل جانا۔
تَوَالَى تَوَالِيًا: پیاپے ہونا۔اور کہا جاتا ہے "تَوَالَتِ الغَنَمُ عَنِ المَعْزِ" بھیڑیں بکریوں سے جدا ہو گئیں۔
اِسْتَوْلَى اِسْتِيْلَاءً عَلَيْهِ: غالب ہونا۔قدرت یافتہ ہونا.....عَلَى الغَايَةِ: انتہا کو پہنچنا.....عَلَى الشَّيْءِ: قابض ہونا۔
الوَلْي: مص۔قرب۔نزدیکی۔بارش بہار کے بعد دوسری بارش (پہلی بارش کو وَسْمِي کہتے ہیں) اور کہا جاتا ہے "دَارُهٗ وَلْيُ دَارِيْ" اس کا گھر میرے گھر کے قریب ہے۔
الوَلَاء: محبت۔دوستی۔نزدیکی وقرابت۔مدد۔ملکیت۔الوَلَاء: میراث جو آزاد کردہ غلام سے یا عقد مولاۃ کی وجہ سے حاصل ہو اور کہا جاتا ہے "جَاءُوْا وَلَاءً اَوْ عَلَى وَلَاءٍ" وہ لوگ پے بہ پے آئے۔
الوَلِيُّ ج اَوْلِيَة: بہار کی بارش کے بعد دوسری بارش ج اَوْلِيَاء: محبت کرنے والا۔دوست۔مددگار۔پڑوسی۔حلیف۔تابع۔داماد۔ہر وہ شخص جو کسی کے کام کا منتظم ہو۔کہا جاتا ہے "اللّٰهُ وَلِيُّكَ" اللہ تمہارا حافظ ومددگار ہے۔"وَالمُؤْمِنُ وَلِيُّ اللّٰهِ" یعنی مومن اللہ تعالیٰ کا مطیع وفرمانبردار ہوتا ہے۔
وَلِيُّ العَهْدِ: وارث تخت وتاج۔وَلِيُّ اليَتِيْمِ: یتیم کا والی۔
الوِلَايَة: مص۔وہ بلاد جن پر ایک حاکم قابض ہو۔ج وَلَايَات.
الوِلَايَة: حکومت۔امارت۔سلطنت۔وہ ممالک جن پر ایک حاکم قابض ہو۔الوِلَايَة والوَلَايَة والوَلَاءَة: رشتہ داری۔اور کہا جاتا ہے "قُسِمَ عَلَى وَلَايَةِ او وِلَايَةٍ

marfat.com
Marfat.com

وَاحِدَةً" وہ لوگ میری مدد میں اکٹھے ہیں یا وہ سب میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔
الوَلِيَّة: ولی کا مؤنث۔ نزدیکی، عرق گیرج
وِلَايَات وَوَلَايَا. دَارٌ وَلِيَّة: نزدیک کا گھر۔
الوَالِي: فا۔ وَالِي البَلَدِ: حاکم شہر۔ ج وُلَاة.
الأَوْلَى: زیادہ حقدار۔ زیادہ لائق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَوْلَى بِكَذَا" وہ اس کا زیادہ حقدار ہے۔ تثنیہ أَوْلَيَانِ ج الأَوْلَوْنَ والأَوَالِي: مؤنث الأُولَيَانِ تثنیہ الأُولَيَانِ ج الأُولَى والأُولِيَات "وَأَوْلَى لَكَ" دھمکی اور وعید کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور مقصد یہ ہے کہ شر تمہارے قریب ہے بچو۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اس کے معنی الوَيْلُ لَكَ يَا أَوْلَاكَ اللّٰهُ مَا تَكْرَهُ" کے ہیں۔ اس صورت میں لام زائدہ ہے اور ایسا ہی "أَوْلَى لِي وَأَوْلَى لَهُ" کہا جاتا ہے۔
المَوْلَى: مالک و سردار۔ غلام۔ آزاد کرنے والا۔ آزاد شدہ۔ انعام دینے والا۔ جس کو انعام دیا جائے۔ محبت کرنے والا۔ ساتھی۔ حلیف۔ پڑوسی۔ مہمان۔ شریک۔ بیٹا۔ چچا کا بیٹا۔ بھانجا۔ چچا۔ داماد۔ رشتہ دار۔ ولی۔ تابع ج المَوَالِي اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَمَوْلَى عَلَيْنَا" وہ ہمارا سردار بننا چاہتا ہے۔
المَوَالِيَا: ایک قسم کے اشعار جن کو گایا کرتے تھے اور جن کے آخر میں یا موالیا کہا کرتے تھے اور اپنے سرداروں کی طرف اشارہ کرتے تھے (اور عوام مَوَّال: کہتے ہیں ج مَوَاوِيل)
المَوْلِيُّ: بچہ جس پر ولی مقرر کیا گیا ہو۔ مؤنث مَوْلِيَّة.
المَوْلَوِيُّ: مولی کی طرف منسوب عِنْدَ المُسْلِمِينَ: زاہد۔
المَوْلَوِيَّة: ایک قسم کی لمبی ٹوپی جس کو فرقہ مَوْلَوِيَّة کے لوگ پہنا کرتے تھے اور کہا جاتا ہے "فِيهِ مَوْلَوِيَّة" اس میں سرداروں کی مشابہت ہے۔

المُمَاوَلِي: فا۔ ج مُمَاوِلَة: شیوں کی جماعت۔
وَمَا بِمَا وَمَأً وَمَا تَوْمِنَةً و تَوْمَأً إِيمَاءً بِحَاجِبِهِ او يَدِهِ او غَيْرِ ذٰلِكَ: اشارہ کرنا۔
وَامَأَ مُوَامَأَةَ الرَّجُلُ: وَاءَمَ: میں ایک لغت ہے۔
المُومَا إِلَيْهِ: جس کی طرف اشارہ کیا جائے مذکورہ بالا کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔
الوَمْحَة: دھوپ کا اثر۔
وَمِدَت تَوْمَدُ وَمَدًا اللَّيْلَةُ: گھٹن کے ساتھ تیز گرمی والی ہونا۔ صفت وَمِدٌ وَمِدَةٌ وَمِدَ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَمِدٌ عَلَيْهِ" وہ اس پر غضبناک ہے۔
الوَمَدَة: رات کی تیز گرمی۔
الوِمْدَة: خالص سپیدی۔
وَمَزَ يَمِزُو مَزًا بِأَنْفِهِ: غصے سے نتھنے پھلانا۔
تَوَمَّزَ: اٹھنے کا ارادہ کرنا۔
وَمَسَ يَمِسُ وَمْسًا الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: رگڑنا یہاں تک کہ چھلکا جدا ہو جائے۔
أَوْمَسَتِ المَرْأَةُ: بدکار ہونا۔ أَوْمَسَ العِنَبُ: پکنے کے لئے نرم ہونا۔
المُومِسُ والمُومِسَة: بدکار و فاجرہ عورت ج مُومِسَات ومَوَامِس ومَوَامِيس ومَيَامِس ومَيَامِيس.
الوَمْشَة: بدنِ انسانی پر سفید تل۔
وَمَضَ يَمِضُ وَمْضًا ووَمِيضًا ووَمَضَانًا البَرْقُ: آہستہ چمکنا۔ صفت وَامِض.
أَوْمَضَ إِيمَاضًا البَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا ..... الرَّجُلُ: رمز سے اشارہ کرنا۔ بجلی یا آگ کی چمک دیکھنا۔ مسکرانا۔ أَوْمَضَتِ المَرْأَةُ بِعَيْنِهَا: عورت کا دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا۔
الوَمْطَة: تھکن سے زمین پر گرنا۔
الوَمْعَة: بارش کی بوچھاڑ۔
الوَمْعَة: لمبا بال۔
وَمِقَهُ يَمِقُهُ مِقَةً ووَمْقًا: محبت کرنا

وَامَقَهُ وِمَاقًا ومُوَامَقَةً: ایک دوسرے سے محبت کرنا۔
تَوَامَقَ الرَّجُلَانِ: باہم محبت کرنا۔
تَوَمَّقَهُ: دوستی کرنا۔
الوَمِيق والمَوْمُوق: محبوب۔
الوَمَكَة: فراخی و کشادگی۔
وَمِمَهُ يَوْمَهُ وَمْهًا النَّهَارُ: دن کا سخت گرم ہونا۔
تَوَمَّنَ الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔
وَمَى تَوْمِيَةً بِالشَّيْءِ: لے جانا۔
اِسْتَوْمَى عَلَيْهِ: غالب ہونا (مانند اِسْتَوْلَى عَلَيْهِ)
المَوْمَاة والمَوْمَاء: بیابان ج المَوَامِي.
الوَنُّ: کمزوری۔ چنگ کہ جس کو انگلیوں سے بجاتے ہیں (دخیل)
وَنَبَهُ: جھڑکنا۔ سرزنش کرنا۔
الوَنْج: ایک قسم کا بربط۔ (دخیل)
وَانَحَهُ مُوَانَحَةً: موافقت کرنا۔
وَنَمَ يَنِمُ وَنْمًا ونِيمًا الذُّبَابُ: مکھی کا بیٹ کرنا۔
الوَنَمَة والوَنِيم: مکھی کی بیٹ۔
وَنَى يَنِي ووَنِيَ يَوْنِي ونْيًا ووَنِيًّا ووِنَاءً ووِنْيَةً وِنِيَةً ووَنًى: سست ہونا۔ کمزور ہونا۔ تھکنا۔ صفت وَانٍ مؤنث وَانِيَة..... هُ: چھوڑنا..... عَنْ كَذَا: مہمل چھوڑ دینا..... الكَمَّ: سمیٹنا..... السَّحَابَةُ: برسانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَنِي يَفْعَلُ كَذَا" فلاں ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔
وَنَّى تَوْنِيَةً: عمل میں سستی کرنا۔
أَوْنَى إِيْنَاءً الرَّجُلَ: تھکانا۔ کمزور کرنا۔
تَوَانَى تَوَانِيًا فِي حَاجَتِهِ: سستی کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ اہتمام نہ کرنا۔
الوَنَاء: سستی۔
اِمْرَأَةٌ وَنَاةٌ وَانَاةٌ وَانِيَةٌ: سست حرکات والی عورت۔
الوَنُوَّة: عقل کی کمزوری۔
الوَنَاة والوَنِيَّة: مروارید۔ موتی۔

marfat.com
Marfat.com

الوَانِی :فا۔کمزور بدن والا۔نَسِیْمٌ وَانٍ: نرم نرم چلنے والی ہوا۔
الوَانِیُّ :موتی۔
المِیْنَا والمِیْنَاء :بندرگاہ۔اور "مِیْنَاءُ السَّاعَة" گھڑی کے ڈائل کو کہتے ہیں۔
وَهَبَ یَهَبُ وَهْبًا ووَهَبًا وَهِبَةً المَالَ فُلانًا ولِفُلانٍ :ہبہ کرنا (بعضوں نے کہا ہے کہ وَهَبَ دو مفعول کی طرف متعدی بنفسہ نہیں ہوتا مگر اس وقت کہ جَعَلَ کے معنی کو متضمن ہو) اور کہا جاتا ہے "هَبْنِیْ فَعَلْتُ کَذَا" فرض کرو کہ میں نے ایسا کیا (هَبْ اَنِّیْ فَعَلْتُ کَذَا نہیں کہا جاتا) اور اس معنی میں صرف امر ہی کا صیغہ مستعمل ہے (..... ووَهَبَ یَهِبُ) الرَّجُلَ :داد و دہش میں غالب ہونا۔
وَاهَبَهُ مُوَاهَبَةً: ہبہ کرنے میں مقابلہ کرنا۔
اَوْهَبَ اِلَیْهَا الاَمْرَ لِفُلانٍ: تیار کرنا۔
.....الشَّیْءُ لِفُلانٍ :لینے کے لئے ممکن ہونا۔
الشَّیْءَ لَهُ :زیادہ و بکثرت ہونا یہاں تک کہ اسی میں سے ہبہ کرے۔اور کہا جاتا ہے "اَوْهَبْتُ لِکَذَا" یعنی میں اس پر قادر ہوا۔
تَوَاهَبَ القَوْمُ: بعض کا بعض کو ہبہ کرنا۔
اِتَّهَبَ اِتِّهَابًا الهِبَةَ: ہبہ قبول کرنا۔
اِسْتَوْهَبَ اِسْتِیْهَابًا الهِبَةَ: ہبہ طلب کرنا
.....فُلانًا ومِنْ فُلانٍ الهِبَةَ :ہبہ کرنے کی درخواست کرنا۔
الهِبَة: مص۔کسی کو کسی چیز کا بغیر عوض کے مالک بنانا۔ہبہ کی ہوئی چیز ج هِبَات.
الوَهَّاب والوَهَّابَة والوَهُوْب :بہت ہبہ کرنے والا۔
المَوْهِب والمَوْهِبَة.وَهَبَ: کا اسم ہے۔
المَوْهِبَة والمَوْهَبَة :عطیہ۔ہبہ کی ہوئی چیز۔چھوٹا سا تالاب جیسے "هُوَ اَشْهٰی مِنْ مَاءٍ مَوْهِبَةٍ عَلٰی خَمْرٍ" وہ تالاب کے پانی سے شراب کا زیادہ راغب ہے ج "مَوَاهِب. المَوْهَبَة" پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔

وَهَتَ یَهِتُ وَهْتًا الشَّیْءُ :دبانا۔سخت روندنا۔
اَوْهَتَ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
الوَهْتَة: پست زمین۔ج وَهْتٌ.
لَحْمٌ مُوْهِتٌ: بدبودار گوشت۔
وَهَتَ یَهِتُ وَهْتًا وهِتَةً فِی الشَّیْءِ :مشغول ہونا.....الشَّیْءُ: سخت روندنا۔
تَوَهَّتَ تَوَهُّتًا فِی الاَمْرِ: خوب غور کرنا۔
وَهَجَتْ تَهِجُ وَهْجًا ووَهِیْجًا ووَهَجَانًا النَّارُ او الشَّمْسُ: آگ بھڑکنا۔آفتاب روشن ہونا۔
اَوْهَجَ النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
تَوَهَّجَ: بھڑکنا.....الحَرُّ: گرمی سخت ہونا۔
یَوْمٌ وَهَّاجٌ: سخت گرمی والا ہونا.....الجَوْهَرُ: چمکنا
.....رَائِحَةُ الطِّیْبِ: بھڑکنا۔خوشبو پھیلنا۔
الوَهَج: آگ کی بھڑک یا آفتاب کی چمک۔آفتاب کی یا آگ کی گرمی جو دور سے محسوس ہو وَهَجُ الطِّیْبِ خوشبو کی بھڑک۔
یَوْمٌ وَهْجَانٌ ووَهِجٌ: سخت گرم دن۔
الوَهَّاج :سخت بھڑکنے والا۔نَجْمٌ وَهَّاج: روشن ستارہ۔اور ایسا ہی سِرَاجٌ وَهَّاجٌ.
وَهَّدَلَهُ الفِرَاشَ: بچھونا بچھانا۔
تَوَهَّدَ الفِرَاشُ: بچھنا۔
الوَهْد: پست زمین ج اَوْهُد ووُهْدَان اور کہا جاتا ہے "مَکَانٌ وَهْدٌ" پست جگہ۔
الوَهْدَة :پست زمین۔گڑھا۔ج وِهَاد ووُهُد.
وَهَرَهُ یَهِرُهُ وَهْرًا ووَهَّرَهُ :سخت مشکل میں پھنسا دینا۔
تَوَهَّرَ اللَّیْلُ او الشِّتَاءِ :رات یا سردی کا اکثر حصہ گزر جانا.....هُ فِی الکَلامِ: گفتگو میں ایسی چیز کی طرف مجبور کرنا جس سے حیرانی ہو۔
اِسْتَوْهَرَ واسْتَیْهَرَ اِسْتِیْهَارًا بِهِ: یقین کرنا۔
الوَهْر :دھوپ کا زمین پر اس طرح تیزی
.....[illegible]

اضطراب ظاہر ہو۔
لَهَبٌ وَاهِرٌ: بھڑک دار شعلہ۔
الوَهْرَةُ :ایسی مشکل میں پھنسنا جس سے رہائی نہ ہو۔
الوَهْرَان: ڈرنے والا۔
وَهَزَهُ یَهِزُهُ وَهْزًا: روندنا۔ہاتھ سے مارنا یا ہٹانا۔وَهَزَهُ عَلٰی کَذَا :برانگیختہ کرنا۔وَهَزَ الشَّیْءَ :توڑنا.....القَمْلَةَ بَیْنَ اَصَابِعِهِ: جوں کو انگلیوں کے درمیان مار ڈالنا۔
وَهَّزَهُ: بوجھل کرنا۔
تَوَهَّزَ :سخت روندنا۔بوجھل چال سے چلنا۔
تَوَهَّزَ خَلْفَ فُلانٍ: کودنا اور کہا جاتا ہے "مَرَّ یَتَوَهَّزُ" وہ گزرا اس حال میں کہ زمین کو سخت دباتا ہوا چلتا ہے۔
الوَهِز: مص۔پستہ قد مضبوط بدن والا۔
الوَهَّازَة: شرمیلی عورت کی چال۔
الاَوْهَز: اچھی چال والا۔
المُوَهِّز والمُوَهِّز: سخت روندنے والا۔
وَهَسَ یَهِسُ وَهْسًا الشَّیْءَ :توڑنا۔سخت روندنا.....الرَّجُلُ: تیز چلنا.....فِی الاَمْرِ: حیلہ کرنا.....عَلٰی قَوْمِهِ :ظلم کرنا۔دست درازی کرنا۔
وَاهَسَ مُوَاهَسَةً: تیز چلنا.....فُلانًا: جھگڑا کرنا۔
تَوَهَّسَ وتَوَاهَسَ :بوجھل چال چلنا۔تیز چلنا۔تَوَهَّسَتِ الاِبِلُ :اونٹوں کا اچھی چال چلنا اور کہا جاتا ہے "تَوَهَّسَ الاَرْضَ فِیْ مِشْیَتِهِ" اس نے اپنی چال میں زمین کو بہت دبایا۔
الوَهْس: مص۔برائی۔چغل خوری۔
الوَهْسَة: عام راستہ۔
الوَهَّاس: اسم مبالغہ۔شیر۔
وَهَصَ یَهِصُ وَهْصًا الشَّیْءَ الرَّخْوَ: نرم چیز کو توڑنا۔سخت روندنا۔سختی سے پھینکنا۔زمین پر پٹکنا.....الرَّاسَ: سر کچل دینا۔الحَیَوَانَ: جانور کو خصی کرنا۔
الوَهْصَة.وَهَصَ: کا اسم مرۃ۔پست زمین۔

marfat.com
Marfat.com

الوَهَّاص: بڑا دینے والا۔
المَوْهِص: پست زمین۔ روندنے یا توڑنے کی جگہ ج مَوَاهِص.
المَوْهُوص والمُوهَّصُ الخَلْقِ: گٹھے بدن والا۔
الوَهْصَة: پست زمین۔
وَهَصَهُ يَهِصُهُ وَهْصًا: توڑنا۔ روندنا۔ نیزہ مارنا۔ مارنا..... الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔
اَوْهَصَهُ: کمزور کرنا۔ مار کر ست کرنا۔ پچھاڑنا۔ مصیبت میں ڈالنا۔ اَوْهَصَ جَنَاحَ الطَّائِرِ: پرندہ کا بازو توڑ دینا۔
تَوَهَّصَ: ٹوٹنا۔ روندا جانا..... الفِرَاشُ: بچھانا .....فِي الطِّيْنِ: نرم مٹی میں غائب ہونا۔
الوَهْط: مص۔ لاغری۔ جماعت ج اَوْهَاط کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ اَوْهَاط" ان کے درمیان جھگڑا اور شور وغل ہے۔
الوَهْطَة: پست زمین ج وَهْط ووِهَاط.
وَهَفَ يَهِفُ وَهْفًا ووَهِيْفًا اِلٰى كَذَا: قریب ہونا..... النَّبَاتُ: سبزا ورچنے والا ہونا..... لَهُ شَيْءٌ مِنَ الدُّنْيَا: سامنے آنا۔ ظاہر ہونا (..... وَهْفًا ووِهَافَةً) النَّصْرَانِيُّ: گرجا کی خدمت کے لئے مستعد ہونا۔
اَوْهَفَ اِيْهَافًا الشَّيْءُ اِلٰى كَذَا: قریب ہونا۔ اَوْهَفَ لَهُ الشَّيْءُ: سامنے آنا۔ ظاہر ہونا۔
الوَاهِف: فا۔ گرجا کا خادم یا منتظم۔
الوِهَافَة والوُهْفِيَّة: گرجا کی خدمت۔
وَهَقَ يَهِقُ وَهْقًا الدَّابَّةَ: جانور کی گردن میں رسّی ڈالنا..... هُ عَنْ كَذَا: روکنا۔ باز رکھنا۔ کہا جاتا ہے "وَالْقَلْبُ عِنْدَ كُمْ مَوْهُوْق" دل تم لوگوں کے پاس اٹکا ہوا ہے۔
وَاهَقَ مُوَاهَقَةً والبَعِيْرُ البَعِيْرَ: چلنے میں گردن لمبی کر کے ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
اَوْهَقَ الدَّابَّةَ: جانور کی گردن میں رسی ڈالنا۔
تَوَهَّقَ الحَصٰى: کنکریوں کا دھوپ سے گرم ہونا..... فُلَانًا فِي الكَلَامِ: گفتگو میں ایسی چیز کی طرف مجبور کرنا جس سے حیرانی ہو۔
تَوَاهَقَ القَوْمُ فِي الْاَمْرِ: برابر ہونا یا مقابلہ کرنا۔ تَوَاهَقَتِ الْاِبِلُ: چلنے میں گردن لمبی کر کے مقابلہ کرنا..... السَّاقِيَانِ: مقابلہ کرنا۔
الوَهْق الوَهَق: رسی کہ جس کے ایک طرف پھندا ہوتا ہے اور جس کو جانور کی گردن میں ڈالتے ہیں ج اَوْهَاق.
وَهَلَ يَهِلُ ويَوْهَلُ وَهْلًا اِلَى الشَّيْءِ: ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ نہ ہو۔
وَهِلَ يَوْهَلُ وَهْلًا: کمزور ہونا۔ گھبرانا۔ صفت وَهِلٌ. وَهَلَ اِلَيْهِ: فریاد طلب کرنا۔ پناہ لینا..... فِي الْاَمْرِ وعَنْهُ: غلطی کرنا۔ بھولنا۔
وَهَّلَهُ: خوف دلانا۔ گھبرا دینا۔
تَوَهَّلَهُ: غلطی میں ڈالنا۔
الوَهَل والوَهْلَة: گھبراہٹ۔ خوف۔ ڈر۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ اَوَّلَ وَهْلَةٍ او وَهَلَةٍ او وَاهِلَةٍ: میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی۔
وَهَمَ يَهِمُ وَهْمًا فِي الشَّيْءِ: ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ نہ ہو..... الشَّيْءَ: خیال کرنا۔ تصور کرنا۔
وَهِمَ يَوْهَمُ وَهَمًا فِي الْحِسَابِ: غلط کرنا۔ بھولنا۔
وَهَّمَهُ: وہم میں ڈالنا۔
اَوْهَمَ اِيْهَامًا: وہم میں پڑنا..... هُ: وہم میں ڈالنا..... فُلَانًا بِكَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا..... كَذَا مِنَ الْحِسَابِ: غلطی کرنا..... الشَّيْءَ: کل چھوڑ دینا۔
اَتْهَم: تہامہ میں داخل ہونا۔ اَتْهَمَهُ بِكَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا (یہ عوام کی بول چال میں ہے فصیح اِتَّهَمَهُ ہے)
اِتَّهَمَهُ بِكَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا..... هُ فِي قَوْلِهٖ: سچائی میں شک کرنا۔ اِتَّهَمَ الرَّجُلُ: بدنام ہونا۔ متہم ہونا۔
تَوَهَّمَ الْاَمْرَ: خیال کرنا۔ گمان کرنا۔ تَوَهَّمَ فِيْهِ الخَيْرَ: کسی کے اندر خیر کا اندازہ کرنا۔
الوَهْم: مص۔ دل میں جو خطرہ گزرے۔ ج اَوْهَام: قوتِ وہمیہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ قوت وہمیہ اس حس باطنی کو کہتے ہیں جس کا کام معانی جزئیہ کا ادراک کرنا ہے جن کا تعلق محسوسات سے ہے جیسے زید کی شجاعت۔ سخاوت۔ بکری کی بزدلی۔ ماں کی محبت وغیرہ..... کشادہ راستہ۔ بڑا مرد۔ مضبوط موٹا سدھا ہوا اونٹ۔ ج اَوْهَام ووُهُم ووُهُوم کہا جاتا ہے "لَا وَهْمَ مِنْ كَذَا" اس سے کوئی چارہ نہیں۔
الوَهْمَة: موٹی اونٹنی۔
الوَاهِمَة: قوت وہمیہ۔
الوَهْمِيُّ: وہم والا۔
التُّهَمَة والتُّهْمَة. اِتِّهَام: کا اسم۔ تہمت۔ شک۔ ج تُهَم وتُهَمَات.
التَّهِيْم: جس پر تہمت لگائی جائے۔
المَوْهُوْم مِنَ الْاَشْيَاءِ: وہم کیا ہوا۔ تصور کیا ہوا۔ خیال کیا ہوا۔
وَهَنَهُ يَهِنُهُ وَهْنًا واَوْهَنَهُ: کمزور کرنا۔ وَهَنَ وَاَوْهَنَ الرَّجُلُ: آدھی رات میں داخل ہونا۔
وَهَنَهُ: کمزور کرنا۔
وَهَنَ ووَهِنَ يَهِنُ ووَهُنَ يَوْهُنُ وَهْنًا ووَهَنًا ووَهِنَ يَوْهَنُ وَهَنًا: کام میں ست ہونا۔ کمزور ہونا۔
تَوَهَّنَ البَعِيْرُ: لیٹنا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا زیادہ کھانے سے اڑ نہ سکنا۔
الوَهْن: مص..... مِنَ الرِّجَالِ او الْاِبِلِ: موٹا پستہ قد..... مِنَ اللَّيْلِ: آدھی رات یا اس کے کچھ بعد (..... والوَهَن) کام میں سستی۔ بدن میں کمزوری۔
الوَهُوْن: کمزور۔
الوَاهِن: فا۔ کمزور۔ کندھے کی ایک رگ کا نام۔
الوَاهِنَة. واهِن: کا مؤنث۔ کمزوری۔

marfat.com
Marfat.com

بازو۔ گردن کا مہرہ۔ ریاح جو بڑھاپے کے وقت کندھوں میں یا بازو میں یا ان دو رگوں میں جن کا نام اَخْدَعَان ہے پیدا ہو جاتی ہے۔ سب سے نیچے کی پسلی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَشَدِيْدُ الوَاهِنَتَيْنِ" وہ مضبوط سینہ والا ہے۔

الوَهْنَانَةُ مِنَ النِّسَاءِ: ناز و نعمت کی وجہ سے کام میں سستی کرنے والی عورت۔

الوَهْنُ مِنَ اللَّيْلِ: آدھی رات یا اس کے کچھ بعد۔

الوَهُوْنُ: کمزور۔ مؤنث وَهُوْنَةٌ.

وَهَوَهَ وَهْوَهَةً فِيْ صَوْتِهٖ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے بڑبڑانا..... اَلْاَسَدُ فِيْ زَئِيْرِهٖ: شیر کا دھاڑنا۔ صفت وَهْوَاهٌ.

الوَهْوَاهُ والوَهْوَهُ مِنَ الْخَيْلِ: تیز و چست رَجُلٌ وَهْوَاهٌ: بزدل مرد۔

وَهَى وَوَهِيَ يَهِيْ وَهْيًا الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا..... الشَّيْءُ: بندش ڈھیلی ہونا۔ بوسیدہ ہونا۔ کمزور ہونا..... الحَائِطُ: دیوار کرنے کے قریب ہونا..... الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا ..... السَّحَابُ: بادل کا موسلا دھار برسنا۔

اَوْهَى اِيْهَاءً اُفْلَانًا: کمزور کرنا۔ سست کر دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَاَوْهَى يَدَهٗ" اس نے اسے مارا اور اس کے ہاتھ کو توڑ دیا۔

الوَهْيُ: مص۔ شگاف۔ پھٹن ج وُهِيٌ واَوْهِيَة.

الوَهِيَة: اسم مرۃ۔ شگاف۔

الوَاهِي اسم فاعل ج وَاهُوْن ووُهَاة: مؤنث وَاهِيَةٌ.

الوَهِيَّةُ: موتی۔ ذبح کرنے کے لئے موٹا اونٹ۔

الاُوْهِيَّة: پہاڑ کی چوٹی سے وادی تک کا فاصلہ۔

وَاهِ ووَاهَ ووَاهًا ووَاهًا لَهٗ وَبِهٖ: چیز کی خوبی کے لئے کلمہ تعجب گویا تم کہتے ہو "مَا اَطْيَبَهٗ" اور اظہار افسوس کے لئے بھی آتا ہے جیسے "وَاهًا عَلٰى مَافَاتَ".

وَىْ: کلمہ تعجب جیسے وَىْ لِزَيْدٍ یعنی زید سے مجھے تعجب ہے اور ڈانٹ ڈپٹ کے لئے بھی آتا ہے اور وَيْل سے کنایہ ہے تم کہتے ہو "وَىْكَ اِسْتَمِعْ قَوْلِيْ" تیرا برا ہو میری بات پر کان لگا۔ اور دھمکی کے لئے بھی مستعمل ہے جیسے وَىْ بِكَ يَا فُلَانُ.

وَيْبٌ: بمعنی ویل۔ کہا جاتا ہے "وَيْكَ ووَيْبٌ لَكَ ووَيْبٌ لِزَيْدٍ ووَيْبًا لَهٗ ووَيْبٍ لَهٗ ووَيْبِهٖ ووَيْبٍ غَيْرِهٖ: کسرہ اور ضمیر واسم ظاہر کی طرف اضافت کے ساتھ۔ ووَيْبَ زَيْدٍ: فتحہ اور اضافت کے ساتھ۔ ووَيْبٍ فُلَانٌ کسرہ اور رفع کے ساتھ۔ اور معنی ہر صورت میں ویل کے ہیں۔ یعنی اللہ اس کے لئے ویل لازم کرے اور ویب کا استعمال مقام تعجب میں بھی ہوتا ہے کہا جاتا ہے "وَيْبًا لِهٰذَا" یعنی اس کے لئے تعجب ہے۔

الوَيْبَة: بائیس یا چوبیس مد کا ایک پیمانہ ج وَيْبَات (مولدۃ) الوَيْبَة: مصیبت۔ بلا۔ رسوائی۔

وَيْح: کلمہ ترحم وتوجع۔ اور کبھی مدح اور تعجب کے موقع پر آتا ہے اور کہا گیا ہے کہ وَيْلٌ کے معنی میں ہے تم کہتے ہو "وَيْحٌ لِزَيْدٍ ووَيْحًا لِزَيْدٍ وَيْحَهٗ" رفع ابتدا کی وجہ سے ہے اور نصب اضمار کی فعل کی بنا پر۔ گویا کہ تم کہتے ہو اَلْزَمَهُ اللّٰهُ وَيْحًا.

الوَاحُ والوَاحَةُ: ریگستان میں سرسبز زمین ج الوَاحَات.

وَيْخٌ: بمعنی وَيْح.

وَيْس: بمعنی وَيْح اور اس کے احکام بھی وَيْح: کے احکام جیسے ہیں۔

الوَيْسُ: حجامی۔ ارادہ کی ہوئی چیز۔ نہ چاہی ہوئی چیز۔

وَيْک: کلمہ ہے جو وی اور کاف خطاب سے مرکب ہے۔

وَيْل تَوْيِيْلًا فُلَانًا وَلِفُلَانٍ: کسی کے لئے بہت ویل کہنا۔

تَوَيَّلَ: ویل کو پکارنا۔ يَاوَيْلَى: کہنا۔

تَوَايَلَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے لئے ویل ویل کہنا کہا جاتا ہے "هُمَا يَتَوَايَلَانِ.

الوَيْلُ: شر و برائی کا نزول۔ ہلاکت۔ جہنم کی ایک وادی کا نام کہا جاتا ہے "وَيْلَهٗ ووَيْلَكَ ووَيْلَى ووَيْلٌ لِزَيْدٍ ووَيْلًا لَهٗ" نصب اضمار فعل کی بنا پر رفع ابتدا کی وجہ سے جبکہ اضافت نہ ہو اور اضافت کی صورت میں صرف نصب ہی ہوگا۔ اس وجہ سے کہ اگر رفع دیں گے تو بلا خبر کے رہ جائے گا۔ کہا جاتا ہے "وَيْلٌ وَائِلٌ ووَيْلٌ ووَيْلٌ" یعنی بہت زیادہ ویل۔

الوَيْلَة: بلا رسوائی۔ ج وَيْلَات.

وَيْلُمِّهٖ: یہ مرکب کلمہ ہے اس کی اصل "وَيْلٌ لِاُمِّهٖ" ہے بمعنی بددعا کے پھر بعد میں تعجب اور استحسان کے موقع پر استعمال ہونے لگا مانند "قَاتَلَهُ اللّٰهُ" اور "لَا اَبَ لَكَ" کے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَيْلُمِّهٖ ووَيْلِمِّهٖ" ضمہ لام و کسرہ لام کے ساتھ بمعنی چالاک و تیز فہم مرد۔

الوَيْمَة: تہمت اور بقول بعض چغل خوری۔

الوَيْن: کالا انگور۔ عیب۔

الوَيْنَة: کالا خشک انگور۔

وَيْهَ ووَيْهِ ووَيْهَا: کلمہ تحریض واغراء ہے مفرد جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے یہی آتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ه

الهاء: یہ حروفِ تہجی میں چھبیسواں حرف ہے اور حروفِ حلقی سے ہے۔

ه: تین صورتوں میں مستعمل ہے۔

(۱) ضمیر غائب ہے۔ منصوباً و مجروراً۔ جیسے قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗ" اس سے اس کے ساتھی نے باہم بات کرتے ہوئے کہا اور یہ کسرہ یا یاء ساکنہ کے بعد ہو تو مکسور ہوتی ہے بشرطیکہ اس کے بعد الف نہ ہو اور اس کے علاوہ مضموم ہوتی ہے۔

(۲) حرفِ غیبت جیسے اِيَّاهُ کی هَا.

(۳) هَاءِ: سکتہ اور یہ حرکت یا حرف کے ظاہر کرنے کے لئے لاحق ہوتی ہے جیسے مَاهِيَهْ وَهَاهُنَاهْ. وَوَازِيْدَاهْ.

ها: اس کی بھی تین صورتیں ہیں۔

(۱) اسم فعل بمعنی خُذْ: جیسے "هَا الْكِتَابَ" کتاب لو۔ اس کے الف کو مدودہ کرنا بھی جائز ہے اور یہ ممدودہ مقصورہ کاف خطاب اور بغیر خطاب کے دونوں طرح مستعمل ہیں اور ممدودہ ہونے کی صورت میں کاف کو حذف کرنا بھی جائز ہے اس طرح پر کہ ہمزہ کی گردان کاف کی گردان کی طرح کریں اور کہیں هَاءَ مذکر کے لئے۔ هَاءِ مؤنث کے لئے وهَاؤُم جمع مذکر کے لئے۔ هَاؤُمَا تثنیہ مذکر و مؤنث کے لئے هَاؤُن جمع مؤنث کے لئے۔

(۲) مؤنث کی ضمیر منصوب جیسے ضَرَبَهَا اور مجرور جیسے كِتَابُهَا. هَا: ضمیر ہے اور الف علامت تانیث۔

(۳) تنبیہ کے لئے اور اس کی چار صورتیں ہیں۔

(الف) اشارہ سے پہلے جیسے: هٰذَا وهٰذَاكَ۔

(ب) ضمیر مرفوع جیسے "هَا أَنْتُمْ هٰؤُلَاءِ".

(ج) ای: کی صفت ندا کی صورت میں جیسے يَا أَيُّهَا الرَّجُلُ.

(د) قسم کی صورت میں لفظ اللہ سے پہلے حرف قسم کو حذف کرتے وقت جیسے "هَا اللّٰهِ".

هِيْ هِيْ: اسم صوت ہے جس سے اُونٹ کو چارہ کھلانے کے لئے بلاتے ہیں۔

هَاْهَاْ: اُونٹوں کو ڈانٹنے کی آواز۔

هَاْهَاْ هِنْهَاءً وَهَاهَاءً: ٹھٹھا مار کر ہنسنا۔ صفت هَاهَاْ وَهَاهَاءٌ ..... بالابِلِ: اونٹ کو چارہ کے لئے بلانا اور هِيْ هِيْ کہنا یا ڈانٹنا اور هَاْهَاْ کہنا اور اسم الهِيْ ہے۔

جَارِيَةٌ هَاْهَاءَة: بہت ٹھٹھا مار کر ہنسنے والی لڑکی۔

هٰؤُلَاءِ: ها کلمہ تنبیہ اور اُولَا: اسم اشارہ۔

هَبْ. وَهَبْ: اسے امر کا صیغہ ہے اور کہا جاتا ہے "هَبْنِيْ فَعَلْتُ" فرض کر کہ میں نے کیا اور یہ کلمہ امر کا ہے جو دو مفعولوں کو نصب دیتا ہے۔

هَبَّتِ (ن) هُبُوْبًا وهَبِيْبًا وهَبَّا الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا۔ هَبَّ الرَّجُلُ مِنَ النَّوْمِ: نیند سے بیدار ہونا..... النَّجْمُ: ستارہ کا طلوع ہونا۔

هَبَّ (ض) هَبًّا وهُبُوْبًا وهَبِيْبًا وهِبَابًا: چست و تیز رفتار ہونا۔ هَبَّ يَفْعَلُ كَذَا: وہ ایسا کرنے لگا اور کہا جاتا ہے "مِنْ أَيْنَ هَبَبْتَ" تم کہاں سے آئے (..... هَبًّا وهُبُوْبًا) السَّيْفُ: تلوار کا ہلنا..... فِي الْحَرْبِ: تلوار کھانا (..... هَبًّا وهَبَّةً وهِبَّةً). السَّيْفُ الشَّيْءَ: تلوار کا کسی چیز کو کاٹنا۔

هَبَّ (س) هَبَابًا: مدت تک غائب رہنا۔ کہا جاتا ہے "هَبَّ فُلَانٌ حِيْنًا ثُمَّ قَدِمَ" فلاں ایک مدت تک غائب رہا پھر آ گیا۔ "وَأَيْنَ هَبَبْتَ عَنَّا" تم ہم سے کہاں غائب رہے؟

هَبَّبَ تَهْبِيْبًا الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔

أَهَبَّهُ مِنْ نَوْمِهِ: نیند سے بیدار کرنا۔ أَهَبَّ السَّيْفَ. تلوار کو ہلانا..... الرِّيْحَ: ہوا کا چلانا۔

تَهَبَّبَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

اِهْتَبَّ الشَّيْءَ: کاٹنا۔

اِسْتَهَبَّ الرِّيْحَ: ہوا کا چلانا۔

الهِبَاب: ذرات جو دھوپ پڑنے پر روشن دان وغیرہ میں معلوم ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ هَبَائِبُ وهِبَبٌ وأَهْبَاب" پارہ پارہ شدہ کپڑا۔

الهَبَّة. هَبٌّ: کا اسم مرۃ۔ صبح کی باقی ماندہ ایک ساعت۔ زمانہ کی ایک مدت۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ هَبَّةً" میں نے اس کو ایک مرتبہ دیکھا "وَاحْذَرْ هَبَّةَ السَّيْفِ" تلوار کے چلنے سے بچو۔

الهِبَّة. هِبٌّ: کا اسم نوع۔ حال۔ کپڑے کا

marfat.com

Marfat.com

ایک ٹکڑا۔ تلوار کی کاٹ اور اس کا ہلنا۔ صبح کی باقی ماندہ ساعت ۔ زمانہ کی ایک مدت۔

الْهَبُوْبُ والْهَبُوْبَة والْهَيْبُ. مِنَ الرِّيَاحِ: گرد وغبار اڑانے والی ہوا۔

الْهَبَّاب: بہت گرد وغبار اُڑانے والی ہوا۔

الْمَهَبُّ: ہوا چلنے کی جگہ۔ ج مَهَابُّ.

الْمُهِبُّ: کمزور۔ ج مُهِبُّوْنَ: بیدار کرنے والا۔

هَبَتَهُ (ض) هَبْتًا: مارنا۔ کسی کا سر جھکا دینا۔ مرتبہ سے گھٹا دینا۔ ذلیل کرنا۔

هَبَتَهُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا۔

هُبِتَ الرَّجُلُ: بزدل وہوش باختہ ہونا۔ صفت هَيْت ومَهْبُوْت.

الْهَبْتَةُ. هَبَتَ: کا اسم مرۃ۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فِيْ عَقْلِهٖ هَبْتَةٌ" اس کی عقل کمزور ہے۔

الْهَبْتَر: پستہ قد۔

هَبَجَهُ (ف) هَبْجًا بِالْعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا۔

هَبِجَ (س) هَبَجًا وَجْهُ الرَّجُلِ: چہرے کا سوجنا۔ صفت هَبِج.

هَبَّجَهُ: متورم کرنا۔

تَهَبَّجَ: سوجنا۔

الْمُهَبَّج: ست۔ بھدی طبیعت کا۔

هَبَدَ (ض) هَبْدًا وتَهَبَّدوا اِهْتَبَدَ الْهَبِيْدَ: اندرائن کا پھل توڑنا اور پکانا اور چننا۔ هَبَّدَ فُلَانًا: اندرائن کا پھل کھلانا۔

الْهَبَد والْهَبِيْد: اندرائن یا اس کا دانہ۔ واحد هَبِيْدَة.

الْهَوَابِد: اندرائن کے دانے چننے والیاں۔

هَبَذَ (ض) هَبْذًا وهَابَذَ واَهْبَذَ واهْتَبَذَ الْفَرَسُ او الطَّائِرُ: گھوڑے کا تیز چلنا یا پرندہ کا تیر اڑنا۔

الْهَابِذَة: تیز رفتار اونٹنی ج هَوَابِذ.

هَبَرَ (ن) هَبْرًا اللَّحْمَ: گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هَبَرَلَهٗ مِنَ اللَّحْمِ هَبْرَةً" اس نے اس کے لئے گوشت کے ٹکڑے کاٹے "وَهَبَرْنَاهُمْ بِالسُّيُوْفِ" ہم نے ان کو تلواروں سے کاٹ دیا۔

هَبِرَ (س) هَبَرًا الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا زیادہ گوشت والا ہونا۔

اَهْبَرَ الرَّجُلُ: خوشنما موٹا ہونا۔

اِهْتَبَرَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا دبلا پتلا ہونا..... فُلَانًا بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا۔

الْهَبْر: مص۔ بغیر ہڈی کا گوشت۔ واحد هَبْرَةٌ. الْهَبْر: پست زمین یا ریت کا قطعہ ج هُبُوْرٌ. وَهُبْر. الْهَبْر فِي الْقِرَاءَةِ: آیت پر وقف کرنا۔

الْهُبْر: انگور کا بیج۔ کتان سے جو گرے۔

الْهَبِر. مِنَ الْجِمَالِ: بہت گوشت والا اونٹ۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْر هَبِرٌ ذَبِرٌ" بہت گوشت اور اون والا اونٹ۔ مؤنث هَبِرَةٌ.

الْهِبِر: کٹا ہوا۔

الْهِبْرِيَة: روئی کے اڑنے والے روئیں۔ سر کی بھوسی۔ بانس اور نرکل سے جو بکھرے اور جمع ہو کر جم جائے۔

الْهَبُّوْر: مکڑی۔

الْهَبِيْر: پست زمین کہ اس کے اردگرد بلندی ہو ج هُبُرٌ واَهْبِرَةٌ: اندام نہانی۔ کہا جاتا ہے "ضَرْبٌ هَبْرٌ وهَبِيْرٌ" گوشت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے والی ضرب۔

الْهُبَيْرَة: بجو۔ اَبُوْهُبَيْرَة: مینڈک۔ اُم هُبَيْرَة: مینڈکی۔

الاَهْبَر: بہت گوشت والا۔ مؤنث هَبْرَاء ج هُبْر.

الْهُبَارِيَة: اڑنے والے پر۔ سر کی بھوسی۔

رِيْحٌ هُبَارِيَّة: غبار والی ہوا۔

الْهَبَّار: بہت بالوں والا بندر۔

سَيْفٌ هَبَّارٌ: کاٹنے والی تلوار۔

الْهَبُّوْر: چھوٹی چیونٹی۔ کھیتی کے گرے ہوئے خوشے۔

هَبْرَجَ الرَّجُلُ: ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔

الثَّوْبَ: منقش کرنا۔

الْهَبْرَج: تیز وبھک چال۔ مرد کبر۔ ڈگمگا کر چلنے والا۔ منقش کپڑا۔ موٹا وبُرا گوشت بیل۔ بڑا حاجن۔

الْهِبْرِج: موٹا وبُرا گوشت۔

الْمُهَبْرَج مِنَ الْاَوْتَادِ: خراب شدہ دانت۔

الْهِبْرِزِيّ: فارسیوں کا گگن۔ نیا دینار۔ ہر خوبصورت وخوشنما چیز۔ عمدہ موزہ۔ خالص سونا۔ وَاُمُّ الْهِبْرِزِيِّ: بخار۔

تَهَبْرَسَ: ناز وانداز سے چلنا۔

هَبَزَ (ض) هَبْزًا وهُبُوْزًا وهَيَزَانًا: مرنا۔ یا اچانک مرنا۔

هَبَشَ (ن) وهَبِشَ (س) هَبْشًا الرَّجُلُ: پورے ہاتھوں سے دوہنا..... الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ پہنچنا..... لِعَيَالِهٖ: کمائی کرنا۔ ..... فُلَانًا: تکلیف دہ مار مارنا۔

هَبَّشَ تَهْبِيْشًا الْمَالَ: جمع کرنا۔

تَهَبَّشَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا..... الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ يَتَهَبَّشُ لِعِيَالِهٖ" وہ اپنے اہل وعیال کے لئے کمائی کرنے کے لئے نکلا۔

اِهْتَبَشَ الْمَالَ: اکٹھا ہونا..... الشَّيْءَ: جمع کرنا..... مِنْهُ عَطَاءً: حاصل کرنا۔

الْهَابِشَة: جماعت۔ الْهَابِشَة والْهَبَاشَة: مختلف قبیلوں کی جماعت۔ ج هَوَابِش هُبَاشَات. الْهُبَاشَات: کمائیاں۔

الْهَبَّاش: بہت کمائی کرنے والا۔ بہت جمع کرنے والا۔

هَبِصَ (س) وهَبَصَ (ح) هَبْصًا وهَبَصًا: پھرتیلا وجلد باز ہونا..... الْكَلْبُ: کتے کا شکار کا حریص ہونا..... عَلَى الشَّيْءِ: مشتاق ہو کر بے قرار ہونا۔ صفت هَبِص.

اِهْتَبَصَ فِي الْعَمَلِ: جلدی کرنا..... فِي الْمَشْيِ: تیز چلنا (..... وانْهَبَصَ) لِلضَّحِكِ: بہت زور سے ہنسنا۔

الْهَبَصَى: تیز چال۔ کہا جاتا ہے مَشَى الْهَبَصَى: وہ تیز چال چلا۔

هَبَطَهُ (ن) هَبْطًا مِنَ الْجَبَلِ: پہاڑ سے

marfat.com
Marfat.com

اُتارنا.....اَلْمَعْرَضُ لِلْحِصَّةِ نیاری کا گوشت کولاغر کرنا.....فُلَانًا: مارنا.....بَلَدَ کَذَا: شہر میں داخل ہونا.....اَلسُّوْقَ: بازار میں پہنچنا.....اَلْوَادِیَ: وادی میں اترنا۔ صفت هَبَّاط.....فُلَانًا اَلْبَلَدَ: شہر میں داخل ہونا.....ثَمَنَ السِّلْعَةِ وَمِنْ ثَمَنِهَا: قیمت گھٹانا۔

هَبَطَ (ض ن) هُبُوْطًا الثَّمَنُ: قیمت گھٹانا۔ کم ہونا۔ فُلَانٌ: خاکساری کرنا..... فُلَانٌ مِنَ الْجَبَلِ: پہاڑ سے اترنا.....مِنْ مَوْضِعٍ اِلٰی آخَرَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنَ الْخَشْيَةِ" اس نے خوف کی وجہ سے خاکساری کی "وَهَبَطَهُ الزَّمَانُ" اس کو زمانہ نے مفلوک الحال بنا دیا۔

هَبَّطَ الْعِدْلَ: بوری کو اونٹ پر درست کر کے رکھنا۔

اَهْبَطَهُ: اتارنا۔ اَهْبَطَ الثَّمَنَ: قیمت گھٹانا۔

تَهَبَّطَ مِنْ کَذَا: نیچے اترنا.....الشَّیْءَ: بچھنا۔

اِنْهَبَطَ الرَّجُلُ: نیچے اترنا۔

اَلْهَابِطُ: فا۔لاغر۔

اَلْهَبْطُ: مص۔نقصان۔ برائی میں پڑنا۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ غَبْطًا لَاهَبْطًا" یعنی اے اللہ ہم تجھ سے اس کا سوال کرتے ہیں کہ لوگ ہم پر غبطہ کریں اور اس سے پناہ مانگتے ہیں کہ اپنی حالت سے پستی میں آجائیں۔

اَلْهَبْطَةُ. هَبَطَ: کا اسم مرۃ۔ پست وہموار زمین۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِیْ هَبْطَةٍ مِنَ الْاَرْضِ" وہ لوگ پست زمین میں ہیں۔

اَلْهُبُوْطُ: ڈھلوان۔ نشیب کی زمین۔

اَلْهَبِیْطُ: دبلا پتلا لاغر۔

اَلْمَهْبِطُ: اترنے کی جگہ۔

اَلْمَهْبَطُ: گرڈ اسٹیشن۔ ایئر فیلڈ۔

اَلْمَهْبُوْطُ: دبلا پتلا۔ رَجُلٌ مَهْبُوْطٌ: محتاج ومفلس مرد۔

هَبَعَ (ف) هَبْعًا وهُبُوْعًا اَلْحِمَارُ: گدھے کا سست رفتاری سے چلنا اور جس کی اسی حالت ہو اس کو هبع کہتے ہیں.....اَلْبَعِیْرُ: اونٹ کا گردن پھیلا کر چلنا۔ هَبَعَ بِعُنُقِهٖ: جلدی کرنا اور گردن کا سہارا لینا۔ صفت هَابِعٌ وهُبُوْعٌ.

اِسْتَهْبَعَ الْبَعِیْرُ: اونٹ کو گردن پھیلا کے چلوانا۔

اَلْهَبْعُ: گدھا۔ اونٹ کا بچہ جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔ ج هُبَعَاتٌ وهِبَاعٌ مؤنث هُبَعَةٌ ج هُبَعَاتٌ۔

اَلْمُهْبِعُ: اونٹ کے بچوں کا مالک۔

اِبِلٌ هُبَّعٌ: گردن پھیلا کے چلنے والے اونٹ۔

هَبَعَ (ف) هُبُوْعًا وهَبْعًا اَلرَّجُلُ: سونا۔

اَلْهَبْعَةُ: نیند۔

اَلْهَبِیْعُ: بہت سونے والا۔

اِنْهَبَكَتْ بِهِ الْاَرْضُ: دھنسانا۔

اَلْهُبْكَةُ: احمق۔ بے وقوف۔ زمین جس میں پاؤں دھنس جائیں۔ ج هُبَكَاتٌ وهُبُك۔

هَبِلَتْ (س) هَبَلًا فُلَانًا اُمُّهٗ: گم کرنا۔ بے فرزند ہونا۔ صفت هَابِلٌ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "هَبِلَتْهُ اُمُّهٗ" یعنی اس کی ماں اس کو گم کرے اور بسا اوقات مقام مدح و استحسان میں بولا جاتا ہے۔ مراد یہ ہے کہ وہ کتنا بڑا عالم اور صائب الرائے ہے۔

هَبَّلَ الرَّجُلُ لِعِيَالِهٖ: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا..... فُلَانًا: کسی سے هَبَلَتْكَ اُمُّكَ کہنا..... اَللَّحْمُ فُلَانًا: گوشت تہ بتہ چڑھنا۔

اَهْبَلَ الرَّجُلُ: بے اولاد کرنا۔ عقل وتمیز کھونا..... اَللَّحْمُ: گوشت تہ بتہ چڑھنا۔

تَهَبَّلَ لِعِيَالِهٖ: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔

اِهْتَبَلَ فُلَانٌ: بہت جھوٹ بولنا اور حیلہ کرنا.....اَلصَّيْدَ: شکار کو فریب دینا۔

لِعِيَالِهٖ: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔

.....اَلشَّیْءَ: غنیمت جاننا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَبِلْ كَلِمَةَ حِكْمَةٍ" حکمت کے کلمہ کو غنیمت جان۔

.....عَلٰی وَلَدِهٖ: بے اولاد کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَبِلْ هَبَلَكَ" اپنی حالت کی درستی کو لازم جانو۔

اَلْهَابِلُ: کمائی کرنے والا۔ حیلہ گر۔ بہت گوشت وچربی والا۔

اَلْهَبَالُ: ایک درخت ہے جس سے تیر بنائے جاتے ہیں۔ واحد هَبَالَةٌ.

اَلْهَبَالَةُ: عقل وتمیز کھونا۔ جستجو۔ کہا جاتا ہے "نَالَهٗ بِهَبَالَةٍ".

اَلْهُبَالَةُ: غنیمت۔

اَلْهَبَّالُ: کمائی کرنے والا۔ حیلہ ساز۔ فریب دینے والا شکاری۔

اَلْهَبَلُ: مص۔ حالت۔

اَلْهَبَلُ: بھیڑیا۔ فریب دینے والا۔

اَلْهُبْلَةُ: بوسہ۔

هُبَلُ: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

اَلْاَهْبَلُ: عقل وتمیز کھونے والا۔ ج هُبْل.

اَلْهِبْلُ وَالْهِبَلُّ: بڑا یا لمبا مرد۔ حیلہ جو۔

اَلْهِبِلُّ: ایک درخت کا نام۔

اَلْهِبْلٰی: نازکی رفتار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِیْ الْهِبْلٰی" وہ خرام ناز سے چلتا ہے۔

اَلْهَبُوْلُ: بچہ گرم کرنے والی عورت۔

اَلْمُهَبَّلُ: جس کو بددعا دی جائے کہ تیری ماں تجھے گم کرے۔ سوجے ہوئے چہرے والا پُر گوشت۔ پاگل۔

اَلْمِهْبَلُ: ہلکا۔

اَلْمُهْتَبَلُ: جھوٹا۔

اَلْمَهْبُوْلُ: مفع۔ وہ جس کو اس کی ماں نے گم کر دیا ہو۔

اَلْهَبَلَّقُ: پستہ قد۔

اَلْهَبَنَّقُ: بے وقوف۔ پستہ قد۔

اَلْهَبَنَّكُ: بے وقوف۔ کمزور۔ چغل خور۔

اَلْهَبَنَّكَةُ. هَبَنَّكٌ: کا مؤنث۔ ست کاہل۔

marfat.com
Marfat.com

هَبْهَبَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ نیند سے بیدار ہونا ..... السَّرَابُ: سراب چمکنا۔ هَبْهَبَةٌ: ڈانٹنا۔
هَبْهَبَ الكَبْشَ: مینڈھے کو ذبح کرنا۔
تَهَبْهَبَ الشَّيْءُ: ہلنا۔ حرکت کرنا۔
الهَبْهَب: تیز رفتار۔ ہلکا پھلکا بھیڑیا۔
الهَبْهَاب: تیز رفتار۔ چلانے والا۔ سراب۔
الهَبْهَبِيُّ: اچھی حدی گانے والا۔ اچھی خدمت کرنے والا۔ پکانے والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ گوشت بھوننے والا۔ قصائی۔ عمدہ طریقے سے محنت و مشقت کرنے والا۔ تیز رفتار ہلکا پھلکا اونٹ مؤنث هَبْهَبِيَّة.
هَبَا يَهْبُو هُبُوًّا: ست چلنا ..... الغُبَارُ: غبار کا بلند ہونا ..... الفَرَسُ: گھوڑے کا بھاگنا ..... فُلَانٌ: مرنا ..... الرَّمَادُ: راکھ کا مٹی سے ملنا۔
أَهْبَى إِهْبَاءَ الفَرَسُ: گھوڑے کا غبار اڑانا۔
تَهَبَّى تَهَبِّيًا: دونوں ہاتھ جھاڑنا۔
الهَابِي: فا۔ ج هُبَّى کہا جاتا ہے "نُجُومٌ هُبَّى" غبار سے چھپے ہوئے ستارے۔
الهَابِي: قبر کی مٹی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَوْضِعُ هَابِي التُّرَابِ" یہ غبار والی مٹی کی جگہ ہے وتُرَابٌ أَوْ مَادٌ هَابٌ: فضا میں اڑنے والی مٹی یا راکھ۔
الهَبَاء: غبار۔ باریک مٹی کے ذرات جو زمین پر بلند اور پھیلے ہوئے ہوں۔ کم عقل لوگ۔ ج أَهْبَاء.
الهَبَاءَة: غبار کا قطعہ۔
هُبَابَةُ الشَّجَرِ: درخت کی چھال۔
الهَبْوَة: گرد و غبار۔ ج هَبَوَات وأَهْبَاء (خلافِ قیاس) أَهْبَاءُ الزُّوبَعَة: بگولا۔
الهَبِيُّ: چھوٹا بچہ۔ مؤنث هَبِيَّة.
المُتَهَبِّي: کمزور نظر والا۔
هَتَّ (ن) هَتًّا الكَلَامَ: کلام نقل کرنا۔ خوش سلیقگی سے بیان کرنا ..... الثَّوْبَ: کپڑے پھاڑنا ..... العِرْضَ: آبروریزی کرنا ..... الماءَ: پانی گرانا ..... فُلَانًا: مرتبہ گھٹانا ..... العَرَاةُ غَزْلَهَا: عورت کا لگاتار کاتنا ..... فُلَانٌ فِي كَلَامِهِ: جلدی جلدی بولنا ..... وَرَقَ الشَّجَرَةِ: درخت کے پتے جھاڑنا۔
الشَّيْءُ: توڑنا اور چورہ کرنا (..... هَتِيتًا)
البَكْرُ: جوان اونٹ کا آواز کرنا۔
الهَتُّ: مص۔ کہا جاتا ہے "هَتَّ هُمْ هَتَاتًا" اس نے اُن کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے چھوڑا۔
الهَتَّات: ہلکا پھلکا۔ بہت بک بک کرنے والا۔
المِهَتُّ: بمعنی هَتَّات.
هَتَأَهُ يَهْتَأُهُ هَتْأً بِالعَصَا وَنَحْوِهَا: لاٹھی وغیرہ سے مارنا ..... الطَّعَامَ: کھانا۔
هَتِيَ يَهْتَأُ هَتَأً الرَّجُلُ: بڑھاپے کا ہونا۔
تَهَتَّأَ تَهَتُّؤُ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
الهَتْءُ و الهَتِيُّ والهِتَاءُ والهِتِيُّ والهِيتَاءُ والهَتْلَةُ: وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضَى مِنَ اللَّيْلِ هَتْءٌ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔
الهَتَا والهُتُوءُ: شگاف۔ پھٹن۔
الاهْتِيَاء: کبڑا۔
هَتَرَ (ض) هَتْرًا عِرْضَ فُلَانٍ: آبروریزی کرنا ..... الكِبَرُ فُلَانًا: بڑھاپے کا عقل کو زائل کرنا۔
هَتَّرَ عِرْضَ فُلَانٍ: بہت زیادہ آبروریزی کرنا۔
هَاتَرَهُ مُهَاتَرَةً: بُری گالی دینا۔
اهْتَرَ الرَّجُلُ: بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت مُهْتَر بفتح التاء اور یہ شاذ ہے واهْتِرَ فُلَانٌ کسی چیز کے بارے میں کہنے کے لئے فریفتہ ہونا۔
اهْتِرُوا فِي ذِكْرِ اللّٰهِ: اللہ کی یاد کرتے ہوئے بوڑھا ہونا۔
تَهَاتَرَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے پر جھوٹا دعویٰ کرنا اور کہا جاتا ہے "تَهَاتَرَتِ الشُّهَادَاتُ" شہادتیں ایک دوسرے کے برخلاف ہوئیں۔
اسْتَهْتَرَ فُلَانٌ: لاپرواہی کے ساتھ خواہشات کا اتباع کرنا۔ بڑھاپے کی وجہ سے نہ سمجھنا۔
اسْتَهْتَرَ الرَّجُلُ بِكَذَا: بہت فریفتہ ہونا .....
الرَّجُلُ: لغو و لایعنی افعال کا مرتکب ہونا۔
الهَاتِر: فا۔ ج هَاتِرُونَ وهَتَرَة.
الهِتْر: جھوٹ۔ معصیت۔ امر عجیب۔ بے ہودہ گفتگو۔ رات کا نصف اول۔ ج أَهْتَار کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هِتْرُ أَهْتَارٍ" فلاں بڑا چالاک ہے۔
الهُتْر: بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل کی خرابی۔
التَّهَاتِر: ایک دوسرے کے خلاف شہادتیں۔
التَّهْتَار والتَّهَتُّر: حماقت و جہالت۔
المُهْتَر: کسی چیز کے متعلق کچھ کہتے رہنے پر فریفتہ۔ بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے خراب عقل والا۔ رَجُلٌ مُهْتَرٌ گفتگو میں خطا کار۔
المُسْتَهْتَر بِالشَّيْءِ: سخت فریفتہ۔ بہت باطل کار آدمی۔
الهَتَرَك: شیر۔ سخت و مشکل زمانہ۔
هَتَشَ (ض) هَتْشًا الكَلْبَ: کتے کو برانگیختہ کرنا۔ اُکسانا۔ کہا جاتا ہے "فُهِشَ الكَلْبُ فَاهْتَشَّ" کتے کو بھڑکایا گیا وہ بھڑک گیا۔ (اور یہ کتے اور درندوں ہی کے لئے خاص ہے)
هَتَعَ (ف) هَتْعًا إِلَى قَوْمِهِ: جلدی متوجہ ہونا۔
هَتَفَ (ض) هَتْفًا وهُتَافًا الحَمَامَةُ: کبوتری کا کوکو کرنا (..... هَتَافًا) فُلَانٌ بِفُلَانٍ: چلا کر بلانا ..... فُلَانًا وبِفُلَانٍ: تعریف کرنا۔
هَتَفَتْ تَهْتِيفًا الحَمَامَةُ: کبوتری کا کوکو کرنا۔
الهَاتِف: ٹیلیفون۔
الهَاتِف: فا۔ جس کی آواز سنائی دے اور دکھلائی نہ دے۔ ٹیلی فون۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ هَاتِفًا يَهْتِفُ" جبکہ تم آواز سنو اور کوئی دکھلائی نہ دے ..... کہا جاتا ہے فُهِشَ

marfat.com
Marfat.com

هَتَفَ وَهُتُوْف وَهَتْف: آواز دینے والی کمان۔ هَتَفَةٌ هَتُوْف: بہت کوکرنے والی کبوتری۔ رِيْحٌ هَتُوْف: سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔ سَحَابَةٌ هَتُوْف: گرجنے والا بادل اور اسم الهَتْف ہے۔

الهَتْف والهُتَاف: مص۔ سخت و بلند آواز۔

هَتَكَ (ض) هَتْكًا السِّتْرَ ونَحْوَهُ: پردہ پھاڑنا۔ کاٹ کر علیحدہ کرنا۔ یا کچھ تھوڑا سا سوراخ کرنا تاکہ پردہ کے پیچھے کی چیز ظاہر ہو جائے..... الثَّوْبَ: کپڑے کو لمبا پھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَ الْفَاجِرِ" یعنی اللہ تعالیٰ فاجر کو رسوا کریں۔ "وَهُتِكَ عِرْضُهُ" جبکہ عزت جاتی رہے۔

هَتَّكَ السِّتْرَ: بمعنی هَتَكَ: تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔

تَهَتَّكَ وانْهَتَكَ السِّتْرُ ونَحْوُهُ: پردہ کا پھٹنا۔ تَهَتَّكَ فُلَانٌ: رسوا ہونا..... فِي الْبَطَالَةِ: بہادری میں حد سے بڑھ جانا۔

هَاتِكٌ مُهَاتَكَةٌ: باہم رات کی تاریکی میں چلنا۔ کہا جاتا ہے "هَاتَكْنَا اللَّيْلَ" یعنی رات کی تاریکی میں ہم نے سفر کیا۔

الهُتْك: آدھی رات۔

ثَوْبٌ هَتِكٌ: پارہ پارہ شدہ کپڑا۔

الهُتْكَة: پردہ دری۔ رات کی ایک ساعت۔

الهَتِيْكَة: رسوائی۔ بے عزتی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُهَتِّكٌ ومُتَهَتِّكٌ ومُسْتَهْتِكٌ" بے عزتی سے لا پرواہ۔ رسوا۔ بدنام۔

الهِتْك: پارہ پارہ شدہ۔

هَتَلَ (ض) هَتْلًا وهُتُوْلًا وتَهْتَالًا هَتَلَانًا السَّمَاءُ: آسمان کا لگاتار برسنا۔

سَحَابٌ هَتُوْل: لگاتار برسنے والے بادل۔

الهَتَلَان: ہلکی لگاتار بارش۔

هَتْلَمَ هَتْلَمَةَ الرَّجُلَانِ: دوسروں سے چھپا کر چپکے چپکے باتیں کرنا۔

الهَتْلَمَة: مص۔ پوشیدہ بات۔

هَثَمَ (ض) هَثْمًا فَاهُ: اگلے دانتوں کو توڑنا..... الْحَيَّةُ: جڑ سے توڑنا۔

هَثِمَ (س) هَثَمًا: سامنے کے جڑ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت هَثِمٌ: مؤنث هَثْمَاء ج هُثْم.

هَثَّمَهُ بِالضَّرْبِ: مار مار کر ضعیف و کمزور کر دینا۔

اهْتَثَمَ: دانتوں کو توڑنا۔

تَهَثَّمَ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَثَّمَتْ اَسْنَانُهُ" اس کے دانت ٹوٹ گئے۔

تَهَاثَمَا: ایک دوسرے پر جھوٹا دعویٰ کرنا۔

الهُثَامَة: ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔

هَثْمَرَ الرَّجُلُ: بہت بولنا۔

هَثْمَلَ الرَّجُلُ: آہستہ بولنا..... الرَّجُلَانِ: دوسرے سے چھپا کر چپکے چپکے باتیں کرنا۔

الهَثْمَلَة: پوشیدہ بات۔

هَتَّتْ (ض) هَتًّا وهُتُوْنًا وهَتَانًا وتَهْتَانًا وتَهَاتَتِ السَّمَاءُ: آسمان سے لگاتار بارش ہونا..... الدَّمْعُ: آنسو کا ٹپکنا۔

الهَتْن: لگاتار بارش۔

..... سَحَابٌ هَاتِنٌ وهُتُوْنٌ: لگاتار بارش والا بادل ج هُتُنٌ وهُتْن. عَيْنٌ هَتُوْنٌ الدَّمْعِ: لگاتار آنسو ٹپکانے والی آنکھ۔

التُّهْتَان: لگاتار برسنے والی بارش۔

هَتَّهَتَ الشَّيْءُ: توڑنا..... فِي الْكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا..... الْبَعِيْرَ: اونٹ کو "هَتْ هَتْ" کہہ کے پینے کے وقت ڈانٹنا۔

الهَتْهَات: ہلکا پھلکا۔ جلدی بولنے والا۔

هَتَاهُ يَهْتُوْهُ هَتْوًا: پیروں سے روند کر توڑنا۔

هَاتَاهُ مُهَاتَاةً: دنیا (اس فعل کی گردان عَاطَى کی گردان کی مانند ہے) کہا جاتا ہے "هَاتِ يَا رَجُلُ" اے مرد دے "وَهَاتِنِي يَا امْرَاَةُ" اے عورت دے "وَمَا اُهَاتِيْكَ" میں تم کو نہیں دوں گا۔

هَثَّ (ن ض) هَثًّا: جھوٹ بولنا۔ صفت هَثَّاث: یعنی جھوٹا۔

هَثْرَمَ هَثْرَمَةً: بہت بولنا۔

هَثَمَهُ (ض) هَثْمًا: کوٹ کر باریک کرنا۔

هَثَمَ لَهُ مِنْ مَالِهِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔

الهَثَم: ایک کھٹے مزے کا درخت۔ شکرا اور بقول بعض گدھ یا عقاب کا بچہ۔ سرخ رنگ کا ریت کا ٹیلہ۔

هَثْهَثَ هَثْهَثَةَ الشَّيْءُ: مخلوط ہونا۔

..... الْوَالِي النَّاسَ: ظلم کرنا..... السَّحَابَةُ بِقَطْرِهَا: بہت زور سے برسانا..... الشَّيْءُ: سخت رونا۔

الهُثْهَاث: جلدی کرنے والا۔ شَيْءٌ هَثْهَاث: ملی ہوئی بے ترتیب چیز۔ رَجُلٌ هَثْهَاث: جھوٹا مرد۔

الهَثْهَثَة: مص۔ لڑائی میں مخلوط آوازیں۔

هَثَى يَهْثِي هَثْيًا التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔

هَاثَاهُ مُهَاثَاةً: مذاق اڑانا۔

هَجَّ (ن) هَجًّا وهَجِيْجًا الْبَيْتَ: گھر ڈھانا (..... هَيْجًا) الْعَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

..... النَّارُ: آگ کا زور سے بھڑکنا۔ هَجَّجَ النَّارَ: آگ زور سے بھڑکانا۔

وهَجْهَجَتْ عَيْنُهُ: آنکھ دھنس جانا۔

اِهْتَجَّ فِي الْاَمْرِ: دیر لگانا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔

اِسْتَهَجَّ فُلَانٌ: خودرائے ہونا۔ السَّيَّارَةُ او الْقَافِلَةُ: تیز چلانا۔

عَيْنٌ هَاجَّةٌ: دھنسی ہوئی آنکھ۔

الهَجَاج: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ هَجَاجٍ" مبنی علی الکسر یعنی وہ خودسر ہوا (اور کبھی هَجَاج کے آخر کو فتحہ بھی دیا جاتا ہے) اور اگر کوئی شخص لوگوں کو کسی چیز سے روکنا چاہتا ہے تو کہتا ہے "هَجَاجَيْكَ وَهٰذَا ذَيْكَ" یعنی دور رہو۔

الهَجَاجَة: گرد و غبار جو ہر چیز کو ڈھانپ لے۔ بے وقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَجَاجَةٌ".

الهُجّ: بیل کی گردن کا جوا۔

الهُجُج: پوکھرے۔

marfat.com
Marfat.com

الهَجِيج :مص ۔گہری وادی ۔لمبی زمین جو چلنے والوں کو جلدی لائے ۔ کہانت کی لکیریں جو زمین پر کھینچیں جائیں ۔ ج هُجَجان.

الاهْجِيج: گہری وادی ۔

عَيْنٌ مُهَجَّجَة: دھنسی ہوئی آنکھ ۔

المُهَجَّج: فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ والا ۔

المُسْتَهِجُّ: ہر حق و ناحق میں بولنے والا ۔

هَجَأَ يَهْجَأُ هَجْأً وهُجُوْءًا جُوعُه: بھوک بند ہونا(..... هَجْأً) الطَّعَامَ: کھانا..... بَطْنَهُ: پیٹ بھرنا.....هُ الطَّعَامُ: آسودہ کر دینا ۔

هَجِيَ يَهْجَأُ هَجْأً: بہت بھوکا ہونا ۔

اَهْجَأَ اِهْجَاءً جُوْعَه: بھوک زائل کرنا ۔

فُلَانًا حَقَّهُ: حق ادا کرنا.....فُلَانًا الشَّيْءَ: کسی کو کچھ کھلانا ۔

تَهَجَّأَ الحَرْفَ: ہجے کرنا ۔

الهَجَأُ: ہر وہ چیز جو تمہارے اندر ہو اور ختم ہو جائے ۔

الهَجَأَة: بے وقوف مرد یا عورت ۔

هَجَبَ (ض) هَجْبًا: ہانکنا ۔ دوڑنا ۔ لاٹھی سے مارنا ۔

هَجَدَ (ن) هُجُوْدًا: رات میں سونا ۔ بیدار رہنا (ضد) اور بقول بعض هُجُوْد دن میں سونے اور هُجُوْع رات میں سونے کیلئے ہے ۔

هَجَّدَ تَهْجِيْدًا الرَّجُلُ: بیدار ہونا ۔ رات میں سونا ۔ رات میں نماز پڑھنا.....فُلَانًا: جگانا ۔ سلانا (ضد)

اَهْجَدَ الرَّجُلُ: سونا.....فُلَانًا: سلانا ۔ سوتا ہوا پانا ۔

تَهَجَّدَ الرَّجُلُ: رات میں سونا ۔ بیدار رہنا ۔

الهَاجِد: سونے والا ۔ رات میں نماز پڑھنے والا ج هُجُوْد وهُجَّد.

الهَجُوْد: رات میں نماز پڑھنے والا ۔ ج هُجُوْد وهُجَّد.

التَّهَجُّد: مص ۔ رات کی نماز ۔

الْمُتَهَجِّد: فا۔ رات کی نماز کے لئے نیند سے بیدار ہونے والا ۔ ازہری کا قول ہے کہ کلام عرب میں هَاجِد کا اطلاق رات میں سونے والے پر اور متہجد کا رات میں نماز کے لئے بیدار ہونے والے پر ہے ۔

هَجَرَهُ (ن) هَجْرًا وهِجْرَانًا: قطع تعلق کرنا ۔ چھوڑنا ۔ هَجَرَا الشَّيْءَ: ترک کرنا ۔ اعراض کرنا.....زَوْجَهُ: بغیر طلاق دیئے ہوئے الگ ہونا(..... هَجْرًا وهِجِّيْرَى واهْجِيْرَى) فِي نومه او مَرَضِه: نیند یا مرض میں بکواس کرنا(..... هَجْرًا) بِهِ فِي النَّوْمِ: خواب دیکھنا(..... هَجْرًا و هُجُوْرًا) البَعِيْرَ: پاؤں باندھنے کی رسی سے باندھنا ۔ هَجَّرَ القَوْمُ: دوپہر میں چلنا.....النَّهَارُ: سخت گرم ہونا.....اِلَى الشَّيْءِ: سویرے جانا اور سبقت کرنا ۔

هَاجَرَ مُهَاجَرَةً مِنَ البَلَدِ وعَنْهُ: ہجرت کرنا ۔

اَهْجَرَهُ اِهْجَارًا: چھوڑنا ۔ اَهْجَرَ القَوْمُ: دوپہر میں چلنا ۔ اَهْجَرَ فِي مَنْطِقِه: بکواس کرنا.....بِفُلَانٍ: ٹھٹھا کرنا اور بری بات کہنا ۔

تَهَجَّرَ القَوْمُ: دوپہر میں چلنا.....فُلَانٌ: مہاجرین کے مشابہ ہونا ۔

تَهَاجَرُوْا واهْتَجَرُوْا: باہم قطع تعلق کرنا ۔

تَهَاجَرُوا المَاءَ: لینا ۔

اِهْتَجَرَهُ: چھوڑنا ۔

اَلْهَاجِر: اسم فاعل ۔ شَيْءٌ هَاجِرٌ: نہایت عمدہ چیز ۔

الهَاجِرَة. الهَاجِر: کا مؤنث ۔ گرمی کا دوپہر یا زوال آفتاب سے عصر تک کا وقت ۔ سخت گرمی ۔ ج هَاجِرَات و هَوَاجِر اور کبھی هَاجِرَة ان مصادر میں سے ہوتا ہے جو فَاعِلَة کے وزن پر آتے ہیں جیسے عَافِيَة وعَافِيَة: وغیرہ ۔ نَاقَةٌ هَاجِرَةٌ: عمدہ اونٹنی اور کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِهَاجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال

الهَاجِرِيُّ: بہت عمدہ ۔ اعلیٰ وفائق ۔ معمار ۔ شہری ۔

هَاجِرَة: حضرت اسماعیل علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی ۔

الهَجْر: مص ۔ حفاظت کے قابل چیز کا چھوڑنا ۔ بہت عمدہ ۔ مہار ۔ دوپہر ۔ سخت گرمی ۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ عَنْ هَجْرٍ" میں اس سے ایک سال کے بعد یا چھ روز یا اس سے زائد یا غیبت کے بعد ملا ۔ "وَذَهَبَتِ الشَّجَرَةُ هَجْرًا" یعنی درخت لمبا اور بڑا ہو گیا ۔

الهِجْر: عمدہ اونٹ یا اونٹنی ۔

الهُجْر: قبیح گفتگو ۔ فحش گوئی ۔ اِهْجَار کا اسم ۔

الهَجِر: نہایت عمدہ ۔ آہستہ چلنے والا ۔

اَلْاَهْجَر: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَهْجَرُ مِنْ ذَاكَ" یعنی یہ اس سے لمبا موٹا بڑا ہے ۔

الهَجْرَاءُ: قبیح گفتگو ۔ کنایت کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ غِنَاءٌ ذٰلِكَ وَلَا هَجْرَاوَةٌ" اس کے نزدیک نہ تو اس کے لئے غنا ہے اور نہ کفایت ۔

الهَجْرَة. هَجَر: کا اسم مرۃ ۔ موٹی عورت ۔

الهِجْرَة. هجر: کا اسم نوع ۔ تَهَاجُر کا اسم ۔

الهِجْرَة والهُجْرَة: ترک وطن ۔ ایک ملک سے دوسرے ملک کو جانا ۔

الهِجِرُّ: دیہات میں منتقل ہونا ۔

الهَجِير: دوپہر ۔ سخت گرمی ۔ بڑا اور کشادہ حوض ۔ بڑا پیالہ ۔ جما ہوا دودھ ۔ موٹا گورخر ۔ پاؤں باندھنے کی رسی سے بندھا ہوا اونٹ ج هُجُر.

اَلْهَجِير: کوفہ اور بصرہ کے درمیان کا علاقہ ۔

الهَجِيرَة: دوپہر ۔ سخت گرمی ۔

الهِجَار: تانت ۔ طوق ۔ تاج ۔ اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی ۔

الهِجَر والهِجِّيرَى: عادت ۔

الهِجِّيرَى. هَجَرَ فِي نَوْمِه او مَرَضِه: کا

marfat.com

Marfat.com

مصدر عادت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا ھِجِّیْرَاہُ" یہ اس کی عادت ہے۔
الھِجِّیْرَاء: عادت۔
الھَجُوْرِیُّ: دوپہر کے وقت کا کھانا۔
الْاَھْجُوْرَۃ وَالْاَھْجُوْرَی وَالْاَھْجِیْرَاءُ: عادت۔
الْمُھَجَّر: شریف۔ خوبصورت۔ ہر چیز سے عمدہ۔ دوسروں سے بڑھا چڑھا۔ عَدَدٌ مُھَجَّر: بہت عدد۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِمُھَجَّرَاتٍ" اس نے اس کو افعال قبیحہ سے متہم کیا۔
المَھَاجِر: ہجرت کے مقامات۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ بِالْمَھَاجِرِ" اس نے فحش گفتگو کی۔
المَھْجُوْد: مفع۔ بیمار یا سوئے ہوئے کی بکواس۔ وہ لفظ جس کا استعمال چھوڑ دیا گیا ہو۔
الھِجْرِس: لنگور۔ لومڑی اور بقول بعض لومڑی کا بچہ۔ ریچھ۔ نالائق آدمی ج ھَجَارِس
ھَجَارِس الْھَجَارِس: زمانہ کی سختیاں۔
الھِجْرِع والھَجْرَع: بے وقوف پاگل۔ لمبے قد کا لنگڑا۔ ایک بہترین قسم کا شکاری کتا۔
ھَاجَزَہٗ مُھَاجَزَۃً: چپکے چپکے بات کہنا۔
ھَجَسَ (ن ض) ھَجْسًا الشَّیْءُ فِیْ صَدْرِہٖ: وسوسہ گزرنا..... فُلَانًا: کام سے روکنا۔
ھَاجَسَہٗ: چپکے چپکے بات کہنا۔
اِنْھَجَسَ عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا۔
الھَاجِس: فا۔ اندیشہ وسوسہ ج ھَوَاجِس.
الھَجْس: مص۔ پست آواز جو سنائی دے اور سمجھ میں نہ آئے۔ اندیشہ۔ وسوسہ۔
الھَجَّاس: آواز کو سننے والا شیر۔
الھَجِیْعَۃ: مشکیزہ میں بگڑا ہوا دودھ۔
خُبْزٌ مُتَھَجِّس: فطیری روٹی' بے خمیر کی روٹی۔
المَھْجُوْس: مفع۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ مَھْجُوْسٍ مِنَ الْاَمْرِ" وہ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

ھَجَشَ (ن) ھَجْشًا: اکسانا..... الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا..... بَیْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ ھَجَشَتْ لَہٗ نَفْسِیْ: بہت خواہش مند ہونا۔
الھَاجِشَۃ: لوگوں کی جماعت۔ ج ھَوَاجِش کہا جاتا ہے "جَاءَتْ ھَاجِشَۃٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی جماعت آئی۔
الھَجْشَۃ: اسم مرۃ۔ اٹھنا۔
ھَجَعَ (ف) ھُجُوْعًا وَتَھْجَاعًا: رات میں سونا۔ سونا اور کہا جاتا ہے "ھَجَعَ جُوْعَہٗ ھَجْعًا فَھَجَعَ جُوْعُہٗ ھُجُوْعًا" اس نے اس کی بھوک کو تسکین دی۔ پس اس کی بھوک تسکین پا گئی (لازم ومتعدی) "وَھَجَعْتُ اِلَیْہِ فَخَدَعَنِیْ" میں اس سے مانوس ہوا اور اس کے سامنے جھک گیا اور اس نے مجھے دھوکا دیا۔
ھَجَّعَ تَھْجِیْعًا الْقَوْمُ: سونا۔
اَھْجَعَ جُوْعَہٗ: بھوک کو تسکین دینا۔
الھَاجِع: فا۔ ج ھُجُوْعٌ وَھُجَّعٌ.
الھَاجِعَۃ: رات میں سونے والی ج ھُجَّعٌ وَھُجُوْعٌ وَھَوَاجِع وج ھَوَاجِعَات.
الھِجْع والھُجَع والھَجِع والھُجْعَۃ: غافل۔ بے وقوف۔ الھُجْعَۃ: بہت سونے والا۔
الھُجْعَۃ. ھَجَعَ: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُ فُلَانًا بَعْدَ ھَجْعَۃٍ" میں فلاں کے پاس ابتدائی رات میں تھوڑی سی نیند کے بعد آیا۔
الھُجْعَۃ. ھَجَعَ: کا اسم نوع۔ رَجُلٌ ھِجْعَۃٌ: غافل بے وقوف مرد۔
الھَجِیْع مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی ھَجِیْعٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔
التَّھْجَاع: ہلکی نیند۔
المِھْجَع: غافل' بے وقوف۔ ہر ایک کا مطیع وفرمانبردار۔
ھَجِفَ (س) ھَجَفًا: بھوکا ہونا۔ پتلے پیٹ

والا ہونا۔ کوکھ کا پہلوؤں سے لگا ہوا ہونا۔
اِنْھِجَاف: لاغری کی وجہ سے نکلی ہوئی ہڈیوں والا ہونا۔
الھَجْفَان: پیاسا۔
الھِجَف: سخت بدن سست (شتر مرغ یا آدمی) موٹا اور لمبا آدمی۔ بڑے پیٹ والا۔
الْاَھْجَف: دُبلا۔ مؤنث ھَجْفَاء.
ھَجَلَ (ن) ھَجْلًا بِالْقَصَبَۃِ وَغَیْرِھَا: پھینکنا۔ ھَجَلَتِ الْمَرْأَۃُ بِعَیْنِھَا: آنکھ مارنا۔ ھَجَّلَ عِرْضَہٗ: بے عزتی کرنا..... بِفُلَانٍ: فحش سنانا اور گالی دینا۔
ھَاجَلَ مُھَاجَلَۃً: پست اور ہموار زمین میں چلنا..... فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔
اَھْجَلَ الْاِبِلَ: اونٹوں کو بیکار چھوڑ دینا..... الشَّیْءَ: کشادہ کرنا..... الْمَالَ: مال ضائع کرنا..... الْقَوْمُ: قوم کا پست اور ہموار زمین میں آنا۔
اِھْتَجَلَ الشَّیْءَ: ایجاد کرنا۔
الھَاجِل: فا۔ سونے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔
الھَجْل: مص۔ پست وہموار زمین۔ ج اَھْجَال وھِجَال وھُجُوْل.
الھَجْلَۃ. ھَجَلَ: کا اسم مرۃ۔ پست وہموار زمین۔ ج ھَجَلَات.
الھَجُوْل: بدکار عورت۔
الھَجِیْل: پست وہموار زمین۔ حوض جو اچھی طرح سے نہ بنا ہو۔
دُمُوْعٌ ھُجُوْلٌ: بہنے والے آنسو۔ مفرد ھَاجِل.
ھَجَمَ (ن) ھُجُوْمًا عَلَیْہِ: غفلت کی حالت میں اچانک آنا۔ یا بغیر اجازت کے آنا..... الْبَیْتُ: مکان کا گرنا..... الْبَرْدُ او الشِّتَاءُ: سردی یا جاڑے کا جلدی شروع ہونا (..... ھَجْمًا) فُلَانًا: دھتکارنا۔ دفع کرنا..... فُلَانًا عَلَی الْقَوْمِ: اچانک لانا..... الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا..... الْبَیْتَ: گھر کو ڈھا دینا

marfat.com
Marfat.com

.....الْهَوَاجِرُ فُلَانًا : پسینہ بہانا.....مَا فِي الضَّرْعِ :تھن سے سارا دودھ لینا(..... هَجْمًا وهُجُوْمًا) الشَّيُ :قرار وسکون پانا..... المَرَضُ :بیماری کا زائل ہونا اور سست پڑنا .....فُلَانٌ: چپ رہنا اور سر جھکانا۔هَجَمَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

هَجَّمَهُ: اچانک لانا۔

هَاجَمَهُ مُهَاجَمَةً :ایک دوسرے پر اچانک آنا۔

اَهْجَمَهُ عَلَيْهِمْ :اچانک لانا۔اَهْجَمَ مَا فِي الضَّرْعِ :تھن سے سارا دودھ لینا..... الإِبِلَ :اونٹوں کو باڑہ کی طرف واپس لانا.....اللّٰهُ الْمَرَضَ : بیماری کو زائل کرنا۔

تَهَاجَمَا :ایک دوسرے پر اچانک آنا۔

تَهَجَّمَ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر اچانک آنا۔

اِنْهَجَمَ الْبَيْتُ :مکان کا شکستہ و ویران ہونا.....الدَّمْعُ او العَرَقُ: آنسو یا پسینہ بہنا ۔اِنْهَجَمَتِ الْعَيْنُ: آنکھ کا آنسو بہانا۔

اِهْتَجَمَ مَا فِي الضَّرْعِ :تھن سے سارا دودھ لینا۔

اُهْتُجِمَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

الْهَجْم: مص ۔ بڑا پیالہ۔پسینہ ج اَهْجَام.

الْهَجَمُ: بڑا پیالہ۔

الْهَجْمَة.هَجَم : کا اسم مرۃ.....مِنَ الشِّتَاءِ: سخت سردی.....مِنَ الصَّيْفِ :سخت گرمی .....مِنَ الإِبِلِ :چالیس یا ستر اونٹوں سے لے کر سو تک کا گلہ۔الْهَجْمَةُ: بوڑھی بھیڑ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔کہا جاتا ہے "جِئْتُهُ بَعْدَ هَجْمَةٍ مِنَ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کی ابتدائی تاریکی کے بعد آیا۔

الْهَجَّام: قوم پر بہت ہجوم کرنے والا۔ بہادر۔شیر۔

الْهَجُوْم : جلد ہجوم کرنے والا .....مِنَ الرِّيَاحِ : تیز ہوا۔پسینہ آور۔کہا جاتا ہے "تَحَمَّمْ فَإِنَّ الْحَمَّامَ هُجُوْمٌ" حمام میں داخل ہو جاؤ اس لئے کہ حمام پسینہ آور ہے۔

الْهَجِمَّة: گاڑھا دودھ۔

الْإِهْتِجَام: رات کا آخری حصہ۔

الْمَهْجُوْم :مفع ۔بَيْتٌ مَهْجُوْمٌ :گرا ہوا گھر۔خیمہ جس کی طنابیں کھول دی جائیں۔

الْهَيْجُمَانَة: موتی ۔زمکڑی۔

هَجَنَ (ن ض) هَجْنًا: ہاجن ہونا (دیکھئے لفظ هَاجِن)

هَجُنَ (ک) هُجْنَةً وهَجَانَةً وهُجُوْنَةً: کمینہ ہونا۔ فرومایہ ہونا۔ دوغلا ہونا ..... الكَلَامُ: غلط ہونا۔

هَجَّنَهُ تَهْجِيْنًا. هجين :بنانا (دیکھئے لفظ هَجِيْن) هَجَّنَ الْأَمْرَ :حقیر کرنا۔عیب دار بنانا۔

اَهْجَنَ الرَّجُلُ :شریف النسل اونٹوں کا مالک ہونا.....الْجَارِيَة: بلوغ سے پہلے شادی کر دینا۔

اُهْتُجِنَتِ الشَّاةُ: حمل ظاہر ہونا۔

اِسْتَهْجَنَ فِعْلَهُ :قبیح سمجھنا۔کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا يُسْتَهْجَنُ ذِكْرُهُ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جن کا ذکر کرنا قبیح سمجھا جاتا ہے۔

الْهَاجِن: فا۔چقماق جس سے ایک دفعہ کے مارنے میں آگ نہ نکلے۔ بچی جس کی شادی بلوغ سے پہلے ہو جائے۔ کھجور کا درخت جو چھوٹے ہونے پر ہی پھل دے۔ ج هَوَاجِن.

الْهِجَان مِنْ كُلِّ شَيْءٍ :عمدہ و خالص مِنَ الْإِبِلِ : سفید نسل کا شریف اونٹ (اس میں مذکر مؤنث جمع سب برابر ہیں) کہا جاتا ہے "بَعِيْرٌ هِجَانٌ وَنَاقَةٌ هِجَانٌ وَإِبِلٌ هِجَانٌ" اور بسا اوقات هِجَانَيْن بھی بولتے ہیں رَجُلٌ هِجَانٌ :شریف النسل مرد۔وَعَلَى هٰذَا الْقِيَاسِ اِمْرَأَةٌ هِجَانٌ ونِسْوَةٌ هِجَانَيْن

اَرْضٌ هِجَانٌ: سفید نرم مٹی والی زمین۔

الْهِجَانَة: شرافت ۔سفیدی۔

الْهُجْنَة :مص.....مِنَ الْكَلَامِ :عیب و قباحت.....فِي الْعِلْمِ :علم کی بربادی ج

الْهَجِيْن: کمینہ۔وہ جس کی ماں باندی اور باپ عربی ہو۔ج هُجُن وهَجَنَاء وهُجَنَان ومَهَاجِيْن ومَهَاجِنَة مؤ شَهَجِيْنَةٌ ج هُجُنٌ وهِجَانٌ وهَجَانِيْن کہا جاتا ہے "فَرَسٌ وبِرْذَوْنَةٌ هَجِيْنٌ" خراب نسل کا گھوڑا یا ترکی گھوڑا و الْهَجِيْن مِنَ الْخَيْلِ : ترکی گھوڑی اور عربی گھوڑے سے پیدا شدہ گھوڑا ج هُجُن وهَوَاجِن. لَبَنٌ هَجِيْنٌ: دودھ جو نہ پتلا ہو نہ گاڑھا۔

غُلَامَةٌ اَهْجَنَةٌ: بلوغ سے پہلے شادی شدہ لڑکے۔

الْمَهْجَنَة والْمَهْجَنِي والْمَهْجُنِي والْمَهْجُنَاء: ناکارہ لوگ۔

الْمُهَجَّنَة مِنَ النُّوْقِ :ہجان کی جانب منسوب اونٹنی جو اچھی نسل ہونے کی وجہ سے خراب نسل کے اونٹوں سے باز رکھی جائے۔ کھجور کا درخت جس پر پہلی مرتبہ نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔ اونٹنی جو پہلی مرتبہ حاملہ ہو۔

الْمُهَجَّنَة : کھجور کا درخت جس پر پہلی بار نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔ کھجور جو چھوٹے ہونے کے باوجود پھل دے۔ بچی۔

الْهَجَنَّف: لمبا چوڑا۔ج هَجَانِيْف.

هَجْهَجَ الْفَحْلُ فِي هَدِيْرِهِ :زور سے آواز نکالنا۔

.....الرَّجُلَ: کسی چیز سے باز رکھنا..... الْجَمَلَ او بِالْجَمَلِ: "هج هج" کہہ کر روکنے کے لئے ڈانٹنا۔

الْهَجْهَاج: بے وقوف۔ بڑا شریر۔کم عقل والا۔ بہت بڑبڑانے والا اونٹ۔لمبا مرد یا اونٹ۔مصیب' بوڑھا۔عمر رسیدہ۔يَوْمٌ هَجْهَاج: تیز ہوا کا دن۔

الْهَجْهَاجَة :بمعنی هَجْهَاج. بنجر زمین۔ج هَجَاهِج مَاءٌ هُجَاهِجٌ: پانی جو شور کھاری ہو نہ میٹھا۔

هَجَاهُ يَهْجُوْهُ هَجْوًا وهِجَاءً وتَهْجَاءً: معائب شمار کرنا۔ عیب گیری کرنا۔ گالی

marfat.com
Marfat.com

دینا۔ مذمت کرنا۔ صفت قاعل ہاج اور صفت مفعول مَهْجُوٌ (..... هَجْوًا وهِجَاءً)
الحُرُوْف: حروف کے ہجے کرنا۔
هَجَا يَهْجُوْ هَجَاءً: پڑھنا۔
هَجْوَ (ک) هَجَاوَةً. اليَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔
هَجَّى تَهْجِيَةَ الْحُرُوْف: حروف کے ہجے کرنا..... اللَّفْظَةَ: لفظ کے حروف کا جوڑ ملانا ..... الصَّبِيَّ الكِتَابَ: بچے کو کتاب پڑھانا۔
هَاجَيْتُهُ مُهَاجَاةً: ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
اَهْجَى اِهْجَاءً ا الْقَوْلَ: ہجو والا پانا۔
تَهَجَّى تَهَجِّيًا الْحُرُوْف: حروف کی ہجے کرنا۔
تَهَاجَيَا تَهَاجِيًا وَاهْتَجَيَاءً اِهْتِجَاءً: ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
الهِجَاء: حروف کا جوڑ۔ حُرُوْف الهِجَاءِ: الف سے لے کر یا تک اور ان کا نام حروف التهجيّ والتَّهَجِّيَة: بھی ہے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلَى هِجَاءِ هٰذَا" یہ اس کی شکل پر ہے "وَهُوَ عَلَى هِجَاءِ فُلَانٍ" وہ لمبائی اور شکل میں فلاں کے اندازہ پر ہے۔
الهَجَاة: مینڈک۔
الهَجَّاء: بہت ہجو کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَجَّاء" بہت ہجو کرنے والا مرد۔
الأُهْجُوَّة والأُهْجِيَّة: ہجو جو قطعہ یا قصیدہ سے کی جائے۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ أُهْجُوَّة أو أُهْجِيَّةٌ يَتَهَاجُوْنَ بِهَا جَ اَهَاجِيُّ".
هَدَّ (ن) هَدًّا وهُدُوْدًا البِنَاءَ: عمارت کو دھماکے سے گرانا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّتْهُ المُصِيْبَةُ" مصیبت نے اس کے اعضاء کو ضعیف بنا دیا۔ "وَهَدَّنِي هٰذَا الأَمْرُ أَوْ هَدَّ رُكْنِيْ" یعنی اس معاملہ نے میری کمر توڑ دی۔
هَدَّ (س ض) هَدَّا الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔
هَدَّ (ض) هَدَّا البَعِيْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا (..... هَدِيْدًا) الحَائِطُ ونَحْوُهُ: دیوار وغیرہ کا دھماکے سے گرنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ هَدَّكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد تمہارے لئے فلاں مرد سے کافی ہے۔ بعض لوگ اس قول میں لفظ هَدَّ کو مصدر قرار دیتے ہیں اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ نہیں لاتے اور یہ اکثر کا قول ہے اور بعض فعل قرار دیتے ہیں اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ سب لاتے ہیں۔ کہتے ہیں "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ هَدَّكَ مِنْ رَجُلٍ وبِامْرَأَةٍ هَدَّتْكَ مِنْ امْرَأَةٍ وَبِرَجُلَيْنِ هَدَّاكَ وَبِرِجَالٍ هَدُّوْكَ بِامْرَأَتَيْنِ هَدَّتَاكَ وَبِنِسَاءٍ هَدَدْنَكَ" الخ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَهَدَّ الرَّجُلُ" یعنی وہ اچھا آدمی ہے اور یہ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ قوت اور طاقت کی تعریف کی جائے اور مطلقاً تعجب کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے اور فُلَانٌ يُهَدُّ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ بہادری اور قوت کی تعریف کی جائے۔
هَدَّدَهُ وتَهَدَّدَهُ: دھمکانا۔ خوف دلانا۔
تَهَادُّوْا تَهَادًّا: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔
اِنْهَدَّ الجَبَلُ او البَيْتُ: پہاڑ یا مکان کا ٹوٹ پڑنا۔ گرنا۔
اِسْتَهَدَّ: کمزور سمجھنا۔
الهَادُّ: فا۔ سمندر کا شور۔
الهَادَّة الهَادُّ: کا مؤنث۔ گرج۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْنَا الْعَامَ هَادَّةً" ہم نے امسال گرج نہیں سنی۔
الهَدُّ: مص۔ فیاض۔ سخت آواز (..... والهِدُّ) کمزور مرد۔ ج هُدُوْن وهِدُوْن۔
الهَدَد: سخت آواز۔
الهَدَّة. هَدَّ: کا اسم مرۃ۔ دھماکا۔
الهَدَاد: مہربانی۔ نرمی۔ مہلت اور اسی سے ہے "هَدَادَيْكَ" اور یہ "حَنَانَيْكَ" کے قبیل سے ہے۔ گویا کہ کہنے والا کہتا ہے "مَهْلاً بَعْدَ مَهْلٍ" یعنی چھوڑ دو۔ دور رہو۔ علیحدہ ہو جاؤ قَوْمٌ هَدَادٌ: بزدل لوگ۔
الهَدَاشَة: بزدلی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَدَادَةٌ" بزدل مرد۔
الهَدُوْد: نرم زمین۔ دشوار گزار گھاٹی اکمۃ هَدُوْدَة: ٹیلہ جس سے اترنا دشوار ہو۔
الهَدِيْد: مص۔ لمبا مرد۔ دھماکا۔ آواز کی گنگناہٹ۔
الهِدَّان: اکھڑ بیوقوف مرد۔
الإِهْدَاد: بزدلی۔
التَّهَدُّد: ڈرانا۔ دھمکانا۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا مُتَهَادِّيْنَ ومُتَسَاتِلِيْنَ" وہ سب ایک دوسرے کے پیچھے آئے گویا کہ بعض بعض کو توڑ رہے تھے۔
هَدَأَ يَهْدَأُ هَدْأً وهُدُوْءًا: سکون ہونا (حرکت وآواز وغیرہ میں) هَدَأَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَسَاقَطُوْا إِلَى بَلَدِ كَذَا فَهَدَأُوا فِيْهِ" لوگ فلاں شہر میں پہنچے اور وہاں اقامت کی..... فُلَانٌ: مرنا اور کہا جاتا ہے "أَتَانَا فُلَانٌ وَقَدْ هَدَأَتِ الْعَيْنُ والرِّجْلُ" یعنی فلاں ہمارے پاس اس وقت آیا جبکہ سارے لوگ سو چکے تھے (اور کبھی هَدَأَ الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں) هَدَأَ الصَّبِيَّ: بچے کو سلانے کے لئے تھپکی دینا۔
هَدِئَ يَهْدَأُ هَدَأً: کبڑا ہونا..... البَعِيْرُ: کثرتِ بوجھ کی وجہ سے چھوٹے کوہان والا ہونا۔
هَدَّأَهُ تَهْدِئَةً: تسکین دینا۔ چپ کرانا۔
اَهْدَأَهُ اِهْدَاءً: تسکین دینا۔ چپ کرانا۔ اَهْدَأَ الصَّبِيَّ: بچے کو سلانے کے لئے تھپکی دینا..... الثَّوْبَ: بوسیدہ کرنا..... الكِبَرُ او الضَّرْبُ فُلَانًا: کبڑا کر دینا۔ جھکا دینا..... اللّٰهُ مَنْكِبَهُ: مونڈھے کو پست کر دینا۔ عرب کہتے ہیں "لَا أَهْدَأَهُ اللّٰهُ" یعنی اللہ اس کے رنج و غم کو دور نہ کرے۔
الهُدْءُ والهَدْءُ: رات کا ابتدائی حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَتَانَا بَعْدَ هَدْءٍ مِنَ اللَّيْلِ" وہ ہمارے پاس ایک حصہ رات گزرنے کے بعد یا لوگوں کے سونے کے بعد آیا الهُدْءُ: سکت وخصلت۔ (لغت ہے هَدِئَ بِالْيَاءِ

marfat.com
Marfat.com

میں)
الْهَدْأَة.هدأ: کا اسم مرۃ.....مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔
الهِدْأَةُ.هَدَأ: کا اسم نوع۔کہا جاتا ہے "مَالَهُ هِدْأَةَ لَيْلَة" اس کے پاس رات کا گزارہ نہیں۔
اَلْهَدَأَة: ایک قسم کی دوڑ۔
الْهُدَاءَة: دبلا گھوڑا (نرہی کے لئے خاص ہے)
الْهُدُوء: مص.....مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ' کہا جاتا ہے "اَتَانَا فُلَانٌ هُدُوْءَ ا" فلاں ہمارے پاس سونے کے بعد آیا۔
الْهَدْئُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔
الاَهْدَأ: کبڑا' کہا جاتا ہے "مَنْكِبٌ اَهْدَاءُ" جھکا ہوا کندھا "وَرَجُلٌ اَهْدَاءُ وَامْرَأَةٌ اَهْدَأُ" کبڑا مرد' کبڑی عورت "وَهُوَ اَهْدَاءُ مِمَّا كَانَ" زیادہ مطمئن۔
الْمَهْدَأ.مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔
الْمَهْدَأَة: حالت' کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ عَلٰى مُهَيْدِيَةٍ: میں نے اس کو سابق حالت پر چھوڑ دیا اور یہ مُهْدَأَة کی تصغیر ہے۔
هَدَبَ (ض) هَدْبًا الشَّيْءَ: کاٹنا۔النَّاقَةَ: اُونٹنی کو دوھنا.....الثَّمَرَةَ: پھل توڑنا۔
هَدِبَت (س) هَدَبًا الْعَيْنُ: آنکھ کا لمبی پلکوں والی ہونا.....الشَّجَرَةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔
هَدَّبَ الثَّوْبَ: کپڑے میں جھور بنانا هَدَّبَ وَاهْتَدَبَ الثَّمَرَةَ: میوہ توڑنا۔
اَهْدَبَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔
تَهَدَّبَتِ الْاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا لٹکنا تَهَدَّبَ السَّحَابُ: لٹکے ہوئے بادل والا ہونا۔
الْهُدْب والْهُدُب: پلک' واحد هُدْبَةٌ وهُدْبَةٌ: کپڑے کا جھور ج اَهْدَابٌ واحد هُدْبَةٌ.
الْهَدَبُ: ارطیٰ اور اس کے مانند درختوں کی ٹہنیاں' درخت کے پتے جو ہمیشہ رہیں

سرو.....مِنَ النَّبَاتِ: گھاس جس کے پتے دیر ہوں اور وہ خود پتوں کے قائم مقام ہو اور بقول بعض ہر پتے جن میں چوڑائی نہ ہو۔
هَدَبُ الشَّجَرَةِ: ٹہنیوں کی لمبائی اور ان کا لٹکنا ج اَهْدَاب.
الْهَدِب: شیر.....مِنَ الْعُيُوْنِ والْاَشْجَارِ: لمبی پلکوں والی آنکھ' لمبی شاخوں والا درخت۔
الْهُدُبُّ: کند خاطر و عاجز۔
الْهُدَّاب: کند خاطر و عاجز۔پتے جو چوڑے نہ ہوں' واحد هُدَّابَةٌ کہا جاتا ہے "قَطَعَ هَدَبَ الشَّجَرَةِ وهُدَّابَهَا" اس نے درخت کی لمبی شاخیں کاٹیں "هُدَّابُ النَّخْلِ" درخت خرما کی شاخیں هُدَّابُ الثَّوْبِ کپڑے کے چھور۔
الْهَيْدَبُ مِنَ السَّحَابِ: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔الْهَيْدَبُ مِنَ الرِّجَالِ: کند خاطر و عاجز۔بہت بالوں والا الْهَيْدَب: پستان۔
الْهَيْدَبٰى: گھوڑوں کی ایک چال۔
الْاَهْدَب: لمبی اور گھنی پلکوں والا۔مؤنث هَدْبَاء ج هُدْب. شَجَرٌ اَهْدَبُ: لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔نَسْرٌ اَهْدَبُ: لمبے پروں والا گدھ۔عَيْنٌ هَدْبَاءُ: لمبی پلکوں والی آنکھ۔شَجَرَةٌ هَدْبَاءُ: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت اُذُنٌ هَدْبَاءُ: لٹکے ہوئے کان۔لِحْيَةٌ هَدْبَاءُ: لٹکی ہوئی داڑھی۔
هَدَجَ (ض) هَدْجًا وهَدَجَانًا وهُدَاجًا: بوڑھوں کی چال چلنا.....الظَّلِيْمُ: شتر مرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔
هَدَجَت هَدْجًا وهَدَجَةُ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا.....الْقِدْرُ: ہانڈی کا زور سے اُبلنا.....الرِّيْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔
هَدَّجَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بڑے اور بلند کوہان والی ہونا۔

ہونا۔تَهَدَّجَتِ الْاُمُّ: اونٹنی کا بچے سے پیار کرنا۔تَهَدَّجَ الْقَوْمُ عَلٰى فُلَانٍ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔
اِسْتَهْدَجَ: کانپتے ہوئے چلنا۔
الْهَدَّاج: اسم مبالغہ۔بوڑھوں کی چال چلنے والا۔ظَلِيْمٌ هَدَّاجٌ: کانپتے ہوئے چلنے والا شتر مرغ اور اسی سے ہے "فَنَافِذُ هَدَّاجُوْنَ حَوْلَ بُيُوْتِهِمْ" سیپیاں ان کے مکان کے اردگرد کانپتے ہوئے چلتی ہیں۔
قِدْرٌ هَدُوْجٌ: جلدی اُبلنے والی ہانڈی۔
الْهَوْدَج: ہودہ ج هَوَادِج۔
الْمِهْدَاج: بچہ سے پیار کرنے والی اونٹنی۔ سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔
الْمُسْتَهْدِج: فا۔جلد باز۔
الْمُسْتَهْدَج: مفع۔جلد بازی (مصدر میمی)
الْهَدْجَدَج: بوڑھوں کی چال چلنے والا شتر مرغ۔
هَدَرَ (ن ض) هَدْرًا وهَدَرًا. الدَّمُ وَغَيْرَهُ: خون وغیرہ رائیگاں جانا.....فُلَانٌ الدَّمَ وَغَيْرَهُ: باطل کرنا۔
هَدَرَ (ض) هَدْرًا وتَهْدَارًا الْحَمَامُ: کبوتر کا کوکو کرنا۔گٹکری کرنا.....الشَّرَابُ: جوش میں آنا۔هَدَرَتْ جُرْعَةُ الْبِيْدِ: نیز کا مٹکے میں جوش میں آنا.....الرَّعْدُ: بادلوں میں گرجنا.....النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا.....هَدْرًا وهَدِيْرًا) الْبَعِيْرُ: اونٹ کا بڑبڑانا..... هُدُوْرًا وهَدِيْرًا) الْعُشْبُ: بہت بڑھنا اور لمبی ہونا۔
هَدَّرَ الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔
اَهْدَرَ دَمَ فُلَانٍ: باطل کرنا۔مباح کرنا۔
تَهَادَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔
اِهْدَوْدَرَ الْمَطَرُ: زور سے بارش ہونا۔
الْهَادِر: فا۔ناکارہ ج هَدَرَة: دودھ جس کا اوپر کا حصہ گاڑھا ہو اور نیچے کا پتلا۔
الْهَادِرَة.الْهَادِر: کا مؤنث۔اَرْضٌ هَادِرَةٌ: بہت گھاس والی زمین ج هَوَادِر.

marfat.com
Marfat.com

الھَـذار: اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ھَذار" بہت گر جنے والا بادل۔

الھَذر والھَذر: مص۔ ناکارہ ورائیگاں کہا جاتا ہے "ذَھَبَ دَمُهٗ ھَذرًا او ھَذرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔ "ذَھَبَ مَالُهٗ او سَعْيُهٗ ھَذرًا او ھَذرًا" اس کا مال یا اس کی کوشش رائیگاں گئی۔

الھَذَر: ناکارہ لوگ۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ اُنَاسٌ ھَذَرٌ" وہ ناکارہ لوگ ہیں۔

الھِذر: نکما ناکارہ ج ھِذَرَةٌ کہا جاتا ہے "بَنُو فُلَانٍ ھَذَرَةٌ وھِذَرَةٌ وھُذَرَةٌ" فلاں کی اولاد نکمی اور ناکارہ ہے اور ایسا ہی واحد کے لئے اور مؤنث کے لئے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ جُبَانٌ ھَذَرَةٌ".

الاَھْـذَر: پھولا ہوا۔ مؤنث "ھَـذْرَاء ج ھُذْر".

المَھْذَرَة: سامنے کے چھوٹے دانت۔

الھَدَاوِیس: مصیبتیں۔

ھُدِشَ ھَدْشًا الْکَلْبُ: کتے کا بھڑکایا جانا۔

اِنْھَدَشَ اِنْھِدَاشًا الْکَلْبُ: کتے کا بھڑکنا۔

الھَوْدَع: شترمرغ۔

ھَدَغَهٗ (ف) ھَدْغًا: توڑنا۔

اِنْھَدَغَ: ٹوٹنا..... الشَّیْءُ: خشک ہونے کے بعد نرم ہونا..... الرُّطَبَةُ: گر کر پھٹنا۔

ھَدَفَ (ن) ھَدْفًا. اِلَیْهِ: داخل ہونا۔ لِلْخَمْسِیْنَ: قریب پہنچنا۔

ھَدَفَ (ض) ھَدْفًا: سست ہونا۔ کمزور ہونا۔ کسلمند ہونا..... اِلَی الشَّیْءِ: جلدی کرنا۔

اَھْدَفَ لِلْخَمْسِیْنَ: قریب پہنچنا..... عَلَی التَّلِّ: ٹیلہ پر سے جھانکنا..... اِلَیْهِ: پناہ لینا..... لَهُ الشَّیْءُ: پیش آنا..... مِنْهُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَھْدَفَ لَکَ الصَّیْدُ فَارْمِهٖ" شکار تمہارے قریب ہے اس پر تیر مارو۔

اِسْتَھْدَفَ لَهُ الشَّیْءُ: سیدھا کھڑا ہونا۔

الشَّیْءُ: بلند ہونا' نشانہ بننا اور اسی سے مشہور قولہ ہے "مَنْ صَنَّفَ فَقَدِ اسْتَھْدَفَ" جس نے کوئی کتاب تصنیف کی وہ نشانہ بن گیا۔

اِسْتَھْدَفَ کَفَلُ الْاِنْسَانِ او الْحَیَوَانِ: انسان یا حیوان کے چوتڑ کا بڑا ہونا۔

الھَادِف: فا۔ اجنبی۔

الھَادِفَة: جماعت۔

الھِدْف: بڑے جسم والا۔

الھَدَف: ہر ایک بلند (عمارت یا ٹیلہ یا پہاڑ اور اسی وجہ سے نشانہ کو بھی "ھَدَف" کہتے ہیں الھَدَف: بڑے جسم کا مرد' بہت سونے والا' بھاری بھرکم' ناکارہ' ناموافق ج اَھْدَاف.

الھِدْفَة: لوگوں کی جماعت۔ مکانات کہ جن میں لوگ کچھ اقامت کریں اور پھر کوچ کریں ج ھِدَف.

ھَدَکَ (ض) ھَدْکًا الْبِنَاءَ: عمارت کو ڈھانا۔

تَھَدَّکَ تَھَدُّکًا: بیوقوف بننا..... عَلَیْهِ بِالْکَلَامِ: دھمکانا۔

ھَدَلَ (ض) ھَدِیْلًا الْحَمَامُ او الْفُلَامُ: آواز نکالنا..... ھَدْلًا الشَّیْءَ: لٹکانا۔

ھَدِلَ (س) ھَدَلًا: ڈھیلا ہونا..... الْبَعِیْرُ: زخم کی وجہ سے ڈھیلے ہونٹ والا ہونا۔

تَھَدَّلَتِ الشَّفَةُ: ہونٹ کا ڈھیلا ہونا۔

..... اَغْصَانُ الشَّجَرَةِ او ثَمَرَتُھَا: درخت کی ٹہنیوں یا پھل کا لٹکنا..... الثَّوْبُ: کپڑے کا لٹکنا۔

الھَادِل: فا۔ بَعِیْرٌ ھَادِلٌ: لٹکے ہوئے ہونٹ والا اونٹ۔

الھَدَال: لٹکی ہوئی شاخیں۔

اَلْھَدَالُ: وہ طفیلی بیل جو دوسرے درختوں کی شاخوں پر چڑھ کر ان کا رس چوستی ہے۔ ان میں سے کچھ سفید پھلوں والی ہوتی ہیں موسم سرما میں بادام اور سیب پر چڑھی ہوئی ہوتی ہیں اور کچھ سرخ پھلوں والی زیتون کے درخت پر ہوتی ہیں۔

الھَدَالَة: جماعت۔

جَمَلٌ ھَدِلٌ: لمبے اور لٹکے ہوئے ہونٹ والا اونٹ۔

الھَدِیْل: مص۔ کبوتر کی کوکو' کبوتر کا بچہ' بہت بالوں والا مرد اور بقول بعض گتھے ہوئے بالوں والا جو کنگھی نہ کرے اور تیل نہ لگائے۔ رَجُلٌ ھَدِیْلٌ: سست و بوجھل مرد۔

الاَھْدَل: لٹکے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث ھَدْلَاء، ج ھُدْل. مِشْفَرٌ اَھْدَل: ڈھیلا ہونٹ کا اونٹ۔ شَفَةٌ ھَدْلَاء: ٹھوڑی پر لوٹا ہوا ہونٹ اَلْاَھْدَلُ مِنَ السَّحَابِ: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔

ھَدَمَ (ض) ھَدْمًا الْبِنَاءَ: عمارت ڈھانا..... الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَھَدَمَهٗ" اس نے اس کو مارا اور پیٹھ توڑ دی۔

ھُدِمَ الرَّجُلُ فِی الْبَحْرِ: سمندر میں چکر آنا۔

ھَدَّمَ الْبِنَاءَ: عمارت ڈھانا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) ..... الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

تَھَدَّمَ الْبِنَاءُ: عمارت کا آہستہ آہستہ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَھَدَّمَ عَلَیْهِ غَضَبًا" اس نے اسے دھمکی دی..... الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

تَھَادَمُوْا: ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔

اِنْھَدَمَ الْبِنَاءُ: عمارت کا ویران و شکستہ ہونا۔

الھَادِم: فا۔ ھَادِمُ اللَّذَّاتِ: کنایہ ہے موت سے۔

الھُدَام: چکر جو انسان کو سمندر میں لاحق ہو۔

الھَدْم: مص۔ مباح کئے ہوئے خون۔ کہا جاتا ہے "دَمُهٗ ھَدْمٌ" اس کا خون مباح ہے۔

الھِدْم: بوسیدہ یا پیوند لگا ہوا کپڑا۔ ج اَھْدَام وھُدُم کہا جاتا ہے "عَلَیْهِ ثِیَابٌ ھِدْمٌ اَوْ اَھْدَامٌ" وہ بوسیدہ کپڑے پہنے ہوئے ہے۔

الھُدْم: پیر فرتوت' کھوسٹ بڈھا۔ پرانا۔

marfat.com

Marfat.com

چرمی موزہ۔
الھَدِم: مخنث۔ بیوقوف۔
الھَدَم: خون مباح۔ کہا جاتا ہے "دَمُہٗ ھَدَمٌ" اس کا خون مباح ہے۔ کنوئیں کے کناروں سے شکستہ ہو کر جو کنوئیں ہی میں گر پڑے۔ ہر وہ عمارت جو ویران و شکستہ ہو گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ حَفْرَکَ اِلٰی لَھَدَمٍ وَاِنَّ حَبْلَکَ اِلَی لانْشُوْطَة" یہ اس وقت بولا کرتے تھے جبکہ یہ کہنا مقصود ہو کہ تمہاری مدد بہت کم ہے نیز عرب معاہدہ اور نصرت کے وقت کہا کرتے تھے "دَمِیْ دَمُکَ وَھَدَمِیْ ھَدَمُکَ" یعنی اگر کوئی مجھے قتل کرے تو تم میرے خون کا مطالبہ کرو جیسے تم اپنے اولیاء کے خون کا مطالبہ کرتے ہو اور اگر کسی نے میری عزت بگاڑی پر تو اس نے تمہاری عزت پر بٹہ لگایا اور کہا جاتا ہے "اِنْقَضَّ ھَدَمٌ مِنَ الْحَائِطِ" دیوار منہدم ہو گئی۔
شَھِیْدُ الْھَدَم: وہ شخص جو کنوئیں میں گر جائے یا اس کے اوپر دیوار گر پڑے۔
الھَدْمَة: اسم مرۃ۔ ہلکی بارش۔
الھِدْمَة: پرانا کپڑا۔ ج ھُدُوْم.
الھَدِیْم: پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔
عَجُوْزٌ مُتَھَدِّمَةٌ: بہت بڑھیا۔
المُھْدَم اوالمَھْدُوْم والمَھْدُوْمَة: گاڑھا اور جما ہوا دودھ۔ اَرْضٌ مَھْدُوْمَةٌ: زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
خُفٌّ مُھَدَّم: بوسیدہ پیوند لگا ہوا چرمی موزہ۔
ھَدْمَلَ الرَّجُلُ: کپڑے پھاڑنا۔
الھِدْمِل: پرانا کپڑا۔ دیرینہ۔ بہت بالوں والا۔
الھِدْمِل: پرانا کپڑا۔ جمع شدہ بلند پشتہ۔
الھِدْمِلَة: بہت درختوں والا ریگستان۔ زمانہ قدیم۔ لوگوں کی جماعت۔
ھَدَنَ (ض) ھُدُوْنًا: آرام پانا۔ بزدل ہونا ..... ڈھیلا ہونا (..... ھَدْنًا) آرام دینا۔ جھوٹے وعدہ سے راضی کرنا..... الصَّبِیُّ: خوش کرنا۔

الشَّیْءَ: دفن کرنا..... فُلَانًا: قتل کرنا۔
ھُدِنَ عَنْکَ فُلَانٌ: کسی کام تم سے تھوڑی سی چیز پا کر راضی ہونا۔
ھَدْنَةٌ: تسکین دینا۔ باز رکھنا۔ کہا جاتا ہے "ھَدَنُوْہُ بِالْقَوْلِ حَتّٰی ھَدَنَ" ان کو انہوں نے قول سے راضی کیا یہاں تک کہ وہ راضی ہو گیا..... الصَّبِیُّ: خوش کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھَدَنَتِ الْمَرْاَةُ صَبِیَّھَا بِکَلَامِھَا لِیَنَام" عورت نے اپنے بچے کو سونے کے لئے لوری دی۔
اَھْدَنَ الْخَیْلَ: دبلا کرنا۔ گھوڑے کو چھریرا بنانا۔
ھَادَنَہٗ مُھَادَنَةً: صلح کرنا۔
تَھَادَنَ الْاَمْرُ: درست ہونا..... الْقَوْمُ: باہم صلح کرنا۔
اِنْھَدَنَ الرَّجُلُ عَنْ عَزْمِہٖ: ست ہونا۔
الھِدَان: اکھڑ۔ بے وقوف۔ جنگ میں ست۔ ج ھُدُوْن.
الھِدَانَة: لڑائی کے بعد صلح۔
الھِدْن: سرسبزی۔ فراخی۔ ارزانی۔
الھَدِن: ڈھیلا۔
الھَدْنَة. ھَدَن: کا اسم مرۃ۔ تھوڑی ہلکی بارش۔
الھُدْنَة: مصالحت۔ آرام۔ سکون۔ ج ھُدَن.
الھُدُوْن: سکون۔ صلح۔
المَھْدُوْن: مفع۔ بہت سونے والا جو نہ صبح کی نماز پڑھے اور نہ اپنی ضروریات کے لئے جائے۔ کند ذہن جو صرف باتوں سے راضی ہو جائے۔
المَھْدَنَة: سکون۔ آرام۔
الھَیْدَان: بزدل۔ بخیل۔
ھَدْھَدَ ھَدْھَدَةُ البَعِیْرُ: اونٹ کا بڑبڑانا ..... الطَّائِرُ: پرندہ کا تکرار کرنا۔ ھَدْھَدَتِ الصَّبِیَّ اُمُّہٗ: بچے کو سونے کے لئے ہلانا
ھَدْھَدَ الشَّیْءُ مِنْ عُلْوٍ اِلٰی اَسْفَلَ: اتارنا۔ کہا جاتا ہے "یُھَدْھِدُ عَلَیَّ کَذَا" مجھ پر ایسا خیال ہوتا ہے۔
الھَدْھَدُ: جنات کی آوازیں (اس کے لئے واحد نہیں)
الھُدْھُد والھُدْھِد والھُدَاھِد ھدھد: واحدھُدْھُدَة وھُدْھُدَة وھُدْھِدَة ج ھَدَاھِد وھَدَاھِیْد "اَبْصَرُ مِنْ ھُدْھُدٍ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ عرب کا خیال تھا کہ یہ پانی کو زمین کے نیچے سے دیکھ لیتا ہے۔
الھُدْھُد: ہر کو کو کرنے والا پرندہ۔ بہت کو کو کرنے والا کبوتر۔ ج ھَدَاھِد وھَدَاھِیْد.
الھَدْھَدَة: مص۔ کبوتر کی کو کو کی آواز۔
الھَدَاھِد: نرمی۔ تم کہتے ہو "عَلَیْکَ بِالْھَدَاھِدَة" اپنے اوپر نرمی کو لازم کرو۔
تَهَفْهَفَ الرَّجُلُ: لاغر اندام و نازک ہونا۔
ظِلٌّ هَفْهَفٌ: ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو۔
الهَفْهَاف: پتلے پیٹ والا۔ پیاسا..... مِنَ القُمُصِ وَالأَجْنِحَةِ: پتلا و شفاف۔ ظِلٌّ هَفْهَاف: ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو۔ غُرْفَةٌ هَفْهَافَةٌ: سایہ دار ٹھنڈا اجھروکہ۔
المُهَفْهَف: پتلے پیٹ باریک کمر والا مؤنث مُهَفْهَفَةٌ.
هَفَا يَهْفُوْ هَفْوًا وهَفْوَةً وهَفَوَانًا: تیز دوڑنا..... الطَّائِرُ: پر پھڑ پھڑانا اور اُڑنا..... الرَّجُلُ: پھسلنا۔ بھوکا ہونا۔
هَفَتْ تَهْفُوْ هَفْوًا وهُفُوًّا الرِّيْشَةُ او الصُّوْفَةُ فِي الْهَوَاءِ: پر یا اون کا اِدھر اُدھر اڑنا..... الرِّيْحُ بِالصُّوْفَةِ: ہوا کا اُون کو اِدھر اُدھر اڑانا۔ هَفَا الْفُؤَادُ: دِل کا دھڑکنا' فریفتہ ہونا..... فُلَانٌ: اوچھا ہونا۔ هَفَا الظَّلِيْمُ: شترمرغ کا دوڑنا اور کہا جاتا ہے "هَفَا الْقَلْبُ مِنَ الْحُزْنِ او مِنَ الطَّرَبِ" دل غم سے پراگندہ ہوا یا خوشی سے قابو میں نہیں رہا۔
هَافَاهُ مُهَافَاةً: خواہش کی طرف مائل کرنا۔
الهَافِي: قا۔ بھوکا۔
الهَافِيَة. الهَافِي: کا مؤنث ج هَوَافٍ هَوافِي الإِبِلِ: گم شدہ اونٹ۔
الهَفَا: بارش جو کبھی برسے کبھی رک جائے۔
الهَفَاء: غلطی۔ لغزش۔
الهَفَاة: بارش۔ رَجُلٌ هَفَاةٌ: بیوقوف مرد۔

الهَفْوَة: لغزش ج هَفَوَات.
الأَهْفَاء: بیوقوف لوگ۔
هَقَّ (ض) هَقًّا الرَّجُلُ: بھاگنا۔
هَقَعَ (ب) هَقْعًا الفَرَسَ: گھوڑے کو داغ دینا۔
تَهَقَّعَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا: نادانی برتنا۔ تکبر کرنا۔ فعل قبیح کا ارتکاب کرنا۔
تَهَقَّعَ: اوندھا ہونا۔
اِنْهَقَعَ الرَّجُلُ: سخت بھوکا ہونا۔
اِهْتَقَعَهُ: باز رکھنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَقَعَ فُلَانًا عِرْقُ سُوْءٍ" فلاں کو بداصلی نے عزت و شرافت تک پہنچنے سے روک دیا "اِهْتَقَعَتِ الْحُمّٰى فُلَانًا" ایک دن ناغہ دے کر بخار آنا۔ اِهْتَقَعَ الشَّيْءُ فُلَانًا: دوبارہ لوٹ کر آنا۔
اُهْتُقِعَ لَوْنُهُ: خوف یا گھبراہٹ سے رنگ بدل جانا۔
الهُقَاع: غم یا بیماری کی وجہ سے غفلت۔
الهَقِع: لالچی۔ مؤنث هَقِعَةٌ.
الهَقْعَة. هَقَعَ: کا اسم مرۃ۔ جوزا کے اوپر تین روشن ستارے جو دیگدان کے پایہ کے مانند ایک دوسرے سے قریب ہیں۔ الهَقْعَة: گھوڑے کے سینہ کے وسط میں دائرہ۔
الهُقَعَة: لوگوں کے درمیان بہت ٹیک لگانے والا یا لیٹنے والا۔
الهَيْقَعَة: تلوار کی جھنکار۔ تلوار کی جھنکار کی نقل۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسُّيُوْفِ هَيْقَعَةً" میں نے تلواروں کی جھنکار سنی۔ آواز سننے کے لئے خشک چیز کو خشک چیز پر مارنا۔ یا لوہے کو پتھر سے مارنا۔
المَهْقُوْع: مفع..... مِنَ الْخَيْلِ: سینہ کے وسط میں دائرہ رکھنے والا گھوڑا۔
الهَاقِل: چوہا۔
الهِقْل: جوان شترمرغ۔ لمبا بیوقوف۔ مؤنث هِقْلَة.
الهَقِل: بھوکا۔
الهَيْقَل: جوان شترمرغ۔ گوہ۔

الهَيْقَلَة: ایک قسم کی چال۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ يَمْشِي الهَيْقَلَة".
هَقِمَ (س) هَقَمًا: بہت بھوکا ہونا۔ صفت هَقِم: بہت کھانا اور بدہضمی نہ ہونا۔
تَهَقَّمَهُ: مغلوب کرنا۔ تَهَقَّمَ الطَّعَامَ: پے در پے بڑے بڑے لقمے نگلنا۔
الهِقْم: سمندر۔ بہت کھانے والا مرد۔
الهَيْقَم: وسیع سمندر۔ سمندر کا شور۔
هَقَى يَهْقِي هَقْيًا: بکواس کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَهْقِي بِفُلَانٍ" فلاں فلاں کے ساتھ بک بک کرتا ہے..... فُلَانًا: گالی دینا..... فُؤَادُهُ: دل پراگندہ ہونا۔
أَهْقَاهُ إِهْقَاءً: خراب کرنا۔
هَكَّ (ن) هَكًّا: گوز کرنا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا..... النَّعَامُ: شترمرغ کا پاخانہ کرنا..... الشَّيْءَ: پیسنا۔ صفت مفعولی مَهْكُوْك ومَهْكِيْك. هَكَّهُ بِالرُّمْحِ: پے در پے نیزہ مارنا۔ هَكَّهُ بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا۔ هَكَّتِ الْخَمْرُ فُلَانًا: مست کرنا..... اللَّبَنَ: دودھ نکالنا..... فُلَانًا: لاغر کرنا..... النَّجَّارُ الخَرْقَ: بڑھئی کا سوراخ کو کشادہ کرنا..... الجَارِيَةَ: بہت جماع کرنا۔ هَكَّتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا گر جانا۔
هُكَّ الشَّيْءُ: گرایا جانا۔
تَهَكَّكَ الرَّجُلُ: مضطرب ہونا۔
الأُنْثَى: قریب الولادہ ہونے کی وجہ سے تھن کا بڑا ہونا۔
اِنْهَكَّ الْبَعِيْرُ: بیٹھنے کے وقت زمین سے چمٹنا..... الرَّجُلُ: مست ہونا۔ اِنْهَكَّتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا گرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَنْهَكُّ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔
الهَكُّ: مص۔ فاسد العقل ج هَكَّةٌ
والهُكَاك: سخت بارش۔
الهَكُوْك: ہنسی مذاق کرنے والا۔ کمزور کمینہ۔
أَحْمَقُ هَاكٌّ: انتہائی بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَكَّاكٌ بِالْكَلَامِ" غلط کلام کو صحیح سمجھ

marfat.com
Marfat.com

کر بولنے والا۔
الْهَكُوْك: موٹا۔ ہنسی مذاق کرنے والا۔ سخت جگہ اور بقول بعض نرم جگہ۔
الْهَكِيْك: پیاہوا۔ مخنث۔
الْمَهْكُوْك: مفع۔ کلام میں ہنسی مذاق کرنے والا۔ مسخرا۔
الْمُنْهَكَة: دشواری سے بچہ جننے والی عورت۔
هَكَبَ (ض) هَكْبًا بِهٖ: ٹھٹھا کرنا۔
هَكَّدَ عَلٰى غَرِيْمِهٖ: قرض دار پر سختی کرنا۔
هَكَرَ (ض) وهَكِرَ (س) هَكْرًا وهَكَرًا وهَكَرًا مِنْ كَذَا: سخت متعجب ہونا۔
هَكِرَ (س) هَكْرًا وهَكَرًا: اونگھنا۔
تَهَكَّرَ: تعجب کرنا۔ حیران ہونا۔
الْهَكِرِ: متعجب (..... والهَكْر) اونگھنے والا۔ کہا جاتا ہے مَا فِيْهِ مَهْكَرًا اَوْ مَهْكَرَةٌ: اس میں کوئی تعجب نہیں۔
هَكَعَ (ف) هُكُوْعًا: ٹھہرنا۔ مطمئن ہونا۔
هَكَعَتِ الْبَقَرُ تَحْتَ الشَّجَرِ: سخت گرمی میں درخت کے نیچے سایہ لینا..... الرَّجُلُ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ فَمَا يُدْرٰى اَيْنَ مَكَعَ و اَيْنَ هَكَعَ" فلاں گیا نہیں معلوم ہے کس طرف گیا اور کہاں اقامت کی۔ هَكَعَ اللَّيْلُ: تاریکی پھیلانا ..... فُلَانٌ بِالْقَوْمِ وَاِلَى الْقَوْمِ: شام ہونے کے بعد قوم کے پاس واپس آنا..... الرَّجُلُ: غم یا غصہ سے سر جھکانا..... اِلَى الْاَرْضِ: اوندھا ہونا..... عَظْمُهٗ: درستی کے بعد ٹوٹنا۔
هَكَعَ (س) هَكْعًا وَاهْتَكَعَ: مطیع ہونا۔ گھبرانا۔ عاجزی کرنا۔
الْهُكَاع: کھانسی۔ تھکن کے بعد کی نیند۔
الْهُكُوْع: درخت کے نیچے سایہ لینے والی گایوں کا ریوڑ۔
الْهُكَعَة: بیوقوف۔
هَكَّلَ تَهْكِيْلًا: الْحِصَانُ او الْمَرْاَةُ: گھوڑے یا عورت کا اٹھلاتے ہوئے چلنا۔
تَهَاكَلَ الْقَوْمُ: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔

هَيْكَلَ الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا اور لمبا ہونا۔
الْهَيْكَل: لمبی اور بڑی نباتات یا درخت۔ واحد هَيْكَلَة: بلند عمارت۔ موٹا (ہر جاندار) گرجا میں قربان گاہ۔ صورت۔ پیکر۔ مجسمہ ج هَيَاكِل. فَرَسٌ هَيْكَلٌ: بلند گھوڑا۔
هَكَّمَ تَهْكِيْمًا فُلَانًا وَلِفُلَانٍ: کسی کے لئے گانا۔
تَهَكَّمَتِ الْبِئْرُ ونحوها: کنوئیں کا گرنا۔
تَهَكَّمَ فُلَانًا وبِفُلَانٍ: ٹھٹھا کرنا..... زَيْدًا: پیاپے نیزہ مارنا..... الرَّجُلُ: جھوٹی مغرورانہ چال چلنا اور ہر چیز میں مقدار سے بڑھ جانا۔ تَهَكَّمَ عَلٰى فُلَانٍ: سخت غضبناک ہونا..... عَلَى الْاَمْرِ الْفَائِتِ: نادم ہونا..... الْمَطَرُ: ناقابل برداشت بارش ہونا..... فُلَانٌ: گانا..... لِفُلَانٍ: کسی کیلئے گانا..... بِفُلَانٍ: بہت یاد کرنا۔
الْهَكِم: لایعنی امور میں پھنسنے والا۔ شریر۔
الْاُهْكُوْمَة: ٹھٹھا۔ استہزاء۔
الْمُتَهَكِّم والْمُسْتَهْكِم: مغرور۔
تَهَكَّنَ عَلَى الْاَمْرِ الْفَائِتِ: نادم ہونا۔
(هَكَا) هَاكَاهُ مُهَاكَاةً: اپنی عقل کو عاجز و ناکام سمجھنا۔
الْاَهْكَاء: حیران لوگ۔
هَلْ: حرف استفہام بمعنی کیا جیسے "هَلْ طَلَعَ النَّهَارُ" کیا دن نکل آیا اور "هَلْ" نسبت ایجابیہ کیلئے مخصوص ہے جیسے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اور "هَلْ لَمْ تَقُمْ زَيْدٌ" نہیں کہا جاتا اور اگر نسبت سلبیہ سے استفہام مقصود ہو تو ہمزہ لاتے ہیں اور هَلْ: اپنے اسم پر بھی داخل نہیں ہوتا جس کے بعد فعل ہو اسی لئے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اور هَلْ زَيْدٌ قَائِمٌ: کہنا تو جائز ہے مگر "هَلْ زَيْدٌ قَامَ" کہنا جائز نہیں۔
اور هَلْ: جملہ شرطیہ پر بھی داخل نہیں ہوتا اس وجہ سے کہ اس میں ایجاب و نفی دونوں کا احتمال ہے اور اس جملہ پر بھی داخل نہیں ہوتا جس پر اِنْ حرف تحقیق داخل ہو اس لئے کہ اِنْ تقریر واقع کے لئے آتا ہے اور هَلْ استفہام کیلئے اور ان دونوں میں مناقات ہے۔ اسی وجہ سے "هَلْ اِنْ قَامَ زَيْدٌ" اور "هَلْ اِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ" کہنا جائز نہیں۔ بخلاف ہمزہ کے کہ یہ استفہام میں اصل ہے اور اس میں بڑی وسعت ہے۔
اور هَلْ: جب مضارع پر داخل ہو تو استقبال کے لئے خاص کر دیتا ہے۔ اسی وجہ سے هَلْ تَذْهَبُ الْاٰنَ: کہنا جائز نہیں۔
هَلَّ (ن) هَلَّا الْمَطَرُ: زور سے برسنا..... الْهِلَال: نیا چاند نکلنا..... هَلَّ الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا..... الرَّجُلُ: خوش ہونا۔ چلانا۔
هَلَّلَ تَهْلِيْلًا: تسبیح پڑھنا۔ هَلِّلُوْيَا (عبرانی کلمہ ہے جس کے معنی ہیں "پروردگار کی تسبیح پڑھو"۔ کہنا (دخیل) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا اور یہ هَيْلَلَة سے ماخوذ ہے جیسے بَسْمَلَةٌ بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنا اور حَوْقَلَةٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ: کہنا۔ کہا جاتا ہے "سَبَّحَ فُلَانٌ وهَلَّلَ" فلاں نے تسبیح پڑھی اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا۔ وهَلَّلَ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ بھاگنا..... عَنْ قِرْنِهٖ: پیچھے ہٹنا..... عَنْ ضَيْمِهٖ: گالی دینے سے رک جانا۔ ہٹ جانا..... الْكَاتِبُ: لکھنا۔
هَالَّ هِلَالًا وَمُهَالَّةً الْاَجِيْرَ: ماہانہ اجرت مقرر کرنا۔ تم کہتے ہو "كَارَبْتُهٗ مُهَالَّةً" یعنی ایک چاند سے دوسرے چاند تک جیسا کہ "مُشَاهَرَةً" یعنی ایک مہینہ سے دوسرے مہینہ تک۔
اَهَلَّ الْهِلَالُ: نیا چاند نکلنا..... الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا۔ اَهَلَّ الْقَوْمُ الْهِلَالَ: چاند دیکھتے وقت آواز بلند کرنا..... الصَّبِيُّ: بچے کا رونے میں آواز بلند کرنا..... الرَّجُلُ: نیا چاند دیکھنا..... السَّيْفُ بِفُلَانٍ: تلوار کا کاٹنا..... الْعَطْشَانُ: پیاسے کا تھوک جمع ہونے کے لئے زبان کو تالو سے ملانا..... اَلْسِنَةُ السَّحَابِ: برسانا..... الشَّهْرُ: مہینہ کا چاند دیکھنا الْمُلَبِّي: تلبیہ کے وقت آواز بلند کرنا..... فُلَانٌ بِذِكْرِ اللّٰهِ: کسی نعمت یا کسی

marfat.com
Marfat.com

عجیب چیز کو دیکھ کر اللہ کے ذکر میں آواز بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَھَلَّ بِالتَّسْمِیَةِ عَلَی الذَّبِیْحَةِ" اس نے ذبیحہ پر اللہ کا نام لیا۔
اُھِلَّ الْھِلَالُ : نیا چاند نکلنا..... اَلشَّھْرُ: مہینہ شروع ہونا۔
تَھَلَّلَ الْوَجْهُ اَوِ السَّحَابُ: چمک اٹھنا۔
.....فُلَانٌ: خوشی سے دمکتے ہوئے چہرے والا ہونا۔ تَھَلُّلُ الْعَیْنِ : آنسو بہانا۔
تَھَلَّلَتْ دُمُوْعُهٗ: آنسو بہنا۔
اِنْھِلَّ الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ بارش ہونا۔ اِنْھِلَالُ الْعَیْنِ : آنسو بہانا
.....اَلسَّمَاءُ بِالْمَطَرِ: برسانا۔
اِھْتَلَّ الْوَجْهُ وَالسَّحَابُ: چمک اٹھنا..... اَلسِّنُّ : ہنسنے میں دانت ظاہر کرنا..... اَلْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ برسنا۔
اِسْتَھَلَّ الْمَطَرُ : زور سے آواز کے ساتھ برسنا..... اَلسَّمَاءُ. پہلی بارش برسانا.....
اَلْقَوْمُ الْھِلَالَ : نیا چاند دیکھنا..... اَلشَّھْرُ: مہینہ شروع ہونا..... اَلشَّھْرَ: مہینہ کا نیا چاند دیکھنا..... اَلْوَجْهُ: خوشی سے دمک اٹھنا.....
اَلصَّبِیُّ : پیدائش کے وقت چلانا اور ایسا ہی ہر بولنے والے کے آواز بلند کرنے کو اِسْتِھْلَال کہتے ہیں۔ وَاِسْتَھَلَّتِ الْعَیْنُ : آنسو بہانا۔
اِسْتُھِلَّ الْھِلَالُ : نیا چاند نکلنا۔ اُسْتُھِلَّ السَّیْفُ: سونتا جانا۔
اَلْھِلَالُ: مصدر ھَالَ کا۔ نیا چاند۔ شروع مہینہ کی دو راتوں یا تین راتوں یا سات راتوں کے چاند کو ہلال کہتے ہیں اور مہینہ کی آخری دو راتوں چھبیسویں اور ستائیسویں کے چاند کو بھی اور ان کے علاوہ کے چاند کو قمر کہتے ہیں۔
وَالْھِلَالُ عِنْدَ اَھْلِ الْھَیْئَةِ : پہلی رات کا چاند الْھِلَالُ: تھوڑا پانی۔ شکار کو زخمی کرنے کا لوہا۔ سانپ اور بقول بعض نر سانپ۔ سانپ کی کینچلی۔ جوتے کا تسمہ۔ دبلا اونٹ۔ غبار۔ ناخن کی جڑ کی سفید۔ اونٹ کا نشان۔

خوبصورت لڑکا۔ چکی وغیرہ کا کنارہ جبکہ ٹوٹ جائے۔ بوچھار۔ پہلی بارش۔ ج اَھِلَّةٌ اور اَھَالِیْل (نادر)
الْاَھَالِیْل : بارشیں۔ اس کے لئے واحد نہیں یا اس کا واحد اُھلول ہے۔
الْھَلَال: پہلی بارش۔
الْھَلّ: مص۔ باریک بال۔ کپڑا۔
الْھِلّ : نمودار ی۔ ماہ نو۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ فِیْ ھِلِّ الشَّھْرِ" میں اس کے پاس نئے چاند طلوع ہونے کے وقت آیا۔
اَلْھَلَل : خوف۔ ڈر۔ کہا جاتا ہے "ھَلَکَ فُلَانٌ ھَلَلاً" فلاں خوف کی وجہ سے ہلاک ہو گیا۔ پہلی بارش۔ مکڑی کا جالا۔ بارشیں۔ واحد ھَلَّة.
ھَلَاّ: کلمۂ تخصیص و تندیم ہے۔ مرکب ہے ھَلْ وَلَا سے۔ اگر ماضی پر داخل ہو تو ترک فعل پر ملامت کے لئے جیسے ھَلَّا آمَنْتَ یعنی تم ایمان کیوں نہیں لائے اور اگر مضارع پر داخل ہو تو برانگیختہ کرنے کیلئے جیسے "ھَلَّا تُؤْمِنُ" تم ایمان کیوں نہیں لاتے ہو۔
الْھُلّی: خوشی جو غم کے بعد حاصل ہو۔
الْھَلَّة. ھَلَّ : کا اسم مرۃ۔ ھَلَل: کا واحد۔ چراغ دان اور کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ فِیْ ھَلَّةِ الْقَمَرِ" میں اس کے پاس چاند کے طلوع کے وقت آیا (وَمَا اَصَابَ ھَلَّةً) اس نے کچھ نہیں پایا۔
اَلْھِلَل: بارشیں۔ واحد ھِلَّة اور کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا فُلَانٌ فَلَمْ یَاْتِنَا بِھِلَّةٍ وَلَا بِلَّةٍ" فلاں ہمارے پاس آیا اور کچھ نہیں لایا۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ بِھِلَّیَانَ وَبِذِیْ ھِلِّیَانَ" وہ گیا اور نہیں معلوم کہاں گیا ہے۔
اَلْھَلِیْلَة : زمین جس پر بارش ہوئی ہو اور اردگرد بارش نہ ہوئی ہو۔
اَلْمُھَلِّل : فا۔ وہ شخص جو اپنے ہمسر پر حملہ کرے پھر بزدلی کی وجہ سے ہٹ جائے۔
اِبِلٌ مُھَلِّلَةٌ: دبلے اور جھکے ہوئے اونٹ۔
اَلْمُھَلَّل: جھکا ہوا

ھَلَبَهٗ (ض) ھَلْبًا: کسی کے بال اکھیڑنا ھَلَبَ ذَنَبَ الْفَرَسِ : گھوڑے کی دم کو کاٹنا ھَلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ : ترکرنا۔ پالا تار برسانا.....
اَلْفَرَسُ: گھوڑے کا لگاتار دوڑنا۔
فُلَانٌ الْقَوْمَ بِلِسَانِهٖ: ہجو کرنا۔ گالی دینا۔
ھَلِبَ (س) ھَلَبًا: بہت بالوں والا ہونا۔
اَھْلَبَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا لگاتار دوڑنا۔
اَھْلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: ترکرنا۔
تَھَلَّبَ وَانْھَلَبَ الشَّعْرُ: بال اکھڑا ہوا ہونا۔
اِھْتَلَبَ السَّیْفَ مِنْ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا۔
لَیْلَةٌ ھَالِبَةٌ: بارش والی رات۔
اَلْھُلْب: بال۔ پلکیں اور بعض موٹی پلکیں اور بقول بعض دم کے بال اور بقول بعض سور کے بال۔ واحد ھُلْبَةٌ.
اَلْھَلِب: بہت بالوں والا۔
الْاَھْلَب: بہت بالوں والا۔ بے بال والا۔
ذَنَبٌ اَھْلَبُ: کٹی ہوئی دم۔ عَامٌ اَھْلَبُ : بہت بارش والا سال۔ سرسبز سال۔ عیش
اَھْلَبُ: کشادہ آسودہ زندگی۔
الْھَلْبَاء. الْاَھْلَب : کا مؤنث۔ رَقَبَةٌ ھَلْبَاء : بہت بالوں والی گردن۔ کہا جاتا ہے "وَقَعْنَا فِیْ ھَلْبَةٍ ھَلْبَاء" ہم بڑی مصیبت میں پڑ گئے۔
اَلْھُلْبَة. ھلب : کا واحد۔ پیڑو۔ ایک ستارہ۔
ھُلْبَةُ الشَّھْرِ : مہینے کا آخر۔ ھُلْبَةُ الشِّتَاءِ او الزَّمَانِ: جاڑے یا زمانے کی سختی۔
اَلْھَلَّاب: اسم مبالغہ۔ بہت ہجو کرنے والا۔
بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔ عَامٌ ھَلَّابٌ : بہت بارش والا سال۔ یَوْمٌ ھَلَّابٌ : ہوا اور بارش کا دن۔ الْھَلَّاب و الْھِلِّیْب و الْمُھَلَّب : جنوری کے مہینے میں بہت ٹھنڈے چند دن۔
اَلْھَلَّابَة: بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
اَلْاُھْلُوْب: فن۔ طریقہ۔ اسلوب ج اَھَالِیْب

marfat.com
Marfat.com

اَلْمُهَلَّبِيَّةُ: دودھ پسے ہوئے چاول اور چینی کا حلوہ۔ (کھیر)
هُلْبَةُ الشِّتَاءِ او الزَّمَانِ: جاڑے یا زمانہ کی شدت۔
فَرَسٌ مَهْلُوْبٌ: دم کٹا گھوڑا۔
اَلْمُهَلَّب: ہجو کیا ہوا۔
هَلْتًا (ن) هَلْتَا الشَّيْءَ: چھیلنا۔
اِنْهَلَتْ: چلا جانا اور کہا جاتا ہے "اِنْهَلَتْ يَعْدُو" وہ دوڑتا ہوا کھسک گیا۔
اَلْهُلَاتُ: ڈھیلا پن۔
اَلْهَلْتَى وَالْهَلْتَاءُ وَالْهِلْتَاءُ وَالْهَلْتَاءَةُ وَالْهِلْتَاءَةُ وَالْهُلْتَةُ: شور مچانے والی جماعت۔ اَلْهَلْتَاءَةُ وَالْهِلْتَاءَةُ: ڈھیلا پن۔
هَلَجَ (ض) هَلْجًا: ناقابل یقین خبریں دینا۔
اَهْلَجَ الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا۔
اَلْهَالِج: خوب ہائے پریشاں دیکھنے والا۔
اَلْهَلْج: مص۔ ناقابلِ یقین خبریں۔ ہلکی نیند (وَالْهُلْج) خوابہائے پریشان۔
اَلْهَلَج: ایک خاردار درخت۔
تَهَلَّزَ الرَّجُلُ: دامن سمیٹنا۔ چوکس ہونا۔ چاق و چوبند ہونا۔
هَلَسَهُ (ض) هَلْسًا الْمَرَضُ: لاغر کر دینا۔
هُلِسَ: سل کی بیماری لاحق ہو کر عقل زائل ہونا۔ صفت مَهْلُوْسٌ.
هَلَسَ الرَّجُلُ: لاغر ہونا۔
هَالَسَهُ مُهَالَسَةً: چپکے چپکے باتیں کرنا۔
اَهْلَسَ: آہستہ آہستہ ہنسنا..... اَلْحَدِيْثَ: پوشیدہ کرنا..... اِلٰى فُلَانٍ: چپکے سے کہنا..... اَلْمَرَضُ: فُلَانًا: گھلا دینا۔
اَلْهَالِس: فا۔ دبلے پتلے جسم والا۔ ج هَوَالِس.
اَلْهُلَاس: سل کی بیماری۔
اَلْهُلْس: مص۔ خیر کثیر۔ ڈبلا پن۔ پتلا پن۔ سل کی بیماری۔
اَلْهُلُس: مرض سے لاغر شدہ لوگ۔ کمزور لوگ چاہے مرض سے لاغر نہ ہوں۔

اَلْمَهْلُوْس: مفع۔ رَجُلٌ مَهْلُوْسُ الْعَقْلِ وَ مُهْتَلِسُهُ: مسلوب العقل۔
ظَلَامٌ مُهْلِسٌ: مدہم اندھیرا۔
هَلِعَ (س) هَلَعًا: بے صبری سے شور۔ صفت هَلِعٌ وَهَلُوْعٌ: بھوکا ہونا۔
اَلْهَلَع: لالچی۔
اَلْهَالِع: فا۔ نَعَامٌ هَالِعٌ: تیز رفتار شتر مرغ۔ کہا جاتا ہے "نَعَامَةٌ هَالِعَةٌ وَهَالِعٌ" ج هَوَالِع. ضُمَّ هَالِعٌ: غم انگیز شدتِ بخل۔
اَلْهَلِع: تمکین۔
اَلْهَلَع: مص (..... وَالْهُلَاع وَالْهَلَعَان) مقابلہ کے وقت بزدلی۔
اَلْهُلَعَة: جلد گھبرانے والا۔
اَلْهَلُوْع: گھبرانے والا۔ ڈرپوک۔ لالچی و بخیل مصائب پر صبر نہ کر سکنے والا۔
اَلْهِلْبَاع: ایک چھوٹا درندہ جانور۔ یا نر سیمی۔
اَلْهِلْوَف: بھاری بھر کم سخت بدن والا۔ بڑی داڑھی والا۔ بہت بالوں والا۔ گھنی داڑھی۔ ابر آلود دن جس میں آفتاب نہ نکلے۔ بہت اون والا بوڑھا اونٹ۔ جنگلی سور۔
اَلْهِلْوَف: بہت بوڑھا۔ جھوٹا۔
اَلْهِلْوَفَة: بہت چھوٹا۔ گھنی داڑھی۔ بڑھیا۔
اَلْهُلْفُوْف: سخت بدن اور بہت بالوں والا۔
هَلَقَ (ض) هَلْقًا وَتَهَلَّقَ: جلدی کرنا۔
هَلْقَمَ الشَّيْءَ: نگلنا۔
اَلْهِلْقَام: لمبا۔ موٹا۔ شیر۔ چوڑی باچھوں کا اونٹ وغیرہ (..... وَالْهِلْقِمُ) بڑا فیاض سردار جو لوگوں کی دیت وغیرہ کو اپنے اوپر برداشت کر لیتا ہو۔
اَلْهِلْقَام وَالْهِلْقِمُ وَالْهِلْقَامَة وَالْهِلْقَامَة وَالْهُلْقِم: بہت کھانے والا۔
اَلْهِلْقِم: قوی۔ چوڑی باچھوں والا۔ بڑی عورت اور بڑے سمندر کو "بَحْرٌ هَلْقَمٌ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ وہ ہر چیز کو نگل لیتا ہے۔
هَلَكَ (ض ف س ع) هَلَاكًا وَهُلْكًا وَهُلُكًا وَهَلَكَةً وَهَلَاكَةً

بطلیث اللام فی الاخیرین: تباہ ہونا۔ مرنا۔ نیست و نابود ہونا (عموماً اس کا استعمال بُری موت کے لئے ہوتا ہے) (..... هَلَاكُكَ اِلَيْهِ وَعَلَيْهِ: لالچی ہونا۔ بہت خواہش مند ہونا۔
هَلَّكَهُ وَاَهْلَكَهُ: فنا کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ اگر کوئی شخص کسی بڑے کام کو کرے تو اس سے "هَلَّكْتَ وَاَهْلَكْتَ" کہا جاتا ہے۔
"اَهْلَكَ الْمَالَ: بیچنا۔
تَهَلَّكَ فِي مَشْيِهِ: مٹک کر چلنا۔
فِي الْمَفَاوِزِ: بیابان میں آوارہ و حیران پھرنا۔
تَهَالَكَ عَلَى الْفِرَاشِ: بستر پر گرنا..... فِي مَشْيِهِ: مٹک کر چلنا..... عَلَى الشَّيْءِ: بہت خواہشمند ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مُتَهَالِكٌ فِي مَوَدَّتِكَ" میں تمہاری دوستی کا بہت خواہش مند ہوں..... فِي الْاَمْرِ او الْعَدْوِ: کوشش کرنا۔
اَنْهَلَكَ وَاهْتَلَكَ: اپنے آپ کو خطرات میں ڈالنا اور کہا جاتا ہے "مَرَّ يَهْتَلِكُ فِي عَدْوِهٖ" وہ گزرا اس حال میں کہ دوڑنے میں کوشش کر رہا تھا۔
اِسْتَهْلَكَهُ: ہلاک کرنا۔ اِسْتَهْلَكَ الْمَالَ: مال خرچ کرنا۔ ختم کرنا..... فِي الْاَمْرِ: جلدی کرتے ہوئے کوشش کرنا۔
اَلْهَالِك: فا۔ ج هَلْكَى وَهُلُك وَهُلَّك وَهَوَالِك (اور یہ شاذ ہے جیسے فوارس و نواکس)
اَلْهَالِكَة. اَلْهَالِك: کا مؤنث۔ نفس حریص۔
اَلْهَالِكِيُّ: لوہار (مالک بن عمرو بن اسد بن خزیمہ کی جانب منسوب کہ لوہاری کا کام اسی نے شروع کیا تھا)
اَلْهُلْك وَالْهَلَك: ہلاکت۔ تم کہتے ہو "لَاَذْهَبَنَّ فَلَمَّا هَلَكَ وَاِمَّا مَلَكَ" یعنی میں جاؤں گا یا تو تخت نصیب ہوگا یا ہلاکت۔
اَلْهَالُوْك: سکھیا۔

Marfat.com

الهَلَک: قحط سالی کے سال۔ واحد **هَلَکَةٌ** مردار کی لاش۔ پہاڑ کی چوٹی اور دامن کا درمیانی حصہ۔ دو چیزوں کے درمیان کی فضا۔ گرنے والی چیز۔

الهُلْک: ہلاک ہونے والا نفس۔

الهُلْکاء: ہلاکت۔ تاکید کے لئے "**هَلَکَةٌ هَلْکاء**" بولا جاتا ہے۔

الهِلْکة. هَلَکَ: کا اسم نوع۔ گرنے والی ج **هَلِکٌ** کہا جاتا ہے "**فُلانٌ هِلْکةٌ مِنَ الْهِلْکِ**"

اَلْهَلَکة: ہلاکت۔ **الهَلَکَ**: کا واحد ج **هَلَکات**.

الهُلّاک: فقراء۔ چارہ پانی تلاش کرنے والے لوگ جو راستہ کھو چکے ہوں۔

الهَلَکُوْن والهِلْکون: قحط زدہ زمین اگرچہ پانی اس میں ہو۔ ایسی زمین جس پر ایک زمانہ دراز سے بارش نہ ہوئی ہو۔

الهَلُوک: بدکار عورت ج **هُلُک**.

التَّهْلُکة: ہر وہ چیز جس کا انجام ہلاکت ہو۔

التُّهْلُوک: ہلاکت۔

اَهْلَکُ النّاسِ: لوگوں میں زیادہ ہلاک ہونے والا۔

المُهْتَلِک: وہ شخص جس کی تمنا یہی ہو کہ کسی کا مہمان بنے۔ مفت خورہ۔

المُهْتَلِکُوْن: چارہ پانی تلاش کرنے والے جو راستہ کھو چکے ہوں۔

المَهْلَکة والمَهْلِکة والمَهْلُکة: ہلاکت کی جگہ۔ بیابان ج **مَهالِک. المَهالِک**: لڑائیاں۔ کہا جاتا ہے "**طَرِیْق مُسْتَهْلِک الْوِرْد**" دشوار گزار تھکا دینے والا راستہ۔

اَهْلَمَ بِفُلانٍ: بلانا۔ پکارنا۔

الهِلِّم: ڈھیلا۔ کہا جاتا ہے "**رَجُلٌ هِلِّمٌ و اِمْرَأَةٌ هِلِّمَةٌ**".

الهَلَم. هَلُمَّ: کا جواب۔ جب کوئی شخص مطیع ہو جائے تو کہا کرتے ہیں "**جَادَ بِهَلَمِهٖ**".

الهُلُم: پہاڑی ہرنیاں۔

هَلُمَّ: آؤ۔ لازم ہے اور کبھی متعدی مستعمل ہوتا ہے۔ جیسے "**هَلُمَّ شُهَداءَکُمْ**" یعنی اپنے گواہوں کو حاضر کرو اور یہ اسمائے افعال میں سے ہے جس میں واحد جمع مذکر مؤنث سب مساوی ہیں اور اس کی تصریف اس طریقے سے کرتے ہیں کہ اس کو فعل قرار دیتے ہیں اور اس کے آخر میں ضمائر لاحق کرتے ہیں۔ تثنی کے لئے **هَلُمّا** مؤنث کے لئے **هَلُمِّیْ** جمع مذکر کے لئے **هَلُمُّوْا** اور جمع مؤنث کے لئے **هَلُمُمْنَ**: یہی خیال اکثر عرب کا ہے اور پہلا افصح ہے۔

اور کبھی لام لگایا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے **هَلُمَّ لَکَ وهَلُمَّ لَکُمَا** اور کبھی نون ثقیلہ لاحق ہوتا ہے جیسے **هَلُمَّنَّ یَا رَجُلُ وهَلُمِّنَّ یَا اِمْرَأَةُ. وهَلُمّانِ یَا رَجُلانِ ویَا اِمْرَأَتانِ وهَلُمُنَّ یَا رِجالُ وهَلُمُمْنانِّ یَا نِسْوَةُ.**

الهُلام: ایک قسم کا کھانا جو بچھڑے کے گوشت مع پوست کے تیار کیا جاتا ہے۔ سکباج کا شوربا جس کو ٹھنڈا کر کے روغن سے صاف کر دیا گیا ہو۔

الهَلِیم: چکنے والا۔

اَلْهِلْیُوسْکُوبُ: دوربین۔ **هَیْلُوسْکُوبْتَر**: ہیلی کوپٹر۔ (یونانی لفظ) **اَلْهِلْیُوم**: ایک گیس والا عنصر گاڑھا خفیف وزن والا جس کو آگ نہیں لگتی قدرتی پٹرول کے چشموں سے نکالا جاتا ہے۔ **اَلْهِلْیُوْنُ واحد هَلْیُوِیَةٌ**: وہ پودا جس کے تنے زمین کے اندر ہوتے ہیں ان تنوں کو بھون کر کھایا جاتا ہے۔ اس کے پھل سرخ اور خوبصورت ہوتی ہیں۔

الهَیْلَمانَ والهَیْلُمان والهِلِمّانِ: بہت چیز اور بقول بعض خیر کثیر۔ کہا جاتا ہے "**جاءَنا بِالْهَیْلِ وَالْهَیْلَمانِ**" وہ ہمارے پاس بہت مال لے کر آیا۔

هَلْهَمَ هَلْهَمَةً بِفُلانٍ: کسی کو **هَلُمَّ** کہہ کے پکارنا۔

هَلْهَلَ النَّسّاجُ الثَّوْبَ: کپڑے کو باریک بننا..... **الصَّوْتَ**: گلے میں آواز پھرانا..... **الشَّعْرَ**: شعر کہنا۔ بغیر اعراب کے حروف تہجی..... کے جیسا ہو ویسا ہی سنا دینا۔

.....**الرَّجُلُ فِی الْاَمْرِ**: انتظار کرنا۔ دیر کرنا

.....**الطَّحِیْنَ**: آٹے کو باریک چھاننا.....

عَنِ الشَّیْءِ: واپس ہونا۔ لوٹنا..... **بِفَرَسِهٖ**: بلا کہہ کے ڈانٹنا اور کہا جاتا ہے "**هَلْهَلَ یُدْرِکُهٗ**" بمعنی **کادَ یُدْرِکُهٗ**.

الهُلاهِل والهَلْهال والهَلْهَل: عمدہ شعر یا باریک کپڑا۔ **الهُلاهِل**: بہت اور صاف پانی۔ **والهَلْهَل**: خراب بنا ہوا کپڑا۔

الهُلْهُل: برف۔

هَالاهُ مُهالاةً: جھگڑا کرنا۔

الهالِی. هَائِل: کا مقلوب۔ بمعنی ہولناک۔

هَلا: گھوڑوں کے لئے کلمہ زجر۔

حَیْهَلا: دیکھو مادہ ح ی ی۔

الهِلْیَوْن: ایک قسم کی نرم گھاس ہے جو کھائی جاتی ہے جس کو فارسی میں مارچوبہ دمار گیاہ اور ہندی میں ناگدون کہتے ہیں۔ واحد **هِلْیَوْنَة**.

هَمَّ (ن) هَمًّا ومَهَمَّةً. الْاَمْرُ فُلانًا: رنجیدہ کرنا۔ غمگین کرنا..... **السُّقْمُ جِسْمَهٗ**: بیماری کا جسم کو گھلا دینا..... **فُلانًا الشَّحْمَ**: چربی پگھلانا۔

.....**الشَّمْسُ الثَّلْجَ**: آفتاب کا برف کو پگھلانا۔

.....**اللَّبَنَ**: دودھ دوہنا (..... **هَمًّا**) **بِالشَّیْءِ**: ارادہ کرنا۔ چاہنا۔ پختہ ارادہ کرنا اور کہا جاتا ہے "**وَقَعَتِ السُّوْسَةُ فِی الطَّعامِ فَهَمَّتْهُ**" غلہ میں گھن پڑ گئے اور غلہ کے گودے کو کھا کر کھوکھلا کر دیا۔

هَمَّ (ن) هُمُوْمَةً وهَمامَةً الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔

هَمَّتْ (ض) هَمًّا وهَمِیْمًا خِبّاشُ الْاَرْضِ: زمین کے کیڑے مکوڑوں کا رینگنا۔

هَمَّمَتِ الْمَرْاَةُ فِی رَاْسِ الصَّبِیِّ: لوری سے سلانا۔ جوں نکالنا۔

هَمَّمَ الشَّیْخُ: بہت بوڑھا ہونا..... **الْاَمْرُ**

marfat.com
Marfat.com

فُلانًا: رنجیدہ کرنا۔غم میں ڈالنا۔کہا جاتا ہے "اَهَمَّهُ الْاَمْرُ حَتّٰى هَمَّهُ" اس کو معاملے نے غمگین کیا یہاں تک کہ گھلا دیا۔
تَهَمَّمَ الشَّیْءَ: تلاش کرنا۔ڈھونڈھنا۔
.....رَاْسَهٗ: جوئیں نکالنا۔
اِنْهَمَّ الشَّیْخُ: بہت بوڑھا ہونا.....الشَّحْمُ او الْبَرْدُ: پگھلنا۔گھلنا.....الْعَرَقُ فِی جَبِیْنِهٖ: پسینہ بہنا۔اِنْهَمَّتِ الْبُقُوْلُ: ہانڈیوں میں پکایا جانا۔
اِهْتَمَّ الرَّجُلُ: غمگین ہونا.....لَهٗ بِاَمْرِهٖ: اہتمام کرنا۔
اِسْتَهَمَّهٗ بِالْاَمْرِ وَفِی الْاَمْرِ: متوجہ کرانا۔مشغول ہونے کی خواہش کرنا۔اِسْتَهَمَّ فُلَانٌ: اُمورِ قوم میں محنت اٹھانا۔
الْهَامَّة: ہر زہردار کیڑا جیسے سانپ وغیرہ۔ج هَوَامُّ اور کبھی هَوَامٌّ کا اطلاق ان کیڑوں پر بھی ہوتا ہے جو زہردار نہیں۔جیسے حدیث میں ہے "اَیُؤْذِیْکَ هَوَامُّ رَاْسِکَ" کہ یہاں پر هَوَامُّ رَاْس سے مراد جوئیں ہیں۔
الْهُمَام: عالی ہمت بادشاہ۔بہادر سخی سردار (مردوں ہی کیلئے مخصوص ہے) شیر.....مِنَ الثَّلْجِ او الشَّحْمِ: پگھلی ہوئی برف یا چربی ج هِمَام.
الْهَمُّ: مص غم ج هُمُوْم: ارادہ۔جس کا ارادہ کیا جائے یا جس کے کرنے کی فکر کی جائے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ هَمُّکَ مِنْ رَجُلٍ" یہ شخص تمہارے لئے فلاں شخص سے کافی ہے۔"وَهٰذَا رَجُلٌ هَمٌّ" یعنی یہ شخص صاحب ہمت ہے۔
الْهِمُّ: پیر فرتوت ج اَهْمَام: دُبلا پتلا۔قَدَحٌ هِمٌّ: ٹوٹا ہوا پرانا پیالہ۔
الْهَمَّام: کرگزرنے والا آدمی۔چغل خور۔
الْهِمَّة: پیر فرتوت۔بہت بڑھیا۔ج هِمَّات وهَمَائِم.
الْهِمَّة والْهَمَّة: ہمت۔قصد۔ارادہ۔خواہش۔ابتدائے عزم۔عزم قوی۔کہا جاتا ہے "لَهٗ هِمَّةٌ عَالِیَةٌ وَهُوَ بَعِیْدُ الْهِمَّةِ"

ج هَمَمٌ اور کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلُ هَمَّتُکَ مِنْ رَجُلٍ" یہ شخص تمہارے لئے فلاں شخص سے کافی ہے۔
.....سَحَابَةٌ هَمُوْمٌ: بارش برسانے والا بادل۔بِئْرٌ هَمُوْم: بہت پانی والا کنواں۔
نَاقَةٌ هَمُوْمٌ: خوش رفتار اونٹنی اور کہا جاتا ہے "قَصَبٌ هَمُوْمٌ" نرکل جس کو ہوا ہلا دے۔
الْهَمِیْم: نرم رفتاری۔سرایت۔کہا جاتا ہے "لِلشَّرَابِ هَمِیْمٌ فِی الْعِظَامِ" شراب کا اثر ہڈیوں تک میں ہے.....مِنَ الْمَطَرِ: ہلکی بارش۔
الْهَمِیْمَة: چھوٹی چھوٹی بوندوں کی آہستہ بارش ج هَمَائِم.
التَّهْمِیْم: مص۔ہلکی بارش۔
الْمُهِمّ: فا۔شدید معاملہ۔مشغول کرنے والا معاملہ۔ج مَهَامّ.
الْمُهِمَّة: مؤنث الْمُهِمّ ج مُهِمَّات.
الْمُهِمَّات مِنَ الْاُمُوْرِ: سخت اور اہم امور۔کہا جاتا ہے "لَا مَهَمَّةَ لِی بِذٰلِکَ" یعنی مجھے نہ تو اس کا قصد ہے نہ کروں گا۔
الْمَهْمُوْم: مفع۔غمگین۔پگھلا ہوا۔
هَمَأَ یَهْمَأُ هَمْأَ الثَّوْبَ: کپڑا کھینچ کر پھاڑنا۔بوسیدہ کرنا۔اَهْمَأَ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا اور بوسیدہ کرنا۔
اِنْهَمَأَ وتَهَمَّأَ الثَّوْبُ: کپڑا پھٹنا اور بوسیدہ ہونا۔
الْهِمْ: پرانا بوسیدہ کپڑا ج اَهْمَاء.
هَمَتَ (ن) هَمْتًا الثَّرِیْدَ: چکنائی سے تر ہونا۔
اَهْمَتَ الْکَلَامَ او الضِّحْکَ: آہستہ آہستہ باتیں کرنا۔چپکے چپکے ہنسنا۔
هَمَجَتِ (ن) هَمْجًا الْاِبِلُ مِنَ الْمَاءِ: ایک ہی مرتبہ پانی پی کر سیراب ہونا۔صفت هَوَامِج (..... هَمْجًا) بھوکا ہونا۔
اَهْمَجَ الْفَرَسُ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔
.....الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا۔

پژمردہ ہونا۔
الْهَامِج: احمق جس کا کوئی قائد نہ ہو۔بے چرواہے کے ریوڑ۔بے افسر کے فوج اور "هَمَجٌ هَامِجٌ" کا اطلاق کمینے لوگوں پر ہوتا ہے اور یہ بطور تاکید ہے جیسے "لَیْلٌ لَائِلٌ" میں۔
الْهَمَج: مص۔بھوک۔بدانتظامی۔ایک قسم کا مچھر۔چھوٹی قسم کی مکھی جو جانوروں کے منہ اور آنکھ پر بیٹھتی ہے۔دُبلی بکری۔واحد هَمَجَةٌ. الْهَمَجُ: بیوقوف لوگ۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَمَجٌ وهَمَجَةٌ وامْرَاَةٌ هَمَجَةٌ ورِجَالٌ هَمَجٌ. قَوْمٌ هَمَجٌ" ناکارے لوگ۔ج اَهْمَاج.
الْهَمِیْج مِنَ الظِّبَاءِ: جوان خوبصورت ہرن.....مِنَ الرِّجَالِ: پچکے ہوئے پیٹ والا۔
هَمَدَتْ (ن) هَمْدُ النَّارُ: بجھی ہونا۔بجھنا۔هَمَدَ الْقَوْمُ: مرنا۔کہا جاتا ہے "کَادَ یَهْمِدُ مِنَ الْجُوْعِ" وہ بھوک سے قریب المرگ ہے صفت هَامِد وهَمِدٌ وهَمِیْدٌ.
هَمَدَتْ اَصْوَاتُهُمْ: خاموش ہونا۔آواز بند ہونا۔
هَمَدَ (ن) هَمْدًا وهُمُوْدًا الثَّوْبُ: پرانے ہونے کی وجہ سے تہوں پر سے پھٹنا۔صفت هَامِد ج هُمُدٌ. هَمَدَتِ الْاَرْضُ: بنجر ہونا۔اوسر ہونا۔هَمَدَ شَجَرُ الْاَرْضِ: درخت کا پرانا ہو کر ضائع ہونا۔
هَمَّدَهٗ: بجھانا۔
اَهْمَدَ فِی الْمَکَانِ: اقامت کرنا.....فِی السَّیْرِ: تیز چلنا.....الْکَلْبُ: تیز دوڑنا۔
الْقَوْمُ فِی الطَّعَامِ: کھانے پر ٹوٹ پڑنا۔
اَهْمَدَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا ٹھہر جانا.....الْهَدِیَّةُ غَضَبَهٗ: غصہ فرو کرنا۔بجھانا۔اَهْمَدَ فُلَانٌ: ناگوار چیز پر خاموش رہنا.....اَصْوَاتُ الْقَوْمِ: خاموش ہونا۔آواز بند ہونا۔
الْقَحْطُ الْاَرْضَ: خشک کر دینا۔کہا جاتا ہے "اَتَوْا عَلٰی قَوْمٍ فَاَهْمَدُوْهُمْ" وہ لوگ قوم کے پاس آئے اور ان کو مار ڈالا۔

marfat.com
Marfat.com

الهَـامِـد: فا۔ پرانا کالا متغیر شدہ۔ خشک نباتات ودرخت۔ بنجر زمین۔ ج هَوَامِد.
اَلْمِهْمَاُ: آواز کو زیادہ کرنے کا آلہ۔
الهَمْدَة: سکتہ۔
الهَمِيْد: وہ مال جو کسی کے ذمہ حکومت کے دفاتر میں لکھا ہو۔
الهَمَاذِیُّ: تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "اِنَّـهُ لَـنُوْ هَـمَـاذِیْ فِی جَرْیِـهٖ" وہ چلنے میں تیز رفتار ہے۔ تیز رفتار اُونٹ یا اونٹنی۔ بارش کی شدت۔ گرمی کی سختی۔
هَـمَـذَان: ایک شہر کا نام جو مملکتِ ایران میں ہے۔
الهَمَذَانِـی. همذان: کی جانب منسوب۔
بہت بولنے والا ..... مِـنَ الْـمَـشْـیُ: مختلف چالیں چلنا۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ یَـمْشِـیْ هَمَذَانِیًا" وہ مختلف چالیں چلتا ہے۔
هَـمَرَ (ن) هَـمْـرًا. الْمَاءَ: پانی گرانا ..... الْـمَـاءُ: پانی گرنا۔ بہنا۔ کہا جاتا ہے "هَـمَرَتِ الْعَیْنُ بِالدَّمْعِ" آنکھ نے آنسو بہایا۔ هَـمَرَ مَا فِی الضَّرْعِ: سارا تھن دوہ لینا ..... الكلامَ وَفِـی الكلامِ: بہت بولنا ..... الْـفَـرَسُ الْاَرْضَ: گھوڑے کا سخت ٹھوکریں مارنا ..... لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ: دینا ..... الْبِنَاءَ: عمارت ڈھانا۔
هَامَرَهُ مُهَامَرَةً الشَّیْ: کل لے لینا۔
اِنْهَـمَـرَ الْمَاءُ: پانی بہنا ..... الشَّجَرَةُ: جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا ..... الْبِنَاءُ: عمارت گرنا۔ ویران ہونا۔ مسمار ہونا۔
اِهْتَـمَـرَ الْفَـرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا ..... الْـفَـرَسُ الْاَرْضَ: گھوڑے کا سخت ٹھوکریں مارنا۔
الهَامِر: فا۔ سَحَابٌ هَامِرٌ: خوب برسنے والا بادل۔
الهَمِر: موٹا مرد۔ رَمْلٌ هَمِرٌ: بہت ریت۔
الـهَـمْـرَة. هَمَر: کا اسم مرۃ۔ پوچھار۔ غصہ سے گفتگو کرنا۔
الهَمَّارُ مِنَ السَّحَابِ: بہت برسانے والا بادل ..... مِنَ الرِّجَالِ: بہت بک بک کرنے والا۔
الهَمِيْر والهَمْرَة: بہت بڑھیا۔ ظَبْیٌ هَمِیْرٌ اچھے بدن والی ہرنی۔
الـمِهْـمَـر والمِهْمَار: بہت بک بک کرنے والا۔ الـمِهْـمَـار: مہمانوں کی بہت ضیافت کرنے والا۔
اَلْهَـمُّـوْر: بہت بک بک کرنے والا۔ بہت ریت۔
هَمْرَجَ. عَلَیْهِ الْخَبَرَ: گڑبڑ خبر بیان کرنا۔
الهَمْرَجَة: خبر میں گڑبڑی۔ اختلاط۔ خفت۔ سرعت۔ لوگوں کا شور۔ باطل۔
الهَمَرْجَل: تیز رفتار اونٹ واونٹنی۔
الهِمْرْجَان: لوگوں کا شور۔
تَهَـمْـرَشَ الْـقَـوْمُ: حرکت میں آنا اور اسم الهَمْرَشة.
الهَمْرَش: حرکت۔
اَلْهَـمَّـرِش: بہت بڑھیا۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
هَـمَـزَهُ (ن ض) هَـمْـزًا: دبانا۔ بھینچنا۔ چبھونا۔ دفع کرنا۔ مارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ پیٹھ پیچھے غیبت کرنا۔ صفت هَـمَّـاز وهُـمَـزَة: توڑنا۔ هَمَزَ الشَّیْطَانُ الْاِنْسَانَ: شیطان کا وسوسے ڈالنا ..... بِـهِ الْاَرْضَ: پچھاڑنا ..... الْـفَـرَسَ: گھوڑے کو دوڑنے کے لئے مہمیز چبھونا۔
الـعِـنَبَ او رَاسَهُ: نچوڑنا ..... الْـكَـلِمَةَ او الْـحَـرْفَ: ہمزہ کے ساتھ بولنا یا ہمزہ کی علامت لگانا۔
اِنْهَـمَـزَتِ الْـكَـلِمَةُ او الْحَرْفُ: ہمزہ کے ساتھ پڑھا جانا یا ہمزہ کی علامت والا ہونا۔
الهَامِز: فا۔ عیب گیری کرنے والا۔ ج هُمَّاز وهَامِزُوْنَ.
الهَمْز: مص۔ هَـمْـزُ الشَّیْطَانِ: جنون۔ کہا جاتا ہے "رِیْحٌ هَـمْـزَیٰ" تیز آواز والی ہوا "قَـوْسٌ هَـمْـزَیٰ" زور سے تیر پھینکنے والی کمان۔
الهَمْزَة. هَمَز: کا اسم مرۃ۔ حروف ہجا کا حرف۔ ج هَمَزَات. هَمَزَاتُ الشَّیْطَانِ: شیطانی خطرے۔
الهُـمَـزَة: عیب جو۔ نکتہ چیں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هُـمَـزَةٌ و اِمْرَاَةٌ هُمَزَةٌ" عیب جو مرد۔ عیب جو عورت۔
الهَمَّاز: عیب جو۔ طعن تشنیع کرنے والا۔
قَوْسٌ هَمُوْزٌ: زور سے تیر پھینکنے والی کمان۔
رَجُلٌ هَمِیْزُ الْفُؤَادِ: تیز طبیعت مرد۔
الـمِهْـمَـز والـمِهْمَاز: مہمیز ج مَهَامِز ومَهَامِیْز.
الـمِهْمَزَة: چابک تازیانہ۔ ڈنڈا جس کے سرے پر لوہا لگا ہو اور جانور کے تیز کرنے کے لئے کام میں لایا جائے۔
هَـمَسَ (ض) هَـمْـسًا الصَّوْتَ: آواز کو پست کرنا ..... اِلَیَّ بِـحَـدِیْثِـهٖ: آہستہ آہستہ باتیں کرنا ..... الـعِـنَبَ: انگور کو نچوڑنا ..... الشَّیْءَ: توڑنا ..... الطَّعَامَ: منہ بند کر کے چبانا ..... الشَّیْطَانُ: وسوسہ ڈالنا ..... بِـالْـقَدَمِ: آہستہ قدم رکھنا ..... الـرَّجُلُ: بغیر سستی کے رات میں چلنا۔
هَامَسَهُ مُهَامَسَةً: چپکے چپکے باتیں کرنا۔
تَهَامَسَا: باہم چپکے چپکے باتیں کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَامَسُوْا سِرًّا" انہوں نے رازدارانہ باتیں کیں۔
الهَمْس: مص۔ پست آواز۔ آہستہ قدم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَطَأُ الْاَرْضَ هَمْسًا" وہ زمین پر آہستہ قدم سے چلتا ہے "وَیَتَكَلَّمُ هَـمْـسًا" وہ آہستہ بولتا ہے۔ "هُوَ یَـاْكُلُ هَـمْـسًا" وہ کھانے میں منہ نہیں کھولتا۔ "وَاَخَـذْتُـهُ اَخْذًا هَمْسًا" میں نے اس کو سختی سے پکڑا۔
الهَـمَّـاس: اسم مبالغہ۔ شکار کو پھاڑنے والا شیر۔ الهَمُوْس: رات میں چلنے والا۔ شکار کو پھاڑنے والا شیر۔ آہستہ قدم سے چلنے والا شیر۔
الهَمْس: آہستہ چال۔ اونٹ کے پاؤں کی

marfat.com
Marfat.com

آہٹ۔
الْمَهْمُوْس: مفع .....مِنَ الْكَلَامِ: غیر واضح .....مِنَ الْحُرُوْفِ: ضد مجہورۃ .....اور حروف مہموسہ دس ہیں جن کا مجموعہ "حَثَّهُ شَخْصٌ فَسَكَتَ" ہے۔
الْهَمَيْسَع: بہت مضبوط وقوی آدمی جس کو کوئی پچھاڑ نہ سکے۔
هَمَسَ (ن) هَمْسًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
فُلَانًا: دانت سے کاٹنا۔
هَمَشَ (ض) هَمْشًا وهَمِشَ (س) هَمَشًا الرَّجُلُ: بہت بک بک کرنا۔
الْقَوْمُ: بولنا اور حرکت میں آنا.....الْجَرَادُ: ٹڈیوں کا ظاہر ہونے کے لئے حرکت کرنا۔
هَامَشَهُ مُهَامَشَةً: جلدی کرانا۔
تَهَمَّشَ مَنْبَطُ الْبِئْرِ: کنوئیں کے سوت کا جاری ہونا.....الشَّيْءُ: کھوکھلا ہو جانا۔
تَهَامَشَ الْقَوْمُ: آپس میں گڈمڈ ہونا اور حرکت کرنا۔
اِهْتَمَشَ الْقَوْمُ: مخلوط ہونا اور آگے پیچھے ہونا۔اِهْتَمَشَتِ الدَّابَّةُ او الْجَرَادُ: آہستہ چلنا۔رینگنا۔
الْهَامِش: فا۔کتاب کا حاشیہ (مولد)
الْهَمْش: مص۔کھانے کی تیزی۔
امْرَأَةٌ هَمُوْشٌ او هَمُوْشَى الْحَدِيْثِ: بہت بولنے والی اور شور مچانے والی عورت۔
الْهَمِيْش: انگلیوں سے تیز کام کرنے والا۔
الْهَمِيْشَة: ہانڈی میں پکی ہوئی ٹڈی اور اگر آگ پر بھونی جائے تو اسے الْمَحْسُوْس کہتے ہیں۔
هَمَصَ (ن) هَمْصًا اللَّحْمَ: کھانا.....الرَّجُلَ: کسی کو پچھاڑ کر اوپر بیٹھنا اور قتل کرنا۔
هَمَطَ (ض) هَمْطًا الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔ بولنے اور کھانے میں لاپروا ہونا.....الشَّيْءَ: بغیر اندازہ کے لینا.....الْمَالَ: زبردستی لے لینا۔
تَهَمَّطَ واهْتَمَطَ الْمَالَ: زبردستی لے لینا۔
اِهْتَمَطَ عِرْضَ فُلَانٍ: بے آبرو کرنا۔ گالی دینا.....الذِّئْبُ الشَّاةَ: بھیڑیے کا بکری کو پکڑنا۔
الْهَمَّاط: ظالم۔
هَمَعَت (ف ن) هَمْعًا وهَمَعًا وهُمُوْعًا وهَمَعَانًا وتَهْمَاعًا الْعَيْنُ: آنسو بہانا اور هَمَعَتِ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ: بھی بولا جاتا ہے وهَمَعَ الطَّلُّ عَلَى الشَّجَرَةِ: شبنم گرنا۔
هَمَعَ رَأْسَهُ: زخمی کرنا۔
اَهْمَعَ الدَّمْعُ ونَحْوُهُ: آنسو بہنا.....الطَّلُّ: درخت پر شبنم گرنا۔
تَهَمَّعَ الرَّجُلُ: بتکلف رونا.....الدَّمْعُ ونَحْوُهُ: آنسو بہنا۔
اُهْتُمِعَ لَوْنُهُ: رنگ بدل جانا۔
الْهَامِعَة. الْهَامِع: کا مؤنث ج هَوَامِع ذُمُوْعٌ هَوَامِعُ: بہنے والے آنسو۔
سَحَابٌ هَمِيْعٌ: برسنے والا بادل۔عَيْنٌ هَمِعَةٌ: ہمیشہ روتی ہوئی آنکھ۔
الْهَمُوْع: بہنے والا۔
الْهَيْمَع: فوری موت۔
هَمَغَ (ف) هَمْغًا رَأْسَهُ: سر توڑنا۔
اِنْهَمَغَتِ الرُّطَبَةُ: تر کھجور کا پھٹ جانا..... الْقَرْحَةُ: زخم کا ہرا ہونا۔
الْهِمْيَغ: موت یا فوری موت۔
الْهَمِق: نرم گھاس۔بہت گھاس۔خشک گھاس۔
هَمَكَهُ (ن) هَمْكًا فِي الْأَمْرِ: کسی کام کے لئے کسی پر زور دینا۔
تَهَمَّكَ وانْهَمَكَ فِي الْأَمْرِ: کسی کام میں منہمک ہونا۔بے حد مصروف ہونا۔
اِهْمَاكٌ اِهْمِيْكَاكُ الرَّجُلُ: غصہ سے بھر جانا۔صفت مُهْمَئِكٌّ.
هَمَلَكَ (ن ض) هَمْلًا وهَمَلَانًا وهُمُوْلًا عَيْنُهُ: آنسو بہانا.....السَّمَاءُ: آہستہ آہستہ لگاتار برسنا۔

کے آزاد نہ پھرنا۔صفت خَامِلٌ ج هَوَامِل وهُمُوْلَةٌ وهَامِلَةٌ وهَمَلٌ وهُمَّلٌ وهُمَالٌ هَمْلَى.
اَهْمَلَهُ: جان بوجھ کر یا بھولے سے چھوڑ دینا۔اَهْمَلَ اَمْرَهُ: اچھی طرح سے نہ کرنا.....الْحَرْفَ: حرف پر نقطے نہ لگانا۔
اِنْهَمَلَتْ عَيْنُهُ: آنسو بہانا.....السَّمَاءُ: لگاتار برسنا۔
الْهُمْل: پیوند لگا ہوا کپڑا۔
الْهَمَل مِنَ الْإِبِلِ: رات یا دن میں بغیر چرواہے کے چھوڑے ہوئے اونٹ۔اُتارا ہوا کھجور کا چھلکا۔بے روک کے بہنے والا پانی۔
الْهَمَلّ: چھوٹا مکان۔
الْهِمِلّ: عمر رسیدہ۔
الْهُمَّال: نرم ویران زمین جس کو کوئی آباد نہ کرے۔
الْهَمَالِيْل: گھاس کا بقیہ۔پھٹا ہوا کپڑا۔
الْمُهْمَل: مفع .....مِنَ الْكَلَامِ: غیر مستعمل۔
مِنَ الْحُرُوْفِ: غیر منقوط حروف۔
هَمْلَجَ هَمْلَجَةَ الْبِرْذَوْنُ: تیز رفتاری کے ساتھ نرم چال چلنا۔عمدہ چال والا ہونا۔
الْهِمْلَاج: عمدہ چال کا ترکی گھوڑا۔ج هَمَالِيْج اور کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ هِمْلَاجٌ" تیز رفتاری کے ساتھ اچھی چال والا جانور۔ مذکر مؤنث اس میں برابر ہیں۔
الْهَمْلَع: بے وفا آدمی۔تیز رفتار اونٹ۔تیز رفتار آدمی جو سختی سے قدم ڈالے۔بھیڑیا۔
هَمْلَقَ هَمْلَقَةً: تیز چلنا۔
هَمْهَمَ هَمْهَمَةً: آہستہ بولنا۔غم کی وجہ سے آواز کو سینہ میں پھرانا.....الرَّعْدُ: بادل کا گرجنا۔
الْهَمْهَام: بہادر سخت سردار۔شیر۔
الْهَمْهَامَة والْهُمْهُوْمَة: اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔
هَمْهَامِ: مبنی علی الکسر: اسم فعل بمعنی کچھ باقی نہیں۔
الْهَمْهَمَة: مص۔گائے ہاتھی وغیرہ کی

marfat.com
Marfat.com

آواز۔ ہر آواز جس میں کچھ گونج ہو ج هَمَاهِم.
الْهُمْهُوْم والهِمْهِيْم: شیر۔ الْهُمْهُوْم: آواز لگانے والا۔ ہوا کی وجہ سے ہلنے والا بانس۔ الهِمْهِيْم: رینگنے والا گدھا۔
هَمَا يَهْمُو هَمْوًا الْمَاءُ او الدَّمْعُ: بمعنی هَمٰى يَهْمِي.
هَمٰى يَهْمِي هَمْيًا وهُمِيًّا وهَمَيَانًا الْمَاءُ او الدَّمْعُ: پانی یا آنسو بہنا۔ جاری ہونا۔ هَمَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا..... الْمَاشِيَةُ: جانوروں کا چرنے کے لئے منتشر ہونا (.....هَمْيًا) الشَّيْءُ: گرنا۔ ضائع ہونا۔
الهَامِيَة: اسم فاعل مؤنث ج هَوَامٍ هَوَامِي الْإِبِلِ: چراگاہ میں گم شدہ اونٹ۔
الهِمْيَان: پیٹی۔ وہ پیٹی جو تھیلی یا بٹوے کا کام دے ج هَمَايِين (دخیل)
هَنَّ (ض) هَنًّا وهَنِينًا: رونا..... اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔
اَهَنَّ الْجَمَلَ: قوی کرنا۔ صفت مفعولی مَهْنُوْن خلاف قیاس ہے جیسے اَحَمَّهُ کا صفت مفعولی مَحْمُوْم قیاس کے مطابق مُهَنٌّ ومُحَمٌّ آنا چاہئے تھا۔
الهَانَة والهُنَانَة: آنکھ کی پتلی کے نیچے کی چربی۔ کہا جاتا ہے "مَابِهِ هَانَةٌ" یعنی اس کے اندر کچھ بھی خیر نہیں۔
الهَنَّانَة: رونے والی عورت۔
هَنَا: بتثلیث الهاء: دور کی جگہ کے لئے اشارہ۔ وہاں۔ اس جگہ اور کہا جاتا ہے "تَنَحَّ هَاهُنَا وهَاهَنَا وهَهُنَّا" کچھ ہٹ جاؤ۔
هَنَأَهُ يَهْنُؤُهُ ويَهْنِئُهُ هَنْأً: کھلانا۔ هَنَأَ فُلَانًا: دینا..... الابِلَ: اُونٹ پر قطران ملنا..... الرَّجُلَ: مدد کرنا۔
هَنَأَ يَهْنِئُ ويَهْنَأُ ويَهْنُؤُ هُنْأً وهَنْأً وهَنَاءً الطَّعَامُ الرَّجُلَ ولِلرَّجُلِ: خوشگوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَنَأَتْنِيهِ الْعَافِيَةُ" یعنی عافیت میرے لئے خوشگوار ہے اور عرب دعا کے موقع پر کہا کرتے تھے۔ "لِيَهْنِئْكَ الْوَلَدُ"

یعنی لڑکا تمہیں مبارک ہو۔
هَنَّأَهُ يُهَنِّئُهُ هَنَاءً بِالْأَمْرِ: کسی سے "لِيَهْنِئْكَ" کہنا (..... هَنْأً وهَنًا وهَنَاءَةً) الطَّعَامَ: کھانا تیار کرنا۔ درست کرنا۔
هَنِئَ (س) هَنًا وهَنَأً بِهِ: خوش ہونا۔
.....الطَّعَامَ: کھانے سے لطف اٹھانا۔ لذت پانا اور کہا جاتا ہے "اَكَلْنَا مِنْ هٰذَا الطَّعَامِ حَتّٰى هَنِئْنَا مِنْهُ" اس کھانے کو ہم لوگوں نے کھایا یہاں تک کہ شکم سیر ہو گئے۔
هَنُؤَ يَهْنُؤُ هَنَاءَةً وهَنَاءً وهَنًا: بغیر رنج و مشقت کے حاصل ہونا۔
هَنَّأَهُ تَهْنِيئًا وتَهْنِئَةً بِكَذَا: مبارکباد دینا۔
اَهْنَأَهُ اِهْنَاءً: دینا۔
تَهَنَّأَ تَهَنُّؤًا بِهِ: خوش ہونا..... بِالطَّعَامِ: کھانے سے لطف اٹھانا۔ لذت پانا۔
اِهْتَنَأَ اِهْتِنَاءً: درست کرنا۔
اِسْتَهْنَأَهُ اِسْتِهْنَاءً: مدد طلب کرنا۔ عطیہ مانگنا..... الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا۔
الهَانِئ: فا۔ خادم۔
الهِنَاء: قطران (تارکول) کھجوروں کا گچھا۔
الهِنْء: قطران یعنی تارکول ملنا۔ عطیہ۔ رات کا حصہ۔
الهَنِيْء: خوشگوار۔ بلا مشقت کے حاصل ہونے والی چیز۔ ابدال اور ادغام کر کے الهَنِيُّ بھی کہنا جائز ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ اَتَاكَ هَنِيْئًا" یہ بات تم کو بلا مشقت حاصل ہوئی "وَاَكَلْتُهُ هَنِيْئًا مَرِيْئًا" میں نے اس کو بغیر کسی مشقت کے بڑے مزے سے کھایا "وَهَنِيْئًا لَكَ" تمہارے لئے بغیر مشقت کے ہے۔
المَهْنَأ: بلا مشقت حاصل ہونے والی چیز۔
هَنُبَتْ هَنْبَتَةُ الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔
الهَنْبَتَة: مشکل کام۔ قول میں گڑبڑی۔ ج هَنَابِت. الهَنَابِت: مصیبتیں۔ گڑبڑ معاملے۔ گڑبڑ خبریں۔

الهَنْبَذَة: سخت کام۔ ج هَنَابِذ.
الهَنَابِير: ریت کے بلند ٹیلے۔ واحد هَنْبُوْرَةٌ (اور یہ نَهَابِير کا مقلوب ہے)
الهِنْبِر: گدھے کا بچہ۔ بجو کا بچہ۔
الهِنْبِر والهِنْبِرَة والهَنْبُر: بجو۔
الهِنْبِرَة هَنَر: کا مؤنث۔ گدھی۔
الهِنْبُر: بیل۔ گھوڑا۔ خراب چمڑا۔ یا اس کا کنارہ۔
الهَنْبُوْر: ریت کا بلند ٹیلہ۔
هَنْبَس وتَهَنْبَس: خبروں کی کھوج میں ہونا۔
الهُنْبُع: لڑکیوں کے لئے نقاب جیسی ایک چیز جس کے اگلے حصہ کو سی دیتے ہیں۔
هَنْبَعَ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا..... الْعَجَاجُ: غبار کا بہت ہونا اور اڑنا۔
الهُنْبُغ: ذرا سی حرکت سے اڑنے والی خاک۔ شیر۔ بدکار بیوقوف عورت۔ بھوک کی سختی اور بھوک کی صفت میں کبھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جُوْعٌ هُنْبُغ وهِنْبَاغ وهُنْبُوغ" یعنی سخت بھوک۔
هَنْبَلَ الرَّجُلُ: لنگڑا ہونا اور بجو کی طرح چلنا۔
هَنْتَبَ فِي اَمْرِهِ: سستی کرنا۔
تَهَنَّجَ الْفَصِيْلُ: اونٹ کے بچے کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا۔
هَنْدَ الرَّجُلُ: اُلو کی طرح چیخنا..... فِي الْاَمْرِ: کوتاہی کرنا..... فُلَانًا: قبیح گالی دینا ..... زَيْدٌ: گالی برداشت کرنا اور گالی دینے والے کو گالی دینے سے باز رکھنا ..... السَّيْفَ: تلوار تیز کرنا اور کہا جاتا ہے "مَاهَنَّدَ عَنِ الْاَمْرِ" وہ کام سے پیچھے نہیں ہٹا۔
هَنَّدَتْهُ الْمَرْأَةُ: نرمی اور ملاطفت سے اپنے عشق میں مبتلا کرنا اور کہا جاتا ہے "هَنَّدَتْ بِقَلْبِهِ" وہ اس کے دل کو اڑا لے گئی۔
هِنْد وهُنَيْدَة: سو یا سو سے زائد اونٹوں کا ریوڑ ج اَهْنُد واَهْنَاد و هُنُوْد. هند: عورت کا نام۔ پھر عورتوں کے لئے علم جنس کے طور

marfat.com
Marfat.com

پر استعمال ہونے لگا جیسے زید عمرو مَردوں کے لئے ج هُنُوْد وهِنْدَات. والهِنْد: ہندوستانی ملک کو بھی ہند کہتے ہیں اور نسبت کے لئے هِنْدِیّ. ج هُنُوْدٌ: اور بسا اوقات امریکہ کے اصلی باشندوں کو بھی هُنُوْدٌ کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "لَقِیَ هِنْدَ الْاَحَامِسِ" یعنی وہ مرگیا۔

الهِنْدُوَانِیُّ والهُنْدُوَانِیُّ: ہند کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "سَیْفٌ هِنْدُوَانِیٌّ" ہندی تلوار (اور یہ نسبت شاذہ ہے)

الْاَهَانِد والهَنَادِک: ہندوستان کے مرد۔

المُهَنَّد: ہندوستانی لوہے کی تلوار۔

الهِنْدَب والهِنْدَبَاء والهِنْدِبَا والهِنْدِبَاء: کاسنی۔

الهِنْدَبَاة والهِنْدِبَاة: ہندبا کا واحد۔

الهِنْدَاز: حدوقیاس۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ بِلَا هِنْدَازٍ وَلَا حِسَابٍ" اس نے اسے بلا اندازہ اور بے حساب کے دیا۔ (دخیل)

الهِنْدَازَة: گز۔

المُهَنْدِز: انجینئر۔

هَنْدَسَ هَنْدَسَةً: عمارت کا اندازہ کرنا اور نقشہ بنانا۔

الهِنْدِس مِنَ الرِّجَالِ: تجربہ کار۔ دُور اندیش۔

الهَنْدَسَة: مص۔ حدوقیاس اور اس کی اصل اندازہ فارسی زبان کا لفظ ہے۔ جامیٹری۔

هُنْدُوْس الْاَمْرِ: کام کا جاننے والا۔ ج هَنَادِسَة.

المُهَنْدِس: انجینئر۔ جامیٹری کا جاننے والا۔

الهَنَادِک: ہندوستان کے مرد (کاف تحقیر کے لئے ہے) واحد هِنْدِکِیٌّ.

الهَنْدَلِیق: بہت باتونی مرد۔

هَنْدَمَ الشَّیْءَ: بقدرِ تناسب ترتیب دینا۔ مضبوط کرنا..... الْعُوْدَ وَغَیْرَهُ: اندازہ سے درست کرنا۔

الهِنْدَام: قد کی خوبصورتی اور اعتدال۔

هَنَعَ (ف) هَنْعًا الشَّیْءَ: موڑنا۔ ڈھیر کرنا..... لِفُلَانٍ: فروتنی کرنا۔ صفت هَانِعٌ ج هُنَّعٌ.

هَنِعَ (س) هَنَعًا: پست گردن اور جھکے ہوئے قد والا ہونا۔ صفت اَهْنَع.

اِسْتَهْنَعَ الرَّجُلُ: جواب سے عاجز ہونا۔

الهُنَاع: ایک قسم کی بیماری جو آدمی کی گردن میں ہوتی ہے۔

الهَنَع: قد کا جھکاؤ۔ اونٹ کے گردن کا جھکاؤ۔

الهَنْعَاء. اَهْنَعُ کا مؤنث۔ نَعَامَةٌ هَنْعَاءُ: پیچیدہ گردن کا شتر مرغ۔ اَكْمَةٌ هَنْعَاءُ: چھوٹا ٹیلہ۔

الهَنْعَة. هَنَعَ: کا اسم مرۃ: اونٹ کی گردن کی جڑ کا داغ۔ چاند کی ایک منزل جو صف بستہ پانچ ستاروں پر مشتمل ہے اور جَوْزَاء کے بائیں جانب واقع ہے۔

الاَهْنَع: جھکے ہوئے قد والا۔ زین پر اِدھر اُدھر مائل ہونے والا۔

هَنَّفَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ تیز چلنا۔

هَانَفَتْ مُهَانَفَةً وهِنَافًا الْمَرْاَةُ خَاصَّةً: مخول کرنے والے کی مانند ہنسنا۔ هَنَّفَ فُلَانٌ صَاحِبَهُ: باہم کھیل کود کرنا۔

اَهْنَفُ: مخول کرنے والے کی مانند ہنسنا..... الرَّجُلُ: تیز چلنا..... الصَّبِیُّ: بچے کا روانسا ہونا۔

تَهَنَّفَ: رونا۔

اَهْنَفَتِ الْمَرْاَةُ: بمعنی هَانَفَت.

تَهَانَفَ: مخول سے ہنسنا..... الصَّبِیُّ: بچے کا روانسا ہونا۔ تَهَانَفَ بِهِ: تعجب کرنا۔

الهُنُوْف: مسکراہٹ سے کچھ زیادہ ہنسی۔

الهَنَق: بے آرامی۔ بے قراری۔

الهَنَم: کھجور یا اس کی ایک قسم۔

الهَیْنَم: روئی۔

الهَیْنَمَة: نرم و پست آواز۔ ایک قسم کی کاہی۔

الهَنُو: وقت۔

الهَنُ. بتخفیف النون وقد تَشْدِیْدِ الشِّعْرِ: ہر اسم جنس سے کنایہ کے لئے بمعنی شی کہا جاتا ہے "هٰذَا هَنُکَ" یہ تمہاری چیز ہے اور اس کی تصغیر هُنَیٌّ ہے اور مؤنث هَنَة اور اس کا لام کلمہ محذوف ہے بعض لغت میں وہ لام کلمہ ہاء ہے تو اس کی تصغیر هُنَیْهَة ہوگی اور اسی سے ہے "اُمْکُثْ هُنَیْهَةً" یعنی تھوڑی دیر ٹھہرو اور بعض لغت میں لام کلمہ واؤ ہے تو اس کی تصغیر مؤنث کی صورت میں هُنَیَّة ہوگی اور اس کی جمع هَنَوَات اور کبھی جمع لفظ کے لحاظ سے ہوتی ہے تو کہتے ہیں هَنَات اور اس کا اعراب حروف سے ہے۔ حالت رفعی میں هَنُوْهَا اور نصبی میں هَنَاهَا اور جری میں هَنِیْهَا کہیں گے اور هَنٌ کا تثنیہ هَنَانِ لفظ کے لحاظ سے اور هَنَوَان اصل کے لحاظ سے اور جمع هَنُوْنَ اور کہا جاتا ہے "فِی فُلَانٍ هَنَاتٌ" فلاں کے اندر بُری خصلتیں ہیں اور اس کا استعمال خیر میں نہیں ہوتا۔

الهَنَا: خسیس و کمینہ نسب۔ وَهَنَا: بمعنی اَنَا تم کہتے ہو هَنَا فَعَلْتُ: بمعنی اَنَا فَعَلْتُ.

هُنَا: اسم اشارہ ہے۔ مکان قریب کے لئے بمعنی یہاں اور اس میں هَاء: تنبیہ اور کاف خطاب لاحق ہوتے ہیں تو کہا جاتا ہے "هٰهُنَا" اور "هُنَاکَ" اور کاف خطاب کے ساتھ ساتھ لام بُعد بھی لگایا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "هُنَالِکَ".

هُنَا مَعْرِفَةً: کھیل کود۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مِنْ هَنِیٍّ" یعنی وہ یہاں سے آیا۔

الهَنَاة: مصیبت ج هَنَوَات.

هَهْ: تذکرہ اور دھمکی کے لئے اسم صوت۔

هَهْ (س) هَهًا وهَهَهْ: تلانا۔ زبان رکنا۔

هُوَ: مفرد مذکر غائب کی ضمیر ہے اور تثنیہ کے لئے هُمَا جمع مذکر کے لئے هُمْ مفرد مؤنث کے لئے هِیَ اور جمع کیلئے هُنَّ: واؤ اور فا کے بعد هُوَ: اور هِیَ: کے هَاء: کو ساکن کرنا بھی جائز ہے۔ کہا جاتا ہے "وَهُوَ فَهُوَ وَهْیَ

marfat.com
Marfat.com

وفھیٰ" اور لام کے بعد جیسے "اِنَّ ھٰذَا لَھُوَ الْحَقُّ" مگر یہ قلیل ہے اور کبھی اشعار میں ہمزہ استفہام کے بعد بھی ساکن ہوتا ہے۔

الھُوِیَّة: چیز یا شخص کی حقیقت جو صفات جوہری پر مشتمل ہو اور یہ ھُوَ کی جانب منسوب ہے۔

الھُوْھُوْ: لفظ ہے جو مرکب ہے ھُوَ: مکرر سے اس کو اسم معرف بنا لیا گیا ہے۔ اور اس کے معنی اتحاد بالذات کے ہیں۔

ھَاءَ یَھُوْءُ ھَوْءً بِنَفْسِہٖ اِلَی الْمَعَالِی: بلند کرنا۔ **ھَاءَہٗ بِخَیْرٍ اَوْ شَرٍّ وَھَاءَ بِہٖ خَیْرًا اَوْ شَرًّا**: گمان کرنا یا تہمت لگانا۔ "**ھَاءَ بِفُلَانٍ**" خوش ہونا اور کہا جاتا ہے "**ھَاءَ ھَیْئَۃً حَسَنَۃً**" وہ اچھی شکل وصورت پر ہو گیا۔

ھَوِیَ یَھْوَاُ ھَوًا اِلَیْہِ: ارادہ کرنا۔

ھَاءَ: کلمہ اجابت ہے مبنی بر فتحہ ہے۔ کہا جاتا ہے "**ھَاءَ یَا رَجُلُ بِکَسْرِ الْھَمْزَۃِ**" یعنی لاؤ اور اس میں **ھَاتِ**: کی گردان جیسی گردان ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "**ھَاءِ ھَائِیَا ھَاءُ وَا ھَایِ ھَائِیَا ھَائِیْنَ**" ہمزہ **ھَاتِ** کی تا کے قائم مقام ہے اور جب تم **ھَاءَ یَا رَجُلُ** فتح ہمزہ کے ساتھ کہو گے تو اس وقت اس کے معنی میں ہوں گے۔ اے مرد لے۔ مذکر کی صورت میں "**ھَاءَ ھَاؤُمَا ھَاؤُمْ**" اور مؤنث کی صورت میں **ھَاءِ**: کسرہ کے ساتھ بغیر یاء کے اور **ھَاؤُ ھَاؤُنَّ** اور تم کہہ سکتے ہو **ھَاکَ ھَاکُمَا ھَاکُمْ ھَاکِ ھَاکُمَا ھَاکُنَّ**: کاف وہمزہ کے قائم مقام ہے۔

الْھَوْءُ: مص۔ ہمت۔ رای صائب' ارادہ۔ گمان۔ کہا جاتا ہے "**وَقَعَ کَذَا فِیْ ھَوْئِیْ اَوْ ھُوْئِیْ**" میرے گمان میں ایسا واقع ہوا۔

الْھَوْب: دوری۔ بکواس کرنے والا۔ بیوقوف۔ آگ کی بھڑک۔

الْھَوْبَر: سوس یا سرخ سوس۔ چیتا۔ بہت بالوں والا بندر۔

نَاقَۃٌ مُھَوْبَرَۃٌ: بہت گوشت والی اونٹنی۔

اُذُنٌ مَھْوُبِرَۃٌ وَمُھَوْبَرَۃٌ: کان جس پر بال یا اون ہو۔

ھَوْثٌ بِہٖ تَھْوِیْثًا: چلانا..... **فُلَانٌ**: پست زمین میں آنا۔

الْھُوْثَۃُ وَالْھَوْثَۃُ: پست زمین۔ ڈھلوان راستہ جو پانی کی طرف جاتا ہو۔ ج **ھُوَث**.

الْھَوْثَۃُ: پیاس۔

ھَوِجَ یَھْوَجُ ھَوَجًا: لمبا بیوقوف۔ جلد باز ہونا۔ صفت **اَھْوَج**.

اَھْوَجَہٗ: لمبا بیوقوف جلد باز پانا۔

تَھَوَّجَ الْحَرُّ: شدت سے گرمی پڑنا۔

الْھَوْجَاء. الْاَھْوَج: کا مؤنث۔ تیز رفتار اونٹنی (اونٹ کو اَھوج نہیں کہتے) **الْھَوْجَاء مِنَ الرِّیَاحِ**: تیز آندھی ج **ھُوْج** کہا جاتا ہے "**لَعِبَتْ بِھَا ھُوْجُ الرِّیَاحِ**" تیز آندھیوں نے اس کے ساتھ کھیل کود کیا۔

ضَرْبَۃٌ ھَوْجَاء: ایسی مار جس کا اثر جوف تک ہو۔

الْاَھْوَج: بہادر جنگ آزمودہ اور کہا جاتا ہے "**ھُوَ اَھْوَجُ الطُّوْلِ**" وہ بہت لمبا ہے۔

ھَوْجَلَ. الرَّجُلُ: تھوڑا سا سونا۔ بے نشان راستہ پر چلنا۔

الْھَوْجَل: بے نشان دور کا بیابان' بے نشان راستہ' ایسی زمین جس میں کچھ پتہ نہ چلے' سست' بیوقوف' بدکار عورت' لمبی رات' اونگھ کا بقیہ' کشتی کا لنگر' ماہر رہبر' سست رفتاری اور کہا جاتا ہے "**مَشْیٌ ھَوْجَلٌ**" ڈھیلی ڈھالی چال۔

ھَادَ یَھُوْدُ ھَوْدًا: توبہ کرنا۔ حق کی طرف لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "**ھَادَ الْمُذْنِبُ اِلَی اللّٰہِ**" گنہگار نے توبہ کی۔ صفت **ھَائِد**. ج **ھُوْد**..... **فُلَانٌ**: یہودی بننا (..... **تَھْوَادًا**) نرم آواز سے بولنا..... **فِی الْمَنْطِقِ**: نرمی اور آہستگی سے بولنا۔

ھَوَّدَ تَھْوِیْدًا: نرمی سے گلے میں آواز پھرانا۔ گانا۔ آہستہ آہستہ ٹھہر ٹھہر کے چلنا۔ کوہان کا گوشت کھانا..... **فُلَانًا**: یہودی بنانا۔ طرب میں ڈالنا۔ کھیل کود میں ڈالنا..... **الشَّرَابُ فُلَانًا**: مست کرنا..... **فُلَانٌ فِی الْمَنْطِقِ**: نرمی اور آہستگی سے بولنا..... **فِی السَّیْرِ**: دیر کرنا۔ **ھَوْدَ**: سونا۔

ھَاوَدَہٗ مُھَاوَدَۃً: ایک دوسرے کو مائل کرنا۔ صلح کرنا۔ باہم وعدہ کرنا۔

تَھَوُّدَ تَھَوُّدًا: توبہ کرنا۔ حق کی طرف لوٹنا۔ یہودی ہونا..... **فِی الْمَنْطِقِ**: نرمی اور آہستگی سے بولنا۔

الْھَوَادَۃ: نرمی۔ وہ چیز جس سے قوم کے درمیان بھلائی کی امید کی جائے۔ تخفیف و سہولت۔ میلان اور اسی سے ہے "**لَا یُحْنِکَ اِلَیَّ رَجُلٌ لَا تَاْخُذُہٗ فِیْکَ ھَوَادَۃٌ**" میں تم کو ایسے شخص کے پاس بھیجوں گا جس کو تمہارے بارے میں کوئی میلان نہ ہوگا۔

الْھُوْد: یہود..... **ھَائِد**: کی جمع۔

ھُوْد: ایک نبی (علیہ السلام) کا اسم گرامی۔ **وَقَوْمُ ھُوْدٍ**: قوم عاد۔

الْھَوْدَۃ وَالْھَوْدَۃ: کوہان ج **ھَوْد**.

التَّھْوِیْد: مص۔ ریت میں ہوا کی سائیں سائیں کی آواز۔

التَّھْوِیْد وَالتَّھْوَاد: کمزور ونرم آواز۔

التَّھْوَاد: نرمی وملائمت۔

یَھُوْدُ: یہودی۔ علمیت اور وزن فعل کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور اس پر الف لام داخل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے **الْیَھُوْد**.

الْیَھُوْدِیُّ. الْیَھُوْد: کا واحد۔

الْیَھُوْدِیَّۃ: یہودن۔ بیت المقدس اور اس کے اردگرد کا علاقہ۔

الْمُھَاوَدَۃ: مص۔ مراجعت۔

الْمُھَوِّد: فا۔ کھیل کود طرب میں ڈالنے والا۔

اَھْوَد: پیر کا دن۔ دوشنبہ۔

الْھَوْدَج: ہودہ ج **ھَوَادِج**.

الْھَوْدَع: شتر مرغ۔ واحد **ھَوْدَعَۃ**.

الْھَوْدَک: موٹا۔ **ھَوْدَکَۃ**.

ھُوَذَا. ھُوَ: مبتدا اور ذا خبر سے مرکب ہے

marfat.com

Marfat.com

اور کبھی اس پر ھاء تنبیہ داخل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے "ھَاھُوَذَا".
الھَاذَۃ: ایک قسم کا درخت ج ھَاذٌ.
الھَوْذَۃ: سنگ خوار پرندہ ج ھَوْذ.
الیَھُوْدِیُّ: یہودی۔
ھَارَ یَھُوْرُ ھَوْرًا فُلَانًا بِالْاَمْرِ: تہمت لگانا ..... ہٗ بِکَذَا: گمان کرنا۔ خیال کرنا ..... ہٗ عَنِ الشَّیْءِ: باز رکھنا ..... ہٗ عَلَی الشَّیْءِ: برانگیختہ کرنا ..... فُلَانًا: دھوکا۔ پچھاڑنا ..... الشَّیْءَ: تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا ..... البِنَاءَ: عمارت ڈھانا ..... البِنَاءُ: عمارت منہدم ہونا۔ شکستہ و ویران ہونا (..... ھَوْرًا وھُؤُوْرًا) البِنَاءُ: عمارت کا پھٹ جانا۔ صفت ھَائِر اور ھَارٌ بھی کہا جاتا ہے جیسا "شَائِکُ السِّلَاحِ میں شَاکِیُ السِّلَاحِ.
ھَوَّرَہٗ تَھْوِیْرًا: پچھاڑنا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔
تَھَوَّرَ تَھَوُّرًا وتَھَیَّرَ وتَھَیُّرًا البِنَاءُ: عمارت کا منہدم ہونا۔ گرنا ..... الرَّجُلُ: لاپروائی سے کسی کام میں گھس پڑنا ..... الوَغْکُ النَّاسَ: بخار پھیل جانا ..... اللَّیْلُ: گزر جانا یا اکثر حصہ گزر جانا ..... الشِّتَاءُ: جاڑے کا قریب قریب ختم ہونا۔
اِنْھَارَ اِنْھِیَارًا البِنَاءُ: عمارت شکستہ و ویران ہونا۔ گرنا ..... الخَرْقُ: پھٹنا اور گرنا۔
اِھْتَوَرَ اِھْتِوَارًا الشَّیْءُ: ہلاک ہونا۔
الھَوْر: مص۔ چھوٹا سمندر جس میں ندی نالوں کا پانی آ جانے سے وسعت پیدا ہو جائے ج اَھْوار.
الھَوْر: بکریوں کا ریوڑ اس وجہ سے کہ وہ بھی کثرت کی وجہ سے ایک دوسرے پر گرتی ہیں۔ خَرْقٌ ھَوْرٌ: کشادہ پھٹن۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ ھَارٍ وھَارٌ: زمانہ کی سختی کی وجہ سے کمزور مرد۔
الھَوَارَۃ: ہلاکت۔
الھَوْرَۃ: ہلاکت کی جگہ ج ھَوْرَات.
الھُوْرَۃ: تہمت اور گمان اور یہ ھَارَہٗ کا اسم ہے۔

الھَیَّار: کمزور۔
الھَیِّر: بے باکی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔
الھَیْھُوْر: ریت کے تودہ سے گری ہوئی ریت۔ پست زمین۔
ھَوَّزَ تَھْوِیْزًا: مرنا۔
الھُوْز: آفرینش پیدائش۔ تم کہتے ہو "مَافِی الْھُوْزِ مِثْلُکَ" مخلوق میں تمہارے مانند کوئی نہیں۔ "وَمَاادْرِیْ اَیُّ الْھُوْزِ ھُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون مخلوق ہے۔
ھَوَّزَ: حساب جمل کے حروف کا دوسرا مجموعہ۔
الاَھْوَاز: بصرہ اور فارس کے درمیان کا ایک علاقہ جو نو آبادیوں پر مشتمل ہے' ہر آبادی کا علیحدہ علیحدہ نام ہے اور ان سب کے مجموعہ کو اَھْوَاز کہتے ہیں اور ان آبادیوں میں سے ایک کو ھُوْز نہیں کہتے۔
الھَوْزَب: گدھا۔ مضبوط و قوی اونٹ۔
الھَوْزَن: غبار۔
ھَاسَ یَھُوْسُ ھَوْسًا الشَّیْءَ: کوٹنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَلَ عَلَی الْعَسْکَرِ فَدَاسَھُمْ وَھَاسَھُمْ" اس نے لشکر پر حملہ کیا اور ان کو تتر بتر کر دیا ..... بِاللَّیْلِ: رات میں گھومنا پھرنا ..... الطَّعَامَ: بہت کھانا ..... الْاِبِلُ: اونٹوں کو آہستہ ہانکنا ..... الرَّجُلُ: زمین پر سخت ٹیک لگاتے ہوئے چلنا ..... الذِّئْبُ فِی الْغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی پھیلا دینا ..... حَوْلَ الشَّیْءَ: ارد گرد گھومنا۔
ھَوِسَ یَھْوَسُ ھَوَسًا الْقَوْمُ: حیرت و اضطراب میں پڑنا ..... فُلَانٌ: ہوس والا ہونا (دیکھئے لفظ ھوس)
ھَوَّسَہٗ: ہوس پر ابھارنا۔ کوٹنا۔
تَھَوَّسَ: ہوس والا ہونا۔ نرم زمین میں سخت چال چلنا۔
الھَوَس: مص۔ جنون کی ایک قسم۔ ہلکی عقل اور کہا جاتا ہے "بِرَاْسِہٖ ھَوَسٌ" اس کے سر میں چکر ہے۔

الھَوْس والھَوْسَۃ: رات میں گھومنے والا شیر۔ تجربہ کار بہادر۔ رَجُلٌ ھَوْسٌ: بہت کھانے والا مرد۔
الھَوِیْس: فکر۔ وہ چیز جس کو تم اپنے دل میں چھپاؤ۔
الاَھْوَس: ہوس والا۔ بہت کھانے والا
مؤنث ھَوْسٰی: کہا جاتا ہے "النَّاسُ ھَوْسٰی والزَّمَانُ اَھْوَس" یعنی لوگ زمانہ کی لذیذ اور پاکیزہ چیزوں کو کھاتے ہیں اور زمانہ لوگوں کو کھا جاتا ہے۔
المُھَوِّس: مقع۔ رَجُلٌ مُھَوِّسٌ: خود بخود باتیں کرنے والا۔
ھَاشَ یَھُوْشُ ھَوْشًا المَالَ: حرام طریقہ سے جمع کرنا ..... القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ قوم کے درمیان فتنہ واقع ہونا ..... اَھْلُ الْحَرْبِ بَعْضُھُمْ اِلٰی بَعْضٍ: بعض کا بعض کی طرف اٹھنا ..... ھَاشَتِ الْخَیْلُ فِی الْغَارَۃِ: بدکنا' اِدھر اُدھر ہونا۔ صفت ھَوَائِش.
ھَوِشَ یَھْوَشُ ھَوَشًا: مضطرب ہونا اور بقول بعض لاغری کی وجہ سے چھوٹے پیٹ والا ہونا ..... القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔
ھَوَّشَ تَھْوِیْشًا الشَّیْءَ: ملانا۔ ھَوَّشَتِ الرِّیْحُ بِالْغُبَارِ: ہوا کا طرح طرح کا غبار اڑا کے لانا ..... القَوْمَ: فتنہ اور اختلاف ڈالنا ..... الشَّیْءَ: اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔
ھَاوَشَھُمْ مُھَاوَشَۃً: باہم ملنا۔
تَھَوَّشَ القَوْمُ تَھَوُّشًا وتَھَاوَشُوْا تَھَاوُشًا: ملنا۔ تَھَوَّشُوْا عَلٰی فُلَانٍ: جمع ہونا۔
الھَائِش: فا۔ ھَوْشٌ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْھَوْشِ الْھَائِشِ" وہ بہت تعداد میں لایا۔
الھَوْش: مص۔ پیٹ کا خالی ہونا۔ عدد کثیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْھَوْشِ والْھَوْشِ" وہ لوگوں کی بڑی جماعت لے کر آیا۔
الھَوْشَۃ: اسم مرۃ۔ مخلوط جماعت۔ فتنہ و

marfat.com
Marfat.com

اضطراب۔ ج هَوْشَات اور کہا جاتا ہے "اِیَّاکُمْ وَهَوْشَاتِ اللَّیْلِ" اپنے آپ کو رات کے حوادث اور مکروہات سے بچاؤ۔ "وَاتَّقُوْا هَوْشَاتِ السُّوْقِ" اس سے بچو کہ بازار میں کوئی تمہارے ساتھ حیلہ کر کے تمہارا مال چرا لے۔

الْهَوْشَات: لوگوں کی جماعتیں۔ اونٹوں کے ریوڑ۔ مال حلال وحرام جمع کیا ہوا۔

الْهَوِیْشَة: مخلوط جماعت۔

التَّهَاوِش: مال حرام۔

الْمُتَهَاوِش: حرام طریقہ سے جمع کیا ہوا مال۔

هَاعَ یَهَاعُ هَوْعًا: سبک ہونا اور گھبرانا..... الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ اِلٰی بَعْضٍ: ایک دوسرے پر حملہ کا ارادہ کرنا (..... یَهَاعُ وَیَهُوْعُ هَوْعًا) الرَّجُلُ: بغیر تکلف کے قے کرنا۔ اسم الْهَوْع والْهُوَاع والْهَیْعُوْعَة.

هَوَّعَ تَهْوِیْعًا الرَّجُلَ مَا اَکَلَهٗ: قے کرا دینا اور تہویل کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَاهَوَّعَ عَنْهُ مَا اَکَلَهٗ" جو کچھ اس نے کھایا پیا ہے اس کے حلق سے نکال لوں گا۔

تَهَوَّعَ تَهَوُّعًا: تکلف سے قے کرنا۔ خون کی قے کرنا اور کہا جاتا ہے "تَهَوَّعَ الْقَیْءَ" اس نے بتکلف قے کی۔ "وَتَهَوَّعَ نَفْسَهٗ" اس نے اپنے نفس کی قے کی گویا کہ وہ اسے نکال رہا ہے۔

الْهُوَاع والْهُوَاعة: قے۔ اَلْهُوَاع: ماہ ذی قعدہ ج هُوَاعَات واَهْوِعَة.

الْهَاع: حیص۔ لالچی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَاعٌ وَهَاعٌ" یعنی لالچی مرد (اور یہ هَانِع کا مقلوب ہے)

الْهَوْع: مص۔ بدترین قسم کا لالچ۔

الْهَوْع والْهُوْع: دشمنی۔

الْمِهْوَع والْمِهْوَاع: لڑائی میں چلانے والا۔

الْهُوْغ: بہت چیز۔

الْهَوْف والْهُوْف: گرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔

الْهُوْف: خیر وبرکت سے خالی مرد۔ بیوقوف مرد۔

الْهَوْلَة: جماعت۔ گروہ۔

هَوِکَ یَهْوَکُ هَوْکًا: احمق ہونا۔ صفت هَوْک.

هَوَّکَ تَهْوِیْکًا: گڑھا کھودنا۔ هَوَّکَهٗ: بیوقوف بنانا۔

تَهَوُّکَ تَهَوُّکًا وانْهَاکَ اِنْهِیَاکًا: حیران ہونا اور لاپروائی اور بے فکری کی وجہ سے مشکل میں پھنسنا۔ مضطرب القول ہونا۔

الْهَوْک والْهَوِک والاَهْوَک والْهَوَکُ والْیَهْکُوْک: بیوقوف جس میں تھوڑی سی بھی عقل ہو۔

الْهَوَک: مص۔ تھوڑی عقل کے ساتھ بیوقوفی۔

الْهُوْکَة: گڑھا۔

الْهَوَّاک: حیران وسرگشتہ۔

الْهَوَّاکَة. هَوَّاک: کا مؤنث۔ اَرْض هَوَّاکَة وهَوِکَة: زمین شور۔

الاَهْکَاء: متحیر لوگ۔

الْمُتَهَوِّک: حیران۔ ہلاکت کے گڑھے میں گرنے والا۔

هَالَ یَهُوْلُ هَوْلًا الْاَمْرُ فُلَانًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوفناک ہونا۔

هِیْلَ هَوْلًا السُّکْرَانُ: حالت نشہ میں مختلف قسم کے رنگ دیکھ کر گھبرانا۔ کہا جاتا ہے "هِلْتُ مِنْهُ" میں اس سے گھبرایا۔

هَوَّلَهٗ تَهْوِیْلًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ هَوَّلَتِ الْمَرْاَةُ: لباس اور زیورات سے مزین ہونا۔ هَوَّلَ الْاَمْرَ: ڈراوکھانا..... عِنْدی الْاَمْرَ: خوفناک بنانا..... الْقَوْمُ عَلَی الرَّجُلِ بِکَذَا: گھبرا دینا..... عَلَی الرَّجُلِ: حملہ کرنا۔

تَهَوَّلَ تَهَوُّلًا الرَّجُلُ: خوفناک ہونا..... مَالَهٗ: نظر بد لگانے کا ارادہ کرنا۔

اِهْتَالَ اِهْتِیَالًا: گھبرانا۔ تم کہتے ہو "هِلْتُهٗ فَاهْتَالَ" میں نے اس کو گھبراہٹ میں ڈالا وہ گھبرا گیا۔

اِسْتَهَالَ یَسْتَهِیْلُ فُلَانٌ الْاَمْرَ: خوفناک پانا۔ بعض لوگ "یَسْتَهْوِلُهٗ" کہتے ہیں مگر جید لغت "یَسْتَهِیْلُهٗ" ہی ہے۔

الْهَائِل: گھبراہٹ میں ڈالنے والا۔ مِنَ الْاُمُوْرِ: خوفناک۔ تاکید کے لئے کہا جاتا ہے "هَوْلٌ هَائِلٌ" مانند "لَیْلٌ لَائِلٌ" کے۔

الْهَال: سراب۔

الْهَوْل: مص۔ خوف۔ ج اَهْوَال وهُوُوْل.

اَبُو الْهَوْل: ایک شاعر کا نام۔ اہرام مصر کے قریب ایک مجسمہ۔

الْهَالَة: چاند کا کنڈل۔

الْهُوْلَة: خوف دلانے کی آگ۔ اس کی صورت یہ ہوا کرتی تھی کہ کسی کنوئیں میں آگ روشن کرتے تھے اور اس میں نمک اور گندھک ڈالتے تھے جب آگ بھڑک جاتی اور نمک چٹخنے لگتا تو اس شخص سے جس کو قسم کھلانی ہوتی تھی اور وہ پہلے سے وہیں موجود ہوتا تھا کہا جاتا کہ یہ آگ تجھ کو دھمکا رہی ہے اور وہ قسم کھانے سے اعراض کرتا۔ وہ چیز جس سے بچہ کو ڈرایا جائے۔ تعجب۔

الْهَیْلَة: کسی کام کا خوف۔

التَّهَاوِیْل: سرخ زرد۔ سبز مختلف قسم کے رنگ۔ تصاویر اور زیورات کی زینت۔ واحد تَهْوِیْل. تَهَاوِیْلُ الرَّبِیْعِ: موسم بہار کے مختلف رنگ کے پھول۔

التَّهْوِیْل: مص۔ ڈرانے کی چیز۔

الْمَهَال والْمَهِیْل: خوفناک جگہ۔

الْمُهُوْل: خوفناک۔

الْمُهَوَّل: فا اور تاکید کے لئے کہا جاتا ہے "هَوْلٌ مُهَوَّلٌ".

اَلْمُهَوِّل: قسم کھلانے والا۔

هَوَّمَ تَهْوِیْمًا وتَهَوَّمَ تَهَوُّمًا: اونگھ کی وجہ سے سر جھکانا۔ تھوڑا سا سونا۔

الْهُوَام: سخت پیاس۔

الْهَوْم: پست زمین۔ ہلکی نیند۔ هَوْمُ الْمَجُوْسِ: چنبیلی کے مانند ایک پودہ۔ اس

marfat.com
Marfat.com

کو هَوْمُ الْمَجُوْسُ: اس وجہ سے کہتے ہیں کہ آتش پرست اس کو عبادت کے موقعہ پر استعمال کرتے ہیں اور اس کے بہت منافع بیان کرتے ہیں۔

الهَامَة: ہر چیز کا سرا۔ دھڑ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ سردارِ قوم۔ لوگوں کی جماعت۔ گھوڑا۔ ج هَامٌ وهَامَاتٌ. الهَامَة: ایک چھوٹی قسم کا اُلو جس کو "الصدی" بھی کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "هٰذَا هَامَةُ الْيَوْمِ او غَدٍ" یعنی وہ آج یا کل مرجائے گا "وَاَصْبَحَ فُلَانٌ هَامَةً" فلاں مرگیا۔ بَنَاتُ الْهَامِ: دماغ کا مغز۔

الهِيْم: ریگستان جو کبھی سیراب نہ ہوتے ہوں۔ قَوْمٌ هِيْمٌ: پیاسے لوگ۔

الهَوْمَاة والهَوْمَة: بے آب وگیاہ میدان۔

الهَوَّام: شیر۔

الاَهْوَم: بڑے سر والا۔

هَانَ يَهُوْنُ هَوْنًا الْاَمْرُ عَلٰى فُلَانٍ: نرم و آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُنْ عِنْدِی الْيَوْمَ" یعنی آج میرے پاس اقامت کرو اور آرام کرو۔

هَانَ يَهُوْنُ هُوْنًا ومَهَانًا ومَهَانَةً الرَّجُلُ: ذلیل وحقیر ہونا۔ کمزور اور مسکین ہونا۔

هَوَّنَ تَهْوِيْنًا عَلَيْهِ الْاَمْرَ: نرم و ہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَوِّنْ عَلَيْكَ" کوئی پروانہ کر۔

هَوَّنَ الشَّیْءَ: ہیچ سمجھنا۔

هَاوَنَ مُهَاوَنَةً نَفْسَهٗ: نرمی کرنا۔

اَهَانَهٗ اِهَانَةً: حقیر و ہیچ سمجھنا۔

تَهَاوَنَ بِهٖ تَهَاوُنًا واِسْتَهَانَ بِهٖ اِسْتِهَانَةً: حقیر سمجھنا۔ استہزاء کرنا۔ ہیچ سمجھنا۔

اِهْوَانَّتِ اِهْوِنَّانَا الْمَفَازَةُ: بیابان کا وسعت کے ساتھ پست ہونا۔

الهَاوَن والهَاوُن والهَاوُوْن: دوا وغیرہ کوٹنے کا ہاون ج هَوَاوِيْن.

الهَوْن: مص۔ سکون و وقار۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى هَوْنِكَ" یعنی اپنی روش پر چلو۔ "وَهٰذَا شَیْءٌ هَوْنٌ" یہ حقیر چیز ہے

"اَحْبِبْ حَبِيْبَكَ هَوْنًا مَّا" اپنے دوست سے دوستی کرو جس میں افراط نہ ہو۔

الهُوْن: مص۔ رسوائی۔ قرآن میں ہے "فَاَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ" مخلوق۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ الْهُوْنِ هُوَ" مجھے نہیں معلوم وہ کون مخلوق ہے۔

الهُوْنَة: تسکین۔ صلح ج هُوَن (..... والهُوْنَة) آہستگی سے کام کرنے والی عورت۔

الهِيْنَة: اسم نوع۔ سکون۔ وقار۔ کہا جاتا ہے اِمْشِ عَلٰى هِيْنَتِكَ: نرمی سے چلو۔

الهُوَيْنَا: نرمی و ملائمت اور یہ هُوْنٰى کی تصغیر ہے اور هُوْنٰى اَهْوَن کی تانیث ہے۔

الهَيِّن والهَيْن: نرم۔ کمزور۔ ذلیل۔ آہستہ کار۔ ج اَهْوِنَاء وهَيِّنُوْنَ وهَيْنُوْنَ و مؤنثهَيِّنَةٌ وهَيْنَةٌ ج هَيِّنَاتٌ وهَيْنَاتٌ.

الاَهْوَن: اسم تفضیل۔ نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ" وہ اس پر آسان ہے۔

الْمُهْوَئِنُّ والْمُهْوَانُّ: دور جگہ یا پست ہموار زمین ج مُهْوَئِنَّات.

المِهْوَان: بہت نرم۔ ج مَهَاوِيْن.

المِهَانَة: رسوائی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فِيْهِ مَهَانَةٌ" کمزور و ذلیل مرد۔

تَهَوَّةَ الرَّجُلُ: دردمند ہونا۔

الهُوْهَة والهَوَاهِيَة: بزدل۔

الهَوَاهِي: واہی تباہی باتیں۔

الهَوْهَاءَة: بیوقوف (..... والهَوْهَا) کنواں جس میں اُترنے والے کیلئے کوئی سہارا نہ ہو۔

رَجُلٌ هَوْهَاة: کمزور دل۔ بیوقوف۔

الهُوُّ: جانب۔ کنارہ۔ روشندان۔

الهُوَّة: پست زمین۔ گہرا گڑھا۔ فضاء آسمانی۔ ج هُوًى وهُوٌّ وهُوِيٌّ.

الهُوَّاءَة: پست زمین۔ گہرا گڑھا۔

هَوَتْ تَهْوِیْ هُوِيًّا الطَّعْنَةُ: نیزے کے زخم کا چوڑا ہونا..... الْعُقَابُ: عقاب کا شکار

وغیرہ پر ٹوٹ پڑنا۔ هَوَى الرَّجُلُ: اوپر اور بلند ہونا..... الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا..... النَّاقَةُ بِرَاكِبِهَا: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ هَوَى الرَّجُلُ: مرنا..... فِی الشَّرِّ: گر پڑنا..... فِی الْاَرْضِ: جانا۔

هَوِیَ يَهْوٰى هَوِيًّا وهُوِيًّا وهَوَيَانًا الشَّیْءُ: اُوپر سے نیچے گرنا۔ بلند ہونا اور چڑھنا اور کہا گیا ہے کہ الهَوِیُّ بِفَتْحِ الْهَاءِ الارتفاع: کیلئے اور الهُوِیُّ انحدار: کیلئے هَوَتِ الْاُمُّ: ہلاک ہونا اور بقول بعض لڑکا گم کرنا۔ صفت هَاوِيَةٌ.

هَوَى يَهْوِیْ هُوَّةً. الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔ هَوَتْ تَهْوِیْ هَوِيًّا الْاُذُنُ: کان کا شنا۔

هَوِیَهٗ يَهْوَاهُ هَوًى: محبت کرنا۔ خواہش کرنا۔ صفت هَوٍ.

هَاوَاهُ مُهَاوَاةً وهِوَاءً: مدارات کرنا۔

هَاوَى فُلَانٌ: تیز چلنا۔

اَهْوَى اِهْوَاءً. الشَّیْءُ: گرنا۔ اَهْوَمَتْ لِيَدِهٖ لِيَاْخُذَهٗ "اَهْوَى اِلَيْهِ بِيَدِهٖ لِيَاْخُذَهٗ" اس نے پکڑنے کے لئے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا اور بعض لوگوں کے نزدیک باء زائدہ ہے اور اس کی اصل "اَهْوَى يَدَهٗ اِلَيْهِ" ہے۔ یعنی اس نے اس کی طرف ہاتھ جھکا دیا اور کہا گیا ہے "اَهْوَيْتُ بِالشَّیْءِ" یعنی میں نے اس کا اشارہ کیا۔ "وَاَهْوَيْتُ لَهٗ بِالسَّيْفِ فَاطَرَتْ اَرْنَبَةَ اَنْفِهٖ" یعنی میں نے اس کی طرف تلوار سے اشارہ کیا اور اس کی ناک کاٹ کر پانسہ اڑا دیا۔ اَهْوَتِ الْعُقَابُ: عقاب کا شکار پر ٹوٹ پڑنا۔ اَهْوَى الشَّیْءَ: اوپر سے گرانا۔

تَهَاوَى الْقَوْمُ فِی الْمَهْوَاةِ: بعض کا بعض کے پیچھے گڑھے میں گرنا۔ تَهَاوَى الرَّجُلُ: تیز چلنا۔

اِهْتَوَى اِهْتِوَاءً. اِلَيْهِ بِشَیْءٍ: اشارہ کرنا۔ اِنْهَوَى اِنْهِوَاءً الشَّیْءُ: اوپر سے نیچے گرنا۔ اِسْتَهْوَاهُ اِسْتِهْوَاءً: سرگشتہ و حیران بنا دینا۔

marfat.com
Marfat.com

مدہوش کر دینا۔ عقل کو مزین کر کے دکھلانا۔
الھَـاوِی: فا۔ ٹڈی۔ حرف الف کو بھی "ھَاوِی" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ واؤ اور یا کے مخرج سے اس کا مخرج زیادہ وسیع ہے اور معنی ذُو الھَوَاء: کے ہیں جیسے نَابِلٌ: بمعنی ذُو النَبْلِ والنَاشِبِ: بمعنی ذُو النُشَّابِ.
الھَاوِیَہ: قضا۔ بچہ گم کرنے والی عورت۔
ھَـاوِیَة: دوزخ۔ معرفہ اور غیر منصرف ہے اور کبھی الف لام بھی صفت کا لحاظ کر کے داخل کرتے ہیں۔
الھَوَاء: فضاء آسمانی۔ ج اَھْوِیَة: خالی چیز۔ بزدل۔ واحد اور جمع اس میں برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ھَوَاء او ھُم ھَوَاء" وہ بزدل ہے یا وہ سب بزدل ہیں۔ الھَوَاء: ہر وہ چیز جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو۔ جس کی وجہ سے چیز کی حفاظت نہ ہو سکے جیسے توشہ دان کہ جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو۔ ھَـوَا: کا اطلاق ہر اس بہنے والی چیز پر بھی ہوتا ہے جس کو تم سونگھ سکو۔
الھَوَاء والھِوَاء: کبھی نرمی اور کبھی سختی سے معاملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَامَلَهُ بِالْھَوَاءِ والھِوَاءِ" اس نے اس سے نرم گرم معاملہ کیا۔
الھَوَی. ھَـوِیَ: کا مصدر۔ خواہش۔ عشق چاہے خیر ہو یا شر۔ محبوب و معشوق محمود ہو یا مذموم مگر غیر محمود کا غلبہ ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اِتَّبَعَ ھَوَاهُ" فلاں نے اپنی خواہش نفس کا اتباع کیا اور یہ مذمت کے وقت بولا جاتا ہے۔ ایسا ہی "فُلَانٌ مِن اَھْلِ الْاَھْوَاء" فلاں ان لوگوں میں سے ہے جو راہِ راست سے ہٹ گئے ہیں۔
الھَوِی: مشتاق۔ شائق۔ مؤنث ھَوِیَة.
الھَـوِیّ: کان میں سنسناہٹ۔ محبوب اور کہا جاتا ہے "مَضَی ھَوِیٌّ او ھُوِیٌّ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔ "وَجَـلَسْـتُ عِنْدَهُ ھَوِیًّا" میں اس کے پاس دیر تک بیٹھا رہا۔

الھَوِیَّة: گہرا کنواں ج ھَوَایَا.
الاَھْـوَیٰ. ھَـوِی: کا اسم تفضیل۔ تم کہتے ہو "ھٰذَا الشَّیْءُ اَھْوَیٰ اِلَیَّ مِنْ کَذَا" یہ چیز میرے نزدیک فلاں چیز سے زیادہ محبوب ہے۔
الْاَھْـوِیَة: فضاء آسمانی۔ گہرا گڑھا۔ کہا جاتا ہے "مَضَی تَھَوَّاءٌ مِنَ اللَّیْلِ" یعنی رات کا ایک حصہ گزر گیا۔
الْمَھْوَیٰ والْمَھْوَاة: فضا۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا فاصلہ ج مَھَاوٍ.
ھَـاءَ یَھِیءُ وھَـیِءَ یَھَـاءُ ویَھْیَاءُ وھَیُوءَ یَھْیُوءُ ھَیْـئَةً وھَیَاءَةً: خوش شکل ہونا۔ ھَاءَ یَھَـاءُ ھَیْـاءَةً اِلَیْـهِ: مشتاق ہونا (..... یَھَـاءُ ویَھِیءُ ھَیْاءَةً لِلْاَمْرِ) تیار ہونا۔
ھَیَّاهُ تَھْیِئَةً وتَھْیِئًا: درست کرنا۔ تیار ہونا۔
ھَایَاهُ مُھَایَاةً فِی الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔ کبھی ہمز کو یاء سے تخفیفاً بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں "ھَایَیْتُهُ مُھَایَاةً" کہا جاتا ہے "ھَایَاهُ فِی دَارِ کَذَا" یعنی کچھ مدت تک ایک رہا اور کچھ مدت تک دوسرا اور بقول بعض اس کے معنی یہ ہیں کہ ہر ایک نے اپنے حصہ سے نفع اٹھایا۔
تَھَیَّـأَ تَھَیُّؤًا لِلْاَمْرِ: تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا..... الشَّیْءُ لِفُلَانٍ: قدرت دینا۔
تَھَایَأُوا وتَھَایَؤُوا عَلَی الْاَمْرِ: باہم موافقت کرنا ..... عَلَی کَذَا: مجتمع ہونا۔
الھَیُّ والھُیُّ: کھانے پینے کا بلاوا۔
الھَیْـئَة والھِیْـئَة: حالت۔ کیفیت۔ شکل صورت ج ھَیْـئَات. عِلْمُ الْھَیْئَة: وہ علم جو اجرام سماویہ کے احوال سے بحث کرے۔
اَلْھَیِّیُ والْھَیُّیُ: خوش شکل۔
ھَابَهُ یَھَابُهُ ھَیْبًا وھَیْبَةً ومُھَابَةً: خوف کرنا۔ بچنا۔ چوکنا رہنا۔ صفت فاعل ھَـائِـبٌ وھَیُوبٌ وھَیُوبَةٌ وھَیَّابٌ وھَیِّبٌ وھَیْبَان وھَیْبَان وھَیَّـان وھَیَّـابَةٌ اور مَھُوبٌ ومَھِیبٌ وھَیُوبٌ وھَیْبَان اس کو کہتے ہیں جس سے لوگ ڈریں اور ایک لغت ھَـابَـهُ

یَھِیبُهُ: کی بھی ہے ھَابَ الرَّجُلُ فُلَانًا: تعظیم و توقیر کرنا۔
ھَیَّبَـهُ تَھْیِیبًـا اِلَی فُلَانٍ: ہیبت دار بنانا۔ رعب دار بنانا۔
اَھَـابَ اِھَابَةَ الرَّاعِی بِغَنَمِهِ: بکریوں کو ٹھہرنے یا لوٹنے کے لئے چلانا..... بِالْاِبِلِ: اونٹوں کو "ھَـاب" کہہ کے ڈانٹنا..... بِالْخَیْلِ: گھوڑے کو ھَبْ یا ھَبِّیْ کہہ کے بلانا یا ڈانٹنا۔ اَھَابَ بِصَاحِبِهِ: پکارنا۔ بلانا۔
تَھْیِیـهُ تَھْیِیبًـا: خوف کرنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوف دلانا۔ کہا جاتا ہے "تَھَیَّبَنِی زَیْدٌ" زید نے مجھ کو خوف دلایا۔
اِھْتَابَ اِھْتِیَابًا: ڈرنا۔ خوف کرنا۔
الھَاب: سانپ۔
الھَیْبَة: مص۔ خوف۔
الھَیْبَـان: لوگوں سے ڈرنے والا۔ بزدل۔ ہلکا۔ چرواہا۔ مٹی۔ اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ بہت۔
الاَھْیَب: زیادہ رُعب والا۔
مَکَانٌ مَھَابٌ ومَھُوبٌ: خوفناک جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الشَّیْءُ مَھْیَبَةٌ لَکَ" یعنی یہ چیز تمہارے لئے ڈر کا باعث ہے۔
ھَیَّتَ تَھْیِیتًا بِفُلَانٍ: چلانا۔ پکارنا۔
ھَـاتِ: اسم فعل بمعنی اَعْـطِنِـی کہا جاتا ہے "ھَـاتِ یَا رَجُـلُ وھَاتِی یَا اِمْرَاَةُ وھَاتِیَا یَا رَجُلَانِ و یَا اِمْرَاَتَانِ وھَـاتُوا یَا رِجَال وھَاتِینَّ یَا نِسَاءُ".
الھِیْـت: بہت گہری زمین۔ کہا جاتا ہے "ھَیْتَ وھِیْتَ لَکَ (بِمُثَلِّیثِ التَّاءِ فِیھِمَا) بمعنی ھَلُمَّ وتَعَالَ: یعنی آؤ' حاضر ہو واحد جمع مذکر مؤنث میں کوئی فرق نہیں۔ مگر عدد کا اظہار بعد والے کلمے میں ہوتا ہے جیسے ھَیْتَ لَکُمَا وھَیْتَ لَکُمْ وھَیْتَ لَکُنَّ.
ھَاءَ یَھِیءُ ھَیْئًا وھَیْئَانًا لِفُلَانٍ: تھوڑا سا دینا..... مِنَ الْمَالِ: ضرورت کے مطابق پانا ..... فِی الشَّیْءِ: فساد ڈالنا اور ایسا ہی ھَاءَ الذِّئْبُ فِی الْغَنَمِ: بھیڑیے نے بکریوں

marfat.com
Marfat.com

میں تباہی ڈالی ..... بِرِ عُلِيهِ التُّرَابَ : مٹی کو پاؤں سے کریدنا (..... هَيْشًا) الْقَوْمُ : جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا ..... الشَّيْءُ : ہلنا۔

هَايَنَهُ مُهَايَنَةً : کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔

تَهَايَشُوْا : جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا۔

اِسْتَهَاثَ اِسْتِهَاثَةً مَا اَعْطَاهُ : زیادہ کرنا ..... اَلْمَالَ : تباہ کرنا۔

الْهَيْثُ : حرکت۔

الْهَيْئَةُ : لوگوں کی جماعت۔

هَايَنَةُ الْقَوْمِ : قوم کا شور۔

الْمُهَايِثُ : بہت لینے والا۔

هَاجَ يَهِيجُ هَيْجًا وَهِيَاجًا وَهَيَجَانًا الشَّيْءُ : بھڑکنا۔ برانگیختہ ہونا ..... اَلْبَحْرُ : سمندر کا جوش مارنا ..... اَلرَّجُلُ : بیوقوف سے مضطرب ہونا۔ بہادر ہونا۔ کود پڑنا ..... الشَّيْءُ وَبِالشَّيْءِ : برانگیختہ کرنا هَاجَتِ الْاِبِلُ : اُونٹوں کا پیاسا ہونا۔ هَاجَتِ النَّبْتُ : نباتات کا خشک ہونا۔ هَاجَتِ الْاَرْضُ : سوکھی نباتات والی ہونا۔ هَاجَ الْاِبِلَ : اونٹوں کو رات میں گھاس یا گھاٹ کی طرف چلانا۔ کہا جاتا ہے "هَاجَتِ السَّمَاءُ فَمُطِرْنَا" آسمان میں ابر و باد ظاہر ہوا اور ہمارے اوپر بارش ہوئی۔

هَيَّجَ تَهْيِيجًا الشَّيْءَ : برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے "هَيَّجَ بَيْنَهُمَا الشَّرَّ" اس نے ان دونوں کے درمیان شر و فساد کو بھڑکا دیا۔

هَايَجَهُ وَمُهَايَجَةً وَهِيَاجًا : برانگیختہ کرنا اور لڑائی کرنا۔

اَهَاجَتْ اِهَاجَةُ الرِّيْحُ النَّبْتَ : ہوا کا نباتات کو خشک کرنا۔

اَهْيَجَ اِهْيَاجًا الْاَرْضَ : سوکھی نباتات والی پانا۔

تَهَيَّجَ تَهَيُّجًا : برانگیختہ ہونا۔ بھڑکنا۔

تَهَايَجَ تَهَايُجًا الْقَوْمُ : باہم لڑائی کرنا۔

اِهْتَاجَ اِهْتِيَاجًا الشَّيْءُ : بھڑکنا۔

الْهَائِجُ : فا۔ جوش۔ غضب۔ کہا جاتا ہے "هَاجَ هَائِجُهُ" اس کا غصہ بھڑک گیا "وَهَدَأَ هَائِجُهُ" اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

الْهَائِجَةُ. الْهَائِجُ : کا مؤنث۔ اَرْضٌ هَائِجَةٌ : خشک یا زرد شدہ گھاس والی زمین۔

الْهَيْجُ : مص۔ لڑائی۔ زردی۔ خشک شدگی۔ حرکت۔ تیز ہوا۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ هَيْجٌ" ہوا یا بادل بارش کا دن۔ جب بادل اوّل اوّل اٹھنا شروع ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے "هَاجَ لَهُ هَيْجٌ حَسَنٌ"۔

شَيْءٌ هَيُوْجٌ وَمِهْيَاجٌ : بھڑکی ہوئی چیز۔ مؤنث کیلئے بھی هَيُوْجٌ مستعمل ہے۔

الْهَاجَةُ : مینڈھی۔ ج هَاجَاتٌ.

الْهَيْجَا وَالْهَيْجَاءُ : لڑائی۔

هَادَهُ يَهِيدُهُ هَيْدًا وَهَادًا : گھبراہٹ میں ڈالنا۔ غم زدہ کرنا۔ ہلانا۔ درست کرنا۔ زائل کرنا۔ منہدم کرنا۔ باز رکھنا۔ جھڑکنا۔ ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَهِيدُنِيْ ذٰلِكَ" یہ چیز مجھ کو برانگیختہ نہیں کرتی اور نہ اس کی میں پروا کرتا ہوں۔ بعض کا قول ہے کہ يَهِيدُ کا استعمال حرف نفی کے ساتھ خاص ہے۔

هَيَّدَهُ تَهْيِيدًا : بمعنی هَادَهُ (مذکورہ بالا معانی میں) هَيَّدَ الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَاهَيَّدَ عَنْ شَتْمِيْ" وہ مجھے گالی دینے سے نہ پیچھے ہٹا نہ رکا۔

الْهَادُ : مص۔ اونٹ کی ڈانٹ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ هَادٌ" یعنی وہ ایسا ہے کہ نہ تو اسے منع کیا جا سکتا ہے نہ ڈانٹا جا سکتا ہے۔

الْهَيْدُ : مص۔ مضطرب و پریشان۔

الْهَيْدَانُ : بزدل۔ مضطرب۔ بیوقوف۔ بخیل۔

هَيَّرَهُ فَتَهَيَّرَ هَوَّرَهُ فَتَهَوَّرَ : میں ایک لغت۔

الْهَيَارُ : جو منہدم اور ساقط ہو۔

الْهِيْرُ وَالْهَيْرُ : باد شمالی۔ الْهِيْرُ وَالْهَيْرُ مِنَ اللَّيْلِ : رات کا نصف اول۔ رَجُلٌ هَيْرٌ : لاپروائی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الْهَيْرَةُ : نرم زمین۔

رَجُلٌ هَيَّارٌ : کمزور مرد۔

الْهَيْرُوْنُ : ایک قسم کی کھجور۔ واحد هَيْرُوْنَةٌ۔

هَاسَ يَهِيسُ هَيْسًا الشَّيْءَ وَمِنَ الشَّيْءِ : بکثرت لینا ..... فُلَانٌ : تیز چلنا۔

الْاَهْيَسُ : بہادر۔ بہت کھانے والا۔

..... مِنَ الْاِبِلِ : کسی چیز سے نہ رکنے والا اونٹ۔

الْهَيْسُ : مص۔ جوتنے کے لئے بیلوں کی جوڑا اور بقول بعض اس کا کل سامان۔

هَاشَ يَهِيشُ هَيْشًا الشَّيْءَ : خراب کرنا۔ بگاڑنا ..... اَلْقَوْمُ : جوش و حرکت میں آنا۔ کہا جاتا ہے "هِشْتُمْ عَلَيْنَا" تم ہم لوگوں کے اوپر جوش و حرکت میں آئے ..... فُلَانٌ : بہت بولنا ..... اَلنَّاقَةَ : اونٹنی کو آہستہ آہستہ دوھنا ..... اَلْمَالَ : جمع کرنا ..... اَلرَّجُلُ : شاد ہونا۔

الْهَيْشَةُ : مخلوط جماعت۔ اضطراب۔ فتنہ۔ هَيْشَاتٌ.

هَاضَ يَهِيضُ هَيْضًا بِالشَّيْءِ : تخت برتنا ..... عُنُقَهُ : گردن توڑنا ..... اَلطَّيْرُ : پرندہ کا بیٹ کرنا۔

الْمَهَايِضُ : پرندہ کے بیٹ کرنے کی جگہ۔ واحد مَهْيَضٌ.

الْهَيْضُ : پرندے کی بیٹ۔

هَاضَ يَهِيضُ هَيْضًا الطَّائِرُ : پرندہ کا بیٹ کرنا ..... فُلَانٌ الْعَظْمَ : ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑ دینا اور کہا جاتا ہے "تَمَاثَلَ الْمَرِيْضُ فَهَاضَهُ كَذَا" مریض اُٹھ کھڑا ہوا تھا کہ اس کو فلاں چیز نے پھر دوبارہ مبتلاء مرض کر دیا ..... اَلْحُزْنُ قَلْبَهُ : بار بار غم لاحق ہونا۔

هَاضَهُ : توڑنا اور ریزہ ریزہ کرنا۔

هَيَّضَهُ : برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ اُکسانا۔

تَهَيَّضَ تَهَيُّضًا وَانْهَاضَ اِنْهِيَاضًا الْعَظْمُ : ہڈی کا جڑ جانے کے بعد ٹوٹنا۔ تَهَيُّضُهُ الْمَرَضُ وَنَحْوُهُ : بیماری کا بار بار لوٹنا۔

marfat.com

Marfat.com

اِهْتَاضَ اِهْتِيَاضًا الْعَظْمُ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑنا۔
الْهَيْض: پرندے کی بیٹ۔
الْهَيْضَاء: لوگوں کی جماعت۔
الْهَيْضَة. هاض: کا اسم مرۃ۔ رنج وغم کا عود۔ بیماری کے بعد بیماری۔ پیٹ کا چلنا هَيْضَةُ الْكَرَىٰ: نیند لاحق ہونے کی وجہ سے سستی
عَظْمٌ مَهِيْضٌ: جڑنے کے بعد توڑی ہوئی ہڈی۔
الْمُسْتَهَاض: وہ شخص جس کی ہڈی جڑ جانے کے بعد دوبارہ ٹوٹ جائے' وہ مریض جو صحت پانے کے بعد دوبارہ بیمار ہو جائے۔
هَاطَ يَهِيْطُ هَيْطًا: شور مچانا۔
هَايَطَ مُهَايَطَةً وَهِيَاطًا: شور مچانا۔
فُلَانًا: کمزور سمجھنا۔
تَهَايَطَ تَهَايُطًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا اور آپس میں اپنے معاملات کو درست کرنا۔
الْهَيْط: مص۔ کہا جاتا ہے "مَازَالَ فِي هَيْطٍ وَمَيْطٍ" وہ ہمیشہ شور وغوغا اور برائی میں رہا۔ کہا جاتا ہے هُمْ فِي هِيَاطٍ وَمِيَاطٍ: وہ لوگ اضطراب اور آنے جانے میں ہیں۔
هَاعَ يَهِيْعُ وَيَهَاعُ هَيْعًا الشَّيْءُ: زمین پر پھیلنا..... الرَّصَاصُ: پگھلنا..... الرَّجُلُ: بھوکا ہونا..... الْإِبِلُ إِلَى الْمَاءِ: خواہش مند ہونا..... الرَّجُلُ: بتکلف قے کرنا (..... هَيْعًا وَهَيْعَةً وَهُيُوْعًا وَهَيْعُوْعَةً وَهَيَعَانًا) بزدل ہونا۔ گھبرانا (..... هَيْعَةً وَهَاعًا) سخت حریص ہونا..... مِنَ الشَّيْءِ: تنگ دل ہونا' زچ ہونا۔
تَهَيَّعَ تَهَيُّعًا وَانْهَاعَ اِنْهِيَاعًا. الشَّيْءُ: زمین پر پھیلنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَيَّعَ وَانْهَاعَ السَّرَابُ" سراب زمین پر پھیلا ہوا ہے۔
الْهَائِع: فا۔ لَيْلٌ هَائِعٌ: تاریک رات۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ" بزدل۔ کمزور۔ گھبرانے والا مرد۔
الْهَائِعَة. الْهَائِع: کا مؤنث۔ تیز آواز۔ دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔

الْهِيَاع: پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے "رِيْحٌ هِيَاعٌ لِيَاعٌ" تیز ہوا۔
الْهَيَاع: سخت لالچ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَاعٌ لَاعٌ" یعنی کمزور بزدل مرد اور ایسا ہی اِمْرَأَةٌ هَاعَةٌ لَاعَةٌ".
الْهَيْعَة: دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔ سطح زمین پر بہنے والی چیز۔ سخت لالچ۔ ہر آواز یا برائی جو تم کو گھبراہٹ میں ڈال دے۔ اَرْضٌ هَيْعَةٌ: کشادہ پھیلی ہوئی زمین۔
رَجُلٌ هَيِّعٌ لَيِّعٌ: کمزور گھبرانے والا مرد۔
الْمُتَهَيِّع: برائی کی طرف جلدی کرنے والا۔ حیران۔
الْمَهْيَع: کھلا ہوا کشادہ راستہ اور کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ مَهْيَعٌ" ج مَهَايِع. بَلَدٌ مَهْيَعٌ: کشادہ شہر۔
هَيْعَرَتْ هَيْعَرَةً. اَلْمَرْاَةُ: بدکار ہونا (..... وَتَهَيْعَرَتْ) ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا۔
الْهَيْعَرَة: مص۔ خفت۔ طیش۔ بھوتنی۔ بدکار عورت یا ایک حالت پر قائم نہ رہنے والی عورت۔
هَيَّغَ تَهْيِيْغًا الْمَطَرُ الْاَرْضَ: بارش کا زمین کو اچھی طرح سے تر کرنا۔
اَهْيَغَ. الْقَوْمُ: قوم کا خوش حال ہونا۔
الْاَهْيَغ: تروتازہ زندگی۔ بہت پانی۔ سرسبز سال۔ والْاَهْيَغَان: تروتازگی اور اچھی حالت یا کھانا پینا۔
هَافَ يَهِيْفُ هَيْفًا: بہت پیاسا ہونا (..... يَهَافُ هَيَفًا) الْعَبْدُ: غلام کا بھاگنا۔ (..... هَيَافًا وَهَيَافًا) الْاِبِلُ: اونٹوں کا سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر گرم ہوا کی طرف رخ کرنا۔
هَيِفَ يَهْيَفُ وَهَافَ يَهَافُ هَيَفًا وَهَيَفًا الْغُلَامُ: پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر
اَهْيَف.: صفت مؤنث هَيْفَاء ج هِيْف.
اَهَافَ اِهَافَةً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اِهْتَافَ اِهْتِيَافًا: پیاسا ہونا۔ صفت مُهْتَاف.
اِسْتَهَافَ: بادھیف: کے لگنے سے پیاسا ہونا (دیکھئے هَيْف)
الْهَائِف: فا۔ سخت پیاس والا۔
الْهَائِفَة. هَائِف: کا مؤنث۔ سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر بادِ هیف کی طرف رُخ کرنے والی اونٹنی (دیکھئے هَيْف)
الْهَيْف: مص۔ گرم ہوا جو نباتات کو خشک کر دیتی اور پانی کو سکھا دیتی ہے اور حیوانات کو پیاس میں مبتلا کر دیتی ہے۔ امثالِ عرب میں سے ہے "ذَهَبَتْ هَيْفٌ بِاَذْيَانِهَا" اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو اپنی عادت پر اڑا رہے' یا اس وقت جب کہ ہر شخص اپنی اپنی حالت پر متفرق ہو جائیں۔
رَجُلٌ هَافٌ: پیاس پر صبر نہ کر سکنے والا۔ اِبِلٌ هَافَةٌ: جلد پیاسے ہونے والے اونٹ۔
الْمِهْيَاف والْهَيْفَان والْهَيُوْف: پیاسا۔ سخت پیاسا۔ جلد پیاسا ہونے والا۔
اَهْيَقَ الظَّلِيْمُ: شتر مرغ کا لمبا ہونا۔
الْهَيْقُ مِنَ الرِّجَالِ: بہت لمبا تڑنگا اور بقول بعض لمبا پتلا۔ شتر مرغ۔ ج اَهْيَاق وهُيُوْق: مؤنث هَيْقَة.
الْاَهْيَق: لمبی گردن والا۔
هَيَّكَ تَهْيِيْكًا: جلدی کرنا۔ کھودنا۔
هَيْكَل: ہ ک ل کا مادہ دیکھئے۔
هَالَ يَهِيْلُ هَيْلًا عَلَيْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔
هَيَّلَ تَهْيِيْلًا عَلَيْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا (تشدید کثرت کے لئے ہے)
تَهَيَّلَ تَهَيُّلًا وَانْهَالَ اِنْهِيَالًا التُّرَابُ: مٹی پڑنا۔ مٹی ڈالا جانا۔ کہا جاتا ہے "هَالَهُ فَانْهَالَ وَهَيَّلَهُ فَتَهَيَّلَ" اس نے اس پر مٹی ڈالی اور وہ پڑ گئی۔ اِنْهَالُوْا عَلَى فُلَانٍ: فلاں کو لوگوں نے مارا پیٹا گالی دی۔
الْهَال: ڈالی ہوئی ریت۔ کہا جاتا ہے "رَمْلٌ هَالٌ" گرنے والی ریت۔
الْهَيْل: مص۔ گری ہوئی ریت یا خاک وغیرہ۔ اسی سے مثال ہے "جَاءَ بِالْهَيْلِ

marfat.com
Marfat.com

والهَيْلَمان" یعنی وہ بہت مال لایا وہ ریت اور ہوالایا۔

الهَيَال: ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔

الهَيَلان: ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔

الهَالَة: چاند کے اردگرد کا حلقہ۔ ج هَالَات.

الهَيُول: ذرات جو روشندان میں دھوپ پڑنے وقت معلوم ہوں۔

الهَيُولَى والهَيُولَى: مادۂ اولیٰ۔ نسبت کے لئے هَيُولِيّ وهَيُولَانِيّ ج هَيُولَات.

هَيْلَلَ هَيْلَلَةً. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ: کہنا۔

هَامَ يَهِيمُ هَيْمًا وهُيُومًا وهِيَامًا وهَيَمَانًا وتَهْيَامًا بِكَذَا: محبت کرنا.....عَلٰى وَجْهِهِ: آوارہ پھرنا(.....هِيَامًا) پیاسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "هِمْ لِنَفْسِكَ" یعنی اپنی ذات کے لئے طلب کرو اور اسی کے لئے اہتمام کرو۔

هَيَّمَهُ الْحُبُّ: محبت کا کسی کو پاگل کر دینا۔

تَهَيَّمَ تَهَيُّمَا الْهَوٰى فُلَانًا: پاگل ہونے پر برانگیختہ کرنا.....فُلَانٌ: اچھی چال چلنا۔

اِهْتَامَ اِهْتِيَامًا لِنَفْسِهِ: حیلہ کرنا۔

اُسْتُهِيمَ فُؤَادُهُ: محبت وغیرہ کی وجہ سے دل کا شیفتہ و سرگشتہ ہونا۔ صفت مُسْتَهَامُ الْفُؤَاد.

الهَائِم: فا۔ حیران۔ ج هُيُم وهُيَّام. الهُيَّام: وسوسہ میں مبتلا عشاق۔

الهَيَام: ہمیشہ کرتے رہنے والی ریت ج هُيُم.

الهُيَام: جنون۔ عشق۔ سخت پیاس۔ الهُمَام: سخت پیاس کی بیماری جو اونٹوں کو ہوتی ہے۔

الهَيْم: مص۔ کہا جاتا ہے "هَيْمُ اللّٰهِ" بمعنی "اَيْمُ اللّٰهِ" یعنی خدا کی قسم۔

الهَيْمَاء: بے پانی کا بیابان۔

الاَهْيَم. هُيَام: کی بیماری والا۔ مؤنث هَيْمَاء ج هِيْم. لَيْلٌ اَهْيَمُ ولَيْلَةٌ هَيْمَاءُ: رات جس میں ستارے نہ ہوں۔

الهَيْمَان: پیاسا۔ هُيَام: کی بیماری والا۔ مؤنث هَيْمَى ج هِيَام وهَيْمٰى. رَجُلٌ هَيْمَان: محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ مرد۔

الهَيُوم: حیران۔

رَجُلٌ اَهْيَم: سخت پیاس والا مرد۔

قَلْبٌ مُسْتَهَام: عشق و محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ دل۔

المَهْيُوم: سخت پیاس والا۔ هُيام: کی بیماری والا۔ هَيْمَنَ هَيْمَنَةً: آمین کہنا۔

الطَّائِرُ عَلٰى فِرَاخِهِ: پرندے کا بچے پر پھیلانا۔

فُلَانٌ عَلٰى كَذَا: نگہبان ہونا۔

المُهَيْمِنُ والمُهَيْمَن: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہیں۔ بمعنی خوف سے امن دینے والا یا عمل روزی موت وحیات وغیرہ کا کفیل۔

الهَيْنَم: روئی۔

الهَيْنَمَة: پست آواز۔

الهَيْنُوم: غیر مفہوم کلام۔

هَيْهِ هَيْهِ: کسی چیز کو دفع کرنے کے لئے بولا جاتا ہے (کلمہ استزادہ ہے)

هَيْهَاتَ: بتثلیث الاخر: اسم فعل ہے بمعنی دور ہوا اور اس میں چند لغات اور ہیں اَيْهَاتَ وَاَيْهَانَ وهَيْهَانَ وهَايْهَاتَ وهَايْهَانَ: حرف آخر میں تینوں حرکتیں ہیں۔ معرب بھی ہیں اور مبنی بھی اور ایک لغت اَيْهَا ہے۔

اَلْيَهُوفَارِيقُوْنَ: زرد پھولوں والا پودا بعض طبی فوائد رکھتا ہے۔

هَيَا: بعید کے لئے حروف نداء میں سے ہے اور اس کی اصل ایا: ہے۔

هَيُّ بْنُ بَيٍّ وهَيَّانُ بْنُ بَيَّانَ: غیر معروف شخص جس کے والد کا بھی پتہ نہ ہو۔

هَيْ: اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی جس کام میں تم ہو جلدی کرو۔ اس کے آخر میں کاف خطاب لاحق ہوتا ہے جیسے رُوَيْدَكَ اور هَاكَ کہا جاتا ہے هَيْكَ اور کبھی تثنیہ کے لئے "هَيَّا" اور جمع کے لئے "هَيُّوا" کہا جاتا ہے۔

هَيَّاهَيَّا: اسماء افعال میں سے ہے یعنی جلدی کرو۔

الهَيَّاة: شان۔ معاملہ۔ کہا جاتا ہے "مَا هَيَّاتُهُ" اس کا کیا معاملہ ہے۔ اس کی کیا حالت ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ی

ی : الیاءُ: حروفِ تہجی میں سے اٹھائیسوں حرف ہے۔ یہ حرف جوف سے ہے۔
الیاءُ: ضمیر مؤنث کے لئے آتی ہے جیسے تَقُوْمِیْنَ وقُوْمِی: اور ضمیر متکلم کا کام دیتی ہے۔ جیسے ضَرَبَنِی وکَتَابِیْ.
یا: حرفِ ندا ہے۔ بعید وقریب دونوں کے لئے اور کبھی منادیٰ محذوف ہوتا ہے جیسے یَا "لَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ" وَیَا "رُبَّ کَاسِیَةٍ فِی الدُّنْیَا عَارِیَةٍ یَوْمَ الْقِیَامَةِ": اور یا یہ کہ ان جیسی تراکیب میں یا صرف تنبیہ کے لئے ہے۔
اور "اَتَانِی رَجُلٌ وَیَالَهُ رَجُلاً اَوْمِنْ رَجُلٍ" وَ "یَالَکَ مِنْ فَارِسٍ": جیسی ترکیبوں میں یا حرف ندا اور لام تعجب کے لئے ہے۔
یَئِسَ یَئَسُ وَیَیْئِسُ یَأْسًا ویَئَاسَةً مِنْهُ: ناامید ہونا۔ صفت فاعل یَائِسٌ ویَؤُسٌ ویَؤُوْسٌ جمع یُؤُوْسٌ اور صفت مفعول مَیْؤُوْسٌ مِنْهُ اور کبھی یَئِسَ: جاننے کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے "اَلَمْ تَیْأَسُوْا اَنِّیْ ابْنُ فَارِسِ زَهْدَمٍ": کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں فارس زہدم کا بیٹا ہوں۔
یَتِمَتِ الْمَرْاَةُ تَیْأَمُ: بانجھ ہونا۔ صفت یَائِمٌ.
أَکَ یَاسَهُ إِیْئَاسًا وَایْئَسَهُ إِیَاسًا ومُؤَایَسَةً: ناامید کرنا۔ أَکَ یَاسَ اللّٰهُ الْمَرْاَةَ: بانجھ کرنا۔
إِتْأَسَ إِتْئَاسًا وَاسْتَیْأَسَ اِسْتِیْأَسًا مِنْهُ: مایوس ہونا۔
الیَأْسُ والیَئَاسَةُ: ناامیدی۔
یَأْیَأْیَأَةً وَیَایَاءً القَوْمَ: پکارنا۔ بِالْإِبِلِ: اَیْ: کہہ کے ٹھہرانا (اَیْ ایک کلمہ ہے جس سے اونٹوں کو روکتے ہیں)
یَایَا: لوگوں کے جمع ہونے کے لئے پکارنے کا اسم صوت۔
الیَایَاءُ: مص۔ یُؤْیُؤ: نامی شکاری پرندہ کی چیخ۔
الیُؤْیُؤُ: ایک قسم کا شکاری پرندہ۔ باز کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا جس کو جَلَم بھی کہتے ہیں ج یَایِیٌ.
یَئَّبَ الْمَنْزِلَ: ویران کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَّبُوْهُ وَیَئَّبُوْهُ": انہوں نے اسے تباہ وویران کیا۔
الیَئَّاب: ویران۔ کہا جاتا ہے "مَنْزِلٌ خَرَابٌ یَئَّابٌ": ویران منزل۔
الأَیْئَد: ایک قسم کی نباتات۔
یَئِسَ یَئِسُ ویَیْئِسُ یَئْسًا ویَیْئَسًا وإِیْئَسَ: خشک ہونا۔ صفت یَئِسٌ ویَئِسٌ ویَابِسٌ ویَؤُسٌ ویَیْئِسٌ وأَیْئَسُ: کہا جاتا ہے "یَئِسَ مَابَیْنَهُمَا": ان دونوں کے تعلقات منقطع ہو گئے۔
یَئَّسَ وأَیْئَسَ الشَّیْءُ: خشک کرنا۔ أَیْئَسَ الْمَکَانُ: خشک نباتات والی ہونا۔ أَیْئَسَ الْقَوْمُ: خشک زمین میں چلنا۔ أَیْئَسَ الْعُوْدُ: خشک ہونا اور کہا جاتا ہے "أَیْئِسْ یَارَجُلُ": یعنی چپ رہو۔
إِسْتَیْئَسَ الرِّیْقُ: تھوک خشک ہونا۔
الْیَابِسُ: فا۔ ج یُئُسٌ. رَجُلٌ یَابِسٌ: بے برکت آدمی۔ حَجَرٌ یَابِسٌ: سخت پتھر۔
الیَئِسُ: خشک جس میں کبھی تری نہ رہی ہو۔ خشک جگہ جو پہلے تر رہی ہو شَاةٌ یَئِسٌ بے دودھ کی بکری۔
الیَئِسُ: مص۔ خشک۔ یَابِسٌ: کی جمع۔ جیسے رَاکِبٌ کی جمع رُکَّبٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ یَئِسٌ": بے برکت شخص۔
[illegible] خشک چیز۔
الیَئُوْسَة: خشکی۔
یَئِیْسُ الْمَاءِ: پسینہ۔
الأَیْئَسَانِ: کلائی یا پنڈلی کے کنارے کی ہڈیاں جن پر گوشت نہیں ہوتا۔
الأَیَابِسُ: سخت چیزیں جن پر تلوار کی آزمائش کی جاتی ہے اَیْئَس کی جمع۔
المِیْئَاس: پودوں کو خشک کرنے والی ہوا۔
الیَتُوْعُ والیَتُوْعُ: دودھ والے پودے ج یَتُوْعَات.
یَتَمَ یَتِمُ ویَتِمَ یَیْتَمُ ویَتُمَ یَیْتُمُ یُتْمًا وتَیْمًا الصَّبِیُّ مِنْ اَبِیْهِ: یتیم ہونا۔
یَتَمَ: (ض) یَتْمًا: کوتاہی کرنا۔ سستی کرنا۔ تھکنا۔ دیر کرنا..... مِنْ هٰذَا الْاَمْرِ: رہائی پانا۔ تَیَّمَ الصَّبِیُّ: یتیم ہونا۔
یَتَّمَهُ وأَیْتَمَهُ: یتیم کرنا۔ أَیْتَمَتِ الْمَرْاَةُ: یتیم بچوں والی ہونا۔ صفت مُؤْتِمٌ. ج مَیَاتِیْمُ.
الیَتِیْمُ: نابالغ بچہ جس کا باپ مرگیا ہو..... مِنَ الْبَهَائِمِ: جس کی ماں مرگئی ہو ج أَیْتَام ویَتَامٰی ویَتَمَةٌ ویُتَمَةٌ ویَتَائِمُ. الْیَتِیْمُ: اکیلا۔ کہا جاتا ہے بَیْتٌ یَتِیْمٌ وبَلَدٌ یَتِیْمٌ: علیحدہ ریگستان۔ بے نظیر۔ بے مثل۔
الیَتِیْمَة: یتیم کا مؤنث۔ ج یَتَامٰی. علیحدہ ریگستان۔ دُرَّةٌ یَتِیْمَةٌ: بیش قیمت بے نظیر موتی۔
الیُتْم: مص۔ غم۔
الیُتْم: مص۔ یکتائی۔ یتیمی کی حالت۔
الیَتَم: مص۔ یکتائی۔ یتیمی کی حالت۔ حاجت اور کہا جاتا ہے "فِیْ سَیْرِهٖ یَتَمٌ": اس کی چال میں ضعف وفتور ہے۔
[illegible] یَتِیْمَان: یتیم بچہ۔ کہا جاتا ہے اَلْحَرْبُ

marfat.com
Marfat.com

مَیْتَمَةٌ: یعنی لڑائی بچوں کو یتیم بنانے والی ہوتی ہے۔
یَتَنَتْ تَیْتِیْنًا وَاَیْتَنَتْ اِیْتَانًا الْمَرْاَةُ او النَّاقَةُ الْوَلَدَ: پاؤں کی جانب سے پیدا ہونے والے بچہ کو جننا۔ صفت مُوْتِنٌ ومُوْتِنَةٌ: صفت مفعول مَوْتُوْنٌ اور قیاس مُوْتَنٌ ہے۔
الیَتَن: وہ بچہ جس کے پیر پیدائش سے پہلے ظاہر ہوں۔
المِیْجَار: کھیلنے کا ڈنڈا۔ چوگان۔
الیَحْمُوْر: سرخ۔ چھوٹی دم والا بارہ سنگھا۔
الیَحْمُوْم: بہت کالا۔
اَلْبَخْتُ: وہ بڑی کشتی جو سیر کرنے اور چلے منعقد کرنے کے لیے ہو اور اس میں آرام و آسائش کا تمام سامان ہوتا ہے۔
یَدَّعَ الثَّوْبَ: اَیْدَعَ: سے رنگنا (دیکھئے لفظ اَیْدَعَ)
اَیْدَعَ الْحَجَّ عَلٰی نَفْسِہٖ: احرام کے وقت خوشبو لگا کر حج واجب کرنا۔
الاَیْدَع: زعفران اور بقول بعض قسم کی لکڑی۔
یَدَیْ یَدِی یَدْیًا الرَّجُلَ: ہاتھ پر مارنا۔ صفت فاعل یَادٍ: صفت مفعول مَیْدِیٌ.
یُدِیَ وَیَدِیَ یَیْدَیُ یَدْیًا فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: فائدہ حاصل کرنا۔ یَدِیَ فُلَانٌ مِنْ یَدِہٖ: ہاتھ جاتا رہنا۔ خشک ہونا۔ یَدِیَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا اور کہا جاتا ہے "اِنَّ لِفُلَانٍ مَالًا یَیْدَیْ بِہٖ وَیَیْدَعُ": اس کے پاس مال ہے جس کی وجہ سے وہ ہاتھ اور باع کو کشادہ رکھتا ہے (باع دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کا نام ہے)
یَادَیْ مَیَادَاةً الرَّجُلَ: بدلہ دینا یا دست بدست دینا۔
اَیْدَیْ اِیْدَاءً عِنْدَ فُلَانٍ وَاِلَیْہِ: انعام کرنا۔ صفت فاعل مُوْدٍ وصفت مفعول مُوْدَیٰ اِلَیْہِ.
الیَدُ: ہاتھ۔ مؤنث ہے اور اس کا لام محذوف ہے۔ اصل یَدَیٌ ہے۔ تثنیہ یَدَانِ ج الاَیْدِی والیُدِیُّ ج الاَیَادِی اور اَیَادٍ کا اکثر استعمال نعمت کے معنی میں ہوتا ہے اور الاَیْدِی: کی جمع الاَیْدِیْن: بھی آتی ہے۔ الیَد: نعمت و احسان ج یُدِیٌّ ویَدِیٌّ ویِدِیٌّ وایْدٍ. الیَد: ہاتھ۔ قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "مَالَکَ عَلَیْہِ یَدٌ": تم کو اس پر طاقت حاصل نہیں۔ ندامت۔ ذلت۔ جماعت۔ کھانا۔ ظلم سے روک۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِہِمْ یَدَ الْبَحْرِ": وہ ان لوگوں کو سمندر کے راستہ سے لے گیا۔ فریاد رسی اور کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ اَوَّلَ ذَاتِ یَدَیْنِ" میں اس سے سب سے پہلے ملا۔ "وَسَقَطَ فِیْ یَدَیْہِ": وہ پشیمان ہوا۔ "وَلَہٗ یَدٌ بَیْضَاءُ فِیْ ھٰذَا الْاَمْرِ": وہ اس کام میں ماہر کامل ہے "وَضَرَبَ الْقَاضِیْ عَلٰی یَدِہٖ": قاضی نے اس کو تصرف سے منع کر دیا "وَاَعْطٰی بِیَدِہٖ": وہ مطیع و فرمانبردار ہوا۔ یَدُ الطَّائِرِ: پرندہ کے بازو۔ یَدُ الدَّھْرِ: مدت زمانہ۔ یَدُ الْقَاسُ: کلہاڑے کا دستہ یَدُ الْقَوْسِ: کمان کے دونوں جانب جو جھکائے جائیں۔ الیَدُ الْعُلْیَا: دینے والا ہاتھ۔ الیَدُ السُّفْلٰی: مانگنے والا ہاتھ یا روکنے والا ہاتھ اور کہا جاتا ہے "اَلْقَوْمُ عَلَیْہِ وَاحِدَةٌ": قوم اس کے اوپر ظلم کرنے میں یا دشمنی کرنے میں متفق ہے "وَھٰذَا فِیْ یَدَیَّ": یہ میری ملکیت میں ہے۔ "وَالْاَمْرُ بِیَدِ فُلَانٍ": معاملہ فلاں کے قبضہ میں ہے۔ وَیَدِیْ رَھِیْنَةٌ بِکَذَا: میں اس کا ضامن ہوں "وَلَا یَدَیْنِ لَکَ بِھٰذَا": تم کو اس کی طاقت نہیں اور امثال عرب سے ہے۔ "یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَةِ": جماعت پر اللہ کی حفاظت ہے۔ "وَالْیَدُ لِفُلَانٍ عَلٰی فُلَانٍ": فلاں کو فلاں پر طاقت و غلبہ ہے۔ "وَبِعْتُہٗ یَدًا بِیَدٍ": میں نے دست بدست بیع کی "وَذَھَبُوْا اَیَادِیْ سَبَا او اَیْدِیْ سَبَا": وہ سب پراگندہ ہو گئے "یَدُ الْجَوْزَاءِ": چند ستارے۔
الیَدُ: بالتعدید والیَدَیٰ والیَدَة: ہاتھ۔ ید میں لغات ہیں۔
الیَدِیُّ: ماہر۔ حاذق۔ ثَوْبٌ یَدِیٌّ: وسیع کپڑا۔
عَیْشٌ یَدِیٌّ: آسودہ زندگی (..... والیَدَوِیُّ) ید کی جانب منسوب۔
الیُدَیَّة: ید کی تصغیر۔
الیَدْنَاء: ماہر عورت۔
الیَدُوْدِیُ: احسان کرنے والا۔ انعام کرنے

الیَدُوْدَیٰ اِلَیْہِ: جس پر انعام کیا جائے۔
الیَدِیْخ: جس سے ہاتھ کٹا ہوا۔ ظَبْیٌ مَدِیْخٌ: جال میں اگلی ٹانگ پھنسی ہوئی ہرنی۔
الیَرَّة: آگ۔
الیَرْبُوْع: چوہے کے مانند ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی اور دم لمبی ہوتی ہے۔ ج یَرَابِیْع.
الیَارَج: کنگن (دخیل)
الیَارُوْج: تلوار۔
الاِیَارَجَة: دست آور معجون۔ ج اَیَارِج (دخیل)
یَرِعَ یَرَعُ یَرَعًا: بزدل ہونا۔
الیَرَع: گائے کا بچہ۔
الیَرَاع: جگنو۔ نرکل۔ قلم۔ بانسری جس کو چرواہا بجاتا ہے۔ بزدل۔ کمزور۔ بے عقل۔ چھوٹے چھوٹے بھیڑ بکری۔
الیَرَاع والیَرَع: بھنگا۔
الیَرَاعَة: جگنو۔ نرکل۔ ج یَرَاعٌ چرواہے کی بانسری۔ قلم۔ بیوقوف۔ بزدل۔ جھاڑی۔ شتر مرغ۔
الیَرْزَع: خوف۔ ڈر۔
یُرِقَ: یرقان کی بیماری والا ہونا۔
الیَرَقَان والیَرْقَان: کھیتی کے لئے ایک آفت جس میں کھیتی پیلی پڑ جاتی ہے۔ یا کیڑے جو کھیت کو تباہ کر دیتے ہیں۔ ایک مشہور بیماری کا نام جس سے بدن پیلا ہو جاتا ہے۔
المَیْرُوْق والمَلْرُوْق. مِنَ الزَّرْع والنَّبْت: یرقان زدہ۔
الیَرْقَانَة: ولادت کی قوت۔ جانوروں کا اپنی صورت کو غضبناک اور خطرناک حالت میں کرنا۔
الیَرْمَع: پھرکی۔ سفید چمکنے والی کنکریاں ج یَرَامِع.
الیَرْوَن: ہاتھی کا دماغ۔ جانور کا پسینہ۔ نر جانور کی منی۔
یَرْنَا یَرْنَبَةُ الشَّیْءَ: مہندی سے رنگنا۔
الیَرْنَا والیَرَنَا والیُرْنَاء: مہندی۔
یَسَرَ یَیْسِرُ یَسْرًا ویَسَرًا: نرم ہونا۔ سہل ہونا۔

marfat.com
Marfat.com

یَسَرتِ الْمَرْاَۃُ: آسانی سے بچہ ..... یَسْرًا) جوا کھیلنا ..... الرَّجُلُ: بائیں جانب سے آنا ..... القَوْمُ النَّاقَۃَ: جھے کر کے اونٹنی کو تقسیم کر لینا۔

یَسُرَ یَیْسُرُ یُسْرًا: کم ہونا۔ صفت یَسِیْرٌ.

یَسُرَ یَیْسُرُ یُسْرًا وَیَسِرَ یَیْسَرُ یَسَرًا الْاَمْرُ: آسان ہونا۔ صفت یَسِیْرٌ.

یَسَّرَ الشَّیْءُ لِفُلَانٍ: آسان کرنا۔ توفیق دینا (خیر و شر دونوں کے لئے مستعمل ہے)

یَسَّرَتِ الْغَنَمُ: زیادہ دودھ دینے والی ہونا۔

یَسَّرَ الرَّجُلُ: آسانی سے بچے جننے والی بکری اور اونٹ والا ہونا۔

اَیْسَرَ اِیْسَارًا: دولت مند ہونا۔ صفت مُوْسِرٌ ج مَیَاسِیْرُ. اَیْسَرَ الرَّجُلُ: مطالبہ میں سختی نہ کرنا۔ اَیْسَرَتِ الْمَرْاَۃُ: آسانی سے جننا۔

یَاسَرَہٗ مُیَاسَرَۃً: نرمی برتنا۔ بائیں جانب سے آنا۔ یَاسَرَ الشَّیْءَ: بائیں جانب لینا۔ یَاسَرَ الْقَوْمَ: باہم آسانی و نرمی کرنا۔

تَیَسَّرَ لِلْقِتَالِ: مقاتلہ کے لئے تیار ہونا ..... الْبِلَادُ: سرسبز ہونا ..... النَّھَارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا (..... وَاسْتَیْسَرَ) الْاَمْرُ: آسان ہونا۔ وَاسْتَیْسَرَ لَہُ الْاَمْرُ: تیار ہونا۔

تَیَاسَرَ: باہم آسانی کرنا ..... الرَّجُلُ: بائیں جانب سے کرنا ..... الْقَوْمُ: بائیں جانب لینا (..... وَاِتَّسَرَ وَایْتَسَرَ) الْقَوْمُ: جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو باہم تقسیم کرنا اور کہا جاتا ہے "تَیَاسَرَتِ الْاَھْوَاءُ قَلْبَہٗ": خواہشات نے اس کے دل کو تقسیم کر لیا۔

الْیُسْرُ وَالْیُسُرُ وَالْیَسَارَۃُ: آسانی، نرمی۔ توانگری۔ الْیُسُرُ: ایک درخت کا نام جس کا دانہ بہت کالے رنگ کا ہوتا ہے اور خوشبو اچھی ہوتی ہے اس کو کھیلنے کے لئے دھاگے میں پرو لیتے ہیں۔

الْیَسَارُ: آسانی۔ توانگری (..... وَالْیَسَارُ) بایاں۔ ج یُسُرٌ وَیُسُرٌ.

الْیَسِرُ: مص۔ آسان۔ تیار کیا ہوا۔ جوا کھیلنے والوں کی جماعت ج اَیْسَارٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَعْسَرُ یُسْرٌ": دونوں ہاتھوں سے یکساں کام کرنے والا مرد اور مؤنث کے لئے عُسْرَاءُ یَسْرَاءُ.

الْیَاسِرُ: فا۔ آسان۔ بایاں۔ جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو تقسیم کرنے کا منتظم۔ قصائی ج اَیْسَارٌ.

الْیَسْرَۃُ: ہاتھ کی غیر متصل لکیریں۔ دونوں ران کے داغ ج اَیْسَارٌ یَسَرَاتٌ الْیَسَرَاتُ: ہلکی ٹانگیں۔

الْیُسْرٰی ج یُسْرَیَاتٌ وَالْیَسْرَۃُ: بایاں۔

الْاَیْسَرُ: بائیں جانب والا۔ نرم و آسان۔

الْیَسِیْرُ: کم۔ نرم آسان (..... وَالْیَسُوْرُ) غالب۔ جوئے باز۔ ج یُسُرٌ.

الْمَیْسِرُ: جوا۔ تیروں کا جوا۔ ذبح شدہ جانور جن پر جوا کھیلا جائے۔ زمانہ جاہلیت میں قاعدہ تھا کہ اونٹوں کو ذبح کرتے تھے اور اٹھائیس یا دس حصے کرتے تھے اور پھر ان پر تیروں سے قرعہ ڈالتے تھے اور تیروں میں حصے والے اور بے حصے والے دونوں ہوتے تھے جس شخص کے نام حصہ والا تیر نکلتا تھا وہ اتنا حصہ لے لیتا تھا اور جس شخص کے نام پر بے حصہ تیر نکلتا تھا وہ تاوان بھگتتا تھا۔

الْمَیْسَرَۃُ: بائیں جانب۔ بائیں جانب کا دستہ فوج ج مَیَاسِرُ (..... وَالْمَیْسِرَۃُ وَالْمَیْسُرَۃُ) آسانی۔ توانگری۔

الْمَیْسُوْرُ: آسان کیا ہوا۔ آسان ج مَیَاسِیْرُ.

الْیَاسَمِیْنُ وَالْیَاسَمُوْنُ: چنبیلی۔

یَسِنَ یَیْسَنُ یَسَنًا الْمَاءُ: متغیر ہونا۔

الْیَشْبُ وَالْیَشْفُ وَالْیَشْمُ: یشب ایک نہایت بیش قیمت پتھر۔

الْیَصْبُ وَالْیَصْفُ: یشب۔

الْاَیْصَرُ: سوکھی گھاس ج اَیَاصِرُ.

یَعَرَتْ تَیْعِرُ وَتَیْعَرُ یُعَارًا الشَّاۃُ او الْمَعْزٰی: بکری کا ممیانا۔

الْیَعْرُ وَالْیَعْرَۃُ: بکری کا بچہ جس کو شیر اور بھیڑیئے کے شکار کے لئے گدھے کے پاس باندھ دیتے ہیں ج یَعَارٌ.

الْیَعْسُوْبُ: شہد کی مکھیوں کا بادشاہ ج یَعَاسِیْبُ.

الْیَعْفُوْرُ: ہرن۔

الْیَعْفُرُ: ایک جانور جو کتے سے چھوٹا و سیاہ بڑا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں اور خاکستری رنگ کا ہوتا ہے اور اس کو غُرَیْرٌ بھی کہتے ہیں۔

یَفَخَ یَیْفَخُ یَفْخًا الْوَلَدَ: لڑکے کی چندیا پر مارنا۔

الْیَافُوْخُ وَالْیَأْفُوْخُ: نومولود بچے کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے ج یَوَافِیْخُ اور کہا جاتا ہے "صَدَعَ الْقَوْمُ یَافُوْخَ اللَّیْلِ": جب کہ رات میں چلیں۔ "وَمَسَّ بِیَافُوْخِہِ السِّمَاکَ": جبکہ تکبر کرے "وَوَطِئَ فُلَانٌ یَوَافِیْخَ الْقُرُوْمِ": جبکہ سب لوگ سرداری کو تسلیم کر لیں۔

یَفَعَ یَیْفَعُ یَفْعًا وَاَیْفَعَ الْغُلَامُ: لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا۔ یَفَعَ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔ تَیَفَّعَ الْغُلَامُ: لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا ..... الرَّجُلُ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ ٹیلہ پر آگ روشن کرنا۔

الْیَفَعُ وَالْیَفَاعُ: بلند ٹیلہ۔ بلند زمین۔ ج یُفُوْعٌ. غُلَامٌ یَفَعٌ: نوجوان لڑکا۔ ج اَیْفَاعٌ.

الْیَافِعُ: فا۔ غُلَامٌ یَافِعٌ: نوجوان لڑکا۔ ج یَفَعَۃٌ وَیُفَّعَانٌ. مَجْدٌ یَافِعٌ: بڑی بزرگی۔

الْیَفَعَۃُ: لڑکا جو نوجوان ہو اور بلوغ کے قریب ہو۔ کہا جاتا ہے غُلَامٌ یَفَعَۃٌ وَغُلَامَانِ یَفَعَۃٌ وَغِلْمَانٌ یَفَعَۃٌ.

الْیَافِعَۃُ. یافع: کا مؤنث ج یَافِعَاتٌ الْیَافِعَاتُ مِنَ الْاُمُوْرِ: طاقت سے باہر کام ..... مِنَ الْجِبَالِ: بلند پہاڑ۔

الْمَیْفَعَۃُ: بلند زمین ج مَیَافِعُ.

الْیَفَنُ: بہت بوڑھا۔ پیر فرتوت۔ بوڑھا بیل صاحب فنون ج یُفُنٌ.

یَقَّ یَیُقُّ یُقُوْقَۃً: سفید ہونا۔

الْیَقَقُ: روئی۔ کھجور کے اندر کا سفید گودا۔ ایک ٹکڑے کو یَقَقَۃٌ کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے اَبْیَضُ یَقَقٌ وَیَقِقٌ": بہت سفید ج یَقَائِقُ.

الْیَاقُوْتُ: ایک بیش قیمت پتھر واحد یَاقُوْتَۃٌ ج یَوَاقِیْتُ.

الْیَقْطِیْنُ: بغیر تنے والی نباتات جیسے کھیرا ککڑی وغیرہ۔ عام طور پر اس کا استعمال گول کدو کے لئے ہوتا ہے واحد یَقْطِیْنَۃٌ.

یَقِظَ یَیْقَظُ یَقَظًا وَیَقُظَ یَیْقُظُ یَقَاظَۃً: بید

marfat.com
Marfat.com

ہونا۔ چوکنا ہونا۔ صفت مذکر یَقِظٌ ویَقُظٌ ویَقُظَان ج اَیْقَاظ: صفت مؤنث یَقْظٰی ج یَقَاظٰی.
اَیْقَظَ اِیْقَاظًا ویَقَّظَ تَیْقِیْظًا الْغُبَارَ: غبار اڑانا ..... فُلَانًا: بیدار کرنا۔ جگانا۔
تَیَقَّظَ تَیَقُّظًا واسْتَیْقَظَ اِسْتِیْقَاظًا: بیدار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَیَقَّظَ لِلْاَمْرِ": وہ معاملہ پر متنبہ ہوگیا۔ اسْتَیْقَظَه: بیدار کرنا۔
الْیَقْظَة: بیداری۔
اَبُو الْیَقْظَان: مرغ۔
یَقِنَ یَیْقَنُ یَقْنًا ویَقَنًا الْاَمْرُ: واضح ہونا۔ صفت یَقِیْنٌ (..... واَیْقَنَ وتَیَقَّنَ واسْتَیْقَنَ) الْاَمْرَ وبِه: جاننا۔ یقین کرنا۔
الْیَقْن والْیَقِن والْیُقْن والْیَقَنَة والْمِیْقَان: ہر شی ہوئی چیز پر یقین کرنے والا مؤنث مِیْقَانَة.
الْیَقَن: زوال شک۔ رَجُلٌ یَقِنٌ بِالشَّیْءِ: کسی چیز پر فریفتہ مرد۔
الْیَقِیْن: زوال شک۔ یقینی امر۔ نظر واستدلال سے حاصل ہونے والا علم۔ حق الیقین۔ واضح اور خالص بے شبہ۔ اَمْرٌ یَقِیْنٌ: سچا واضح معاملہ۔
الْیَکَة: زمین پر پھیلی ہوئی بیل جس کے اردگرد تلوار کی صورت میں پتے ہوتے ہیں۔ اس پر پھولوں کا خوشۂ سفید پھول ہوتے ہیں۔
یَلَّ ویَلِلَ یَیْلَلُ یَلًّا ویَلَلًا: چھوٹے اور ناہموار اور اندر کو گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت مذکر اَیَلُّ صفت مؤنث یَلَّاء ج یُلٌّ.
الْیَلَب: کھال۔ چمڑے کی ڈھال یا چمڑے کی تہیں زرہیں اور بقول بعض وہ کھالیں جن کو ایک دوسرے کے ساتھ سی کر سر پر اوڑھتے ہیں واحد یَلَبَة. الْیَلَب: فولاد۔ خالص لوہا۔ ہر چیز میں سے بڑی چیز۔
الْیَلَق: سفید۔ کہا جاتا ہے اَبْیَضُ یَلَقٌ واَبْیَضُ لَهَقٌ واَبْیَضُ یَقَقٌ: بمعنی بہت زیادہ سفید۔
الْیَلَقَة والْیَلْقَق: سفید بکری۔
الْیَلْمَق: قبا۔ ج یَلَامِق.
الْیَلَنْجَج والْاَلَنْجَج والْیَلَنْجُوْج والْاَلَنْجُوْج: خوشبودار لکڑی۔
یَمَّ یَیُمُّ یَمًّا: مص۔ سمندر میں پھینکا جانا..... الساحِلُ: سمندر کے نیچے آنا۔
یَمَّمَهُ: قصد کرنا۔ یَمَّمَ الْمَرِیْضَ لِلصَّلَاةِ: تیمم کرانا..... فُلَانًا بِرُمْحِه: خاص طور سے نیزہ کا نشانہ بنانا۔
تَیَمَّمَ الْاَمْرَ: قصد کرنا..... لِلصَّلَاةِ: مٹی سے ہاتھ منہ پر مسح کرنا۔
الْیَمُّ: مص۔ سمندر۔ سانپ (..... والْیَمِّ) جنگلی کبوتر۔
الْیَمَام: جنگلی کبوتر۔
الْیَمَامَة: جنگلی کبوتری۔ ارادہ اور کہا جاتا ہے اِمْضِ یَمَامَتِی: میرے آگے چلو۔
الْمُیَمَّم: اپنے مطالب ومقاصد پر فتح مند۔
یَمَنَ ویَمِنَ یَیْمَنُ یَمْنًا الرَّجُلَ: داہنی جانب سے آنا۔
یَمَنَ یَیْمُنُ یَمْنًا ویُمْنًا اللّٰه فُلَانًا: بابرکت بنانا۔ صفت مفعول مَیْمُوْن صفت فاعل یَامِن ویَمِیْن: جیسے قَادِرٌ وقَدِیْرٌ.
یَمَنَ یَیْمِنُ ویَامِنُ یَمْنًا ویَمَّنَ ویَامَنَ یُیَامِنُ مُیَامَنَةً بِه: دائیں طرف لے جانا۔
یَمَنَ یَیْمَنُ ویَمِنَ یَیْمَن ویَامَنُ یَمُن یَیْمُنُ یُمْنًا ومَیْمَنَةً لِقَوْمِه وعَلٰی قَوْمِه: بابرکت ہونا۔ صفت یَامِنٍ ویَمِیْن وایْمَن ومَیْمُوْن.
یَمَّنَ عَلَیْهِ: برکت دینا (..... ویَامَنَ) بِفُلَانٍ: دائیں جانب لے جانا (..... ویَامَنَ ویَیَامَنَ وایْمَنَ) دائیں جانب جانا۔ ملک یمن کی طرف جانا۔ ملک یمن میں جانا۔
تَیَمَّنَ بِکَذَا: برکت حاصل کرنا۔ ملک یمن کی جانب منسوب ہونا..... بِالْمَیِّتِ: قبر میں دائیں پہلو پر رکھنا..... الرَّجُلُ: مرنا۔ داہنے ہاتھ یا پیر پر داہنی جانب سے شروع کرنا۔
اسْتَیْمَنَ اسْتِیْمَانًا بِکَذَا: برکت حاصل کرنا..... الرَّجُلَ: قسم کھلانا۔
الْیَامِن: برکت والا۔ مؤنث یَامِنَة.
الْیُمْن: برکت۔
الْیَمَن والْیَمْنَة: داہنی جانب۔
الْیَمَن: ملک یمن جو بلاد عرب میں سے ہے نسبت کے لئے الْیَمَانِیُّ والْیَمَنِیُّ ج یَمَنُوْن ویَمَانُوْن ویَمَانِیُوْن.
الْیَمِیْن: داہنا ہاتھ۔ داہنی جانب۔ ج اَیْمُن وایْمُن وایَامِن وایَامِین تصغیر یُمَیْن: بغیر ہاء کے ج یَمَائِن.
الْیَمِیْن ج اَیْمُن وایْمَان: قسم (مؤنث) اَیْمُنُ اللّٰه: اسم ہے جو قسم کے لئے وضع کیا گیا ہے اور اس کی تقدیر اَیْمُنُ اللّٰه قَسَمِیْ ہے اور اس میں اور بھی لغات ہیں۔ اَیْمُنُ اللّٰهِ وایْمُنُ اللّٰهِ وایَمَنُ اللّٰهِ وایْمِنُ اللّٰهِ اور اسی کے معنی میں "اَیْمُ اللّٰهِ وایْمُ اللّٰهِ وامُ اللّٰهِ: میم کی تثلیث سے ومن اللّٰه: میم اور نون کی تثلیث سے وَمُ اللّٰه میم کی تثلیث سے اور کہا جاتا ہے "یَمِیْنُ اللّٰهِ لَاَفْعَلُ": قسم اللہ کی میں نہیں کروں گا۔
الْیُمْن: برکت وقوت۔ ج اَیْمَان: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِنْدَنَا بِالْیُمْنِ": فلاں ہمارے نزدیک اچھے رتبہ پر ہے۔ وَقَدِمَ عَلٰی اَیْمَنِ الْیُمْنِ: وہ برکت کے ساتھ آیا۔
الْیُمْنٰی: دایاں ہاتھ یا داہنی جانب۔ ج یُمْنَیَات.
الْیُمْنَة والْیَمْنَة: یمنی چادر۔
الْاَیْمَن: داہنی جانب۔ مؤنث یَمْنَاء ج یُمْن وایَامِن: کہا جاتا ہے "ذَهَبَ اِلَی الْاَیْمَنِ الْاِبِلِ": وہ اونٹوں کی داہنی جانب گیا "وَنَظَرَ اَیْمَنَ مِنْهُ": اس نے داہنی جانب دیکھا۔
التَّیْمَن: دکھن۔
الْمَیْمَنَة: برکت۔ داہنی جانب کا دستہ فوج ج مَیَامِن.
الْمَیْمَن: برکت لانے والا۔
الْمَیْمُوْن: مبارک۔ ج مَیَامِیْن کہا جاتا ہے "هُوَ مَیْمُوْنُ الطَّائِرِ: وہ مبارک چہرہ والا ہے" "وَسِرْ عَلَی الطَّائِرِ الْمَیْمُوْنِ": مسافر کے لئے دعا ہے یعنی توفیق کے ساتھ سفر کرو۔
الْیَنْبُوْت: ایک قسم کی نباتات۔
یَنْبُوْع: دیکھئے مادہ نبع.
الْیَانْسُوْن: ایک قسم کی خوشبودار نباتات۔
یَنَعَ یَیْنَعُ ویَنِعُ یَنْعًا ویُنُوْعًا وایْنَعَ الثَّمَرُ: پھل کا پکنا ہونا۔ صفت یَانِع. ج یُنَّع. ویَنَّع.
الْیَانِع: ہر چیز کا سرخ ونَضِجَ الشَّیْءُ: سرخ ہونا۔

marfat.com
Marfat.com

الْيُنُوع: خون کی سرخی۔
الْيَنَع: سرخ مہرہ۔ واحد يَنَعَةٌ: عقیق کی ایک قسم۔
اَلْيَنَم: ایک قسم کی نباتات واحد يَنَمَةٌ.
اَيْهَتَ اِيْهَاتًا. اللَّحْمُ: گوشت بدبودار ہونا۔
اِسْتَيْهَرَ: بے عقل ہونا..... فِي الْاَمْرِ: کسی کام میں مدت گزارنا..... بِالْاَمْرِ: یقین کرنا۔
الْيَهْر والْيَهَر: کشادہ جگہ۔ کسی کام میں مدت گزاری۔
الْيَهْيَرُ: سراب۔ سخت پتھر۔ لجاجت جھوٹ' اندرائن۔ زہر۔
الْيَهْيَرِيُّ: بہت پانی۔ باطل۔
الْمُسْتَيْهِر: فا۔ بہت لجاجت کرنے والا۔
الْيَهْفُوف: بزدل۔ بیوقوف۔ چٹیل زمین۔ تیز قلب۔
الْيَهَم: دیوانگی۔ جنون۔
الْاَيْهَم: دیوانہ۔ مجنون۔ خشکی۔ بلند پہاڑ۔ بہرا۔ دلیر' چکنا پتھر' بے نشان شہر لَيْلٌ اَيْهَم: بے تاروں والی رات۔ مؤنث يَهْمَاء ج يُهْم

الْيَهْمَاءُ. اَيْهَمُ: کا مؤنث۔ بے پانی' اور بے نشان بیابان۔ سخت سال۔ مضبوط اونٹنی اَرْضٌ يُهْمَاءُ: بے نام ونشان و بے چراگاہ زمین۔
صِئُوْنَ يُهْمٌ: بے گھاس و پانی اور بے درخت والے سال۔
يَهُوْد: دیکھئے مادۂ ہود۔
يُوْحٌ ويُوْحٰى: آفتاب کے ناموں میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَكَ اللّٰهُ اَعْمَرَ مِنْ نُوْحٍ وَاَنْوَرَ مِنْ يُوْحٍ": اللہ تعالیٰ عمر نوح علیہ السلام کی عمر سے بھی زیادہ دراز کرے اور آفتاب سے زیادہ روشن کرے۔
اَلْيُوْدُ: سیاہ خاکستری' بلوری رنگ کا جسم جس کا دھواں تیزی سے پھیل جاتا ہے۔
اَلْيَوْمُ الشَّمْسِ الْحَقِيْقِي: وہ وقت جب سورج خط جرہ سے دو دفعہ گزرتا ہے۔
يَاوَمَهُ يَوْمًا ومُيَاوَمَةً: دنوں کے لحاظ سے معاملہ کرنا۔
اَلْيَوْمَ: دن۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذَخَرْتُكَ لِهٰذَا الْيَوْمِ": تم کو میں نے اسی دن کے لئے ذخیرہ بنایا تھا ج اَيَّام وج اَيَاوِيْم' اَيَّامُ اللّٰهِ: خدا کے دن یعنی خدا کے انعامات یا سزائیں اَيَّام الْعَرَبِ: جنگ ہائے عرب۔ اِبْنُ الْاَيَّامِ: زمانہ شناس۔ "اِبْنُ الْيَوْمِ": زمانہ ساز۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ اَيْوَمُ": مہینے کا آخری دن۔ وَيَوْمٌ اَيْوَمُ وَيَوْمٌ وَوْمٌ وذُوْ اَيَّام وذُوْ اَيَاوِيْم وذُوْ اَيَايِيْم: سخت طویل دن۔
اَلْيُوْنَان: یونانی لوگ۔ ایک ملک کا نام۔
يُوْنَانِيٌّ: یونان کا رہنے والا ج يُوْنَانِيُّوْنَ.
اَلْيَاوِيُّ: یا کی جانب منسوب۔
اَلْيَيْنَمِيَّة: خور۔
يَاتِيَةٌ. اَلْيَاءُ: لکھنا۔

marfat.com
Marfat.com

عربی کی ضرب الامثال واقوالِ حکمت

ا

اِبِلِیْ لَمْ اَبِعْ وَلَمْ اَهَبْ
میں نے اپنا اونٹ نہ فروخت کیا' نہ تحفتاً دیا۔
ناحق جھگڑا کرنے والے ظالم سے یہ مثل بنائی گئی ہے۔

یا اِبِلِیْ عُوْدِی اِلٰی مُبَارَکِ
اے میرے اونٹ اپنے مقام پر واپس پلٹ جا۔
ایسا شخص جو فائدہ والا کام ترک کرنا چاہے۔

اَتٰی عَلَیْهِمْ ذُوْاَتٰی
ان پر اسی طرح مصیبت آئی جیسا کہ آیا کرتی ہے۔
یعنی انسانوں پر ملی جلی تکالیف والی کیفیات آتی جاتی رہتی ہیں

اَتَاکَ رَیَّانَ بِلَبَنِهٖ
(پی کر سیراب ہو گیا تو اپنا دودھ تیرے پاس لایا) یہ مثال اُس وقت دی جاتی ہے جب کوئی شخص کسی چیز کو سخی ہونے پر ہبہ نہ کرے بلکہ اپنی ضرورت سے زائد ہونے کی بناء پر کسی کو دے۔

اَتَتْکَ بِخَائِنِ رِجْلَاهُ
(خائن کو خود اس کے قدم تمہارے پاس لے آئے) مطلب یہ ہے کہ برائی خود کرنے والے پر ہی لوٹتی ہے۔ گیدڑ کی موت آتی ہے تو وہ شہر کی طرف بھاگتا ہے۔ اسی موقع پر اتتک بخائن رجلاہ بھی بولتے ہیں۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو برائی کی طرف چلتا ہے اور اس میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ خائن: قریب الموت شخص۔ یہ مثالیں ایسے موقع پر بولی جاتی ہیں جب آدمی اپنی برائی کا بدلہ دُنیا میں ہی پالے۔

اَتَتْکُمْ فَالِیَةُ الْاَفَاعِی
(تمہارے پاس سانپوں کا پیش خیمہ آ چکا ہے) یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب بڑے شر سے پہلے اس کے مقدمے کے طور پر چھوٹا شر آ چکا ہو۔ فالیة: ایک دھاری دار کیڑا ہے جو سانپ اور بچھوؤں کے بل

کے منہ پر رہتا ہے۔
یَاْتِیْکَ کُلُّ غَدٍ بِمَا فِیْهِ
کل آئندہ تیرے تیرے پاس اپنے اندر والا لائے گی۔
یعنی وقت کے ساتھ ساتھ نفع یا نقصان آتا ہی ہے۔

وَیَاْتِیْکَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ
اور تیرے پاس وہ خبریں لائے گا جس کو تو نے راہ خرچ نہیں دیا۔
یعنی توقع کے بغیر معلومات مہیا ہوتی رہتی ہیں۔

لَا اٰتِیْکَ حَتّٰی یَثُوْبَ الْقَارِظَانِ
(سلم نامی درخت کے) پتوں کو توڑنے والے دو آدمیوں کے آنے تک میں تیرے پاس نہیں آؤں گا۔
یہ اُن کے لیے بولا جاتا ہے جنہوں نے کسی نہ کسی بہانے قطع تعلق کر ہی لینا ہے۔

لَا اٰتِیْکَ سِنَّ الْحِسْلِ
(میں تیرے پاس اس وقت تک نہیں آؤں گا جب تک کہ گوہ کے دانت نہ ٹوٹ جائیں) مطلب یہ ہے کہ کبھی نہیں آؤں گا کیونکہ حسل گوہ کو کہتے ہیں اور گوہ کے دانت ہمیشہ قائم رہتے ہیں۔

کُلُّ اٰتٍ قَرِیْبٌ
(ہر آنے والی چیز نزدیک ہے) یعنی جو چیز آ کر رہنی ہے وہ خواہ کتنی ہی دُور ہو' قریب ہی ہے اور ہر لحظہ مزید قریب آ رہی ہے۔

ذَاکَ اَحَدُ الْاَحَدَیْنِ
یہ دو یکتاؤں میں کا ایک ہے' یعنی بکھری اشیاء میں سے منتخب چیزوں کا انتخاب۔

اَخَذَهٗ بِرُمَّتِهٖ
اس کو اس نے رسّی سمیت لے لیا۔
یعنی اصل کے ساتھ (فرع) متعلقہ چیزیں بھی ہاتھ آنا۔

قَدْ یُؤْخَذُ الْجَارُ بِذَنْبِ الْجَارِ
کبھی پڑوسی کے جرم میں پڑوسی گرفتار ہو جاتا ہے۔

خُذْ مِنَ الرَّصْفَةِ مَا عَلَیْهَا

marfat.com
Marfat.com

پتھر پر جو لگا ہے لے لو۔ یعنی کنجوس سے جو مل جائے غنیمت جانو۔

خُذِ الْاَمْرَ بِقَوَابِلِهٖ

(معاملہ کو اس کے مقدمات کے ساتھ لو) معاملے کے پیش آنے سے پہلے اس کی تدابیر اختیار کرو۔ اس میں باء بمعنی فی ہے یعنی بقوابلہ بمعنی فی بقوابلہ ہے۔

خُذْ مِنَ الدَّهْرِ ما صفى وَمِنَ الْعَيْشِ مَا كَفٰى

زمانہ سے وہ چیز لو جو پاک ہو اور روزی اتنی جو کفایت کرے۔

خُذْ مَا طَفَّ لَكَ

جو چیز نزدیک ہو اس کو حاصل کرنا۔

لَا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْيَوْمِ لِغَدٍ

آج کے کام کل پر مت ڈالو۔

آخر الداءِ الكَيُّ

(مرض کی انتہا داغ دینا ہے) مرض کے انتہائی حد تک پہنچ جانے کے وقت بولتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ مریض کا ہر قسم کی دوا سے علاج کیا جاتا ہے مگر کوئی دوا اس کو راس نہیں آتی۔ تب آخری علاج کے طور پر داغا جاتا ہے اس سے بھی تندرست نہ ہو تو پھر کوئی علاج باقی نہیں رہتا۔ اچھا ہو تو ہو ورنہ وہی موت ہے۔

آخِ الْاَكْفَاءَ دَامِنِ الْاَعْدَاءَ

(ساتھیوں سے بھائی چارہ کے ساتھ پیش آؤ اور دشمنوں سے ظاہری اخلاق کے ساتھ ملو) اسی طرح ایک قول ہے: خالص المؤمن و خالق الفاجر: (مؤمن سے (دلی) اخلاص سے اور فاجر سے ظاہری اخلاق کے ساتھ ملو)۔

اَخُوْكَ اَمِ الذِّئْبُ

(وہ تیرا بھائی ہے یا بھیڑیا) جو شخص تیری ہمدردی کے لئے آیا ہے وہ تیرا بھائی ہے یا تیرا چھپا دشمن۔ اسی طرح بولا جاتا ہے اصاحب انت فارکن الیک ام عدو فاحذر منک (آیا تو دوست ہے کہ تیری طرف مائل ہوں یا دشمن ہے کہ تجھ سے عافیت مانگو)۔

اخوكَ مَنْ صَدَقَكَ

تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے خالص محبت کرے۔

اَخُوْكَ مَنْ وَاسَكَ بِنَشْبٍ لَا مَنْ وَاسَكَ بِنَسَبٍ

تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے مال کے ساتھ ہمدردی کرے فقط قرابت داری کے ساتھ تعاون نہ کرتا رہے یعنی مالی تعاون کرنا بھائی چارہ ہے اور قرابت کا ذکر کرنا دوسرے بھائی کے لئے (اکثر) سودمند نہیں۔

اَنَ اَخَا الْهَيْجَاءِ مَنْ يَسْعٰى مَعَكَ

تیرا بھائی وہ ہے جو تیری مدد کرے۔

اَنَ اَخَاكَ مَنْ اَسَاكَ

(تیرا بھائی وہ ہے جو تیری اعانت کرے)۔ آسیت فلانا بمالی او غیرہ: ایسے موقع پر کہا جاتا ہے جب کسی شخص کو مال دے کر اپنے برابر کر لیا جائے اور اپنے نفس پر اس کو ترجیح دی جائے۔ یہ بھائیوں کے ساتھ احسان کرنے کیلئے اُبھارنے پر بولا جاتا ہے۔

لِاَخِيْكَ عَلَيْكَ مثل الذى لَكَ عَلَيْهِ

(تیرے بھائی کا تجھ پر وہی حق ہے جو تیرا اس پر ہے)۔

رُبَّ اَخ لَمْ تلده والدة

(بہت سے بھائی ایسے ہیں جو ماں جائے نہیں ہوتے) سچے دوست کے لئے کہا جاتا ہے جو بعض اوقات حقیقی بھائی سے بھی زیادہ مشکلات میں کام آتا ہے۔

اَدَبُ الْمَرْءِ خَيْرٌ مِن ذَهَبِهٖ

آدمی کا علم اس کو اس کے سونے سے زیادہ سودمند ہوتا ہے۔

اَلْاَدَبُ مَالٌ وَاسْتِعْمَالُهٗ كَمَالٌ

علم ایک دولت ہے اور اس سے کام لینے میں کمال ہے۔

نِعْمَ الْمُؤَدِّبُ الدَّهْرُ

زمانہ سب سے اچھا ادب سکھانے والا (استاد) ہے۔

مَاْرَبَةٌ لَا خَفَاوَةٌ

(حاجت سبب ہے نہ کہ اکرام) یعنی اکرام و احترام ضرورت کی بنا پر ہے محبت کی وجہ سے نہیں۔

اَلْاَرْضُ الْوَاطِئَةُ تَشْرَبُ مَاءَ هَا وَمَاءَ غَيْرِهَا

گوڈی کی ہوئی نرم زمین اپنا پانی بھی پی جاتی ہے اور دوسرے کا بھی۔ ٹھنڈا لوہا گرم کو کھا جاتا ہے۔

بِالْاَرْضِ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ

(تیری ماں نے تجھے زمین پر ہی تو جنا ہے) ''آدمی خاک کا پتلا ہے''۔ غرور و تکبر سے روکنے اور انسان کو اس کی حیثیت یاد دلانے کے لئے بولا جاتا ہے۔

لِلْاَرْضِ مِنْ كَاسِ الْكِرَامِ نَصِيْبٌ

سخاوت کرنے والوں کی طرف سے ان کے پیالے میں زمین حصہ لیتی ہے۔

وَفِى الْاَرْضِ لِلْحُرِّ الْكَرِيْمِ مَنَادِحٌ

زمین میں آزاد عزت دار کے لئے ذرائع آمدن بھرے پڑے

marfat.com

Marfat.com

ہیں۔

لَااَصْلَ لَهٗ وَلَا فَصْلَ

اس کے پاس نہ تو خاندانی عزت ہے اور نہ حسن کلام۔

اصل کا اطلاق حسب ونسب پر ہوتا ہے۔

اَلْاَصِیْلُ یَجُوْدُ

شریف آدمی سخاوت کیا کرتا ہے۔

اَلْاَصِیْلُ یَعْمَلُ بِاَصْلِهٖ

شریف اپنی شرافت کے مطابق عمل کرتا ہے۔

آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْیَانُ

بھول علم کی مصیبت ہے۔

اَکَلَ عَلَیْهِ الدَّهْرُ وَشَرِبَ

زمانے نے اس پر کھایا پیا ہے۔

یعنی لمبی عمر پانے والے نے دُنیا کی اُونچ نیچ دیکھ لی۔

اَکَلْتُمْ تَمْرِیْ وَعَصَیْتُمْ اَمْرِیْ

تم نے میری کھجوریں کھائیں اور میری ہی نافرمانی کی۔

یعنی جس تھالی میں کھانا اُسی میں سوراخ کرنا۔

اَکُلُ لَحْمِیْ وَلَا اَدَعُهٗ لِاٰکِلٍ

میں اپنا گوشت خود کھاؤں اور دوسرے کھانے والے کے لئے نہ چھوڑوں گا۔ یہ مثل اس پر ہے جو نفع خود لے اور بوجھ دوسرے پر ڈالے۔ یعنی میٹھا میٹھا ہپ ہپ کڑوا کڑوا تھو۔

یَاْکُلُ التَّمْرَ وَاُرْجَمُ بِالتَّمْرِ

(کھجور وہ کھا رہا ہے اور گٹھلیاں مجھے ماری جا رہی ہیں) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو نفع خود اٹھائے اور مشقت دوسروں کیلئے چھوڑ دے۔

یَاْکُلُنِیْ سَبُعٌ وَلَا یَاْکُلُنِیْ کَلْبٌ

مجھے ایک درندہ کھا رہا ہے کتا نہیں کھا رہا ہے۔

یَاْکُلُهُمْ بِضِرْسٍ وَیَطَؤُهٗ بِظِلْفٍ

(اس کو ڈاڑھوں سے چباتا ہے اور سُم سے کچلتا ہے) محسن کے ساتھ برائی کرنے کے وقت کہتے ہیں۔

یَاْکُلُ بِالضِّرْسِ الَّذِیْ لَمْ یُخْلَقْ

وہ اس ڈاڑھ کے ساتھ کھاتا ہے جو ابھی پیدا نہیں ہوئی۔

یعنی نیکی کی تعریف سننے والے پر کہا جاتا ہے۔

غَیْرِیْ یَاْکُلُ الدَّجَاجَ وَاَنَا اَقَعُ فِی السِّیَاجِ

دوسرے مرغیاں کھاتے رہیں اور میں [illegible]

اَکْلٌ وَحَمْدٌ خَیْرٌ مِنْ اَکْلٍ وَصَمْتٍ

کھانا اور تعریف کرنا کھانے اور خاموش رہنے سے بہتر ہے۔ محسن کی جائز تعریف پر رغبت دلاتا۔

اَکْلًا وَذَمًّا

(کھانا اور پھر مذمت بھی کرنا) اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی چیز سے نفع بھی اٹھایا جائے اور اس کی مذمت بھی کی جائے حالانکہ وہ برائی کی مستحق نہ ہو۔ ''کھانا اور کیڑے نکالنا''۔

رُبَّ اُکْلَةٍ تَمْنَعُ مِنْ اُکَلَاتٍ

کبھی ایک لقمہ بہت سے لقموں سے روک دیتا ہے۔ کیونکہ کبھی ایک لقمہ بیمار کر دیتا ہے اور پھر بہت سی چیزوں سے انسان پرہیز کرتا ہے۔ پرہیز پر آمادہ کرنے کے لئے بولتے ہیں۔

آکَلُ مِنْ حُوْتٍ

مچھلی سے بھی زیادہ کھانے والا۔ مچھلی کے تالاب میں وقت بے وقت زیادہ خوراک ڈال دی جائے تو وہ کھا کھا کر ہی ہلاک ہو جاتی ہے۔

آکَلُ مِنَ الرَّجَی

چکی سے زیادہ کھانے والا۔

آکَلُ مِنَ السُّوْسِ

گھن سے زیادہ کھانے والا۔

آکَلُ مِنْ ضَرُوْسٍ

داڑھ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

آکَلُ مِنَ النَّارِ

آگ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

حَتّٰی یُؤَلِّفَ بَیْنَ الضَّبِّ وَالنُّوْنِ

(یہاں تک کہ گوہ اور مچھلی جمع ہو جائیں۔ نون مچھلی کو کہتے ہیں مچھلی اور گوہ ہرگز جمع نہیں ہو سکتیں کیونکہ مچھلی پانی میں رہتی ہے اور گوہ کبھی پانی نہیں پیتی اسی طرح حتی یرد الضب بولتے ہیں کیونکہ گوہ کو پانی کی ضرورت نہیں تعلیق بالمحال مراد ہے۔ جیسے جب تک آگ پانی یا شیر بکری جمع نہ ہوں اور ہرگز جمع نہ ہوں گے۔

آلَفُ مِنْ حَمَامِ مَکَّةَ

(مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ مانوس) کیونکہ مکہ میں نہ کبوتر کا شکار کیا جاتا ہے اور نہ اس کو کوئی پریشان کرتا ہے۔

آلَفُ مِنَ الْخُمْسِ

[illegible] مانوس۔

marfat.com

Marfat.com

بخار کا وقفہ وقفہ سے اترنا چڑھنا۔
آلفُ مِنْ کَلْب
کتے سے زیادہ مانوس۔
کتا اپنے وطن کو ترک کر کے مالک کے ساتھ جاتا ہے۔
اُمٌّ فَرَشَتْ فَاَنَامَتْ
ماں نے بستر بچھا اور سلا دیا۔
ماں کی طرح مشفق سربراہ کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔
اُمُّ الاخرس تَعرِفُ بِلُغَاتِ الْخُرْسَان
گونگے کی ماں گونگے کی رمز شناس ہوتی ہے۔
اُمٌّ سَقَتْکَ الغَیْلَ مِنْ غیر حَبَلٍ
(وہ ایسی ماں ہے جس نے بغیر حمل کے تجھے حالتِ حمل کا دودھ پلایا ہے۔ غیل: اس دودھ کو کہتے ہیں جو ماں کے حاملہ ہونے کی حالت میں بچہ پیے۔ یہ دودھ بچہ کو مضر ہوتا ہے۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو پہلے تو کسی کو مقرب بنالے اور پھر بغیر کسی قصور کے اس کو نکال دے اور زیادتی کرے۔
اِلٰی اُمِّہٖ یَلْھَفُ اللَّھْفَانُ
(فریاد کرنے والا اپنی ماں ہی کے پاس فریاد کرتا ہے) آدمی اپنے اہل اور بھائیوں ہی سے اعانت چاہتا ہے۔ کھفان: مصیبت زدہ اور مبتلائے غم کے متعلق کہا جاتا ہے۔
اَلْاَمْرُ یُعْرَضُ دُوْنَہ الْاَمْر
ایک کام کے سامنے دوسرا کام رکاوٹ بن کر کھڑا ہو جاتا ہے۔
یعنی انسانی زندگی میں مشکلات یکے بعد دیگرے آتی رہتی ہیں۔
اَمْرَ مُبْکِیاتِکَ لاَ اَمْرَ مُضْحِکاتِکَ
رلانے والی باتوں پر غور کرو ہنسانے والی باتوں پر توجہ نہ دو۔
یعنی جو برائیوں سے آگاہ کرے اس پر دھیان دو اور جو بے خوف کرے اس کو چھوڑ دو۔
لِاَمْرٍ مَاجَدَعَ قُصَیْرٌ اَنْفَہٗ
کسی سازش کے لئے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ یہ زباء کا مقولہ ہے۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو فقط اپنا کام نکالنے کے لیے حیلہ سازی کرے۔
لِاَمْرٍ مَا یَسُوْدُ مَنْ یَسُوْدُ
(جو سردار بنتا ہے کسی وجہ ہی سے بنتا ہے) کوئی شخص استحقاق ہی کی وجہ سے قوم کا سردار بنا کرتا ہے۔ یعنی کوئی نہ کوئی خوبی تو ہوتی ہی ہے تو انسان سر کہلاتا ہے۔

لَیْسَ لِلامور بِصَاحِب مَنْ لَمْ یَنْظُرْ فِی الْعَوَاقِبِ
(جو شخص انجام پر نظر نہ رکھے وہ معاملات پر حاوی نہیں ہو سکتا)۔
اَلْاَمِیْرُ مَنْ لاَ یَعْرِفُ الْاَمِیْرَ
(امیر وہ ہے جو کسی دوسرے امیر کو نہ جانے)۔
یَا حَبَّذَا الْاِمَارَۃُ وَلَوْ عَلَی الْحِجَارَۃِ
حکومت کس قدر بھلی ہے اگرچہ پتھروں پر۔
تَاَمُّلُ الْعَیْبِ عَیْبٌ
عیب تلاش کرنا بذاتِ خود ایک عیب ہے۔
مَنْ اَمِنَ الزَّمَانَ خَانَہٗ
جس نے زمانہ کو امانت دی اس کی اس نے خیانت کی۔
یعنی زمانہ پر بے خوف مت ہو۔
آمَنُ مِنْ حَمَامِ مِلَّۃَ
(مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ مامون) کیونکہ نہ اس کو شکار کیا جاتا ہے اور نہ پریشان۔ آمن امن سے مشتق ہے۔
اَمَنُ مِنَ الْاَرْضِ
بہت امانت دار شخص۔ زمین سے زیادہ امین کیونکہ زمین میں جس جنس کی امانت رکھی جاتی ہے اسی جنس کو اُگا دیتی ہے۔
اَلْمُؤْمِنُ بِشْرُہٗ فِیْ وَجْھِہٖ وَحُزْنُہٗ فِی قَلْبِہٖ
مومن کی کشادہ روئی اس کے چہرے پر ہوتی ہے اور اس کا غم دل میں چھپا ہوتا ہے۔
اَلْاِیْنَاسُ قَبْلَ الْاِبْسَاسِ
مانوس کرنا دودھ دوہنے سے پہلے ہے۔ یعنی کسی سے کام لینا مقصود ہو تو نرم رویہ اختیار کرنا ہوگا۔
لَیْسَ عَلَی الْاِنْسَانِ اِلاَّ مَا مَلَکَ
انسان پر وہ چیز فرض ہے جو اس کے قبضہ میں ہے۔
اَلْاِنْسَانُ عَبْدُ الْاِحْسَانِ
انسان احسان کا غلام ہے۔
اَلْاِنْسَانُ ابْنُ یَوْمِہٖ
(انسان اپنے دن کا بیٹا ہے) یعنی وقت کا بندہ۔
اَلْاِنْسَانُ بِالتَّفْکِیْرِ وَاللّٰہُ بِالتَّدْبِیْرِ
انسان غور و فکر میں مشغول ہے اور خدا تعالیٰ تدبیر میں ہے "تدبیر کند بندہ تقدیر زند خندہ"۔
کُلُّ اِنْسَانٍ وَھَمُّہٗ
ہر شخص اپنے غم کی تدبیر خود بہتر کرتا ہے ہر شخص اپنا کام خود ہی جانتا

marfat.com
Marfat.com

ہے یا ہر شخص اپنی مصیبت میں مبتلا ہے۔

اَنَفٌ فِی الْمَاءِ وَاِسْتٌ فِی السَّمَاءِ

ناک پانی میں اور دبر آسمان میں ہے۔

یعنی کم مرتبہ انسان بلندی دعویٰ کرتا ہے۔

اَنْفَکُ مِنْکَ وَاِنْ کَانَ اَذَنٌ

تیری تیری ہی ہے اگرچہ وہ پانی بہاتی ہو۔

یعنی تیری قوم کے حقیر لوگ تیری مدد کے محتاج ہیں۔

اَنْفَکُ مِنْکَ وَاِنْ کَانَ اَجْدَعَ

مخلوق حوادث کا شکار ہے۔

یعنی سب نے فنا ہونا ہے۔

اَلْاَنَامُ فَرَائِسُ الْاَیَّامِ

(مخلوق زمانہ کا شکار ہے) آخرکار زمانہ سب کو ختم کر دے گا۔

مَنْ تَأَنّٰی اَدْرَکَ مَا تَمَنّٰی

(جس نے آہستگی سے کام لیا اس نے اپنی مراد پائی) صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

کُلُّ اِنَاءٍ بِالَّذِیْ فِیْهِ یَرْشَحُ

(ہر برتن سے وہی ٹپکتا ہے جو اس میں ہوتا ہے) یرشح کے بجائے ینضح بھی مروی ہے مطلب ایک ہی ہے۔

عَلٰی اَهْلِهَا تَجْنِی الْبَرَاقِشُ

براقش (کتیا) اپنے ہی مالکوں کو تباہ کرنے والی ہے۔

یعنی آدمی کا عمل اس کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے۔

آفَةُ الْمُرُوْءَةِ خُلْفُ الْوَعْدِ

مروت پر مصیبت وعدہ خلافی ہے۔

آفَةُ الْجُوْدِ الْاِسْرَافُ

بات پر مزید مصیبت دروغ گوئی ہے۔

آفَةُ الْحَدِیْثِ اَلْکِذْب

سخاوت پر آفت فضول خرچی ہے۔

آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْیَان

علم کی آفت نسیان ہے۔

اَوَّلُ الْغَضَبِ جُنُوْن وَآخِرُ نَدَمٌ

غصہ کی ابتداء جنون اور انتہا ندامت پر ہے۔

اَوَّلُ الْغَیْثِ قَطْرٌ

بارش کی ابتداء بوند ہے۔ (یعنی قطرہ قطرہ ہی دریا بنتا ہے)۔

اَوَّلُ الشَّجَرَةِ النَّوَاة

درخت کی ابتداء گٹھلی سے ہوتی ہے۔

لَسْتَ اَوَّلَ مَنْ غَرَّهُ السَّرَابُ

تو پہلا شخص نہیں جس کو سراب سے دھوکا ہوا۔

اِیْوَانِ کِسْرٰی

نوشیروان محل:

یہ مثل عجیب وغریب نادر الوقوع پر بولی جاتی ہے۔

یہ محل بیس سال میں تعمیر ہوا تھا۔

ب

اَلْبِئْرُ اَبْقٰی مِنَ الرِّشَاءِ

(کنواں رسی سے زیادہ باقی رہتا ہے) رشاء: ڈول کی رسی۔

کَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِهٖ بِظِلْفِهٖ

اپنے ہی کھر سے اپنی موت کو کھودنے والے کی طرح۔ اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا۔ اپنی ہلاکت کا خود سبب بننا۔

کَالْبَاحِثِ عَنِ الْمُدْیَة

(چھری کھودنے والے کی طرح) ''اپنی موت بلانا'' ایسے شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو ایسی چیز تلاش کرے جو خود اس کے لیے باعث ہلاکت ہو۔

اَبْخَرُ مِنْ اَسَدٍ

شیر سے منہ کی بدبو والا۔

اَبْخَرُ مِنْ صَقَرٍ

شکرہ سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔

اَبْخَرُ مِنْ فَهَدٍ

چیتے سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔

بَخَرُ الْفَمِ

(منہ سے بدبو پیدا ہونا) گندہ دہن۔

اَبْخَلُ مِنْ مَادِرٍ

(مادر سے بھی بخیل) مادر بنی ہلال کا ایک شخص جو بخل میں مشہور تھا۔

هٰذِهٖ بِتِلْکَ وَالْبَادِیُ اَظْلَمُ

یہ سزا پہلے عمل کے بدلہ میں ہے اور ابتداء کرنے والا ہی ظالم ہے یعنی بدی کرنے والے کو اس کی سزا بھی دی جاتی ہے اور بدی کی ابتداء کرنے کی وجہ سے ظالم بھی پکارا جاتا ہے۔

اَبْدَی الصَّرِیْحُ عَنِ الرَّغْوَةِ

خالص دودھ جھاگ سے الگ ہو گیا۔

marfat.com

Marfat.com

كل مَبْذُوْلٍ مَمْلُوْلٌ
زیادہ استعمال کی گئی چیز سے اکتاہٹ و بیزاری ہو ہی جاتی ہے۔
بِالْبِر يُسْتَعْبَد الْحُرُّ
اچھے سلوک سے آزاد آدمی کو بھی غلام بنایا جاسکتا ہے۔
بَرِئَتْ قَالِبَةٌ مِنْ قُوْب
(انڈا چوزہ سے بے تعلق ہو چکا ہے) قالبہ: انڈے کو اور قوب: چوزہ کو کہتے ہیں یعنی ''بات بہت دور ہو گئی'' ۔ ''تیر کمان سے نکل چکا'' یا ''اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئی کھیت''۔
بَرْدُغَدَاةٍ غَرَّ عَبْدًا مِنْ ظَمِإٍ
صبح کی ٹھنڈک نے آدمی کو پیاس کے بارے میں فریب دیا۔ مقولہ ہے کہ ایک شخص ٹھنڈی صبح میں جانور لے کر جنگل میں گیا اور پانی ساتھ نہ لیا اور پھر تپتی ہوئی دوپہر میں پیاس کی شدت سے ہلاک ہو گیا۔ یعنی پیش بندی کرنا اور مارا جانا۔
اَبْرَدُ مِنْ غِبِّ الْمَطَر
بارش کے اگلے دن سے بھی زیادہ سرد۔ غب المطر: دراصل غب یوم المطر ہے)
اَبْرَدُ مِنْ عَضْرَسٍ
اولے سے بھی زیادہ ٹھنڈا۔
اَبْرَدُ مِنْ فَلْحَسٍ
فلحس (ایک سردار کا نام جو بغیر جہاد کئے مالِ غنیمت کا طالب ہوتا تھا) سے بھی زیادہ حق طلب کرنے والا۔
بَرْضٌ مِنْ عِدٍّ
بڑے خزانے سے تھوڑا۔
اِنَّما هو كَبَرْقِ الخُلَّبِ
(وہ تو دھوکہ دینے والے بجلی کی طرح ہے) یعنی بجلی چمکتی ہے مگر بارش نہیں ہوتی ''جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں''۔
مَا كُلُّ بَارِقَةٍ تَجُوْدُ بِمَائِهَا
(امید ہے کہ بجلی والا بادل وعدہ خلافی نہیں کرے گا) یعنی بارش کی امید پوری ہوگی۔ احسان کی امید میں بولا جاتا ہے۔
عَسَى الْبَارِقَةُ لَا تُخْلِفُ
ہر بجلی والا بادل پانی نہیں برسایا کرتا۔
اَلَّذِیْ لَا يُبْصِرُ مِنَ الضِّرْبَال يَكُوْنُ اَعْمٰى
جو شخص چھلنی میں سے نہیں دیکھ سکتا اندھا ہوتا ہے۔
اَبْصِرْ زَغَ قَلْعَک
دیکھ اور اپنے لاٹری والے تیر پر نشان لگا۔
مخاطب کو نفع یا نقصان کی طرف متوجہ کرنا۔
اَبْصَرُ مِنْ عِقَابٍ
عقاب سے زیادہ تیز نظر۔
اَبْصَرُ مِنْ خَسْرٍ
(گدھ سے بھی زیادہ تیز نظر)
اَبْصَرُ مِنَ الْوَطْوَاطِ فِی اللَّیْلِ
رات میں چمگادڑ سے بھی زیادہ تیز نظر۔
اَبْصَرُ مِنْ زَرْقَاءِ الْيَمَامَةِ
یمامہ کی زرقاء سے بھی زیادہ تیز نظر۔ زرقاء جدیس قبیلے کی عورت تھی جو تین منزل کے فاصلے سے دیکھ لیتی تھی۔
لَا يُبِضُّ حَجَرُه
اس کے پتھر (دل) کو پسینہ (رحم) نہیں آتا۔
یعنی شدید کنجوس سے خیر کی توقع نہیں۔
اَبْطَا مِنْ غُرابِ نُوْحٍ
نوح کی کوّے سے بھی زیادہ دیر کرنے والا۔
حضرت نوح نے کوّے کو پانی اترنے کی خبر لینے کے لئے بھیجا مگر وہ واپس نہ آیا۔
اَبْطَشُ مِنْ دَوْسَر
نعمان بن منذر کے لشکر۔ دوسرے سے زیادہ تیز حملے والا۔
بَطْنِی عَطِّرِی وَسَائِرِی ذَرِیْ
(صرف میرے پیٹ پر عطر ملو اور میرے باقی حصہ بدن کو چھوڑ دو) ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اہم چیز کو چھوڑ کر غیر اہم کو اختیار کرے۔
اَلْبِطْنَةُ تَامِنُ الْقِطْنَه
(زیادہ کھانا ذہانت کو ختم کر دیتا ہے۔ افن الفصیل: اس وقت بولتے ہیں جب اونٹ کا بچہ اونٹنی کے تھن کا سارا دودھ پی لے۔ مطلب یہ کہ مال و دولت نے عقل خراب کر دی۔
مَا اَبْعَدَ مَا فَاتَ وَمَا اَقْرَبَ مَا يَاْتِی
(جو نکل گیا وہ دُور گیا اور جو آنے والا ہے وہ بہت ہی قریب ہے)۔
اَبْعَدُ مِنَ النَّجْمِ
ثریا ستارے سے زیادہ دُور۔
اَبْعَدُ من بيض الانُوْقِ
عقاب کے انڈوں میں سے بھی زیادہ دور یعنی ناحاصل ہونے والی

marfat.com
Marfat.com

چیز۔
اَبْعَدُ مِنْ بَناطِ الثُّرَیّا
عیوق ستارے کے ساتھ لٹکی ہوئی چیز سے زیادہ دُور۔
اَبْعَدُ مِنْ مَناطِ الْعَیُّوقِ
(عیوق کے لٹکن سے بھی زیادہ دور) عیوق ثریا کے ساتھ طلوع ہونے والا ایک ستارہ ہے۔
اَلْبُعْدُ جَفَاءٌ
(دوری ستم ہے) یعنی دور رہنے سے محبت کم ہوتی ہے۔
رُبَّ بَعِیْدٍ اَنْفَعُ مِنْ قَرِیْبٍ
(بہت سے دور والے پاس والوں سے زیادہ نافع ہوتے ہیں)۔
اِنَّ الْبُغاثَ بِاَرْضِنا یَسْتَنْسِرُ
ہمارے علاقے میں بغاث (سبزی مائل سفید رنگ پرندہ) گدھ بن جاتا ہے یعنی ہماری حمایت کے ساتھ ذلیل عزت والا ہو جاتا ہے۔
اِنْ تَبْغِ عَلَیْکَ قَوْمُکَ لاَ یَبْغِ عَلَیْکَ الْقَمَرُ
اگر تیری قوم تجھ پر ظلم کرتی ہے تو چاند تجھ پر ظلم نہ کرے گا۔
ایک بات سمجھانے سے پہلے دوسری پیش کرنا۔
مِنِ ابْتِغَاءِ الْخَیْرِ اِتِّقَاءُ الشَّرِّ
برائی سے بچنا بھی بھلائی تلاش کرنا ہے۔
عَلَی الْبَاغِیْ تَدُوْرُ الدَّوَائِرُ
(ظالم ہی کے سر پر مصیبتیں گھومتی ہیں) باغی ظالم کو کہتے ہیں۔
کَمُبْتَغِی الصَّیْدِ فِی عَرِیْسَةِ الْاَسَدِ
(شیر کی کچھار میں شکار تلاش کرنے والے کی طرح) اس شخص کے بارے میں بولا جاتا ہے جو غیر محل میں اپنی ضرورت طلب کرے یا جہاں وہ مغلوب ہو جائے یا اس چیز کے لئے جو محال چیز کا طالب ہو۔ ''چیل کے گھونسلے میں ماس تلاش کرنا'' ''ہاتھی سے گنا مانگنا''۔
بَقْبَقَةٌ فِیْ زَفْزَفَةٍ
(ہنسی میں شور و شر) بقبقة: شور اور بہت بولنے کو کہتے ہیں اور زفزفة: ہنسی کو کہتے ہیں اور بے مقصد باتیں کرنے والے کے لئے بولا جاتا ہے۔ شیخی بگھارنا یا بے پر کی اڑانا۔
بَقْلُ شَهْرٍ وَشَوْکُ دَهْرٍ
ایک ماہ کا ساگ اور کانٹا ہمیشہ کا۔
یعنی کم خیر اور زیادہ شر والا آدمی۔
مَا اَسْقَاکَ مَنْ عَرَّضَکَ لِلْاَسَدِ
جس نے تجھے شیر کے سامنے ڈال دیا اس نے تجھ کو زندہ نہ چھوڑا۔

اس کے لئے مثل ہے جو تم کو برے انجام والے کام پر اُبھارے۔
لاَ یَبْقٰی شَیْءٌ عَلٰی حَالِهٖ
کسی چیز کی ایک حالت نہیں ہوتی۔
بَقِّ نَعْلَیْکَ وَابْذُلْ قَدَمَیْکَ
(اپنے جوتے کو باقی رکھو اور پاؤں کام میں لاؤ) اپنے نفس پر تکلیف برداشت کرو اور مال کو بچاؤ تا کہ معاملات قابو میں رہیں۔
اَبْقٰی مِنْ وَحْیٍ فِی حَجَرٍ
(پتھر پر لکھی ہوئی حکمت سے بھی زیادہ باقی رہنے والا) یمن کے عرب حکمت کی باتیں پتھروں پر لکھتے ہیں تا کہ پائیدار رہیں لوگوں میں بولا جاتا ہے العلم فی الصغر کالنقش فی الحجر: ''بچپن کا علم پتھر پر لکیر کی مانند ہے۔''
اَبْقٰی مِنَ الْعَصْرَیْنِ
(صبح و شام سے بھی زیادہ باقی رہنے والا) عصرین صبح و شام کو کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ صبح و شام میں کوئی تغیر نہیں ہوتا۔ ہمیشہ ایک ہی طرز پر آتے ہیں۔
اَبْقٰی مِنَ النَّسْرَیْنِ
نسر طائر اور نسر واقع دو ستاروں سے زیادہ باقی رہنے والا۔
اَبْقٰی مِنَ الدَّهْرِ
زمانہ سے زیادہ دیر باقی رہنے والا۔
اَبْقٰی مِنَ الْحَجَرِ
پتھر سے زیادہ باقی رہنے والا۔
بَاکِرْ تَسْعَدْ
صبح اٹھا کرو تا کہ نیک بخت بنو۔ (حدیث کا مفہوم ہے کہ صبح کے وقت میں اللہ عزوجل نے برکت پنہاں کر دی ہے۔)
اَبْکَرُ مِنَ الْغُرَابِ
کوّے سے بھی سویرے اٹھنے والا کوا سب پرندوں سے پہلے اٹھتا ہے۔
مَا تَبُلُّ اِحْدٰی یَدَیْهِ الْاُخْرٰی
اس کا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ کو بھی تر نہیں کرتا۔ انتہائی کنجوس کو کہا جاتا ہے۔
بَلَغَ مِنْهُ الْمُخَنَّقُ
وہ انتہائی سخت تکلیف میں مبتلا ہے۔
مراد اس سے موت کو پہنچ چکا ہے۔
بَلَغَ الْحِزَامُ الطَّبْیَیْنِ

marfat.com
Marfat.com

تک پستان تک پہنچ گیا۔
مراد معاملہ انتہا کو پہنچ چکا۔
بَلَغَ السَّیْلُ الزُّبیٰ
سیلاب ٹیلوں تک پہنچ گیا۔ مراد: لوگ حد سے گزر چکے۔
بَلَغَ السِّلِّیْنُ العَظْم
(چھری ہڈی تک پہنچ گئی) کسی معاملے کے انتہاء تک پہنچنے کے وقت بولتے ہیں۔
بَلَغَ الدِّمَاءُ الثُّنَن
(خون چوپایوں کے ٹخنوں تک پہنچ گیا۔ ثُن' ثنة کی جمع ہے وہ بال جو چوپایہ کے نیچے ٹخنوں میں ہوتے ہیں۔ یہ مثال بھی شر کے انتہائی حد تک پہنچنے کے وقت بولا جاتا ہے۔
لَوْ بَلَغَ الرِّزْقُ فَاهُ لو لاهُ فَفَاه
(اگر رزق اس کے منہ تک پہنچ جائے تب بھی وہ پشت پھیر لے گا۔ ہر حالت میں خیر سے محروم رہنے والے کے لیے کہا جاتا ہے۔
مَا عَسٰی اَنْ یَبْلُغَ عَضَّ النَّمْلِ
امید ہے کہ وہ چیونٹی کے کاٹنے کے برابر بھی نہ پہنچے گا۔
اس کے لئے مثل ہے جس کے دھمکی کا اثر نہ ہو۔
اَبْلَغُ مِنْ قُسٍّ
قس بن ساعدہ سے بھی زیادہ بلیغ ہے۔ قس دنیا عرب میں سب سے اوّل اَمَّا بَعْد اور اَلْبَیِّنَةُ عَلَی الْمُدَّعِی والیمین علی من انکر بولنے والا ہے۔
اَبْلَهُ مِنَ الْحُبَارٰی
حبارٰی سے بھی زیادہ بے سمجھ۔ یہ پرندہ اپنے انڈے بھول کر دوسرے پرندوں کے انڈوں پر جا بیٹھتا ہے۔
اِنَّ البلاء مُوَکَّلٌ بِالْمَنْطِقِ
خاموشی ہر بلا سے بچاتی ہے۔ کہتے ہیں: ایک چپ سو سکھ
اَلْبَلَایَا عَلَی الْحَوَایَا
مصیبتیں حوایا پر بھی پڑتی ہیں۔ حوایا' حویۃ کی جمع ہے۔ اس نمدہ کو کہتے ہیں جس میں گھاس بھر کر اونٹ کے کوہان پر رکھا جاتا ہے۔ مثال کا مطلب یہ ہے کہ تقدیر کا لکھا ہوا پورا ہونا ضروری ہے۔
بَنَانٌ کَفٍّ لَیْسَ فِیْهَا سَاعِدٌ
ایسے ہاتھ کی انگلیاں ہیں جن کا بازو نہیں۔ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس میں ہمت تو ہو مگر عمل کی طاقت نہ ہو۔
اَنَا اِبْنُ جَلَا

میں مشہور و معروف ہوں۔
اَنَا اِبْنُ جَلَا وَطَلَّاعُ الثَّنَایَا. مَتٰی اَضَعُ الْعِمَامَةَ تعرفونی
میں جلا کا بیٹا ہوں گھاٹیوں پر چڑھ جانے والا۔ جب عمامہ اتاروں گا تو تم مجھے پہچان لو گے۔
رُبَّ ابنِ عَمٍّ لَیْسَ بِابنِ عَمٍّ
کئی چچازاد بھائی چچازاد نہیں ہوتے۔ یعنی جو نفع نہ دے وہ کہاں کا بھائی۔
بِنْتُ صَفَا تَقُوْلُ عَنْ سَمَاع
(بنت صفا ہر آواز کا جواب دیتی ہے) بنت صفا اور بنت جبل سے مراد صدائے بازگشت ہے۔ یہ مثال ایسے شخص کے لئے کہی جاتی ہے جو کسی بھی کام کی طرف مدعو کیا جائے اور فوراً ہی قبول کر لے۔
یَبْنِیْ قَصْراً وَیَهْدِمُ مِصْرًا
(محل تعمیر کر رہا ہے اور شہر برباد کر رہا ہے) اس کو کہا جاتا ہے جس کی خیر کم اور شر زیادہ ہو۔
اَبْهٰی مِنَ الْقَمَرَیْنِ
(چاند سورج سے بھی زیادہ پُر رونق) ''چندے آفتاب چندے ماہتاب''۔
بَالَ حِمَارٌ فَاسْتَبَالَ اَحْمِرَةً
ایک گدھے نے پیشاب کر کے باقی گدھوں کو پیشاب کروا دیا۔ اس قوم کے لئے کہا جاتا ہے جو برے لوگوں کی تقلید کرتے ہیں۔
بَالَتْ بَیْنَهُمُ الثَّعَالِبُ
ان کے درمیان لومڑی نے پیشاب کر دیا۔
اس قوم کے لئے مثل جن میں فساد و اختلاف ہو جائے۔
لَوْ کَانَ فِی الْبُوْمَةِ خَیْرٌ مَا تَرَکَهَا الصَّیَّادُ
الو میں کوئی نفع ہوتا تو اس کو شکاری نہ چھوڑتا۔
بَیْتِی یَبْخَلُ لَا اَنَا
(میرا مکان بخیل ہے میں نہیں) دینے کے لئے گھر میں کچھ بھی نہیں۔
اَبَادَ اللّٰهُ خَضْرَاءَ هُمْ
اللہ تعالیٰ ان کی سرسبزی کو برباد کرے۔ بددعا ہے۔
کَانَتْ بَیْضَةُ الدِّیْک
(وہ چیز مرغ کا انڈا تھی) اس چیز کے لئے بولا جاتا ہے جو صرف ایک مرتبہ پائی جائے پھر نایاب ہو جائے کیونکہ بعض عرب کے گمان میں مرغ بھی ایک مرتبہ انڈا دیتا ہے۔
بَیْضَةُ الْیَوْمِ خَیْرٌ مِنْ دَجَاجَةِ الْغَدِ

marfat.com
Marfat.com

آج کا انڈا کل آئندہ کی مرغی سے زیادہ قیمتی ہے۔

بَیْضَۃُ البَلَد: شہر کا بڑا آدمی

دُوْنَہٗ بَیْضُ الْاَنُوق

اس کے آگے عقاب کا انڈہ ہے۔ نایاب چیز کے لئے یہ مثل ہے۔

مَا کل بیضاء شَحْمَۃٌ وَلَا کُلُّ سَوْدَاءَ تَمْرَۃٌ

ہر سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔ ہر چمکدار چیز سونا نہیں ہوتی۔

مَنْ بَاعَ لِعِرضہ انْفَقَ

جو شخص اپنی آبرو بیچے گا آبرو دے بیٹھے گا۔ جو شخص گالیاں سننے کا سامان کرے گا تو گالیاں اس کو تیار ملیں گی۔ انفق کے معنی ہیں بکنا ہوا پایا۔ سہولت سے سودا ہو گیا۔

بِعْتُ جاری وَلَمْ اَبِعْ دَارِیْ

میں نے پڑوسی بیچا ہے مکان نہیں بیچا۔ یعنی میں نے بدخلق پڑوسی سے بچنے کے لئے مکان فروخت کیا ہے۔

لَا تَبِعْ نَقْدًا بِدَیْنٍ

نقد کو ادھار کے بدلے میں نہ فروخت کر۔

قَدْ بَیَّنَ الصُّبْحُ لذی عَیْنَیْنِ

آنکھوں والوں کے صبح روشن ہو گئی۔

اَبْیَنُ مِنْ فَلَقِ الصُّبح اوفَرَقِ الصُّبْحِ

صبح کی روشنی سے زیادہ روشن۔

اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرا

بعض بیان جادو اثر والے ہوتے ہیں۔

ت

اَنَاتَبِقٌ وَاَنْتَ مَبِقٌ فَکَیْفَ نَتَّفِقُ

(میں غضبناک ہوں اور تجھ میں سہارا نہیں پھر ہم کیسے متفق ہوں؟)

تبق: غصہ سے بھرا ہوا اور تبق: گھبرانے والا۔ دو مختلف العادات لوگوں کے لئے بولا جاتا ہے۔

اِتَّبِعِ الفَرَسَ لِجَامَھَا وَالنَّاقَۃَ زِمَامَھَا

(گھوڑے کے ساتھ لگام اور ناقہ کے ساتھ لگام بھی دو) تاکہ بخشش مکمل ہو۔

اِتَّبِعُ الدَّلْوَ بِالرِّشَاءِ

ڈول کے ساتھ رسی بھی دو۔ رشاء: پانی کھینچنے کی رسی۔

اَتْبَعُ مِنَ الظِّلِّ

سایہ سے بھی زیادہ رسی پیچھا کرنے والا۔

لَوْ اتَّجَرْتَ بِالْکَفَنِ مَامَاتَ اَحَدٌ

اگر تو کفن کی تجارت کرتا تو کوئی نہ مرتا۔

لَا تِجَارَۃَ کَالْعَمَلِ الصَّالِحِ

نیک کام جیسی تجارت نہیں ہو سکتی۔

تَرَکَ ظَبْیٌ ظِلَّہٗ

(ہرن نے اپنا سایہ چھوڑ دیا) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو عیش و آرام کی جگہ سے سختی و تنگی میں چلا جائے۔

تَرَکْتُہٗ عَلٰی اَنْقٰی مِنَ الرَّاحَۃِ

میں نے اس کو ہتھیلی کی طرح صاف حالت میں چھوڑا۔ یعنی اچھی حالت میں نہیں چھوڑا ہے۔

تَرَکْتُہٗ عَلٰی مثل مِشْفَرِ مِنَ الاَسَدِ

میں نے اس کو گویا شیر کے ہونٹ کے پاس چھوڑا دیا ہے۔

تَرَکْتُھُمْ فِی حَیْصَ بَیْصَ او حَیْصِ بَیْصٍ

میں نے ان کو بھاگنے والا افراد میں پایا۔

کسی خطرناک کام میں پھنسے افراد کے لئے یہ مثل ہے۔

مَاتَرَکَ الْاَوَّلُ لِلْاٰخِرِ شَیْئًا

جس نے خواہشات کو چھوڑا اس نے آزاد زندگی گزاری۔

مَنْ تَرَکَ الشَّھَوَاتِ عَاشَ حُرًّا

اگر رات میں چھوڑا جائے تو سو جائے۔

یہ اس شخص کے لئے مثل جو مصیبت پر مجبور کیا جائے یا ظلم پر ابھارا جائے وہ ظلم کرنے لگے۔

لَوْ ترک القَطَا لَیْلًا لَنَام

(اگر قطا (رات میں دیکھنے والی چڑیا) کو رات میں چھوڑتا تو آرام سے سو جاتا) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو بلا ارادہ کسی مصیبت پر مجبور کیا جائے یا جو ظلم کرنے پر ابھارا جائے اور ظلم کرنے لگے۔

لَا یَتْرُکُ السَّاقَ اِلَّا مُمْسِکًا سَاقًا

وہ ایک تنہ کو بغیر دوسرے تنہ کے پکڑے نہیں چھوڑتا۔ یہ گرگٹ کے لئے کہا جاتا ہے۔ مراد محتاط آدمی۔

لَا یَتْرُکُ الظَّبْیُ ظِلَّہٗ

تو شر کو چھوڑ دے شر تجھے چھوڑ دے گا۔

اُتْرُکِ الشَّرَّ یَتْرُکْکَ

تم شر کو چھوڑ دو وہ تجھے چھوڑ دے گی۔

تَرْکُ الْجَوَابِ عَلَی الْجَاھِلِ جَوَابٌ

marfat.com

Marfat.com

جاہل کو جواب نہ دینا اس کو جواب ہے۔

تَرَکُ مَا لاَ یَصْلُحُ اَصْلَحُ

جو درست نہیں ہو سکتا اس کو اس کے حال پر چھوڑنا بہت اچھا ہے۔

اِذَا تَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْکَلاَمُ

جب عقل کامل ہو جاتی ہے تو کلام کم ہو جاتا ہے۔

تَمَامُ الرَّبِیْعِ الصَّیْفُ

(فصل ربیع کا ختم ہونا ہی گرمی ہے۔ اسی طرح عرب کا قول ہے الاعمال بخواتیمها: اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے۔

اَتَمُّ مِنْ قَمَرِ التَّمِّ

پورے چاند (چودھویں کے چاند) سے بھی زیادہ پورا۔ تمّ کے معنی یہاں تمام کے ہیں یعنی بدرہ التمام.

اَلتمرہ والجمرة

(کھجور اور انگارا) یعنی نفع اور نقصان۔

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لاَ ذَنْبَ لَهٗ

گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ جیسا ہے۔

تَاجُ الْمُرُوَّةِ التَّوَاضُعُ

عاجزی شرافت کا تاج ہے۔

اَتَیْهُ مِنْ قَوْمِ مُوسٰی

قوم موسیٰ سے زیادہ حیران۔

ث

ثَاطَةٌ مُدَّتْ بِمَاءٍ

(سڑی کیچڑ کے ساتھ پانی بھی ملے گا۔ ثاطة: اس بدبودار کیچڑ کو کہتے ہیں جس کے ساتھ کوئی اور سڑی ہوئی چیز بھی شامل ہو۔ کریلا اور نیم چڑھا۔

اَثْبَتُ فِی الدَّارِ مِنَ الْجِوَارِ

دیوار سے بھی زیادہ گھر میں جمنے والا۔

اَثْبَتُ مِنَ الْوَسْمِ

گودنے کے نشانوں سے زیادہ پائیدار۔

مَالَهٗ ثَاغِیَةٌ وَلاَ رَاغِیَةٌ

اس کے پاس نہ بھیڑ ہے اور نہ اونٹنی۔

اَثْقَلُ مِنْ رَضْوٰی

رضوی مدینہ کے پہاڑ سے بھاری۔

اَثْقَلُ مِنْ تَوْدٍ

بڑے پہاڑ سے زیادہ بھاری۔

ثَکِلَتْکَ اُمُّکَ اَیْ جَرْدَ تَرْقَعُ

تیری ماں تجھے روئے تو کون سے کپڑے کو پیوند لگا رہا ہے۔ جرد: پرانے کپڑے کو کہتے ہیں۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو غلط اور غیر نافع کام کرے۔

اَلثَّکْلٰی تُحِبُّ الثَّکْلٰی

(گم شدہ بچے کی ماں گم شدہ بچے کی ماں کو ہی پسند کرتی ہے) ''کند ہم جنس با ہم جنس پرواز''۔

لاَیُثْمِرُ الشَّوْکُ الْعِنَبَ

کانٹا انگور کا پھل نہیں دیتا۔

ثَمَرُہ الْجُبْنِ لا رِجْحٌ وَلاَ خُسر

بزدلی کا نتیجہ نہ نفع نہ نقصان۔

لِکُلِّ ثَوْبٍ لاَبِسٌ

ہر کپڑے کو پہننے والا ہوتا ہے۔

ثار حابلهم عَلٰی نَابِلِهِم

ان کے جال والے نے ان کو تیر والے پر غصہ کیا۔

اَلثور یَحْمِی اَنْفَه بِرَوْقِه

بیل بھی اپنی ناک کی حفاظت اپنے سینگوں سے کرتا ہے۔

ج

اَجْبَنُ مِنْ نُعَامَة

شتر مرغ سے بھی زیادہ بزدل۔

اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ

صافر سے زیادہ بزدل۔ صافر ایک پرندہ ہے جو اپنی ٹانگوں سے درخت کی شاخ کو پکڑ کر الٹا لٹک جاتا ہے اور تمام رات سیٹی کی آواز نکالتا رہتا ہے تاکہ وہ سو نہ جائے اور شکار نہ کر لیا جائے۔

اِنَّ الْجَبَانَ حَتْفُ مِنْ فَوْقِهٖ

بزدل کی موت اوپر سے نازل ہوتی ہے۔ نامرد کے لئے بولا جاتا ہے۔

بِجَبْهَةِ الْعِیْرِ یُفْدٰی حَافِرُ الْفَرَسِ

گدھے کی پیشانی گھوڑے کے کھر کے فدیہ میں دی جاتی ہے۔

اَنْجَحِشَ لَمَّا فَاتَکَ الاَغْیَارُ

جب گدھے نہ ملیں تو ان کا بچہ حاصل کرو۔

قَدْ عَدَّ اشْیَاعُکم فَجِدُّوا

marfat.com

Marfat.com

تمہارے ساتھیوں نے کوشش کی ہے تم بھی کوشش کرو۔

مَنْ جَدَّ وَجَدَ

جو کوشش کرتا ہے وہ پالیتا ہے۔

جِدَّ لِاَمْرَئٍ یَجِدُّلَکَ

جس شخص کے لئے تو کوشش کرے گا وہ تیرے لئے کوشش کرے گا۔

جِدُّکَ یَرْعٰی نَعَمَکَ

تیری نعمت تیرے چوپایوں کو چراتی ہے۔ مالدار مال اڑانے والے کے لئے بولا جاتا ہے۔

جَدُّکَ لَا کَدُّکَ

تیری کوشش فائدہ مند ہے لیکن اصرار طلب فائدہ مند نہیں۔

کُلُّ جِدَّةٍ سَتُبْلِیْهَا عِدَّةٌ

ہر نئی چیز۔عنقریب اس کو مرورِ ایام بوسیدہ کردیں گے۔

نِعْمَ الْجُدُوْدُ وَلٰکِنْ بِئْسَ مَا خَلَفُوْا

آباء واجداد اچھے تھے مگر ان کی بعد والی نسل بری ثابت ہوئی۔

لَا جَدِیْدَ لِمَنْ لَا خَلَقَ لَهٗ

جس کے پاس پرانا نہ ہو اس کے پاس نیا بھی نہیں رہتا۔اس لئے پرانے کی حفاظت کرو کہ نیا بھی محفوظ رہے۔

جُدَیْدَةٌ فِی لُعَیْبَةٍ

(ایک بڑی سنجیدگی ہے کھیل میں) جدیدة جد کی تصغیر ہے وہ بات جو سنجیدگی سے کہی جائے۔ مراد یہ ہے کہ یہ بڑی سنجیدہ بات ہے جو کھیل ہی کھیل میں کہی گئی ہے۔

مَنْ اَجْدَبَ اِنْتَجَعَ

(جو قحط زدہ ہوتا ہے وہ گھاس کی تلاش میں نکلتا ہے) محاورہ ہے انتجع القوم الکلا: (قوم گھاس کی جستجو میں مختلف جگہ گئی) یعنی ضرورت پوری کرنے کے لئے اچھی طرح کوشش کرو۔

وَبَعْضُ الْجَدْبِ اَمْرَأُ لِلْهُزَیْلِ

بعض قحط سالی لاغر کے بڑی موافق ہوتی ہے۔یعنی بعض لوگوں کو مالداری کے بجائے غریبی صحیح رہتی ہے۔

جَدَحَ جُوَیْنٌ مِنْ سَوِیْقِ غَیْرِهٖ

جوین نے اپنے غیر کا ستون گھولا ہے۔

اَجْدٰی مِنَ الْغَیْثِ فِی اَوَانِهٖ

بروقت بارش سے زیادہ نفع مند۔

جَذْبُ الزِّمَامِ یَرِیْضُ الصِّعَابَ

باگ کھینچ کر رکھنا بے سدھ گھوڑوں کو سدھ

لئے کہتے ہیں جو ابتداء میں حکم نہ مانے مگر آخر میں مطیع ہو جائے۔

صعاب: سرکش گھوڑے کو کہتے ہیں۔

جِذْلُ حِکَاکِ

(کھجلی دور کرنے والا لکڑی کا ٹھا) جذل: درخت کی جڑ کو کہتے ہیں یہ اونٹوں کے باڑہ میں نصب کر دی جاتی ہے اور خارشی اونٹ اس سے کھجلا کر سکون حاصل کرتے ہیں۔حکاک: خارش کی طرح ایک بیماری سے اس شخص کے لئے کہتے ہیں جس کی رائے اور عقل سے لوگ اپنے کام درست کرتے ہیں۔

اَنَا بُذَیْلُهَا الْمُحَلَّکُ وَعُذَیْقُهَا الْمُرَجَّبُ

(میں اس کے لئے خارش کے وقت کھجلانے والا تنہ ہوں اور چبوترہ سے مضبوط کیا ہوا کھجور کا درخت ہوں) جذیل جذل کی تصغیر ہے بمعنی درخت کی جڑ۔محک وہ چیز جس سے خارشی اونٹ کھجلائیں۔عذیق عذق کی تصغیر ہے بمعنی کھجور کا درخت مرجب۔وہ چیز جس کے چاروں طرف پتھر کا چبوترہ بنا کر مضبوط کیا گیا ہو کھجور کے اچھے درخت کی حفاظت کے لئے اس کے چاروں طرف پتھر کا چبوترہ بنا کر سہارا دیتے ہیں۔تصغیر تعظیم کے لئے ہے جس شخص کی عقل و رائے سے لوگ مستفید ہوتے ہیں۔

کُلُّ یَجُرُّ النَّارَ اِلٰی قُرْصِهٖ

ہر شخص اپنی ٹکیا کی طرف آگ کھینچتا ہے۔

اَجْرَأُ مِنْ اُسَامَةَ

اسامہ (شیر) سے زیادہ بہادر ہے۔

اَجْرَأُ مِنْ لَبُّثٍ بِخِفَّانَ

خفان (جھاڑی برائے شیر) کے شیروں سے زیادہ بہادر۔

اَجْرَأُ مِنْ ذُبَابٍ

(مکھی سے زیادہ جری) جو بادشاہ کی ناک اور شیر کی پلک دونوں پر جا بیٹھتی ہے۔

اَجْرَدُ مِنْ صَلْعَةَ

گنجے کے سر کا بغیر بالوں والے حصے سے بھی زیادہ ننگا۔

اَجْرَدُ صَخْرَةٍ

چٹان سے زیادہ صاف۔جس پر کوئی روئیدگی نہیں ہوتی۔اس پر کوئی چیز نہیں جمتی۔

کَجَرَادٍ لَا یُبْقِیْ وَلَا یَذَرُ

ٹڈی کی طرح جو نہ باقی رکھتی ہے اور نہ چھوڑتی ہے۔

marfat.com

Marfat.com

سیراب ہونا اور تھوڑا پانی۔
کفایت شعاری پر رغبت کے لئے مثل ہے۔
اَلجرع اروی وَالوَشِیْفُ اَنقَعُ
زیادہ پینا سیراب تو کر دیتا ہے لیکن چوسنا اور پینا زیادہ فرحت بخش ہے۔
لاَجُرْمَ بَعْدَ النَّدَامَةِ
ندامت کے بعد کوئی جرم باقی نہیں رہتا۔
اذا جَرَی المُذَکّی حَسَرَتْ عَنْهُ الْحُمُرُ
جب کامل گھوڑا چلتا ہے تو گدھے اس سے عاجز رہ جاتے ہیں۔ مذکی وہ گھوڑا جس کی قوت اور نشو ونما مکمل ہو چکی ہو۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنی خوبیوں کی وجہ سے اپنے ساتھیوں سے سبقت لے جائے۔ ''گھوڑے اور گدھے میں کیا مقابلہ''۔
یَجْرِیَ بُلَیْقٌ وَیُذَمُّ
بلیق دوڑتا ہے' پھر بھی اس کی مذمت ہوتی ہے۔ بلیق ایک گھوڑے کا نام ہے جو دوڑ میں جیتا کرتا تھا' پھر بھی اس کی برائی ہوتی تھی' یہ مثل اس موقع پر بولی جاتی ہے جب محسن کی مذمت کی جائے۔
تَجْرِی الرِّیَاحُ بِمَا لاَ تَشْتَهِی السُّفُنُ
ہوائیں اس چیز کے ساتھ چلتی ہیں جس کو کشتی والے پسند نہیں کرتے۔
اَجْرِ الاُمُوْرَ عَلٰی اَذْلاَلِهَا
کاموں کو آسانی والے طریقوں پر چلا۔
جَرْیُ المُذَکّیَات غِلاَءٌ
اچھے گھڑوں کی دوڑ میلوں تک ہوتی ہے۔
اَلْجَزَعُ عند المُصِیْبَةِ مُصِیْبَةٌ اُخْرٰی
(مصیبت کے وقت گھبراہٹ ایک دوسری مصیبت ہے)۔
جزاه جزاء سِنِمّار
(اس کو سنمار جیسی جزا دی) سنمار شاہ نعمان ابن امراء القیس کے مشہور اور پراسرار محل خوانق کا رومی معمار تھا جس کو محل کی تعمیر کے بعد نعمان نے اسی محل سے گرا کر ہلاک کر دیا تا کہ کسی اور کے لئے ایسا محل نہ بنا سکے ایسے محسن کے لئے کہا جاتا ہے جس کو بھلائی کا بدلہ برائی سے دیا جائے۔
جَزَیْتُهُ کَیْلَ الصَّاعِ بالصَّاعِ
(میں نے اس کو پیمانہ کا بدلہ پیمانہ سے دیا) یعنی بھلائی کا بدلہ بھلائی سے اور برائی کا بدلہ برائی سے۔

هذا جزاءُ مُجیر اُمِّ عَامِرٍ
یہ بجو کو پناہ دینے والے کا بدلہ ہے۔
اعرابی نے بجو کو پناہ دی بجو نے اس کو قتل کر دیا۔
اَلْجَزاءُ مِنْ جِنْسِ الْعَمَلِ
عمل کا بدلہ عمل جیسا ہوتا ہے۔ جیسا کرنا ویسا بھرنا۔
جَحْشًا لُقْمَانُ مِن غَیْرِ شِبَعٍ
لقمان نے پیٹ بھرے بغیر ڈکاری۔
یعنی غریب ہو کر امیری ظاہر کرنا۔
جَعْجَعَةٌ وَلاَ اَرٰی لَهَا طِحْنًا
(چکی کا شور ہے مگر آٹا نظر نہیں آتا) ''شور اشوری و بے نمکی''۔
مَنْ جَعَلَ نَفْسَه عَظْمًا اَکَلَتْهُ الکِلاَبُ
(جو اپنے آپ کو ہڈی بنائے گا اس کو کتے کھائیں گے)۔
لاَ تَجْعَلْها بَیْضَةَ الدِّیْکِ
(اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ) مشہور ہے کہ مرغا اپنی عمر میں ایک بار انڈا دیتا ہے۔ اسی مفروضے پر ایک شاعر نے کہا ہے۔
زُرْتنا مَرَّةً فی الدهر واحدة بُنَیَّ ولا تجعلیها بَیْضَةَ الدِّیْکِ
اے محبوبہ تم نے ہم سے ایک دفعہ ملاقات کی دوبارہ ملو اور اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ۔
جِلْدُ الخِنْزِیْرِ لا یَنْدَبِغُ
خنزیر کے چمڑے کو رنگا نہیں جا سکتا۔
یعنی اس شخص پر نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔
اَجْفٰی مِنَ الدَّهْرِ
زمانہ سے زیادہ بے وفا۔
تَحْتَ جِلْدِ الضَّأنِ قَلْبُ الاَذْوبِ
(بھیڑ کی کھال کے نیچے بھیڑیے کا دل) یعنی ظاہر میں بھیڑ کی طرح بھولا اور دل بھیڑیے کی طرح بے رحم۔
جَلِیْسُ المَرْءِ مِثْلُه
(آدمی کا ہم نشین اسی جیسا ہوتا ہے)۔
جَلّٰی مُحِبًّا نَظْرَةُ
(دوست کو اس کی نظر نے ہی ظاہر کر دیا ہے) دوست کی نگاہ بتا دیتی ہے۔
لاَ یُجْمَعُ سَیْفَانِ فِی غَمْدٍ
ایک میان میں دو تلواریں جمع نہیں ہو سکتی۔
مَا یَجْمَعُ بین الاَرْوٰی وَالنَّعَامِ

marfat.com
Marfat.com

پہاڑی بکرا اور شتر مرغ جمع نہیں ہو سکتے۔
یعنی دو مخالف الطبائع اکٹھے نہیں ہوتے۔

اَجْمَعُ مِنْ نَمْلَةٍ
چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا۔

مَنْ اَجْمَلَ قِيلاً سَمِعَ جَمِيلاً
(جو اپنی گفتگو اچھی رکھے گا وہ اچھی ہی سنے گا)۔

اَلْجَمَلُ مِنْ جَوْفِهِ يَجْتَرُّ
(اونٹ اپنے ہی منہ سے جگالی کرتا ہے) اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو اپنے کسب سے روزی کماتا ہے اور اس کے لئے بھی جو ایسے چیز سے نفع اٹھائے جو اس کو نقصان پہنچانے والی ہے۔

اَلْجُنُوْنُ فُنُوْنٌ
جنون کی بہت سی قسمیں ہیں۔

لِكُلِّ جَنْبٍ مَضْجَعٌ
ہر پہلو کے لئے سونے کی جگہ ہے۔

لِكُلِّ جَنْبٍ مَصْرَعٌ
ہر پہلو کے لئے گرنے کی جگہ موت ہے۔

جَنَتْ عَلٰى اَهْلِهَا بَرَاقِش
براق کتیا نے اپنے مالکوں پر ہی ظلم کیا۔

اِنَّكَ لَا تَجْنِي مِنَ الشَّوْكِ الْعِنَبَ
(تو کانٹوں سے انگور کا پھل نہیں چنے گا) ''کانٹے بو کر پھول چن نہیں سکتے''۔

اَجْنَاءَ هَا اَبْنَاؤُهَا
(دست درازی کرنے والے اس کے معمار ہی ہیں) اجناء: جانی کی جمع ہے۔ جرم کرنے والا اور ابناء: بانی کی جمع ہے بمعنی معمار۔ جمع کی یہ مثال نادر ہے' مثل ایک یمنی بادشاہ کا مقولہ ہے جس نے ایک جنگ پر جاتے ہوئے اپنی لڑکی کو قائم مقام بنایا تھا۔ لڑکی نے درباری امراء کے مشورہ سے ایک عمارت گرانے کا حکم دیتے ہوئے اس نے یہ جملہ کہا جو مثل بن گیا۔ مطلب یہ ہے کہ عمارت گرانے کا جرم وہی لوگ کر رہے ہیں جنہوں نے اس کی تعمیر کی تھی۔ بے سوچے سمجھے کام کو مٹانے کی ضرورت پڑے تو یہ مثل کہی جاتی ہے۔

هَلْ يَجْهَلُ فَلَانًا اِلَّا مَنْ يَجْهَلُ الْقَمَرَ
(فلاں چیز سے وہی بے خبر ہو سکتا ہے جو چاند سے بے خبر ہو) یعنی فلاں چیز چاند کی طرح روشن و مشہور ہے ''چاند نکلا سب نے دیکھا''۔

اَلْجَهْلُ مَطِيَّةٌ مَنْ رَكِبَهَا ذَلَّ وَمَنْ صَحِبَهَا ضَلَّ
جہالت ایک سواری ہے جو اس پر سوار ہوگا ذلیل ہوگا اور جو اس کے ساتھ رہے گا گمراہ ہوگا۔

اَلْجَهْلُ شَرُّ الْاَصْحَابِ
جہالت بدترین ساتھی ہے۔

اَجْهَلُ مِنْ عَقْرَبٍ
بچھو سے بھی زیادہ جاہل۔ پتھر پر ڈنگ مار کر اپنے جسم کو ہی نقصان پہنچاتا ہے۔

اَجْهَلُ مِنْ فِرَاشَةٍ
پروانہ سے بھی زیادہ جاہل) جو خود کو ہی ہلاک کر لیتا ہے۔

عِنْدَ جُهَيْنَةَ الْخَبَرُ الْيَقِيْنُ
یقینی خبر تو جہینہ کے پاس ہے۔

اَجْوَدُ مِنْ حَاتِمٍ
حاتم سے بھی زیادہ سخی۔

اِنَّ الْجَوَادَ قَدْ يَعْثُرُ
اصیل گھوڑا بھی غلطی کر لیتا ہے۔
یعنی تجربہ کار آدمی بھی کبھی لغزش کر لیتا ہے۔

اَنَّ الْجَوَادَ عَيْنُهُ فِرَارُهُ
اصیل کی آنکھ دانت دیکھنے سے مستغنی کر دیتی ہے۔

لِكُلِّ جَوَادٍ كَبْوَةٌ
ہر اصل گھوڑے کو کبھی کبھی ٹھوکر لگتی ہے۔

جَاوِرْ مَلِكًا اَوْ بَحْرًا
(بادشاہ کے پڑوس میں رہو یا سمندر کے) دولت اہل ثروت ہی سے حاصل کرنی چاہئے۔

كَمُجِيْرِ اُمِّ عَامِرٍ
(بجو کو پناہ دینے والے کی طرح) شکاریوں نے ایک مرتبہ بجو کو گھیر لیا تھا۔ ایک اعرابی نے اس کو شکار دے دی۔ شکاری تو واپس چلے گئے لیکن بجو نے سوتے میں پناہ دینے والے اعرابی کا پیٹ پھاڑ دیا جس نے اس کو دودھ پلا کر سیراب کیا تھا۔ اس اعرابی کے چچا کے بیٹے کو جب معلوم ہوا تو اس نے کہا ؎

مَنْ يَصْنَعِ الْمَعْرُوْفَ مَعَ غَيْرِ اَهْلِهٖ
يُلَاقِي الَّذِي لَاقَى مُجِيْرُ اُمِّ عَامِرٍ

(جو کوئی نااہل کے ساتھ احسان کرتا ہے اس کو وہی جزا ملتی ہے جو ام عامر کے مجیر کو ملی جسے 'سانپ کو دودھ پلانا''۔

marfat.com
Marfat.com

اَلْمُسْتَجِيرُ بِعُمَرَ وَعِنْدَ كُرْبَتِهِ، كَالْمُسْتَجِيرِ مِنَ الرَّمْضَاءِ بِالنَّارِ
مصیبت کے وقت عمر سے پناہ لینے والا جیسے نرم زمین سے بچ کر آگ کے پاس جانے والا۔

اَلْجَارَ ثُمَّ الدَّارَ
پہلے پڑوس کو دیکھے پھر گھر کو۔

اَلرَّفِيقَ قَبْلَ الطَّرِيقِ
اپنے قریب ترین پڑوسی کا خیال کرو تم پر بعید ترین غالب نہ آئے گا۔

جَارَكَ الْأَدْنَى لَا يَعْلُكَ الْأَقْصَى
ادنیٰ پڑوسی کی حفاظت کرو تا کہ اعلیٰ تم پر غالب نہ ہو سکے۔

جاوز الحِزَامُ الطِّلْبَيْنَ
(تنگ پستان سے بھی متجاوز ہو گیا) پانی کا سر سے گزرنا۔

تَجُوْعُ الْحُرَّةُ وَلَا تَأْكُلُ بِثَدْيِهَا
(شریف عورت بھوکی رہتی ہے مگر اپنے پستانوں کی کمائی نہیں کھاتی) یعنی دودھ پلانے والی دایہ نہیں بنتی ''ذلیل پیشہ سے بچانے کے لئے کہا جاتا ہے)۔

اَجِعْ كَلْبَكَ يَتْبَعْكَ
اپنے کتے کا بھوکا رکھ تیرے پیچھے رہے گا۔

اَجْوَعُ مِنْ ذُوَالَةَ (الذئب)
بھیڑیئے سے بھیڑیئے زیادہ بھوک والا۔

اَجْوَعُ مِنْ كَلْبَةِ حَوْمَلٍ
حومل کی کتیا سے زیادہ بھوکا۔

اَجْوَعُ مِنْ فُؤَادٍ
(چیچڑی سے زیادہ بھوکا) اذوالہ بھیڑیئے کا مخصوص نام ہے۔ کہتے ہیں کہ بھیڑیئے کے منہ میں کوئی چیز ہونی ضروری ہے گویا وہ ہمیشہ بھوکا رہتا ہے۔ بھیڑیئے کا پیٹ ہڈی کو پگھلا دیتا ہے۔ دشمن کو بددعا میں کہتے ہیں رماہ اللہ بداء الذئب: خدا اس کو بھیڑیئے کی بیماری (بھوک) میں مبتلا کرے۔

مَنْ جَالَ نَالَ
(جو دوڑ دھوپ کرتا ہے حاصل کر لیتا ہے) ''حرکت میں برکت ہے''۔

اَجْوَلُ مِنْ قَطْرَبٍ
(قطرب سے زیادہ چکر لگانے والا) قطرب ایک جانور ہے جو تمام رات نہیں سوتا بلکہ چکر لگاتا رہتا ہے)۔

جَوْلَهُ بِاطِلٍ سَاعَةٌ وَجَوْلَهُ الحق الى قيام الساعة
باطل کا زمانہ ایک گھڑی اور حق کا زمانہ قیامت تک ہے۔

جَاءَ بِمُطَفِّفَةِ الرَّضْفِ
وہ گرم پتھر کو مات کرنے والا پایا۔

جَاءَ بِالطَّمِّ وَالرَّمِّ
وہ سمندر اور زمین کی تہہ کو لایا۔

جَاءَ الصِّيَانُ فَالْوِى بِالْاَسَانِيدِ
(مشاہدہ آیا اور اسناد کو لے گیا) مشاہدہ کے بعد سند بیان کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

جَاءَ بِمَاصَايِ وَصَمَتَ
(وہ بولنے والا اور خاموش مال لایا) یعنی چوپائے اور سونا چاندی وغیرہ۔

جَاءَ بِقَرْنَيْ حِمَارٍ
(وہ گدھے کے دو سینگ لایا) یعنی جھوٹ اور ناممکن بات۔

جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْكِ وَالصَّلِيلِ
وہ گرجنے والا اور آواز دینے والا لایا۔

جَاءَ نَاشِرًا اُذُنَيْهِ
اپنے کانوں کو پھیلا کر آیا۔

جَاءَ نَافِشًا عِفْرِيَتَهُ
اپنی کلغی کو پھیلا کر آیا۔

جَاءُوْ عَلَى بَكْرَةِ اَبِيهِمْ
(وہ تمام کے تمام آ گئے) یعنی پیچھے کوئی باقی نہ رہا۔ بکرۃ: لوگوں کی جماعت کو کہتے ہیں۔ یہ مثل یوں بھی کہی جاتی ہے۔ جاؤا علی بکرتهم وبكرة ابيهم: تمام ہی آ گئے۔

اذا جَاءَ الحِينَ حَارَتِ الْعُيُونُ
موت آتی ہے تو آدمی اندھا ہو جاتا ہے۔

اذا جاء القَدَرُ غَشِيَ البصر.
جب قضا آتی ہے تو آنکھوں پر پردے پڑ جاتے ہیں۔

جَاءُ وَاقَضُّهُمْ قَضِيضًا
وہ سارے کے سارے آ گئے۔

جَاءَ الْقَوْمُ قَضِّهِمْ وَقَضِيضِهِمْ
قوم اور ساری کی ساری آ گئی۔

جيفة لا تُعكر بحراً
ایک مردار سمندر کو گدلا نہیں کرتا۔

marfat.com
Marfat.com

ح

مَنْ اَحَبَّ شَیأً اَکْثَرَ ذِکْرَہ
جو کسی چیز سے محبت کرتا ہے اس کا ذکر زیادہ کرتا ہے۔
لاَ اُحِبُّ دَمِیْ فِیْ طَشْتِ ذَھَبٍ
مجھے اپنا خون سونے کے طشت میں بھی پسند نہیں۔ موت کے بعد تمام شان وشوکت بے کار ہے۔
حُبُّکَ الشیء یُعْمِیْ وَیُصِمُّ
کسی چیز سے تمہاری محبت اندھا اور بہرا بنا دیتی ہے۔ یہی مفہوم اس شعر میں کہا گیا۔
وَعَیْنُ الرِّضٰ عَنْ کُلِّ عَیْبٍ کَلِیْلَۃٌ
ولکن عَیْنُ السُّخْطِ تُبدی المَسَاوِیَا
پسند کی نگاہ ہر عیب سے بند ہوتی لیکن ناراضگی کی آنکھ عیبوں کو ظاہر کرتی ہے۔
اَلْحُبُّ اَعْمٰی
محبت اندھی ہوتی ہے۔
لَیْسَ فِی الْحُبِّ مَشْوَرَۃٌ
محبت میں مشورہ کی ضرورت نہیں۔
اَحَبُّ شَیْءٍ اِلَی الْاِنْسَانِ مَا مُنِعَا
سب سے زیادہ محبوب چیز انسان کو وہ معلوم ہوتی ہے جس سے اس کو منع کیا جائے۔ یہی اس شعر کا مطلب ہے۔
رَاَیْتُ النَّفْسَ تَکْرَہ مالدیھا. وَتَطْلُبُ کُلَّ مُمْتَنِعٍ عَلَیْھَا
میں نے نفس کو دیکھا کہ اپنے پاس موجود چیز کو پسند نہیں کرتا اور ہر ممنوع چیز کو طلب کرتا ہے۔
مِنَ الْحَبَّۃِ تَنْشَا الشَّجَرَۃُ
دانہ ہی سے تو درخت پیدا ہوتا ہے۔ یعنی چھوٹے کام سے ہی بڑے نتیجے پیدا ہوتے ہیں۔
کُلُّ حَبَّۃٍ لَھَا لَیَّالٌ
ہر دانہ کو پیمانہ میں بھرنے والا ہے۔
حَبْلُکَ عَلٰی غَارِبِکَ
تیری رسی تیرے کندھے پر ہے۔ یعنی تو اپنے کام میں آزاد ہے۔
رُبَّ حَثِیْثٍ مَکِیْثٌ
بہت سے جلد باز لیٹ ہونے والے ہیں۔
مَا فِی الْحَجَرِ مَبْغٰی
پتھر میں کوئی مطلوب چیز نہیں۔ پتھر میں دھرا ہی کیا ہے۔ نکمت خیر کے لئے بولا جاتا ہے۔
اَلْمُحَاجَزَۃُ قَبْلَ الْمُنَاجَزَۃِ
آڑ میں آنا لڑائی سے پہلے ہونا چاہئے۔ محاجزۃ: دو چیزوں کے درمیان آجانا۔ آڑ میں آجانا۔ مناجزۃ: لڑائی کی سرعت یعنی شر میں پڑنے سے پہلے ہی باز رہو۔ اگر مقابلے کی طاقت نہ ہو تو بھاگنے میں عجلت کرو۔
اِنَّ الْحَدِیْدَ بِالْحَدِیْدِ یُفْلَحُ
لوہے کو لوہے سے ہی چیرا جاتا ہے۔ فلح: چیرنا۔ فلاح: کسان ''لوہے کو لوہا کاٹتا ہے''۔
وَیُحْدَثُ مِنْ بَعْضِ الاُمُوْرِ اُمُوْرٌ
باتوں سے باتیں پیدا ہوتی ہیں۔
حَدِّثْ عَنْ مَعْنٍ وَلاَ حَرَجَ
معن سے روایت کر کوئی حرج نہیں۔ وسعت ظرفی والے کے لئے بولا جاتا ہے۔
حَدِّثْ عَنِ الْبَحْرِ وَلاَ حَرَجَ
سمندر کی بات کر کوئی حرج نہیں۔
حَدِیْثُ خُرَافَۃَ
خرافہ کی بات۔ خرافہ ایک شخص کا نام ہے جس کے متعلق خیال تھا کہ ایک مدت تک جن اس کے اوپر مسلط رہے۔ اس حالت میں جو کچھ وہ دیکھتا اپنی قوم سے بیان کرتا اور لوگ اس کی تکذیب کرتے اسی مناسبت سے ہر ناقابل فہم بات کو حدیث خرافہ کہنے لگے۔
اَلْحَدِیْثُ ذُوْ شُجُوْ
بات مختلف شاخیں رکھتی ہیں۔ شجون جمع ہے شجن کی وہ راستہ جو کسی وادی سے یا وادی کے بالائی حصہ سے گزرتا ہو یا جمع شجن بمعنی شاخ یا ہر وہ چیز یا شاخ جو کسی دوسری شاخ میں لپٹی ہوئی ہو۔ ذوشجون شاخ در شاخ ہونے والی ہے ایک بات سے بھی شاخوں کی طرح بہت سی باتیں پھوٹتی ہیں اسی معنی میں عوام کا مقولہ ہے الحدیث یجر بعضہ بعضا: گفتگو کا ایک حصہ دوسرے حصے کو کھینچتا ہے۔
اَلْحَادِیْ وَلَیْسَ لَہٗ بَعِیْرٌ
اس ہانکنے والے کی طرح جس کے پاس اونٹ ہی نہ ہوں۔ الحدر: پیچھے سے ہانکنا۔ تو وآگے سے کھینچنا۔ یہ مثل ایسے شخص کے لئے بولتے ہیں جو غیر مملوکہ چیز پر شیخی بگھارے یا غیر مستحق کی طرف منسوب ہو۔ ''حلوائی کی دکان نانا جی کی فاتحہ''۔

marfat.com
Marfat.com

اَلْحَذَرُ اَشَدُّ مِنَ الْوَقِیْعَة
ڈر واقعہ میں مبتلا ہونے سے زیادہ سخت ہے۔
اِنَّ الحذرَ لَا یَدْفَعُ الْمَقْدُوْرَ
احتیاط تقدیر کو نہیں روک سکتی۔
اَحْذَر مِنْ قِرْلَی
قرلی پرندہ سے زیادہ ڈرنے والا۔
یہ پرندہ پانی اور فضا سے ڈرتے ڈرتے شکار پکڑتا ہے۔
اَحْذَرُ مِنْ غُراب
کوّے سے زیادہ محتاط۔ کوّے سے زیادہ سیانا۔
اَحْذَرُ مِنْ ذِئب
بھیڑیئے سے زیادہ چالاک۔ عربوں کا خیال ہے کہ بھیڑیا اس قدر چالاک ہے کہ سوتے ہوئے بھی باری باری ایک آنکھ کھلی رکھتا ہے۔
کُلُّ الحِذاء یَحْتَوِی الحَافِی الوَقِعْ
دکھتے ہوئے اور ننگے پاؤں والا ہر قسم کا جوتا پہن لیتا ہے۔ وقع یوقع وقعا: ننگے پاؤں ہونا اور پتھر یا سخت زمین پر چلنے کی وجہ سے پاؤں کے گوشت میں درد ہو جانا۔ وقع: وہ برہنہ پا جس کے پاؤں سخت زمین پر چلنے کی وجہ سے دکھنے لگے ہوں۔ یہ مثل ایسے مصیبت زدہ کے لئے بولی جاتی ہے جو معمولی چیز پر قناعت کرے ''بھوکے کو دو روٹی غنیمت ہیں''۔
اَلْحُزْحُزُو اِنْ مَسَّهُ الضُّرُّ
عزت دار عزت دار ہی ہوتا ہے اگر چہ اس کو تنگی ہو۔
حِرَّةٌ تَحْتَ قِرَّة
ٹھنڈک کے نیچے پیاس۔
اَحَرُّ مِنْ نَارِ الْقَضْ
عضی لکڑی کی آگ سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنَ النَّارِ
آگ سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنْ مِرْجَل
ہنڈیا سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنْ دَمْعِ الْمِقْلَات
بچے کی سوگوار ماں کے آنسوؤں سے زیادہ گرم۔ مقلات: وہ عورت ہے جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ کہتے ہیں کہ غم کے آنسو گرم ہوتے ہیں اور خوشی کے آنسو ٹھنڈے ہوتے ہیں۔
اَلْحَرْبُ خَدْعَةٌ
لڑائی دھوکہ ہے۔
اَلْحَرْبُ سِجَالٌ
لڑائی میں ردعمل ہے۔
اَلْحَرْبُ غَشُوْمٌ
لڑائی ظالم ہے۔
اَحْرَزَ اِمْرَأٌ اَجَلَهُ
آدمی کو اس کی موت نے ذخیرہ کر لیا۔ موت نے ڈھیر کر دیا۔ کہتے ہیں کہ یہ عرب کی سب سے سچی ضرب المثل ہے۔
اَحْرَسُ مِنْ کَلْب
کتے سے زیادہ نگہبان۔
اَلْحِرْصُ قَائِدُ الْحِرْمَانِ
لالچ محرومی کا پیش خیمہ ہے۔
اَلْحَرِیْصُ مَحْرُوْمٌ
لالچی محروم رہتا ہے۔
اَحْرَصُ مِنْ نَمْلَة
چیونٹی سے زیادہ لالچی۔
لَیْسَ الحَرِیْصُ بزائد فِی رِزْقِهٖ
لالچی اپنا رزق زیادہ نہیں کر سکتا۔
اِنَّهٗ لَیُحَرِّقُ عَلَی الْاُدْمَ
وہ مجھ پر دانت پیستا ہے۔ ادم: ڈاڑھوں کو کہتے ہیں مطلب یہ کہ اس کا غیظ و غضب مجھ پر شدید ہے۔
حَرَّکَ لَهَا حُوَارَهَا تَحِنُّ
اونٹنی کے بچے کو حرکت دے گا تو وہ پکارے گی۔ حوار۔ اونٹنی کا دودھ پیتا بچہ۔ فصیل: وہ بچہ جس کا دودھ چھوٹ گیا ہو حن: غم یا خوشی میں آواز نکالنا۔ مطلب یہ ہے کہ اس کو غم یا دولاؤ تب وہ حرکت میں آئے گا۔
اَلْحَرَکَةُ بَرَکَةٌ
حرکت میں برکت ہے۔
اَلْحَزْمُ حِفْظُ مَاوُلِّیْتَ وَتَرْکَ مَا کُفِیْتَ
احتیاط قبضہ والی چیز کی حفاظت کرنا اور غیر ضروری چیز کو چھوڑنا ہے۔
اَلْحَزْمُ ظَنٌّ بِالنَّاس
احتیاط لوگوں کے ساتھ بدگمانی کرنا ہے۔
اَحْزَمُ مِنَ الْعِرْبَاء
گرگٹ سے زیادہ محتاط۔

marfat.com
Marfat.com

لَا يَحْزُنْكَ دَمٌ هَرَاقَهُ اَهْلُهُ
اس خون پر تجھے رنج نہ ہونا چاہئے جو اس کے اہل ہی نے بہایا ہے۔
يَحْسِبُ الْمَطُوْرُ اَنْ كُلًّا مُطِرَ
بارش میں بھیگا ہوا سمجھتا ہے کہ ہر شخص بارش میں بھیگا ہے۔
لَاحَسَبَ كَالتَّوَاضُعِ
تواضع جیسی کوئی شرافت نہیں۔
حَسْبُكَ مِنْ غِنًى شِبَعٌ وَرِيٌّ
سیراب ہونا اور پیٹ بھرنا کافی مالداری ہے۔
یعنی قناعت کرو اور سخاوت کرو۔
حَسْبُكَ مِنْ شَرٍّ سِمَاعُهُ
تجھے شر کو سن لینا ہی ہے۔
اَلْحَسَدُ مَطِيَّةُ التَّعَبِ
حسد تھکاوٹ کی سواری ہے۔
مَنْ حَسُنَ ظَنُّهُ حَسُنَ عَيْشُهُ
جس کا گمان نیک ہو گیا اس کی زندگی اچھی ہو گئی۔
حَسَنٌ فِي كُلِّ عَيْنٍ مَا تَوَدُّ
ہر آنکھ کی نظر میں وہی چیز اچھی ہے جس کو وہ محبوب رکھتی ہے۔
حُسْنُ الظَّنِّ وَرْطَةٌ
حسن ظن بھنور ہے۔ ورطہ بھنور اور ایسا معاملہ جس سے نجات مشکل ہے۔ مثل کی مطلب یہ کہ لوگوں کے ساتھ حسن ظن ہی کی وجہ سے آدمی دھوکے کھاتا ہے۔ یہ مثال الحزم سوء الظن بالناس کے ہم معنی ہے۔
لِكُلِّ حَسَنٍ عَائِبٌ
ہر نیک میں عیب والی چیز بھی ہوتی ہے۔
اَلْحَسَنَةُ بَيْنَ السَّيِّئَتَيْنِ
نیکی دو برائیوں کے درمیان ہوتی ہے۔ یعنی درمیانی راہ نیکی ہے۔
اَحْسَنُ مِنَ الدُّنْيَا الْمُقْبِلَةِ
آنے والی دنیا سے زیادہ اچھا۔
اَحْسَنُ مِنَ النَّارِ
آگ سے زیادہ خوبصورت۔
اَحْسَنُ مِنَ الطَّاؤُسِ
مور سے زیادہ خوبصورت۔
اَحْسَنُ مِنَ الْبَرَامِكَةِ
برمی وزراء کے زمانہ سے زیادہ خوبصورت۔

اَحْسَنُ مِنَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ
سورج اور چاند سے زیادہ خوبصورت۔
اَلْاِحْسَانُ يَقْطَعُ اللِّسَانَ
احسان زبان کو بند کرتا ہے۔
اَحُشُّكَ وَتَرُوْثُنِي
میں تجھے گھاس کھلاتا ہوں اور تو مجھ پر گوبر گراتا ہے۔
اَحْشَفًا وَسُوْءَ كَيْلَةٍ
کھجور بھی ردی اور پیمانہ بھی کم۔ کیلة کیل: اسم نوع ہے۔
حشف: ردی کھجور۔ یعنی نکما اور تھوڑا دو مکروہ خصلتوں کا جامع یا دو طرف سے ظلم کرنے والا۔
اَلْحَصَاةُ مِنَ الْجَبَلِ
کنکری بھی پہاڑ کا جزء ہے۔
كُلٌّ يَحْتَطِبُ فِي حَبْلِهٖ
ہر کوئی اپنی لکڑی میں رسیاں باندھتا ہے۔
كَحَاطِبِ لَيْلٍ
رات میں لکڑیاں جمع کرنے والے کی طرح۔
حَظٌّ فِي السَّحَابِ وَعَقْلٌ فِي التُّرَابِ
نصیب آسمان پر اور عقل مٹی میں۔
حَظٌّ حَزِيْلٌ بَيْنَ شَطْرَيْ ضَيْغَمٍ
بڑا حصہ شیر کی دو جبڑوں کے درمیان۔
بڑی منفعت مگر شدید خطرات کے درمیان۔
اِلَّا حَظِيَّةً فَلَا اَلِيَّةً
صاحب نصیب نہیں تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ بن۔ حظیة خطوة سے مشتق ہے بمعنی مرتبہ۔ عزت اور الیة الو: بمعنی تقصیر سے ماخوذ ہے اس مثل کی اصل مقدر یہ ہے۔
اِنْ لَمْ تَكُوْنُوا حَظِيَّةً وَلَا تَكُوْنِيْ اَلِيَّةً (مُقَصِّرَةً)
اگر تو معزز و صاحب رتبہ نہ ہو تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ ہو۔ اس عورت کے لئے کہا گیا ہے جو اپنے خاوند کو محبوب نہ ہو۔ اگر خاوند کی محبت میسر نہیں تو اپنی طرف سے خدمت و محبت میں کوتاہی نہ کر۔
مطلب یہ کہ لوگوں کی مدارات کر کے ان سے اپنا مطلب نکالو۔
مَنْ حَفَرَ حُفْرَةً وَقَعَ فِيْهَا
جو کوئی اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودے گا۔ اسی کی موت اس گڑھے میں ہوگی۔
مَنْ حَفَرَ حُفْرَةً لِاَخِيْهِ كَانَ حَتْفُهٗ فِيْهِ

marfat.com
Marfat.com

جس نے اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودا اس کی موت اس میں واقع ہوگی۔

تَحْفَظُ اَخَاک اِلَّا مِنْ نَفْسِہٖ

اپنے بھائی کی حفاظت کرسکتا ہے مگر اس کی جان سے۔ یعنی لوگوں کے شر سے بچا سکتا ہے اس کو خودکشی سے نہیں بچا سکتا۔

حَفِظْتَ شَیْئًا وَغَابَتْ عَنْکَ اَشْیَاءُ

ایک چیز کو تو نے یاد کیا اور دیگر چیزیں تجھ سے غائب ہوئیں۔

حَافِظْ عَلَی الصَّدِیقِ وَلَو فِی الحَرِیق

دوست کی حفاظت کر خواہ آگ میں کود کر ہی ہو۔

اِحْفَظْ مَا فِی الوِعَاءِ لِشَدِّ الوِکَاءِ

جو کچھ برتن میں ہے اس کی حفاظت برتن کا منہ باندھ کر کرو۔۔ دکاء مشکیزہ کا سربند۔

اَحْفَظُ مِنَ الارض

زمین سے زیادہ حفاظت کرنے والا۔

اَلْحَفِیظُ تُحَلِّلُ الاَحْقَادُ

غیرت دشمنی کو ختم کر دیتی ہے۔ یعنی قومی حمایت آدمی کو اپنے عزیز سے ہمدردی دلاتی ہے۔
